




منشی سید ظفریاب علی جوہر پرنٹر پبلشر



سورة الفاتحة مكية وهي سبع آيات

بسم الله الرحمن الرحيم ○

رحمن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہون)

الحمد لله رب العلمين ○ الرحمن

کل عالمون کے پرورش کرنیوالے خدا کیلئے ہر قسم کی تعریف خاص ہے (جو)

الرحيم ○ ملك يوم الدين ○ اياك

رحمن رحیم ہے (اور) فیصلے کے دن کا مالک ہم تیری ہی

نعبد واياك نستعين ○ اهدنا

عبادت کرتے ہین اور تجھی سے مدد مانگتے ہین خاص

الصراط المستقيم ○ صراط الذين

راہ حق پر ہمکو ثابت قدم رکھیو اُن لوگون کی راہ پر

انعمت عليهم غير المغضوب

جنپر تونے انعام فرمایا نہ اُنکی جنپر غضب

عليهم ولا الضالين ○

نازل کیا گیا اور نہ گمراہون کی



سورة البقرة مدنية وهي مائتان وست وثمانون آية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمن ورحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى

الٓمّٓ یہ کتاب ایسی ہے جس میں کسی قسم کا شک نہیں اُن پرہیزگاروں

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ

کیلئے ہدایت ہے جو غیب پر ایمان لاتے ہیں اور

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝

اقامت صلوٰۃ کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انکو عطا کیا ہے اُس کا ایک جزو (ہماری راہ میں) خرچ کرتے ہیں

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ

اور (اے رسول) جو کچھ تم پر نازل کیا گیا ہے اور جو کچھ تم سے پہلے

قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى

اُتارا گیا اُس پر (بھی) ایمان لاتے ہیں اور آخرت پر بھی وہ (پورا پورا) یقین رکھتے ہیں یہی لوگ

هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

اپنے رب کیطرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی (پوری پوری) فلاح پانے والے ہیں

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ

جو کافر ہو چکے اُنکے لئے برابر ہے خواہ تم اُنکو ڈراؤ یا

لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ

نہ ڈراؤ وہ ایمان نہ لائیں گے اُنکے دلوں اور کانوں پر خدا نے

وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ز

نشان کردیا ہے اور اُنکی آنکھوں پر پردہ (پڑا ہوا) ہے

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

اور اُنکے لئے بڑا عذاب ہے اور آدمیوں میں سے ایسے (بھی) ہیں

يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِينَ ۝

جو (یہ) کہتے ہیں کہ ہم خدا اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے ہیں حالانکہ وہ مؤمن نہیں ہیں

يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا ۚ وَمَا يَخْدَعُونَ

وہ خدا کو اور مومنوں کو دھوکا دیتے ہیں حالانکہ وہ اپنے ہی آپ کو

إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ

دھوکا دیتے ہیں اور سمجھتے نہیں اُنکے دلوں میں روگ ہے

فَزَادَهُمُ اللَّهُ مَرَضًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ

خدا اُنکے روگ کو اور بڑھاتے اور اُنکے لئے بوجہ (برابر) جھوٹ بولتے رہنے کے

بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا

تکلیف دینے والا عذاب (مقرر کیا گیا) ہے اور جب اُنسے یہ کہا گیا کہ زمین میں فساد

فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ ۝ أَلَا إِنَّهُمْ

مت کرو (تو) اُنھوں نے یہ کہدیا کہ ہم تو اصلاح ہی کرنیوالے ہیں خبردار رہو

هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِنْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ وَإِذَا قِيلَ

یہ لوگ بلاشک مفسد ہیں ولیکن سمجھتے نہیں اور جب اُنسے

لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَا

یہ کہا گیا کہ جسطرح اور لوگ ایمان لائے ہین تم بھی ایمان لاؤ (تو) اُنھون نے یہ کہدیا کیا ہم اُسطرح

اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ

ایمان لے آئین جسطرح یہ بیوقوف ایمان لے آئے خبردار رہو یہ لوگ خود (ہی) بیوقوف ہین و لیکن

لَّا يَعْلَمُوْنَ ○ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا

جانتے نہین اور جب یہ مؤمنون سے ملاقات کرتے ہین تو کہدیتے ہین کہ ہم ایمان لائے ہین

وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا

اور جب خلوت مین اپنے شیطانون سے ملتے ہین تو کہدیتے ہین کہ ہم تو تمھارے ہی ساتھ ہین اُنسے تو

نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ○ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ

ہم صرف ہنسی کرتے ہین اللہ (بھی) اُنسے ہنسی کریگا اور اُنکو اُنکی سرکشی مین

فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا

ڈھیلے رکھیگا کہ (آپ ہی) سرگردان رہین یہی لوگ ہین جنھون نے ہدایت کے بدلے

الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۪ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا

گمراہی خریدلی نہ اُنکی تجارت ہی نے اُنکو نفع دیا اور نہ اُنھون نے

مُهْتَدِيْنَ ○ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ

ہدایت ہی پائی اُنکی مثل اُس شخص کی سی ہے جسنے آگ روشن کی

فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ

اور جب آگ نے ہر طرف اُجالا کردیا تو اللہ نے اُنکی روشنی کھودی اور اُنکو ایسی تاریکیون

فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ○ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

مین چھوڑا کہ کچھ دیکھتے (ہی) نہین بہرے گونگے اندھے ہین اب (کفر سے)

لَا يَرْجِعُوْنَ ○ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ

پلٹ کر نہین آسکتے یا (اُنکی حالت جو اُنھین سنایا گیا) اُسکی مثال اُس بارش کی سی ہے جسمین تاریکیان بھی ہون

ہین لیکن دیکھتے نہین ۲ بکے کان ہین لیکن سنتے نہین ۱۲

وَرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْۤ اٰذَانِهِمْ

اور گرج بھی اور چمک بھی یہ کڑک کی آواز سنکر موت کے ڈر سے اپنے اپنے کانون مین

مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ○

انگلیان دے لیتے ہین حالانکہ اللہ ان کافرون کو (علم وقدرت سے) گھیرے ہوے ہے

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَاۤ اَضَآءَ لَهُمْ

قریب ہے کہ چمک انکی بصارتون کو خیرہ کردے جب کبھی انھین روشنی دکھائی دیتی ہے

مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَاۤ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ

اُسمین چل پڑتے ہین اور جب اندھیری ہوجاتی ہے تو کھڑے رہجاتے ہین اور اگر اللہ چاہتا

اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

تو اُن کی سماعت اور بصارت کو کھودیتا بیشک اللہ ہرشے پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ

(پوری پوری) قدرت رکھنے والاہے اے آدمیو تم اپنے پروردگار کی عبادت کرو

الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ○

جسنے تمکو اور تمسے پہلون کو پیدا کیا ہے تاکہ تم کو اُسکا خوف ہوجائے

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً

جسنے زمین کو تمھارا فرش بنایا ہے اور آسمان کو سائبان

وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ

اور آسمان سے پانی اُتارا جسکے ذریعہ سے تمھین روزی دینے کے لئے پھل

رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○

پیدا کئے پھر اب توجان بوجھ کر خدا کے لئے شریک نہ بناؤ

وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ

اور جو کچھ ہمنے اپنے بندے پر نازل کیا اگر اُس مین تمھین کچھ شک ہو تو ویسی ہی ایکسورت

مِّن مِّثْلِهِۦ ۖ وَادْعُوا شُهَدَآءَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن

تم بھی بنا لاؤ اور اگر تم سچے ہو تو خدا کے سوا اور اپنے

كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ۝ فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا وَلَن تَفْعَلُوا

سب گواہوں کو بلا لو پھر اگر تم ایسا نہ کرو اور ہرگز نہ کرسکوگے

فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ

تو اُس آگ سے (بھی) ڈرتے رہو جسکا ایندھن آدمی ہیں اور پتھر (جو)

أُعِدَّتْ لِلْكَٰفِرِينَ ۝ وَبَشِّرِ الَّذِينَ ءَامَنُوا وَعَمِلُوا

خاص کر کافروں ہی کیلئے تیار کی گئی ہے اور (اے رسول) ایماندار اور نیکوکار آدمیوں کو بشارت دو

الصَّٰلِحَٰتِ أَنَّ لَهُمْ جَنَّٰتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَٰرُ ۖ

کہ انکے لئے باغ ہیں جنکے نیچے ندیاں بہتی (پھرتی) ہیں

كُلَّمَا رُزِقُوا مِنْهَا مِن ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوا هَٰذَا الَّذِي

جب کبھی اُنکو کھانے کے لئے اُنہیں سے کوئی پھل ملے گا تو وہ کہینگے کہ ایسا ہی تو ہم کو

رُزِقْنَا مِن قَبْلُ ۖ وَأُتُوا بِهِۦ مُتَشَٰبِهًا ۖ وَلَهُمْ فِيهَآ

پہلے بھی مل چکا ہے حالانکہ وہ رنگت ہی میں ویسا ہوگا نہ کہ ذائقہ میں) اور اُنکے لئے اُن باغوں

أَزْوَٰجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۖ وَهُمْ فِيهَا خَٰلِدُونَ ۝ إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِۦٓ

میں پاکیزہ بیبیاں بھی ہونگی اور اُنہیں وہ ہمیشہ رہیں گے بیشک اللہ کو مچھر تک کی

أَن يَضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ

مثل بیان کرنے میں کوئی شرم نہیں ہے نہ اُس سے کسی بڑے جانور کی اب جو

ءَامَنُوا فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ ۖ وَأَمَّا الَّذِينَ

ایمان لانیوالے ہیں وہ تو جانتے ہی ہیں کہ خدا کیطرف سے یہ حق ہے رہے کفار وہ یہ

كَفَرُوا فَيَقُولُونَ مَاذَآ أَرَادَ اللَّهُ بِهَٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهِۦ

کہہ بیٹھے ہیں کہ اس مثل سے خدا نے مقصد ہی کیا لیا (اگر خدا نے)

كَثِيْرًا وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ۭ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۝

ایسی ہی مثال سے بہتیرون کو ہدایت کردیتا ہے اور بہتیرونسے توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے مگر توفیق ہدایت

الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ

صرف فاسقون سے سلب کرتا ہے۔ جو خدا سے عہد و پیمان کر کرکے پھر اُسے توڑ توڑ دیتے ہین اور جن چیزون کے

مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ

خدانے وصل کا حکم دیا تھا اُنمین فصل کردیتے ہین اور زمین مین فساد کرتے ہین

اُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ

یہی لوگ نقصان مین رہنے والے ہین تم لوگ خدا کا انکار کرتے کیونکر ہو حالانکہ

كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ

تم مردہ تھے تمکو زندہ کیا پھر تمکو موت دیگا اور پھر (دوبارہ) زندہ کریگا پھر تم اُسکے

تُرْجَعُوْنَ ۝ ھُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۤ

حضور مین حاضر کئے جاؤگے (خدا) وہی تو ہے جسنے زمین کی کل چیزین تمھارے لئے پیدا کین

ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَاۗءِ فَسَوّٰىھُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ۭ وَ

پھر آسمان کی جانب توجہ فرمائی پھر برابر سات آسمان پیدا کردئے اور

ھُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اِنِّىْ

وہی ہر چیز کا پورا علم رکھنے والا ہے اور (اے رسول) تمھارے ربنے جسوقت کل فرشتون سے یہ

جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ۭ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ

فرمایا کہ زمین پر خلیفہ (ہمیشہ) مین مقرر کرونگا تو اُنھون نے یہ عرض کی کہ کیا تو ایسون کو

يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاۗءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ

(خلیفہ) مقرر کریگا جو زمین مین فساد اور خونریزی کیا کرین حالانکہ ہم تیری تسبیح و

وَنُقَدِّسُ لَكَ ۭ قَالَ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَعَلَّمَ

تقدیس کیا کرتے ہین (پروردگار عالم نے) فرمایا کہ جو مین جانتا ہون تم نہین جانتے اور آدم

آدَمَ الْاَسْمَاۗءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَي الْمَلٰۗىِٕكَةِ فَقَالَ

(علیہ السلام) کو کل نام تعلیم کئے پھر (جنکے نام تعلیم کئے تھے) اُنکو فرشتون کے سامنے پیش کرکے ارشاد

اَنْۢبِــُٔـوْنِىْ بِاَسْمَاۗءِ هٰٓؤُلَاۗءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ قَالُوْا

فرمایا کہ اگر تم سچے ہو تو انکے نام مجھے بتادو فرشتون نے

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ

(عاجزانہ) عرض کی تیری شان عالی ہے ہمکو سوائے اُتنے علم کے جتنا تو نے تعلیم کیا ہے اور علم کہان بیشک

الْحَكِيْمُ ○ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَاۗىِٕهِمْ ۚ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَھُمْ

صاحب علم و حکمت تو ہی ہے (خدانے) فرمایا اے آدم انکے نام ان فرشتونکو تم بتادو چنانچہ جب آدم نے

بِاَسْمَاۗىِٕهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّىْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ

انکے نام اُن فرشتونکو بتائے تو (خدانے) فرمایا کہ کیون مین نے تم سے کہا نہین تھا کہ مین آسمان

وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ○ وَاِذْ

اور زمین کی پوشیدہ باتون سے بھی آگاہ ہون اور جو کچھ تم ظاہر کر رہے ہو اُسے اور جو کچھ چھپا رہے ہو اُس سے بھی خوب

قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ

واقف ہون اور جسوقت ہمنے کل فرشتون کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سوائے ابلیس کے سب ہی نے سجدہ کیا

اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ڭ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ○ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ

(ابلیس) اکڑ کر انکاری ہوا اور کافرون مین شمار ہوا اور ہمنے حکم دیا کہ اے آدم

اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ

تم اور تمھاری زوجہ اس باغ مین بسو اور جہان جہان سے تم دونون کا جی چاہے خوب کھاؤ پیو

شِـئْتُمَا ۠ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○

مگر اس درخت کے پاس نہ جانا ورنہ تمھارا شمار نافرمانون مین ہو جائے گا

فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۠

شیطان نے اُن دونون کو وہان سے نکالنے کی تدبیر کی اور جس حالت مین دونون تھے اُسمین اُنکو نہ رہنے دیا

وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۖ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ

اور ہمنے حکم دیا کہ نیچے جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن رہوگے اور مقررہ وقت تک زمین ہی

مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ۝ فَتَلَقَّىٰ آدَمُ مِنْ رَبِّهِ كَلِمَاتٍ

مین تمھاری جاے قرار ہے (اور) وہین تمھارے لئے سرمایۂ حیات ہے پس آدمؑ کو اپنے رب کیطرف سے کچھ کلمات ملے

فَتَابَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝ قُلْنَا اهْبِطُوا

(جنسے) خدانے انکی توبہ قبول کرلی بیشک وہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے ہمنے حکم دیا کہ تم سب کے سب

مِنْهَا جَمِيعًا ۖ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ مِنِّي هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ

یہان سے نیچے جاؤ پس میری طرف سے تمکو ہدایت ضرور پہنچیگی پھر جو میری ہدایت کی پیروی کرینگے

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا

انکے لئے نہ آئندہ کا کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ گزشتہ کا غم کرینگے اور جو انکار کرینگے

وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

اور ہماری آیتونکو جھٹلا ئینگے وہی جہنمی ہین (اور) وہ ہمیشہ ہمیشہ اسمین رہینگے

يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ

اے بنی اسرائیل میری اُن نعمتونکا ذکر کرتے رہو جو مین تمپر انعام کرچکا اور جو عہد

أَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ۝

مجھسے کرچکے ہو اُسے پورا کرتے رہو تاکہ مین نے جو عہد تمسے کیا ہی اُسے پورا کرون اور صرف مجھی سے ڈرو

وَآمِنُوا بِمَا أَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُونُوا أَوَّلَ

اور جو کچھ مین نے نازل کیا ہے اُسپر ایمان لاؤ کہ تمھارے پاس جو کچھ پہلے سے موجود ہے وہ اُسکی تصدیق کرتا ہے اور

كَافِرٍ بِهِ ۖ وَلَا تَشْتَرُوا بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلًا وَإِيَّايَ فَاتَّقُونِ ۝

تم سب سے پہلے اُسکے منکر نہ ہو اور میری آیتونکو تھوڑی قیمت پر نہ فروخت کرو اور صرف مجھی سے ڈرتے رہو

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

اور باطل کو حق کے پیرایہ مین مت ظاہر کرو اور حق کو جان بوجھکر نہ چھپاؤ

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ○

اور نماز پڑھتے رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور باجماعت نماز ادا کرو

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ

کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور خود کو فراموش کرجاتے ہو؟ باوجودیکہ تم کتاب

الْكِتٰبَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ

پڑھتے ہو کیا تم اتنی عقل نہیں رکھتے اور روزے اور نماز کے ساتھ (ہم سے) مدد مانگو

وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ○ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ

بیشک نہیں کہ نماز سب پر بھاری ہے سوائے اُن خوف کرنیوالوں کے جنکو یقین ہے کہ وہیں اپنے

اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ○ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ

پروردگار کے سامنے پلٹ کر جانا اور اُسکی حضور میں پیش ہوتا ہے اے بنی اسرائیل

ع ۵

اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ فَضَّلْتُكُمْ

میری ان نعمتوں کو یاد کرو جو تم کو عطا کرچکا ہوں اور اس بات کو کہ میں نے تمکو تمام

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ○ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ

عالم پر فضیلت دی ہے اور اُس دن سے ڈرو جسدن کوئی نفس کسی دوسرے نفس کے

نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا

کسی طرح کام نہ آسکیگا اور نہ کسی (عام) شخص کی اُسکے بارے میں سفارش قبول کیجائیگی اور نہ کوئی معاوضہ لیا جائیگا

عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ

اور نہ اُنکی کسی قسم کی امداد کیجائیگی اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے تمھیں

فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْۗءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَاۗءَكُمْ

فرعونیوں کے ہاتھ سے نجات دی تھی کہ وہ تمھیں بُرے سے بُرے عذاب دیتے تھے تمہارے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتے تھے

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

اور تمھاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اسمیں تمہارے پروردگار کیطرف سے تمھاری بڑی آزمائش تھی

عَظِيمٌ ○ وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَأَنجَيْنَاكُمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ

اور (اُسوقت کو بھی یاد کرو) جبکہ ہمنے سمندر مین تمھارے لئے راستہ پیدا کردیا تھا اور تمھین نجات بھی

فِرْعَوْنَ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ○ وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَىٰ أَرْبَعِينَ

دی تھی اور تمھارے دیکھتے دیکھتے فرعون والون کو ڈبو دیا تھا اور (اسے بھی یاد رکھو) جبکہ ہمنے موسٰے سے چالیس

لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِن بَعْدِهِ وَأَنتُمْ ظَالِمُونَ ○

شبون کا وعدہ کیا تھا پھر تمنے یہ ظلم کیا کہ انکی غیبت مین بچھڑا پوجنے لگے

ثُمَّ عَفَوْنَا عَنكُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ○

اسپر بھی ہمنے تمھارا قصور معاف کردیا تاکہ تم شکرگزار ہو

وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ○

اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے موسٰے کو کتاب (حق و باطل کی) جانچ عنایت کی تاکہ تم راہ راست پر آجاؤ

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنفُسَكُم

اور جب موسٰے نے اپنے لوگونسے یہ کہا کہ اے میری قوم تمنے بچھڑا پوجکر خود اپنے اوپر ظلم توڑا ہے اب

بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوبُوا إِلَىٰ بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ

اپنے پیدا کرنیوالے کے حضور مین توبہ کرو اور آپس مین ایک دوسرے کو قتل کرڈالو

ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِندَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ إِنَّهُ هُوَ

یہی تمھارے پیدا کرنیوالے کے نزدیک تمھارے حق مین بہتر ہے پھر تمھاری توبہ قبول کی بیشک وہ

التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ○ وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَن نُّؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ

بڑا توبہ قبول کرنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور جسوقت تمنے یہ کہا تھا کہ اے موسٰے جبتک ہم ظاہر بظاہر

نَرَى اللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْكُمُ الصَّاعِقَةُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ○

خدا کو نہ دیکھ لین ہم تو تمھاری باتون پر ایمان نہ لائینگے تو تمھارے دیکھتے دیکھتے تیر بجلی گر پڑی تھی

ثُمَّ بَعَثْنَاكُم مِّن بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ○ وَظَلَّلْنَا

پھر ہمنے تمھارے مرنے کے بعد تمکو زندہ کیا تاکہ تم شکرگزار ہو اور ہمنے تم پر

عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۭ كُلُوْا

بادلوں کا سایہ کیا اور تم پر من و سلوی نازل کیا (اور ہم نے حکم دیا کہ)

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۭ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

ہمارے دیے رزق کا نفیس حصہ کھاؤ اور (جو اسپر بھی شکرگزار نہ ہوئے تو) انہوں نے ہمارا کچھ نہیں بگاڑا بلکہ اپنی جانوں پر

يَظْلِمُوْنَ ۝ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا ھٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا

ظلم کرتے تھے اور جب ہم نے کہا کہ اس گاؤں میں جاؤ اور اسمیں سے جو کچھ تمہارا جی چاہے

حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا

بافراغت کھاؤ (پیو) اور اس دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو اور لفظ حطہ

حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ۭ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ فَبَدَّلَ

بھی اپنی زبان پر جاری کر دو تو ہم تمہاری خطائیں بخش دینگے اور ہم نیک لوگوں کو جلد ترقی دینگے پھر ظالموں نے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَھُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَي

جو کچھ انسے کہا گیا تھا اسے بدل کر اسکی جگہ دوسری بات کہدی پس جیسی نافرمانی کیا کرتے تھے اسکے بدلے ہم نے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَاۗءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝ ع ١٣

آسمان سے انپر عذاب نازل کیا۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ

اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ موسیٰ نے اپنی قوم کیلئے پانی مانگا تو ہم نے یہ کہا کہ اس پتھر پر

الْحَجَرَ ۭ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ قَدْ عَلِمَ

اپنا عصا مارو پھر اس سے بارہ چشمے جاری ہوگئے تھے (اور) ہر ہر گروہ نے اپنے اپنے

كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَھُمْ ۭ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ

چشمے کو پہچان لیا تھا (پھر ہم نے یہ حکم دیا کہ) خدا نے جو کچھ تمکو دیا ہے کھاؤ پیو

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ وَاِذْ قُلْتُمْ

لیکن ملک میں فساد مت کرو اور جس وقت تم نے یہ کہا تھا

يٰمُوسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ

کہ اے موسیٰ ہم ایک کھانے پر ہرگز صبر نہ کرینگے اسلئے اپنے خدا سے ہمارے لئے

يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا

یہ دعا کرو کہ زمین سے جو جو چیزیں پیدا ہوا کرتی ہین ساگ پات کھیرا ککڑی گیہون

وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۭ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ

مسور پیاز وہ ہمارے لئے بھی پیدا کردے (موسیٰ علیہ السلام) فرمایا تھا کہ کیا تم گھٹیا

الَّذِىْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِىْ هُوَ خَيْرٌ ۭ اِهْبِطُوْا

چیزون کو اُس سے بدلنا چاہتے ہو جو عمدہ ہے (ایسا ہی ہے تو) کسی شہر

مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ۭ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ

مین چلے جاؤ کہ جو کچھ مانگتے ہو تمکو وہان ملجائیگا اور ایسی باتین بنانیوالون کو

الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ۤ وَبَاۗءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ

ذلت اور افلاس کی مار دی گئی تھی اور غضب خدا مین آگئے تھے یہ نتیجہ اُسکا

بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ

تھا کہ وہ خدا کی نشانیون کا انکار کیا کرتے تھے اور انبیاء کو ناحق قتل کیا

بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ ع ٢

کرتے تھے (اور) یہ اُسکا نتیجہ تھا کہ وہ نافرمانی اور زیادتی کیا کرتے تھے

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى

بیشک جو لوگ ایمان لائے (مسلمان) اور جو یہودی ہوئے اور نصاریٰ

وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ

اور ستارہ پرست (انمین سے) جو بھی خدا اور روز قیامت پر ایمان لائینگے اور نیک

صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

عمل کرینگے پس اُنکا اجر اُنکے خدا کے پاس ہے اور اُنکو کوئی خوف ہوگا

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ

اور نہ وہ غمگین ہونگے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ تم سے ہمنے عہد لیا تھا

وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ

اور کوہ طور تمہارے سر سے اونچا کر دیا تھا (اور یہ حکم دیا تھا کہ) جو کچھ ہمنے تمکو دیا اُسپر مضبوطی کے ساتھ

وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ

قائم ہوجاؤ اور اُسکے مطالب بیان کرتے رہو تاکہ تم متقی ہوجاؤ اسکے بعد تم پھر روگردان

بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ

ہوئے پس اگر اللہ کا فضل اور اُسکی رحمت تمہارے شاملِ حال

لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ

نہوتی تو تم نقصان اُٹھانیوالوں مین سے ہوجاتے اور تم مین سے جنھوں نے سبت کے باب مین زیادتی کی

اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا

تم اُنکو خوب جانتے ہو پس ہمنے اُنسے کہا کہ

قِرَدَةً خٰسِئِيْنَ ۝ فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا

ذلیل بندر بنجاؤ پھر ہم نے اس واقعہ کو اُنکے ہم عصروں

وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ

اور بعد مین آنیوالوں کے لئے عقوبت قرار دیا اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ

مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا

موسےٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ خدا تم کو گائے ذبح کرنے کا حکم

بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

دیتا ہے اُنھوں نے کہا کیا آپ ہم سے ٹھٹھا کرتے ہین (موسےٰ نے) فرمایا پناہ بخدا

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

کہ مین جاہلوں مین سے ہوجاؤں اُنھوں نے کہا کہ اپنے خدا سے درخواست کیجئے کہ وہ

يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا

ہم سے کھولکر بیان کرے کہ وہ گاے کیسی ہو (موسیٰ نے) فرمایا کہ خدا تعالے فرماتا ہے کہ وہ گاے نہ تو

فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ فَافْعَلُوا

بڑھیا ہو اور نہ بچھیا بلکہ دونوں کے بین بین ہو اب تو تمکو جو حکم دیا گیا ہے

مَا تُؤْمَرُونَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا

بجا لاؤ انھوں نے کہا کہ خدا سے کہئے کہ اسکا رنگ صاف صاف

مَا لَوْنُهَا قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ

بتلادے (موسیٰ نے) فرمایا کہ خدا فرماتا ہے کہ وہ گاے ایسے گہرے زرد رنگ کی ہو

فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا

کہ دیکھنے والونکو بھلی معلوم ہو انھوں نے کہا کہ خدا سے دعا

رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا

کیجئے کہ اسکی ماہیت کھولکر بیان کردے ہمیں اس گاے کے بارے میں دھوکا ہے

وَإِنَّا إِن شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ ۝ قَالَ إِنَّهُ

پھر ہم انشاء اللہ راہ راست پر آجائینگے (موسیٰ نے) کہا کہ خداوند عالم

يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ وَلَا

فرماتا ہے کہ یہ گاے ایسی ہو جو نہ کام کرنیوالی ہو کہ زمین جوتتی ہو اور نہ

تَسْقِي الْحَرْثَ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا قَالُوا الْآنَ

زراعت سینچتی ہو صحیح و سالم ہو اسمیں کوئی داغ دھبہ نہو وہ بولے کہ اب آپ نے

جِئْتَ بِالْحَقِّ فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ ۝ ع ۸ ۱۰

ٹھیک ٹھیک بیان کیا پھر گاے ذبح کی گو انسے ایسا کرنے کی امید نہ تھی

وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا وَاللَّهُ مُخْرِجٌ

اور جبکہ تمنے ایک شخص کو قتل کیا اور پھر اسکے بارے میں اختلاف کیا اور جو کچھ تم چھپاتے تھے اللہ

مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا

اُسکو ظاہر کرنے والا تھا پس ہمنے کہا کہ اس گائے کا ایک ٹکڑا اُس میت کو چھوا دو

كَذَٰلِكَ يُحْيِ اللَّهُ الْمَوْتَىٰ وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ

اسی طرح اللہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور تم کو اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم

تَعْقِلُونَ ۝ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ

سمجھ جاؤ پھر اسکے بعد تمھارے دل سخت ہو گئے

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً ۚ وَإِنَّ مِنَ

پس وہ پتھر کے مانند تھے یا اس سے بھی زیادہ سخت حالانکہ

الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا

پتھروں میں سے بعض تو ایسے بھی ہیں جن میں سے چشمے نکلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو

يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ

پھٹ جاتے ہیں پس اُنسے پانی نکل آتا ہے اور بعض ایسے ہیں کہ خوف

مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝

خدا سے گر پڑتے ہیں اور جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے اللہ بے خبر نہیں ہے

أَفَتَطْمَعُونَ أَنْ يُؤْمِنُوا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيقٌ مِنْهُمْ

کیا تمھاری یہ خواہش ہے کہ وہ لوگ تیرا ایمان لے آئیں حالانکہ ایک گروہ اُن میں ایسا ہے

يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِنْ بَعْدِ مَا

کہ کلام خدا کو سُنتے ہیں پھر بعد اسکے کہ اُسے سمجھ چکے ہوں

عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا

جان بوجھکر اُسمیں تحریف کرتے ہیں اور جب مومنوں سے ملاقات کرتے ہیں تو

قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا

کہتے ہیں کہ ہم بھی ایمان لے آئے اور جب آپس میں ایک دوسرے سے خلوت کرتے ہیں تو کہتے ہیں

أَتُحَدِّثُونَهُم بِمَا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَاجُّوكُم بِهِ عِندَ

کیا تم اُنسے وہ باتین بیان کرتے ہو جو اللہ نے تم پر ظاہر کی ہین تاکہ وہ تمہارے رب کے حضور مین اُنھین

رَبِّكُمْ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ

باتون سے تم پر حجت قائم کرین کیا تمکو (اتنی بھی) عقل نہین۔ کیا وہ نہین جانتے کہ اللہ وہ بھی

يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ

جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہین اور وہ بھی جسکا وہ اعلان کرتے ہین اور اُنمین بعض تو ایسے اَن پڑھ ہین کہ

لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ۝

کتاب کو اتنا ہی جانتے ہین کہ اُسکی لفظون کو سوچ لین اور مطلب کیطرف سے گمان ہی گمان رکھتے ہین

فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ يَكْتُبُونَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ ثُمَّ

پس ویل ہے اُن لوگونکے لیے جو کتاب کو اپنے ہی ہاتھون سے لکھتے ہین اسکے بعد (منہ سے)

يَقُولُونَ هَٰذَا مِنْ عِندِ اللَّهِ لِيَشْتَرُوا بِهِ ثَمَنًا

یہ کہتے ہین کہ یہ اللہ کے پاس سے آئی ہے تاکہ اُسکو تھوڑی سی قیمت پر

قَلِيلًا فَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُم

بیچ لین پس ویل ہے اُنکے لئے بوجہ اسکے کہ جو کچھ اُنھون نے اپنے ہاتھون سے لکھا اور ویل ہے اُنکے لئے

مِّمَّا يَكْسِبُونَ ۝ وَقَالُوا لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا

بوجہ اسکے جو کچھ وہ اُس سے کماتے ہین اور اُنھون نے یہ کہا کہ ہمکو تو سوائے گنتی کے دنون کے جہنم کی آگ

مَّعْدُودَةً قُلْ أَتَّخَذْتُمْ عِندَ اللَّهِ عَهْدًا فَلَن

چھوئے گی بھی نہین تم اُنسے یہ کہو کیا تم نے خدا سے کوئی عہد لے لیا ہے کہ

يُخْلِفَ اللَّهُ عَهْدَهُ أَمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝

خدا اپنے عہد کے ہرگز خلاف نہ کرے گا یا بغیر اسکے کہ تمکو کچھ علم ہو خدا کے خلاف باتین بناتے ہو

بَلَىٰ مَن كَسَبَ سَيِّئَةً وَأَحَاطَتْ بِهِ خَطِيئَتُهُ فَأُولَٰئِكَ

ہان جو کوئی بدی بھی کریگا اور اُسکا گناہ اُسکو گھیر لیگا وہی تو

أَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۝ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا

جہنمی ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيهَا

اور انہوں نے نیک کام کئے جنتی وہی ہیں جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ)

خٰلِدُونَ ۝ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ

رہیں گے اور (اس وقت کو یاد کرو) جبکہ ہم نے اولاد اسرائیل سے عہد لیا تھا

ع ۱۱ / ۹

لَا تَعْبُدُونَ إِلَّا اللّٰهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا وَّذِي

کہ سوائے اللہ کے کسی اور کی عبادت نہ کرنا اور اپنے ماں باپ سے (خصوصا) اور

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِينِ وَقُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا

کنبے والوں اور یتیموں اور مسکینوں سے (عموما) نیکی کرتے رہنا اور لوگوں سے بھلی بات کرنا

وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا

اور نماز پڑھتے رہنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا پھر تم اس حکم سے روگردان

مِّنْكُمْ وَأَنْتُمْ مُّعْرِضُونَ ۝ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ

ہو کر سوائے معدودے چند کے سب پھر گئے اور جبکہ ہم نے تم سے یہ عہد لیا تھا کہ

لَا تَسْفِكُونَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُونَ أَنْفُسَكُمْ مِّنْ

آپس میں خونریزی نہ کرنا اور نہ اپنوں کو اپنے ملک سے

دِيَارِكُمْ ثُمَّ أَقْرَرْتُمْ وَأَنْتُمْ تَشْهَدُونَ ۝ ثُمَّ أَنْتُمْ

نکالنا پھر تم نے اقرار کیا تھا اور تم اس کے گواہ ہو پھر وہی تم ہو کہ

هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُونَ أَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُونَ فَرِيقًا مِّنْكُمْ

اب اپنوں کو قتل کرتے ہو اور اپنے میں سے ایک گروہ کو اپنے ملک سے

مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُونَ عَلَيْهِمْ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ

نکالتے ہو اور ان کے برخلاف گناہ اور زیادتی کرنے میں ایک دوسرے کی پشتی لیتے ہو

وَاِنۡ يَّاۡتُوۡكُمۡ اُسٰرٰى تُفٰدُوۡهُمۡ وَهُوَ مُحَرَّمٌ

اور جب وہ تمہارے پاس قید کرکے لائے جاتے ہیں تو اُنسے تم فدیہ لیتے ہو حالانکہ اُنکا نکالدینا ہی

عَلَيۡكُمۡ اِخۡرَاجُهُمۡ‌ؕ اَفَتُؤۡمِنُوۡنَ بِبَعۡضِ الۡكِتٰبِ

تمپر حرام کردیا گیا تھا کیا تم کتاب کے بعض حصے پر ایمان لاتے ہو

وَتَكۡفُرُوۡنَ بِبَعۡضٍ‌ۚ فَمَا جَزَآءُ مَنۡ يَّفۡعَلُ ذٰلِكَ مِنۡكُمۡ

اور بعض کے منکر ہو اور جو تم میں سے ایسا کرے اُسکا بدلا سوا اسکے نہیں ہے

اِلَّا خِزۡىٌ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ‌ۚ وَيَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ يُرَدُّوۡنَ

کہ زندگانی دنیا میں رسوائی ہو اور قیامت کے دن سخت سے سخت

اِلٰٓى اَشَدِّ الۡعَذَابِ‌ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ○

عذاب میں ڈالے جائیں بہرحال جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے بے خبر نہیں ہے

اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ اشۡتَرَوُا الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا بِالۡاٰخِرَةِ‌

وہ لوگ وہی ہیں جنھوں نے آخرت کے عوض زندگانی دنیا (بخوشی) خرید لی

فَلَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمُ الۡعَذَابُ وَلَا هُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ ○

پس نہ اُنکے عذاب میں کوئی تخفیف کیجائے گی اور نہ اُنھیں کوئی مدد دیجائے گی

ع ١٠

وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡكِتٰبَ وَقَفَّيۡنَا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ بِالرُّسُلِ

اور بالتحقیق ہمنے موسیٰ کو کتاب عنایت کی اور اُنکے بعد اور رسول (یکے بعد دیگرے) بھیجے

وَاٰتَيۡنَا عِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ الۡبَيِّنٰتِ وَاَيَّدۡنٰهُ بِرُوۡحِ الۡقُدُسِ‌ؕ

اور ہمنے عیسیٰ ابن مریم کو کھلی کھلی نشانیاں مرحمت فرمائیں اور روح القدس کے ذریعے اُنکی تائید کی

اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمۡ رَسُوۡلٌۢ بِمَا لَا تَهۡوٰٓى اَنۡفُسُكُمُ اسۡتَكۡبَرۡتُمۡ‌ۚ

کیا (ایسا نہیں ہوا کہ) جسوقت بھی تمہارے پاس کوئی رسول تمہارے نفوس کی خواہش کے خلاف حکم لیکر آیا

فَفَرِيۡقًا كَذَّبۡتُمۡ وَفَرِيۡقًا تَقۡتُلُوۡنَ ○ وَقَالُوۡا قُلُوۡبُنَا

تم برابر اکڑتے رہے پھر کسی کو جھٹلایا اور کسی کو قتل کیا اور اُنھوں نے یہ کہدیا کہ ہمارے دل

غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ○

علوم کے کھتے ہین (ایسا نہین) بلکہ اللہ نے اُنکے کفر کے سبب سے پر لعنت کی ہے اور وہ بہت ہی کم ایمان لاوینگے

وَلَمَّا جَاۗءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا

اور جبوقت اللہ کی طرف سے اُنکے پاس ایک ایسی کتاب آئی جو خود اُنکی کتابونکی تصدیق

مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَي الَّذِيْنَ

کرنے والی تھی حالانکہ پہلے سے وہ خود کافرون کے برخلاف فتح حاصل کرنا چاہتے

كَفَرُوْا ښ فَلَمَّا جَاۗءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۡ فَلَعْنَةُ

بھی تھے مگر جب وہ آیا جسکو وہ پہچانتے تھے تو اُسکا انکار کر گئے پس ان انکار کرنیوالون

اللّٰهِ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ○ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ

پر خدا کی لعنت ہو کیا بُری چیز ہے وہ جسکے بدلے اُنھون نے اپنی جانون کو

اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ

بیچ ڈالا کہ اللہ نے جو کچھ نازل کیا اُس سے انکار کر دین یہ بغاوت اسلیئے کی کہ اللہ اپنے

فَضْلِهٖ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَاۗءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰي

بندون مین سے جسپر چاہتا ہے اپنا فضل نازل کرتا ہے پس وہ غضب بالاے غضب کے

غَضَبٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ○ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

مستحق ہوے اور منکرون کے لئے ذلیل کرنیوالا عذاب مقرر کیا گیا ہے اور جب اُنسے یہ کہا جاتا ہے

اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَ

کہ جو کچھ اللہ نے نازل فرمایا ہے اُسپر ایمان لاؤ تو کہتے ہین کہ جو کچھ ہمپر نازل کیا گیا ہے ہم تو اُسپر ایمان لاوینگے اور

يَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَاۗءَهٗ ۤ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۭ

جو اُسکے علاوہ ہے اُسپر ایمان نہین لاتے حالانکہ وہ حق ہے اور جو کچھ اُنکے پاس ہے اُسکی بھی تصدیق کرنیوالا ہے

قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَاۗءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ

پس تم یہ کہو کہ اگر تم مومن ہوتے تو اس سے پہلے انبیائے خدا کو قتل کیون کرتے

رحمت سے دور کرے اسی آیت کے بارے مین کافی مین جو دوسری روایت جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے وارد ہے وہ ضمیمہ مین درج کیجاتی ۱۲ بغضب علی غضب

مُّؤْمِنِيْنَ ○ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ

اور بیشک موسیٰ تمھارے پاس کھلی نشانیاں لیکر آئے تھے پھر

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ○ وَاِذْ

اُنکی غیبت مین تمنے بچھڑا پوج لیا اور (اُس مین) تم ہی ظالم تھے اور (اُسوقت کو

اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ط خُذُوْا

یاد کرو) جبکہ ہمنے تم سے پختہ عہد لیا تھا اور کوہ طور تمھارے سرون پر لٹکا دیا تھا (اور حکم دیا تھا کہ) جو کچھ

مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ط قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ق

ہم تمہین دیتے ہین اسے مضبوط ہو کر لو اور سنو تمھارے بزرگون نے اُسوقت یہ کہا تھا کہ ہمنے سن لیا مگر مانتے نہین

وَاُشْرِبُوْا فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ط قُلْ بِئْسَمَا

اور اُنکے کفر کیوجہ سے اُنکے دلون مین بچھڑے کی محبت بیٹھ گئی تھی (اے رسول) تم یہ کہدو کہ اگر تم

يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ قُلْ

مومن ہو تو تمھارا ایمان تم کو بہت ہی بُرا حکم دیتا ہے یہ بھی کہدو کہ

اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً

اگر آخرت کا گھر خدا کے نزدیک خالص تمھارے ہی لئے ہے اور

مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ

اَور لوگون کے لئے نہین ہے پس اگر تم سچے ہو تو مرنے کی آرزو

صٰدِقِيْنَ ○ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًاۢ بِمَا قَدَّمَتْ

کرو اور جو کچھ وہ اپنے ہاتھون سے پہلے کر چکے ہین اُسکے سبب

اَيْدِيْهِمْ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ○ وَلَتَجِدَنَّهُمْ

وہ ایسی تمنا ہرگز نکرینگے اور اللہ ظالمون سے خوب واقف ہے اور تم اُن کو

اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ج وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ج

زندگی کا سب سے زیادہ شیفتہ پاؤ گے یہان تک کہ مشرکین سے (بھی)

مع ٢

يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ

ایک ایک کا اُنمین سے یہی چاہتا ہے کہ کاش ہزار برس تو جئے مگر کسی کا معمّر ہونا اُسکو

مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝

عذاب سے نہین بچا سکتا اور جو عمل وہ کرتے ہین خدا اُنکا دیکھنے والا ہے

ع ۱۰

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰي قَلْبِكَ

(اے رسول) کہدو کہ جو شخص جبرئیلؑ کا دشمن ہوگا (جبرئیلؑ) وہ ہین جنہون نے اللہ کے حکم سے

بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى

تمھارے دل پر وہ (قرآن) نازل کیا ہے جو اپنے سے پہلے کی تصدیق کرنیوالا ہے اور مومنون کے لئے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ

ہدایت اور خوشخبری جو شخص اللہ اور اُسکے فرشتون اور اُسکے رسولون

وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰىلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝

اور جبرئیلؑ اور میکائیلؑ کا دشمن ہوگا پس اللہ (بھی) ضرور کافرون کا دشمن ہے

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ

اور (اے رسول) ہمنے تمھارے پاس کھلی نشانیان بھیجی ہین اور سوائے نافرمان لوگون کے

اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ۝ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ

اُنکا کوئی انکار نہ کریگا کیا جب کبھی وہ کوئی عہد کرینگے تو اُنمین سے ایک فریق

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَمَّا جَاۗءَهُمْ

اُسکو توڑ دیگا؟ بلکہ اُنمین سے زیادہ ایسے ہونگے جو ایمان نہ لائینگے اور جب اللہ کیطرف سے

رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ

اُنکے پاس ایسا رسول آیا جو اُنکے پاس والی چیزون کی تصدیق بھی کرنیوالا تھا تو جن کو کتاب دی گئی

مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَاۗءَ ظُهُوْرِهِمْ

تھی اُن مین سے ایک گروہ نے کتاب خدا کو اس طرح پس پشت پھینکا

منزل ۱

۵ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ تفسیر امام حسن عسکری علیہ السلام مین مروی ہے کہ پروردگار عالم نے یہودیون کی مذمت اس وجہ سے کی کہ اُن کو جبرئیل امین سے بغض تھا کہ جو چیزین اُنکو بُری معلوم ہوتی تھین جبرئیلؑ امین اُس مین قضا سے خدا جاری کرتے تھے جیسے کہ دانیال علیہ السلام کو بےگناہ بخت نصر کے ہاتھ سے قتل کرادینا اور اسی طرح اس امت کے یہودی یعنی نواصب [illegible]
[illegible]
کی امداد کے لئے نازل ہوتے رہے اور علی علیہ السلام ہمیشہ اپنی تیغ بُرّان سے کافرین اور منافقین پر غالب آیا کیے ۱۲

كَأَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُوا الشَّيَاطِينُ عَلَىٰ

گویا وہ اُسکو جانتے ہی نہین اور اُسکی پیروی کرنے لگے جو کچھ شیاطین عہد سلطنت سلیمانؑ

مُلْكِ سُلَيْمَانَ ۖ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلَٰكِنَّ الشَّيَاطِينَ

مین پڑھا کرتے تھے حالانکہ سلیمانؑ کی طرف سے کفر کی کوئی بات نہیں ہوئی بلکہ شیاطین نے

كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى

کفر کیا جو آدمیون کو جادو سکھایا کرتے تھے اور اُسکی تعلیم کیا کرتے تھے جو بابل مین

الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ ۚ وَمَا يُعَلِّمَانِ

دو فرشتون ہاروت اور ماروت پر نازل ہوا تھا حالانکہ یہ دونون فرشتے

مِنْ أَحَدٍ حَتَّىٰ يَقُولَا إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۖ

کسی شخص کو کوئی بات نہ بتاتے تھے جبتک یہ نہ کہہ لیتے تھے کہ (دیکھو) ہم آزمائش ہین اور تو کفر نکر

فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ ۚ

اسپر بھی لوگ اُن دونون سے ایسی باتین سیکھ لیتے تھے جن سے شوہر اور زوجہ مین جُدائی ڈالدین

وَمَا هُمْ بِضَارِّينَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ

حالانکہ بغیر حکم خدا وہ اُس سے کسی کو نقصان نہین پہنچا سکتے تھے

وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۚ وَلَقَدْ عَلِمُوا

اور سیکھتے بھی تھے تو وہ جو اُنکو نقصان پہنچائے اور نفع کچھ نہ کرے حالانکہ خوب جانتے تھے کہ

لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۚ وَلَبِئْسَ

جو ان چیزون کا خریدار ہوگا آخرت مین اُسکا کوئی حصہ نہین اور بہت ہی برا

مَا شَرَوْا بِهِ أَنْفُسَهُمْ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝ وَلَوْ أَنَّهُمْ

اُسکا معاوضہ ہے جنھون نے اپنی جانین اِن باتون کے عوض مین بیچ ڈالین کاش اسے وہ جانتے ہوتے اور اگر وہ لوگ

آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَمَثُوبَةٌ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ خَيْرٌ ۖ لَوْ كَانُوا

ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے تو خدا کی طرف سے جو ثواب اُنکو ملتا بہتر ہوتا کاش وہ اسے

يَعْلَمُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَ

جانتے ہوتے — اے ایمان لانیوالو (رسولؐ سے) رَاعِنَا نہ کہو اور

قُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○

اُنْظُرْنَا کہو اور (توجہ سے) سنو اور انکار کرنے والوں کے لئے دردناک عذاب ہی

مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ

اہل کتاب میں سے جو کافر ہوگئے ہیں انکو اور مشرکوں کو یہ پسند نہیں ہے

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ

کہ تم پر تمھارے رب کی طرف سے کوئی خیر (وبرکت) نازل کیجائے حالانکہ اللہ جسکو چاہتا ہے

بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ○ مَا نَنْسَخْ

اپنی رحمت کے لئے خاص کرلیتا ہے اور اللہ صاحب فضل عظیم ہے ہم کسی آیت کو

مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ

منسوخ نہیں کرتے نہ بھلاتے ہیں جبتک کہ اُس سے بہتر یا ویسی ہی نازل نہ کردیں کیا تمکو علم نہیں

اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ

کہ خدا ہر شی پر قدرت رکھنے والا ہے کیا تم نہیں جانتے کہ آسمانوں کا اور

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ

زمین کا اختیار صرف خدا ہی کو ہے اور سوائے خدا کے نہ تمھارا کوئی

وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ○ اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْئَلُوْا رَسُوْلَكُمْ

یار ہے اور نہ مددگار آیا تمھارا یہی ارادہ ہے کہ تم اپنے رسولؐ سے ویسے ہی سوال کرو

كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ

جیسے پہلے موسیٰؑ سے سوال کئے گئے تھے اور جو شخص ایمان سے کفر کو

بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ○ وَدَّ كَثِيْرٌ

بدل لے گا وہ بلاشک گمراہ و بدراہ ہوجائیگا اہل کتاب میں سے

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا

تو بہت سون کی یہ خواہش ہے کہ تمکو ایمان لانے کے بعد مرتد بناکر کافر کرلین

حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ

(صرف) حسد کی وجہ سے جو اُنکے دلون مین ہے بعد اس بات کے کہ حق اُنپر کھل چکا ہے

فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ

بس تم معاف کردو اور درگزرو یہانتک کہ خدا اپنے امر کو خود ظاہر کردے بیشک اللہ

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ وَمَا

ہر شیء پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور نماز پڑھو اور زکوۃ دو اور جو

تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

نیکی تم اپنی ذات کے لئے پہلے سے بھیج دوگے اُسے اپنے خدا کے پاس پاؤگے بیشک خدا

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ

تمھارے کل اعمال کا دیکھنے والا ہے اور اُنہون نے یہ کہدیا کہ سواے اُسکے جو یہودی ہو یا

كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ۭ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ۭ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ

نصرانی ہرگز کوئی داخل جنت نہوگا یہ اُنکی آرزوئین ہین تم (یہ) کہدو (کہ) اگر تم سچے ہو

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلٰى ۤ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ

تو اپنی دلیل پیش کرو ہان جو شخص خدا کے لئے اپنی ذات کو آمادہ اطاعت

مُحْسِنٌ فَلَهٗٓ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۠ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

کرلے اور وہ نیکوکار (بھی) ہو اُسکا اجر خدا کے ذمہ ہے اور (جو ایسے ہین) اُنکو نہ (آئندہ کا) خوف ہوگا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى

اور نہ وہ (گزشتہ کا) رنج کرینگے اور یہودیون نے یہ کہا کہ نصارے (دین کی) کسی بات

عَلٰى شَيْءٍ ۠ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ

پر نہین اور نصارے نے یہ کہدیا کہ یہودی (دین کی) کسی بات پر نہین

وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتٰبَ ۭ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ

حالانکہ وہ (دونون) کتاب خدا پڑھتے ہین اُنہی کی سی باتین اُن لوگون نے بھی بنائی تھین جو

مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا

(حق کو) کچھ نہین جانتے پھر اللہ تعالےٰ قیامت کے دن جن جن باتون مین یہ اختلاف کر رہے

كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ

ہین اُن (سب) کا فیصلہ کر دے گا اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ کی

مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ۭ

مسجدون مین اُسکے نام کے ذکر کو روک دے اور اُنکی بربادی مین کوشش کرے

اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ۥ

یہی لوگ ہین کہ انکے لیئے مناسب نہین ہے کہ مسجدون مین آئین مگر ڈرتے ڈرتے

لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

دنیا مین اُنکے لئے رسوائی ہے اور آخرت مین اُنکے واسطے بڑا عذاب

عَظِيْمٌ ۝ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ

ہے اور مشرق و مغرب اللہ کے ہین پھر تم جس طرف منہ کر لوگے پس خدا کا

وَجْهُ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ

رُخ اُدھر ہی ہوگا بیشک اللہ صاحب وسعت و علم ہے اور اُنہون نے یہ کہدیا کہ خدا نے

وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ كُلٌّ لَّهٗ

کوئی بیٹا بنا لیا اُسکی ذات (ایسی باتون سے) منزہ ہے بلکہ آسمانون مین اور زمین مین جو کچھ ہے

قٰنِتُوْنَ ۝ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا

اُسی کا ہے (اور) سب اُسی کے فرمانبردار ہین۔ (وہ) آسمانونکا اور زمین کا پیدا کرنیوالا ہے اور جب کسی امر کو

فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ

طے کر دیتا ہے تو صرف کُن فرما دیتا ہے اور (وہ) ہو جاتا ہے اور جاہلون نے یہ کہدیا کہ خدا

۵۷ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا صفوان ابن یحیی نے جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ خدا کے اور مخلوق کے ارادے مین فرق کیا ہے تو حضرت نے فرمایا کہ مخلوق کا ارادہ

لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ

ہم سے باتین کیون نہین کرتا یا ہمپر کوئی آیت کیون نہین آتی اسیطرح انسے پہلے والون نے بھی

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا

ایسی ہی بات کہی تھی ان سب کے دل باہم یکسان ہین بیشک یقین لانیوالے

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا

آدمیونکے لئے ہم دلیلین صاف بیان کرچکے بالتحقیق ہمنے تمکو حق کے ساتھ خوشخبری دینے والا

وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ۝ وَلَنْ تَرْضٰى

اور ڈرانیوالا (بناکر) بھیجا ہے اور تمسے دوزخیون کی بابت بازپرس نہوگی یہودی اور نصرانی تو

عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ قُلْ اِنَّ

تم سے ہرگز راضی نہونگے جبتک تم اُنکی ملت پر نہ چلو تم (یہ) کہدو

هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ

کہ اللہ کی ہدایت حقیقی ہدایت ہے اور اگر بعد اسکے کہ تمہین علم حاصل ہوچکا

بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ

تمنے اُنکی خواہشون کی پابندی کی تو خدا کی طرف سے نہ کوئی تمھارا یار ہوگا

وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ

اور نہ مددگار اور جن لوگونکو ہمنے کتاب دی ہے وہ اسکو ایسا (ہی) پڑھتے ہین جیسا (کہ) پڑھنے کا حق ہے

اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

وہی اُسپر ایمان (بھی) رکھتے ہین اور جو اس سے منکر ہوگئے وہی

الْخٰسِرُوْنَ ۝ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ

نقصان اُٹھانیوالے ہین اے اولاد اسرائیل میری اُن نعمتون کو یاد کرو جو

اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاتَّقُوْا

مین نے تم کو عطا کین اور اس بات کو کہ مین نے تمکو تمام عالم پر فضیلت دی اور اُس

يَوْمًا لَّا تَجْزِي نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئًا وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا

دن سے ڈرو جس دن کسی نفس کا بدلہ کسی طرح نہ کوئی نفس جان سے دیگا اور نہ اسکا فدیہ قبول

عَدْلٌ وَلَا تَنفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ۝

کیا جائیگا اور نہ کوئی سفارش اسکو نفع پہونچاسکے گی اور نہ انکی (کسی اور طرح سے) مدد کیجائے گی

وَإِذِ ابْتَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ بِكَلِمَاتٍ فَأَتَمَّهُنَّ قَالَ إِنِّي

اور اسوقت کو یاد کرو جبکہ ابراہیم کا انکے رب نے کلمات سے امتحان لیا اور ابراہیم نے انکو پورا کردیا (خدا نے)

جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَامًا قَالَ وَمِن ذُرِّيَّتِي قَالَ

فرمایا کہ میں تمکو کل آدمیوں کا امام مقرر کرنیوالا ہوں (ابراہیم نے) عرض کی اور میری اولاد میں سے بھی (خدا نے) فرمایا

لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ ۝ وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ

جو ظالم ہونگے (وہ میرے عہد سے) فائدہ نہ اٹھائیں گے اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے اس گھر کو کل آدمیوں کے

مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ

ثواب کی جگہ اور امن کا مقام مقرر کیا اور (یہ حکم دیا کہ) مقام ابراہیم کو مصلے

مُصَلًّى وَعَهِدْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِيَ

قرار دو اور ابراہیم اور اسمٰعیل کو ہمنے عہد دیا کہ تم دونوں میرے گھر کو

لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ۝ وَإِذْ قَالَ

طواف کرنیوالوں اور اعتکاف کرنیوالوں اور رکوع سجود کرنیوالوں کے لئے پاک صاف رکھو اور (اسوقت کو یاد کرو)

إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَٰذَا بَلَدًا آمِنًا وَارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ

جبکہ ابراہیم نے عرض کی کہ اے میرے پروردگار اسکو شہر امن قرار دے اور اسکے رہنے والوں کو جو ان میں سے

الثَّمَرَاتِ مَنْ آمَنَ مِنْهُم بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ قَالَ وَمَن

اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لائیں پھلوں سے رزق پہنچا (خدا نے) فرمایا اور جو ان میں سے

كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلَىٰ عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ

کافر ہوگا میں اسکو تھوڑے عرصہ کیلئے نفع پہنچاؤنگا پھر اسکو عذاب جہنم کے لئے مضطر کرونگا اور وہ بری

الْبَصِيرُ ○ وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرٰهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَ

بازگشت ہے اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ ابراہیم اور اسمٰعیل اس گھر کی بنیادیں اُٹھا رہے تھے

إِسْمٰعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ رَبَّنَا

(اور یہ عرض کرتے جاتے تھے کہ) اے پروردگار ہماری یہ خدمت قبول کر بالتحقیق تو سننے والا (اور) جاننے والا ہے

وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ

اے ہمارے پروردگار ہم دونوں کو اپنا فرمانبردار قرار دے اور ہماری اولاد میں سے ایک گروہ کو اپنا فرمانبردار قرار دے

وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ○

اور ہمیں ہمارے قواعد تعلیم فرما اور ہماری توبہ قبول فرما بلاشک تو بڑا توبہ قبول کرنے والا (اور) رحم فرمانیوالا ہے

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَ

اے ہمارے پروردگار انہیں ایک رسول انہی میں سے مبعوث فرما جو تیری آیتیں انکو سنائے اور

يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ

کتاب اور حکمت کی انہیں تعلیم دے اور اُن (کے ظاہر و باطن) کو پاک کرے بیشک تو غالب (اور)

الْحَكِيمُ ○ وَمَنْ يَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ إِبْرٰهِيمَ إِلَّا مَنْ سَفِهَ

حکمت والا ہے اور ملت ابراہیم سے روگردان ہو کون سکتا ہے سوائے اُسکے جو اپنے آپ کو بھی

ع ١٥ ٥ ١٥

نَفْسَهُ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ

نہ سمجھا ہو حالانکہ ہمنے دنیا میں بھی انہیں برگزیدہ قرار دیا تھا اور آخرت میں بھی وہ (یعنی ابراہیم)

لَمِنَ الصّٰلِحِينَ ○ إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ قَالَ أَسْلَمْتُ

صالحین میں سے ہیں جس وقت اُنکے پروردگار نے اُنسے فرمایا کہ اطاعت کرو اُنہوں نے

لِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ○ وَوَصّٰى بِهَا إِبْرٰهِيمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ

عرض کی کہ میں رب العالمین کا مطیع ہوں اور ابراہیم اور یعقوب نے اپنے بیٹوں کو اسکی وصیت کی کہ

يٰبَنِيَّ إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّينَ فَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ

اے میرے بیٹو اللہ نے تمہارے لئے اس دین کو پسند فرمایا ہے پس تم ہرگز نہ مرنا مگر اس حالت میں کہ

ہے کہ ملت ابراہیم پر صرف ہم اور ہمارے شیعہ قائم ہیں اور کوئی نہیں ١٢

مُّسْلِمُونَ ۝ أَمْ كُنتُمْ شُهَدَآءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ

فرمانبردار ہو — آیا تم اُسوقت موجود تھے — جب یعقوب کو موت آئی تھی

إِذْ قَالَ لِبَنِيهِ مَا تَعْبُدُونَ مِن بَعْدِي قَالُوا نَعْبُدُ

کہ اُسوقت اُنھوں نے اپنے بیٹوں سے دریافت کیا تھا کہ تم میرے بعد کسکی عبادت کروگے اُنھوں نے عرض کیا کہ

إِلَٰهَكَ وَإِلَٰهَ آبَائِكَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِلَٰهًا

ہم آپکے معبود اور آپکے دادا، چچا، باپ ابراہیمؑ و اسمٰعیل و اسحٰق کے معبود خداے واحد کی عبادت

وَاحِدًا ۚ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ۝ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ

کیا کرینگے اور ہم اُسی کے مطیع رہینگے — وہ ایک لوگ تھے جو گزر گئے

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ ۖ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا

اُنکا کیا اُنکے لئے رہا — اور تمھارا کیا تمھارے لئے اور جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اُسکی بابت تم سے

كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَقَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ

سوال نہ کیا جائیگا — اور اُنھوں نے یہ کہدیا کہ یہودی یا نصرانی ہوجاؤ تو ہدایت

تَهْتَدُوا ۗ قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ

پاؤگے (اے رسول) تم یہ کہدو کہ خالص دل سے ملت ابراہیمؑ کا اتباع کرو اور وہ مشرکین میں سے

الْمُشْرِكِينَ ۝ قُولُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا

نہ تھے — تم یہ کہدو کہ ہم ایمان لائے ہیں اللہ پر اور جو کچھ ہم پر نازل کیا گیا ہے اُسپر اور جو کچھ

أُنزِلَ إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ

ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ

وَالْأَسْبَاطِ وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ

اور اسباط پر نازل کیا گیا ہے اُسپر اور جو کچھ موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو دیا گیا ہے اُسپر اور جو اور نبیوں کو اُنکے رب کیطرف

مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ

ملا ہے اُسپر اور ہم (مثل یہود کے) ان میں سے کسی میں کوئی فرق نہیں کرتے اور ہم اُسی خدا کے

مُسْلِمُونَ ۝ فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا

مطیع ہیں — اگر وہ بھی اسی طرح ایمان لے آئے جسطرح تم ایمان لائے ہو تو بیشک انہوں نے ہدایت پائی

وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ

اور اگر روگرداں ہوگئے تو وہی نافرمانی میں ہیں پس اللہ تمکو انکے شر سے بچائے گا

وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ صِبْغَةَ اللَّهِ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ

اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے یہ اللہ کا رنگ ہے اور اللہ سے اچھا رنگ

اللَّهِ صِبْغَةً ۖ وَنَحْنُ لَهُ عَابِدُونَ ۝ قُلْ أَتُحَاجُّونَنَا فِي

ہوگا کس کا؟ حالانکہ ہم اسی کی عبادت کرنیوالے ہیں (اے رسول) کہدو کہ کیا اللہ کے بارے میں

اللَّهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ وَلَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ

تم ہم سے حجت کرتے ہو حالانکہ وہ ہمارا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی اور ہمارے اعمال ہمارے لئے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لئے

وَنَحْنُ لَهُ مُخْلِصُونَ ۝ أَمْ تَقُولُونَ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ

اور ہم اسی سے خلوص رکھنے والے ہیں یا تم یہ کہتے ہو کہ ابراہیم اور اسمٰعیل

وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطَ كَانُوا هُودًا أَوْ

اور اسحٰق اور یعقوب اور اسباط یہودی یا

نَصَارَىٰ ۗ قُلْ أَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ اللَّهُ ۗ وَمَنْ أَظْلَمُ

نصرانی تھے (اے رسول) کہدو کہ تم زیادہ واقفکار ہو یا اللہ اور اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا

مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهُ مِنَ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ

جو اللہ کی شہادت کو جو اسکے پاس ہے چھپائے اور اللہ اس سے جو کچھ تم کرتے ہو

عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۖ لَهَا مَا

بیخبر نہیں ہے وہ ایک لوگ تھے جو گزر گئے انکا کیا انکے لئے

كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ ۖ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

اور تمہارا کیا تمہارے لئے اور تم سے اسکی بابت جو وہ کیا کرتے تھے سوال نہیں کیا جائیگا

ع ۱۶ ۱۲ ۱۶

منزل

الجزء الثانی

سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلَّاهُمْ

قریب ہے کہ آدمیوں میں سے ناداں یہ کہینگے کہ جس قبلہ کی طرف یہ نماز پڑھا کرتے تھے

عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِي كَانُوا عَلَيْهَا ۚ قُلْ لِلَّهِ الْمَشْرِقُ

اُس سے اُنکو کس چیز نے روگرداں کردیا ہے تم یہ کہدو کہ مشرق اور مغرب

وَالْمَغْرِبُ ۚ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ○

خدا کے ہیں وہ جسے چاہے راہ راست کی ہدایت فرما دے

وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ

اور اسی طرح ہمنے تمکو بیچ کا گروہ مقرر کیا ہے تاکہ تم لوگوں پر

عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا

گواہ رہو اور رسول تم پر گواہ رہیں

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ

اور جس قبلہ کی طرف تم نماز پڑھا کرتے تھے اُسکو ہمنے نہیں مقرر کیا تھا مگر اسی لئے کہ ہم

مَنْ يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّنْ يَنْقَلِبُ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ ۚ وَإِنْ

اُنکو جو رسول کی پیروی کرتے ہیں اُنسے جو کہ اُلٹے پاؤں پلٹ جاتے ہیں تمیز کرلیں اور یہ قبلہ بدلنا

كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلَّا عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ ۗ وَمَا كَانَ

شاق تو سب ہی پر ہوا سوائے اُنکے جنکو توفیق ہدایت خدانے عطا کی ہے اور خدا ایسا نہیں ہے

اللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ ○

کہ تمہارے ایمان کو ضائع کرے بیشک خدا کل آدمیوں پر بڑی مہربانی اور رحم کرنیوالا ہے

قَدْ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ ۖ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ

ہم تمہارا آسمان کی طرف رخ کرنا ضرور دیکھتے ہیں پس ضرور ہے کہ جو

قِبْلَةً تَرْضَاهَا ۚ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ

قبلہ تم کو پسند ہے ہم اُسی کی طرف تمہارا رخ پھرادینگے تو اب تم اپنا رخ مسجد الحرام کی طرف کرو

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ۗ وَإِنَّ

اور جہاں کہیں بھی تم ہوا کرو اسی کی طرف اپنا رُخ کر لیا کرو اور جنکو

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ ۗ

کتاب دی گئی ہے وہ تو خوب جانتے ہیں کہ یہ معاملہ خدا کی طرف سے برحق ہے

وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ○ وَلَئِنْ أَتَيْتَ

اور جو کچھ وہ کر رہے ہیں خدا اُس سے غافل نہیں ہے اور جنکو

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ ۚ

کتاب دی گئی ہے اگر تم ہر ایک نشانی اُنکے سامنے پیش کر دوگے تو بھی وہ تمہارے قبلہ کی پیروی نہ کرینگے

وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ

اور نہ تمہارا یہ کام ہے کہ تم اُنکے قبلہ کی پیروی کرو اور نہ اُنہیں کا ایک دوسرے کے قبلہ

قِبْلَةَ بَعْضٍ ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ مِنْ بَعْدِ

کی پیروی کرنیوالا ہے اور تمکو جو علم حاصل ہو چکا ہے اُسکے بعد

مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِينَ ○

اگر اُنکی خواہشوں کی پیروی کی تو اس صورت میں تم بھی ظالموں میں محسوب ہو جاؤ گے

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ

جنکو ہمنے کتاب دی ہے وہ رسول کو اُسی طرح پہچانتے ہیں جسطرح اپنے بیٹوں کو

أَبْنَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ

پہچانتے ہیں اور بیشک اُنہیں سے ایک گروہ جان بوجھکر حق کو

يَعْلَمُونَ ○ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ

چھپاتا ہے حق تمہارے رب کی طرف سے ہے پس تم کبھی شک کرنیوالوں میں سے

الْمُمْتَرِينَ ○ وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا ۖ فَاسْتَبِقُوا

نہ ہونا اور ہر گروہ کے لئے ایک جہت (مقرر) ہے جدھر وہ منہ کرتا ہے پس تم نیکیوں میں

الْخَيْرٰتِ ۭ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ۭ اِنَّ

اور دوڑ کے سبقت حاصل کرو جہاں کہیں بھی تم ہو گے اللہ تم سب کو جمع کر کے لے آئیگا بالتحقیق

اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ

خدا ہر چیز پر قادر ہے اور جس طرف سے تم نکلو اپنا

وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ

منہ مسجد الحرام کی طرف کرلیا کرو اور یہ حکم تمہارے رب کی طرف سے

رَّبِّكَ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَمِنْ

برحق ہے اور خدا تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہے اور جدھر سے (بھی)

حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ

تم نکلو اپنا منہ مسجد الحرام کی طرف کیا کرو

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ لِئَلَّا يَكُوْنَ

اور جہاں کہیں (بھی) تم ہو اُسی کی طرف اپنا رُخ کیا کرو تاکہ لوگوں کا

لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ڦ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ڦ

الزام تم پر قائم نہ ہو سوائے انکے جو ہٹ دھرم ہیں

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ڦ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ

سو تم اُنسے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرتے رہو اور تاکہ میں اپنی نعمت تم پر پوری کردوں اور اسلئے کہ تم

وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا

ہدایت یافتہ ہو جاؤ (تحویل قبلہ ایسی ہی نعمت ہے) جیسے بھیجے تم ہی میں سے ایک رسول (بھی)

مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ

جو ہماری آیتیں تمکو پڑھکر سُناتا ہے اور (ظاہر و باطن) تمکو پاکیزہ کرتا ہے اور تمکو

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝ مع

کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے اور تمکو وہ کچھ سکھاتا ہے جو کچھ تم نہیں جانتے تھے

فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ۝

پس تم میری یاد کرو میں تمہاری یاد کرونگا اور تم میرا شکر کرو اور ناشکری نہ کرو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ

اے ایمان لانے والو صبر اور صلوٰۃ کے ذریعہ سے مدد مانگو

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ

بیشک اللہ صبر کرنیوالوں کے ساتھ ہے اور جو لوگ راہ خدا میں قتل

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ

کئے جائیں انکو مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں ولیکن تم

لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ

سمجھتے نہیں اور ہم ضرور تمکو کچھ تھوڑے سے خوف سے

وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ

اور کچھ بھوک سے اور کچھ مالوں اور جانوں اور پھلوں کے نقصان سے آزمائینگے

وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ

اور (اے پیغمبر) اُن صبر کرنیوالوں کو خوشخبری پہنچا دو جو مصیبت پڑنے کے وقت یہ کہتے ہیں

قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ عَلَيْهِمْ

کہ بیشک ہم اللہ ہی کے ہیں اور ہم اسی کی حضور میں پلٹ کر جانیوالے ہیں یہی وہ ہیں جنپر انکے

صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۣ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

پروردگار کی جانب سے صلوات اور رحمت ہے اور یہی

الْمُهْتَدُوْنَ ۝ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَاۗىِٕرِ

ہدایت یافتہ ہیں بیشک صفا اور مروہ خدا کی نشانیوں میں سے

اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ

ہیں پس جو شخص بیت اللہ کا حج یا عمرہ بجا لائے اُسے لازم ہے کہ اُن

أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۚ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ

دونون کے درمیان (بھی) طواف کرے اور جو نیکی کو خوشی سے بجالائے خدا ضرور قدرشناس (اور) آگاہ

عَلِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ

ہے جو لوگ اسکو چھپاتے ہین جو کھلی دلیلین اور ہدایت ہم نازل

وَالْهُدَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ

کر چکے بعد اسکے کہ ہمنے کل آدمیون کے لئے کتاب مین اسکو لکھ کر بیان کر دیا ہے

أُولَٰئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ ۝ إِلَّا

یقینا انھی پر اللہ لعنت کرتا ہے اور انھی پر لعنت کرنیوالے لعنت کرتے ہین مگر

الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا وَبَيَّنُوا فَأُولَٰئِكَ أَتُوبُ

جنھون نے توبہ کی اور (بگاڑ کی) اصلاح کی اور (جو چھپایا تھا اسکو) صاف بیان کردیا انکی توبہ مین قبول

عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝ إِنَّ الَّذِينَ

کرونگا اور مین بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہون جو لوگ

كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ

منکر ہوگئے اور انکار ہی کی حالت مین مرگئے انپر

لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ۝

اللہ کی (بھی) لعنت ہے اور کل فرشتون کی (بھی) اور کل آدمیون کی (بھی) (ہمیشہ)

خَالِدِينَ فِيهَا ۖ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ

ہمیشہ اسی (لعنت) مین رہینگے نہ انکا عذاب ہلکا کیا جائیگا

وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ۝ وَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ

اور نہ انکو مہلت دیجائیگی اور تمہارا معبود معبود یکتا ہے

لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ۝ إِنَّ فِي خَلْقِ

سوائے اس رحمن ورحیم کے اور کوئی معبود نہین ہے بالتحقیق آسمانون کی اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ

زمین کی پیدائش مین اور رات اور دون کے ادلنے بدلنے مین اور اُن کشتیون مین

الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

جو سمندر مین لیکر چلتی ہین جس سے لوگون کو نفع پہنچتا ہے اور اُس پانی مین جسے

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ

خدا نے آسمان سے اتارا اور جسکے ذریعہ سے زمین کو اُسکے مرنیکے بعد پھر زندہ

مَوْتِهَا وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ

کردیا اور ہر قسم کا چلنے والا اُسمین بکثرت پھیلادیا اور ہواؤن کے چلنے مین

وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ

اور اُن بادلون مین جو آسمان و زمین کے مابین معلق ہین سمجھنے والے لوگون کیلئے بہت سی

لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ○ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ

نشانیان (موجود) ہین اور آدمیون مین سے ایسے (بھی) ہین جو خدا کو

دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ

چھوڑ کر اورون کو (اُسکا) ہمسر بناتے ہین اور اُنسے خدا کی سی محبت رکھتے ہین اور جو

اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ وَلَوْ یَرَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ

ایمان لانیوالے ہین اُنکو سب سے زیادہ محبت خدا ہی سے ہے اور کاش ان ظالمونکو وہ اب سمجھائی دیتی جو

یَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِیْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ

عذاب دیکھکر سوجھیگی کہ پوری قوت خدا ہی کی ہے اور یہ کہ اللہ

شَدِیْدُ الْعَذَابِ ○ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِیْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ

سخت عذاب دینے والا ہے اُسوقت کو یاد کرو جبکہ پیر اپنے مریدون سے

الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ

تبرا کرینگے اور عذاب کو سب دیکھینگے اور اُنکی نجات کے کل اسباب

الاسباب ○ وقال الذين اتبعوا لو ان لنا

قطع ہوجائینگے اور مرید کہینگے کاش ہمکو لوٹ کر جانا ملے

كرة فنتبرا منهم كما تبرءوا منا كذلك يريهم

تو ہم (بھی) انسے اسی طرح تبرا کریں جسطرح انہوں نے اسوقت ہم سے تبرا کیا ہے یونہی اللہ تعالیٰ

الله اعمالهم حسرت عليهم وما هم بخارجين

انکے اعمال انکو حسرت بنا کر دکھلائیگا اور وہ جہنم سے

من النار ○ يايها الناس كلوا مما في الارض

نہ نکلنے پائینگے اے لوگو زمین میں سے حلال اور

حللا طيبا ولا تتبعوا خطوت الشيطن انه

پاک چیزیں کھاؤ اور شیطان کے قدم بقدم نہ چلو بیشک وہ

لكم عدو مبين ○ انما يامركم بالسوء والفحشاء

تمہارا کھلا دشمن ہے سوائے اسکے نہیں کہ وہ تمہیں بدی اور بیحیائی کا حکم دیتا ہے

وان تقولوا على الله ما لا تعلمون ○ واذا قيل

اور اسکا کہ تم جو کچھ نہیں جانتے وہ خدا کے برخلاف کہدو اور جب انسے یہ کہا جاتا

لهم اتبعوا ما انزل الله قالوا بل نتبع ما الفينا

ہے کہ خدا نے جو کچھ نازل کیا ہے اسکی پیروی کرو تو کہدیتے ہیں کہ ہم تو اسکی پیروی کرینگے جسپر ہمنے

عليه اباءنا اولو كان اباؤهم لا يعقلون

اپنے ماں باپ داداؤں کو پایا بھلا اگرچہ انکے باپ دادا کسی چیز کی عقل نہ رکھتے تھے اور ہدایت یافتہ

شيئا ولا يهتدون ○ ومثل الذين كفروا

نہ تھے (تو بھی ایسا ہی کرینگے) اور کافروں کی مثال اس شخص کی سی

كمثل الذي ينعق بما لا يسمع الا دعاء ونداء

ہے جو ان چیزوں کو پکارتا ہو جو سوائے چیخ پکار کے نہ کچھ سنیں نہ کچھ سمجھیں (وہ خود)

علم رکھتے ہیں وہ کہیں اور جبکا علم نہ رکھتے ہوں اسپر خاموش رہیں اور جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ دو خصلتوں سے بچتے رہو

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

بہرے گونگے اندھے (ہیں) پس وہ کچھ نہیں سمجھتے — اے ایمان لانیوالو

آمَنُوا كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُوا

جو پاک چیزیں ہمنے تمکو دی ہیں اُن میں سے کھاؤ اور اللہ کا شکر

لِلَّهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ۝ إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ

ادا کرو اگر تم اُسی کے خالص بندے ہو — اُسنے تم پر

الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ

مردار اور خون اور سور کا گوشت اور جس ذبیحہ پر خدا کے سوا اور کا نام لیا گیا ہو وہ

اللَّهِ ۖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ

حرام کیا ہے پھر جو شخص ناچار ہو نہ نافرمان ہو اور نہ حد سے گزرنیوالا تو اُسکے ذمے کچھ گناہ نہیں ہے

إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ

بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے — وہ لوگ جو اُسکو چھپاتے ہیں

مَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا

جو کچھ خدا نے کتاب میں نازل کیا ہے اور اُسکو تھوڑی قیمت پر بیچتے

قَلِيلًا ۙ أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ

ہیں وہ اپنے پیٹ میں انگارے بھرتے ہیں

وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ

اور خدا اُنسے قیامت کے دن نہ بات کریگا نہ اُنکو پاکیزہ فرمائیگا اور اُنکے لئے

عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ

دردناک عذاب ہے — وہ یہی ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے

بِالْهُدَىٰ وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَا أَصْبَرَهُمْ

گمراہی اور بخشش کے بدلے عذاب خرید لیا تو یہ آتش (جہنم) پر کیا ہی

عَلَى النَّارِ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ

صبر کرنیوالے ہیں یہ اسلئے کہ یقیناً خدانے کتاب کو حق کے ساتھ نازل کیا ہے

وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِى الْكِتٰبِ لَفِىْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ۝

اور جن لوگوں نے اس کتاب میں اختلاف کیا ہے وہ بیشک بہت بڑی نافرمانی پر (تیار) ہیں

ع ۲۱ ۹ ۵

لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ

یہ کوئی نیکی نہیں ہے کہ تم اپنے منہ مشرق یا مغرب کی طرف

وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

کرلو بلکہ حقیقی نیکی اسی کی ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى

اور فرشتوں پر اور کتاب پر اور انبیاء پر ایمان لائے اور محبت خدا میں مال

حُبِّهٖ ذَوِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ

رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں کو اور

السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِى الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ

مسافروں کو اور سوال کرنیوالوں کو اور گردنیں آزاد کرنے میں دے اور نماز پڑھے

وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ

اور زکوٰۃ ادا کرے اور جب معاہدہ کرلیں تو اپنے عہد کے پورا کرنیوالے ہوں

وَالصّٰبِرِيْنَ فِى الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ

اور تنگدستی میں اور بیماری (میں) اور لڑائی کی سختی کے وقت صبر کرنیوالے ہوں

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے (عملاً) سچ بولا اور یہی

الْمُتَّقُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ

متقی ہیں اے ایمان لانیوالو جو (ناحق) قتل کئے گئے ہوں انکے بارے

الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى ۖ الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ

میں تم پر قصاص واجب کیا گیا ہے آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے

بِالْعَبْدِ وَالْأُنثَىٰ بِالْأُنثَىٰ ۚ فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ

غلام اور عورت کے بدلے عورت پھر جس (قاتل) کو اسکے (مومن) بھائی کی طرف

شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ وَأَدَاءٌ إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ ۗ

سے کچھ (یعنی قصاص) معاف ہوجائے تو (معاف کرنیوالے کو مطالبہ دیت میں) نیکی کرنی چاہئے (نہ

ذَٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۗ فَمَنِ اعْتَدَىٰ

ظلم و سختی) اور (قاتل کی جانب سے) اسکی ادائگی احسان مندی کے ساتھ ہو (نہ کہ ٹال مٹول کے ساتھ) یہ تمہارے پروردگار کی

بَعْدَ ذَٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ وَلَكُمْ فِي

طرف سے آسانی اور مہربانی ہے پھر اسکے بعد جو زیادتی کرے اسکے لئے دردناک عذاب ہے اور اے صاحبان عقل

الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝

قصاص میں تمہارے لئے زندگی ہے تاکہ تم بچتے رہو

كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِن تَرَكَ

تم پر یہ (بھی) واجب کیا جاتا ہے کہ جب تم میں سے کسی کی موت آئے اگر وہ کچھ مال

خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ ۖ

چھوڑے تو اپنے والدین اور قریبی رشتہ داروں کے حق میں مناسب وصیت کردے خدا سے

حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ۝ فَمَن بَدَّلَهُ بَعْدَمَا سَمِعَهُ

ڈرنیوالوں پر (یہ بھی) ایک حق ہے پھر جو شخص اس (وصیت) کو سننے کے بعد بدلڈالے

فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ

تو اسکا گناہ انہی کے ذمے ہوگا جو اسے بدلینگے بیشک اللہ سننے والا

عَلِيمٌ ۝ فَمَنْ خَافَ مِن مُّوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا

(اور) جاننے والا ہے پھر جس شخص کو وصیت کرنیوالے کی طرف سے حق تلفی یا گناہ کا اندیشہ ہو

فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اور وہ آپس میں صلح کرا دے تو اسپر کوئی گناہ نہیں ہے بیشک خدا بخشنے والا (اور)

رَّحِيْمٌ ۞ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ

رحم کرنیوالا ہے اے ایمان لانیوالو تم پر روزہ رکھنا

ع ٦ ٢٢

الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ

اسی طرح واجب کیا گیا ہے جسطرح تم سے پہلوں پر واجب کیا گیا تھا تاکہ تم

تَتَّقُوْنَ ۞ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ

پرہیزگار بنو گنتی کے دن (ہیں) اسپر بھی جو شخص تم میں سے

مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰي سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ۭ وَعَلَى

بیمار ہو یا سفر میں ہو تو وہ اور دنوں میں گنتی پوری کردے اور اُن

الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ۭ فَمَنْ

لوگوں کے ذمے جنہیں روزہ رکھنے کی طاقت نہیں ہے ایک مسکین کا کھانا کھلا دینا (اسکا) بدلہ ہے اور جو شخص

تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ۭ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ

اپنی خوشی سے زیادہ نیکی کرے تو یہ اُسکے لئے اور بہتر ہے اور روزہ رکھنا تمہارے لئے بہتر

لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۞ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ

ہے بشرطیکہ تم سمجھو ماہ (مبارک) رمضان وہ ہے

اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ


جسمیں قرآن نازل کیا گیا جو کل آدمیوں کا راہنما ہے اور (اسمیں) ہدایت کی کھلی

الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ

دلیلیں ہیں اور حق و باطل کی تمیز پس جو شخص تم میں سے اس مہینے کو پائے اُسے چاہئے

فَلْيَصُمْهُ ۭ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰي سَفَرٍ فَعِدَّةٌ

کہ اسکے روزے رکھے اور جو شخص بیمار ہو یا سفر میں ہو تو وہ اور دنوں میں



مِنْ اَيَّامٍ اُخَرَ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ
گنتی پوری کردے اللہ تمہارے حق مین آسانی چاہتا ہے اور سختی نہین

الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى
چاہتا اور یہ چاہتا ہے کہ اس گنتی کو پورا کردو اور جو راہ راست تمہین بتلادی ہے اُس پر

مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاِذَا سَاَلَكَ
خدا کی بڑائی بیان کرتے رہو اور تاکہ تم شکرگزار ہو جاؤ اور جس وقت میرے بندے

عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ
تم سے میری بابت مجھے دریافت کرین تو (کہدو کہ) مین اُنسے قریب ہون (خاص) دعا کرنیوالے کی دعا

اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ
جس وقت بھی وہ مجھسے دعا کرے قبول کرلیتا ہون پس اُن (لوگون) کو لازم ہے کہ وہ میرے احکام

يَرْشُدُوْنَ ۝ اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى
قبول کرین اور مجھپر ایمان لائین تاکہ وہ راہ راست پالین ۔ روزونکی راتون مین تمہارے لئے اپنی ازواج کے

نِسَآئِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ
پاس جانا جائز کیا گیا ہے وہ تمہارے مختلط ہین اور تم اُن سے خدا اس سے واقف

اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ
تھا کہ تم اپنی ذات کے ساتھ خیانت کیا کرتے تھے پس اُسنے تمہاری توبہ قبول کرلی

وَعَفَا عَنْكُمْ فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ
اور تمہاری خطا معاف کردی اب تم اُنسے ہمبستری کرو اور جو اللہ نے تمہارے لئے مقرر کیا ہے

اللّٰهُ لَكُمْ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ
اُسکی خواہش کرو اور کھاؤ اور پیو یہانتک کہ صبح کا سفیدہ

الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا
(شب کی) سیاہی سے الگ نمایان ہوجائے پھر شب

الصِّيَامَ إِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ

آغاز پر روزہ ختم کرو اور جب مساجد میں اعتکاف میں ہو تو ان سے

فِي الْمَسَاجِدِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا ۗ كَذَٰلِكَ

مباشرت نہ کرو یہ اللہ کی مقررہ حدیں ہیں پس انکی مخالفت نہ کرنا اسطرح

يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ○ وَلَا تَأْكُلُوا

اللہ لوگوں کے لئے اپنے احکام کھولکر بیان کرتا ہے تاکہ وہ پرہیزگار بنجائیں اور آپس میں

أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ

ناحق ایک دوسرے کا مال نہ کھاؤ اور اسکے بارے میں حکام کے پاس جھگڑے اس غرض سے

لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنتُمْ

نہ لے جاؤ کہ جان بوجھکر ناحق لوگوں کے مال سے جو کچھ ہاتھ لگے

تَعْلَمُونَ ○ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ ۖ قُلْ هِيَ مَوَاقِيتُ

کھا جاؤ لوگ تم سے ہلالوں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہدو کہ وہ آدمیوں کے

ع ۲۳ ۶

لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۗ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَن تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِن

لئے اور حج کے لئے وقت بتانے کا آلہ ہیں اور یہ نیکی نہیں ہے کہ تم گھروں میں انکے پچھواڑے

ظُهُورِهَا وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَىٰ ۗ وَأْتُوا الْبُيُوتَ

کی طرف سے آؤ ولیکن نیکی اسکی ہے جو تقوی کرے اور گھروں میں انکے

مِنْ أَبْوَابِهَا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○

دروازوں سے آؤ اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاؤ

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا

اور راہ خدا میں ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑیں اور

تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ○ وَاقْتُلُوهُمْ

زیادتی نہ کرو بیشک اللہ زیادتی کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا اور جہاں تم انکو

حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُمْ مِنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ

پاؤ قتل کر دو اور جہاں سے اُنہوں نے تمکو نکالا تھا تم (بھی) اُنکو وہاں سے نکالدو

وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِنْدَ

اور کفر خونریزی سے بڑھکر ہے اور مسجد الحرام کے پاس اُنسے

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّىٰ يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ ۖ فَإِنْ قَاتَلُوكُمْ

نہ لڑو جبتک کہ وہ اُس جگہ تم سے نہ لڑیں پھر اگر وہ تمسے لڑیں تو تم (بھی)

فَاقْتُلُوهُمْ ۗ كَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ ۝ فَإِنِ انْتَهَوْا

اُنکو قتل کر ڈالو کافروں کی سزا یہی ہے پھر اگر وہ باز آجائیں

فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ

تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) مہربان ہے اور اُنسے لڑائی یہانتک کرو کہ کفر باقی نہ

فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ ۖ فَإِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ

رہے اور دین صرف خدا کا ہو جائے پھر اگر وہ باز آئیں تو سواے

إِلَّا عَلَى الظَّالِمِينَ ۝ الشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ

ظالموں کے کسی اور پر زیادتی نہوگی محترم مہینوں کا معاوضہ محترم مہینے

وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ ۚ فَمَنِ اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا

اور احترام والی چیزوں کا اسی طرح بدلہ (مقرر) ہے پھر جو شخص تمپر زیادتی کرے تو ویسی ہی زیادتی

عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا

تم بھی اُسپر کرو جیسی زیادتی اُسنے تمپر کی ہے اور اللہ سے ڈرو اور آگاہ رہو

أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ۝ وَأَنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا

کہ اللہ پرہیزگاروں کا ساتھی ہے اور راہ خدا میں خرچ کرو اور

مع

تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَأَحْسِنُوا ۛ إِنَّ اللَّهَ

اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور احسان کرو بیشک اللہ



يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ ۚ فَإِنْ

احسان کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے اور خاص خدا کے لئے حج اور عمرہ پورا کرو پھر اگر

أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۖ وَلَا تَحْلِقُوا

تم محصور ہو جاؤ تو قربانی جو میسر آجائے اور جبتک قربانی اپنے

رُءُوسَكُمْ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ ۚ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ

حلال ہونیکی جگہ نہ پہنچ جائے اپنے سر نہ منڈواؤ پھر جو شخص تم میں سے

مَرِيضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ

بیمار ہو یا اُسکے سر میں کسی قسم کی تکلیف ہو تو اُسکا بدلہ روزے

أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ ۚ فَإِذَا أَمِنْتُمْ فَمَنْ تَمَتَّعَ

یا خیرات یا قربانی ہے پھر جب تم امن پاؤ پس جو شخص

بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ

عمرہ کو حج سے ملا کر فائدہ اُٹھانا چاہے تو قربانی جو میسر آجائے (کرے) اور جسکو

لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا

میسر نہو پس حج کے دنوں میں تین دن کے روزے رکھے اور جب تم

رَجَعْتُمْ ۗ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ۗ ذَٰلِكَ لِمَنْ لَمْ يَكُنْ

واپس آجاؤ تو سات دن کے یہ سب ملکر دس ہوئے یہ (حکم) اُس شخص کے لئے ہے جسکے

أَهْلُهُ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا

اہل و عیال مکہ میں نہوں اور اللہ سے ڈرو اور آگاہ رہو

أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ ۚ

کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے حج کے (چند) مہینے ہیں جو معلوم ہیں

فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ

پس جو شخص ان میں حج بجالائے تو زمانۂ حج میں نہ جماع کرے نہ نافرمانی نہ لڑائی

ع ۸ ۲۴

فِي الْحَجِّ ۚ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللَّهُ ۗ وَتَزَوَّدُوا

جھگڑے اور جو نیکی تم کرو گے وہ اللہ کو معلوم ہے اور زاد راہ بہم پہنچا لو

فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَىٰ ۚ وَاتَّقُونِ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ

بیشک سب سے بہتر زاد راہ تقوے ہے اور اے صاحبان عقل مجھ سے ڈرتے رہو

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِنْ رَبِّكُمْ

اس میں تم پر کچھ الزام نہیں ہے کہ تم اپنے رب سے فضل کے خواستگار ہو

فَإِذَا أَفَضْتُمْ مِنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللَّهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ

پھر جب تم عرفات سے چلو تو مشعر الحرام کے قریب اللہ کو یاد

الْحَرَامِ ۖ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ وَإِنْ كُنْتُمْ مِنْ

کرو اور اسکی یاد اُسطرح کرو جسطرح اُسنے تمکو بتا دیا ہے اور ضرور تم

قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ۞ ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ

پہلے اس کے گمراہوں میں سے تھے پھر اُسی راستے سے چلو جس سے اور لوگ

النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۞

چلیں اور اللہ سے مغفرت طلب کرتے رہو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے

فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ

پھر جب تم مناسک حج پورے کر چکو تو اللہ کو اُسی طرح یاد کرو جس طرح اپنے

آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا

باپ داداؤں کو یاد کرتے ہو یا اس سے بھی زیادہ پس لوگوں میں سے بعض ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے

آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۞ وَ

پروردگار ہمکو دنیا ہی میں دیدے اور آخرت میں اُنکا کچھ حصہ نہیں ہے اور

مِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ

اُن میں سے بعض ایسے ہیں جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہمیں دنیا کی بھی خیر و خوبی دے اور آخرت کی بھی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ أُولٰئِكَ لَهُمْ

خیر و خوبی عطا کر اور عذاب دوزخ سے ہمیں بچالے اُن لوگوں کے لئے اُس میں

نَصِيبٌ مِّمَّا كَسَبُوا ۚ وَاللّٰهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝

جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے حصہ ہے اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے

نصف

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِي أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ ۚ فَمَن تَعَجَّلَ

اور گنتی کے دنوں میں ذکر خدا کرو پھر جو شخص دو ہی

فِي يَوْمَيْنِ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ وَمَن تَأَخَّرَ فَلَا إِثْمَ

دن میں (منےٰ سے) چل کھڑا ہو تو اُسکے ذمہ کچھ گناہ نہیں ہے اور جو شخص ٹھہر رہے تو اُسپر بھی کوئی گناہ نہیں ہے

عَلَيْهِ ۚ لِمَنِ اتَّقَىٰ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوا أَنَّكُمْ

(یہ بات اُسکے لئے ہے) جو پرہیزگار ہو اور خدا سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ تم اُسکی حضور میں

ربع

إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَن يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ

ضرور حاضر کئے جاؤ گے اور لوگوں میں ایسا بھی ہے جسکی باتیں زندگانی دنیا میں تمکو

فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلَىٰ مَا فِي قَلْبِهِ

اچھی معلوم ہوتی ہیں اور جو کچھ اُسکے دل میں ہے اُسپر خدا کو گواہ بناتا ہے

وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ ۝ وَإِذَا تَوَلَّىٰ سَعَىٰ فِي الْأَرْضِ

حالانکہ وہ دشمنوں میں سب سے زیادہ جھگڑالو ہے اور جب پیٹھ پھیرے تو یہ کوشش کرتا ہے کہ زمین میں

لِيُفْسِدَ فِيهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۗ وَاللّٰهُ

فساد برپا کرے اور زراعت کو اور نسل کو برباد کردے حالانکہ اللہ

لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ أَخَذَتْهُ

فساد کو پسند نہیں کرتا اور جب اُس سے یہ کہا جاتا ہے کہ تو خدا سے ڈر تو گناہ

الْعِزَّةُ بِالْإِثْمِ ۚ فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ ۚ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝

کرنے کی شیخی اُسکے دل میں سما جاتی ہے پس اُسکے لئے جہنم کافی ہے اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے

نَصْرُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ يَسْـَٔـلُوْنَكَ مَاذَا

مدد کب آئیگی (اور ہماری طرف سے کہا گیا کہ) خبردار ہو جاؤ اللہ کی مدد اب آئی۔ لوگ تجھ سے دریافت کرتے ہیں کہ

يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ

راہ خدا میں کیا خرچ کریں انسے کہدو کہ مال میں سے جو کچھ بھی تم خرچ کرو تو والدین کے لئے

وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ

اور قریب کے رشتہ داروں کے لئے اور یتیموں کے لئے اور محتاجوں کے لئے اور مسافروں کے لئے

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ كُتِبَ

اور جو نیکی بھی تم کروگے اسکا علم خدا کو یقیناً ہے تم پر جہاد

عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَھُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا

واجب کیا گیا ہے حالانکہ وہ تمکو ناگوار ہے اور شاید ایک چیز تمکو ناگوار

شَـيْـــًٔـا وَّھُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَـيْـــًٔـا وَّھُوَ

ہو اور وہ تمہارے لئے اچھی ہو اور عجب نہیں کہ ایک چیز کو تم پسند کرتے ہو اور وہ

شَرٌّ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ يَسْـَٔـلُوْنَكَ

تمہارے لئے بُری ہو حالانکہ اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے محترم مہینے میں

ع ۲۶ ۱۰

عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ

جنگ کرنے کے متعلق تم سے دریافت کرتے ہیں کہدو کہ اسمیں جنگ کرنا بڑا گناہ ہے

وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۤ

اور راہ خدا سے روکنا اور (خود) خدا کا انکار کرنا اور مسجد الحرام سے روکنا

وَاِخْرَاجُ اَھْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ

اور اسکے اہل کو اس سے نکال دینا خدا کے نزدیک زیادہ بڑا گناہ ہے اور فساد برپا کرنا

مِنَ الْقَتْلِ ۭ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ

خونریزی سے بڑھکر ہے اور وہ (کفار) تم سے برابر لڑتے رہینگے یہانتک کہ اگر بس چلے تو

عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۭ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ

تمکو تمہارے دین سے ہٹا دین اور جو تم مین سے اپنے دین سے

عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَھُوَ كَافِرٌ فَاُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ

پھر جائیگا اور کفر کی حالت مین مرجائیگا تو ایسے لوگون کے

اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ

اعمال دنیا و آخرت مین اکارت ہوجائینگے اور یہی جہنمی

النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہین جسمین وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے بیشک جو لوگ ایمان لائے

وَالَّذِيْنَ ھَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ

اور جنہوں نے ہجرت کی اور راہ خدا مین جہاد کیے وہی رحمت خدا کے

يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يَسْـَٔلُوْنَكَ

امیدوار ہین اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے لوگ تم سے

عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۭ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ

شراب اور قمار بازی کے بارے مین دریافت کرتے ہین تم کہدو کہ ان دونون مین بڑا گناہ ہے اور لوگون کے

لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ۭ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا

کچھ فائدے بھی ہین حالانکہ ان دونون کا گناہ انکے فوائد سے بڑھکر ہے اور تم سے دریافت کرتے ہین کہ

يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلِ الْعَفْوَ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

خرچ کسقدر کرین تم کہدو کہ جو تمہاری حاجت ضرورت سے زائد ہو اسطرح اللہ تمہارے لئے احکام کھولکر

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ وَ

بیان کرتا ہے تاکہ تم غور و فکر کرو دنیا کے بارے مین (بھی) اور آخرت کے بارے مین (بھی) اور

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ۭ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ۭ وَاِنْ

لوگ تم سے یتیمون کے بارے مین دریافت کرتے ہین تم کہدو کہ انکی (حالت کی) اصلاح کرنا بہتر ہے اور اگر

تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ وَاللَّهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ

انکا خرچ ملا کر کرو تو وہ تمہارے بھائی ہیں اور اللہ فساد کرنیوالے کو اصلاح کرنیوالے سے (الگ) جانتا ہے

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَعْنَتَكُمْ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ وَلَا

اور اگر اللہ چاہتا تو تم پر سختی کرتا بیشک اللہ زبردست اور حکمت والا ہے اور

تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّىٰ يُؤْمِنَّ وَلَأَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ خَيْرٌ

مشرک عورتوں سے جبتک وہ ایمان نہ لائیں نکاح نہ کرو حالانکہ ایمان والی لونڈی مشرک بی بی سے

مِنْ مُشْرِكَةٍ وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِينَ حَتَّىٰ

بہتر ہے گو وہ (بی بی) تمکو کتنی ہی اچھی معلوم ہوتی ہو اور مشرک جبتک ایمان نہ لے آئیں انکے نکاح میں

يُؤْمِنُوا وَلَعَبْدٌ مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكٍ وَلَوْ أَعْجَبَكُمْ

(مسلم عورتیں) نہ دو کیونکہ مومن غلام (آزاد) مشرک سے بہتر ہے گو وہ (مشرک) تمکو اچھا ہی معلوم ہو

أُولَٰئِكَ يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى الْجَنَّةِ

وہ تمکو جہنم کی طرف بلاتے ہیں اور اللہ اپنے حکم سے جنت

وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهِ وَيُبَيِّنُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

اور مغفرت کی طرف بلاتا ہے اور لوگوں کے لئے اپنے احکام کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ

يَتَذَكَّرُونَ ۝ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ أَذًى

وہ نصیحت حاصل کریں اور لوگ تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں تم کہدو کہ وہ ایک نجاست

ع ٥ — ٢٧ — ١١

فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ

ہے پس تم زمانہ حیض میں عورتوں سے الگ رہو اور جب تک وہ پاک نہو جائیں انکے پاس

يَطْهُرْنَ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ

نہ جاؤ پھر جب وہ غسل کرلیں تو جدھر سے خدا نے تمہیں حکم دیا ہے انکے پاس

اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ۝

آؤ بیشک اللہ توبہ کرنیوالوں اور طہارت کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے



نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ وَقَدِّمُوا

تمہاری عورتین تمہاری کھیتیان ہین پس اپنی کھیتی مین جسطرح جی چاہے آؤ اور اپنے لئے

لِأَنفُسِكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّكُم مُّلَاقُوهُ ۗ وَبَشِّرِ

نیک اعمال بھیجتے رہو اور اللہ سے ڈرو اور یہ جان لو کہ تمہین اُسکی حضور مین ضرور حاضر ہونا ہے اور مومنونکو

الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَلَا تَجْعَلُوا اللَّهَ عُرْضَةً لِّأَيْمَانِكُمْ

خوشخبری سناتے رہو اور خدا ایتعالےٰ کو اپنی فضول قسمون کے ذریعہ سے اس بات کی روک

أَن تَبَرُّوا وَتَتَّقُوا وَتُصْلِحُوا بَيْنَ النَّاسِ ۗ وَاللَّهُ

نہ قرار دو کہ تم نیکی کرنے، پرہیزگاری برتنے اور لوگون کے مابین صلح کرانے سے باز رہو اور اللہ

سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ لَّا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ

(سب کچھ) سننے والا جاننے والا ہے تمہاری قسمون مین جو لغو ہونگی اُنکے بارے مین خدا تمسے مواخذہ نکریگا

وَلَٰكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ

بلکہ وہ اُنپر مواخذہ کریگا جو تمہارے (بد) اعمال ارادۃً ہونگے اور اللہ بخشنے والا (اور)

حَلِيمٌ ۝ لِّلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِن نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ

بردبار ہے جو لوگ اپنی ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھالین اُنکو چار مہینے کی

أَشْهُرٍ ۖ فَإِن فَاءُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَإِنْ

مہلت ہے پھر اگر رجوع کرلین تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور اگر

عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ وَالْمُطَلَّقَاتُ

طلاق کا پختہ ارادہ کرلین تو اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے اور جن عورتون کو

يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ ۚ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَن

طلاق دیگئی ہے وہ اپنے آپ کو تین طُہر تک روکین اور یہ اُنکے لئے ہرگز جائز نہین ہے

يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللَّهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ إِن كُنَّ يُؤْمِنَّ

کہ خدا نے اُنکے رحم مین جو کچھ پیدا کیا ہو اُسکو چھپائین بشرطیکہ وہ خدا اور قیامت کے

تین طہر ہین اور اُس عدت کا عدد جسکا مقصود ظہور پر حیض آنا ہو تین قرء ہے اور قرء اُس مدت کو کہتے ہین جو دو حیضون کے مابین خون جمع ہونے مین صرف ہوتا

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَبُعُولَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِیْ ذٰلِكَ

دن پر ایمان رکھتی ہوں اور اس مدت میں اُنکے شوہر اگر سازگاری کا ارادہ کریں تو اُن کو

اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ۚ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَيْهِنَّ

واپس لینے کے زیادہ مستحق ہیں اور اُن (عورتوں) کا حق نیکی کے بارے میں (مردوں کے ذمے)

بِالْمَعْرُوْفِ ۪ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

ویسا ہی ہے جیسا کہ اُن (مردوں) کا عورتوں کے ذمہ اور مردوں کو اُنپر ایک درجہ فضیلت ہے اور اللہ زبردست اور

حَكِيْمٌ ۝ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ

حکمت والا ہے طلاق (رجعی) دو مرتبہ ہے اسکے بعد یا تو نیکی کے ساتھ روک لینا ہے یا

تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ ۗ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

سلوک کے ساتھ رخصت کر دینا اور یہ تمہارے (مردوں کے) لئے حلال نہیں ہے کہ جو کچھ تم اُنہیں

شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۗ فَاِنْ

دیچکے ہو اُس میں سے کچھ واپس لیلو سوائے اس صورت کے کہ دونو کو اس بات کا خوف ہو کہ (دونو)

خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا

حدود خدا پر قائم نہ رہ سکینگے پھر اگر تمکو اسکا خوف ہو کہ طرفین حدود خدا پر قائم نہ رہینگے اور

افْتَدَتْ بِهٖ ۗ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ

عورت کچھ فدیہ دیکے تو اسمیں دونوں پر کچھ الزام نہیں یہ اللہ کی حدود ہیں پس انسے تجاوز نہ کرو

وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

اور جو اللہ کے حدود سے تجاوز کرینگے وہی لوگ تو ظالم ہیں


فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا

پھر اگر عورت کو (تیسری) طلاق دیدے تو وہ اُس (مرد) کے لئے حلال نہوگی جبتک کہ اُسکے سوا

غَيْرَهٗ ۗ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ

ایک اور شوہر سے نکاح نہ کرلے پھر اگر دوسرا شوہر (بخوشی) طلاق دیدے اور اُن دونو کا (بھی) یہ خیال ہو کہ خدا کی حدوں کو

ع ۷ ۲۸ ۱۲



إِنْ ظَنَّا أَنْ يُّقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ حُدُودُ

قائم رہینگے اور ایک دوسرے کی طرف رجوع کرلین تو دونون کے ذمے کوئی الزام نہین اور خدا اپنی یہ حدین ان

اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُونَ ۝ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ

لوگون کے لئے بیان کرتا ہے جو سمجھ رکھتے ہین اور جب تمنے عورتون کو طلاق

النِّسَاۗءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ

دیدی اور وہ اپنے عدہ کے (ختم کے) قریب جا پہنچین اسوقت یا تو نیکی کے ساتھ انہین روک لو

أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ ۠ وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا

یا نیکی کے ساتھ انکو چلتا کرو اور انکا روکنا نقصان پہنچانے کی نیت

لِّتَعْتَدُوا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ

سے نہو اور جو ایسا کریگا وہ اپنی جان پر ظلم توڑیگا

وَلَا تَتَّخِذُوا آيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۡ وَّاذْكُرُوا

اور خدا کی آیتون کو ہنسی کھیل نہ بناؤ اور اللہ کی نعمت جو

نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَا أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ

تم پر ہے اسکو (بھی) یاد کرتے رہو اور اسے (بھی) جو کچھ کتاب و حکمت مین سے اسنے تم پر

وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ

نازل کیا ہے کہ اسکے ذریعہ سے تمکو نصیحت کرے اور اللہ سے ڈرو اور یہ سمجھو کہ

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ

اللہ ہر شئے کا علم رکھتا ہے اور جب عورتون کو طلاق دیچکو اور وہ

فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَنْ يَّنْكِحْنَ

اپنا عدہ پورا کرچکین تو انکو اور شوہرون کے ساتھ نکاح کرنے سے جبکہ

أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوفِ ۭ ذٰلِكَ

وہ نیکی کے ساتھ آپس مین رضامند ہوجائین باز نہ رکھو تم مین سے

يُوعَظُ بِهِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ

جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لایا ہے اسکو اسکے ذریعہ سے نصیحت کیجاتی ہے

ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

یہ تمہارے لئے بڑے نفع کی اور گناہوں سے پاک کرنیکی بات ہے حالانکہ اللہ جانتا ہے اور تم کچھ

لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ

نہیں جانتے اور مائیں اپنے بچوں کو

حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ

اسکی خاطر سے جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے پورے دو برس دودھ پلائیں

وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ

اور ان (دودھ پلانیوالی عورتوں) کا کھانا کپڑا دستور کے موافق بچے والے کے ذمے ہے

لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌ

کسی شخص کو اسکی وسعت سے زیادہ تکلیف نہ دیجائے نہ ماں کو اسکے بچے کے سبب سے ضرر

بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ وَعَلَى الْوَارِثِ

پہنچایا جائے اور نہ باپ کو اسکے بچے کی وجہ سے ضرر پہنچایا جائے اور باپ کے قایم مقام کے ذمے

مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا

(بھی) اسی طرح ہے پھر اگر دونوں (باپ اور ماں) کی مرضی اور آپس کے

وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ


مشورے سے دودھ چھڑالینا چاہیں تو دونوں پر کوئی الزام نہیں ہے اور اگر تمہارا یہ ارادہ ہو کہ

تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا

تم اپنے بچوں کو کسی دایہ سے دودھ پلواؤ تو تم پر کوئی الزام نہیں ہے بشرطیکہ تم سلوک کے طور پر

سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا

جو کچھ دایہ کو دیتے ہو اتنا ہی ماں کے حوالے (بھی) کردو اور اللہ سے ڈرو اور یہ جان لو کہ



اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ

جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسے دیکھ رہا ہے اور جو لوگ تم میں سے

مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ

مرجائیں اور ازواج چھوڑ جائیں تو وہ عورتیں چار مہینے دس دن

اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

اپنے آپ کو روکیں اور جب وہ اپنا عدہ پورا کریں

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ

تو جائز طور پر اپنے بارے میں جو کچھ وہ کریں اسمیں تم پر کوئی الزام نہیں ہے

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اُس سے خبردار ہے اور اس باب میں تم پر کوئی الزام نہیں ہے

فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ

کہ ان (عدہ والی) عورتوں کو کنایہ کے طور پر پیام دو یا اس خیال کو اپنے دل میں

اَنْفُسِكُمْ ۭ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ

چھپائے رکھو اللہ جانتا ہے کہ عنقریب تم اُنکو یاد کروگے ولیکن

لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۬ۥ

پوشیدہ طور پر اُنسے صریحی وعدے نہ لو سوائے اسکے کہ اُنسے (کنایہ کے طور پر) نیک بات کہو

وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ

اور جب تک عدہ پورا نہو جائے نکاح کا قصد

اَجَلَهٗ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

نہ کرنا اور یہ سمجھ لو کہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ اُسے جانتا ہے

فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝

پس اُس سے ڈرتے رہو اور یہ (بھی) جان لو کہ اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بردبار ہے

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ
اگر تم اُن عورتوں کو چھوڑ دو جن کے پاس تم نہیں گئے

أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً ۚ وَمَتِّعُوهُنَّ عَلَى
یا جنکا تمنے کوئی مہر نہیں مقرر کیا ہو تو تم پر کوئی الزام نہیں ہے البتہ اُنکو نیکی کے طور پر کچھ نفع پہنچا دو

الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ ۚ مَتَاعًا
(یہ نفع پہنچانا) صاحب مقدور پر اُسکی حیثیت کے موافق لازم ہے اور مفلس پر اُسکی

بِالْمَعْرُوفِ ۖ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ ۝ وَإِنْ
حیثیت کے مطابق نیکوکاروں پر یہ اُنکا ایک حق ہے اور اگر

طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ
اُنکے پاس جانے سے پہلے طلاق دیدو جس حالت میں کہ اُنکا مہر تم مقرر کر چکے تھے تو جو کچھ

لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ إِلَّا أَنْ يَعْفُونَ
تمنے مقرر کیا تھا اُسکا نصف (تمہارے ذمے ہے) سوائے اسکے کہ وہ (عورتیں)

أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۚ وَأَنْ
معاف کردیں یا وہ معاف کردے جسکے ہاتھ نکاح کا اختیار تھا اور اگر

تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۚ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۚ
تم معاف کردو تو (یہ) پرہیزگاری سے زیادہ قریب ہے اور آپس میں بڑائی حاصل کرنیکو نہ بھولو

إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ
بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے کل نمازوں کی محافظت کرو

وَالصَّلَاةِ الْوُسْطَىٰ وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ ۝ فَإِنْ
خاصکر نماز وسطیٰ کی اور خدا کی حضور میں کھڑے ہوے قنوت پڑھو پھر اگر تمکو

خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا ۖ فَإِذَا أَمِنْتُمْ
خوف ہو تو پیدل چلتے چلتے یا سواری کی حالت میں (ادا کرلو) پھر جب تمکو اطمینان ہو تو

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ○

اللہ کی یاد اسطرح کرو جسطرح اسنے وہ چیزیں تم کو تعلیم کی ہیں جو تم پہلے نہیں جانتے تھے

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا

اور تم میں سے جو لوگ مرنے کے لگ بھگ ہوں اور بیویاں چھوڑیں تو (انہیں لازم ہے کہ)

وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ

انکو ایک سال تک نان و نفقہ دینے اور (گھر سے) نہ نکالنے کی (ورثہ کو) وصیت کر دیں

فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ

پھر اگر وہ (عورتیں خود بخود) نکل جائیں تو جو کچھ نیکی کے ساتھ اپنے بارے میں کرلیں انہیں

اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○

تمہارے ذمے کوئی الزام نہیں ہے اور اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے

وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌ ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ حَقًّا عَلَى

اور جنکو طلاق دی گئی ہے انہیں بھی نیکی کے ساتھ نفع پہنچانا پرہیزگاروں کے ذمے

الْمُتَّقِيْنَ ○ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

ایک حق ہے اسی طرح خدا بتاتا ہے اپنے احکام تمہارے لیے کھولکر بیان کرتا ہے

تَعْقِلُوْنَ ○ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

٣١ ع ٧ ١٥

تاکہ تم سمجھ لو کیا تمنے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکل گئے تھے

وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۪ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا

اور وہ ہزاروں (ہی) تھے پس خدا نے انسے فرمایا (کہ) مرجاؤ

ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ

پھر انکو زندہ کر دیا بیشک اللہ لوگوں پر فضل کرنیوالا ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ○ وَقَاتِلُوْا

ولیکن بہت سے لوگ شکر نہیں کرتے اور راہ خدا میں

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ○ مَنْ

لڑو اور یہ سمجھ لو کہ اللہ (سب کچھ) سنتا جانتا ہے وہ

ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهُ لَهُ

کون ہے جو اللہ کو اچھا قرض دے کہ خدا اسکو اسکے لئے

أَضْعَافًا كَثِيرَةً وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ وَإِلَيْهِ

بے انتہا بڑھا دے اور اللہ تنگدستی (بھی) کرتا ہے اور فراخی (بھی) دیتا ہے اور اسی کی طرف

تُرْجَعُونَ ○ أَلَمْ تَرَ إِلَى الْمَلَإِ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ

تمھاری بازگشت ہوگی کیا تم نے موسےٰ کے بعد والے بنی اسرائیل کے ایک گروہ کی حالت

مِنْ بَعْدِ مُوسٰى إِذْ قَالُوا لِنَبِيٍّ لَهُمُ ابْعَثْ

پر نظر نہیں ڈالی جبکہ انھوں نے اپنے پیغمبر سے یہ کہا کہ ہمارے لئے ایک

لَنَا مَلِكًا نُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ

بادشاہ مقرر کر دیجئے کہ ہم راہ خدا میں لڑیں (اس پیغمبر نے) فرمایا کہ ایسا نہ ہو کہ

إِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ أَلَّا تُقَاتِلُوا قَالُوا وَمَا

اگر جہاد تم پر واجب کیا جائے (تو) پھر تم نہ لڑو وہ بولے کہ جب

لَنَا أَلَّا نُقَاتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَقَدْ أُخْرِجْنَا مِنْ

ہم اپنے گھروں سے نکالے گئے اور اپنے بچوں سے الگ کئے گئے تو

دِيَارِنَا وَأَبْنَائِنَا فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا

اب ہمیں کیا ہی جو راہ خدا میں نہ لڑیں پھر جب انپر جہاد واجب کیا گیا تو ان میں سے سوائے

إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِالظّٰلِمِينَ ○ وَقَالَ

چند کے سب ہی پھر گئے اور اللہ ظالموں سے (خوب) واقف ہی اور (جب) انکے

لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا

نبی نے انسے کہا کہ اللہ نے طالوت کو تمھارے لئے بادشاہ مقرر کیا ہے

وقف لازم

منزل

قَالُوا أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ

تو کہنے لگے کہ اسکو ہمپر حکومت کہاں سے ہوسکتی ہے حالانکہ ہم حکومت کے

بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ۚ قَالَ إِنَّ

اس سے زیادہ سزاوار ہین اسکو کشائش مال تو دی ہی نہین گئی ہے (نبی نے) فرمایا کہ بیشک

اللَّهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ

اللہ نے اسکو تمپر بزرگی دی ہے اور اسے علم اور جسم مین

وَالْجِسْمِ ۖ وَاللَّهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَن يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ وَاسِعٌ

زیادہ کیا ہے اور اللہ اپنی حکومت جسے چاہے عنایت فرمائے اور اللہ صاحب وسعت و

عَلِيمٌ ○ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَن

علم ہے اور انکے نبی نے انسے (یہ بھی) کہا کہ اسکے بادشاہ ہونے کی نشانی یہ ہے کہ

يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ

تمہارے پاس وہ صندوق آجائیگا جس مین تمہارے رب کا سکینہ اور آل موسے

مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَىٰ وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ

اور آل ہارون کے ترکے کا بقیہ موجود ہے فرشتے اسے اٹھائے ہوئے ہونگے

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ○ فَلَمَّا

اگر تم مومن ہو تو اسی مین تمہارے لئے نشانی (موجود) ہے پھر جس وقت

ع ٦ ٣٢ ١٦

فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ قَالَ إِنَّ اللَّهَ مُبْتَلِيكُم بِنَهَرٍ

طالوت فوجین لیکر چلا تو اسنے کہدیا کہ اللہ تعالے ایک دریا سے تمہاری آزمائش کریگا

فَمَن شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي وَمَن لَّمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ

جو اس مین سے پی لیگا وہ تو میرا نہین ہے اور جو اسے نہ چکھیگا بس وہ یقینا

مِنِّي إِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهِ ۚ فَشَرِبُوا مِنْهُ

میرا ہے سوائے اسکے کہ ایک چلو بھر اپنے ہاتھ سے لیلے پس انہین سے سوائے معدودے چند کے

إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ فَلَمَّا جَاوَزَهُ هُوَ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ

سب ہی نے تو پیا پھر جب وہ اور اُسکے ایماندار ساتھی اُس (دریا) کو عبور

قَالُوا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالَ الَّذِينَ

کر گئے تو اُنہون نے کہدیا کہ آج تو ہم مین جالوت اور اُسکی فوجون کے مقابلہ کا دم ہے نہین اور جنکو

يَظُنُّونَ أَنَّهُمْ مُّلَاقُوا اللَّهِ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً

یقین تھا کہ ہمکو خدا کے سامنے جانا ہے اُنہون نے کہا کہ بہت چھوٹے (چھوٹے) گروہ بڑے (بڑے) گروہون پر

كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللَّهِ وَاللَّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝ وَلَمَّا

خدا کے حکم سے غالب آ گئے ہین اور اللہ صبر کرنیوالون کے ساتھ ہے اور جس وقت

بَرَزُوا لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُوا رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا

وہ (لوگ) جالوت اور اُسکے لشکر والون سے لڑنے نکلے تو اُنہون نے عرض کی (کہ) اے ہمارے پروردگار

صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝

ہمکو پورا صبر عنایت فرما اور ہمارے قدم جمے رکھ اور اس کافر قوم کے برخلاف ہماری امداد فرما

فَهَزَمُوهُمْ بِإِذْنِ اللَّهِ وَقَتَلَ دَاوُودُ جَالُوتَ وَ

پھر اُنہون نے اللہ کے حکم سے اُن دشمنون کو شکست دیدی اور داؤد نے جالوت کو قتل کردیا اور

آتَاهُ اللَّهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ وَلَوْلَا

اُن (داؤد) کو خدا نے سلطنت اور حکمت عطا فرمائی اور جو کچھ مناسب سمجھا تعلیم فرما دیا اور اگر

دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْأَرْضُ

خدا بعض آدمیون کو بعض کے ذریعہ سے دفع نہ کرتا رہے تو روے زمین پر فساد پھیل جائے

وَلَٰكِنَّ اللَّهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ

لیکن اللہ کل عالمون پر فضل کرنیوالا ہے یہ اللہ کی برحق آیتین ہین

نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝

جو ہم تمکو پڑھکر سناتے ہین اور بیشک تم رسولون مین سے ہو



تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ

ان رسولوں میں سے بعض کو ہمنے بعض پر فضیلت دی

مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ۭ وَ

ان میں سے ایسے بھی ہیں جنسے خدا نے کلام کیا اور بعض کے درجے بڑھائے اور

اٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ

مریم کے بیٹے عیسٰے کو ہم نے کھلی نشانیاں دیں اور روح القدس کے ذریعے

الْقُدُسِ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْ

اُنکی مدد کی اور اگر خدا کو منظور ہوتا تو وہ لوگ بعد اسکے کہ اُنکے پاس

بَعْدِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا

کھلی دلیلیں آچکی تھیں اُن پیغمبروں کے بعد نہ لڑتے لیکن اُنہوں نے اختلاف کیا

عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۝ وَقَدْ نَزَّلَ

عزت تلاش کرتے ہیں حالانکہ عزت سب خدا ہی کے لیے ثابت ہے۔ اور وہ تم پر کتاب

عَلَيْكُمْ فِى الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَ

میں یہ حکم نازل کر چکا ہے کہ جس وقت تم یہ سنو کہ خدا کی آیتوں کا انکار کیا جاتا ہے اور

يُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِىْ حَدِيْثٍ

اُنکی ہنسی اُڑائی جاتی ہے تو تم اُن لوگوں کے پاس مت بیٹھو جبتک کہ وہ کسی اور معاملہ میں گفتگو نہ شروع

غَيْرِهٖ ۖ اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ

کردیں ورنہ تم بھی اس صورت میں (کفر میں) اُنہی کے مانند ہو جاؤ گے۔ بیشک خدا کل منافقوں

وَالْكٰفِرِيْنَ فِىْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ۝ ۙ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ

اور کافروں کو جہنم میں جمع کریگا۔ جو تمہارے انتظار میں لگے ہوئے ہیں

فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْۤا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ

کہ اگر فتح خدا کی طرف سے تمہاری ہو جائے تو یہ کہدیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے

وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْۤا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ

اور اگر کافروں کو نصیب ہو جائے تو اُن سے یہ کہدیں کہ کیا ہم تم پر غالب نہ آگئے تھے

عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ

اور کیا ہمنے تم کو مومنوں سے نہیں بچایا۔ پس اللہ قیامت کے دن تمہارے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

مابین فیصلہ کر دیگا۔ اور خدا ہرگز مومنوں پر کافروں کا غلبہ نہونے دیگا۔

سَبِيْلًا ۝ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ

ع ٢٠ ١٧

بیشک منافق اللہ کو دھوکا دیتے ہیں اور وہ اُنکو اُنکے دھوکے کا بدلہ دینے والا ہے



وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلَوٰةِ قَامُوا كُسَالَىٰ يُرَآءُونَ النَّاسَ

اور جس وقت وہ نماز کیلئے کھڑے ہوتے ہیں تو الکسائے ہوئے کھڑے ہوتے ہیں لوگوں کو دکھلاتے ہیں

وَلَا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا ۝ مُّذَبْذَبِينَ بَيْنَ ذَٰلِكَ

اور خدا کا ذکر بہت ہی کم کرتے ہیں۔ کفر اور ایمان کے مابین مذبذب میں ہیں

لَآ إِلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِ وَلَآ إِلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِ ۚ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَلَن

نہ انہی کی طرف ہیں نہ انہی کی طرف۔ اور جس سے خدا توفیق ہدایت سلب کرلیگا

تَجِدَ لَهُۥ سَبِيلًا ۝ يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْكَٰفِرِينَ

تم اسکیلیے ہرگز کوئی راہ نہ پاؤ گے۔ اے ایمان لانیوالو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں

أَوْلِيَآءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ أَتُرِيدُونَ أَن تَجْعَلُوا

کو یار نہ بناؤ۔ کیا تم یہ چاہتے ہو کہ

لِلَّهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَٰنًا مُّبِينًا ۝ إِنَّ الْمُنَٰفِقِينَ فِي الدَّرْكِ

خدا کی کھلی حجت اپنے اوپر قائم کرلو یقیناً منافق جہنم کے سب سے نیچے

الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَلَن تَجِدَ لَهُمْ نَصِيرًا ۝

طبقے میں ہونگے۔ اور تم انکا کوئی مددگار نہ پاؤ گے۔

إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا وَأَصْلَحُوا وَاعْتَصَمُوا بِاللَّهِ

سوائے اُن کے جو توبہ کرلیں اور نیکی اختیار کریں اور خدا کا سہارا لیے رہیں

وَأَخْلَصُوا دِينَهُمْ لِلَّهِ فَأُولَٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِينَ ۖ وَسَوْفَ


اور اللہ کے واسطے اپنا دین خالص کرلیں تو وہ مومنوں کے ساتھ ہونگے اور عنقریب

يُؤْتِ اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ مَّا يَفْعَلُ اللَّهُ

خدا مومنوں کو بڑا اجر دیگا۔ اگر تم شکر کرو اور

بِعَذَابِكُمْ إِن شَكَرْتُمْ وَءَامَنتُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ شَاكِرًا عَلِيمًا ۝

ایمان لاؤ تو خدا تم کو عذاب کیوں دیگا حالانکہ اللہ تو قدردان صاحب علم ہے۔



لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا

اللہ لفظوں میں کھول کر بدی بیان کرنے کو پسند نہیں کرتا سوائے اس کے جو

مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ۝ اِنْ تُبْدُوْا

ستایا گیا ہو اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے اگر تم کسی نیکی کا

خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ

اظہار کروگے یا اسکو چھپاؤ گے یا کسی برائی سے درگذر کروگے تو اللہ بھی بڑا درگزر

عَفُوًّا قَدِيْرًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَ

کرنیوالا (اور) قدرت رکھنے والا ہے بیشک جو لوگ اللہ اور اُسکے رسول کے منکر ہیں اور

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ

یہ ارادہ رکھتے ہیں کہ اللہ میں اور اُسکے رسولوں میں جدائی ڈالدیں اور یہ کہتے ہیں کہ ہم

نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا

بعض پر ایمان لائے ہیں اور بعض کے منکر ہیں اور وہ یہ چاہتے ہیں کہ (کفر و ایمان کے)

بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ

بین بین ایک راستہ اختیار کرلیں وہی تو اصلی کافر ہیں

حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝

اور ہمنے کافروں کے لئے ذلت دینے والا عذاب مہیا کیا ہے

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ

اور جو اللہ اور اُسکے رسولوں پر ایمان لائے اور اُنمیں سے کسی میں کوئی

اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ

تفریق نہ کی اُن لوگوں کو اُن کے اجر ضرور عنایت فرمائے گا

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ

اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے اہل کتاب تم سے سوال کرتے ہیں

ع ٢١

أَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتَابًا مِّنَ السَّمَاءِ فَقَدْ سَأَلُوا

کہ تم اُنپر آسمان سے کوئی کتاب نازل کردو تو موسےؑ سے تو

مُوسَىٰ أَكْبَرَ مِنْ ذَٰلِكَ فَقَالُوا أَرِنَا اللَّهَ جَهْرَةً

اُنہوں نے اس سے بھی بڑا سوال کیا تھا یعنی یہ کہا تھا کہ خدا کو ہمیں کھلم کھلا دکھادو

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا

پس اُنکے اسی ظلم کے سبب سے اُنپر بجلی گری تھی پھر بعد اسکے کہ اُن پر

الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ فَعَفَوْنَا عَنْ

کھلی نشانیاں آچکی تھیں بچھڑا پوجنے لگے پھر ہمنے اس سے بھی

ذَٰلِكَ ۚ وَآتَيْنَا مُوسَىٰ سُلْطَانًا مُّبِينًا ○ وَرَفَعْنَا

درگزر کی اور موسیٰؑ کو کھلا غلبہ عنایت کیا اور اُن سے

فَوْقَهُمُ الطُّورَ بِمِيثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا

عہد لینے کے لئے کوہ طور کو اُنکے اوپر بلند کیا اور اُنسے ہمنے یہ کہا کہ اس دروازہ میں سے

الْبَابَ سُجَّدًا وَقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوا فِي السَّبْتِ

سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو اور ان سے یہ کہا کہ احکام سبت میں زیادتی نہ کرو

وَأَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيثَاقًا غَلِيظًا ○ فَبِمَا نَقْضِهِمْ

اور ہم نے اُن سے سخت عہد لیا تھا پھر اُنکے اپنے اس عہد کے

مِّيثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِآيَاتِ اللَّهِ وَقَتْلِهِمُ الْأَنْبِيَاءَ

توڑ دینے کے سبب اور آیات خدا کا انکار کرنے کے باعث سے اور انبیاء کو ناحق قتل کرنے کی

بِغَيْرِ حَقٍّ وَقَوْلِهِمْ قُلُوبُنَا غُلْفٌ ۚ بَلْ طَبَعَ اللَّهُ

وجہ سے اور اُنکے اس قول کی جہت سے کہ ہمارے دلوں پر غلاف چڑھے ہوئے ہیں (ہمنے جو سنا تھا گیا) بلکہ اللہ نے

عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا ○

اُنکے دلوں پر اُنکے کفر کے سبب سے چھاپہ لگادیا پس وہ ایمان نہ لائیں گے مگر بہت کم

وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلَىٰ مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيمًا ۝

نیز اُنکے کفر کے باعث اور اُنکے اس قول کے باعث جس سے مریم پر اُنھون نے بہت بڑا بہتان باندھا

وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ

اور اس قول کے سبب کہ ہمنے مسیح ابن مریم خدا کے رسول کو قتل کردیا

رَسُولَ اللَّهِ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَٰكِن شُبِّهَ

(اُنکے دلون پر چھاپہ لگا دیا) حالانکہ اُنھون نے نہ اُنکو قتل کیا اور نہ صلیب دی بلکہ اُن (یہودیون) کے

لَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ ۚ

لئے ایک شخص اُنکی شبیہ بنا دیا گیا تھا اور جن لوگون نے مسیح کے بارہ مین اسوقت اختلاف کیا تھا وہ

مَا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوهُ

آج تک اُنکے بارے مین شک ہی مین ہین سوائے گمان کی پیروی کے اس بارہ مین اُنکو کوئی علم نہین ہے حالانکہ مسیح کو

يَقِينًا ۝ بَل رَّفَعَهُ اللَّهُ إِلَيْهِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا

اُنھون نے بالیقین قتل نہین کیا بلکہ اللہ نے اُنکو اپنے پاس اُٹھا لیا اور اللہ زبردست حکمت والا

حَكِيمًا ۝ وَإِن مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ

ہے اور اہل کتاب مین سے کوئی نہ بچیگا مگر یہ کہ اُسکو اپنے

قَبْلَ مَوْتِهِ ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا ۝

مرنے سے پہلے مسیح پر ضرور ایمان لانا پڑیگا اور مسیح قیامت کے دن اُنکے برخلاف گواہی دینگے

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ


پس یہودیون کے ظلم کے باعث ہمنے اُنپر بہت سی پاک چیزین جو اُنکے لئے حلال تھین

أُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَن سَبِيلِ اللَّهِ كَثِيرًا ۝

حرام کردین نیز راہ خدا سے اکثر لوگون کو روکنے کے باعث

وَأَخْذِهِمُ الرِّبَا وَقَدْ نُهُوا عَنْهُ وَأَكْلِهِمْ

اور اُنکی سودخوری کے باعث جس سے اُنکو یقینا ممانعت کی گئی تھی اور لوگونکے مال ناحق کھا جانیکے



أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ۚ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ

سبب بہت سی پاک چیزیں حرام کردیں) اور جو اُن میں منکر ہیں اُنکے لئے ہمنے

مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ○ لَٰكِنِ الرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ

دردناک عذاب تیار رکھا ہے لیکن اُن میں سے جو علم میں راسخ

مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ

ہیں اور جو کچھ تیر نازل کیا گیا ہے اُس پر اور جو کچھ تم سے پہلے

وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلَاةَ ۚ وَ

نازل کیا گیا ہے اُس پر ایمان لانیوالے ہیں اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ

الْمُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ

دینے والے اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان لانیوالے ہیں

أُولَٰئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْرًا عَظِيمًا ○ إِنَّا أَوْحَيْنَا

اُنھیں کو عنقریب ہم بڑا اجر دینگے یقیناً ہمنے تیر اُسی طرح وحی

إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَىٰ نُوحٍ وَالنَّبِيِّينَ مِنْ بَعْدِهِ ۚ

بھیجی جس طرح نوح پر اور اُن کے بعد کے انبیاء پر بھیجی تھی

وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ

اور ہمنے ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ

وَالْأَسْبَاطِ وَعِيسَىٰ وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَارُونَ وَسُلَيْمَانَ ۚ

اور اسباط (بنی اسرائیل) اور عیسیٰؑ اور ایوب اور یونسؑ اور ہارونؑ اور سلیمانؑ پر (بھی) بھیجی

وَآتَيْنَا دَاوُودَ زَبُورًا ○ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنَاهُمْ عَلَيْكَ

اور داؤدؑ کو ہمنے زبور عنایت کی اور (ہمنے) ایسے رسول (بھی بھیجے) جنکا قصہ ہمنے تم سے بیان کیا

مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۚ وَكَلَّمَ اللَّهُ

اور ایسے رسول (بھی) جنکا قصہ ہم نے تم سے نہیں بیان کیا اور موسیٰؑ سے خدا نے کلام کیا

ع ٢٢ ١٠ ٢

منزل

مُوسَىٰ تَكْلِيمًا ۝ رُسُلًا مُّبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ لِئَلَّا

جو حق کلام کرنے کا تھا (ایسے) رسول (جو) خوشخبری دینے والے بھی تھے اور ڈرانے والے (بھی) تاکہ

يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى اللَّهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ

انکے آنیکے بعد اللہ پر آدمیوں کی کوئی حجت باقی نہ رہے اور اللہ

عَزِيزًا حَكِيمًا ۝ لَّٰكِنِ اللَّهُ يَشْهَدُ بِمَا أَنزَلَ إِلَيْكَ

زبردست حکمت والا ہے لیکن اللہ اسکے باب میں جو کچھ تمپر نازل کیا گیا ہے گواہی دیتا ہے

أَنزَلَهُ بِعِلْمِهِ ۖ وَالْمَلَائِكَةُ يَشْهَدُونَ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ

کہ اسنے اپنے علم سے نازل کیا ہے اور فرشتے (بھی) اس بات کی گواہی دیتے ہیں حالانکہ گواہی (اللہ ہی)

شَهِيدًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ

کی کافی ہے بیشک جو لوگ کافر ہو گئے اور انھوں نے راہ خدا سے روکا

قَدْ ضَلُّوا ضَلَالًا بَعِيدًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَظَلَمُوا

وہ گمراہی میں بہت بڑھ گئے جن لوگوں نے یقیناً کفر (بھی) کیا اور ظلم (بھی) کیا

لَمْ يَكُنِ اللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيقًا ۝

اللہ کا یہ کام نہیں ہے کہ انکو بخشدے یا انکو کوئی اور راستہ سوائے

إِلَّا طَرِيقَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ وَكَانَ

جہنم کے راستے کے بتلائے جسمیں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور اللہ

ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ۝ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ

کے لئے یہ بات آسان ہے ای آدمیوں یقیناً رسول تمھارے

الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِن رَّبِّكُمْ فَآمِنُوا خَيْرًا لَّكُمْ ۚ وَإِن

رب کی طرف سے تمھارے پاس حق لیکر آیا ہے پس اسے مان لو تمھارے لئے بہتر ہے اور اگر

تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ

انکار کروگے تو آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے ضرور اللہ کا ہی اور اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ○ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا

صاحب علم وحکمت ہو اے اہل کتاب اپنے دین کے بارے مین غلو نہ کرو اور سوائے

تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ

حق کے خدا کے بارے مین کچھ نہ کہو مسیح عیسیٰ ابن مریم سوائے اسکے

مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ

کچھ نہیں ہی کہ اللہ کا رسول ہی اور اُسکا کلمہ جسکو اُسنے مریم تک پہنچا دیا تھا اور اُسکی پیدا کی ہوئی روح ہی

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ڨ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ۭ اِنْتَهُوْا خَيْرًا

پس اللہ اور اُسکے رسولون پر ایمان لاؤ اور ثلثہ کے قائل نہو اس سے باز رہو یہی تمہارے لئے اچھا

لَّكُمْ ۭ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ

ہی اللہ تو وہی یکتا معبود ہی اُسکی ذات اس سے منزہ ہی کہ اُسکے کوئی بیٹا ہو

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ○

آسمانون مین اور زمین مین جو کچھ ہی اللہ ہی کا ہی اور اللہ ہی انتظام کے لئے کافی ہی

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰۗىِٕكَةُ

مسیح کو یہ بات ہرگز ناگوار نہوگی کہ وہ اللہ کا بندہ بنے اور نہ مقرب

الْمُقَرَّبُوْنَ ۭ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ

فرشتون کو اور جو اُسکی عبادت سے انکار کرے گا اور تکبر کرے گا

فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ○ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

تو عنقریب وہ اُن سب کو اپنے پاس جمع کریگا پھر جو لوگ ایمان لائے ہین اور


الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ

نیکوکار ہین اُنکو تو اُنکے اجر پورے (پورے) دیگا اور اپنے فضل سے اور کچھ بڑھادے گا

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

اور جن لوگون نے نافرمانی کی اور تکبر کیا پس اُنکو دردناک عذاب دیگا

۔۔۔ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کیا تمنے لوگون سے یا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو خدا علاوہ دو اور خدا بنالو) ۔۔۔



أَلِيمًا ۝ وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ۝

اور اللہ کے سوا وہ کسی کو اپنا یار و مددگار نہ پاوینگے

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُم بُرْهَانٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَأَنزَلْنَا

اے آدمیو بیشک تمہارے رب کے پاس سے تمہیں دلیل آچکی ہے اور اسنے تمہیں

إِلَيْكُمْ نُورًا مُّبِينًا ۝ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَاعْتَصَمُوا

دکھلا دینے والا نور نازل کیا ہے پس جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور اس نور سے تمسک

بِهِ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِي رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَيَهْدِيهِمْ

پکڑے انکو عنقریب اپنی رحمت اور فضل میں داخل کریگا اور اپنی حضوری کا

إِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۝ يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللَّهُ

سیدھا راستہ بتا دیگا لوگ تجھسے فتوے دریافت کرتے ہیں تم کہدو کہ اللہ

يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ إِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ

تمکو کلالہ کے بارے میں فتوے دیتا ہے کہ اگر کوئی مرد ایسا مرجائے کہ جسکے اولاد (یا ماں باپ) نہوں

وَلَهُ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَا

اور اسکی ایک بہن ہو تو اس بہن کو اسکے ترکہ کا نصف ملیگا اور اسی طرح وہ مرد اس بہن کا وارث ہوگا

إِن لَّمْ يَكُن لَّهَا وَلَدٌ فَإِن كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا

اگر اسکے اولاد (یا ماں باپ) نہوں اور اگر بہنیں دو ہوں تو ان دونوں کو

الثُّلُثَانِ مِمَّا تَرَكَ وَإِن كَانُوا إِخْوَةً رِّجَالًا وَ

اسکے ترکہ کا دو تہائی ملیگا اور اگر بھائی بہن مرد و عورت (ملے جلے) ہوں

نِسَاءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ يُبَيِّنُ اللَّهُ

تو ہر مرد کو دو عورتوں کے برابر حصہ ملیگا اللہ تمہارے لئے

لَكُمْ أَن تَضِلُّوا وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝

اس وجہ سے کھولکر بیان کرتا ہے کہ تم نہ بھٹکو اور اللہ ہر شے سے آگاہ ہے



سورة المائدة مدنية وهي مائة وعشرون آية

بسم الله الرحمن الرحيم ○
رحمن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَوْفُوا بِالْعُقُودِ أُحِلَّتْ
اے ایمان لانے والو عہد پورے کرو چرندے

لَكُم بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ إِلَّا مَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ غَيْرَ
تمہارے لئے حلال کئے گئے ہیں سوائے اُنکے جنکی ممانعت تمکو پڑھکر سنائی جائیگی جبکہ تم

مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنتُمْ حُرُمٌ إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ مَا
بحالت احرام شکار کے حلال نہ جاننے والے ہو بیشک اللہ جو چاہتا ہے حکم

يُرِيدُ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحِلُّوا شَعَائِرَ اللَّهِ
دیتا ہے اے ایمان لانیوالو خدا کی نشانیوں کی بے توقیری کرو


وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَائِدَ
اور نہ حرمت والے مہینے کی اور نہ نذر کردہ قربانی کی اور نہ پٹہ دار قربانی کی

وَلَا آمِّينَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلًا
اور نہ اُن لوگوں کی جو اپنے رب کے فضل اور اُسکی خوشنودی کی کھوج میں حرم

مِّن رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوا
مکان کو جاتے ہوں اور جب تم محل ہو جاؤ تو شکار کھیلو

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَن صَدُّوكُمْ
اور کسی قوم کی عداوت اس بنا پر کہ اُنہوں نے تمکو مسجد حرام سے

عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَن تَعْتَدُوا وَتَعَاوَنُوا
روکا تھا تمہارے لئے اس امر کا باعث نہو کہ تم زیادتی کرگزرو اور نیکی



عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ

اور پرہیزگاری میں ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور زیادتی میں

وَالْعُدْوَانِ ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

ایک دوسرے کی مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ سخت عذاب

الْعِقَابِ ۝ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ

دینے والا ہے تم پر حرام کیا گیا مردار اور خون اور سور

الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ

کا گوشت اور وہ جانور جسپر خدا کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو اور جو گردن مروڑ کر

وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ

مارا گیا ہو اور جسکے پاؤں باندھکر پیٹ کر مارا ہو اور جو بلندی سے گر کر مرا ہو اور جو سینگ سے مارا گیا ہو اور

السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ وَمَا ذُبِحَ عَلَي النُّصُبِ

جسکو درندے نے پھاڑا ہو سوائے اسکے جسکا تمنے تذکیہ کیا ہو اور جو تھان پر ذبح کیا گیا ہو

وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ

اور یہ کہ تیروں پر تقسیم کرلو یہ بدکاری ہے

اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا

آج کے دن کافر تمہارے دین سے مایوس ہوگئے پس تم

تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۭ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ

انسے نہ ڈرو اور مجھے ڈرو آج میں تمھارا دین تمھارے لیے کامل

دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ

کردیا اور اپنی نعمت تمپر پوری کردی اور دین اسلام کو

لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ

تمہارے لئے پسند کرلیا پس جو شخص بھوک کے سبب مضطر ہو

ربع

منزل ٢

غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ○ يَسْأَلُونَكَ

نہ گناہ کی طرف مائل ہو کر تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا رحم کرنے والا ہے لوگ تم سے دریافت کرتے ہیں

مَاذَا أُحِلَّ لَهُمْ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَمَا عَلَّمْتُم

کہ انکے لئے کیا کیا حلال کیا گیا ہے تم کہدو کہ تمہارے لئے کل پاک چیزیں حلال کی گئی ہیں اور شکاری جنکو

مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللَّهُ

شکاری جانور اُس قاعدہ سے سدھایا ہو جیسا کہ اللہ نے تمکو بتادیا ہو

فَكُلُوا مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ

پس وہ جو کچھ تمہارے لئے پکڑ رکھیں اُمیں سے (قسم حلال کو) کھالو اور اللہ کا نام اُسپر لیا ہو

عَلَيْهِ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ○

اور اللہ سے ڈرتے رہو بے شبہہ اللہ جلد حساب لینے والا ہے

الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ ۖ وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُوا

آج کے دن حلال کی گئیں تمپر کل پاک چیزیں اور اُن لوگوں کی خوراک جنکو

الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۖ وَالْمُحْصَنَاتُ

کتاب دی گئی ہے تمہارے لئے حلال ہے اور تمہاری خوراک اُنکے لئے حلال ہے اور مسلمان پاکدامن عورتیں

مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ

اور اُن لوگوں کی پاکدامن عورتیں جنکو تم سے پہلے کتاب دیجئی گئی (جائز ہیں)

مِن قَبْلِكُمْ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِينَ

جبوقت کہ تم اُنکے مہر دیدو اور اُنکا لیکر اُنسے نکاح کرنا منظور ہو

غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلَا مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ ۗ وَمَن يَكْفُرْ

نہ کہ زنا یا خفیہ تعلق اور جو ایمان کا منکر ہو گا

بِالْإِيمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ ○ ع ٥

تو تم اُسکے اعمال سب اکارت ہو جائیں گے اور وہ آخرت میں ٹوٹا اٹھانے والا ہوگا



يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوا

اے ایمان لانے والو جب تم نماز کے لئے آمادہ ہو تو اپنے منہ

وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ

دھو ڈالو اور اپنے ہاتھ کہنیوں سمیت اور اپنے سروں کے بعض حصہ کا

وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ۚ وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوا

اور ٹخنوں تک پاؤں کا مسح کر لو اور اگر تم جنب ہو تو غسل کر ڈالو

وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَىٰ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ

اور اگر تم مریض ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی

مِنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً

بیت الخلاء سے آئے یا عورتوں سے مباشرت کی ہو پھر پانی نہ پاؤ

فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ

تو پاک مٹی سے تیمم کر لو اور اس سے اپنے منہ اور ہاتھوں کے بعض حصہ کا مسح

مِنْهُ ۚ مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ حَرَجٍ وَلَٰكِنْ

کر لو اللہ یہ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی کرے بلکہ وہ

يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ

یہ چاہتا ہے کہ تمکو پاک کرے اور اپنی نعمت کو تم پر پورا کرے تاکہ تم

تَشْكُرُونَ ○ وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي

شکر گزار ہو جاؤ اور اللہ کی نعمت کا جو تم پر ہوئی ذکر کرتے رہو اور اسکے اس عہد کا جو


وَاثَقَكُمْ بِهِ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ اللَّهَ

اسنے تم سے پکا کرلیا ہے جبوقت کہ تم نے یہ کہا تھا کہ ہم نے سنا اور تابعداری کی اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ

عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا

دلوں کی باتوں سے واقف ہے اے ایمان لانے والو خدا کے لئے

اور جناب امیر المومنین علیہ السلام وغیرہ ائمہ معصومین علیہم السلام کی ولایت کے فرض ہونے کے بارے میں فرمایا تھا ...



قَوَّامِينَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ز وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ

انصاف کے ساتھ گواہی دینے کے لئے آمادہ ہو جاؤ اور کسی قوم کی سخت عداوت تمکو

قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۟ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ز

اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم انصاف نکرو انصاف کرو کہ وہ پرہیزگاری سے قریب تر ہے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ ۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ

اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ اس سے جو کچھ تم کرتے ہو خبردار ہے اللہ نے اُنسے جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ

ایمان لائے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں وعدہ فرمایا ہے کہ اُنکے لئے بخشش ہے اور بہت بڑا

عَظِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ

اجر اور جو لوگ منکر ہوگئے اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا جہنمی

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

وہی ہیں اے ایمان والو تم پر اللہ کی جو نعمت ہے اُسکو یاد کرو

عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ

کہ جسوقت ایک قوم نے تمپر دست درازی کا ارادہ کیا تو اُسنے تم سے اُنکے ہاتھونکو

اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

روک دیا اور اللہ سے ڈرتے رہو اور مومنون کو لازم ہے کہ اللہ ہی

الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۚ

پر بھروسہ کریں بیشک اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا

وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ؕ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مَعَكُمْ ؕ

اور انہیں سے ہمنے بارہ سردار بھیجے اور (پھر) اللہ نے (یہ) فرمایا کہ بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں

لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ

اگر تم نماز پڑھوگے اور زکوٰۃ دوگے اور میرے

بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا

رسولوں پر ایمان لاؤ گے اور اُنکی مدد کرو گے اور اللہ کو قرض حسنہ دیتے رہو گے

لَأُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي

تو ضرور میں تمھاری برائیاں تمسے دور کر دونگا اور تمھیں ایسی جنتوں میں

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ

جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں داخل کر دونگا پس اسکے بعد جو تم میں سے منکر ہوگا وہ ضرور

ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۝ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيثَاقَهُمْ

سیدھے راستے سے بھٹک جائیگا پس بوجہ اپنے عہد توڑ دینے کے

لَعَنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً ۖ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ

ہمنے اُنپر لعنت کی اور اُنکے دلوں کو سخت کر دیا وہ لفظوں کو اُنکے

عَنْ مَوَاضِعِهِ ۙ وَنَسُوا حَظًّا مِمَّا ذُكِّرُوا بِهِ ۚ وَلَا تَزَالُ

موقعوں سے بدل دیتے ہیں اور جن چیزوں کی اُنکو نصیحت کیگئی تھی اُسکا ایک بڑا حصہ بھول گئے اور جو اُنمیں سے خیانت کرتے رہتے

تَطَّلِعُ عَلَىٰ خَائِنَةٍ مِنْهُمْ إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ ۖ فَاعْفُ

ہیں اور وہ بہت ہی تھوڑے ہیں (جو خائن نہیں ہیں) اُنکے حال پر تمکو برابر اطلاع ہوتی رہیگی پس تم اُنکو معاف

عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَمِنَ

کردو اور درگزر کرو بیشک اللہ احسان کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے اور اُن

الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ أَخَذْنَا مِيثَاقَهُمْ فَنَسُوا

لوگوں میں سے جو یہ کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں ہمنے اُنکا عہد لیا پھر جو کچھ اُنکو یاد دلایا گیا تھا

حَظًّا مِمَّا ذُكِّرُوا بِهِ فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ

اُسکا ایک بڑا حصہ بھول گئے پھر ہمنے قیامت تک کے لئے اُنکے مابین عداوت

وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللَّهُ

اور بغض ڈالا اور آگے چل کر اللہ اُنکو جتلائیگا

ربع

بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ○ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ

کہ وہ کیا کیا کرتے تھے ای اہل کتاب بیشک ہمارا رسول تمہارے

رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ

پاس آیا کتاب کے اُس حصہ مین سے جسے تم چھپایا کرتے تھے بہت کچھ ظاہر کردیتا ہی

وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۬ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ

اور بہت سے سے درگزر کرتا ہی بیشک تمھارے پاس خدا کی طرف سے نور اور روشن کتاب

مُّبِيْنٌ ○ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ

آگئی جسکے ذریعہ سے خدا اُن لوگون کو جو اُسکی خوشنودی کے خواستگار ہین سلامتی کی راہین

السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَ

دکھلادیتا ہی اور اُنکو تاریکی کفر سے اپنے حکم کے نور کی طرف نکال لاتا ہی اور اُنکو

يَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ

صراط مستقیم تک پہونچا دیتا ہی وہ لوگ یقیناً کافر ہوگئے جنھون نے

قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ط قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ

یہ کہا کہ اللہ وہی مسیح ابن مریم ہی تم یہ کہدو کہ خدا کو

مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ

روک کون سکتا ہی اگر وہ یہ ارادہ کرے کہ مسیح ابن مریم کو اور اُنکی

وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ط وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

والدہ کو اور زمین مین جو جو ہین سب کو ہلاک کردے حالانکہ آسمانون کا

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ط يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ط وَاللّٰهُ عَلٰى

اور زمین کا اور جو کچھ انکے مابین ہی اُسکا اختیار خدا ہی کو ہی جو چاہتا ہی وہ پیدا کرتا ہی اور اللہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ

ہر شی پر پوری قدرت رکھنے والا ہی اور یہود و نصارے نے یہ کہا کہ ہم

أَبْنَاءُ اللّٰهِ وَأَحِبَّاؤُهُ ۚ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوبِكُمْ

اللہ کے بیٹے اور اسکے دوستدار ہین تم یہ کہدو کہ پھر وہ تمھارے گناہون کے سبب تمکو عذاب کیون دیتا ہی

بَلْ أَنْتُمْ بَشَرٌ مِمَّنْ خَلَقَ ۚ يَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ

بلکہ تم تو اسکی مخلوق مین سے انسان ہو جسے وہ چاہتا ہی بخش دیتا ہی اور جسے چاہتا ہی

مَنْ يَشَاءُ ۚ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا

عذاب دیتا ہی کل آسمانون کا اور زمین کا اور جو کچھ انکے مابین ہی اسکا اختیار

بَيْنَهُمَا ۖ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ○ يَا أَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ

خدا ہی کو ہی اور بازگشت اسیکی حضور مین ہوگی ای اہل کتاب بیشک

جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِنَ الرُّسُلِ

ہمارا رسول (جو ہمارے احکام) کھولکر تمھارے لئے بیان کرتا ہی تمھارے پاس ایسے وقت آیا جبکہ رسولونکی آمد رکی ہوئی تھی

أَنْ تَقُولُوا مَا جَاءَنَا مِنْ بَشِيرٍ وَلَا نَذِيرٍ ۖ فَقَدْ

کہ کہین تم یہ نہ کہدو کہ ہمارے پاس تو کوئی خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا آیا ہی نہین پس تمھارے پاس

جَاءَكُمْ بَشِيرٌ وَنَذِيرٌ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○

خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا یقیناً آچکا اور اللہ ہر شی پر پوری قدرت رکھنے والا ہی

وَإِذْ قَالَ مُوسٰى لِقَوْمِهِ يٰقَوْمِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ

اور جسوقت موسٰی نے اپنی قوم سے یہ کہا کہ ای میری قوم اللہ کی نعمت کو جو تمپر ہی

عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنْبِيَاءَ وَجَعَلَكُمْ مُلُوكًا وَ

یاد کرو کہ جب تم مین انبیا مقرر فرمائے اور تمکو بادشاہ بنایا اور تمکو

آتٰكُمْ مَا لَمْ يُؤْتِ أَحَدًا مِنَ الْعٰلَمِينَ ○ يٰقَوْمِ

وہ کچھ دیا جو تمام عالم مین سے کسی کو نہین دیا تھا ای میری قوم

ادْخُلُوا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ

تم اس زمین مقدس مین داخل ہو جاؤ جسکو اللہ نے تمھارے لئے لکھدیا ہی

وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ○ قَالُوْا

اور پیچھے کی طرف نہ پلٹو ورنہ خسارہ اٹھانیوالوں میں ہوجاؤ گے انھوں نے کہا کہ

يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا

ای موسیٰ اس میں تو ایک قوم بڑے زبردست لوگوں کی ہے اور جب تک وہ

حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ○

اُس میں سے نہ نکل جائیں ہم تو اُسمیں جائیں گے نہیں پھر اگر وہ اسمیں سے نکل جائینگے تو ہم اسمیں چلے جائینگے

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا

اُن لوگوں میں سے جو اللہ سے ڈرتے تھے دو شخصوں نے جنکو خدا نے نعمت عطا فرمائی تھی یہ کہا کہ اُن کے

ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ

دروازوں میں گھس پڑو کہ اگر تم اُسمیں گھس پڑوگے تو تم ہی

غٰلِبُوْنَ ۵ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○

غالب آجاؤ گے اور اگر تم مومن ہو تو اللہ ہی پر بھروسہ کرو

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا

اُنھوں نے کہا کہ ای موسیٰ جب تک وہ اُسمیں موجود ہیں ہم تو ہرگز ہرگز نہ جائیں گے

فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ○

اب تم اور تمھارا پروردگار جاؤ اور دونوں لڑو ہم تو یہیں بیٹھے ہیں

نصف

قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ

(موسیٰ نے) عرض کی کہ ای میرے پروردگار میں صرف اپنی ذات کا اختیار رکھتا ہوں اور اپنے بھائی کا بس تو

بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ○ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ

ہم میں اور ان نا فرمان لوگوں میں جدائی کردے (خدا نے) فرمایا کہ زمین اُن پر

عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِى الْاَرْضِ ط

چالیس برس کے لئے حرام کردی گئی (اب) وہ اسی زمین میں سرگرداں پھریں گے

فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ

پس نافرمان لوگونکے حال پر کچھ افسوس نکرو اور اُنکو آدم کے دونون

نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ

بیٹون کی واقعی خبر پڑھکر سنادو جب وقت کہ اُن دونون نے قربانی پیش کی تو اُن دونون میں سے

اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ

ایک کی تو قبول ہوگئی اور دوسرے کی قبول نہوئی تو اُسنے یہ کہا کہ مین تجھے ضرور قتل کرڈالونگا

قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ لَىِٕنْ بَسَطْتَّ

اُسنے کہا کہ اللہ تو پرہیزگارون کی (نذر) قبول کرتا ہے اگر تو اپنے ہاتھ میری طرف اسی نیت سے

اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ

بڑھائیگا کہ مجھے قتل کردے تو مین اپنا ہاتھ تیری طرف اس نیت سے بڑھانیوالا نہین ہون کہ

اِنِّىْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِنِّىْٓ اُرِيْدُ اَنْ

تجھے قتل کرون کیونکہ مین تو کل عالمونکے پروردگار خدا سے ڈرتا ہون مین تو یہ چاہتا ہون کہ

تَبُوْۗاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ

تو میرا اور اپنا (دونون کا) گناہ سمیٹ لیجائے اور جہنمی ہوجائے

وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ

کہ ظالمون کا بدلہ یہی ہے پھر اُسکے نفس نے اُسے اُسکے

قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ فَبَعَثَ اللّٰهُ

بھائی کے قتل پر آمادہ کیا اور اُسنے اُسے قتل کردیا پھر وہ نقصان اُٹھانیوالون مین ہوگیا پھر اللہ نے ایک

غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ

کوا بھیجا کہ وہ زمین کریدتا تھا تاکہ اُسے دکھادے کہ وہ اپنے بھائی کی حالت بد

سَوْءَةَ اَخِيْهِ ۭ قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ

(لاش) کو کیونکر چھپائے تو وہ کہنے لگا ہائے خرابی میری کیا مین اس سے (بھی) عاجز ہون کہ

ع ٨

وقف لازم

مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَأُوَارِيَ سَوْأَةَ أَخِي ۚ فَأَصْبَحَ
اس کوے کی مانند ہو جاؤن اور اپنے بھائی کی حالت بد (لاش) کو چھپا دون غرضکہ وہ

مِنَ النّٰدِمِينَ ۞ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ ۚ كَتَبْنَا عَلٰى
نادم ہوا اسی سبب سے ہمنے بنی اسرائیل پر

بَنِي إِسْرَآءِيلَ أَنَّهُ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ
لازم کردیا کہ جو شخص کسی نفس کو بغیر دوسرے نفس کے قصاص کے یا

فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعًا ۖ وَمَنْ
بغیر زمین مین فساد کے قتل کر ڈالے پس ایسا ہے گویا اُسنے کل آدمیون کو قتل کر ڈالا اور جنے

أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا ۚ وَلَقَدْ
ایک نفس کو زندہ کردیا تو گویا اُسنے کل آدمیون کو زندہ کیا اور یقینا

جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرًا مِنْهُمْ
ہمارے رسول اُنکے پاس کُھلی دلیلین لیکر آئے پھر اُسکے بعد اُنمین سے بہت سے

بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْأَرْضِ لَمُسْرِفُونَ ۞ إِنَّمَا جَزٰٓؤُا
زمین مین زیادتیان کرنے لگے سوائے اسکے کیا جزا ہو

الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ
اُن لوگون کی جو اللہ اور اُسکے رسول سے لڑتے ہین اور زمین مین فساد پھیلاتے ہین

فَسَادًا أَنْ يُقَتَّلُوا أَوْ يُصَلَّبُوا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ
کہ وہ قتل کردیے جائین یا سولی دیدیے جائین یا اُنکے ہاتھ اور پاؤن

وَأَرْجُلُهُمْ مِنْ خِلَافٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ط
ایک دوسرے کے مخالف کاٹ دیے جائین یا وہ اپنے ملک سے جلاوطن کردیے جائین

ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ
یہ تو اُنکی دنیا کی رسوائی ہے اور آخرت مین اُنکے لیے

معٓ عند المتأخرین ١٢

عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن قَبْلِ أَن

بہت بڑا عذاب ہے سوائے اُنکے جو توبہ کریں قبل اسکے کہ

تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ ۖ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

تم اُنپر قابو پاؤ پس تم یہ جان لو کہ اللہ بہت بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے

ع ٨ ٥

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ

اے ایمان لانے والو اللہ سے ڈرو اور اُسکے حضور میں مقربہ

الْوَسِيلَةَ وَجَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

وسیلہ بہم پہنچالو اور اُسکی راہ میں مجاہدہ کرو تاکہ تم فلاح پالو

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الْأَرْضِ

بیشک جو کافر ہوچکے ہیں اگر زمین میں جو کچھ ہے وہ سب اُنکا ہی ہو

جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ

اور اُتنا ہی اور اُسکے ساتھ ہو اور عذاب روز قیامت سے بچنے کے لئے وہ اس سب کا

الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

فدیہ دینا چاہیں تو یہ اُنکا قبول نہ کیا جائیگا اور اُنکے لئے دردناک عذاب ہوگا

يُرِيدُونَ أَن يَخْرُجُوا مِنَ النَّارِ وَمَا هُم بِخَارِجِينَ

وہ ارادہ کرینگے کہ آگ سے نکل جائیں حالانکہ وہ اُس سے نکل نہ سکیں گے

مِنْهَا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ ۝ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ

اور اُنکا عذاب پائدار ہوگا چور مرد اور عورت

فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللَّهِ ۗ

دونوں کے ہاتھ کاٹو یہ اُنکے کئے کی خدا کی طرف سے بطور عقوبت سزا ہے

وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ فَمَن تَابَ مِن بَعْدِ ظُلْمِهِ

اور اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے پھر جو شخص اپنی زیادتی کے بعد توبہ کرلے

وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اور اصلاح کرے تو بیشک اللہ اُسکی توبہ قبول کرلےگا یقینًا اللہ بڑا بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

(اور) مہربان ہی کیا تم نہین جانتے کہ آسمانون کا اور زمین کا اختیار

وَالْاَرْضِ ۭ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

خدا کو ہی جسے وہ چاہتا ہی عذاب دیتا ہی اور جسے چاہتا ہی بخشدیتا ہی

وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ

اور اللہ ہر شی پر قدرت رکھنے والا ہی ای رسول یہ بات تمکو رنج مین نہ ڈالے

الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا

کہ لوگ کفر کے اظہار مین مبادرت کرتے ہین بعض تو اُن مین سے ایسے ہین کہ وہ

بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ

منہ سے کہتے ہین کہ ہم ایمان لائے ہین اور اُنکے دل ایمان نہین لائے اور بعض یہودیون مین

هَادُوْا ۚ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ

سے جھوٹ کے بڑے سُننے والے ہین سننے والے بھی دو سرونکے واسطے

لَمْ يَاْتُوْكَ ۭ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ

جو تمھارے پاس تک نہین آتے (جو) لفظون کو اُنکے موقعون سے بدلدیتے ہین

يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ

اور کہدیتے ہین کہ اگر تمسے یہ کہا جائے تو ماننا اور اگر یہ نہ کہا جائے تو

فَاحْذَرُوْا ۭ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ

بچنا ہان جسکی آزمائش خدا چاہے تو تم ہرگز خدا کے یہان اُسکے بارے مین

مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔـا ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ

قابو نہ پاؤگے یہی وہ لوگ ہین جنکے دلون کو اللہ نے

بنو نضیر اور بنو قریظہ کا قصہ ہے جسے ہم ضمیمہ مین انشاء اللہ درج کرین گے

يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ ۚ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۖ وَلَهُمْ فِي

پاک کرنا نہیں چاہا دنیا میں اُنکے لئے رسوائی ہے اور آخرت میں

الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ○ سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ

اُنکے لئے بہت بڑا عذاب ہے جھوٹ کے بڑے سننے والے

أَكَّالُونَ لِلسُّحْتِ ۚ فَإِنْ جَاءُوكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ أَوْ

حرام کے بڑے کھانے والے اگر تمھارے پاس آئیں تو اُنکے مابین فیصلہ کردو یا

أَعْرِضْ عَنْهُمْ ۖ وَإِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَضُرُّوكَ

اُنسے مُنھ پھیرلو اور اگر تم اُنسے روگردانی کروگے تو وہ ہرگز تمھارا کچھ

شَيْئًا ۖ وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۚ

نہ بگاڑینگے اور اگر فیصلہ کرو تو اُنکے مابین انصاف سے فیصلہ کرو

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ○ وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَ

بیشک اللہ منصفوں کو دوست رکھتا ہے اور یہ تمکو حکم بناتے کیونکر حالانکہ

عِنْدَهُمُ التَّوْرَاةُ فِيهَا حُكْمُ اللَّهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ

اُنکے پاس توریت ہے جس میں حکم خدا موجود ہے پھر اُس سے یہ روگردان

بَعْدِ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا أُولَٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ ○ إِنَّا أَنْزَلْنَا

ہوتے ہیں اور حقیقت میں یہ مومن ہی نہیں ہیں بیشک ہمنے

ع ٩ / ١٠

التَّوْرَاةَ فِيهَا هُدًى وَنُورٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ

توریت نازل کی جسمیں ہدایت ہے اور نور ہے وہ نبی جو مطیع خدا تھے یہودیوں کے فیصلے

الَّذِينَ أَسْلَمُوا لِلَّذِينَ هَادُوا وَالرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ

اُسکے مطابق کرتے رہے اور اسی طرح اللہ والے لوگ اور علماء

بِمَا اسْتُحْفِظُوا مِنْ كِتَابِ اللَّهِ وَكَانُوا عَلَيْهِ

جنکو اللہ کی کتاب کی حفاظت سپرد کی گئی تھی اور وہ اُسکے

علیہ السلام سے منقول ہے کہ ربانیوں سے ائمہ مراد ہیں نہ کہ انبیاء جو لوگوں کو اپنے علم کے ذریعہ سے تربیت کرتے تھے اور احبار سے مراد ہیں وہ علماء جو ربانیین کے علاوہ

شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا
گواہ تھے پس تم لوگوں سے نہ ڈرو مجھ سے ڈرو اور میری آیتوں کو

بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
(تھوڑی) تھوڑی قیمت پر مت بیچو اور جو لوگ اُسکے مطابق حکم نکریں جو کچھ ہم نے نازل کیا ہی

فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ
وہی کافر ہیں اور ہمنے اُنپر واجب کردیا تھا کہ

النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ
جان کے بدلے جان کا اور آنکھ کے بدلے آنکھ کا اور ناک کے بدلے ناک کا

وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ۭ
اور کان کے بدلے کان کا اور دانت کے بدلے دانت کا اور اسی طرح زخموں کا معاوضہ ہو

فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ
پھر جو معاف کردے تو وہ اُسکے گناہوں کا کفارہ ہوجائیگا اور جو لوگ اُسکے مطابق حکم نہ کریں جو کچھ

اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓي
اللہ نے نازل کیا ہی پس وہی لوگ ظالم ہیں اور اُنھیں انبیاء کے

اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ
قدم بقدم ہمنے عیسیٰ ابن مریم کو چلایا جو اپنے سے پہلے کی توریت کی تصدیق

التَّوْرٰىةِ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا
کرتے تھے اور اُنکو ہمنے انجیل عنایت کی جسمیں ہدایت (بھی) ہی اور نور (بھی) اور وہ

لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً
اپنے سے پہلے کی توریت کی تصدیق کرنے والی ہی اور پرہیزگاروں کے لئے ہدایت اور

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ۭ
نصیحت ہی اور لازم ہی کہ اہل انجیل اُسی کے مطابق حکم کریں جو کچھ اللہ نے انجیل میں نازل کیا ہی

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ○

اور جو اللہ کے نازل کئے ہوے کے بموجب فیصلہ نہ کرین وہی نافرمان ہین

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

اور (اے رسول) ہمنے تم پر برحق کتاب نازل کی جو اپنے سے پہلی کتابون کی تصدیق کرنیوالی

يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ

ہے اور اُنکی محافظ بھی ہے پس جو کچھ اللہ نے نازل

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ

کیا ہے اُسکے بموجب اُنکے مابین فیصلہ کرو اور جو حق تمپر آچکا ہے اُس سے انحراف کرکے اُنکی خواہشوں کی پیروی نہ کرو

لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ۚ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

تم مین سے ہر ایک کے لئے ہمنے ایک شریعت اور ایک واضح طریقہ مقرر کردیا اور اگر اللہ چاہتا تو

لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ

تمکو ایک ہی اُمت بنا دیتا لیکن اُسنے جو کچھ تمکو دیا ہے اسلئے دیا ہے کہ تمھاری آزمائش کرے

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا

پس نیکی مین جلدی کرو تم سب کی بازگشت خدا ہی کی طرف ہے

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ○ وَاَنِ احْكُمْ

پھر وہ تمکو جتلادیگا جس جس امر مین تم ایک دوسرے سے اختلاف کیا کرتے تھے لازم ہے کہ تم اُنکے مابین

بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ

اُسی کے مطابق حکم کرو جیسا کہ اللہ نے نازل کیا ہے اور اُنکی خواہشون کی پیروی نہ کرو اور اُنسے اس بات سے

اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ۭ فَاِنْ

ڈرتے رہو کہ جو کچھ اللہ نے تمپر نازل کیا ہے اُسکے کسی جزو سے وہ تمکو بہکا نہ دین پھر اگر

تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ

وہ روگردان ہون تو سمجھ لو کہ اللہ یہی چاہتا ہے کہ اُنکو اُنکے کسی گناہ مین

ذُنُوبِهِمْ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ لَفَاسِقُونَ ۝ أَفَحُكْمَ

پھنسا دے اور آدمیون مین سے بہت سے ضرور نا فرمان ہین کیا وہ زمانہ جاہلیت کا

الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ

فیصلہ ڈھونڈھتے ہین اور یقین کرنے والون کے لئے اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا

يُوقِنُونَ ۝ ع يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ

کون ہے اے ایمان لانے والو یہود و نصاریٰ کو

وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ ۘ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ وَمَن

دوست نہ بناؤ ان مین سے ایک دوسرے کے دوست ہین اور جو تم مین سے

يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

انکو دوست بنائیگا تو وہ انھین مین سے ہوجائیگا بیشک اللہ ظالمون کی راہنمائی

الظَّالِمِينَ ۝ فَتَرَى الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

نہین فرماتا پھر ان لوگون کو جن کے دلون مین روگ ہے

يُسَارِعُونَ فِيهِمْ يَقُولُونَ نَخْشَىٰ أَن تُصِيبَنَا دَائِرَةٌ

تم دیکھو گے کہ انکی دوستی مین بہت جلدی کرتے ہین (اور) کہتے ہین کہ ہم ڈرتے ہین کہ ہم کسی مصیبت کے پھیر مین آجائین

فَعَسَى اللَّهُ أَن يَأْتِيَ بِالْفَتْحِ أَوْ أَمْرٍ مِّنْ عِندِهِ فَيُصْبِحُوا

پس قریب ہے کہ خدا فتح یا کوئی اور امر اپنی طرف سے ظاہر کرے اور یہ منافق اس پر

عَلَىٰ مَا أَسَرُّوا فِي أَنفُسِهِمْ نَادِمِينَ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ

جو کچھ اپنے دلون مین چھپائے ہوئے ہین نادم ہون اور اس وقت ایمان لانیوالے

آمَنُوا أَهَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ

کہین گے کہ کیا یہ وہی ہین جو سخت سخت قسمین کھاتے تھے کہ ہم ضرور تمہارے ساتھی ہین

إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ۚ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُوا خَاسِرِينَ ۝

انکے اعمال بیکار ہوگئے اور وہ نقصان اٹھانیوالون مین ہوگئے

ع ۷ — وقف لازم — وقف غفران

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مَن يَرۡتَدَّ مِنكُمۡ عَن دِينِهِۦ

اے ایمان لانے والو جو تم مین سے اپنے دین سے پھر جائیگا (تو خدا کا کچھ نقصان نہین)

فَسَوۡفَ يَأۡتِي ٱللَّهُ بِقَوۡمٍ يُحِبُّهُمۡ وَيُحِبُّونَهُۥٓ أَذِلَّةٍ عَلَى

خدا عنقریب ایسے لوگونکو لائیگا جنکو وہ دوست رکھتا ہے اور اسکو وہ دوست رکھتے ہین مومنون کے لئے

ٱلۡمُؤۡمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى ٱلۡكَٰفِرِينَ يُجَٰهِدُونَ فِي

وہ رحمدل ہین (اور) کافرون کے لئے سخت راہ خدا مین جہاد

سَبِيلِ ٱللَّهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوۡمَةَ لَآئِمٍۚ ذَٰلِكَ فَضۡلُ ٱللَّهِ

کرتے ہین اور کسی ملامت کرنیوالے کی ملامت سے نہین ڈرتے یہ فضل خدا ہے

يُؤۡتِيهِ مَن يَشَآءُۚ وَٱللَّهُ وَٰسِعٌ عَلِيمٌ ۝ إِنَّمَا

جسکو چاہے عطا فرمائے اور خدائے تعالیٰ صاحب وسعت و علم ہے سوائے اسکے نہین ہے

وَلِيُّكُمُ ٱللَّهُ وَرَسُولُهُۥ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱلَّذِينَ

کہ حاکم تمہارا اللہ ہے اور اسکا رسول اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہین

يُقِيمُونَ ٱلصَّلَوٰةَ وَيُؤۡتُونَ ٱلزَّكَوٰةَ وَهُمۡ رَٰكِعُونَ ۝

نماز پڑھتے ہین اور حالت رکوع مین زکوٰۃ دیتے ہین

وَمَن يَتَوَلَّ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ فَإِنَّ

اور جو اللہ کو اور اسکے رسول کو دوست رکھیگا (وہ گروہ خدا مین داخل ہے) اور گروہ خدا

حِزۡبَ ٱللَّهِ هُمُ ٱلۡغَٰلِبُونَ ۝ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

ہمیشہ غالب رہین گے اے ایمان لانے والو

ع ٦ ١٢

لَا تَتَّخِذُواْ ٱلَّذِينَ ٱتَّخَذُواْ دِينَكُمۡ هُزُوٗا وَلَعِبٗا مِّنَ

جن لوگون نے تمہارے دین کو ہنسی ٹھٹھا اور کھلونا بنایا ہوا ہے

ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ مِن قَبۡلِكُمۡ وَٱلۡكُفَّارَ أَوۡلِيَآءَۚ

جو ان مین سے ہین جنکو تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی انکو اور کفار کو اپنا دوست نہ بناؤ

وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى

اور اگر تم مومن ہو تو اللہ سے ڈرتے رہو اور جسوقت تم نماز کے لئے بلاتے ہو

الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

اُسکی بھی وہ ہنسی مذاق اُڑاتے ہین یہ اسوجہ سے ہے کہ وہ

لَّا يَعْقِلُوْنَ ○ قُلْ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ

بیوقوف لوگ ہین تم کہدو کہ اے اہل کتاب کیا تم اس سبب سے ہم سے نفرت کرتے ہو

اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ

کہ اللہ پر ایمان لائے ہین اور اُسپر جو کچھ ہمپر نازل کیا گیا اور اُسپر جو کچھ ہمسے پہلے

قَبْلُ لا وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ○ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ

نازل کیا گیا حالانکہ تم مین سے اکثر بدکار ہین تم کہدو کیا مین تمکو اُسسے واقف کردون

مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ط مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَ

جنکی جزا خدا کی طرف سے اُنکو اُس سے بدتر ملی جنپر خدا نے لعنت کی اور

غَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ

غضب نازل کیا اور اُن مین سے بعض کو بندر بنادیا اور بعض کو سوّر

وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ط اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ

اور وہ طاغوت کو پوجنے لگے انکا ٹھکانا بہت ہی بُرا ہے اور وہ راہ راست

عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ○ وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ

سے بہت ہی بھٹکے ہوئے ہین اور جبوقت وہ تمھارے پاس آتے ہین تو وہ کہتے ہین کہ ہم تو ایمان لائے

دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ط وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

حالانکہ وہ کفر کے ساتھ آتے ہین اور کفرہی کے ساتھ نکل جاتے ہین اور جو کچھ وہ چھپاتے ہین اللہ

كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ○ وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ

اُس سے خوب واقف ہے اور تم اُن مین سے بہتسون کو اس حال پر پاؤ گے کہ

فِی الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ

گناہ ۔ زیادتی اور حرام خوری پر دوڑ پڑتے ہین بیشک بہت ہی برا ہی

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ

جو کچھ وہ کرتے ہین کیون نہین منع کرتے اللہ والے لوگ

وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ

اور علماء انکو جھوٹی بات کہنے سے اور حرام خوری سے

لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ

یقینا بہت بدی ہی جو کچھ وہ کرتے ہین اور یہودیون نے یہ کہا کہ اللہ کا ہاتھ

مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ

بندھا ہوا ہی انھین کے ہاتھ بندھے ہین اور انپر انکے اس قول کے سبب سے لعنت بھی ہو بلکہ

يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ

اسکے تو دونون ہاتھ کھلے ہوے ہین جسطرح چاہتا ہو عطا کرتا ہی اور جو کچھ تمھارے

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ

رب کے پاس سے تمھاری طرف نازل کیا گیا ہو یہ انین سے بہت سونکی سرکشی اور کفر کو ضرور

كُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى

بڑھادیگا اور ہمنے انکے مابین قیامت تک کے لئے بغض و عداوت

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ

ڈالدی جب لڑائی کی آگ بھڑکائینگے اللہ اسکو بجھا دیگا

وَيَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

اور یہ زمین مین فساد پھیلانے کی کوشش کرتے ہین حالانکہ اللہ فساد کرنیوالونکو

الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا

دوست نہین رکھتا اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے

وقف لازم

وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ

اور متقی ہو جاتے تو ہم انکی بدیون سے درگذر فرماتے اور انکو نعمت والی

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ

جنتون مین داخل کرتے اور اگر وہ توریت کو اور

وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا

انجیل کو اور جو کچھ انکے رب کی جانب سے انکے پاس نازل ہو چکا اسکو قائم رکھتے تو وہ

مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ۭ مِنْهُمْ اُمَّةٌ

آسمان کا بھی رزق کھاتے اور زمین کا بھی انمین سے ایک گروہ تو

مُّقْتَصِدَةٌ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَاۗءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ع

میانہ رو ہی اور انمین سے بہت سے بہت ہی بدعمل ہین

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَ

ای رسول جو کچھ تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے (علی کے بارے مین) نازل کیا گیا ہے اُسے پہنچا دو

اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسٰلَتَهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ

اور اگر ایسا نہ کیا تو گویا تمنے اپنی رسالت ہی نہ پہنچائی اور اللہ آدمیون کے شر سے

مِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

تمکو محفوظ رکھیگا بیشک اللہ منکر لوگون کی رہبری نہین فرماتا

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰي شَيْءٍ حَتّٰي تُقِيْمُوا

تم کہدو کہ ای اہل کتاب جبتک کہ تم توریت کو اور انجیل کو اور جو کچھ تمھارے رب

التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ

کی طرف سے تمپر نازل کیا گیا اسکو قائم نہ رکھو تم کسی دین پر نہین ہو (اور رسول)

رَّبِّكُمْ ۭ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

جو کچھ تمھارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا وہ ان لوگون مین سے بہت سون کی

وحسبوا الا کافی میں جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کی تفسیر یوں منقول ہے کہ جس وقت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ اُن لوگوں میں موجود تھے تو اُن لوگوں کو یہ گمان تھا کہ اُن کی کوئی آزمائش نہ ہوگی جب آنحضرتؐ کا انتقال ہو گیا تو وہ اندھے اور بہرے ہو گئے۔ پھر جب جناب امیر المومنین علیہ السلام خلافت ظاہری پر فائز ہوئے تو خدا نے اُن لوگوں کی [illegible]

مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ
سرکشی اور کفر کو بڑھا دے گا پس کافر لوگوں کے حال پر کچھ

الْكٰفِرِيْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا
افسوس نہ کرو بیشک جو ایمان لائے ہیں (وہ) اور جو یہودی ہوگئے (وہ)

وَالصَّابِئُوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
اور لا مذہب اور نصرانی جو اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان

الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
لائیگا اور نیک عمل کریگا نہ اُنپر کوئی خوف طاری ہوگا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ
اور نہ وہ رنج اُٹھائیں گے یقینا ہم نے بنی اسرائیل سے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ۭ كُلَّمَا
عہد لیا اور اُن کی طرف بہت سے رسول بھیجے جب

جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا
اُنکے پاس کوئی رسول ایسا حکم لیکر آیا جسے اُنکا جی نہ چاہتا تھا تو اُنھوں نے کسی گروہ کی

كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ○ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا
تکذیب کی اور کسی گروہ کو قتل کیا اور گمان اُنھوں نے یہ کیا کہ اس سے

تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ
کوئی مصیبت نہ آئیگی پس وہ اندھے اور بہرے ہوگئے پھر اللہ نے اُنکی توبہ

عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ
قبول کرلی پھر اُن میں سے بہت سے اندھے اور بہرے ہوگئے

وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ○ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ
اور جو کچھ وہ کرتے تھے اللہ اُسے دیکھتا تھا بیشک وہ لوگ کافر ہوگئے جنھوں نے

قَالُوٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ

یہ کہا کہ اللہ وہی مسیح ابن مریم ہے حالانکہ مسیح

الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ

نے یہ کہا کہ اے بنی اسرائیل اللہ کی عبادت کرو جو میرا بھی پروردگار ہے اور

رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

تمہارا بھی پروردگار ہے بیشک جو اللہ کیساتھ کسی کو شریک کریگا اُسپر اللہ نے جنت کو حرام

الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ

کردیا ہے اور اُسکا ٹھکانا جہنم ہے اور ظالموں کا کوئی

اَنْصَارٍ ۞ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ

مددگار نہوگا یقیناً وہ لوگ کافر ہوگئے جنھوں نے یہ کہدیا کہ اللہ تین میں کا

ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ

تیسرا ہے حالانکہ سوائے معبود یکتا کے کوئی معبود نہیں ہے اور جو کچھ

لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ

وہ کہتے ہیں اگر اس سے باز نہ رہیں گے تو جو اُن میں سے کفر پر (قائم)

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۞ اَفَلَا

رہیں گے اُنکو دردناک عذاب ضرور پہنچیگا کیا وہ

يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَاللّٰهُ

خدا کے حضور میں رجوع نہیں کرتے اور اُس سے مغفرت نہیں مانگتے حالانکہ اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۞ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ

بڑا بخشنے (اور) رحم کرنیوالا ہے مسیح ابن مریم (اور) کچھ نہیں (ہیں)

اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ

مگر ایک رسول جس سے پہلے بہت سے رسول گزر گئے

وقف لازم

ربع

وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ

اور انکی والدہ صدیقہ ہیں دونوں کھانا کھایا کرتے تھے

اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى

غور کرو کہ ہم انکے لئے نشانیاں کیسی کھولکر بیان کرتے ہیں پھر غور کرو کہ کدھر

يُؤْفَكُوْنَ ۝ قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

بہکے چلے جاتے ہیں - کہدو کیا تم خدا کو چھوڑکر ان چیزوں کی عبادت کرتے ہو

مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ؕ وَاللّٰهُ هُوَ

جو تمہارے ضرر و نفع پر قادر نہیں ہیں حالانکہ اللہ

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا

سننے والا (اور) جاننے والا ہے کہدو اے اہل کتاب تم

فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ

حق کو چھوڑکر اپنے دین میں تجاوز نکرو اور ان لوگوں کی خواہشوں کی پیروی نکرو

قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا

جو پہلے گمراہ ہوچکے اور بہت سوں کو گمراہ کیا اور راہ

عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ۝ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

راست سے دور جا پڑے بنی اسرائیل میں سے جو کافر ہوگئے

مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى

ان پر داؤد اور عیسٰی ابن مریم کی زبانی

ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

لعنت کی گئی یہ اس لئے کہ انھوں نے نافرمانی کی اور وہ زیادتی

يَعْتَدُوْنَ ۝ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ

کیا کرتے تھے جو بری وہ کرتے تھے اس سے

مُنكَرٍ فَعَلُوهُ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ○ تَرَىٰ

وہ باز نہ آتے تھے ضرور جو کچھ وہ کرتے تھے وہ بہت ہی برا تھا اُن میں سے

كَثِيرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ لَبِئْسَ

بہت سے لوگوں کو تم کافروں کا یار بنتے دیکھو گے جو باتیں

مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنفُسُهُمْ أَن سَخِطَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ

اُنکے نفسوں نے اُنکے سامنے پیش کی ہیں وہ ضرور بُری ہیں کہ خدا اُن سے ناراض ہوا

وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُونَ ○ وَلَوْ كَانُوا

اور عذاب میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے اور اگر وہ

يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ

اللہ پر اور نبی پر اور جو کچھ اُن پر نازل کیا گیا ہے اُسپر ایمان لائے ہوتے

مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَٰكِنَّ كَثِيرًا مِّنْهُمْ

تو اُنکو یار نہ بناتے ولیکن اُنہیں سے بہت سے

فَاسِقُونَ ○ لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً

بدکار ہیں مومنوں کا سب سے زیادہ دشمن

لِّلَّذِينَ آمَنُوا الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا

تم یہود اور مشرکوں کو پاؤ گے

وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُم مَّوَدَّةً لِّلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ

اور اُن میں سے مومنوں کا زیادہ دوست اُن لوگوں کو پاؤ گے جو

قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ

یہ کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ اُنہیں سے بعض علماء ہیں

وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ○

اور بعض درویش ہیں اور یہ کہ وہ تکبر نہیں کرتے

الجزء السابع

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى

اور جس وقت وہ اُسے سنتے ہیں جو کچھ رسول کی طرف نازل کیا گیا ہے تم دیکھتے ہو کہ

اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ

اُنکی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں اسلئے کہ اُنہوں نے حق کو پہچان لیا ہے

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ وَمَا

اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے پس تو ہمکو بھی گواہی دینے والوں میں لکھ لے اور ہمیں کیا

لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ

ہو گیا ہے کہ ہم اللہ پر اور اُس حق پر جو ہمارے پاس آچکا ہے ایمان نہ لائیں حالانکہ ہم یہ خواہش رکھتے ہیں

اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ۝ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ

کہ ہمارا پروردگار ہمکو نیک لوگوں میں داخل کرلے پس اللہ نے انکے اس قول کے

بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

صلے میں ایسی جنتیں دیدیں جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے

فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ

اور نیکوں کا عوض یہی ہے اور جو لوگ

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ ع

کافر ہو گئے اور جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا جہنمی وہی ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ

اے ایمان لانے والو جو کچھ اللہ نے تمہارے لئے حلال کیا ہے اُنمیں سے پاک چیزوں کو

اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

حرام مت کرلو اور زیادتی نہ کرو بیشک اللہ زیادتی کرنیوالوں کو

الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا

دوست نہیں رکھتا اور جو کچھ اللہ نے تمکو دیا ہے اُسمیں سے حلال (اور)

طَيِّبًا وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝

پاک چیزیں کھاؤ اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جسپر تم ایمان رکھتے ہو

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ

خدا تعالیٰ تمھاری مہمل قسموں پر کوئی مواخذہ نکریگا لیکن اُن قسموں پر مواخذہ کریگا

بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ

جو تمنے (قصدًا) کھائی ہوں پس ایسی قسم کا کفارہ دس مسکین کا کھانا کھلانا ہے

مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ

ہے متوسط قسم کے کھانے میں سے جو تم اپنے متعلقین کو کھلاتے ہو یا

كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

دس آدمیوں کو کپڑے پہنادینا ہے یا ایک غلام آزاد کردینا اور جسے یہ میسر نہو تو تین دن کے متواتر روزے

ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ

رکھدینا یہ تمھاری قسموں کا کفارہ اُسوقت ہی جبکہ تم پکی قسم کرچکے ہو

وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ

اور اپنی قسموں کی حفاظت کرو اسطرح اللہ اپنے احکام کو کھولکر بیان کرتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ

تاکہ تم شکر گزار ہو اے ایمان لانیوالو شراب

وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ

اور جوا اور جھے ہوئے بت اور پاسے سوائے اسکے کیا ہیں کہ شیطان کے

الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّمَا يُرِيْدُ

کام میں سے ناپاک کام ہیں پس اُنسے اجتناب کرو تاکہ تم فلاح پاؤ شیطان تو

الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ

چاہتا یہی ہے کہ تمھارے مابین شراب اور جوئے کے سبب عداوت

فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ

اور بغض ڈالدے اور تمکو یاد خدا سے اور نماز سے

الصَّلٰوةِ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ○ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

روکے تو اب (بھی) باز آؤ گے اور اللہ کی

وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا

اور (اللہ کے) رسول کی اطاعت کرو اور ڈرتے رہو پھر اگر تم روگردان ہوگے تو سمجھ لوکہ

اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ○ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ

ہمارے رسول کے ذمہ تو صرف کھولکر پہنچا دیناہے جو لوگ ایمان لائے

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا

اور جو نیک عمل کرتے رہے انہوں نے جو کچھ کھایا پیا ہو اُسکے بارے مین اُنپر

مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا

کوئی گناہ نہین ہے جس حال مین کہ وہ ڈرتے رہے اور ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے پھر وہ ڈرتے

ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ○ ع

رہے اور ایمان لائے پھر وہ ڈرتے رہے اور نیکی کرتے رہے اور اللہ نیکی کرنیوالون کو دوست رکھتا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ

اے ایمان لانیوالو ضرور ہے کہ اللہ تعالے ایک ذراسی بات یعنی اُس شکار کے بارے مین

الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ

تمھاری آزمائش کریگا جس تک تمھارے ہاتھ اور نیزے پہنچین تاکہ اللہ یہ جان لے کہ

يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ

اُسکو بے دیکھے بھالے کون ڈرتا ہے پس جو اسکے بعد زیادتی کرے گا اُسی کے لئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا

دردناک عذاب ہے اے ایمان لانے والو جب تم احرام کی حالت

الصَّيْدَ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ ۚ وَمَنْ قَتَلَهُ مِنْكُمْ مُتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ

مین ہو تو شکار کو قتل نکرو اور جو تم مین سے جان بوجھکر شکار کو قتل کریگا تو اُسکا بدلہ

مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ

چوپایون مین سے ویسا ہی ہے جیسا کہ اُسنے قتل کیا جسکے بارے مین تم مین کے دو منصف حکم لگا دیئے

هَدْيًا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِينَ أَوْ

اور یہ قربانی کعبہ پہنچائی جائیگی یا کفارہ ہوگا مسکینون کا کھانا کھلانا یا

عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوقَ وَبَالَ أَمْرِهِ ۗ عَفَا اللّٰهُ

اُسی تعداد مین برابر روزے رکھنا تا کہ اپنے کئے کا مزہ چکھے جو پہلے ہو چکا اُس سے اللہ

عَمَّا سَلَفَ ۗ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيزٌ

نے درگزر کی اور جو پھر ایسا کریگا پس اُس سے اللہ بدلہ لے گا اور اللہ زبردست

ذُو انْتِقَامٍ ۝ أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ

(اور) بدلہ لینے والا ہے دریائی شکار کرنا اور اُس شکار کا کھانا تمھارے اور تمھارے قافلے

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ

کے فائدہ کے لئے حلال کیا گیا ہے اور جبتک تم احرام کی حالت مین ہو خشکی کا شکار

الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيٓ إِلَيْهِ

تم پر حرام کیا گیا ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو جسکی حضور مین تم اکٹھے

تُحْشَرُونَ ۝ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ

کئے جاؤگے اللہ نے حرمت والے مکان کعبہ کو لوگون کے قیام کا

قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَٰٓئِدَ

باعث کیا ہے اور اسی طرح حرمت والے مہینہ کو اور قربانی کو اور پٹے دار قربانیون کو

ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوٓا أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

یہ اس لئے کہ تم جان لو کہ آسمانون مین اور زمین مین جو کچھ ہے

ریوڑ مین چھوڑدیجاتی اور اگر ایک نر اور ایک مادہ ہوتے تو انمین سے مادہ کی نسبت کہا جاتا کہ یہ اپنے بھائی کیساتھ پیدا ہوئی ہی یہ وصیلہ ہے پس وہ نہ ذبح نہ کئے جاتے اور دونون کا گوشت

وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ○ اعْلَمُوا

اُسکو اللہ جانتا ہے اور اللہ ہر شے سے آگاہ ہے یہ (بھی) سمجھ لو

أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ○

کہ اللہ بڑا سخت عذاب دینے والا ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہی

مَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ

رسول کے ذمہ سوائے پہنچادینے کے اور کچھ نہین ہے اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ چھپاتے ہو

وَمَا تَكْتُمُونَ ○ قُلْ لَا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ

اُسے اللہ جانتا ہے کہدو کہ بُرا اور اچھا برابر نہین ہوسکتا گو تمہین بُرے کی

وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي

کثرت تعجب مین ڈالے پس اے عقل والو اللہ سے ڈرتے رہو

الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

تاکہ تم فلاح پاؤ اے ایمان لانے والو

ع ١٣ ٣

آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ

اُن چیزون کی نسبت سوال نہ کرو جو اگر تمھارے لئے کھولکر بیان کی جائین تو تمکو

وَإِنْ تَسْأَلُوا عَنْهَا حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ

بُری لگین اور اگر قرآن نازل ہوتے وقت تم اُنکی نسبت سوال کروگے تو وہ تمھارے لئے ظاہر کردی جائینگی

عَفَا اللَّهُ عَنْهَا وَاللَّهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ○ قَدْ سَأَلَهَا

اللہ نے اُنسے درگزر فرمائی ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بُردبار ہی تم سے پہلے لوگون نے بھی

قَوْمٌ مِنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ أَصْبَحُوا بِهَا كَافِرِينَ ○ مَا

ان باتون کو دریافت کیا تھا پھر اُسکے منکر ہوگئے اللہ

جَعَلَ اللَّهُ مِنْ بَحِيرَةٍ وَلَا سَائِبَةٍ وَلَا وَصِيلَةٍ

نے کنپھٹی اونٹنی۔ اونٹون کا سانڈ۔ بکری کا جڑوان بچہ اور بہت بوڑھا اونٹ (یہ چیزین)

آیت نازل کی کہ خدا نے انکو حرام قرار نہین دیا اور ایک روایت مین ہے کہ جب کوئی اونٹنی پانچ بچے تک دے چکتی تھی تو اگر پانچوان نر ہوتا تو اسکو مرد و عورت کھالیتے اور اگر مادہ

وَلَا حَامٍ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

نہیں مقرر کی تھیں بلکہ جو لوگ کافر ہو گئے وہ اللہ پر جھوٹا بہتان

الْكَذِبَ ؕ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ○ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

باندھتے ہیں حالانکہ اُنہیں سے بہت سے عقل نہیں رکھتے اور جس وقت اُنسے یہ کہا جاتا ہے

تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا

کہ رسول کے پاس آؤ اور اللہ نے جو کچھ نازل کیا ہے اسے دیکھو (تو) وہ کہدیتے ہیں کہ جسے

مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ

جس (طریقے) پر اپنے باپ دادا کو پایا وہی ہمارے لئے کافی ہے بھلا اگرچہ اُنکے باپ دادا بے علم

لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

و گمراہ تھے (تو بھی) (وہ کافی جانیں گے؟) اے ایمان لانے

اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا

والو تمکو اپنی جانوں کی حفاظت لازم ہے کہ جب تم ہدایت یافتہ ہو تو جو لوگ گمراہ ہیں وہ تمکو

اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا

ضرر نہ پہنچائینگے اللہ ہی کی طرف تم سب کی رجوع ہوگی پھر جو کچھ تم کیا کرتے تھے اُس

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ

وہ تمکو خبردار کردے گا اے ایمان لانے والو جب تم میں سے

بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ

کسی کی موت آجائے تو تمہارے آپس کی شہادت وصیت کے وقت

اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ

دو کی ہو جو تم میں سے عادل ہوں یا اگر تم سفر میں ہو اور تمپر موت کی مصیبت

ضَرَبْتُمْ فِى الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ تَحْبِسُوْنَهُمَا

آن پڑے تو وہ دو غیروں ہی میں سے ہوں اُنہیں نماز کے

مِنْ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ

بعد تک روک رکھو اگر تمہیں شک ہو تا کہ وہ اللہ کی قسم کھا کر کہیں کہ ہم اپنی شہادت کسی عوض

بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّآ

پر فروخت نہیں کرینگے گو (ہمارا) کوئی قرابت دار ہی کیوں نہو اور ہم بھی گواہی کو نہیں چھپائینگے کہ اس صورت

اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ○ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰۤى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّاۤ اِثْمًا

میں گنہگاروں میں سے ہو جائیں گے پھر اگر اس بات کا علم ہو جائے کہ وہ دونوں جھوٹی گواہی

فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ

کے سبب سزا کے مستحق ہو گئے تو دو اور گواہ انکے قائم مقام ان لوگوں میں سے ہوں جنکا حق مارا جاتا تھا جنکا

الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَاۤ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا

حق (شہادت بوجہ قرابت و معرفت) زیادہ تھا اور وہ خدا کی قسم کھا کر کہیں کہ ہماری گواہی انکی گواہی سے زیادہ

وَمَا اعْتَدَيْنَاۤ اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى

سچی (اور معتبر) ہے اور ہم نے کسی قسم کی زیادتی نہیں کی ایسا کیا ہو تو ہم بھی ضرور ظالموں سے ہیں یہی طریقہ اس بات

اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَاۤ اَوْ يَخَافُوْۤا اَنْ تُرَدَّ

کے لئے زیادہ موزوں ہے کہ وہ لوگ سچی (سچی) گواہی دیدیں یا اس سے ڈریں کہ انکی قسم دوسروں کی

اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۚ وَاللّٰهُ

قسم کے بعد رد کی جائے گی اور اللہ سے ڈرو اور اسکے حکام سنتے رہو اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ○ يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ ع ١٤

نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا جس دن اللہ رسولوں کو جمع کرکے

فَيَقُوْلُ مَاذَاۤ اُجِبْتُمْ ۚ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

دریافت فرمائیگا کہ تمکو کیا جواب دیا گیا تھا تو وہ عرض کرینگے کہ ہمکو علم نہیں ہے تو ہی سب پوشیدہ باتوں کا

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ○ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ

جاننے والا تو ہی ہے (اس وقت کو یاد کرو) جسوقت خدا تعالیٰ فرمائیگا کہ اے عیسیٰ ابن مریم (ذرا) میری

نِعْمَتِي عَلَيْكَ وَعَلَىٰ وَالِدَتِكَ إِذْ أَيَّدتُّكَ بِرُوحِ

ان نعمتوں کو تو یاد کرو جو تم پر اور تمہاری والدہ پر تھیں کہ میں نے روح القدس کے ذریعہ سے تمہاری

الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۖ وَإِذْ

تائید کی تم بچپن میں اور بڑھاپے میں لوگوں سے (یکساں) باتیں کرتے تھے اور یہ کہ

عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ ۖ

میں نے تمکو کتاب اور شریعت اور تورات اور انجیل کی تعلیم دی

وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي فَتَنفُخُ

اور یہ کہ جسوقت تم میرے حکم سے گندھی ہوئی مٹی میں سے پرندے کی سی صورت بناتے تھے پھر اسمیں پھونک

فِيهَا فَتَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِي ۖ وَتُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ

مارتے تھے تو وہ میرے حکم سے پرندہ بنجاتا تھا اور تم مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو میرے حکم سے اچھا

بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ كَفَفْتُ

کر دیتے تھے اور یہ کہ تم مردوں کو میرے حکم سے زندہ کرتے تھے اور یہ کہ میں نے بنی اسرائیل کو

بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنكَ إِذْ جِئْتَهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالَ

تمہاری ایذا دہی سے باز رکھا جسوقت تم انکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تو ان میں سے جو

الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ○

کافر ہو گئے تھے انہوں نے یہ کہدیا تھا کہ یہ کچھ نہیں ہے مگر کھلا جادو

وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي وَبِرَسُولِي

اور یہ کہ میں نے حواریوں کو وحی کی کہ تم مجھپر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ

قَالُوا آمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ ○ إِذْ قَالَ

انھوں نے عرض کی کہ ہم ایمان لائے اور تو اسکا گواہ رہ کہ ہم مطیع ہیں (اسوقت کو یاد کرو) کہ جب

الْحَوَارِيُّونَ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ

حواریوں نے کہا کہ اے عیسٰی ابن مریم کیا تیرے خدا سے یہ ہوسکتا ہے

کے سامنے رکھا گیا اور اول سے آخر تک سب نے کھایا۔ (دوسری طویل حدیث بروایت جناب عمار یاسر مائدہ کے بارے میں

اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ۚ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ

کہ ہم پر آسمان سے ایک خوان پُر از طعام نازل کردے (عیسیٰ نے) فرمایا کہ اگر تم مومن ہو تو

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَ

اللہ سے ڈرو انہوں نے عرض کی کہ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ اس میں سے کچھ کھائیں اور

تَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ

ہمارے دل مطمئن ہو جائیں اور ہم یہ جان لیں کہ آپ نے ہم سے سچ فرمایا اور اسکے گواہ

عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ○ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

(بھی) بن جائیں عیسیٰ ابن مریم نے عرض کی کہ

اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ

اے اللہ میرے پروردگار ہم پر ایک خوان پُر از طعام آسمان سے نازل فرما کہ وہ

لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا

ہمارے اول و آخر کے لئے عید قرار پائے اور تیری طرف سے ایک نشانی رہے اور ہمکو رزق عطا فرما

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○ قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا

اور تو سب سے بہتر رزق عطا فرمانے والا ہے خدا نے فرمایا کہ میں تمہارے اسے ضرور نازل کرنیوالا ہوں

عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا

پھر جو شخص بعد اسکے تم میں سے کفران نعمت کریگا تو اسکو عذاب بھی ایسا دونگا کہ

لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ○ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ

عالم میں سے کسی کو ویسا عذاب نہ دونگا اور (اسوقت کو یاد کرو) جسوقت خدا فرمائیگا

ربع ع ۱۵

يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَ

کہ اے عیسیٰ ابن مریم کیا تم نے لوگوں سے یہ کہدیا تھا کہ اللہ کے سوا

اُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ

مجھے اور میری ماں کو اور دو خدا بنا لو وہ عرض کرینگے تیری ذات (شرک سے) بری ہے مجھے کیا ہو گیا تھا

ے مائدہ تفسیر مجمع البیان میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے یہ فرمایا کہ تم تیس دن روزے

لِيْ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ
کہ میں ایسی بات کہتا جسکا مجھے کوئی حق نہیں تھا اگر میں نے ایسا کہا ہوتا تو تو ضرور اس سے

عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَاۤ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ
واقف ہوتا (اسلئے) کہ تو میرے دل کی بات کو جانتا ہے اور میں تیری پوشیدہ بات سے ناواقف ہوں

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ○ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ
بیشک تو سب سے زیادہ غیب کی بات کو جاننے والا ہے میں نے اُنسے کچھ بھی نہیں کہا سوائے اُسکے

اَمَرْتَنِيْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ
جسکا تو نے مجھے حکم دیا تھا کہ میرے پروردگار اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور جسوقت تک میں انکے

شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ
میں انکا گواہ رہا پھر جب تو نے میری مدت (قیام) پوری کردی تو تو خود

الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ○ اِنْ
اُنکا نگراں تھا اور تو ہر شے پر (پوری) اطلاع رکھنے والا ہے اگر

تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ
تو انکو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخشدے تو بیشک

اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ
تو زبردست حکمت والا ہے خدا تعالےٰ فرمائیگا یہ دن (تو وہ) ہے کہ سچوں کو انکا

الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا
سچ نفع پہنچائے گا اُنکے لئے باغات ہیں جنکے نیچے ندیاں بہتی

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ
ہیں ہمیشہ ہمیشہ وہ اُنہیں رہینگے اللہ اُنسے راضی ہوگا اور وہ اُس سے راضی ہونگے

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
یہی سب سے بڑی کامیابی ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ اُنمیں ہے اُسکا

[illegible]

وَمَا فِيهِنَّ ۚ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○

اختیار خدا ہی کو ہے اور وہ ہر شے پر (پوری) قدرت رکھنے والا ہے

سُورَةُ الْأَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَخَمْسٌ وَسِتُّونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہون)

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ

سب تعریف اُس اللہ کے لئے ہی جسنے آسمانون اور زمین کو پیدا کیا اور اندھیرونکو

الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ ۖ ثُمَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ○

اور چاندنی کو مقرر فرمایا پھر بھی اپنے پروردگار کا انکار کرنیوالے اور چیزونکو اسکی برابر ٹھہراتے ہین

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ثُمَّ قَضَىٰ أَجَلًا ۖ وَأَجَلٌ

وہ وہی تو ہے جسنے تمکو مٹی سے پیدا کیا پھر اُسنے ایک مدت مقرر کی اور

مُسَمًّى عِنْدَهُ ۖ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُونَ ○ وَهُوَ اللَّهُ فِي

مقرر کی ہوئی مدت اُسی کے علم مین ہے پھر (بھی) تم شک کرتے ہو اور وہی اللہ آسمانون مین

السَّمَاوَاتِ وَفِي الْأَرْضِ ۖ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَ

(بھی) ہے اور زمین مین (بھی) تمھارے پوشیدہ کو (بھی) جانتا ہی اور ظاہر کو (بھی) اور

يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُونَ ○ وَمَا تَأْتِيهِمْ مِنْ آيَةٍ مِنْ آيَاتِ

جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے آگاہ ہے اور خدا کی نشانیون مین سے کوئی نشانی (بھی) اُنپر نہین

رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ○ فَقَدْ كَذَّبُوا

آتی مگر اُس سے روگردانی (ضرور) کرتے ہین اور حق جسوقت اُنکے پاس

بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنْبَاءُ مَا كَانُوا

آیا اُسے ضرور اُنہون نے جھٹلایا پس جس چیز کی یہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے ذرا آگے چل کر

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ

انکو اسکی خبرین ملینگی کیا انھون نے یہ نہین دیکھا کہ ہمنے اُنسے پہلے زمانہ والون مین سے

قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا

کتنے گروہونکو ہلاک کرا انکو ہمنے زمین مین ایسا تمکن عطا کیا تھا کہ تمکو ویسا دیا بھی نہین ہے اور

السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِىْ

آسمان سے اُنپر موسلادھار مینہ برسایا کرتے تھے اور بیچ اُنکے ندیان جاری

مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ

کیا کرتے تھے پھر اُنکے گناہون کے سبب اُنکو ہلاک کردیا اور اُنکے بعد دوسرے

بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِىْ

زمانہ والے پیدا کردئے اور (اے رسول) اگر ہم تمپر کاغذ مین لکھی ہوئی کتاب

قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

(بھی) نازل کردیتے جسکو وہ اپنے ہاتھون سے چھو لیتے تب بھی جو کافر ہوگئے ہین وہ یہی کہتے کہ

اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ

یہ کچھ نہین ہے مگر کھلا جادو اور اُنھون نے کہا کہ اس (نبی) پر کوئی فرشتہ کیون نہین نازل

مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِىَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝

کیا گیا اور اگر ہم کوئی فرشتہ نازل کرتے تو ضرور معاملہ ہی طے کردیا جاتا پھر اُنکو کوئی مہلت دی جاتی

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ

اور اگر ہم رسول کو فرشتہ بناتے تو اُسکو مرد (ہی) بناتے اور ہم اُسکو بھی ضرور ایسا ہی لباس پہناتے

مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

جیسا کہ یہ لوگ پہنتے ہین اور یقیناً تم سے پہلے رسولون کی بھی ہنسی اُڑائی گئی

فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

پھر جس عذاب کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُن پیمبرون کی ہنسی اُڑانیوالون کو

ع ١٠

يَسْتَهْزِءُونَ ۝ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا كَيْفَ

آگھیرا — تم کہدو کہ تم زمین مین چلو پھرو اور پھر (غور سے) دیکھو کہ

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ قُلْ لِمَنْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

جھٹلانیوالون کا انجام کیا ہوا — کہدو کہ جو کچھ آسمانون مین اور زمین مین ہے

وَالْأَرْضِ قُلْ لِلّٰهِ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ

کسکا ہے — کہدو کہ وہ اللہ ہی کا ہے جسنے اپنی ذات پر رحمت واجب کرلی ہے وہ قیامت کے

إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ

دن جس مین کوئی شک نہین ہے تم سب کو ضرور اکٹھا جمع کریگا جن لوگون نے اپنی ذات کو نقصان پہنچایا ہے

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ

وہ ایمان نہ لائینگے — اور رات اور دن مین جو چیزین آرام لیتی ہین اسی کی ہین

وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ قُلْ أَغَيْرَ اللّٰهِ أَتَّخِذُ وَلِيًّا

اور وہ بڑا سننے والا اور جاننے والا ہے — کہدو کہ کیا مین خدا کے سوا جو آسمانون کا اور

فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ

زمین کا پیدا کرنے والا ہے کسی اور کو حامی بنالون حالانکہ وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور اسکو کچھ

قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ وَلَا

نہین کھلایا جاتا — تم کہدو کہ مجھکو حکم دیا گیا ہے کہ سب سے پہلے مین اسلام لانیوالا ہون اور تم

تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ

ہرگز مشرکین مین سے نہونا — کہدو کہ اگر مین اپنے پروردگار کی نافرمانی کرون تو مین

رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝ مَنْ يُصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ

بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہون — جس سے اسدن (عذاب) ٹلجائے اسپر رحمت خدا

فَقَدْ رَحِمَهُ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ۝ وَإِنْ

یقینی ہوئی اور یہی کھلی کامیابی ہے اور اگر

يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ

اللہ تمکو کوئی تکلیف پہنچائے تو اُسکے سوا کوئی اُسکا دفع کرنیوالا نہیں ہے اور اگر

يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ وَهُوَ الْقَاهِرُ

وہ تمکو کوئی خیر و خوبی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے اور وہ اپنے بندوں

فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ○ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ

پر غالب اور وہ صاحب حکمت و خبر ہے تم کہدو کہ گواہی دینے کے لئے

اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۚ وَاُوْحِيَ

سب سے بڑی چیز کون ہے تم کہدو کہ میرے اور تمہارے مابین اللہ گواہ ہے اور یہ قرآن مجھ پر

اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ

وحی کے میرے پاس اسلئے بھیجا گیا ہے کہ اسکے ذریعہ سے میں تمکو بھی ڈراؤں اور اُسکے بھی

لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ

جس تک یہ پہنچے کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ اور بھی معبود ہیں ؟

قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ○

تم کہدو کہ میں تو یہ گواہی دیتا نہیں تم کہدو کہ وہ معبود واحد ہے اور جن چیزوں کو تم اسکا شریک بناتے ہو میں ان سے بری ہوں

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ

جن لوگوں کو ہمنے کتاب دی وہ اسکو ایسا ہی پہچانتے ہیں جیسا

اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ ع

اپنے بیٹوں کو جن لوگوں نے اپنی ذات کو نقصان پہنچایا ہے وہ ایمان نہ لائینگے

رکوع ٢ ٨

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ

اور اُسے زیادہ ظالم کون ہوگا جنہوں نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا یا اُسکی نشانیوں کو

بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ○ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ

جھٹلایا بیشک ظالم فلاح نہ پائینگے اور اُس دن ہم اُن سب کو

جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ

جمع کرینگے پھر ہم شریک کرنیوالون سے کہین گے کہ تمھارے وہ شرکا جنکو تم

الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ○ ثُمَّ لَمْ تَكُن فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَن

خدا کا شریک گمان کیا کرتے تھے کہان ہین پھر اُنکا کوئی حیلہ نہوگا سواے اسکے کہ یہ کہین کہ

قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ○ انظُرْ كَيْفَ

ہملوا اپنے پروردگار اللہ کی قسم ہم مشرک نہ تھے غور توکرو کہ یہ اپنے ہی برخلاف

كَذَبُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ○

کیسا جھوٹ بولنے لگے اور جو افترا پردازیان کیا کرتے تھے وہ اُنسے کیسی گزری ہوگئین

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ وَجَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ

اور اُنمین سے بعض ایسے (بھی) ہین جو تمھاری طرف کان لگاے رہتے ہین حالانکہ ہمنے اُنکے دلون

أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۚ وَإِن

پر پردے ڈالدیئے ہین کہ وہ اُسے نہ سمجھین اور اُنکے کانون مین گرانی (قرار دیدی) ہے اور اگر وہ

يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوا بِهَا ۚ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوكَ

ہر ایک معجزہ دیکھ لین گے تب بھی اُسپر ایمان نہ لائین گے یہانتک کہ جب وہ تمھارے پاس آئینگے

يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا

تم سے جھگڑنے لگین گے اور جو کافر ہو چکے ہین وہ یہی کہین گے کہ یہ کچھ نہین ہین مگر

أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ○ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ

پہلون کی کہانیان وہ اُس سے لوگون کو (بھی) روکتے ہین اور خود (بھی) دور

عَنْهُ ۖ وَإِن يُهْلِكُونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ○

رہتے ہین حالانکہ وہ اپنی ہی جانون کو ہلاک کرتے ہین اور سمجھتے نہین

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ

اور اگر تم اُسوقت کو دیکھو گے جب وہ جہنم پر کھڑے کئے جائینگے تو یہ کہینگے کہ کاش ہم (پھر دنیا مین) لوٹا

وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○

اور ہم اپنے رب کی نشانیان نہ جھٹلاتے اور ہم ایمان لانے والون مین سے ہو جاتے

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا

بلکہ اب جو کچھ وہ پہلے چھپایا کرتے تھے وہ اُنپر ظاہر ہو گیا ہے اور اگر وہ واپس بھی کئے جاتے

لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ○ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا

تو جس چیز سے اُنکو باز رکھا گیا تھا وہ اُسی کو پھر کرتے اور وہ یقیناً جھوٹے ہین۔ اور وہ کہتے ہین کہ جو کچھ ہے

حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ○ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ

دنیا ہی کی زندگانی ہے اور ہم مبعوث نہ کئے جائین گے اے کاش کہ آپ اُنکو اُسوقت

وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى

دیکھتے جبکہ وہ اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے کئے جائینگے (اور) وہ دریافت کریگا کہ کیا یہ حق نہیں ہے تو وہ کہینگے ہان

وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○

ہمارے پروردگار کی قسم حق ہے پھر فرمائیگا کہ بوجہ اسکے کہ تم اسکا انکار کیا کرتے تھے اب عذاب چکھو

ع ۱۰

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمُ

یقیناً وہ ٹوٹے مین ہین جو خدا کی حضور مین جانے کو جھٹلاتے ہین یہانتک کہ جب قیامت

السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا

اُنکو یکایک آئیگی اُسوقت کہینگے افسوس ہمنے کیسی کمی کی

وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ

اور وہ اُسوقت اپنے (گناہون کا) وبال اپنی ہی پیٹھون پر اُٹھائے ہونگے خبردار ہو جاؤ کتنا برا ہے وہ جسے وہ

مَا يَزِرُوْنَ ○ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ

لادے ہوئے ہونگے اور یہ دنیا کی زندگانی سوائے کھیل کود کے کچھ (بھی) نہیں

وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○

اور جو لوگ پرہیزگار ہین آخرت کا گھر اُنکے لئے بہت ہی اچھا ہے کیا تم اتنا نہیں سمجھتے

ابن نوفل ابن عبد مناف داخل اسلام ہوجائے اسی لئے اُنکو دعوت دی اور بہت کوشش کی کہ وہ اسلام لائے مگر اُسپر شقاوت غالب ہوگئی اُسنے کوئی بات نہ مانی اور آنحضرت پر یہ امر

قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ فَإِنَّهُمْ

ہم جانتے ہین کہ جو کچھ وہ کہتے ہین اُس سے تمکو رنج پہنچتا ہے مگر وہ حقیقت مین تمکو

لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّٰلِمِينَ بِآيَٰتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ○

نہین جھٹلاتے بلکہ یہ ظالم اللہ کی نشانیون کا انکار کرتے ہین

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ فَصَبَرُوا عَلَىٰ مَا

اور تم سے پہلے بہت سے رسولون کی تکذیب کی گئی ہے پھر اُنہون نے اپنے جھٹلائے جانے پر

كُذِّبُوا وَأُوذُوا حَتَّىٰ أَتَىٰهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ

اور تکلیف دئے جانے پر صبر کیا جبتک کہ اُنکے پاس ہماری مدد نہ آئی اور اللہ کے کلمون کو

لِكَلِمَٰتِ اللَّهِ ۚ وَلَقَدْ جَاءَكَ مِن نَّبَإِي الْمُرْسَلِينَ ○

کوئی بدلنے والا نہین ہی اور تمہارے (پاس) (بھی) بہت سے پیغمبرون کی خبر آچکی ہے

وَإِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَن

اور اگر انکا روگردان ہونا تمکو ایسا ہی ناگوار ہے تو اگر تم سے ہوسکتا ہے تو زمین مین

تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْأَرْضِ أَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَاءِ فَتَأْتِيَهُم

کوئی سوراخ تلاش کرو یا آسمان پر کوئی سیڑھی (لگاکر چڑھ جاؤ) کہ اُنکو کوئی نشانی

بِآيَةٍ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَىٰ ۚ فَلَا تَكُونَنَّ

لادو اور اللہ چاہتا تو اُنکو ہدایت پر (جبرًا) آمادہ کرتا پس تم جاہلون مین سے

مِنَ الْجَٰهِلِينَ ○ إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ ۘ

ہرگز نہونا سواے اسکے نہین ہے کہ وہی لوگ قبول کرلیتے ہین جو (توجہ سے) سنتے ہین

وَالْمَوْتَىٰ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ○ وَقَالُوا

اور مُردون کو خداے تعالے مبعوث کریگا پھر وہ اُسکے حضور مین لوٹائے جاینگے اور اُنہون نے یہ کہا

لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۚ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ

کہ اُسکے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیون نہ نازل کی گئی تم کہدو کہ اللہ تو اس امر پر بیشک قادر ہے

نصف

وقف غفران

عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○

کہ کوئی نشانی نازل کرے ولیکن اُن میں سے اکثر سمجھتے نہیں

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ

اور کوئی زمین پر رینگنے والا اور کوئی پرندہ جو اپنے دونوں بازوؤں سے اُڑتا ہے

اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ

ایسا نہیں ہرگز یہ کہ وہ بھی اُمتیں ہی جیسے گروہ ہیں ہمنے کتاب میں کسی طرح کی کمی نہیں کی ہے پھر وہ

اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ

سب اپنے پروردگار کی حضور میں جمع کئے جاوینگے اور جو لوگ ہماری نشانیوں کو جھٹلاتے ہیں وہ بہرے

وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ وَمَنْ يَّشَاْ

اور گونگے اندھیروں میں ہیں اللہ جسے چاہیگا اُس سے توفیق ہدایت چھین لیگا اور جسے چاہیگا

يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ

سیدھے راستہ پر ڈالدیگا تم کہدو کہ آیا تمنے اپنے آپ کو اتنا سمجھ لیا کہ

اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ

اگر عذاب خدا تمکو آلے یا قیامت نیز آجائے تو اگر تم سچے ہو تو اللہ کے سوا کسی

تَدْعُوْنَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ

اور کو پکار لوگے؟ بلکہ اُسی کو تم پکاروگے

فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا

پھر اگر وہ چاہیگا تو جس بات کے لئے تم اُسے پکاروگے اُسے دور کردیگا اور جنکو تم شریک کیا کرتے ہو

تُشْرِكُوْنَ ○ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ

اُن سبکو بھول جاؤگے اور ہمنے تجھسے پہلی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے

ع ۱۱ / ۱۰

فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ○

پھر ہمنے اُنکو سخت نقصان اور مصیبت میں گرفتار کیا تاکہ وہ عاجزی وزاری کریں

فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ

بس جسوقت ہمارا عذاب اُنپر پہنچا تھا کیوں نہ اُنہوں نے گریہ کیا لیکن اُنکے دل سخت ہوگئے تھے

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ فَلَمَّا نَسُوْا

اور جو عمل وہ کیا کرتے تھے شیطان نے اُنہیں کو زینت دیدی تھی پھر جب اُس نصیحت کو بھول گئے

مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰٓى اِذَا

جو اُنکو کی گئی تھی تو ہم نے بھی اُنپر ہر چیز کے دروازے کھول دئیے یہانتک کہ جب

فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ○

وہ اُن چیزوں سے خوش ہوے جو اُنکو دی گئی تھیں تو ہمنے اُنکو یکایک گرفتار کیا کہ وہ مایوس ہوکر رہ گئے

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

پس ظالم لوگوں کی نسل قطع کردی گئی اور سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو تمام عالم

الْعٰلَمِيْنَ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَ

کا پالنے والا ہے کہدو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اگر خدا تمھاری سماعت اور

اَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ

بصارت لے لے اور تمہارے دلوں پر مہر کردے تو اللہ کے سوا کونسا معبود ہے جو تمکو یہ چیزیں

بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ○ قُلْ

دیدیگا غور تو کرو کہ ہم کس طرح نشانیاں الٹ پلٹ کر (دکھلا) تے ہیں پھر بھی وہ روگردان ہوجاتے ہیں

اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ

تم کہدو کیا تم اپنے آپ کو اتنا سمجھتے ہو کہ اگر خدا کا عذاب تمپر اچانک یا کھلم کھلا آجائے تو کیا سوائے ظالم لوگوں کے

يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ○ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ

کوئی اور بھی ہلاک کیا جائیگا اور ہم رسولوں کو نہیں بھیجتے ہیں

اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا

مگر خوشخبری دینے والے اور ڈرانیوالے (مقرر کرکے) پھر جو ایمان لائینگے اور نیکوکار ہونگے اُنپر

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

کسی قسم کا خوف (طاری) ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہونگے اور جنہون نے ہماری آیتون کو

بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ○ قُلْ

جھٹلایا تو بوجہ اسکے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھے عذاب انکو پہنچ جائیگا تم کہدو کہ

لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

مین تمسے یہ تو نہین کہتا کہ میرے پاس خدا کے خزانے ہین اور نہ یہ کہ مین غیب دان ہون

وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ

اور نہ یہ کہتا ہون کہ مین فرشتہ ہون مین تو صرف اُسکی پیروی کرتا ہون جو میری طرف وحی کیجاتی ہے

قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ○

تم کہدو کہ کیا اندھا اور آنکھون والا برابر ہے کیا تم اتنا بھی نہین سوچتے

ع ٥ / ١١

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ

اور جو لوگ خوف کرتے ہین انکو اس بات سے ڈراؤ کہ وہ اپنے رب کی حضور مین جمع کیے جاینگے

لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ

کہ وہان انکے لیے اُسکے سوا نہ کوئی حمایتی ہوگا اور نہ سفارشی تاکہ وہ ڈرین

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ

اور جو صبح و شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہین اور اُسکی رضا کے طالب ہین

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

اُنکو نہ نکالو نہ تمھارے ذمہ کچھ اُنکا محاسبہ ہے

وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ

اور نہ اُنکے ذمہ کچھ تمھارا محاسبہ کہ تم اُنکو نکالتے پھرو اور

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا

ظالمون مین سے ہوجاؤ اور اسی طرح ہمنے بعض کا امتحان بعض کے ذریعہ سے کیا ہے تاکہ وہ یہ کہین کہ

اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ

کیا یہ وہی لوگ ہم مین کے ہین جنپر اللہ نے احسان کیا ہے کیا اللہ شکر گزارون (تمھاری نسبت)

بِالشّٰكِرِيْنَ ○ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ

زیادہ باخبر نہین ہے اور (اے رسول) جسوقت تمھارے پاس وہ آئین جو ہماری آیتون پر ایمان رکھتے ہین تو تم

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ

اُنسے کہدو کہ تمپر سلامتی ہو تمھارے رب نے اپنی ذات پر رحمت واجب فرمائی ہے کہ تم مین سے جو شخص از روے

مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ

جہالت کوئی بدی کر گیا پھر اسکے بعد وہ توبہ کرلے گا اور خرابی کی اصلاح کر گیا تو خدا تعالےٰ بڑا بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ○ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ

(اور) رحم کرنیوالا ہے اور اسی طرح ہم آیات کی تفصیل کرتے ہین تاکہ قصوروارون کا راستہ صاف معلوم

الْمُجْرِمِيْنَ ○ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ

ہو جائے کہدو کہ مجھے تو اسکی ممانعت کی گئی ہے کہ مین اُنکی عبادت کرنے لگون جنکو

دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا

تم خدا کے سوا پکارتے ہو کہدو کہ مین تمھاری خواہشون کی پیروی نکرونگا اُس صورت مین مین بھی راہ سے بھٹک

مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ○ قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ

جاؤن اور ہدایت یافتہ نرہون کہدو کہ مین اپنے رب کیطرف سے کھلی دلیل پر ہون اور تم اُسکو جھٹلاتے ہو

مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ

جسکی تم جلدی کرتے ہو وہ میرے پاس نہین ہے اختیار فقط خدا ہی کو ہے وہ حق کو بیان کرتا ہے

وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ○ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ

اور وہی سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے کہدو کہ اگر وہ میرے پاس ہوتا جسکی تم جلدی کرتے ہو تو

بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ○ وَ

میرے تمھارے مابین معاملہ طے ہو چکا ہوتا اور اللہ ظالمون کے حال سے خوب واقف ہے اور

ع ٥ / ٦ / ١٢

عِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ

غیب کے خزانے اُسی کے پاس ہین سوا اُسکے اُن خزانوں کو کوئی نہین جانتا اور وہ خشکی اور تری کی

وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ

سب چیزون کو جانتا ہے اور ایک پتا بھی ایسا نہین گرتا جسے وہ نہ جانتا ہو اور کوئی دانہ زمین کی اندھیریون مین

الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ○ وَهُوَ

اور کوئی تر اور خشک ایسا نہین ہے جسکا ذکر کھلی کتاب مین نہو اور وہ خدا

الَّذِي يَتَوَفَّاكُم بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ

وہی ہے جو رات کو تمھاری روح قبض کرلیتا ہے اور دن مین جو کارروائی تم کرچکے ہو اُسکو بھی وہ جانتا ہے

فِيهِ لِيُقْضَىٰ أَجَلٌ مُّسَمًّى ثُمَّ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُم

پھر تمکو اُسی مین اُٹھاتا ہے کہ مقرر کیا ہوا وقت پورا ہو پھر تمھاری بازگشت اُسی کی حضور مین ہوگی

بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ○ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَيُرْسِلُ

پھر جو (جو) کچھ تم کیا کرتے تھے اُس سے تمکو آگاہ کرے گا۔ اور وہ اپنے بندون پر غالب ہے اور پر حفاظت کرنیوالے بھیجتا ہے

ع ۵ ۱۲

عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ

یہان تک کہ جب تم مین سے کسی کی موت آتی ہے تو ہمارے بھیجے ہوے ملک

رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ ○ ثُمَّ رُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ

خاتمہ کر دیتے ہین اور وہ کسی طرح کوتاہی نہین کرتے پھر وہ اللہ اپنے برحق مالک کی طرف پھیرجائینگے

الْحَقِّ أَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ ○ قُلْ مَن

خبردار ہو اختیار اُسی کا ہے اور وہ سب سے تیز حساب لینیوالا ہے تم کہدو کہ

يُنَجِّيكُم مِّن ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً

خشکی اور تری کی اندھیریون سے تمکو نجات کون دیتا ہے جس سے تم گڑگڑا کے اور چپکے چپکے دعا مانگتے ہو

لَئِنْ أَنجَانَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ○ قُلِ اللَّهُ

کہ اگر اُس نے اس سے ہمکو بچا لیا تو ہم ضرور شکر گزار بن جائینگے کہدو کہ اللہ

يُنَجِّيكُم مِّنْهَا وَمِن كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنتُمْ تُشْرِكُونَ ○ قُلْ هُوَ

تمکو اُن (اندھیریون) سے اور ہر رنج سے نجات دیتا ہے پھر تم (اُسکا) شریک کہتے ہو کہدو کہ وہ

الْقَادِرُ عَلَىٰ أَن يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّن فَوْقِكُمْ أَوْ مِن

اسپر قادر ہے کہ تمپر عذاب اوپر کی طرف سے بھیجے یا تمھارے پاؤن کے نیچے سے یا تمھارے

تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُم بَأْسَ

ایک گروہ کو دوسرے سے بھڑادے اور تم مین سے ایک کی سختی کا مزہ دوسرے کو چکھائے

بَعْضٍ انظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُونَ ○

غور کرو کہ ہم آیات کو کس طرح اُلٹ پلٹ کرتے ہین تاکہ وہ سمجھ لین

وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ قُل لَّسْتُ عَلَيْكُم

اور تمھاری ہی قوم نے اُسکو جھٹلایا حالانکہ وہ حق ہے تم کہدو کہ مین تمھارا نگران نہین

بِوَكِيلٍ ○ لِّكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ وَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ○ وَإِذَا

ہون ہر چیز کا ایک وقت معین ہے اور آگے چل کر تم بھی معلوم کرلوگے اور جسوقت تم

رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ فِي آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتَّىٰ

اُن لوگون کو دیکھو جو ہماری آیتون مین (بنظر استہزا و تکذیب) غور و خوض کرتے ہین تو تم اُنسے

يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ

اعراض کرجاؤ جبتک کہ وہ دوسری بات مین غور نہ کرنے لگین اور اگر شیطان تمکو بھلادے

فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَىٰ مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○ وَمَا

تو یاد آجانیکے بعد ظالم لوگون کے پاس نہ بیٹھو اور جو لوگ

عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَلَٰكِن ذِكْرَىٰ

متقی ہین اُنکے ذمہ ظالمون کے حساب کا کوئی جزو نہو گا لیکن اتنا کہ یاد دلاتے

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ○ وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَ

رہین تاکہ وہ باز رہین اور اُن لوگون کو جنھون نے اپنے دین کو کھیل تماشا بنا رکھا ہے اور

لَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌ

دنیا کی زندگانی نے اُنکو دھوکا دیا ہے چھوڑدو اور اسی قرآن کے ذریعہ سے نصیحت کرو

بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ

کہ نفس اپنے اعمال سے باز رہے کیونکہ خدا کے سوا اُسکا کوئی سفارشی اور حمایتی نہوگا

وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

اور اگر وہ کوئی فدیہ دینا چاہیگا تو اُس سے قبول نہ کیا جائیگا وہ وہی تو ہین جو اپنے

اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ

کرتوت کے سبب سے ہلاک کئے گئے اُنہی کے لئے گرم پانی کا پینا ہے اور جن باتونکا انکار

اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

کیا کرتے تھے اُنہی کے سبب سے دردناک عذاب ہے تم کہدو کیا ہم خدا کو چھوڑکر اُنکی عبادت کرین کہ جو

ع ۸ ۱۴

مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ

ہمکو نہ نفع پہنچائین نہ نقصان اور بعد اسکے کہ خدا ہمکو ہدایت کرچکا ہر مثل اُس شخص کے پچھلے

هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ

پاؤن پھر جائین جسکو بھوتون نے زمین مین راستہ بھلا کر حیران کردیا ہو کہ اُس کے

حَيْرَانَ ۠ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۗ قُلْ

یار دوست سیدھے راستے کی طرف بلاتے ہی رہین کہ ادھر آؤ (ادھر آؤ) تم کہدو کہ

اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ

اللہ کی ہدایت اصل ہدایت تو وہی ہے اور ہمکو حکم دیا گیا ہر کہ ہم پروردگار عالم

الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۭ وَهُوَ الَّذِيْٓ

کو مان لین اور حکم دیا گیا ہے کہ تم نماز پڑھو اور اُس سے ڈرو اور وہ وہی ہے

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

جسکی حضور مین تم محشور کئے جاؤگے اور وہ خدا وہی ہے جسنے آسمانو نکو اور زمین کو برحق پیدا کیا

الحزب

بِالْحَقِّ وَيَوْمَ يَقُولُ كُنْ فَيَكُونُ ○ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ

اور اُس دن کو (بھی جسدن) فرمائیگا ہو اور ہو جائیگا اُسکا قول حق ہی اور جسدن صور پھونکا جائیگا

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَهُوَ الْحَكِيمُ

اختیار اُسی کا ہوگا غیب کا اور حضوری کا وہ عالم ہی اور وہ صاحب حکمت و خبر

الْخَبِيرُ ○ وَإِذْ قَالَ إِبْرٰهِيمُ لِأَبِيهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَامًا

ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جسوقت ابراہیم نے اپنے باپ (یعنی چچا) آزر سے کہا کیا تم بتونکو

آلِهَةً إِنِّي أَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِي ضَلٰلٍ مُبِينٍ ○ وَ

خدا بناتے ہو میں تم کو اور تمھاری قوم کو کھُلی گمراہی میں دیکھتا ہوں اور

كَذٰلِكَ نُرِي إِبْرٰهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

اس طرح ہم ابراہیم کو آسمان اور زمین کی سلطنت دکھانے لگے

وَلِيَكُونَ مِنَ الْمُوقِنِينَ ○ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَأٰ

تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو جائیں پھر جب رات اُن پر چھاگئی تو اُنھوں نے ایک

كَوْكَبًا قَالَ هٰذَا رَبِّي فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَا أُحِبُّ

ستارہ دیکھا (تو اپنی قوم سے) پوچھا کیا میرا پروردگار یہی ہے پھر جب وہ غروب ہوگیا فرمایا کہ میں غروب ہوجانیوالو

الْآفِلِينَ ○ فَلَمَّا رَأَى الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّي فَلَمَّا

کو تو پسند نہیں کرتا پھر جب چاند کو چمکتے دیکھا دریافت کیا کہ آیا یہ میرا رب ہے پھر جب وہ

أَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَمْ يَهْدِنِي رَبِّي لَأَكُونَنَّ مِنَ الْقَوْمِ


غروب ہوا فرمایا کہ اگر میرے پروردگار نے مجھے ہدایت نہ کی ہوتی تو میں بھی ضرور گمراہوں میں

الضَّالِّينَ ○ فَلَمَّا رَأَى الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّي

ہو جاتا پھر جب سورج کو چمکتے دیکھا دریافت کیا کہ آیا یہ میرا پروردگار ہے گہ

هٰذَا أَكْبَرُ فَلَمَّا أَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ إِنِّي بَرِيءٌ مِمَّا

سب سے بڑا ہے پھر جب وہ غروب ہوگیا تو فرمایا کہ اے میری قوم میں تو ان سب چیزوں سے جنکو تم



تشركون ○ اني وجهت وجهي للذي فطر السموت
شریک (خدا) کرتے ہو دور ہون۔ مین تو یکسو ہوکر اور اطاعت گزاری کے لیے سب طرف سے اسکی طرف اپنا رخ کرتا ہون

والارض حنيفا وما انا من المشركين ○ وحاجه
جسنے آسمانون کو اور زمین کو پیدا کیا اور مین مشرکین مین سے نہین ہون اور انکی قوم نے

قومه قال اتحاجوني في الله وقد هدىن ولا اخاف
انسے جھگڑا کیا فرمایا کیا تم اللہ کے بارے مین مجھسے جھگڑتے ہو حالانکہ اسنے مجھکو رستہ بتایا ہے اور جن چیزون کو

ما تشركون به الا ان يشاء ربي شيئا وسع ربي
تم شریک کرتے ہو مین انسے نہین ڈرتا مگر یہ کہ میرا پروردگار ہی خود کچھ چاہے میرے پروردگار کا علم

كل شيء علما افلا تتذكرون ○ وكيف اخاف ما
ہر چیز سے زیادہ ہے کیا تم اتنا نہین سمجھتے اور جن چیزونکو تم اسکا شریک کرتے ہو

اشركتم ولا تخافون انكم اشركتم بالله ما لم ينزل به
مین انسے کیونکر ڈرون حالانکہ تم اس بات سے نہین ڈرتے کہ اللہ کا شریک ٹھہراتے ہو بلا وجہ دیکھ جسنے

عليكم سلطنا فاي الفريقين احق بالامن ان
اسکی کوئی دلیل تم پر نازل نہین کی پھر اگر تم علم رکھتے ہو تو سوچو کہ دونون گروہون مین سے کونسا گروہ بیخوف

كنتم تعلمون ○ الذين امنوا ولم يلبسوا ايمانهم
رہنے کا مستحق ہے جو ایمان لائے اور انہون نے اپنے ایمان کو ظلم سے نہین ملا دیا

بظلم اولئك لهم الامن وهم مهتدون ○ وتلك
امن و اطمینان انہی کے لئے ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہین اور یہ ہماری

حجتنا اتينها ابرهيم على قومه نرفع درجت من
دلیل تھی جو ہمنے ابراہیم کو انکی قوم پر (غلبہ پانیکے لئے) عطا کی تھی ہم جسکے چاہتے ہین بہت درجے

نشاء ان ربك حكيم عليم ○ ووهبنا له اسحق
بلند کر دیتے ہین بیشک تمہارا رب صاحب حکمت و علم ہے اور ہمنے انکو اسحق و یعقوب عطا کئے

وَيَعْقُوبَ ۚ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ ۖ وَمِن

ہر ایک کو اپنا راستہ دکھایا اور نوح کو پہلے ہی راستہ دکھایا تھا اور اُن کی

ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ

اولاد میں سے داؤدؑ کو اور سلیمانؑ کو اور ایوبؑ کو اور یوسفؑ کو اور موسٰیؑ کو

وَهَارُونَ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝ وَزَكَرِيَّا وَ

اور ہارونؑ کو (راہ دکھائی) اور ہم نیکی کرنیوالوں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں اور زکریاؑ کو اور

يَحْيَىٰ وَعِيسَىٰ وَإِلْيَاسَ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِينَ ۝ وَإِسْمَاعِيلَ

یحیٰؑ کو اور عیسٰیؑ کو اور الیاسؑ کو (راہ دکھائی) انہیں سے ہر ایک صلحا میں سے تھا اور اسمٰعیلؑ کو

وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطًا ۚ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ ۝

اور الیسعؑ کو اور یونسؑ اور لوطؑ کو (راہ دکھائی) اور ہر ایک کو تمام عالموں پر فضیلت دی

وَمِنْ آبَائِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَإِخْوَانِهِمْ ۖ وَاجْتَبَيْنَاهُمْ وَ

اور اُنکے باپ داداؤں میں سے اور اُنکی اولاد میں سے اور اُنکے بھائیوں میں سے (جنکو ہم سا سب جانا) ہمنے منتخب کر لیا

هَدَيْنَاهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ

اور راہ راست کی ہدایت کردی یہ اللہ کا راستہ دکھانا ہے

يَهْدِي بِهِ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۚ وَلَوْ أَشْرَكُوا لَحَبِطَ

وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے اپنا راستہ دکھلادے اور اگر اُنہوں نے شرک کیا ہوتا تو جو کچھ وہ

عَنْهُم مَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ

کیا کرتے تھے سب اکارت ہو جاتا وہ وہی ہیں جنکو ہمنے کتاب اور

الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَإِن يَكْفُرْ بِهَا هَٰؤُلَاءِ فَقَدْ

حکومت اور نبوت عطا کی پھر اگر یہ (کفار) ان چیزوں کا انکار کریں تو کچھ پرواہ

وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوا بِهَا بِكَافِرِينَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

نہیں کیونکہ) ہمنے تو یہ اُن لوگوں کے سپرد کی ہیں جو اُنکے منکر نہیں ہیں وہ وہی تو ہیں

هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ۗ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ

جنکو اللہ نے راستہ دکھلایا ہے پس اے رسول تم انہی کے رستے پر چلو کہدو کہ مین تم سے اسپر کچھ اجرت

اَجْرًا ۗ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ

نہین مانگتا یہ تو اور کچھ نہین ہو مگر کل عالمون کے لئے ایک نصیحت ہی اور ان لوگون نے خدا کی ایسی قدر نہ کی

ع ۱۰ ۸ ۱۶

حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ۗ

جیسا کہ حق قدر کرنی تھا جبکہ انہون نے یہ کہدیا کہ اللہ نے تو کسی آدمی پر کوئی چیز نازل ہی نہین کی تم دریافت کرو

قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّ

وہ کتاب جو موسے لائے تھے کسنے نازل کی تھی جو کل آدمیون کے لئے روشنی

هُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ

اور ہدایت تھی جسکو تمنے ورق ورق کر رکھا ہی جنکو تم ظاہر کرتے ہو اور بہت سے کو

كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ۗ قُلِ اللّٰهُ

چھپاتے ہو اور تمکو وہ کچھ سکھایا گیا ہے جسکو تم اور تمہارے باپ دادا جانتے بھی نہ تھے کہدو وہ اللہ ہی

ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ۝ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ

پھر انکو چھوڑدو کہ وہ اپنے بیہودہ خیالات مین پڑے کھیلتے رہین اور یہ وہ کتاب ہی جسکو ہمنے نازل کیا ہے

مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى

برکت والی ہے اپنے سے پہلی کتاب کی تصدیق کرتی ہے تاکہ تم مکہ والونکو اور اسکے حوالی کے رہنے والونکو

وَمَنْ حَوْلَهَا ۗ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ

ڈراؤ اور جو آخرت پر ایمان رکھتے ہین اور اپنی نماز دن کی حفاظت کرتے ہین

وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

وہ اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہین اور اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ

اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا یہ کہدے کہ مجھپر (بھی) وحی آئی ہے حالانکہ اسپر کوئی وحی نہین بھیجی

شَيْءٌ وَمَنْ قَالَ سَأُنْزِلُ مِثْلَ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ تَرٰى

اور جو یہ کہدے کہ مین بھی ایسا ہی کلام نازل کردونگا جیسا کہ اللہ نے نازل کیا ہے اور کاش تم

إِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا

دیکھتے جب یہ ظالم موت کی سختیون مین ہون اور فرشتے ہاتھ بڑھائے ہوے (کہتے) ہون

أَيْدِيْهِمْ ۚ أَخْرِجُوْٓا أَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ

کہ اپنی جانین حوالے کردو آج تم ذلت کے عذاب سے سزایاب

الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ

ہوگے بوجہ اسکے کہ تم خدا کے برخلاف ناحق باتین بنایا کرتے تھے اور اسکی آیتون

عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا

(کے ماننے) سے اکڑا کرتے تھے اور تم ہمارے پاس ایک ایک کرکے آئے جیسا کہ ہمنے

خَلَقْنٰكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ

پہلی دفعہ تمکو پیدا کیا تھا اور جو کچھ ہمنے تمکو دیا تھا وہ تم اپنے پیچھے چھوڑ آئے

وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ أَنَّهُمْ فِيْكُمْ

اور ہم تمہاری اُن سفارش کرنیوالون کو تمہارے ساتھ نہین دیکھتے جنکی نسبت تمکو یہ گمان تھا کہ وہ

شُرَكٰٓؤُا ۭ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝

تمہاری خلقت مین ہمارے شریک ہین تمہارے اور اُنکے مابین یقیناً جدائی ہوگئی اور جس چیز کا تمکو گھمنڈ تھا وہی تمسے جاتی رہی

إِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ۭ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ

بیشک خدا دانہ کا اور گٹھلی کا شگافتہ کرنیوالا ہے مردہ سے زندہ کو نکالتا ہے اور

مُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَأَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ فَالِقُ

زندہ کو مردہ سے نکالنے والا ہے وہی اللہ ہے پھر تم کدھر بہکے جاتے ہو (وہ) صبح کا نور

الْإِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

پھیلانیوالا ہے اور رات کو اُسنے سکون قرار دیا ہے اور چاند اور سورج کو

ع ۱۲

فرماتے کہ خدا اسے قابل نہ شب کو ہر چیز کے لئے راحت اور سکون قرار دیا ہے ۱۲

حُسْبَانًا ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ○ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ

حساب یہ زبردست صاحب علم کا مقرر کیا ہوا ہے اور وہ وہی ہے جسنے ستاروں کو

لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُوا بِهَا فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ قَدْ

تمہارے لئے مقرر کیا ہے کہ تم اُنکے ذریعہ سے خشکی اور تری کی اندھیریوں میں راہ پالو یقیناً جاننے

فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ○ وَهُوَ الَّذِي أَنْشَأَكُمْ

والے لوگوں کے لئے ہم نے کھول کر آیتیں بیان کر دیں اور وہ وہی ہے جسنے تمکو

مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَمُسْتَوْدَعٌ قَدْ فَصَّلْنَا

ایک ذات سے پیدا کیا پھر قرار کی جگہ ہے اور سپردگی کا مقام بیشک سمجھنے والوں کیلئے

الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَفْقَهُونَ ○ وَهُوَ الَّذِي أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ

ہمنے آیتیں کھول کر بیان کر دیں اور وہ وہی ہے جسنے آسمان سے پانی اُتارا

مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَأَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا

جسکے ذریعہ سے ہمنے ہر قسم کی روئیدگی پیدا کی پھر اُس سے ہمنے ہری ٹہنیاں نکالیں

نُخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُتَرَاكِبًا وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا

جنمیں سے ہم گتھے ہوئے دانے نکالتے ہیں اور درخت خرما کے گابھے میں سے لٹکتے ہوئے

قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَجَنَّاتٍ مِنْ أَعْنَابٍ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ

گچھے (نکلتے ہیں) اور انگور کے باغ اور زیتون اور انار (ہم پیدا کرتے ہیں کہ آپس سے)

مُشْتَبِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ انْظُرُوا إِلَىٰ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ

ملتے جلتے بھی ہیں اور بے میل بھی اسکے پھل کی طرف جبکہ وہ پھل لائے اور اسکی پختگی کی طرف تو نظر

وَيَنْعِهِ إِنَّ فِي ذَٰلِكُمْ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ○

پھر کے دیکھو بیشک اس میں اُن لوگوں کے لئے جو ایمان لائیں نشانیاں موجود ہیں

وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوا لَهُ

اور اُنہوں نے تو اللہ کا شریک جنوں کو بنا لیا حالانکہ اُنکو اسی نے پیدا کیا ہے اور اسکے لئے



بَنِينَ وَبَنٰتٍۭ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا

بغیر جانے بوجھے بیٹے اور بیٹیاں ٹھہرا دیں   جو کچھ وہ بیان کرتے ہیں اس سے اسکی ذات

يَصِفُوْنَ ۝ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۖ اَنّٰى يَكُوْنُ

منزہ اور برتر ہے   آسمانوں اور زمین کا بنانے والا   اسکے بچہ کہاں سے

لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ۖ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ

ہوگا   حالانکہ اسکے کوئی جورو نہیں ہے   اور اسی نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

ہر چیز کو جاننے والا ہے   وہی اللہ تو تمہارا پروردگار ہے   کوئی معبود اسکے سوا نہیں

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝

ہر چیز کا پیدا کرنیوالا ہے پس اسی کی تم عبادت کرو   اور وہی ہر چیز کا محافظ ہے

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۖ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ

نظریں اسکو نہیں پاتیں   حالانکہ وہ بینائیوں کو محسوس کرتا ہے   اور وہ

اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ

باریک بین و خبردار ہے   بیشک تمہارے پروردگار کے پاس سے تمہارے پاس دلیلیں آچکیں

فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا

اب جو کچھ دیکھے نفع اسکی ذات کے لئے ہے   اور جو آنکھیں بند کرلے ضرر اسکے لئے ہے اور میں تمہارا کچھ

عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۝ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا

(داس حال طرین) نگران نہیں ہوں   اور ہم آیتوں کو اسی طرح الٹ پلٹ کرتے ہیں اور اسلئے کہ وہ یہ کہیں

دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ اِتَّبِعْ مَآ

کہ تم نے کہیں تعلیم پائی ہے اور اسلئے کہ ہم کھول کر بیان کردیں ان لوگوں کے لئے جو سمجھ رکھتے ہیں   جو وحی تمہارے

اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ

رب کی طرف سے تمکو کی گئی ہے اسکی پیروی کرو   اسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے   اور مشرکوں سے

عَنِ الْمُشْرِكِينَ ○ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ مَا أَشْرَكُوا ۗ وَمَا

الگ رہو اور اگر اللہ کو منظور ہوتا تو وہ شرک ہی نہ کرتے اور ہمنے

جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۚ وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ ○

تمکو اُنکا نگہبان نہین بنایا ہے اور نہ تم اُنکے ذمہ دار ہو

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ

اور جو لوگ اللہ کے سوا کسی دوسرے کو پکارتے ہین اُنکو بُرا بھلا نہ کہو کہ وہ بغیر سمجھے بوجھے

عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ

بے ادبی سے اللہ کو بُرا کہین گے اسی طرح سے ہمنے ہر ایک گروہ کیلئے اُنکے عمل کو زینت دیدی

ثُمَّ إِلٰى رَبِّهِمْ مَرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوا

پھر آخر باز گشت اُنکے رب کی طرف ہے پھر وہ جو کچھ عمل کیا کرتے تھے اُس سے اُنکو

يَعْمَلُونَ ○ وَأَقْسَمُوا بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ

آگاہ کردیگا اور اُنہون نے پوری کوشش سے اللہ کی قسم کھائی تھی کہ اگر کوئی

لَئِنْ جَاءَتْهُمْ آيَةٌ لَيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۚ قُلْ إِنَّمَا

آیت اُنکے پاس آئیگی تو وہ ضرور اُسپر ایمان لائین گے تم کہدو کہ آیات تو

الْآيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۖ وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَا إِذَا

صرف خدا کے اختیار مین ہین اور تم کیا جانتے ہو کہ یہ معجزہ

جَاءَتْ لَا يُؤْمِنُونَ ○ وَنُقَلِّبُ أَفْئِدَتَهُمْ

دیکھکر بھی ایمان نہ لائین گے اور ہم اُنکے دلون کو اور اُنکی آنکھون کو

وَأَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوا بِهِ أَوَّلَ مَرَّةٍ

اُلٹ دینگے گویا کہ وہ اول مرتبہ (ہی) ایمان

وَنَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ○ ع ۱۳

نہ لائے تھے اور اُنکو اُنہی کی سرکشی مین چھوڑ دینگے کہ وہ سرگردان رہین



وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ

اور اگر کبھی ہم واقعی اُن پر فرشتون کو نازل کر دیتے اور مُردے اُنسے باتین

الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا

کرتے اور ہر شے کو ہم اُنکے ساتھ محشور کر لیتے تب (بھی) وہ ایمان نہ لاتے

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ○ وَكَذٰلِكَ

سوائے اسکے کہ اللہ ہی کو منظور ہوتا ولیکن اکثر ان مین سے جاہل ہین اور اسی طرح

جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ

ہمنے ہر نبی کے دشمن انس و جن سے قرار دیئے

يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ط

جو بناوٹی باتین دھوکا دینے کے لئے ایک دوسرے کے کان مین پھونکتے ہین

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ○

اور اگر تیرا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے اب تم اُنکو اور جو افترا پردازیان وہ کرتے ہین انکو چھوڑ دو

وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

اور اسلئے کہ اُنکے دل جو آخرت پر ایمان نہین رکھتے ہین اُسکی طرف متوجہ ہو جائین

وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ○ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ

اور اسلئے کہ وہ اس بات کو پسند بھی کر لین اور اسلئے بھی کہ یہ (بھی) وہ کام کرنے لگین جو کچھ وہ کر رہے ہین۔ کیا مین خدا کو

اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ

چھوڑ کر کسی دوسرے کو حکم بناؤن حالانکہ وہ وہی ہے جسنے تمہاری طرف مفصّل کتاب

مُفَصَّلًا ط وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ

نازل کی اور وہ لوگ جنکو ہمنے کتاب دی ہے اس بات کو جانتے ہین کہ وہ

مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ○

خدا کی طرف سے برحق نازل ہوئی ہے پس تم ہرگز شک کرنے والون مین سے مت ہونا

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ

اور تمھارے رب کا کلمہ از روے صدق و عدل کے پورا ہو گیا اُسکے کلمون کا بدلنے والا

لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ

کوئی نہین ہے اور وہ بڑا سُننے والا (اور) جاننے والا ہے اور اگر تم اُن لوگون مین سے جو زمین مین

فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ

ہین اکثر کا کہنا مان لوگے تو تمکو راہ خدا سے بھٹکا دینگے وہ گمان ہی کی پیروی

اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ○ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ

کرتے ہین اور وہ جو بات کہتے ہین اٹکل پچو کہتے ہین یقینًا تمھارا رب اُن لوگون کو

اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ○

خوب جانتا ہے جو اُسکی راہ سے بھٹکتے ہین اور وہ ہدایت یافتہ لوگون سے بھی خوب واقف ہے

فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ

پس اللہ کا نام جس (ذبیحہ) پر لیا گیا ہے اُسمین سے کھاؤ اگر تم اُسکی نشانیون پر ایمان

مُؤْمِنِيْنَ ○ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ

رکھنے والے ہو اور تمھین کیا ہو گیا ہے کہ جن (ذبیحون) پر اللہ کا نام لیا گیا ہے اُنھین

عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ

سے نہین کھاتے حالانکہ جن چیزون کو اُسنے تمپر حرام کیا ہے اُنھین کھولکر بیان کر دیا ہے

اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ

سوائے اسکے کہ جس چیز کیلئے تم مضطر ہو جاؤ اور بیشک بہتیرے اپنی خواہشون کی پیروی کرکے بے جانے بوجھے گمراہ ہو جاتے ہین

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ○ وَذَرُوْا ظَاهِرَ

بیشک تمھارا پروردگار زیادتی کرنے والون سے خوب آگاہ ہے گناہ کے ظاہر و باطن

الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ

(دونون) کو چھوڑ دو بیشک جو گناہ کیے چلے جاتے ہین

سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ ○ وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا

عنقریب وہ اپنے کئے کی سزا پائینگے اور اللہ کا جس (ذبیحہ) پر نام نہین

لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ ؕ وَإِنَّ

لیا گیا ہو اُس مین سے مت کھاؤ اور یہ بیشک نافرمانی ہے اور شیاطین

الشَّيٰطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ ۚ وَإِنْ

اپنے دوستون کے کانون مین پھونکتے پھرتے ہین تاکہ وہ تم سے لڑین اور اگر

أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ ○ أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا

تم اُنکی بات مان لوگے تو بیشک تم (بھی) مشرک ہوجاؤگے کیا وہ جو مُردہ تھا جسکو

فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ

ہمنے زندہ کیا اور ہمنے اُسکو نور دیا کہ اُسکے ذریعہ سے لوگون مین چلے پھرے

كَمَنْ مَثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنْهَا ۚ كَذَٰلِكَ

مثل اُس شخص کے ہے جو اندھیریون مین ہو اور اُن سے نکل نہ سکے اسی طرح

زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا

کافرون کے اعمال زینت دیے گئے ہین اور اسی طرح ہمنے ہر ہر گاؤن

فِي كُلِّ قَرْيَةٍ أَكَابِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُوا فِيهَا ۖ وَمَا

مین اُسکے بڑے بڑے مجرمون کو مقرر کیا ہے تاکہ وہ اُسمین چالین چلین حالانکہ جو چالین

يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ○ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ

وہ چلتے ہین اپنی ہی ذات کی خرابی کے لئے (چلتے ہین) اور سمجھتے کچھ نہین اور جسوقت اُنکے پاس کوئی

آيَةٌ قَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ

نشانی آتی ہے تو وہ کہدیتے ہین کہ ہم تو ایمان نہ لائینگے جبتک کہ ہمکو ویسا کچھ نہ دیا جائے جیسا کہ اللہ کے رسولون کو دیا گیا ہے

اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ الَّذِينَ

اللہ اُس محل سے خوب واقف ہے جہان اپنی رسالت کو مقرر فرماتا ہے عنقریب جو لوگ گناہ

ع ١١ ١٤

نفسانی پر موقوف ہے جس اللہ اپنے بندون مین سے جسکو چاہتا ہے مخصوص اور مختص فرما دیتا ہے اور اپنی رسالت کیلئے ایسے شخص کو منتخب کرتا ہے کہ جس مین اس امر کی

أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُوا

کرتے ہین اُنکو خدا کی طرف سے ذلت پہنچیگی اور بوجہ اسکے کہ وہ مکر کیا کرتے تھے اُنکو

يَمْكُرُونَ ○ فَمَنْ يُرِدِ اللّٰهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ

سخت عذاب دیا جائیگا پس جسکی نسبت اللہ یہ چاہتا ہے کہ اُسے ہدایت کرے تو اُسکا سینہ اسلام کے

لِلْإِسْلَامِ وَمَنْ يُرِدْ أَنْ يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ

لئے کھولدیتا ہے اور جسکی نسبت یہ چاہتا ہے کہ اُس سے توفیق ہدایت سلب کرلے تو اُسکے سینہ کو

ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ

تنگ اور ٹھوس کر دیتا ہے گویا وہ آسمان کو چڑھا چلا جاتا ہے اسی طرح اُن لوگون پر جو ایمان نہین

الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ○ وَهٰذَا صِرَاطُ

رکھتے ہین اللہ خباثت کو سوار کر دیتا ہے اور یہ تمہارے رب کا رستہ

رَبِّكَ مُسْتَقِيمًا قَدْ فَصَّلْنَا الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ○

سیدھا ہے نصیحت پانیوالے لوگون کے لئے ہمنے احکام کو کھولکر بیان کر دیا ہے

لَهُمْ دَارُ السَّلَامِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوا

اُنکے رب کے پاس اُنکے لئے سلامتی کا مکان موجود ہی اور جو عمل وہ کرتے ہین اُنکے بارے مین وہ اُنکا

يَعْمَلُونَ ○ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ

حامی کار ہے اور جس دن اُن سب کو جمع کریگا (کہیگا وہ یہ کہیگا) کہ اے گروہ جنات تم آدمیون سے

قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِنَ الْإِنْسِ وَقَالَ أَوْلِيَاؤُهُمْ مِنَ الْإِنْسِ

زیادہ بڑھ گئے تھے اور آدمیون مین سے (جو) اُنکے طرفدار (ہین وہ) عرض کرینگے کہ اے

رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَبَلَغْنَا أَجَلَنَا الَّذِي

ہمارے پروردگار ہم مین بعض نے بعض کے ذریعہ سے نفع پایا اور ہم اُس مدت کو پہنچ گئے جو تونے ہمارے

أَجَّلْتَ لَنَا قَالَ النَّارُ مَثْوَاكُمْ خَالِدِينَ فِيهَا إِلَّا

لئے مقرر فرمائی تھی خدا تعالے فرمائیگا کہ جہنم تمہارا ٹھکانا ہی اُسی مین تم ہمیشہ رہوگے سواے اسکے کہ

ہو کہ جناب محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ کو خدا نے جنون کے لئے بھی نبی بنا کے بھیجا ہے اور آدمیون کے لئے بھی ۱۲

مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ

جو خدا کو منظور ہو بیشک تمھارا پروردگار صاحب حکمت و علم ہے اور اسی طرح سے

نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

ہم بعض ظالمون کو بوجہ اُنکے افعال کے بعض ظالمون کے سپرد کردیا کرتے ہین

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

اے گروہ جن و انسان کیا تمھارے پاس تمہین مین سے ایسے رسول نہین آئے تھے جو

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ

تمکو میری آیتین سُناتے اور آج کے دن جو (مصیبت) تمکو پیش آنیوالی ہے اُس سے

هٰذَا ۭ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓي اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ

ڈراتے رہ کہین گے کہ ہم اپنی ذات کے برخلاف گواہی دیتے ہین حالانکہ زندگانی دنیا نے اُنکو دھوکا دیا تھا

الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝

اور وہ اپنی ذات کے برخلاف اپنے کافر ہونے کی گواہی دینگے

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا

یہ (رسولون کا بھیجنا) اسلئے ہے کہ تمھارا رب بستیون کو ناحق برباد نہین کرتا جس حال مین کہ اُنکے باشندے

غٰفِلُوْنَ ۝ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۭ وَمَا رَبُّكَ

(احکام سے) بیخبر ہون اور ہر ایک کے لئے درجے اُسی کے بموجب ہین جو کچھ اُنھون نے کیا اور جو کچھ وہ کرتے ہین

بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ

اُس سے تمھارا پروردگار بے خبر نہین ہے اور تمھارا پروردگار بے نیاز (اور) صاحب رحمت ہے

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَاۗءُ كَمَآ

اگر وہ چاہے تمکو دور کردے اور بعد تمھارے جنکو چاہے قائم مقام کردے جیسا کہ

اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۝ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ

دوسرے لوگون کی اولاد سے تمکو پیدا کردیا بیشک جس چیز کا تمسے وعدہ کیا گیا ہے

لہ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا کا فائدہ تفسیر عیاشی مین جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ خدا نے ظالم سے انتقام ہمیشہ ظالم ہی …

لَاٰتٍ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ○ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى

ہونے والی ہے اور تم خدا کو عاجز کرنیوالے نہیں ہو تم کہدو کہ اے میری قوم تم اپنی جگہ جو جی چاہے وہ

مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ تَكُوْنُ

کام کرتے رہو میں بھی (اپنی جگہ) عمل کر رہا ہوں عنقریب تم کو معلوم ہو جائیگا کہ آخرت کا گھر کس کے ہاتھ

لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ○ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ

رہیگا بیشک ظالم فلاح نہ پائیں گے اور (ان کافروں نے) خدا کی پیدا

مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا

کی ہوئی زراعت اور مویشی میں خدا کا حصہ مقرر کیا اور یہ کہا کہ یہ تو ہمارے گمان کے

لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ

موجب خدا کا حصہ ہے اور یہ ہمارے شرکا کا ہے اور جو ہمارے شرکاء کا ہے وہ تو اللہ کو نہیں

فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى

پہنچتا اور جو اللہ کا ہے وہ ہمارے شرکا کو

شُرَكَآئِهِمْ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ○ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ

پہنچتا ہے (یہ) کیسے بیہودہ حکم لگاتے ہیں اور اسی طرح بہت سے مشرکین کی نظر میں

مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ

اُنکے شرکا نے اُنکی اپنی اولاد کے قتل کو زینت دیدی ہے تاکہ اُنکو ہلاک کریں

وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ

اور اُنکے دین کو اُنپر ملتبس کردیں اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے

فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ○ وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّ

تو تم اُنکو اور اُنکی افترا پردازیوں کو چھوڑ دو اور اُنہوں نے اپنے گمان کے موجب یہ کہا کہ یہ مویشی اور کھیتی

حَرْثٌ حِجْرٌ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ

اچھوتی ہے اسکو کوئی نہیں کھا سکتا لیکن جسکو ہم چاہیں اور کچھ وہ چوپائے ہیں جنکی سواری

وَاَنۡعَامٌ حُرِّمَتۡ ظُهُوۡرُهَا وَاَنۡعَامٌ لَّا يَذۡكُرُوۡنَ

حرام کی گئی ہے اور کچھ وہ چوپائے ہین جنپر ذبح کرنے کے وقت

اسۡمَ اللّٰهِ عَلَيۡهَا افۡتِرَآءً عَلَيۡهِ ؕ سَيَجۡزِيۡهِمۡ بِمَا كَانُوۡا

خدا کا نام نہین لیتے یہ (مجموعہ احکام) خدا پر بہتان ہے عنقریب وہ انکو اس بہتان باندھنے

يَفۡتَرُوۡنَ ۝ وَقَالُوۡا مَا فِىۡ بُطُوۡنِ هٰذِهِ الۡاَنۡعَامِ

کی سزا دیگا اور انہون نے یہ بھی کہدیا کہ ان مویشیون کے پیٹ مین جو کچھ ہے وہ خالص

خَالِصَةٌ لِّذُكُوۡرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزۡوَاجِنَا ۚ وَاِنۡ

ہمارے مردون ہی کے لیئے ہے اور ہماری ازواج پر حرام ہے اور اگر وہ

يَّكُنۡ مَّيۡتَةً فَهُمۡ فِيۡهِ شُرَكَآءُ ؕ سَيَجۡزِيۡهِمۡ وَصۡفَهُمۡ ؕ

مردار ہوجائے تو اس مین سب شریک ہین عنقریب انکے اس بیان کی سزا دیگا بیشک

اِنَّهٗ حَكِيۡمٌ عَلِيۡمٌ ۝ قَدۡ خَسِرَ الَّذِيۡنَ قَتَلُوۡۤا اَوۡلَادَهُمۡ

وہ صاحب حکمت و علم ہے یقینا ان لوگون نے نقصان اٹھایا جنہون نے نادانی سے بنیر سمجھے بوجھے

سَفَهًۢا بِغَيۡرِ عِلۡمٍ وَّحَرَّمُوۡا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افۡتِرَآءً

اپنی اولاد کو قتل کردیا اور جو کچھ اللہ نے انکو عطا فرمایا تھا اللہ ہی پر بہتان باندھکر حرام

عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدۡ ضَلُّوۡا وَمَا كَانُوۡا مُهۡتَدِيۡنَ ۝ وَهُوَ

کردیا بیشک وہ گمراہ ہوگئے اور ہدایت یافتہ نہ رہے اور وہ خدا

الَّذِىۡۤ اَنۡشَاَ جَنّٰتٍ مَّعۡرُوۡشٰتٍ وَّغَيۡرَ مَعۡرُوۡشٰتٍ

وہی ہے جسنے باغات پیدا کئے ہین کہ انمین بیلین چڑھی ہوئی ہوتی ہین اور زمین مین پڑی ہوئی

وَّالنَّخۡلَ وَالزَّرۡعَ مُخۡتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيۡتُوۡنَ وَالرُّمَّانَ

اور درخت خرما اور کھیتیان جنکے پھل طرح بطرح کے ہوتے ہین اور زیتون اور انار جو (صورت مین)

مُتَشَابِهًا وَّغَيۡرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوۡا مِنۡ ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثۡمَرَ

ہمشکل (بھی) ہوتے ہین اور بے میل (بھی) جب ان مین پھل آجائے تو انکے پھل کھاؤ

وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

اور کاٹنے کے دن اُسکا مقررہ حصہ دیدو اور فضول خرچی نہ کرو کہ خداے تعالے فضول خرچ لوگون

الْمُسْرِفِيْنَ ۝ وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ۭ

کو دوست نہین رکھتا اور چوپایون مین سے تمھارے لئے لادنے کے قابل (بھی) پیدا کئے اور زمین

كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ

لگے ہوئے بھی تو کچھ اللہ نے تمکو عنایت کیا ہے اُسمین سے کھاؤ ہو اور شیطان کے قدم بقدم نہ چلو

اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ

بیشک وہ تمھارا کھلا دشمن ہے (اللہ نے کھانے کے لئے) آٹھ نر و مادہ (پیدا کئے) بھیڑ کی

الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ

قسم مین سے دو اور بکری کی قسم مین سے دو دریافت کرو کہ آیا دونو نر حرام کئے ہین

حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ

یا دونو مادہ یا وہ کہ مادیون کے پیٹ مین جو بچے ہین وہ (حرام ہین)

الْاُنْثَيَيْنِ ۭ نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَ

اگر تم سچے ہو تو علم کے ذریعہ سے مجھے خبر دو اور

مِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ

اونٹ کی قسم سے دو اور گاے کی قسم سے دو دریافت کرو کہ آیا دونو نر

حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ

حرام کئے ہین یا دونو مادہ یا مادیون کے پیٹ مین جو بچے ہین

الْاُنْثَيَيْنِ ۭ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاۗءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ

وہ (حرام ہین) آیا تم اُسوقت موجود تھے جسوقت اللہ نے تمکو اسکی بابت حکم دیا

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ

پس اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو جھوٹ خدا پر افترا کرے کہ اُسکے ذریعہ سے بغیر علم کے لوگون

النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

گمراہ کرے بیشک اللہ ظالمون کی رہبری نہین فرماتا

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰي طَاعِمٍ

(اے رسول) کہدو کہ مجھپر جو وحی آئی ہے مین تو اسمین کسی کھانے والے پر جو اشیاء مذکورہ

يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ

مین سے) کچھ کھائے کوئی چیز حرام نہین پاتا سوا اسکے کہ مردار ہو یا اچھل کر نکلا ہوا خون یا سور

لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ

کا گوشت کہ یہ سب گندی چیزین ہین یا نافرمانی کا ذبیحہ جسپر غیر خدا کا نام لیا گیا ہو

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ

پھر جو شخص اضطرار کی حالت مین ہو نہ بغاوت کرنے والا (ہو) اور نہ حد سے گزرنے والا (اور وہ کچھ کھالے) تو بیشک تمہارا پروردگار

رَّحِيْمٌ ۝ وَعَلَي الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ

بڑا بخشنے والا (اور) رحمت کرنیوالا ہے۔ اور یہودیون پر ہمنے ہر ناخن والا حرام کردیا تھا

وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا

اور گائے اور بکری کی قسم سے انپر ان دونو کی چربیان حرام کردین سوائے اسکے

مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ

جو انکی پشت سے چمٹی ہوئی ہو یا آنتون پر لپٹی ہوئی یا جو ہڈیون کے ساتھ

بِعَظْمٍ ۭ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ڮ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ فَاِنْ

ملی ہوئی ہو یہ ہمنے انکو انکی بغاوت کی سزا دی تھی اور ہم ضرور سچے ہین پھر اگر وہ

كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ

تمکو جھٹلائین تو تم کہدو کہ تمھارا پروردگار وسیع رحمت والا ہے اور اسکا عذاب

بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ

نافرمان لوگون سے ٹھایا نہ جائیگا عنقریب مشرک یہ کہینگے کہ

أَحْسَنَ وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم

کرتی ہے اور ہر چیز کا کھلا بیان ہے اور ہدایت و رحمت ہے تاکہ وہ اپنے

بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ۝ وَهَٰذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ

پروردگار کے حضور میں جانے پر ایمان لے آئیں اور یہ کتاب جو ہمنے اُتاری ہے

مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ أَن

برکت والی ہے پس تم اسکی پیروی کرو اور ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے (مبادا) تم

تَقُولُوا إِنَّمَا أُنزِلَ الْكِتَابُ عَلَىٰ طَائِفَتَيْنِ مِن

یہ کہدو کہ ہم سے پہلے دو گروہوں پر کتاب نازل کی گئی تھی

قَبْلِنَا وَإِن كُنَّا عَن دِرَاسَتِهِمْ لَغَافِلِينَ ۝ أَوْ

اور ہم ضرور اسکے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے یا

تَقُولُوا لَوْ أَنَّا أُنزِلَ عَلَيْنَا الْكِتَابُ لَكُنَّا أَهْدَىٰ

یہ کہدو کہ کاش ہمپر کتاب نازل کی جاتی تو ہم اُنسے کہیں زیادہ ہدایت یافتہ

مِنْهُمْ فَقَدْ جَاءَكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَ

ہوتے اب تو تمھارے رب کے پاس سے کھلی دلیل اور ہدایت و رحمت

رَحْمَةٌ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَ

آگئی پس اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلائے یا اُنسے

صَدَفَ عَنْهَا سَنَجْزِي الَّذِينَ يَصْدِفُونَ عَنْ

روگردان ہو عنقریب ہم اُن لوگوں کو جو ہماری آیتوں سے روگردان

آيَاتِنَا سُوءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يَصْدِفُونَ ۝

ہوتے ہیں بقدر اُنکے روگردان ہونے کے بُری سزا دیں گے

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ

اب کیا وہ اسکے منتظر ہیں کہ اُنکے پاس فرشتے آئیں یا تمھارا پروردگار

عیاشی مین جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ حنیفیت نے کسی چیز کو باقی نہین چھوڑا یہانتک کہ ناخن کٹوانا مونچھین کتروانا اور ختنہ کرانا بھی اُس مین داخل ہین اور اُنھین

رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ۗ يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ

آئے یا تمھارے پروردگار کی کچھ نشانیان آئین جسدن تمھارے پروردگار کی بعض نشانیان

اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ

آجائینگی (اُسدن) کسی نفس کو اُسکا ایمان فائدہ نہ دیگا جبتک کہ ایمان پہلے سے نہ لایا ہو یا ایمان

مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۗ قُلِ انْتَظِرُوْٓا

کی حالت مین نیکی نہ کرچکا ہو تم کہدو کہ تم انتظار کرتے رہو

اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا

ہم بھی منتظر ہین بیشک وہ لوگ جنہون نے اپنے دین مین پھوٹ ڈالی اور گروہ گروہ

شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ۭ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ

ہوگئے تمکو اُنسے کسی معاملہ مین سروکار نہین اُنکا فیصلہ خدا کے ہاتھ ہے

ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ مَنْ جَاۗءَ بِالْحَسَنَةِ

پھر وہ اُنکو اُنکے کرتوت سے آگاہ کردے گا جو ایک نیکی لائیگا تو اُسکے

فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَاۗءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى

لئے اُسکا دس گنا ہے اور جو ایک بدی لائیگا اُسکو سزا صرف اُسی کی مقدار کے موافق

اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ

دیجائیگی اور اُن پر زیادتی نہ کیجائیگی (اے رسول) تم کہدو بیشک مجھکو میرے پروردگار

رَبِّيْٓ اِلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ڬ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ

نے راہ راست کی ہدایت کی ہے (وہ) پایدار مذہب راستی کی طرف مائل ابراہیم کی ملت

حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ

(ہے) اور وہ مشرکین سے نہ تھے تم کہدو کہ میری نماز اور میری

وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب عالمون کے پالنے والے خدا کے واسطے ہے

بیشک اسکو بھی پہنچا دیا اور جو کچھ تو نے چاہا عطا فرمایا اب یہ میرے لئے اور میری اولاد کے لئے کیا عطا ہوتا ہے خدا تعالے نے فرمایا کہ تمھارے لئے اور تمھاری اولاد کے لئے



لَا شَرِيكَ لَهُ ۚ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ ○

جسکا کوئی شریک نہیں اور اسی کا مجھکو حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا اطاعت کرنے والا ہوں

قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ

کہدو کیا میں خدا کے سوا کوئی اور پروردگار تلاش کروں حالانکہ وہ ہر چیز کا پروردگار ہے اور کوئی نفس کوئی

كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ

عمل نہ کرے گا مگر اپنے ہی وبال کے لئے اور کوئی اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائیگا پھر قیامت

رَبِّكُمْ مَرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ○

کے دن سب کی بازگشت اپنے پروردگار کی حضور میں ہوگی اور جس معاملہ میں تم اختلاف کیا کرتے تھے اس سے وہ تمکو آگاہ کریگا

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ

اور وہ خدا وہی تو ہے جس نے تمکو زمین کا متصرف بنایا اور تم میں سے بعض کو بعض پر

فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ

درجوں میں فوقیت دی تاکہ جو نعمت تمکو دی ہے اسمیں تمھاری آزمائش کرے

سَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ○

بیشک تمھارا پروردگار جلد عذاب دینے والا اور بیشک وہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے

ع ١١ — ٢٠

سُورَةُ الْأَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَتَانِ وَسِتُّ آيَاتٍ

آیاتها ٢٠٦ — رکوعاتها ٢٤

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمن اور رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

المص ○ كِتَابٌ أُنْزِلَ إِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِي

المص (اے رسول) یہ کتاب تیرے نازل کی گئی کہ (لوگونکو) اسکے ذریعہ سے ڈراؤ

صَدْرِكَ حَرَجٌ مِنْهُ لِتُنْذِرَ بِهِ وَذِكْرَىٰ

اور ہر مومن کے لئے نصیحت ہو پس تم (تکذیب وایذا کے خوف سے) اس سے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ

دلتنگ نہو (اے بندو) جو کچھ تمھارے رب کے پاس سے تمھاری طرف نازل کیا گیا ہے

وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝

اُسکی پیروی کرو اور خدا کو چھوڑ کر اور یاروں کی پیروی نہ کرو تم بہت کم نصیحت پکڑتے ہو

وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ

اور کتنی بستیوں کو ہم ہلاک کر چکے ہیں پس ہمارے عذاب نے اُنکو راتوں رات آلیا تھا یا دن میں جبکہ

قَآئِلُوْنَ ۝ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ

وہ قیلولہ میں تھے پھر جسوقت اُن پر ہمارا عذاب آیا تو اُنکی واویلا اسکے سوا کچھ بھی نہ تھی کہ

اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ

اسکے قائل ہو گئے کہ بیشک ہم ظالم تھے پس ہم اُنسے بھی ضرور بازپرس کرینگے جنکی طرف رسول

اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ

بھیجے گئے تھے اور رسولوں سے بھی ضرور ہم بازپرس کرینگے اور ہم علم کے ساتھ اُنسے بیان کر دینگے (کہ کیا تھا)

وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ۝ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ ۚ فَمَنْ

ہم غائب تو تھے ہی نہیں اور اُس دن کی تول برحق ہے پس جسکی

ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَمَنْ

نیکیاں بھاری ہو گئیں وہی تو کامیاب ہیں اور جسکی

خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

نیکیاں ہلکی ہو گئیں وہ وہی ہیں جنہوں نے ہماری نشانیوں پر ظلم کر کے

بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي

سبب اپنے آپ کو نقصان پہنچایا اور بیشک ہمنے تمکو زمین میں

الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا

قابو دیا اور اُس میں تمھارے واسطے سامان زندگی مقرر کیا تم بہت کم

ع ۱ / ۸

مَا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ

شکر کرتے ہو اور بیشک ہمنے تمکو پیدا کیا پھر تمھاری صورت بنادی پھر

قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ

ہمنے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو پس سوا ابلیس کے سبھی نے

اِبْلِيْسَ ۭ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝ قَالَ مَا مَنَعَكَ

سجدہ کیا (وہ) سجدہ کرنے والوں میں سے نہ تھا (پروردگار نے) فرمایا کہ جب میں نے تجھکو

اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ۭ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ

حکم دیا تو پھر سجدہ کرنے سے تجھے کس چیز نے روکا (اسنے) عرض کی میں آدم سے بہتر ہوں مجھکو تو نے

مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا

آگ سے پیدا کیا ہے اور اسکو مٹی سے (خدا تعالیٰ نے) فرمایا اتر یہاں سے تیری یہ

فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ

منزلت نہیں ہے کہ تو یہاں تکبر کرے پس نکل جا بے شک تو ذلیلوں میں

الصّٰغِرِيْنَ ۝ قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ قَالَ

سے ہے اسنے عرض کی کہ جسدن لوگ محشور کئے جاوینگے اسدن تک مجھے مہلت عطا فرما فرمایا

اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ

بیشک تو مہلت پانے والوں میں سے ہے اسنے عرض کی کہ جس طرح سے تو نے مجھے ایسا حکم دیا میں بھی ضرور ان

لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ

سب کے لئے راہ راست میں (راہزنی کرنے) بیٹھوں گا پھر انکے پاس انکے سامنے سے اور

اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ

پس پشت سے اور داہنے سے اور بائیں سے ضرور آؤنگا اور

شَمَاۗىِٕلِهِمْ ۭ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ۝ قَالَ اخْرُجْ

تو انمیں سے بہت سوں کو شکر گزار نہ پائیگا (خدا نے) فرمایا تو یہاں سے

مِنْهَا مَذْءُومًا مَّدْحُورًا ۚ لَّمَن تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَأَمْلَأَنَّ

ذلیل وخوار ہو کر نکل جا (اور) اُن میں سے جو تیری پیروی کریگا تو میں (بھی)

جَهَنَّمَ مِنكُمْ أَجْمَعِينَ ۝ وَيَا آدَمُ اسْكُنْ أَنتَ وَ

تم سب سے ضرور جہنم بھر دونگا اور اے آدم تم اور تمھاری زوجہ جنت

زَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا

میں بسو اور جہاں جہاں سے تمھارا جی چاہے کھاؤ اور اس درخت کے پاس

هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ ۝ فَوَسْوَسَ

نہ جانا ورنہ تم دونو ظالموں میں سے ہو جاؤ گے پھر شیطان نے

لَهُمَا الشَّيْطَانُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وُورِيَ عَنْهُمَا مِن

اُنکے دل میں وسوسہ ڈالا تاکہ اُنکے ستر جو ایک دوسرے سے پوشیدہ تھے وہ ظاہر کردے

سَوْآتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهَاكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هَٰذِهِ الشَّجَرَةِ

اور یہ کہا کہ تمھارے مالک نے تمکو اس درخت سے روکا نہیں ہے مگر (صرف) اس لئے کہ

إِلَّا أَن تَكُونَا مَلَكَيْنِ أَوْ تَكُونَا مِنَ الْخَالِدِينَ ۝

کہیں تم فرشتے نہ بنجاؤ یا ہمیشہ کے رہنے والے نہو جاؤ

وَقَاسَمَهُمَا إِنِّي لَكُمَا لَمِنَ النَّاصِحِينَ ۝ فَدَلَّاهُمَا

اور اُن دونو کے سامنے قسم کھائی کہ میں ضرور تمھارے خیرخواہوں میں سے ہوں اور اس طرح دھوکے سے

بِغُرُورٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْآتُهُمَا

اُنکو ڈانواڈول کردیا پھر جیسے ہی اُن دونو نے اُس درخت (کے پھل) کو چکھا اُنکے ستر کھل گئے

وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِن وَرَقِ الْجَنَّةِ ۖ وَ

اور وہ جنت کے پتے (جوڑ) جوڑ کے (اپنے) اپنے ستر چھپانے لگے اور

نَادَاهُمَا رَبُّهُمَا أَلَمْ أَنْهَكُمَا عَن تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ

اُنکے پروردگار نے پکار کر اُنسے کہا کیا میں نے تم دونو کو اس درخت سے منع نہ کیا تھا

اور ہمیشہ جنت میں رہوگے اور اگر شجر کا پھل نہ کھاؤ گے تو تمکو جنت سے نکالیگا اور قسم کھا کے بیان کیا کہ میں تمھارا خیرخواہ ہوں تب آدم علیہ السلام نے اُسکی بات مان لی کر

[illegible]

وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○ قَالَا

اور تمکو یہ جتا نہ دیا تھا کہ شیطان تمہارا کھلا دشمن ہے دونوں نے عرض کی

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا

(کہ) اے پروردگار ہمنے اپنے اوپر ظلم کیا اور اگر تو بخش نہ دیگا اور رحم نہ کریگا تو ہم

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ

ضرور نقصان اٹھانیوالون مین سے ہوجائینگے فرمایا نکل جاؤ تم ایک دوسرے کے

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّ

دشمن رہو گے اور وقت مقرر تک زمین ہی مین تمہارے لئے جاے قرار ہے اور

مَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ○ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوْتُوْنَ

وہین سرمایہ حیات (یہ بھی) فرمایا کہ اُسی مین تم جیو گے اور اُسی مین مروگے

وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ○ ع ۱۵ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ

اور اُسی سے (جزاو سزا کے لئے) تم نکال کھڑے کئے جاؤگے۔ اے اولاد آدمؑ ہمنے تمپر لباس نازل کیا

لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ۭ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى

کہ تمہاری پردہ پوشی کرے اور زینت ہو اور لباس تقوے

ذٰلِكَ خَيْرٌ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ○

وہ تو سب سے بہتر ہے یہ (لباس نازل کرنا) اُسکی نشانیون سے ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کرین

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ

اے اولاد آدمؑ شیطان تمکو فتنہ مین نہ ڈالے جیسا کہ اُسنے تمہارے والدین

اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا

کو جنت سے نکالا اور اُنکا لباس اُتروا لیا کہ اُنکے ستر

سَوْاٰتِهِمَا ۭ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ

ظاہر کردے بیشک وہ اور اُسکا لشکر تمکو ایسی جگہ سے دیکھتا رہتا ہے جہان سے تم

علہ ولباس التقوی ... جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ ... صاحب جنت کی ... ظاہر ہوئی ... لباس ... اور ... کپڑا پہنے ہو ۱۲

سے ھو وقبیلہ یعنی شیطان اور اُسکا لشکر ۱۲

لَا تَرَوْنَهُمْ ۗ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ

اُنکو نہین دیکھتے (مگر) ہمنے شیاطین کو اُنہی کا ہمدم مقرر کیا ہے جو

لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا

ایمان نہین رکھتے اور جسوقت وہ کوئی بدی کرتے ہین تو کہتے ہین کہ ہمنے تو اپنے

عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ

باپ دادا کو یہی کرتے پایا ہے اور اللہ نے ہمکو اسی کا حکم دیا ہے تم یہ کہدو کہ اللہ یقیناً

لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ۭ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا

بیحیائی کی باتون کا حکم نہین دیتا کیا تم اللہ کے برخلاف وہ کچھ کہتے ہو جو

لَا تَعْلَمُوْنَ ○ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۣ وَاَقِيْمُوْا

تم نہین جانتے تم کہدو کہ میرے پروردگار نے تو عدالت کا حکم دیا ہے اور یہ کہ ہر نماز

وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ

کے وقت (قبلہ کی طرف) اپنے رُخ کرو اور دین کو اُسی کے لئے خالص سمجھکر اُس

لَهُ الدِّيْنَ ۵ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ○ فَرِيْقًا

دعا مانگو جیسا اُسنے اوّل مین تمکو پیدا کیا تھا ویسے ہی اُسکی حضور مین پلٹ کر جاؤگے ایک گروہ کو تو

هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ۭ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا

اُسنے ہدایت کی اور ایک گروہ اس حال مین ہے کہ اُنپر گمراہی ثابت ہوگئی بیشک اُنہون نے خدا کو

الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ

چھوڑکر شیاطین کو اپنا یار بنالیا ہے اور گمان یہ کرتے ہین کہ

اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ○ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ

ہم ہدایت یافتہ ہین اے اولاد آدم ہر نماز کے وقت زینت کرو

عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ

اور کھاؤ اور پیو اور فضول خرچی نہ کرو

ع ۳ / ۱۰

إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ ۝ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللَّهِ

بیشک خدا تعالےٰ فضول خرچی کرنیوالون کو دوست نہین رکھتا۔ تم کہدو کہ خدا کی زینت کو جو اُسنے

الَّتِي أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ ۚ قُلْ هِيَ

اپنے بندون کے لئے پیدا کی ہے اور رزق کی پاک چیزون کو حرام کسنے کیا ہے تم کہدو کہ جو لوگ

لِلَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ

زندگانی دنیا مین ایمان لائے ہین قیامت کے دن یہ نعمتین خاص طور پر اُنہی کے

الْقِيَامَةِ ۗ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝

لئے ہونگی سمجھنے والون کے لئے ہم اس طرح اپنی آیتون کی تفصیل کر دیتے ہین

قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

تم کہدو کہ میرے رب نے بیحیائی کی باتون کو وہ کھلی ہون تو اور چھپی ہون تو

وَمَا بَطَنَ وَالْإِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَأَنْ تُشْرِكُوا

حرام کیا ہے اور گناہ کو اور ناحق کی بغاوت کو اور اس بات کو کہ تم خدا کا

بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَأَنْ تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ مَا

شریک مقرر کرلو جسکے متعلق خدا نے کوئی حجت (سند) نہین اُتاری اور اس بات کو کہ خدا کے خلاف

لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ

وہ کچھ کہدو جو تم نہین جانتے (حرام قرار دیا ہے) اور ہر گروہ کے لئے ایک وقت مقرر ہے پس جب اُنکا وقت آجائیگا

أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً ۖ وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝

تو وہ ایک ساعت کے لئے نہ پیچھے رہینگے اور نہ آگے بڑھینگے

يَا بَنِي آدَمَ إِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَقُصُّونَ

اے اولاد آدم تمہارے پاس تمہارے ہمجنس رسول ضرور آئینگے جو میری آیتین تمکو پڑھکر

عَلَيْكُمْ آيَاتِي ۙ فَمَنِ اتَّقَىٰ وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

سنائینگے پس جو تقوےٰ اور نیکی اختیار کرینگے اُنپر نہ کوئی خوف طاری ہوگا

عداوت کرینگے جنسے مراد ہین مولوی ملا پیر۔ اور تفسیر مجمع البیان مین جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہان مراد ہین سب کے سب گمراہ امام یعنی ائمۂ جور [illegible]

وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا

اور نہ وہ رنج اٹھاینگے اور جو ہماری آیتون کو جھٹلاینگے

وَاسْتَكْبَرُوا عَنْهَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا

اور بروے تکبر انکو نہ مانینگے جہنمی وہی ہین جس مین وہ ہمیشہ

خَالِدُونَ ○ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا

رہنے والے ہونگے اور اُسسے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ کے ذمہ جھوٹ بہتان باندھے

أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ط أُولَٰئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيبُهُمْ مِنَ

یا اُسکی آیتون کو جھٹلاے یہی وہ ہین جنکا لکھا ہوا حصہ اُنکو پہنچیگا

الْكِتَابِ ط حَتَّىٰ إِذَا جَاءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ قَالُوا

یہانتک کہ جسوقت ہمارے بھیجے ہوے انکے پاس پہنچکر اُنکا فیصلہ کرینگے اُنسے (پوچھی)

أَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ ط قَالُوا ضَلُّوا

کہینگے کہ اللہ کے سوا تم جنکو پکارا کرتے تھے وہ اب کہان ہین تو وہ کہینگے کہ وہ توہسے غائب

عَنَّا وَشَهِدُوا عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُوا كَافِرِينَ ○

ہوگئے اور اپنی ذات کی نسبت گواہی دینگے کہ بیشک ہم کافر تھے

قَالَ ادْخُلُوا فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِنَ الْجِنِّ

(خدا تعالے) فرمائیگا کہ تم (بھی) اُنہی امتون مین داخل ہوجاؤ جو جنون اور آدمیون مین سے تم سے

وَالْإِنْسِ فِي النَّارِ ط كُلَّمَا دَخَلَتْ أُمَّةٌ لَعَنَتْ أُخْتَهَا ط

پہلے آتش جہنم مین جا چکین جسوقت کوئی گروہ داخل ہوگا وہ اپنے ہمجنس گروہ کو لعنت کریگا

حَتَّىٰ إِذَا ادَّارَكُوا فِيهَا جَمِيعًا قَالَتْ أُخْرَاهُمْ لِأُولَاهُمْ

یہانتک کہ جب سب اُسمین جمع ہوجاینگے تو پچھلے پہلون کی نسبت یہ عرض کرینگے کہ

رَبَّنَا هَٰؤُلَاءِ أَضَلُّونَا فَآتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِنَ النَّارِ ۵

اے ہمارے پروردگار ہمکو تو انہون نے گمراہ کیا پس انکو آتش جہنم کا دوگنا عذاب دے

له رُسُلُنَا یہان رسلنا سے مراد ملک الموت اور اُنکے اعوان ہین ۱۲ سه كُلَّمَا دَخَلَتْ أُمَّةٌ لَعَنَتْ أُخْتَهَا کافی مین جناب امام محمد باقر [illegible]

دیکھینگے وہ کہینگے الحمد للہ الذی ہدانا لہذا مطلب یہ ہے کہ ہمکو جناب امیر المومنین اور ائمہ کی ہدایت قبول کرنیکی توفیق ملی ۱۲

قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ○ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ

(خدا ایتھا لے) فرمائیگا کہ ہر ایک کے لیے دوگنا (ہے) لیکن تم سمجھتے ہی نہین اور پہلے پچھلون سے

لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا

کہینگے کہ اب تمکو ہمپر کیا فضیلت رہی اب تم (بھی)

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

اپنے کیے کا عذاب چکھو بیشک جنہون نے ہماری آیتون کو

ع ۵

بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ

جھٹلایا اور بروے تکبر اُنسے اعراض کیا نہ اُنکے لیے آسمان کے دروازے کھولے جائینگے

وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ

اور نہ وہ جنت مین داخل ہونگے جبتک کہ اونٹ سوئی کے ناکے سے نہ گزر جائے

وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ○ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ

اور ہم مجرمون کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہین جہنم مین اُنکے لیے بچھونا (بھی) ہے

وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ○

اور اوپر اوڑھنے کی چیزین (بھی) اور ہم ظالمون کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہین

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا

اور جو لوگ ایمان لائے ہین اور نیکوکار ہین حالانکہ ہم کسی نفس کو اُسکی حد وسعت سے زیادہ

اِلَّا وُسْعَهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا

تکلیف نہین دیتے جنتی وہی ہین جس مین وہ ہمیشہ

خٰلِدُوْنَ ○ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ

رہنے والے ہونگے اور اُنکے سینون کو ہم کینہ سے پاک کردینگے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

نہرین اُنکے نیچے بہتی ہونگی اور وہ یہ کہتے ہونگے کہ سب تعریف اُس اللہ کے لیے (ہے) جسنے

منزل ۲

حتی یلج الجمل فی سم الخیاط لفظی معنی جبتک اونٹ سوئی کے ناکے مین در آئے مطلب یہ ہے کہ جیسے وہ ناممکن ہے ایسے ہی [illegible]

هَدٰنَا لِهٰذَا ۟ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰنَا

ہمکو اس جگہ تک پہنچایا اور اگر اللہ ہمارا رہبر نہوتا تو ہم راہ نہ پاتے

اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْٓا اَنْ

بیشک ہمارے پروردگار کے برحق رسول ہمارے پاس آئے اور اسی وقت انکو آواز

تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَ

دی جائیگی کہ بوجہ ان اعمال کے جو تم کیا کرتے تھے اس جنت کے تم وارث کیے گئے اور

نَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا

جنت والے جہنم والوں سے پکار کر پوچھینگے کہ ہمارے پروردگار نے ہمسے جو وعدہ

مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ

کیا تھا ہمنے تو اُسے ٹھیک پایا پس تمہارے پروردگار نے جو وعدہ کیا تھا آیا تمنے بھی اُسے

حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ

ٹھیک پایا وہ جواب دینگے ہاں پھر ایک آواز دینے والا اُنکے مابین آواز دیگا کہ ظالموں پر

عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

خدا کی لعنت ہو جو راہ خدا سے روکتے تھے

وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ۝ وَبَيْنَهُمَا

اور اُس کی کجی کے خواستگار تھے اور وہی آخرت سے منکر تھے اور ان دونوں گروہوں کے

حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا

مابین آڑ ہوگی اور (اسکی) برجیوں پر ایسے لوگ ہونگے جو ہر ایک کو اُنکی پیشانیوں سے پہچانتے

بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ

ہونگے اور وہ جنت والوں کو آواز دیکر یہ کہینگے کہ تم پر سلام ہو

لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ۝ وَاِذَا صُرِفَتْ

وہ خود ابھی اسمیں نہ پہنچے ہونگے حالانکہ راغب ہونگے اور جس وقت اُنکی نظر

ابصارهم تلقاء اصحب النار قالوا ربنا لا تجعلنا

جہنم والون کی طرف پھیرینگی تو عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو

مع القوم الظلمين ۝ ونادى اصحب الاعراف

ظالم لوگون کے ساتھ نہ رکھیو اور مالکان اعراف (سرداران کفار مین سے) بعض لوگون کو

رجالا يعرفونهم بسيمهم قالوا ما اغنى عنكم

پکارینگے جنکو وہ اُنکی پیشانیون سے پہچانتے ہونگے اور یہ کہینگے کہ نہ تمہارے جتھے نے کچھ کام دیا

جمعكم وما كنتم تستكبرون ۝ اهؤلاء الذين

اور نہ اُن چیزون نے جنپر تم گھمنڈ کیا کرتے تھے (پھر گنہگار شیعون کی طرف اشارہ کرکے اُن کفار سے کہینگے)

اقسمتم لا ينالهم الله برحمة ادخلوا الجنة

کیا یہ وہی ہین جنکی نسبت تم قسم کھا کھا کر کہا کرتے تھے کہ انپر اللہ رحمت نہ کریگا (پھر اُن شیعون کی طرف متوجہ ہوکر فرمائینگے)

لا خوف عليكم ولا انتم تحزنون ۝ ونادى

تم جنت مین جاؤ تمپر کوئی خوف نہین ہے اور نہ تم رنجیدہ ہوگے اور جہنم والے

اصحب النار اصحب الجنة ان افيضوا علينا

جنت والون سے پکار کر کہینگے کہ تھوڑا سا پانی اور کچھ وہ چیزین جو اللہ نے

من الماء او مما رزقكم الله قالوا ان الله حرمهما

تمکو عنایت کی ہین ہمپر (بھی) اُنڈیلدو (وہ) جواب دینگے کہ اللہ نے یہ دونو چیزین اُن

على الكفرين ۝ الذين اتخذوا دينهم لهوا

کافرون پر حرام کردی ہین جنہون نے اُسکے دین کو کھیل کود بنایا تھا

لعبا وغرتهم الحيوة الدنيا فاليوم ننسهم

اور زندگانی دنیا نے اُنکو دھوکا دیا تھا (ارشاد باری ہوگا) بس آج کے دن

كما نسوا لقاء يومهم هذا وما كانوا بايتنا

ہم (بھی) اُنکو ایسا ہی بھلا دینگے جیسا کہ وہ اس دن کے آنےکو بھولے ہوئے تھے اور جیسا کہ وہ ہماری نشانیون کا

ع ۸ ۱۲

منزل ۲

يَجْحَدُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

انکار کیا کرتے تھے اور بیشک ہمنے اُنکو ایک ایسی کتاب دی ہے جسکی تفصیل ہمنے جانچ کر کی ہے

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

درآنحالیکہ وہ ایمان لانیوالے لوگوں کے لئے ہدایت و رحمت ہے کیا وہ صرف اُسکے انجام کے

اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ

منتظر ہیں؟ جسدن اُسکا انجام ظاہر ہو جائیگا تو جو اُسکو پہلے سے بھولے ہوے تھے

مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا

وہ یہ کہینگے کہ بیشک ہمارے پروردگار کے رسول حق لیکر آئے تھے پھر اب ہمارے بھی کوئی

مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ

شفاعت کرنیوالے ہیں جو ہماری شفاعت کریں یا ہم واپس بھیجدیے جائیں کہ جیسے عمل (بد) ہم کیا کرتے

كُنَّا نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا

تھے اُنکے برخلاف (نیک) عمل کریں بیشک اُنہوں نے اپنے آپ کو بڑا نقصان پہنچایا اور جو افترا پردازیاں وہ

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

کیا کرتے تھے وہ سب اُنکے ہاتھ سے نکل گئیں۔ بیشک تمہارا پروردگار وہ اللہ ہے جسنے آسمانوں کو اور

ع ۶ / ۱۳

وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ

زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر (اُسکا حکم) غالب آیا (تو)

يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَ

رات کو دن سے ڈھانپ دیتا ہے جو تیزی سے اُسکے پیچھے چلا آتا ہے اور (اُسی نے) سورج اور

الْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ

چاند اور ستاروں کو اس شان سے پیدا کیا کہ اُسکے حکم کے تابع ہیں آگاہ رہو کہ بنانا اور حکم دینا

وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ

اُسی کا کام ہے اللہ کل عالموں کا پرورش کرنیوالا صاحب برکت ہے تم اپنے پروردگار سے گڑگڑا کر اور

لہ الخلق والامر خلق سے مراد عالم اجسام اور امر سے مراد عالم ارواح ہے ۱۲

تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا

چپکے چپکے دعا مانگا کرو بیشک وہ تجاوز کرنیوالون کو دوست نہین رکھتا اور

تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ

زمین مین بعد اُسکی اصلاح کے فساد مت کرو اور خدا سے امید و بیم

خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ

کیساتھ دعا مانگو بیشک رحمت خدا نیکی کرنیوالون سے قریب

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا

ہے اور وہ وہی ہے جو اپنی رحمت (بارش) سے پہلے خوشخبری دینے کے لئے

بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۭ حَتّٰٓي اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا

ہوا کو بھیجدیتا ہے یہانتک کہ جب وہ بھرے ہوے بادلون کو لے آتی ہے تو ہم

سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَاۗءَ فَاَخْرَجْنَا

اُنکو مردہ زمینون کی طرف لیجاتے ہین پھر اُن مین سے پانی اُتارتے ہین پھر اُسکے ذریعہ سے

بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ

ہر قسم کے پھل پیدا کر دیتے ہین اسی طرح ہم مُردون کو (بھی) زندہ کرینگے تاکہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ۝ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ

یاد رکھو اور عمدہ زمین کی نباتات تو حکم خدا سے خوب اُگتی ہے

رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ۭ كَذٰلِكَ

اور جو زمین ناکارہ ہوتی ہے اسمین سے کچھ نہین اُگتا مگر اگا دُکا ہم اسی طرح

نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝ لَقَدْ اَرْسَلْنَا

شکر کرنیوالون کے لئے آیات کا اُلٹ پھیر کیا کرتے ہین بیشک ہمنے نوح کو اُنکی

ع ٥ ١٤

نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

قوم کی طرف بھیجا پس اُنہون نے یہ فرمایا کہ اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو کہ اُسکے سوا تمھارا

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ○

اور کوئی معبود نہین ہے مین ضرور تمھارے لئے بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہون

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○

اُنکی قوم کے شرفا نے یہ کہدیا کہ ہم تو آپ ہی کو کھلی گمراہی مین دیکھتے ہین

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ

حضرت نوحؑ نے فرمایا کہ اے میری قوم مجھ مین گمراہی (ذرہ بھر بھی) نہین ہے بلکہ مین تو پروردگار

رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ

کی طرف سے بھیجا ہوا ہون تمکو اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہون اور تمھاری ہی خیرخواہی

لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ اَوَعَجِبْتُمْ

اور تم سے پہلے رسولوں کی یقیناً ہنسی اڑائی گئی اور میں نے ان

فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ

لوگوں کو جو کافر ہوگئے مہلت دی پھر انسے مواخذہ کیا پھر میری سزا کیسی

عِقَابِ ۝ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ۚ

سخت تھی کیا وہ جو ہر نفس کے اعمال کا نگراں ہے (اسکے مانند ہوسکتا ہے جو ایسا نہیں ہے) اور انہوں نے

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا

اللہ کے شریک قرار دے لئے تم کہدو کہ ذرا انکے نام تو بتاؤ یا تم اسکو ایسوں کی خبر دیتے ہو جنکو وہ

لَا يَعْلَمُ فِى الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ

زمین میں جانتا ہی نہیں یا خالی باتیں ہی باتیں ہیں بلکہ (صورت حال یہ ہے کہ) جو لوگ

لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ

کافر ہوگئے انکی چالیں انکی نظروں میں زینت پا گئی ہیں اور راہ راست سے وہ روک دیئے گئے ہیں اور

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ○ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ

جسے اللہ توفیق ہدایت سلب کرلے اسکا کوئی راہ بتانیوالا نہیں ہوتا۔ انکے لئے زندگانی دنیا میں بھی عذاب ہے

الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ

اور آخرت کا عذاب اور زیادہ سخت ہے اور اللہ کے عذاب سے انکو کوئی بچانیوالا

وَّاقٍ ○ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ تَجْرِيْ مِنْ

نہوگا جس جنت کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اسکا حال یہ ہے کہ اسکے نیچے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اُكُلُهَا دَاۗىِٕمٌ وَّظِلُّهَا ۭ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ

ندیاں بہتی ہونگی اسکے پھل اور اسکا سایہ ہمیشہ رہیگا یہ اُن لوگوں کا انجام ہے جو پرہیزگار

اتَّقَوْا ڰ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ○ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

رہے اور کافروں کا انجام جہنم ہے اور وہ لوگ جنکو ہمنے کتاب دی

الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ

وہ اُس سے جو کچھ تمہاری طرف نازل کیا گیا خوش ہیں اور گروہوں میں سے ایسے بھی ہیں جو

مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ۭ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ

اسکی بعض باتوں سے انکار کرتے ہیں تم کہدو کہ مجھ یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور کسی کو

اُشْرِكَ بِهٖ ۭ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ○ وَكَذٰلِكَ

اسکا شریک کروں اُسی کی طرف میں بلاتا ہوں اور اُسی کی طرف میری بازگشت ہے اور اسی طرح ہمنے اسکو عربی

اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۭ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ بَعْدَ

زبان میں فرمان (بناکر) نازل کیا ہے اور اگر بعد اسکے کہ تمہارے پاس علم آچکا ہے تم اُنکی خواہشوں کی

مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ○ ع ۵ / ۱۱

پیروی کروگے تو خدا کے مقابلہ میں پھر تمہارا کوئی نہ حامی ہوگا اور نہ بچانیوالا

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا

اور بیشک ہمنے تم سے پہلے بھی کچھ رسول بھیجے تھے اور اُنکے لئے ازواج بھی مقرر کی تھیں

شرف اُنکا خاص ہے کہ جس پاسکے اُنکے اہلبیت قبول اسلام میں ہو اس پایہ کے اور کسی نبی کے نہیں ہوے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ وہ ذریت رسول اللہ جنکا ذکر اس آیت میں ہے وہ ہم ہیں ۱۲

وَذُرِّيَّةً ۚ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ

اور اولاد بھی اور کسی رسول کا یہ کام نہ تھا کہ بغیر حکم خدا کوئی علامت ظاہر کرے ہر وقت مقررہ کے

لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ ۝ يَمْحُو اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ ۖ وَعِنْدَهُ

لئے ایک تحریری حکم ہے اللہ جسے چاہتا ہے محو کر دیتا ہے اور جو چاہتا ہے قائم فرما دیتا ہے

أُمُّ الْكِتَابِ ۝ وَإِنْ مَا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ

اصلی کتاب اسی کے پاس ہے اور جن جن چیزوں کا ہم اُنسے وعدہ کرتے ہیں خواہ انمیں سے بعض تمکو دکھلادیں

نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ۝

یا تمکو (پہلے ہی) اُٹھالیں پس تمہارے ذمّہ تو صرف پہنچا دینا ہے اور حساب لینا ہمارے ذمّہ ہے

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا ۚ

کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اُسکے اطراف سے برابر کم کرتے چلے آرہے ہیں اور اللہ حکم

وَاللَّهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ ۚ وَهُوَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝

دیتا ہے اُسکے حکم کا رد کرنیوالا کوئی نہیں ہے اور وہ سب سے تیز حساب لینے والا ہے اور

وَقَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلَّهِ الْمَكْرُ جَمِيعًا ۖ يَعْلَمُ

جو لوگ اُنسے پہلے تھے انہوں نے یقیناً چالیں چلیں مگر تمام چالوں کا بدلہ دینا تو اللہ کا کام ہے ہر شخص

مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ۗ وَسَيَعْلَمُ الْكُفَّارُ لِمَنْ عُقْبَى

جو کچھ کرتا ہے اللہ اُس سے واقف ہے اور عنقریب کفار بھی جان لینگے کہ اس گھر کا انجام (بخیر)

الدَّارِ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلًا ۚ


کسکے لئے ہے اور جو لوگ کافر ہوگئے وہ یہ کہتے ہیں کہ تم کسی کے بھیجے ہوئے نہیں ہو تم یہ

قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ

کہدو کہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی دینے کو ایک تو اللہ کافی ہے اور

عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ ۝

(دوسرے) وہ جنکے پاس اس کتاب کا پورا علم ہے



سورة ابراهيم مكية وهي ثنتان وخمسون اية

آیاتها ۵۲ · رکوعاتها ۷ · کلماتها ۸۴۵ · حروفها ۳۶۰۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن اور رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ

الرٰ۔ یہ کتاب ہمنے تمہارے پاس اس غرض سے اُتاری ہے کہ خدا کے حکم کے بموجب

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ

لوگوں کو (کفر کی) اندھیریوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لاؤ (یعنی) اُس زبردست لائق تعریف خدا کے

الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

رستے کی طرف [illegible] کہ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے اُسی کا

فِي الْاَرْضِ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۝

ہے اور کافروں کے واسطے جو آخرت کے مقابلہ میں زندگانی دنیا کو اختیار

الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَ

کرتے ہیں اور لوگوں کو راہ خدا سے روکتے ہیں اور اُسکی کجی کے خواستگار ہیں سخت عذاب کی

يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ

[illegible] ہے یہی لوگ تو

فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ

بڑی گمراہی میں ہیں اور ہمنے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اپنی ہی قوم کی زبان میں

اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۭ فَيُضِلُّ اللّٰهُ

(باتیں کرنیوالا) تاکہ اُنسے مطلب کھول کر بیان کردے پھر اللہ جسے چاہے توفیق

مَنْ يَّشَاۤءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۤءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

ہدایت سلب کرلے اور جسے چاہے ہدایت فرمادے اور وہ زبردست (اور)

بھیجا ہے گورے ہوں یا کالے۔ (عرب ہوں یا عجم)

زیادتی نعمت کا مستحق ہوجاتا ہے۔ اور اُنہی حضرت سے یہ بھی منقول ہے کہ خدا تعالیٰ کی کوئی چھوٹی یا بڑی نعمت ایسی نہیں ہے کہ لفظ الحمد للہ

الحكيم ○ ولقد ارسلنا موسى بايتنا ان اخرج

حکمت والا ہے اور بالتحقیق موسیٰ کو بھی نشانیاں دیکر (اس حکم کے ساتھ) بھیجا کہ اپنی قوم کو

قومك من الظلمت الى النور ۵ وذكرهم

(کفر کی) اندھیریوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لاؤ اور انکو اللہ کے دن

بايىم الله ان في ذلك لايت لكل صبار شكور ○

یاد دلاؤ بیشک ان واقعات میں ہر صبر و شکر کرنیوالے کے لئے نشانیاں موجود ہیں

واذ قال موسى لقومه اذكروا نعمة الله عليكم

اور (اس وقت کو یاد کرو) جبکہ موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا تھا کہ اللہ کے اس احسان کو جو تم پر ہوا

اذ انجىكم من ال فرعون يسومونكم سوء العذاب

یاد کرو کہ اُسنے تمکو فرعون والوں کے ہاتھ سے نجات دی جو تمکو سخت سے سخت عذاب دیتے تھے

ويذبحون ابناءكم ويستحيون نساءكم وفي ذلكم

کہ تمہارے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتے تھے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس میں تمہارے

بلاء من ربكم عظيم ○ واذ تاذن ربكم

ع ۱۳

پروردگار کی طرف سے بہت بڑی آزمائش تھی اور (اُس وقت کو بھی یاد کرو) جبکہ تمہارے پروردگار نے

لئن شكرتم لازيدنكم ولئن كفرتم ان عذابي

جتلا دیا تھا کہ اگر تم شکر ادا کرو گے تو میں تمہیں ضرور بڑھا دونگا اور اگر تم کفران نعمت کرو گے تو میرا عذاب

لشديد ○ وقال موسى ان تكفروا انتم ومن في

بھی بڑا ہی سخت ہے اور موسیٰ نے (یہ) فرمایا کہ اگر تم اور زمین میں جتنے ہیں وہ سب ملکر کفران نعمت

الارض جميعا فان الله لغني حميد ○ الم ياتكم

کرو تو (خدا کا کیا نقصان ہے) اللہ ضرور بے نیاز (اور) لائق تعریف ہے کیا تمہارے پاس ان

نبؤا الذين من قبلكم قوم نوح وعاد وثمود ۵

مع

لوگوں کی خبر نہیں آئی جو تم سے پہلے قوم نوح اور قوم عاد اور قوم ثمود سے تھے

ف وذکرھم بایام اللہ یعنی انکو اللہ کے دن یاد دلاؤ پھر اسب دن خدا ہی کے ہیں مگر یہ مذکورہ کوئی خاص دن ہیں جنکی نسبت جناب

وَالَّذِينَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا اللَّهُ ۚ جَاءَتْهُمْ

اور انکی جو انکے بعد تھے جنکو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا انکے رسول انکے پاس

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ

کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے اور انہوں نے اپنے ہاتھ ان رسولوں کے منہ میں ٹھونس

وَقَالُوا إِنَّا كَفَرْنَا بِمَا أُرْسِلْتُمْ بِهِ وَإِنَّا لَفِي شَكٍّ مِمَّا

ٹھونس دئے اور یہ کہہ دیا کہ جو کچھ تمکو دیکر بھیجا گیا ہے ہم اس سے یقیناً منکر ہیں اور جسکی طرف تم ہمکو بلاتے ہو

تَدْعُونَنَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ ۝ قَالَتْ رُسُلُهُمْ أَفِي اللَّهِ شَكٌّ

ہم اس سے بہت ہی شک میں ہیں انکے رسولوں نے کہا کیا آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنیوالے

فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ يَدْعُوكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِنْ

خدا کے بارے میں (تمکو) شک ہے؟ وہ تمکو اس لئے بلاتا ہے کہ تمہارے گناہوں کو بخشدے

ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى ۚ قَالُوا إِنْ أَنْتُمْ

اور ایک وقت معینہ تک تمکو ڈھیل دے انہوں نے جواب دیا کہ تم تو ہم ہی جیسے

إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا تُرِيدُونَ أَنْ تَصُدُّونَا عَمَّا كَانَ

آدمی ہو تم یہ چاہتے ہو کہ جن چیزوں کی ہمارے باپ دادا عبادت کیا کرتے تھے

يَعْبُدُ آبَاؤُنَا فَأْتُونَا بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ۝ قَالَتْ لَهُمْ

ان سے ہمیں باز رکھو پس کوئی کھلا معجزہ لیکر آؤ انکے رسولوں نے انسے کہا

رُسُلُهُمْ إِنْ نَحْنُ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَمُنُّ

کہ ہم تو تم ہی جیسے آدمی ہیں لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جسپر

عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۖ وَمَا كَانَ لَنَا أَنْ

چاہتا ہے احسان کرتا ہے اور یہ ہمارا کام نہیں ہے کہ ہم

نَأْتِيَكُمْ بِسُلْطَانٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَعَلَى اللَّهِ

بغیر حکم خدا کے تمکو کوئی معجزہ دکھلائیں اور اللہ ہی پر

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ○ وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ

مومنوں کو بھروسہ کرنا چاہئے اور ہمکو کیا ہوگیا ہے کہ ہم اللہ پر بھروسہ

عَلَى اللَّهِ وَقَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا ۚ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَىٰ مَا

نہ کریں حالانکہ اسی نے ہمکو اپنی راہیں دکھلائی ہیں اور جو تکلیفیں تم ہمکو پہنچاتے ہو ہم انپر ضرور

آذَيْتُمُونَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ○ وَ

صبر کرینگے اور اللہ ہی پر بھروسہ کرنیوالوں کو بھروسہ کرنا چاہئے اور جو

ع ٢

قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِنْ أَرْضِنَا

کافر ہوگئے تھے انہوں نے اپنے رسولوں سے یہ کہا کہ ہم تمکو اپنے ملک سے نکالکر چھوڑینگے یا یہ کہ تم ہمارے

أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا ۚ فَأَوْحَىٰ إِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ

مذہب میں لوٹ آؤگے پس انکے پروردگار نے انکو یہ وحی فرمائی کہ ہم ان نافرمانوں کو

الظَّالِمِينَ ○ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْأَرْضَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۚ

ضرور ہلاک کردینگے اور انکے بعد زمین میں ضرور تمکو آباد کرینگے

ذَٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِي وَخَافَ وَعِيدِ ○

یہ صلہ اُن لوگوں کے لئے ہے جو ہماری حضور میں کھڑے ہونے سے خوف کریں

وَاسْتَفْتَحُوا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ○ مِنْ وَرَائِهِ

اور ہمارے عذاب سے ڈریں اور وہ (پیغمبر) طالب فتح ہوئے اور ہر سرکش ضدی ظالم ناامید ہوا آگے اسکے

جَهَنَّمُ وَيُسْقَىٰ مِنْ مَاءٍ صَدِيدٍ ○ يَتَجَرَّعُهُ

جہنم ہے اور پیپ کے پانی میں سے اسکو پلایا جائیگا وہ گھونٹ گھونٹ اسکو پیئے گا

وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ

اور پھر بھی حلق سے نہ اُتار سکیگا اور موت اسکو ہر طرف سے آئیگی

مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۖ وَمِنْ وَرَائِهِ عَذَابٌ

حالانکہ وہ مرنیوالا نہو گا اور اس سے آگے اور سخت عذاب

غَلِيظٌ ۝ مَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ

ہوگا جن لوگوں نے اپنے پروردگار کا انکار کیا اُنکی حالت یہ ہے کہ اُنکے اعمال اس راکھ کی

اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ لَا يَقْدِرُونَ

مانند ہیں جسکو آندھی کے دن تیز ہوا اُڑا لیجائے جو کچھ اُنہوں نے کیا ہوگا

مِمَّا كَسَبُوا عَلَىٰ شَيْءٍ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ۝

اُسکے کسی جزو پر اختیار نہ رکھینگے انتہا درجے کی ناکامی یہی تو ہے

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ

کیا تمنے اس میں غور نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو غرض صحیح کے ساتھ پیدا کیا ہے

إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ۝ وَمَا ذَٰلِكَ

اگر وہ چاہے تمکو دور کردے اور اور نئی مخلوق لے آئے اور یہ اللہ کے لیے ذرا بھی

عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ ۝ وَبَرَزُوا لِلَّهِ جَمِيعًا فَقَالَ الضُّعَفَاءُ

دشوار نہیں ہے اور (اُسوقت) سب خدا کی حضور میں نکل کر جمع ہونگے تو اُسوقت چھوٹی

لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ أَنْتُمْ

عقلوں والے اُنسے جو بڑے بن گئے تھے یہ کہینگے کہ (حضرت) ہم تو آپکے پیرو تھے تو اب آج آپ

مُغْنُونَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللَّهِ مِنْ شَيْءٍ قَالُوا لَوْ

ہمکو کچھ عذاب خدا سے بھی بچالینگے؟ وہ کہینگے کہ اگر اللہ کوئی مخلصی کا

هَدَانَا اللَّهُ لَهَدَيْنَاكُمْ سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَجَزِعْنَا

راستہ ہمکو بتائیگا تو ہم تمکو بھی بتادینگے مگر ہمارے لئے تو دونوں حالتیں برابر ہیں خواہ ہم

أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَحِيصٍ ۝ وَقَالَ الشَّيْطَانُ لَمَّا

روئیں پیٹیں یا صبر سکوت اختیار کریں ہمارے لیے تو کوئی چھٹکارا ہی نہیں ہے۔ اور جب سب طے ہو چکیگا تو شیطان

ع ۳ ۹ ۱۵

قُضِيَ الْأَمْرُ إِنَّ اللَّهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُكُمْ

یہ کہدیگا کہ اللہ نے تو تم سے سچا وعدہ کیا تھا اور میں نے جو تم سے وعدہ کیا تھا اس میں نے

فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ

تم سے اُسکے خلاف کیا اور میرا تو تم پر کوئی قابو تھا ہی نہیں سوائے اسکے کہ میں نے تمکو

دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا

بُلایا تھا اور تمنے مان لیا تھا پس تم مجھے ملامت نہ کرو اپنے آپ ہی کو ملامت

اَنْفُسَكُمْ ؕ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ اِنِّيْ

کرو آپ نہ میں تمہارا فریاد رس ہو سکتا ہوں اور نہ تم میرے فریاد رس ہو سکتے ہو جسکا

كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ

تم نے مجھکو شریک بنایا تھا میں تو اُسکا پہلے ہی سے منکر ہو چکا تھا یقیناً جو نافرمان ہیں اُنہی کیلئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

دردناک عذاب ہے اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیکیاں بھی کیں وہ اُن

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

جنتوں میں داخل کیے جائینگے جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں اور اپنے پروردگار کے حکم سے

فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ؕ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۝ اَلَمْ تَرَ

ہمیشہ اُنہی میں رہنے والے ہونگے اور وہاں ایک دوسرے کی مبارکباد سلام علیک ہوگی کیا تم نے

كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ

یہ خیال نہیں کیا کہ خدا تعالےٰ نے پاک کلمے کی مثال کیسی بیان کی ہے کہ وہ ایک عمدہ درخت کی

طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ۝ تُؤْتِيْٓ

مانند ہے اُسکی جڑ قائم ہے اور اُسکی شاخ آسمان پر پہنچی ہوئی ہے ہر زمانہ میں وہ

اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ

خدا کے حکم سے اپنا پھل دیتا رہتا ہے اور یہ مثالیں خدا تعالےٰ آدمیوں کے لئے اس

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ

غرض سے بیان کرتا ہے کہ وہ یاد رکھیں اور ناپاک کلمہ کی مثال

امیرالمؤمنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ اُن لوگوں کی کیا حالت ہوگی جنہوں نے سنت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کو بدل دیا اور آنحضرت کے وصی سے انحراف کیا اور اس بات سے نہ ڈرے کہ

خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ

بدحیثیت درخت کی سی ہے کہ زمین کے اوپر ہی اوپر سے نوچ لیا جائے اسکا قیام

مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ

کچھ بھی نہو جو ایمان لائے ہیں انکو اللہ زندگانی دنیا میں اور

الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ

آخرت میں پکی بات پر قائم رکھیگا اور ظالموں سے اللہ توفیق

الظّٰلِمِيْنَ ۚ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ

ہدایت سلب کرلیگا اور اللہ جو چاہیگا کریگا کیا تمنے انکے بارے میں غور نہیں

بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ

کیا جنہوں نے خدا کی نعمت کو ناشکری سے بدل دیا اور اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر (یعنی) جہنم میں

الْبَوَارِ ۝ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۭ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝

جا اتارا وہ سب اُس میں جا پڑینگے اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ قُلْ

اور انہوں نے اللہ کے کچھ شریک قرار دیئے کہ لوگوں کو اسکی راہ سے بھٹکائیں تم کہدو کہ

تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ۝ قُلْ لِّعِبَادِيَ

(چند روزہ) نفع اٹھالو کہ تمہاری بازگشت تو یقیناً جہنم ہی کی طرف ہے میرے اُن بندوں سے جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا

ایمان لائے ہیں کہدو کہ نماز پڑھا کریں اور اُس دن کے آنے سے پہلے کہ جس دن نہ کوئی

رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ

سودا ہوگا اور نہ یاری دوستی (کام دیگی) جو کچھ ہمنے انکو دیا اُس میں سے پوشیدہ اور ظاہر طور پر

لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

ہماری راہ میں خرچ کیا کریں اللہ وہی تو ہے جسنے آسمانوں کو اور زمین کو

وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ

پیدا کیا اور آسمان سے پانی اُتارا پھر اُسکے ذریعہ سے تمکو روزی

الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ

دینے کے لئے پھل پیدا کئے اور جہازوں کو تمہارا تابع کردیا کہ اُسکے حکم سے

فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ۚ وَسَخَّرَ

سمندر میں چلتے رہیں اور ندیوں کو تمہارے اختیار میں دیدیا اور سورج اور چاند

لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ

دونوں دائمی چلنے والوں کو تمہارے کام میں لگادیا اور رات اور دن کو تمہارے لئے

وَالنَّهَارَ ۚ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۚ وَاِنْ

مسخر کردیا اور جو کچھ تم نے اُس سے مانگا سبھی میں سے اُسنے تمکو دیا اور اگر تم

تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ

اللہ کی نعمت کا شمار کرو تو اُسکا احاطہ نہ کرسکو گے بیشک انسان بڑا بے انصاف

لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۞ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ

اور ناشکرا ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جسوقت ابراہیم نے عرض کی کہ اے میرے پروردگار

ع ٥ / ١٤

هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ

اس شہر کو امن و امان والا قرار دے اور مجھے اور میری اولاد کو بتوں کی پرستش کرنے سے

الْاَصْنَامَ ۞ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ

بچالے اے میرے پروردگار بالتحقیق اِن بتوں نے بہت سے آدمیوں کو گمراہ

النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ

کیا ہے پس جو میرا اتباع کریگا وہ تو میرا ہے اور جو میری نافرمانی کریگا تو اس میں شک ہی نہیں کہ

فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۞ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ

تو بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اے ہمارے پروردگار میں نے اپنی اولاد میں سے

مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ

(بعض کو) تیرے محترم گھر کے پاس ایسے جنگل میں جس میں کھیتی باڑی کچھ نہیں ہے آباد کر دیا

رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ

ہے تاکہ ای ہمارے پروردگار وہ (اور اسکی اولاد) نماز پڑھا کریں پس آدمیوں میں سے بعض کے دل

النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ

انکی طرف مائل و گرویدہ کر دیجیو اور انکو پھلوں سے روزی پہنچائیو تاکہ وہ

لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا

شکر ادا کیا کریں ای ہمارے پروردگار یقیناً تو اُس سب کو جانتا ہے جو کچھ ہم

نُعْلِنُ ۭ وَمَا يَخْفٰى عَلَي اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا

چھپاتے ہیں اور جو کچھ ہم ظاہر کرتے ہیں اور اللہ پر زمین کی اور آسمان کی کوئی چیز پوشیدہ

فِي السَّمَاۗءِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَي

نہیں ہے سب تعریف اللہ کے لئے ثابت ہے جسنے مجھے باوجود بڑھاپے کے

الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ۝

اسمٰعیل اور اسحٰق عنایت فرمائے بیشک میرا پروردگار بڑا دعا کا سننے والا ہے

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ

ای میرے پروردگار مجھکو نماز گزار قرار دے اور میری اولاد میں سے بھی ای ہمارے

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاۗءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ

پروردگار اور میری عبادت قبول کر اے ہمارے پروردگار جسدن حساب لیا جائیگا (اُس دن)

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝ وَلَا تَحْسَبَنَّ

مجھے اور میرے ماں باپ کو اور مؤمنین کو بخشدیجیو اور جو عمل یہ ظالم کرتے ہیں

اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ڛ اِنَّمَا

اُس سے اللہ کو کبھی غافل نہ سمجھنا سوائے اسکے نہیں ہے کہ

يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيهِ الْأَبْصَارُ ○ مُهْطِعِينَ

وہ انکو اس دن تک کے لئے ڈھیل دیتا ہے جس دن آنکھیں کھلی کی کھلی رہجائینگی (لوگ) اپنے سروں کو

مُقْنِعِي رُءُوسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۖ وَ

اٹھائے بے تحاشا بھاگے چلے جاتے ہونگے خود اپنی طرف بھی انکی نگاہ نہ پھر سکیگی اور دل

أَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ ○ وَأَنذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَأْتِيهِمُ

انکے (فرط حیرت و دہشت سے) خالی ہونگے اور (اے رسول) لوگوں کو اس دن سے ڈراؤ جسدن انپر

الْعَذَابُ فَيَقُولُ الَّذِينَ ظَلَمُوا رَبَّنَا أَخِّرْنَا إِلَىٰ أَجَلٍ

عذاب آئیگا پس ان میں سے جو ظالم ہیں وہ یہ کہینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو تھوڑے سے عرصہ کی

قَرِيبٍ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ۗ أَوَلَمْ تَكُونُوا

مہلت دے کہ ہم تیری دعوت قبول کریں اور تیرے رسولوں کے پیرو ہو جائیں (جواب میں کہاجائیگا) کیا

أَقْسَمْتُم مِّن قَبْلُ مَا لَكُم مِّن زَوَالٍ ○ وَسَكَنتُمْ

تم پہلے سے اسکی قسمیں کھایا کرتے تھے کہ ہمکو تو کچھ زوال ہی نہوگا اور تم ان لوگوں کے گھروں

فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ

میں آباد تھے جنہوں نے اپنے آپ پر ظلم کیا تھا اور یہ بھی تم پر کھل چکا تھا کہ ہمنے انکے

فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ ○ وَقَدْ مَكَرُوا

ساتھ کیسا برتاؤ کیا تھا اور تمہارے لئے ہمنے مثالیں بیان کردی تھیں اور وہ تو اپنی چال پوری

مَكْرَهُمْ وَعِندَ اللَّهِ مَكْرُهُمْ وَإِن كَانَ مَكْرُهُمْ

چل چکے حالانکہ انکی چال (سزا دینے کیلئے) خدا کے پاس موجود ہے گو انکی چال ایسی تھی


لِتَزُولَ مِنْهُ الْجِبَالُ ○ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ مُخْلِفَ وَعْدِهِ

کہ پہاڑ بھی اس سے ٹل جائیں مگر اللہ سے ایسا گمان ہرگز نہ کرو کہ وہ اپنے رسولوں سے جو

رُسُلَهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ ذُو انتِقَامٍ ○ يَوْمَ تُبَدَّلُ

وعدے کئے ہیں انکے خلاف کرنیوالا ہے بیشک اللہ بڑا زبردست (اور) بدلہ لینے والا ہے جسدن زمین دوسری

(بقیہ صفحہ میں ملاحظہ ہو ۱۲)



الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ

زمین سے بدل دیجائیگی اور آسمان (دوسرے آسمانوں سے) اور سب زبردست و یکتا خدا کی

الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ

حضور میں کھڑے ہونگے اور اُس دن تم مجرموں کو طوقوں اور بیڑیوں

مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ۝ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ

میں جکڑا ہوا دیکھو گے اُنکے لبے کرتے قطران کے ہونگے

قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ۝ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ

اور آگ اُنکے چہروں کو ڈھانک لیگی تاکہ اللہ ہر نفس کو

كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

اُسکے کئے کا بدلہ دے بیشک اللہ جلد حساب لینے والا

الْحِسَابِ ۝ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا

ہے بغرض نصیحت لوگوں کے لئے یہ کافی اطلاع ہے اور اس غرض سے

بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ

بھی کہ وہ اسکے ذریعہ سے ڈرائے جائیں اور اسلئے بھی کہ وہ جان لیں کہ وہی ایک معبود

وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ ع ۱۹

ہے اور اسلئے بھی کہ تمام عقلا اس سے نصیحت حاصل کریں

سورة الحجر مكية وهي تسع وتسعون اية

آیاتها ۹۹ — رکوعاتها ۶ — کلماتها ۶۶۳ — حروفها ۲۹۰۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الٓرٰ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝

الرٰ۔ یہ کتاب کی یعنی کھلے قرآن کی آیتیں ہیں



الجزء الرابع عشر

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا

جو لوگ کافر ہوگئے ہیں بہت دفعہ وہ خواہش کرینگے کہ کاش وہ

مُسْلِمِينَ ۝ ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلْهِهِمُ

مسلم ہوتے انکو چھوڑدو کہ وہ کھائیں (پئیں) اور نفع اٹھائیں اور امید انکو لہو ولعب

الْأَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ۝ وَمَا أَهْلَكْنَا مِنْ

میں ڈالے رہے آگے چلکر تو انکو معلوم ہی ہوجائیگا اور ہمنے ایک بستی (بھی) ایسی ہلاک نہیں کی

قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَعْلُومٌ ۝ مَا تَسْبِقُ مِنْ

کہ اسکے لئے پہلے سے نوشتہ مقرر نہ تھا کوئی گروہ اپنے وقت مقرر سے

أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ۝ وَقَالُوا يَا أَيُّهَا

نہ آگے بڑھجائیگا اور نہ وہ پیچھے ہی رہجائینگے اور انہوں نے یہ کہدیا کہ اے وہ

الَّذِي نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ ۝ لَوْ مَا

شخص جسپر قرآن مجید نازل کیا گیا ہے تو ضرور دیوانہ ہے اگر تو سچوں

تَأْتِينَا بِالْمَلَائِكَةِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝

میں سے ہوتا تو ہمارے پاس فرشتے کیوں نہ لیکر آتا؟

مَا نُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ إِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوا إِذًا

فرشتوں کو تو ہم موقع ہی سے بھیجا کرتے ہیں (اور انکی طرف بھیجتے ہیں) پھر انکو مہلت نہیں

مُنْظَرِينَ ۝ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۝

دیجاتی بیشک ہم ہی نے ذکر کو نازل کیا ہے اور یقیناً ہم ہی اسکے محافظ ہیں

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِي شِيَعِ الْأَوَّلِينَ ۝

اور بالتحقیق ہمنے تجھ سے پہلے اگلے گروہوں میں (بھی) رسول بھیجے

وَمَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝

اور ایک رسول بھی انکے پاس ایسا نہ آتا تھا کہ وہ اسکی ہنسی نہ اڑاتے ہوں

كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَا يُؤْمِنُوْنَ

مجرموں کے دلوں میں (بہ سبب اُنکی شرارتوں کے) ہم ایسا ہی ڈالدیا کرتے ہیں وہ اسپر ایمان نہ لائینگے

بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَلَوْ فَتَحْنَا

جس حال میں کہ پہلوں کی روش یہی ہو چکی ہے اور اگر ہم اُن پر آسمان کا ایک

عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝

دروازہ کھولدیں اور یہ دن بھر اُسپر چڑھتے چلے جائیں تو بھی یہی کہینگے کہ ہماری نظربندی کردی گئی ہے

لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ

بلکہ ہم تو جادو کے مارے ہوئے لوگ ہیں

مَّسْحُوْرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّ ع ۵

اور یقیناً ہمنے آسمان میں برج مقرر کیے اور

زَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۝ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ

دیکھنے والوں کے لیے اُسکو زینت دی اور ہر شیطان لعین سے اُسکی حفاظت کی

رَّجِيْمٍ ۝ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ

سوائے اُسکے جو چوری چھپے کچھ سُن لے تو بھی ایک چمکتا ہوا ستارہ اُسکا پیچھا

مُّبِيْنٌ ۝ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ

لیتا ہے اور زمین کو ہمنے پھیلایا اور اُس میں (بڑے بڑے) پہاڑ قائم کر دئیے اور مناسب

وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ۝ وَجَعَلْنَا لَكُمْ

چیز اُس میں اُگا دی اور اُس میں تمہاری زندگی

فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ۝ وَاِنْ مِّنْ

بسر کرنیکے بھی سامان مقرر کر دئیے اور اُنکے بھی جنکو تم روزی دینے والے نہیں ہو اور ایک چیز بھی ایسی نہیں

شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآىِٕنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝

ہے جسکے خزانے (کے خزانے) ہمارے پاس نہوں اور ہم اُسکو مقررہ اندازہ سے نازل کرتے رہتے ہیں

وَأَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

اور ہمنے پانی سے بھری ہوئی ہوائیں بھیجیں پھر ہمنے آسمان سے پانی اُتارا

فَأَسْقَيْنٰكُمُوهُ ۚ وَمَآ أَنْتُمْ لَهُ بِخٰزِنِيْنَ ۝ وَإِنَّا

پھر تمکو وہ (پانی) پلایا حالانکہ تم تو پانی کے جمع کرنیوالے نہیں ہو اور بیشک

لَنَحْنُ نُحْيِۦ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ وَلَقَدْ

ہم ہی جلاتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہم ہی اصلی وارث ہیں اور تم میں سے جو پہلے تھے

عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِيْنَ ۝

اُنکو بھی ہمنے جان لیا اور جو تم میں سے بعد میں آنیوالے ہیں اُنکو بھی ہمنے جان لیا

وَإِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۚ إِنَّهُ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ وَلَقَدْ

اور یقیناً تمہارا پروردگار وہی تو اُنکو جمع کریگا بالتحقیق وہی حکمت والا (اور) علم والا ہے اور بیشک

خَلَقْنَا الْإِنْسٰنَ مِنْ صَلْصٰلٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُوْنٍ ۝

ہمنے آدمی کو کھنکھناتی سنی ہوئی سیاہ سڑی ہوئی کیچڑ سے پیدا کیا

وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ۝ وَإِذْ

اور ہم ہی نے جنوں کو پہلے ہی نہایت تیز آگ سے پیدا کیا تھا اور (اُسوقت کو یاد کرو)

قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ إِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصٰلٍ

جبکہ تمہارے ربنے کل فرشتوں سے کہا تھا کہ میں ایک آدمی کو کھنکھناتی سنی ہوئی سیاہ سڑی ہوئی

مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُوْنٍ ۝ فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيْهِ

کیچڑ سے پیدا کرنیوالا ہوں پھر جب میں اُسکو بنا چکوں اور اپنی (پیدا کی ہوئی) روح اُس

مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهُ سٰجِدِيْنَ ۝ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ

پھونک چکوں تو تم اُسکے لئے سجدہ میں گر پڑنا اسپر سبھی فرشتوں نے تو

كُلُّهُمْ أَجْمَعُوْنَ ۝ إِلَّآ إِبْلِيْسَ ۭ أَبٰٓى أَنْ يَّكُوْنَ مَعَ

سجدہ کیا نہ کیا تو ابلیس نے اُسنے سجدہ کرنیوالوں کے ساتھ ہونے سے

السّٰجِدِيْنَ ۝ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ

سرتابی کی (خدا تعالےٰ نے) فرمایا کہ اے ابلیس تجھے کیا ہو گیا کہ تو نے سجدہ کرنیوالوں کا

السّٰجِدِيْنَ ۝ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ

ساتھ نہ دیا عرض کی کہ میں تو ایسا نہ تھا کہ ایسے شخص کو سجدہ کرتا جسے تو نے خود کھنکھناتی

صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا

سنی ہوئی سیاہ سڑی ہوئی کیچڑ سے پیدا کیا ہے (خدا تعالےٰ نے) فرمایا کہ تو اس جگہ سے نکل جا

فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ۝ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ

کہ تو مردود ہے اور فیصلہ کے دن تک کے لئے تجھ پر لعنت ہے

الدِّيْنِ ۝ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ قَالَ

عرض کی اے میرے پروردگار تو اس دن تک کے لئے مجھے مہلت دیدے جس دن سب لوگ مبعوث کئے جائیں گے

فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ۝

فرمایا کہ وقت معلوم کے دن تک کے لیے تجھے مہلت دی گئی

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ

عرض کی کہ اے میرے پروردگار جیسے کہ تو نے مجھے اپنی توفیق سلب کر لی میں ابھی دنیا میں نافرمانی

وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ

کو انکی نظر میں زینت دونگا اور انہیں سے سوائے تیرے خالص بندوں کے میں ضرور سبھی کو

الْمُخْلَصِيْنَ ۝ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ۝

بہکاؤنگا فرمایا یہ علیؑ کا سیدھا راستہ ہے (یا یہی وہ سیدھی راہ ہے جسکی رعایت مجھ پر لازم ہے)

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ

بیشک میرے بندے (جو ہیں) ان پر تیرا کوئی قابو نہیں سوائے انکے جو گمراہ ہونیوالوں میں

اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ۝ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ

سے تیرے پیرو ہو جائیں اور یقیناً جہنم ان سب کی وعدہ گاہ ہے

مہ خدائے تعالےٰ کی مراد سوائے ائمہؑ اور انکے شیعوں کے اور کوئی نہیں ہے۔ ۱۲

أَجْمَعِينَ ۝ لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ ۚ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ

جسکے سات دروازے ہیں اُن میں سے ہر دروازہ کے لئے بٹا ہوا

جُزْءٌ مَّقْسُومٌ ۝ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝

حصہ (مقرر) ہے بیشک پرہیزگار لوگ جنتوں اور چشموں (والی زمین) میں ہونگے

ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ ۝ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم

(اُنسے کہا جائیگا کہ) انہیں امن (و امان) و سلامتی کے ساتھ چلے آؤ۔ اور اُنکے دلوں میں جو کچھ کینہ ہوگا ہم سبکو نکالدینگے

مِّنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ ۝ لَا يَمَسُّهُمْ

اور وہ تختوں پر ایک دوسرے کے مقابل بھائی بھائی کی حیثیت سے بیٹھے ہونگے نہ اُن جنتوں میں اُنکو کوئی رنج

فِيهَا نَصَبٌ وَمَا هُم مِّنْهَا بِمُخْرَجِينَ ۝ نَبِّئْ عِبَادِي

پہنچیگا اور نہ وہ اُنسے نکالے جائینگے (اے رسول) میرے بندوں کو

أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ وَأَنَّ عَذَابِي هُوَ الْعَذَابُ

خبر دیدو کہ میں ہی بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہوں اور یہ کہ میرا عذاب بھی دردناک عذاب

الْأَلِيمُ ۝ وَنَبِّئْهُمْ عَن ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ ۝ إِذْ دَخَلُوا

ہے اور انکو ابراہیم کے مہمانوں کا واقعہ سُنادو کہ جب وہ اُنکے پاس

عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلَامًا قَالَ إِنَّا مِنكُمْ وَجِلُونَ ۝ قَالُوا

آئے اور اُنھوں نے سلام کیا تو (ابراہیم نے) کہا کہ ہم تو تم سے ڈرتے ہیں اُنھوں نے کہا کہ

لَا تَوْجَلْ إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ ۝ قَالَ أَبَشَّرْتُمُونِي

ڈریئے نہیں ہم تو آپکو ایک صاحب علم لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں (ابراہیم نے) کہا کہ کیا تم مجھکو ایسے

عَلَىٰ أَن مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُونَ ۝ قَالُوا بَشَّرْنَاكَ

حال میں خوشخبری دیتے ہو جبکہ مجھپر بڑھاپا چھا گیا ہے تو کس بات کی خوشخبری دیتے ہو؟ اُنھوں نے کہا کہ ہم تو آپکو ٹھیک

بِالْحَقِّ فَلَا تَكُن مِّنَ الْقَانِطِينَ ۝ قَالَ وَمَن يَقْنَطُ

ٹھیک خوشخبری دی ہے پس آپ مایوس ہونیوالوں میں سے نہ ہوں فرمایا سوائے گمراہوں کے اپنے

سے منقول ہے کہ غلام علیم سے مراد حضرت اسمٰعیل ہیں جو بطن ہاجرہ سے پیدا ہوئے تھے ۱۲-

مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ۝ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ

رب کی رحمت سے نا امید کون ہو سکتا ہے ؟ پھر فرمایا کہ اے ایلچیو! تمکو کیا مہم

اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ

در پیش ہے ؟ عرض کی ہم ایک مجرم گروہ کی طرف عذاب دینے کے لئے

مُّجْرِمِيْنَ ۝ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

بھیجے گئے ہیں سوائے آل لوط کے کہ اُن سب کو ہم ضرور بچا دینگے

اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَ

مگر زوجۂ لوط (جسکی نسبت) ہمنے سمجھ لیا ہے کہ وہ ضرور پیچھے رہنے والوں میں ہوگی پھر جسوقت یہ ایلچی

ع ٦

اٰلَ لُوْطِ ۨ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝

لوط کے کنبہ کے پاس پہنچے تو لوط نے فرمایا کہ تم تو اجنبی (معلوم ہوتے) ہو

قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝ وَ

انہوں نے کہا کہ ہم تو آپکے پاس وہ چیز لیکر آئے ہیں جسمیں یہ لوگ شک کیا کرتے تھے اور

اَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ

ہم آپکے پاس برحق حکم لیکر آئے ہیں اور ہم ضرور سچے ہیں پس آپ کچھ رات رہے سے

بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ

اپنے کنبہ کو چلتا کیجئے اور خود اُنکے پیچھے پیچھے جائیے اور آپ صاحبوں میں سے

مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ۝ وَ

کوئی پیچھے پھر کر نہ دیکھے اور جہاں تمکو حکم دیا گیا ہے وہاں چلے جاؤ اور یہ حکم

قَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ

ہمنے قطعی طور سے اُنکو سنا دیا کہ صبح ہوتے ہوتے اِن لوگوں کی جڑ

مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ۝ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ

کاٹ دیجائیگی اور اُس شہر کے لوگ خوش ہوتے ہوئے

يَسْتَبْشِرُونَ ۝ قَالَ إِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِي فَلَا تَفْضَحُونِ ۝

آئے (لوطؑ نے) فرمایا کہ یہ میرے مہمان ہیں پس تم مجھے فضیحت نہ کرو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُونِ ۝ قَالُوٓا أَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ

اور اللہ سے ڈرو اور مجھے رسوا نہ کرو وہ کہنے لگے کیا ہمنے آپ کو لوگوں کے مہمان کرنے

الْعٰلَمِينَ ۝ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيٓ إِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِينَ ۝

سے منع نہیں کردیا تھا؟ فرمایا کہ اگر تمکو کچھ کرنا ہی ہے تو یہ میری بیٹیاں حاضر ہیں

لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝ فَأَخَذَتْهُمُ

(اے رسولؐ) تمہاری جان کی قسم وہ یقیناً اپنے نشے میں لڑکھڑا رہے تھے پس سورج نکلتے نکلتے

الصَّيْحَةُ مُشْرِقِينَ ۝ فَجَعَلْنَا عٰلِيَهَا سَافِلَهَا وَ

اُنکو چیخ نے آلیا پھر ہمنے اُن بستیوں کو زیروزبر کردیا اور (اوپر سے)

أَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِنْ سِجِّيلٍ ۝ إِنَّ فِي ذٰلِكَ

ہمنے اُنپر پتھرائی ہوئی مٹی کے ڈھیلے برسائے یقیناً اس (واقعہ) میں سمجھنے والوں

لَأٰيٰتٍ لِلْمُتَوَسِّمِينَ ۝ وَإِنَّهَا لَبِسَبِيلٍ مُقِيمٍ ۝ إِنَّ

کے لئے نشانیاں ہیں اور یقیناً وہ (یعنی اُن بستیوں کے نشان) قائم راستہ پر موجود ہیں اس

فِي ذٰلِكَ لَأٰيَةً لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنْ كَانَ أَصْحٰبُ

(واقعہ) میں بیشک مومنوں کے لئے ایک نشانی ہے اور بَن والے یقیناً

الْأَيْكَةِ لَظٰلِمِينَ ۝ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ

نافرمان تھے پس ہمنے اُنسے بھی بدلہ لیا اور ان دونوں کے کھنڈار کھلے

مُبِينٍ ۝ وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِينَ ۝

راستہ پر ہیں اور حجر والوں نے بھی رسولوں کو جھٹلایا تھا

وَآتَيْنٰهُمْ آيٰتِنَا فَكَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ۝ وَكَانُوا

اور ہمنے اُنکو نشانیاں دی تھیں پھر وہ اُنسے روگرداں رہے اور پہاڑوں کو

يَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا آمِنِينَ ۝ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ

تراش تراش کر امن والے مکان بناتے رہے پھر صبح ہوتے ہوتے انکو چیخ نے

مُصْبِحِينَ ۝ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝

آلیا پس جو کچھ بھی وہ کیا کرتے تھے وہ انکے کچھ کام نہ آیا

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا

اور ہمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونو کے درمیان میں ہے اسکو

بِالْحَقِّ ۗ وَإِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ ۖ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيلَ ۝

ٹھیک ٹھیک ہی پیدا کیا ہے اور قیامت یقیناً آنیوالی ہے پس تم خوبی کے ساتھ درگزر کرتے رہو

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعًا

بیشک تمہارا پروردگار وہی تو پیدا کرنیوالا (اور) واقف ہے اور بیشک ہمنے آپ کو (بار بار) دہرائی جانے والی سات

مِنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنَ الْعَظِيمَ ۝ لَا تَمُدَّنَّ

آیتیں (سورۂ فاتحہ) اور عظمت والا قرآن عطا کیا ہے انکے گروہوں کو ہمنے

عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ

جن چیزوں سے نفع پہنچایا ہے تم انکی طرف نظر نہ ڈالو اور نہ انکے لئے رنجیدہ

عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ وَقُلْ إِنِّي

ہو اور مؤمنوں سے تواضع کے ساتھ پیش آتے رہو اور کہدو کہ میں تو

أَنَا النَّذِيرُ الْمُبِينُ ۝ كَمَا أَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِينَ ۝

صاف صاف ڈرانیوالا ہوں (ہمنے تم پر یہ قرآن اسی طرح نازل کیا ہے) جیسا ہمنے ان ٹکڑے ٹکڑے کرنیوالوں پر نازل کیا تھا

الَّذِينَ جَعَلُوا الْقُرْآنَ عِضِينَ ۝ فَوَرَبِّكَ

جنہوں نے اپنے قرآن کو پارہ پارہ کر دیا تھا پس تیرے پروردگار کی قسم ہے

ربع لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

جو کچھ بھی یہ کیا کرتے تھے اسکے بارے میں ہم ضرور ان سبھی سے تو بازپرس کرینگے

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

اب تمکو جو کچھ حکم دیا جاتا ہے وہ کھول کر سنا دو اور مشرکوں سے روگردانی کر لو (یعنی انکی ذرا پروا نہ کرو)

اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ

اُن ہنسنے والوں سے تمہارے بچاؤ کے لئے ہم تمکو کفایت کرینگے جو اللہ کے ساتھ اور معبود قرار

مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ نَعْلَمُ

دیتے ہیں پھر آگے چلکر وہ (بھی حقیقت حال) جان لینگے اور ہم یہ جانتے ہیں

اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

کہ جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں تم اُس سے دلتنگ ہوتے ہو پس تم اپنے رب کی تسبیح پڑھو

وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۝

اور سجدے کرو اور جب تک تمکو موت نہ آئے اپنے رب کی عبادت کرتے رہو

ع ٦

سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَثَمَانٌ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً

اٰیاتہا ١٢٨ — رکوعاتہا ١٦ — کلماتہا ١٨٤١ — حروفہا ٧٨٤٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى

عذاب خدا آگیا پس اُسکے لئے جلدی نہ کرو جن چیزوں کو یہ شریک قرار دیتے ہیں اُنسے

عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ

وہ منزہ و برتر ہے فرشتوں کو عالم ملکوت سے وحی دیکر اپنے بندوں میں سے

اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اَنْ اَنْذِرُوْۤا

جسپر چاہتا ہے نازل فرماتا ہے کہ لوگوں کو یہ جتلا دو کہ میرے سوا کوئی معبود

اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

نہیں ہے پس مجھ ہی سے ڈرو اُسنے آسمانوں کو اور زمین کو

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ○ خَلَقَ

غرض صحیح کے ساتھ پیدا کیا ہے (اور جن چیزوں کو لوگ اُسکا شریک قرار دیتے ہیں) اُن سب سے برتر ہے اُسی نے

الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَۃٍ فَاِذَا ھُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ ○

انسان کو نطفے سے پیدا کیا پھر یکایک وہی انسان کھلا جھگڑنے والا بنگیا

وَالْاَنْعَامَ خَلَقَھَا ۚ لَکُمْ فِیْھَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْھَا

اور چوپائے اُسی نے پیدا کئے کہ تمہارے لئے اُن میں جاڑے کا سامان (بھی) ہے اور نفع بھی اور

تَاْکُلُوْنَ ○ وَلَکُمْ فِیْھَا جَمَالٌ حِیْنَ تُرِیْحُوْنَ وَحِیْنَ

اُنہی میں سے تم کھاتے بھی ہو اور اُنہی میں تمہارے لئے جب شام و صبح لاتے اور لیجاتے ہو زینت (بھی)

تَسْرَحُوْنَ ○ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَکُمْ اِلٰی بَلَدٍ لَّمْ تَکُوْنُوْا

ہے اور وہی چوپائے تمہارے بھاری بھاری بوجھ اُن شہروں تک لاد کر لیجاتے ہیں

بٰلِغِیْہِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّکُمْ لَرَءُوْفٌ

جن تک تم بغیر سخت جانکاہی کے پہنچ ہی نہ سکتے بیشک تمہارا رب بڑا شفقت کرنیوالا (اور) نہایت رحم کرنیوالا

رَّحِیْمٌ ○ وَّالْخَیْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِیْرَ لِتَرْکَبُوْھَا

ہے اور (اُسی نے) گھوڑے اور خچر اور گدھے (پیدا کئے) تاکہ تم اُنپر سوار ہو اور

وَزِیْنَۃً ؕ وَیَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ

(وہ تمہاری) زینت ہوں اور (آئندہ) وہ ایسی سواریاں پیدا کریگا جنکو تم نہیں جانتے اور اللہ کے ذمہ ہے ٹھیک رستہ

السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَھَدٰکُمْ اَجْمَعِیْنَ ○

بتا دینا اور اُسی میں سے ایک ٹیڑھا بھی جاتا ہے اور اگر اُسکو منظور ہوتا تو تم سب کو ایک ہی رستہ پر چلا دیتا

ع ۱ / ۹

ھُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّکُمْ مِّنْہُ شَرَابٌ

وہ وہی ہے جسنے آسمان سے تمہارے لئے پانی اُتارا ہے جس سے تم پیتے بھی ہو اور اُسی سے

وَّمِنْہُ شَجَرٌ فِیْہِ تُسِیْمُوْنَ ○ یُنْۢبِتُ لَکُمْ بِہِ

درخت (بھی) پیدا ہوتے ہیں جن میں تم (مویشی) چراتے ہو اُسی پانی سے وہ

الزَّرْعَ وَالزَّيْتُونَ وَالنَّخِيلَ وَالْأَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ

تمہارے لئے کھیتی پیدا کرتا ہے اور زیتون کے درخت اور کھجور کے درخت اور انگور اور ہر طرح کے پھل

الثَّمَرَاتِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ○

بیشک غور و فکر کرنیوالوں کے لئے اسی میں ایک نشانی موجود ہے

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ

اور اُسنے رات کو اور دن کو اور سورج کو اور چاند کو تمہارے کام میں لگا دیا ہے

وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ

اور ستارے اُسی کے حکم کے تابع ہیں بیشک عقل رکھنے والوں کے لئے اسمیں بھی بہت سی

يَعْقِلُونَ ○ وَمَا ذَرَأَ لَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُخْتَلِفًا

نشانیاں موجود ہیں اور جو کچھ تمہارے نفع کے لئے اُسنے زمین میں پیدا کیا ہے وہ رنگ برنگ ہے

أَلْوَانُهُ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ ○ وَهُوَ

بیشک یاد رکھنے والوں کے لئے اس میں (بھی) نشانی موجود ہے اور وہ (خدا)

الَّذِي سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُوا

وہی ہے جسنے سمندر کو (تمہارا) مطیع کر دیا ہے کہ تم اُس میں سے تازہ تازہ گوشت کھاؤ اور

مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا ۖ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ

اُس میں سے زیور کی چیزیں نکالکر پہنو اور تم دیکھتے ہو کہ جہاز اُسکو چیرتے ہوئے چلے جاتے

وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ○ وَأَلْقَىٰ

ہیں اور (اس مطیع کر دینے سے غرض) یہ (بھی) ہے کہ تم خدا کے فضل کے خواستگار ہو اور یہ کہ شکر گزار رہو اور زمین

فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِكُمْ وَأَنْهَارًا وَسُبُلًا

میں اُسنے بڑے بڑے پہاڑ قائم کر دئے کہ تمکو لیکر وہ کسی طرف جھک نہ جائے اور ندیاں اور راستے

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ○ وَعَلَامَاتٍ ۚ وَبِالنَّجْمِ هُمْ

بنا دئے کہ تم راہ پالو اور علامتیں (مقرر کر دیں) اور ایک مقررہ ستارہ کے ذریعے

يَهْتَدُوْنَ ○ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۭ اَفَلَا

لوگ راہ پالیتے ہیں کیا وہ جو پیدا کرتا ہے اُسکے مانند ہو سکتا ہے جو کچھ بھی نہیں پیدا کر سکتا کیا تم اتنا

تَذَكَّرُوْنَ ○ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ

نہیں سمجھتے اور اگر تم اللہ کی نعمت کا شمار کروگے تو اُسے پورا گن نہ سکوگے

اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ

بیشک اللہ بڑا بخشنے والا اور بڑا رحم کرنیوالا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو

وَمَا تُعْلِنُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اللہ اُسکو خوب جانتا ہے اور اللہ کے سوا یہ جنکو پکارتے ہیں وہ ایک چیز (بھی) پیدا

لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ○ اَمْوَاتٌ غَيْرُ

نہیں کر سکتے بلکہ وہ خود پیدا کیے جاتے ہیں مُردے ہیں زندہ

اَحْيَاۗءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ○ اِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ

ع ۲ ۱۲ ۸

نہیں ہیں اور یہ (بھی) نہیں جانتے کہ دوبارہ کب اٹھائے جائینگے تمہارا معبود معبود یکتا

وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ

ہے پھر وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے دل اُنکے کافر ہیں

مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ○ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ

اور وہ خود بڑا بننا چاہتے ہیں بیشک یہ ضرور ہے کہ جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور

مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ○

جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں اُس سب کو اللہ جانتا ہے البتہ وہ بڑا بننے والوں کو دوست نہیں رکھتا

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ

اور جس وقت اُنسے یہ کہا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے یہ کیا نازل کیا ہے تو کہتے ہیں کہ یہ تو پہلوں کی

الْاَوَّلِيْنَ ○ لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ

کہانیاں ہیں نتیجہ یہ ہوگا کہ قیامت کے دن اپنے بوجھ تو یہ پورے پورے اُٹھائینگے

تمہارے وہ شریک کہاں ہیں؟ اور جنکی تم دنیا میں اطاعت کیا کرتے تھے وہ کدھر گئے؟ ۱۲-

وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ أَلَا سَاءَ

اور جن لوگوں کو بغیر جانے بوجھے گمراہ کرتے ہیں اُنکے وبال سے بھی حصہ لینگے خیال تو کرو یہ کیسا

مَا يَزِرُونَ ۝ قَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَى اللَّهُ

وبال سمیٹتے جاتے ہیں! جو اُن سے پہلے تھے چال تو وہ بھی چلے تھے پھر اللہ نے اُنکی جڑ

بُنْيَانَهُم مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ

بنیاد سے اُکھیڑ دی تھی پھر اوپر سے اُنپر چھت

مِن فَوْقِهِمْ وَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ

گر پڑی تھی اور عذاب اُنپر اس طرح سے آیا تھا کہ وہ

لَا يَشْعُرُونَ ۝ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُخْزِيهِمْ وَيَقُولُ

سمجھتے ہی نہ تھے پھر قیامت کے دن اُنکو ذلیل کریگا اور یہ فرمائیگا کہ اب وہ

أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنتُمْ تُشَاقُّونَ فِيهِمْ ۚ قَالَ

میرے شریک کہاں ہیں جنکے سبب سے تم مؤمنین سے دشمنی کیا کرتے تھے (اور) جنکو علم

الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ إِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوءَ

دیا گیا تھا وہ یہ فرمائینگے کہ آج کے دن کی ذلت اور برائی اُنہی

عَلَى الْكَافِرِينَ ۝ الَّذِينَ تَتَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي

کافروں کے لئے ہے جنکا فرشتے اس حالت میں خاتمہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر

أَنفُسِهِمْ ۖ فَأَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِن سُوءٍ ۚ

خود ظلم توڑنیوالے ہوں اور (موت دیکھکر) صلح کے خواستگار ہوں اور یہ کہیں کہ ہم تو کوئی بدی

بَلَىٰ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ فَادْخُلُوا

کرتے ہی نہ تھے بیشک جو کچھ تم کیا کرتے تھے اللہ اُس سے خوب واقف ہے پس تم جہنم کے دروازوں

أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ۝

میں چلے جاؤ ہمیشہ تم اُسی میں رہو گے سو تکبر کرنیوالوں کا ٹھکانا بہت ہی برا ہے

لے فخر علیهم السقف من فوقهم ... اس امر کی تفصیل بیان کی ہے کہ ان مخالفین کی مکر و خلق کو نکلر کر دی! اور مطلب یہ ہے کہ انہوں نے بہت کر

وَقِيلَ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا مَاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ ۚ قَالُوا خَيْرًا ۗ

اور جو لوگ پرہیزگار ہیں اُنسے یہ کہا جاتا ہے کہ تمہارے پروردگار نے کیا نازل کیا ہے

لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۚ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ

تو وہ کہتے ہیں خیر (نازل کی ہے) جو نیکی کرتے ہیں اُنکے لئے اس دنیا میں بھی نیکی ہے اور آخرت کا گھر

خَيْرٌ ۚ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِينَ ۝ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا

بہتر ہے اور پرہیزگاروں کا گھر اور بھی اچھا ہے دوامی باغات ہیں جن میں وہ داخل ہوجائینگے

تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ لَهُمْ فِيهَا مَا يَشَاءُونَ ۚ

اُنکے نیچے ندیاں بہتی ہونگی (اور) اُن میں جو کچھ وہ چاہینگے اُنکو ملیگا اُن پرہیزگاروں کو

كَذَٰلِكَ يَجْزِي اللَّهُ الْمُتَّقِينَ ۝ الَّذِينَ تَتَوَفَّاهُمُ

خدا تعالے ایسی ہی جزا دیگا جنکا خاتمہ فرشتوں نے ایسی حالت میں

الْمَلَائِكَةُ طَيِّبِينَ ۙ يَقُولُونَ سَلَامٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا

کیا ہوگا کہ وہ پاک و صاف ہونگے اور فرشتے اُنسے یہ کہتے ہونگے سلام علیکم جو عمل تم

الْجَنَّةَ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا

کیا کرتے تھے اُسکے عوض تم جنت میں جاؤ کیا یہ اِسکے انتظار میں ہیں کہ فرشتے

أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ رَبِّكَ ۚ كَذَٰلِكَ

انکے پاس آجائیں یا تمہارے پروردگار کا حکم (عذاب) اُنپر آجائے جو اُنسے پہلے

فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَلَٰكِن

تھے اُنہوں نے بھی ایسا ہی کیا تھا اور اللہ نے اُنپر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ وہ

كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝ فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ

اپنی جانوں پر (آپ) ظلم کیا کرتے تھے پھر اُنکی کرتوت کی بُرائی اُنہیں ملی

ع ۴ ۱۰ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝

اور جس چیز کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُنکو آن گھیرا

وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا عَبَدْنَا مِن

اور جن لوگوں نے شرک کیا تھا انہوں نے یہ کہدیا کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم اسکے سوا کسی اور

دُونِهِ مِن شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِن دُونِهِ

چیز کی عبادت ہی نہ کرتے نہ ہم اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ اسکے حکم بغیر ہم کسی چیز کو حرام

مِن شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ

قرار دیتے ایسا ہی انہوں نے بھی کیا تھا جو انسے پہلے تھے تو کیا رسولوں

عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ

کے ذمہ کھلا پیغام پہنچا دینے کے سوا کچھ اور بھی ہے اور بیشک ہمنے ہر امت میں ایک رسول

أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ

(اس پیغام کے ساتھ) بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے بچو

فَمِنْهُم مَّنْ هَدَى اللَّهُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ

پس ان میں سے کوئی کوئی ایسا بھی تھا جسکو اللہ نے ہدایت فرمائی اور انہیں کوئی کوئی ایسا بھی تھا جسپر اپنی

الضَّلَالَةُ ۚ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ

گمراہی محقق ہوگئی پس تم زمین میں چلو پھرو اور غور سے دیکھو کہ جھٹلانیوالوں

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ إِن تَحْرِصْ عَلَىٰ

کا انجام کیسا ہوا؟ (اے رسول) اگر تم انکو راہ راست پر لانے میں

هُدَاهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَن يُضِلُّ ۖ وَمَا لَهُم

حریص ہو تو اللہ جس سے توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے اسکی راہبری نہیں فرماتا اور کوئی

مِّن نَّاصِرِينَ ۝ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ ۙ

انکا مددگار نہوگا انہوں نے اللہ کی سخت سے سخت قسم کھا کر کہا کہ جو مرجائیگا اسکو اللہ

لَا يَبْعَثُ اللَّهُ مَن يَمُوتُ ۚ بَلَىٰ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا

ہر گز مبعوث نہ کریگا ضرور (مبعوث کریگا) اسکے بارے میں پختہ وعدہ ہے

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ

لیکن اکثر لوگ علم نہیں رکھتے (مبعوث کرنے کی غرض یہ ہوگی) تاکہ جس بارے میں وہ

يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ

اختلاف کیا کرتے تھے وہ اُنکے لئے کھولکر بیان کردے اور جو کافر ہوگئے تھے وہ یہ جان لیں کہ خود

كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ۝ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ

وہ یقیناً جھوٹے تھے ہم جب کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو ہمارا اُس سے اتنا کہنا کافی

نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ

ہے کہ ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے اور وہ لوگ جنہوں نے بعد اسکے کہ اُن پر ظلم

مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً

کیا گیا خدا کی خوشنودی کے لئے ہجرت کی ہم ضرور بالضرور اُنکو دنیا میں ہی اچھی جگہ دینگے

وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ

اور آخرت کا اجر تو بہت ہی بڑا ہوگا کاش وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا اور جو اپنے پروردگار

صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا

پر بھروسہ رکھتے ہیں اسکو جانتے ہوتے اور (اے رسول) تم سے پہلے ہمنے آدمیوں

مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ

ہی کو کتابوں اور معجزوں کے ساتھ بھیجا تھا جنکی طرف ہم وحی کیا کرتے تھے پس (اُنسے کہدو کہ)

الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۙ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ۭ

اگر تم نہیں جانتے تو اہل الذکر (یعنی آل رسول خدا) سے پوچھ لو اور تمہاری طرف یہ قرآن نازل کیا

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ

تاکہ جو کچھ تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اُسے تم لوگوں کے لئے کھولکر بیان کردو

وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا

کہ وہ غور و فکر کریں جو بُری چال چلتے ہیں

ع ۵ — وقف لازم — نصف

السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ

کیا وہ اس سے مطمئن ہوگئے ہیں کہ خدا انکو زمین میں دھسا دے یا عذاب اُن پر

الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ

اس طرح آئے کہ وہ کچھ نہ سمجھیں یا انکی آمدورفت میں

فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى

اُنکو گرفتار کرلے کہ وہ خدا کو عاجز نہیں کرسکتے یا انکو ڈر کی حالت میں دھر پکڑے

تَخَوُّفٍ ۭ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا

بیشک تمہارا پروردگار بڑا نرمی کے ساتھ معاملہ کرنیوالا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے کیا اُنہوں نے ایسی چیزیں

اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ

کی طرف نہیں خیال کیا جنکو اللہ نے پیدا کیا ہے کہ انکے سائے داہنے سے اور بائیں سے

وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ۝ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ

خدا کے واسطے سجدے میں (پڑے) ہیں اور وہ (اُسی کے) مطیع و منقاد ہیں اور جو حرکت کرنیوالے

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ

آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور وہ فرشتے بھی (جنکا

وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ

کوئی معین مقام نہیں ہے) اور یہ سب تکبر نہیں کرتے اپنے پروردگار سے جو اُنسے برتر ہے ڈرتے ہیں

صِرَاطًا سَوِيًّا ۝ يَا أَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطَانَ ۖ إِنَّ الشَّيْطَانَ

بتلا دونگا چچا جان شیطان کے بندے نہ بنیے بیشک شیطان

كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ عَصِيًّا ۝ يَا أَبَتِ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يَمَسَّكَ

خدا کا نافرمان (بندہ) ہے چچا جان مجھے یہ اندیشہ ہے کہ آپکو خدا کی

عَذَابٌ مِنَ الرَّحْمَٰنِ فَتَكُونَ لِلشَّيْطَانِ وَلِيًّا ۝ قَالَ

طرف سے عذاب پہنچے پھر آپ شیطان کے ساتھی بنجائیں (آزر) بولا کہ

أَرَاغِبٌ أَنْتَ عَنْ آلِهَتِي يَا إِبْرَاهِيمُ ۖ لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ

اے ابراہیم کیا تو میرے خداؤں سے برگشتہ ہے اگر تو باز نہ آیا تو میں ضرور تجھے

لَأَرْجُمَنَّكَ ۖ وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا ۝ قَالَ سَلَامٌ عَلَيْكَ ۖ

سنگسار کرونگا اور ایک عرصہ کے لیے مجھ سے جدا ہوجا فرمایا (لوچلا) تمپر سلام

سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي ۖ إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا ۝ وَأَعْتَزِلُكُمْ

عنقریب میں تمہارے لیے اپنے پروردگار سے گناہوں کی بخشش مانگونگا بیشک وہ مجھپر حد سے زیادہ مہربان ہے میں تم سے اور جن جن کو

وَمَا تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَأَدْعُو رَبِّي عَسَىٰ أَلَّا

تم خدا کے سوا پکارتے ہو اُنسے الگ ہوتا ہوں اور اپنے پروردگار سے دعا کرونگا امید ہے کہ میں اپنے پروردگار

أَكُونَ بِدُعَاءِ رَبِّي شَقِيًّا ۝ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا

سے دعا کرنیکے سبب ناکام نہ رہونگا پس جسوقت وہ اُنسے اور اُن چیزوں سے جنکی

يَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۖ

وہ خدا کے سوا عبادت کیا کرتے تھے الگ ہوگئے تو ہمنے اُنکو اسحٰق و یعقوبؑ عطا کیے

وَكُلًّا جَعَلْنَا نَبِيًّا ۝ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِنْ رَحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا

اور ہر ایک کو ہمنے نبی قرار دیا۔ اور اُنکو سب کو ہمنے اپنی رحمت سے حصہ دیا اور ہمنے اُن سب کیلیے



لَهُمْ لِسَانَ صِدْقٍ عَلِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوسٰى

ذکر خیر بلند مرتبہ کا مقرر کیا اور اس کتاب میں موسیٰؑ کا (قصہ) بیان کرو

اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ

بیشک وہ برگزیدہ اور بھیجے ہوئے نبی تھے اور انکو ہمنے (کوہ) طور کے

جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ

دائیں طرف سے آواز دی تھی اور ہمنے انکو راز دار ہونیکا تقرب بخشا تھا اور ہمنے اپنی رحمت سے انکے

رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ

بھائی ہارونؑ کو نبی بنا دیا تھا اور اس کتاب میں اسمٰعیلؑ کا (قصہ) بیان کرو

اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝ وَكَانَ

بیشک وہ وعدہ کے سچا کرنیوالے اور رسول نبی تھے اور وہ اپنے

يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ص وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ

اہل (وعیال) کو نماز پڑھنے کا اور زکوٰۃ دینے کا حکم کیا کرتے تھے اور اپنے پروردگار کے نزدیک وہ

مَرْضِيًّا ۝ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ اِنَّهٗ كَانَ

پسندیدہ تھے اور اس کتاب میں ادریسؑ کا (قصہ) بیان کرو بیشک وہ صدیق

صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ۝ وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۝ اُولٰٓئِكَ

نبی تھے اور ہمنے انکو رتبہ بلند تک رفعت دی تھی یہی وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ

جنپر اللہ نے اپنا انعام کیا ہے کچھ تو اولاد آدمؑ میں سے انبیاء میں سے ہیں اور کچھ

وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ

انکی اولاد میں سے جنکو نوحؑ کے ساتھ ہمنے کشتی میں سوار کردیا تھا اور کچھ اولاد ابراہیمؑ و یعقوبؑ میں سے

وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ؕ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ

اور کچھ اُن میں سے جنکو ہمنے راہ بتلائی اور منتخب کیا جوقت انکے سامنے خدا کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں

الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۩ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ

تو وہ روتے ہوئے سجدے میں گر پڑتے ہیں پھر انکے بعد ایسے نا خلف پیدا ہوئے جنھوں نے

خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ

نماز (بھی) کھو دی اور خواہش نفسانی کے پیچھے پڑ گئے پس عنقریب انکو

يَلْقَوْنَ غَيًّا ۙ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا

مصیبت پیش آئیگی سوائے انکے جو توبہ کرلیں اور ایمان لے آئیں اور نیک عمل بجا لائیں

فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ

کہ یہی لوگ بہشت میں داخل ہونگے اور ان پر ذرا (بھی) ظلم نہ کیا جائیگا

جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ

ہمیشہ کے رہنے کے باغ ہیں جنکا وعدہ خدائے رحمٰن نے بغیر اسکے کہ بندوں نے دیکھے ہوں انسے کرلیا ہے یقیناً

كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ۝ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا

اسکا وعدہ پورا ہونیوالا ہے ان میں وہ سوائے اسلام کے کوئی لغو بات

سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝ تِلْكَ

نہ سنینگے اور ان (باغوں) میں انکا رزق انکے لیے صبح و شام آتا رہیگا وہ باغ یہی ہیں

الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ۝ وَمَا

جنکا وارث ہم اپنے بندوں میں سے انکو کردیتے ہیں جو پرہیزگار ہیں اور (اے رسول) ہم

نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا

(جبرئیل وغیرہ) بغیر آپکے پروردگار کے حکم کے نہیں اترتے ہمارے سامنے جو کچھ ہے اور پیچھے جو کچھ ہے اور ان دونو

وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

حالتوں کے مابین جو کچھ ہے سب اسی کا ہے اور تمہارا پروردگار غافل نہیں ہے (وہ) آسمانوں کا اور زمین کا اور

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۭ

جو کچھ انکے درمیان ہے اسکا پروردگار ہے پس تم اسی کی عبادت کرو اور اسکی عبادت کی تکلیف برداشت کرو

اور انکے شیعہ کو جنت کا وارث بنائیگا [illegible] نسیا یعنی ایسے بھولنے والا نہیں ہے۔ بلکہ چھوڑنیوالا ہے۔ چنانچہ التوحید میں جناب امیرالمومنین سے اسی آیت کی [illegible]

هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا ۝ وَيَقُولُ الْإِنْسَانُ أَإِذَا مَا

بھا تو پہچانتا ہے کہ اسکا ہم نام کوئی اور بھی ہے اور انسان یہ کہتا ہے کہ کیا جب میں مرجاؤنگا تو پھر

مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ۝ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنْسَانُ أَنَّا

زندہ کرکے نکالا جاؤنگا کیا اس آدمی کو یہ یاد نہیں ہے کہ ہمنے پہلے

خَلَقْنَاهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ۝ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ

اسکو پیدا کیا تھا جبکہ وہ کوئی چیز ہی نہ تھا پس تمہارے پروردگار کی قسم ہم ضرور انکو

وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ۝ ثُمَّ

اور شیطانوں کو ایک جگہ اکٹھا کرینگے پھر ہم اُن سب کو جہنم کے گرداگرد گھٹنوں کے بل کھڑا ہوا حاضر کرینگے پھر ضرور

لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَٰنِ

ہم ہر گروہ میں سے انکو الگ کرلینگے جو خدا کے برخلاف زیادہ ہیکڑی کرنیوالے

عِتِيًّا ۝ ثُمَّ لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ أَوْلَىٰ بِهَا صِلِيًّا ۝

تھے پھر ہم تو اُنسے زیادہ واقف ہیں جو جہنم میں جانیکے زیادہ مستحق ہیں

وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَقْضِيًّا ۝

اور ایسا تو تم میں سے ایک بھی نہیں ہے جو اسکے کنارے نہ پہنچے یہ تو تمہارے رب کا قطعی طے کیا ہوا ہے

ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوْا وَنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا ۝ وَ

پھر ہم اُنکو تو نجات دیدینگے جو پرہیزگار ہونگے اور نافرمانوں کو اسی میں گھٹنے کے بل کھڑا ہوا چھوڑدینگے اور

إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ

جسوقت ہماری کھلی آیتیں اُنکے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو کافر مومنوں سے یہ کہدیتے ہیں کہ دونوں گروہوں

آمَنُوا أَيُّ الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَقَامًا وَأَحْسَنُ نَدِيًّا ۝ وَ

میں سے مکان کسکے زیادہ اچھے ہیں اور مجلس کسکی زیادہ شاندار ہے حالانکہ ہم

كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثًا وَرِئْيًا ۝

اُنسے پہلے بہت سے زمانوں کو ہلاک کرچکے ہیں جنکے سامان بھی اچھے اچھے تھے اور دکھاوا بھی

قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ

تم یہ کہدو کہ جو شخص بھی گمراہی میں ہوگا خدائے رحمٰن ضرور اسکو بہت سی ڈھیل دیتا رہیگا

حَتّٰى إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا

یہاں تک کہ جب وہ اُسے دیکھینگے جس سے اُنکو ڈرایا گیا تھا یعنی عذاب یا قیامت

السَّاعَةَ ؕ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّأَضْعَفُ

تو اُسوقت وہ جان لینگے کہ مکان یا منزلت کسکے بدتر ہیں اور گروہ کسکا کمزور

جُنْدًا ۝ وَيَزِيدُ اللّٰهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى ؕ وَالْبٰقِيٰتُ

ہے اور جنہوں نے ہدایت پائی ہے خدا اُنکی ہدایت کو اور زیادہ کردیگا اور باقیات الصالحات

الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ۝ أَفَرَءَيْتَ

تمہارے پروردگار کے نزدیک ازروئے ثواب بھی بہتر ہیں اور ازروئے انجام بھی کیا تمنے اُس شخص کی

الَّذِي كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ۝ أَطَّلَعَ

حالت پر غور کیا جسنے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور یہ کہا کہ مجھے (قیامت میں) مال اور اولاد ضرور دیا جائیگا کیا اُسکو

الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝ كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ

غیب کی خبر ملگئی ہے یا اُسنے خدا سے کوئی عہد لیا ہے ہرگز ایسا نہوگا جو کچھ وہ بکتا ہے

مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۝ وَّنَرِثُهُ

ہم اُسے لکھ لینگے اور اُسکا عذاب بہت کچھ بڑھا دینگے اور اُن چیزوں کا جو کچھ وہ کہتا ہے

مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ۝ وَاتَّخَذُوا مِنْ دُونِ اللّٰهِ اٰلِهَةً

ہم اُسکے وارث ہوجائینگے اور قیامت کے دن وہ ہمارے پاس تن تنہا آئیگا اور اُن لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر بہت سے خدا بنا

لِّيَكُونُوا لَهُمْ عِزًّا ۝ كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ

تاکہ وہ اُنکے لیے مددگار ہوں ہرگز نہیں عنقریب وہ اُنکی عبادت سے انکار کرینگے

وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا ع ١٧

اور اُنہی کے مخالف بنجائینگے کیا تمنے یہ نہیں دیکھا کہ ہم شیطانوں کو کافروں



الشَّيٰطِينَ عَلَى الْكٰفِرِينَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ۝ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ

کے پاس بھیجدیتے ہیں کہ وہ انکو خوب ابھاریں پس اب انکے بارے میں جلدی نہ کرو

اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ۝ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ اِلَى الرَّحْمٰنِ

ہم انکے دم گن رہے ہیں جس دن ہم پرہیزگاروں کو خدائے رحمان کی حضور میں جمعیت بنا

وَفْدًا ۝ وَّنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ۝ لَا يَمْلِكُونَ

کے بلائینگے اور گنہگاروں کو جہنم کی طرف پیاسے جانوروں کی طرح ہنکا لینگے انکو شفاعت کا کوئی

الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝ وَقَالُوا

اختیار نہوگا سوائے اُس شخص کے جسکا کوئی عہد خدائے رحمٰن کے پاس ہو اور انہوں نے یہ کہدیا

اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ۝ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا اِدًّا ۝ تَكَادُ

کہ خدائے رحمٰن نے بیٹا بنا لیا یہ تو تمنے بڑی سخت بات کہی قریب ہے کہ اس سے

السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ

آسمان پھٹ پڑیں اور زمین شق ہوجائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ

الْجِبَالُ هَدًّا ۝ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ۝ وَمَا يَنْۢبَغِيْ

ہوجائیں کہ انہوں نے خدا کا بیٹا کہدیا حالانکہ خدا کو

لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ۝ اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

بیٹا بنانیکی کوئی ضرورت نہیں آسمانوں میں جوہیں وہ اور زمین میں جوہیں وہ خدا

وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۝ لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ

رحمٰن کی حضور میں بندگی کا اظہار کرتے چلے آنیوالے ہیں ضرور اسنے ان سب کا احاطہ کرلیا ہے اور انکو


وَعَدَّهُمْ عَدًّا ۝ وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ۝ اِنَّ

ایسا شمار کرلیا ہے کہ شمار کرنیکا حق تھا اور قیامت کے دن ان میں سے ہر ایک اسکی حضور میں اکیلا ہو کر تنہا آنیوالا ہے بیشک

الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ

وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے عنقریب خدائے رحمٰن انکے لیے ایک محبت

وقف لازم ۔ وقف لازم ۔ نصف



وُدًّا ۝ فَإِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ

قرار دیگا۔ پس سوائے اسکے نہیں ہے کہ ہمنے اس (قرآن) کو تمہاری زبان میں آسان کر دیا ہے اس غرض سے کہ تم

بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝ وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ۭ هَلْ

پرہیزگار لوگوں کو خوشخبری سناؤ اور اسی کے ذریعہ سے جھگڑالو لوگوں کو ڈراؤ۔ اور ہم ان سے پہلے کتنی جماعتوں کو ہلاک کر دے چکے ہیں کیا

تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝

اُن میں سے تم کسی کی کوئی حرکت (بھی) محسوس کرتے ہو یا اُنکی کوئی خفیہ آواز (تک بھی) سُنتے ہو

سُورَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَخَمْسٌ وَثَلٰثُوْنَ آيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

طٰهٰ ۝ مَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لِتَشْقٰى ۝ إِلَّا

طہٰ۔ ہمنے یہ قرآن تیرے اس لیے نازل نہیں کیا ہے کہ تم تکلیف اٹھاؤ بلکہ اس لیے

تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْأَرْضَ

(نازل کیا ہے) کہ جو ڈرتا ہے اسکے لیے نصیحت ہو (یہ اسکا) اتارا ہوا ہے جسنے زمین کو اور اونچے اونچے آسمانوں

وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝ لَهٗ

کو پیدا کیا ہے۔ وہی رحمٰن عرش (یعنی تمام عالموں پر اور علوم) پر حاوی ہے۔

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے مابین ہے اور جو کچھ

تَحْتَ الثَّرٰى ۝ وَإِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَإِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ

تحت الثریٰ (سب کچھ) اُسی کا ہے اور اگر تم بات کو پکار کر کہوگے تو وہ تو پوشیدہ کو بھی واقف ہے اور بہت ہی

وَأَخْفٰى ۝ اَللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى ۝ وَ

خفیہ سے بھی۔ اللہ کہ اسکے سوا کوئی معبود نہیں سب اچھے نام اُسی کے ہیں اور

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ

آیا تم تک موسٰےؑ کا قصہ بھی پہنچا ہے؟ کہ جسوقت انہوں نے ایک آگ دیکھی تو اپنی اہل سے کہا کہ

امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ

(ذرا یہیں) ٹھہرو میں نے آگ دیکھی امید ہے کہ میں اسمیں سے تمہارے لیے چنگاری لاؤنگا یا اس آگ کے

اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ۝

پاس مجھے رستہ (کا پتا) مل جائیگا پس جب وہ آگ کے پاس آئے (تو انکو) آواز دی گئی کہ اے موسٰے

اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ

میں تمہارا پروردگار ہوں اب تم اپنے اہل و عیال کی محبت اپنے دل سے نکال دو بیشک تم اسوقت وادی مقدس طوے

طُوًى ۝ وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ۝ اِنَّنِيْٓ

میں ہو اور میں نے تمکو برگزیدہ کرلیا ہے پس جو کچھ وحی کیجاتی ہے اسے کان لگا کر سنو یقیناً خدا

اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ

میں ہی ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم میری ہی عبادت کرو اور میری یاد کے لیے نماز

لِذِكْرِيْ ۝ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى

پڑھو قیامت یقیناً آنیوالی ہے میں اس (کے وقت) کو چھپا رکھنے کو ہوں تاکہ ہر نفس کو

كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ۝ فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا

اسکی کوشش کے بموجب بدلہ دیا جائے پس تمکو اس سے وہ ہرگز نہ روکنے پائے جو شخص ایمان نہیں

يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۝ وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ

رکھتا ہے اور جو اپنی خواہش کا پیرو ہو ورنہ تم ہلاک ہوجاؤ گے اور اے موسٰے یہ تمہارے داہنے ہاتھ

يٰمُوْسٰى ۝ قَالَ هِيَ عَصَايَ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ

میں کیا ہے؟ عرض کی یہ میرا عصا ہے اسپر میں سہارا لیا کرتا ہوں اور اسی کے ذریعہ سے اپنی

بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ۝ قَالَ اَلْقِهَا

بھیڑ بکریوں کے لیے پتے جھاڑ دیا کرتا ہوں اور اس سے میرے اور بھی کئی کام نکلتے ہیں۔ فرمایا کہ اے موسٰے اسے

يٰمُوسٰى ○ فَأَلْقٰهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ○ قَالَ خُذْهَا

تو ڈالدو چنانچہ انہوں نے اسے ڈالا ہی تھا کہ وہ یکایک ایک دوڑتا ہوا سانپ بنگیا فرمایا اسے پکڑ لو

وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولٰى ○ وَاضْمُمْ يَدَكَ

اور ڈرو نہیں ہم ابھی اسکو اسکی پہلی حالت پر لوٹا دینگے اور اپنا ہاتھ اپنے بازو کے

إِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرٰى ○

نیچے چھپالو وہ صاف روشن بے عیب نکلیگا (یہ) دوسری نشانی (ہوگی)

لِنُرِيَكَ مِنْ آيَاتِنَا الْكُبْرٰى ○ اِذْهَبْ إِلٰى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ

تاکہ ہم اپنی نشانیوں میں سے بڑی سے بڑی نشانی تمکو دکھلائیں اب تم فرعون کے پاس جاؤ کہ وہ سرکش ہوگیا

طَغٰى ○ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ○ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ○

ہے (موسیٰ) عرض کی اے میرے پروردگار میرا سینہ میرے لیے کھولدے اور میرے کام کو میرے لیے آسان کر

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِي ○ يَفْقَهُوا قَوْلِي ○ وَاجْعَلْ

اور میری زبان کی گرہ کھولدے کہ لوگ میری بات سمجھیں اور میرا ایک وزیر

لِي وَزِيرًا مِنْ أَهْلِي ○ هٰرُونَ أَخِي ○ اشْدُدْ بِهِ

(بوجھ بٹانیوالا) میرے ہی کنبہ میں سے مقرر کردے میرا بھائی ہارونؑ اسکے ذریعہ سے میری کمر مضبوط

أَزْرِي ○ وَأَشْرِكْهُ فِي أَمْرِي ○ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا ○ وَ

کردے اور اسکو میرے کام میں میرا شریک کردے تاکہ ہم بہت کچھ تیری پاکی بیان کریں اور

نَذْكُرَكَ كَثِيرًا ○ إِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيرًا ○ قَالَ قَدْ

بہت کچھ تیری یاد کیا کریں بیشک تو ہمارے حال سے خوب آگاہ ہے (خدانے) فرمایا کہ اے موسیٰ

أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يٰمُوسٰى ○ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً

تمہاری سب درخواستیں قبول ہوگئیں اور ایک مرتبہ اور بھی ہمنے تم پر احسان

أُخْرٰى ○ إِذْ أَوْحَيْنَا إِلٰى أُمِّكَ مَا يُوحٰى ○ أَنِ اقْذِفِيهِ

کیا تھا جسوقت ہمنے تمہاری والدہ کی طرف وہ وحی کی تھی جو (اب بھی) وحی کیجاتی ہے کہ اسکو ایک صندوق میں

فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ

ڈالدو اور اس صندوق کو دریا میں چھوڑدو کہ دریا اسکو کنارہ پر جا ڈالیگا (اس جگہ) کو (وہاں سے)

يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ ۚ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً

میرا دشمن اور اسکا دشمن اسے اٹھالے اور میں نے اپنی طرف سے تم پر (تمہاری صورت پر) محبوبیت

مِّنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي ۝ إِذْ تَمْشِي أُخْتُكَ فَتَقُولُ

ڈالدی تھی اور (دوسرے) اسلیے کہ تم میری نگہبانی میں پرورش کیے جاؤ جبکہ تمہاری بہن چلی آرہی تھی پس وہ کہنے لگی کہ کیا میں

هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ مَن يَكْفُلُهُ ۖ فَرَجَعْنَاكَ إِلَىٰ أُمِّكَ كَيْ

تمہیں ایسا شخص بتادوں جو اسکی کفالت کرلے اس طرح ہمنے تمکو تمہاری والدہ کے پاس لوٹا دیا کہ اسکی آنکھیں

تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ

ٹھنڈی رہیں اور وہ رنجیدہ نہو اور تم نے ایک شخص کو قتل کردیا تھا پھر ہمنے تمکو اس غم سے نجات

الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُونًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِينَ فِي أَهْلِ مَدْيَنَ

دی اور طرح طرح سے تمکو آزمایا پھر کئی برس تم اہل مدین میں رہے

ثُمَّ جِئْتَ عَلَىٰ قَدَرٍ يَا مُوسَىٰ ۝ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِي ۝

پھر اے موسےٰ تم معین مدیر آگئے اور میں نے تمکو اپنے کام کا بنالیا

اذْهَبْ أَنتَ وَأَخُوكَ بِآيَاتِي وَلَا تَنِيَا فِي ذِكْرِي ۝ اذْهَبَا

اب تم اور تمہارا بھائی میری نشانیاں لیکر جاؤ اور تم دونو میری یاد میں کمی نہ کرنا تم دونو فرعون

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَىٰ ۝ فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ

کے پاس جاؤ کہ وہ سرکش ہوگیا ہے پس تم دونو اس سے نرم نرم باتیں کرنا شاید وہ نصیحت حاصل کرے یا (ظلم سے)

أَوْ يَخْشَىٰ ۝ قَالَا رَبَّنَا إِنَّنَا نَخَافُ أَن يَفْرُطَ عَلَيْنَا أَوْ أَن

ڈر ہی جائے ان دونو نے عرض کی کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو اس بات کا اندیشہ ہے کہ کہیں وہ ہم پر زیادتی کربیٹھے یا

يَطْغَىٰ ۝ قَالَ لَا تَخَافَا ۖ إِنَّنِي مَعَكُمَا أَسْمَعُ وَأَرَىٰ ۝ فَأْتِيَاهُ

زیادہ سرکش ہوجائے (خدا نے) فرمایا ذرا نہ ڈرو میں تم دونو کے ساتھ ہوں (جو گزریگی) میں سنونگا اور دیکھونگا اب تم دونو اسکے پاس

فَقُولَآ إِنَّا رَسُولَا رَبِّكَ فَأَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ

پہنچو اور یہ کہو کہ ہم دونو تیرے پروردگار کے رسول ہیں پس تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ کردے

وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۖ قَدْ جِئْنَٰكَ بِـَٔايَةٍ مِّن رَّبِّكَ ۖ وَٱلسَّلَٰمُ

اور اُنکو تکلیفیں نہ پہنچا ہم تیرے پروردگار کے پاس سے ایک نشانی لیکر آئے ہیں اور جو شخص بھی

عَلَىٰ مَنِ ٱتَّبَعَ ٱلْهُدَىٰٓ ۝ إِنَّا قَدْ أُوحِيَ إِلَيْنَآ أَنَّ ٱلْعَذَابَ

ہدایت کا پیرو ہو اُسپر سلام خدا ہے ہماری طرف یہ وحی یقینی کی گئی ہے کہ جو شخص تکذیب کریگا اور منہ پھیریگا

عَلَىٰ مَن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ۝ قَالَ فَمَن رَّبُّكُمَا يَٰمُوسَىٰ ۝

عذاب خدا اُسی پر ہوگا (فرعون نے) کہا کہ اے موسیٰ وہ تم دونو کا رب ہے کون؟

قَالَ رَبُّنَا ٱلَّذِيٓ أَعْطَىٰ كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُۥ ثُمَّ هَدَىٰ ۝

(موسیٰ نے) فرمایا کہ ہمارا پروردگار وہی ہے جسنے ہر چیز کو اُسکی ساخت عطا فرمائی پھر (نفع اُٹھانیکی) ہدایت کردی

قَالَ فَمَا بَالُ ٱلْقُرُونِ ٱلْأُولَىٰ ۝ قَالَ عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي

فرعون نے کہا تو بھلا پہلے زمانہ والوں کا کیا حال ہوگا؟ فرمایا اُنکا علم میرے پروردگار کے پاس ایک

فِي كِتَٰبٍ ۖ لَّا يَضِلُّ رَبِّي وَلَا يَنسَى ۝ ٱلَّذِي جَعَلَ لَكُمُ

نوشتہ میں ہے نہ میرا پروردگار چوکتا ہے اور نہ بھولتا ہے (وہ وہی ہے) جسنے زمین کو تمہارا فرش بنایا

ٱلْأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا وَأَنزَلَ مِنَ

ہے اور اُس میں تمہارے چلنے کے لیے راستے نکالدیے ہیں اور آسمان سے

ٱلسَّمَآءِ مَآءً فَأَخْرَجْنَا بِهِۦٓ أَزْوَٰجًا مِّن نَّبَاتٍ شَتَّىٰ ۝

پانی اُتارا ہے پھر ہمنے اُسکے ذریعہ سے مختلف قسم کی نباتات کے جوڑ پیدا کردیے ہیں

كُلُوا۟ وَٱرْعَوْا۟ أَنْعَٰمَكُمْ ۗ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ لِّأُو۟لِى

تم بھی کھاؤ اور اپنے چوپایوں کو بھی چراؤ بیشک اس میں عقل والوں کے لیے نشانیاں موجود

ٱلنُّهَىٰ ۝ مِنْهَا خَلَقْنَٰكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ

ع ٢ ١١

ہیں اسی سے ہمنے تمکو پیدا کیا ہے اور اسی میں ہم تمکو لوٹا دینگے اور اسی سے تمکو دوسری دفعہ

تَارَةً أُخْرَىٰ ۝ وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ

نکال کھڑا کرینگے — اور اُس (فرعون) کو ہمنے اپنی نشانیاں سب ہی تو دکھلائیں پس اُسنے تکذیب کی اور

وَأَبَىٰ ۝ قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ

ہی کرتا رہا — کہنے لگا کہ اے موسٰے کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ ہمکو ہمارے ملک سے اپنی جادو (کے زور)

يَا مُوسَىٰ ۝ فَلَنَأْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِثْلِهِ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَ

سے نکالدے — پس ضرور ہے کہ ہم بھی تیرے مقابلہ کے لیے ایسا ہی جادو لائینگے پس اپنے اور ہمارے مابین

بَيْنَكَ مَوْعِدًا لَا نُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلَا أَنْتَ مَكَانًا سُوًى ۝

صاف میدان میں مقابلہ کے لیے ایک وقت مقرر کر کہ جسکے نہ ہم خلاف کریں نہ تو

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَنْ يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ۝

(موسٰے نے) فرمایا تمہارے لیے وہ وقت عید کا دن ہے اور یہ کہ دن چڑھے سب لوگ جمع کرلیے جائیں

فَتَوَلَّىٰ فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ ثُمَّ أَتَىٰ ۝ قَالَ لَهُمْ

پس فرعون پلٹ گیا اور اپنے سب داؤں اکٹھے کیے پھر (وقت پر) آموجود ہوا — موسٰے نے اُن لوگوں سے

مُوسَىٰ وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ

فرمایا تمہاری کیوں شامت آئی ہے اللہ پر جھوٹا بہتان نہ باندھو ورنہ وہ کسی آفت سے تمہاری بیخکنی

بِعَذَابٍ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَىٰ ۝ فَتَنَازَعُوا أَمْرَهُمْ

کردیگا — اور جسنے بھی جھوٹ باندھا وہ کبھی مراد کو نہیں پہنچا پھر وہ اپنے معاملہ میں آپس ہی میں

بَيْنَهُمْ وَأَسَرُّوا النَّجْوَىٰ ۝ قَالُوا إِنْ هَٰذَانِ لَسَاحِرَانِ

لڑنے لگے اور اپنے مشورہ کو پوشیدہ رکھا (فرعون نے اور اُسکے درباریوں نے) کہا یہ دونو جادوگر ہیں یہ چاہتے ہیں کہ

يُرِيدَانِ أَنْ يُخْرِجَاكُمْ مِنْ أَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا

جادو کے زور سے تمکو تمہارے ملک سے نکالدیں — اور تمہارے عمدہ

بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَىٰ ۝ فَأَجْمِعُوا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوا

مذہب کو باطل کردیں — سو تم بھی اپنے داؤں اکٹھے کرلو پھر پرا باندھکر

صَفًّا ۚ وَقَدْ أَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلَىٰ ○ قَالُوا يَا مُوسَىٰ

آجاؤ اور آج کے دن جو بڑھ رہا اسی نے بالا مار لیا (جادوگر) بولے کہ اے موسٰے

إِمَّا أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّا أَنْ نَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَلْقَىٰ ○ قَالَ بَلْ

لو اب تم ڈالتے ہو یا ہم ہی پہلے ڈالنے والے نہیں (موسٰے نے) فرمایا تم ہی

أَلْقُوا ۖ فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ

ڈال لو پس یکایک انکی رسیاں اور انکی لکڑیاں انکے جادو کے زور سے ایسی معلوم ہونے لگیں کہ

أَنَّهَا تَسْعَىٰ ○ فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُوسَىٰ ○

دوڑ رہی ہیں اب موسٰے کو بھی اپنے دل میں کچھ خوف معلوم ہوا

قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعْلَىٰ ○ وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ

ہمنے کہا کہ ڈرو نہیں غالب تو تم ہی رہوگے اور جو کچھ تمہارے داہنے ہاتھ میں ہے

تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا ۖ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ

اسے ڈالدو کہ انہوں نے جو کچھ بنایا ہے یہ اسکو ہڑپ کر جائیگا انہوں نے جو کچھ بنایا ہے وہ جادوگر کا کرتب ہی تو ہے اور جادوگر جہاں

حَيْثُ أَتَىٰ ○ فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ

بھی جائے کامیاب نہ ہوگا پس وہ سب (جادوگر) مجبوراً سجدہ میں گر پڑے کہنے لگے کہ ہم ہارون و موسٰے کے

هَارُونَ وَمُوسَىٰ ○ قَالَ آمَنْتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ

رب پر ایمان لائے (فرعون نے) کہا کہ قبل اسکے کہ میں اجازت دوں تم اسپر ایمان لے آئے

إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۖ فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ


(معلوم ہوتا ہے کہ) یہی تم سب کا گرو ہے جسنے تمکو جادو سکھایا ہے تو اب میں تمہارے مقابل کے ہاتھ پاؤں

وَأَرْجُلَكُمْ مِنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ

کٹوا دونگا اور تمکو کھجور کے درختوں پر دار پر کھنچوا دونگا

النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا وَأَبْقَىٰ ○ قَالُوا

اور یہ تمکو علم بھی ہو جائیگا کہ ہم میں سے کونسا زیادہ سخت اور زیادہ پائدار عذاب دینے والا ہے (جواب میں جادوگر) بولے



لَن نُّؤْثِرَكَ عَلَىٰ مَا جَاءَنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالَّذِي فَطَرَنَا

کہ موسیٰ جو کھلے معجزے لائے اُسکے مقابلہ میں اور جسنے ہمکو پیدا کیا ہی اُسکے برخلاف ہم تجھکو ہرگز ترجیح نہ دینگے پس

فَاقْضِ مَا أَنتَ قَاضٍ ۖ إِنَّمَا تَقْضِي هَٰذِهِ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ۝

(اے فرعون) تو جو کچھ حکم دینے والا ہی دیدے تو فقط اسی دنیا کی زندگانی ہی میں تو حکم چلا سکتا ہے

إِنَّا آمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطَايَانَا وَمَا أَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ

ہم اپنے پروردگار پر تو اسلیے ایمان لائے ہیں کہ ہماری خطاؤں کو اور جس جادوگری پر تو نے ہمکو مجبور کیا تھا اسکو بخشدے

السِّحْرِ ۗ وَاللَّهُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ۝ إِنَّهُ مَن يَأْتِ رَبَّهُ مُجْرِمًا

اور اللہ سب سے بہتر اور (ثواب دینے کے لیے) سب سے زیادہ باقی رہنے والا ہی یقینی بات ہی کہ جو اپنے پروردگار کی حضور میں گنہگار ہو کر آئیگا

فَإِنَّ لَهُ جَهَنَّمَ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَىٰ ۝ وَمَن يَأْتِهِ

جہنم اُسکے لیے ضرور ہے جس میں وہ نہ مریگا اور نہ جیے گا اور جو اسکی حضور میں مومن ہو کر

مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصَّالِحَاتِ فَأُولَٰئِكَ لَهُمُ الدَّرَجَاتُ

آئیگا جسنے نیک عمل (بھی) کیے ہونگے یہی وہ لوگ ہیں جنکے لیے اعلےٰ درجے

الْعُلَىٰ ۝ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ

ہیں (یعنی) ہمیشہ کی جنتیں جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے

فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ مَن تَزَكَّىٰ ۝ وَلَقَدْ أَوْحَيْنَا إِلَىٰ

اور جو پاک رہے اُسکی جزا یہی ہے اور ضرور ہمنے موسیٰ کو وحی فرمائی تھی

مُوسَىٰ أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِي فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقًا فِي الْبَحْرِ

کہ میرے بندوں کو راتوں رات لیجاؤ پھر اُنکے لیے دریا میں خشک راستہ

يَبَسًا لَّا تَخَافُ دَرَكًا وَلَا تَخْشَىٰ ۝ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُودِهِ

بنالو کہ تمکو گرفتار ہوجانیکا اندیشہ اور ڈر نہ رہے پھر فرعون نے اپنے لشکر سمیت اُنکا پیچھا کیا

فَغَشِيَهُم مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ۝ وَأَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهُ

اور دریا اُن (فرعون اور فرعونیوں) کو اپنی موجوں میں لپیٹ لیا اور اسی طرح فرعون نے اپنی قوم کو بھٹکا دیا

وَمَا هَدٰى ۝ يٰبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ قَدۡ اَنۡجَيۡنٰكُمۡ مِّنۡ

اور انکا رہنما نہ بنا — اے اولاد اسرائیل ہم نے تمکو تمہارے دشمنوں سے — یقیناً نجات دی

عَدُوِّكُمۡ وَوٰعَدۡنٰكُمۡ جَانِبَ الطُّوۡرِ الۡاَيۡمَنَ وَنَزَّلۡنَا

اور مبارک پہاڑ طور کے برابر سے اپنا وعدہ پورا کیا اور (صحرا میں) تمپر

عَلَيۡكُمُ الۡمَنَّ وَالسَّلۡوٰى ۝ كُلُوۡا مِنۡ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقۡنٰكُمۡ

مَنّ و سلوےٰ نازل کیا (اور یہ حکم دیا کہ) جو کچھ ہم نے تمکو دیا ہے اس میں سے پاک چیزیں کھاؤ

وَلَا تَطۡغَوۡا فِيۡهِ فَيَحِلَّ عَلَيۡكُمۡ غَضَبِىۡ ۚ وَمَنۡ يَّحۡلِلۡ

اور اسکے بارے میں سرکشی نہ کرو ورنہ تمپر میرا غضب نازل ہوگا اور جسپر میرا غضب نازل ہوگا

عَلَيۡهِ غَضَبِىۡ فَقَدۡ هَوٰى ۝ وَاِنِّىۡ لَغَفَّارٌ

وہ یقیناً ہلاک ہوجائیگا — اور میں اسکے لیے جو توبہ

لِّمَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ

کرے اور ایمان لائے اور نیک عمل کرے پھر ہدایت یافتہ بھی ہو ضرور بڑا

اهۡتَدٰى ۝ وَمَاۤ اَعۡجَلَكَ عَنۡ قَوۡمِكَ يٰمُوۡسٰى ۝ قَالَ

بخشنے والا ہوں — اور اے موسےٰ تمکو تمہاری قوم سے کس چیز نے آگے بڑھا دیا — عرض کرنے لگے

هُمۡ اُولَاۤءِ عَلٰۤى اَثَرِىۡ وَعَجِلۡتُ اِلَيۡكَ رَبِّ لِتَرۡضٰى ۝

کہ وہ تو میرے پیچھے (آرہے) ہیں اور اے پروردگار میں نے تیری طرف (آنے کی) اسلیے جلدی کی کہ تو خوش ہو

قَالَ فَاِنَّا قَدۡ فَتَنَّا قَوۡمَكَ مِنۡۢ بَعۡدِكَ وَاَضَلَّهُمُ

فرمایا تو ہم نے تمہارے بعد تمہاری قوم کی آزمائش کی ہے اور سامری نے انکو

السَّامِرِىُّ ۝ فَرَجَعَ مُوۡسٰۤى اِلٰى قَوۡمِهٖ غَضۡبَانَ اَسِفًا ۚ

بہکا دیا ہے پس موسےٰ اپنی قوم کی طرف غصے میں بھرے ہوئے اور افسوس کرتے ہوئے آئے (اور)

قَالَ يٰقَوۡمِ اَلَمۡ يَعِدۡكُمۡ رَبُّكُمۡ وَعۡدًا حَسَنًا ؕ اَفَطَالَ

فرمانے لگے کہ اے میری قوم کیا تمہارے پروردگار نے تم سے اچھا وعدہ نہ کیا تھا؟ کیا [illegible] ہوئے

عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ أَمْ أَرَدْتُّمْ أَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ

کچھ بہت مدت گزر گیا تھا یا تم نے چاہا کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے غضب نازل ہو

مِّنْ رَّبِّكُمْ فَأَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِي ۝ قَالُوا مَا أَخْلَفْنَا

کہ تم نے میرے وعدے کے خلاف کیا۔ وہ بولے کہ ہم نے اپنے اختیار سے تو آپکے وعدہ

مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلَٰكِنَّا حُمِّلْنَا أَوْزَارًا مِّنْ زِينَةِ

کے خلاف نہیں کیا بلکہ (واقعہ یوں پیش آیا کہ) قوم فرعون کے زیوروں کے کئی بوجھ ہم پر لادے گئے تھے جنکو ہمنے لا کر آگ

الْقَوْمِ فَقَذَفْنَاهَا فَكَذَٰلِكَ أَلْقَى السَّامِرِيُّ ۝ فَأَخْرَجَ

میں ڈالدیا اور ایسا ہی سامری نے (بھی) کیا پھر اُسنے (اُنہی پگھلے ہوئے زیوروں سے)

لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهُ خُوَارٌ فَقَالُوا هَٰذَا إِلَٰهُكُمْ وَإِلَٰهُ

ان کیلئے ایک بچھڑا بنادیا یعنی ایک جسد تھا جس کاٹے کی سی آواز تھی تو بعض لوگوں نے کہہ دیا کہ یہ تمہارا بھی معبود ہے اور موسیٰ کا بھی معبود

مُوسَىٰ فَنَسِيَ ۝ أَفَلَا يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلًا

ہے پس موسیٰ بھولکر (طور پر چلے) گئے ہیں۔ بھلا وہ یہ نہ سمجھے کہ وہ بچھڑا اُنکی کسی بات کا جواب نہیں دے سکتا تھا

وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۝ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ

اور نہ اُنکے ضرر کا اختیار رکھتا تھا اور نہ نفع کا۔ اور ہارونؑ نے اُنسے پہلے ہی کہدیا تھا کہ اے

هَٰرُونُ مِنْ قَبْلُ يَٰقَوْمِ إِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهِ ۖ وَإِنَّ

میری قوم تمہاری اس بچھڑے کے ذریعہ سے آزمائش کی گئی ہے اور بیشک تمہارا

رَبَّكُمُ الرَّحْمَٰنُ فَاتَّبِعُونِي وَأَطِيعُوا أَمْرِي ۝ قَالُوا لَنْ

پروردگار رحمٰن ہے پس تم میری پیروی کرو اور میرے حکم کو مانو (جواب میں) انہوں نے کہا تھا کہ

نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عَٰكِفِينَ حَتَّىٰ يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوسَىٰ ۝ قَالَ

اب تو ہم اسی کی عبادت کرینگے جب تک کہ موسیٰ ہمارے پاس لوٹ کر نہ آئیں (موسیٰ نے) کہا

يَٰهَٰرُونُ مَا مَنَعَكَ إِذْ رَأَيْتَهُمْ ضَلُّوا ۝ أَلَّا تَتَّبِعَنِ

اے (بھائی) ہارونؑ جب تمنے انکو بھٹکتے دیکھا تھا تو تمکو کیا چیز مانع تھی کہ تم نے میری پیروی نہ کی کیا تمنے میرے

ع ۱۳

أَفَعَصَيْتَ أَمْرِي ○ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا

حکم کی نا فرمانی کی ۔ اُنھوں نے کہا کہ اے میرے ماں جائے آپ میرے سر و ریش کو نہ پکڑیں (یعنی

بِرَأْسِي إِنِّي خَشِيتُ أَنْ تَقُولَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِي إِسْرَاءِيلَ

سر یا ڈاڑھی کو الزام نہ دیں) مجھے تو یہ اندیشہ رہا کہ کہیں آپ یہ نہ فرمائیں کہ تونے بنی اسرائیل میں پھوٹ ڈالدی

وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي ○ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَسَامِرِيُّ ○ قَالَ

اور میری بات کا پاس نہ کیا (موسیٰ نے) پوچھا کہ اے سامری یہ تیری کیا حرکت ہے؟ اُسنے عرض کی

بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوا بِهِ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ

کہ میں نے اُسے دیکھا تھا جسے اِن لوگوں نے نہیں دیکھا پس میں نے اُس (فرشتے) کے قدم کے نیچے کی ایک مٹھی

الرَّسُولِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذَٰلِكَ سَوَّلَتْ لِي نَفْسِي ○ قَالَ

(خاک) لیلی تھی وہ میں نے اس بچھڑے میں ڈالدی تھی اور میرے دل میں یہی سمائی تھی (موسیٰ نے) فرمایا

فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيَوٰةِ أَنْ تَقُولَ لَا مِسَاسَ وَ

نکلجا تیری سزا یہ ہے کہ جب تک جیے یہی کہتا رہے کہ مجھے نہ چھونا اور

إِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهُ وَانْظُرْ إِلَىٰٓ إِلَٰهِكَ الَّذِي

تیرے لیے ایک وعدہ گاہ ہے جسکے خلاف نہیں کیا جائیگا اور دیکھ اپنے معبود کی طرف دیکھ جسکی عبادت

ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا لَنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ

کی طرف تو مائل تھا ہم ضرور اسکو بھسم کر دینگے پھر اُسکا ذرہ ذرہ کر کے دریا میں ڈالدینگے

نَسْفًا ○ إِنَّمَا إِلَٰهُكُمُ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ وَسِعَ

سوائے اسکے نہیں کہ تمہارا معبود وہی اللہ ہے جسکے سوا کوئی الٰہ نہیں وہ اپنے علم سے

كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ○ كَذَٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ مَا

ہر شے پر حاوی ہے اسی طرح ہم اُن واقعات کی خبریں جو پہلے گزر چکے ہیں تمکو سناتے

قَدْ سَبَقَ وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِنْ لَدُنَّا ذِكْرًا ○

ہیں اور بیشک ہی اپنے پاس سے تمکو قرآن عطا کیا ہے

بھولی کہ اے موسیٰ اسے قتل نہ کروا سلئے کہ یہ مرد سخی ہے ١٢

مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۙ

جو اس سے روگرداں ہوگا قیامت کے دن وہی ایک (بھاری) بوجھ لادے ہوئے آئیگا

خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ؕ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ۙ يَّوْمَ

ہمیشہ وہ اسی حالت میں رہینگے اور قیامت کے دن انکا یہ وبال بہت ہی برا ہوگا جسدن

يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ۚ

صور پھونکا جائیگا اور گنہگاروں کو ہم نیلی آنکھوں کے ساتھ محشور کرینگے

يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ۙ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا

چپکے چپکے آپس میں یہ کہتے ہونگے کہ (دنیا میں یا قبر میں) تم کوئی دس دن رہے ہوگے جو باتیں یہ لوگ کرینگے ہم اس سے

يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا

خوب واقف ہیں کہ جو ان میں سے زیادہ واقف کار اور رو براہ ہوگا وہ یہ کہیگا کہ (نہیں جی) تم بہت ٹھہرے ہوگے تو

يَوْمًا ۧ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ

ایک ہی دن اور یہ لوگ تم سے پہاڑوں کا حال دریافت کرتے ہیں تم کہدو کہ میرا پروردگار انکو ذرہ ذرہ

نَسْفًا ۙ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۙ لَّا تَرٰى فِيْهَا

کردیگا پھر انکی جگہ چٹیل میدان کردیگا جس میں نہ تم موڑ دیکھوگے

عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ۭ يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ

اور نہ کوئی ٹیلا ٹیکرا جس دن وہ سب ایک بلانیوالے کے پیچھے چلے جائینگے جس سے

لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا

کوئی عدول نہ کریگا اور خوف خدا سے آوازیں پست ہوجائینگی پس تم کو

تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۙ يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ

کچھ کھسر پھسر ہی سنائی دیگی عام طور پر اس دن کوئی سفارش فائدہ نہ دیگی سوائے اس شخص

اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ۙ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

کی سفارش کے جسکو خدائے رحمٰن نے اذن دیدیا ہو اور جسکی بات پسند فرمائی ہو وہ انکے گزشتہ

أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِهِ عِلْمًا ۝ وَ

اور آئندہ سے واقف ہے اور یہ اسکے علم کا احاطہ نہیں کر سکتے اور

عَنَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ

اس ہمیشہ قائم رہنے والے زندہ کے سامنے سب جھک گئے اور جو ظلم کے بارسے لدا ہوا آیا وہ یقینا

ظُلْمًا ۝ وَمَنْ يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

ناکام ہو گیا اور جو شخص مومن ہونیکی حالت میں کوئی نیکی کریگا تو اسکو کسی کی

فَلَا يَخَافُ ظُلْمًا وَلَا هَضْمًا ۝ وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ قُرْآنًا

اور نقصان کا اندیشہ نہیں ہے اور اسی طرح ہمنے اسے عربی زبان کا قرآن

عَرَبِيًّا وَصَرَّفْنَا فِيهِ مِنَ الْوَعِيدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ

اتارا ہے اور اس میں بار بار خوف دلایا ہے تاکہ وہ باز رہیں یا یہ انکے لیے

أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ۝ فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۗ

نصیحت تازہ کرے پس خدا بادشاہ برحق برتر ہے

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُقْضَىٰ إِلَيْكَ وَحْيُهُ ۖ

اور قرآن کے پڑھنے میں قبل اسکے کہ اس آیت کی وحی پوری ہو چکی ہو جلدی نہ کیا کرو

وَقُلْ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا ۝ وَلَقَدْ عَهِدْنَا إِلَىٰ آدَمَ مِنْ

اور یہ کہا کرو کہ اے میرے پروردگار میرا علم بڑھا دے اور آدم کو ہمنے پہلے ہی ایک حکم دیا تھا پس وہ

قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا ۝ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ

اسکو بھول گئے اور ہمنے ان میں پختگی نہ پائی اور (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے کل فرشتوں سے کہا تھا کہ

ع ۶ ۱۱ ۱۵

اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ أَبَىٰ ۝ فَقُلْنَا

آدم کو سجدہ کرو پس سوائے ابلیس کے سب ہی نے سجدہ کیا وہ منکر رہا پس ہمنے کہدیا کہ

يَا آدَمُ إِنَّ هَٰذَا عَدُوٌّ لَكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا

اے آدم یہ تمہارا اور تمہاری زوجہ کا یقینی دشمن ہے ایسا نہو کہ یہ تم دونو کو جنت سے

مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى ۝ اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى

نکالدے پھر تم تکلیف میں پڑجاؤ حالانکہ اب تمہیں یہ بات حاصل ہے کہ نہ تم اس جنت میں بھوکے رہتے ہو اور نہ ننگے

وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ۝ فَوَسْوَسَ اِلَيْهِ

اور نہ اسمیں کبھی پیاسے ہوتے ہو اور نہ دھوپ کھاتے ہو اب شیطان نے چپکے چپکے دل میں ڈالی

الشَّيْطٰنُ قَالَ يٰۤاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَ

اور یہ کہا کہ اے آدم کیا میں تمہیں ہمیشہ کی زندگی کا درخت بتاؤں اور ایسی سلطنت

مُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ۝ فَاَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا

جو کبھی پرانی نہو بس دونوں نے اس میں سے کچھ کھالیا بس انکی شرمگاہیں انپر ظاہر ہوگئیں

وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۫ وَعَصٰۤى

اور وہ دونو جنت کے پتے اپنے بدن پر لپیٹنے لگے اور آدم نے اپنے

اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ۝ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَ

رب کے خلاف کیا لہذا ناکام رہے پھر انکے پروردگار نے انکو منتخب کرلیا اور انکی توبہ قبول کرلی اور

هَدٰى ۝ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ

راہ ہدایت بتلادی فرمایا اب تم دونو اس میں سے ایک ساتھ چلے جاؤ تم سب آپس میں ایک دوسرے کے

عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۵ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ

دشمن ہوگے پھر جب میری ہدایت تمہارے پاس آئے اسوقت جو میری ہدایت کی پیروی کریگا بس

فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى ۝ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ

نہ وہ بھٹکیگا اور نہ بدبخت رہیگا اور جو میری نصیحت سے روگرداں رہیگا اسکی زندگی بھی تنگ

لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۝ قَالَ

میں بسر ہوگی اور قیامت کے دن ہم اسے اندھا کرکے اٹھائینگے وہ عرض کریگا

رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْۤ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ۝ قَالَ

اے میرے پروردگار تو نے مجھے اندھا کرکے کیوں اٹھایا حالانکہ میں تو آنکھوں والا تھا خدا فرمائیگا

نہ انکا قول سنتا تھا اور نہ انکے حکم کی اطاعت کرتا تھا یعنی انکو چھوڑ دیا تھا اسیطرح آج تو بھی جہنم میں چھوڑ دیا جائیگا ۱۲

كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ

ایسے ہی تو نے (کیا تھا یعنی) ہماری نشانیاں تیرے پاس آئی تھیں تو تو نے انکو بھلا دیا تھا اور آج کے دن اسی طرح تو بھی اسی

تُنْسٰى ۝ وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ

حالت میں چھوڑ دیا جائیگا۔ اور جو شخص زیادتی کرے اور اپنے پروردگار کے احکام پر ایمان نہ لائے

بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ۝

اسکو ہم اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں اور آخرت کا عذاب زیادہ سخت اور زیادہ پائندار ہے

اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ

کیا اسے انکو بتا نہیں دیا کہ ان سے پہلے کتنے زمانے (کے لوگ) ہلاک

الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

کر دیئے جن کے گھروں میں یہ چلتے پھرتے ہیں بیشک سمجھداروں کے لیے اسی میں

لِّاُولِي النُّهٰى ۝ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

نشانیاں (موجود) ہیں اور اگر تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات نہ ٹھہر چکی ہوتی اور ایک وقت

لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ۝ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا

کا تعین نہ ہو چکا ہوتا تو عذاب ضرور آ جاتا پس اب یہ جو کچھ کہیں اسے برداشت کرو

يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ

اور سورج نکلنے سے پہلے اور اسکے ڈوبنے سے پہلے اپنے پروردگار

الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ

کی حمد کی تسبیح پڑھا کرو اور رات کی گھڑیوں میں

فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ۝ وَلَا تَمُدَّنَّ

اور دن کے اوقات میں اسکی پاکی بیان کیا کرو تاکہ تم خوش رہو اور زندگانی دنیا کی

عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ

جن چیزوں سے ہم نے کفار کے مختلف گروہوں کو اس غرض سے نفع پہنچایا ہے کہ ہم آزمائیں

ع ٣ / ١٦

منزل ٤

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۥ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ۥ وَرِزْقُ رَبِّكَ

اسیں آزمائش کریں تم انکی طرف آنکھ اٹھا کے بھی نہ دیکھنا — اور تمہارے پروردگار کا عطیہ

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ○ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ

سب سے اچھا اور پائدار ہے — اور اپنے اہلبیت اور اُمت کو نماز کا حکم دو اور خود بھی اس کے

عَلَيْهَا ۥ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ۥ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۥ

پابند رہو — ہم تم سے کچھ کھانے کو تو نہیں مانگتے — ہم تو خود تمکو سب کچھ دیتے ہیں

وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ○ وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا

اور انجام پرہیزگاری ہی کا اچھا ہے — اور انھوں نے یہ کہا کہ یہ اپنے پروردگار کی طرف سے

بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۥ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي

کوئی نشانی کیوں نہیں لاتا — کیا انکے پاس پہلی کتابوں میں جو کچھ ہے اسکی شہادت

الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ○ وَلَوْ اَنَّا اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ

نہیں آچکی — اور اگر ہم انکو رسول کے آنے سے پہلے ہی کسی عذاب سے

مِّنْ قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَا اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا

ہلاک کر دیتے — تو یہ کہتے کہ اے ہمارے پروردگار تو نے ہمارے پاس کوئی رسول

رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ

کیوں نہ بھیجا کہ ہم ذلیل و رسوا ہونے سے پہلے (پہلے) تیرے احکام کی

نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ○ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ


پیروی کرتے — تم کہدو کہ ہر ایک منتظر ہے

فَتَرَبَّصُوْا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ

سو تم بھی انتظار کرو عنقریب تم جان لوگے کہ سیدھی راہ والے

الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ○ ع ٨/١٧

کون ہیں اور ہدایت یافتہ کون ہیں



سُورَةُ الْاَنْبِيَاۗءِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّاثْنَتَا عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

(شروع کرتا ہوں) خدا کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ

لوگوں کے لیے اُن کے حساب کا وقت قریب آ پہنچا حالانکہ وہ ابھی غفلت میں منہ موڑے

مُّعْرِضُوْنَ ۝ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ

ہوئے ہیں کوئی نئی نصیحت اُن کے پاس اُن کے پروردگار کی طرف سے نہیں آتی مگر یہ کہ وہ اسے

اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۝ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۭ وَ

کان لگا کر سنتے تو ہیں اور اس کا مذاق اُڑاتے ہیں دل اُن کے کھیل میں لگے ہوئے ہیں اور

اَسَرُّوا النَّجْوَى ڰ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ڰ هَلْ هٰذَآ اِلَّا

یہ ظالم چپکے چپکے سرگوشیاں کرتے ہیں (اور یہ کہتے ہیں کہ) یہ رسول ہے ہی کیا؟ تم ہی جیسا تو

بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ۝

آدمی ہے کیا تم کھلی آنکھوں جادو کے پاس آتے ہو

قٰلَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۡ وَهُوَ

(رسول نے) فرمایا میرا پروردگار آسمان اور زمین کی ہر بات کو جانتا ہے اور وہ بڑا سننے والا

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۢ بَلِ

(اور) بڑا جاننے والا ہے بلکہ انہوں نے تو یہ کہہ دیا کہ یہ پریشان خیالات ہیں بلکہ اس نے اپنے

افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ښ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ

دل سے بنا لیا ہے بلکہ وہ ایک شاعر ہے (اگر ایسا نہیں ہے) تو ہمارے پاس ایک معجزہ کیوں نہیں لے آتا جیسے

الْاَوَّلُوْنَ ۝ مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ

پہلے (پیغمبر) بھیجے گئے تھے اُن سے پہلے جس بستی کو ہم نے ہلاک کر دیا وہ تو ایمان لائے نہیں

الجزء السابع عشر ١٧

أَهْلَكْنٰهَا ۚ أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ ۝ وَمَآ أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ

تو کیا یہ ایمان لائینگے ؟ اور ہمنے تم سے پہلے بھی آدمی ہی

إِلَّا رِجَالًا نُّوحِيٓ إِلَيْهِمْ فَسْئَلُوٓا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن

بھیجے تھے جنکی طرف ہم وحی کیا کرتے تھے پس اگر تم نہیں جانتے تو یاد والوں سے (یعنی آل

كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَأْكُلُونَ

رسول سے) پوچھ لو اور ہمنے انکے ایسے جسم نہ بنائے تھے کہ وہ کھانا نہ کھاتے

الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا خٰلِدِينَ ۝ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ

ہوں اور نہ وہ ہمیشہ رہنے والے تھے پھر ہمنے اپنے وعدہ (عذاب) کو جو انسے کیا

فَأَنجَيْنٰهُمْ وَمَن نَّشَآءُ وَأَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِينَ ۝ لَقَدْ

تھا سچ کر دکھایا پھر خود انکو اور جس جس کو ہمنے چاہا نجات دیدی اور زیادتی کرنیوالونکو ہمنے ہلاک کر دیا (ای قوم قریش)

أَنزَلْنَآ إِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيهِ ذِكْرُكُمْ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ وَ

ہمنے یقینا ایک کتاب تمہاری طرف نازل کی ہے جسمیں تمہارے لیے نصیحت (موجود) ہے کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ اور

ع ۱

كَمْ قَصَمْنَا مِن قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَأَنشَأْنَا بَعْدَهَا

ہمنے کتنی ہی بستیاں جو نافرمان تھیں اجاڑ دیں اور انکے اجاڑنیکے بعد اور اور لوگ

قَوْمًا آخَرِينَ ۝ فَلَمَّآ أَحَسُّوا بَأْسَنَآ إِذَا هُم مِّنْهَا

پیدا کردیے پھر جسوقت انہوں نے ہمارے عذاب کو محسوس کیا تو لگے وہاں سے

يَرْكُضُونَ ۝ لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوٓا إِلَىٰ مَآ أُتْرِفْتُمْ فِيهِ

تیز تیز بھاگنے (ہمنے انسے کہا) اب تیز نہ بھاگو اور جہاں تمکو آسائش ملا کرتی تھی اس مقام کی طرف

وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْئَلُونَ ۝ قَالُوا يٰوَيْلَنَآ إِنَّا كُنَّا

اور اپنے مکانوں کی طرف لوٹ کر جاؤ تاکہ تمہاری مزاج پرسی کی جائے وہ بولے کہ ہائے خرابی ہماری ہم تو یقینا

ظٰلِمِينَ ۝ فَمَا زَالَت تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى

نافرمان تھے پس وہ برابر یہی پکارتے رہے یہاں تک کہ ہمنے انکو مار کر

جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ○ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ

کٹی ہوئی کھیتی کا سا ڈھیر لگا دیا اور ہمنے آسمان کو اور زمین کو اور جو کچھ

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ○ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ

ان دونوں کے درمیان ہے کھیل کے طور پر نہیں پیدا کیا اگر ہم کوئی کھیل ہی بنانا چاہتے تو اپنی طرف سے

لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ اِنْ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ○ بَلْ

(اپنی شان کے موافق) کرتے بشرطیکہ ہمکو ایسا ہی کرنا ہوتا بلکہ

نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ

ہم تو حق کو باطل پر غالب کر دیتے ہیں پس وہ اسکا سر توڑ دیتا ہے پھر یکایک وہ باطل کافور

زَاهِقٌ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ○ وَلَهٗ مَنْ

ہو جاتا ہے اور تمہارے لیے جو کچھ تم بیان کرتے ہو افسوس ہے اور جو ذوی العقول

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ

آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اسی کے ہیں اور اسکی حضور میں ہیں نہ اسکی عبادت سے

عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ○ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ

سرتابی کرتے ہیں اور نہ تھکتے ہیں رات اور دن اسکی پاکی بیان

وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ○ اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ

کرتے رہتے ہیں (اور) کاہلی نہیں کرتے کیا انہوں نے زمین سے ایسے خدا بنا لیے ہیں جو

الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ○ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ

(مردوں کو) زندہ کردیں اگر آسمان و زمین میں اللہ کے سوا اور کوئی خدا ہوتے

لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○

تو دونوں (کبھی کی) اجڑ گئی ہوتیں پس جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں خدا یعنی عرش کا مالک ان سب (باتوں) سے منزہ ہے

لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ○

جو کچھ وہ کرتا ہے اسکی نسبت اس سے باز پرس نہیں کی جاسکتی اور انسے باز پرس کی جائیگی

أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ آلِهَةً قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ

کیا انہوں نے اُسے چھوڑ کر اور خدا بنالیے ہیں تم کہدو کہ تم اپنی (اپنی) دلیل پیش کرو

هَٰذَا ذِكْرُ مَن مَّعِيَ وَذِكْرُ مَن قَبْلِي بَلْ أَكْثَرُهُمْ

یہ (قرآن مجید) اُنکے لیے بھی نصیحت ہے جو میرے ساتھ ہیں اور اُنکے لیے بھی نصیحت تھی جو مجھ سے پہلے ہیں

لَا يَعْلَمُونَ الْحَقَّ فَهُم مُّعْرِضُونَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا

لیکن بہت سے لوگ حق کو سمجھتے نہیں اسی سے وہ روگرداں ہوتے ہیں اور ہمنے تم سے پہلے ایک

مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ

رسول بھی ایسا نہ بھیجا کہ اُسکی طرف ہم یہ وحی نہ کرتے رہے ہوں کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ پس

إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا

تم میری ہی عبادت کیا کرو اور وہ کہتے ہیں کہ رحمٰن نے کسی کو بیٹا بنالیا اُسکی ذات

سُبْحَانَهُ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُونَ ۝ لَا يَسْبِقُونَهُ

(اِس تہمت سے) بری ہے بلکہ وہ تو اُسکے معزز بندے ہیں جو بات کہنے میں اُس سے سبقت

بِالْقَوْلِ وَهُم بِأَمْرِهِ يَعْمَلُونَ ۝ يَعْلَمُ مَا

نہیں کرتے اور اُسکے امر کے بموجب عمل کرتے رہتے ہیں وہ اُنکے آئندہ اور

بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ

گزشتہ (سب) کا حال جانتا ہے اور وہ کسی کی سفارش نہیں کرتے سوا اُسکے جو

ارْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ ۝ وَمَن

اُسکو پسند ہو اور وہ اُسکے خوف سے ڈرتے رہتے ہیں اور جو اُن میں

يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّي إِلَٰهٌ مِّن دُونِهِ فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ

سے یہ کہدے کہ میں بھی اُسکے علاوہ ایک معبود ہوں پس ایسے ہی کا بدلہ تو ہم جہنم

جَهَنَّمَ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ۝ أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ

مقرر کرینگے ہم ظالموں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں جو لوگ کافر ہوگئے ہیں

ع ٢ ١٩ ٢

كَفَرُوٓا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا

کیا انکی سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ آسمان و زمین دونوں بند تھے پھر ہمنے دونوں کو کھولدیا

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ○ وَ

اور ہمنے ہر زندہ چیز کو پانی سے بنا دیا گیا (اب بھی) وہ ایمان نہ لائینگے؟ اور

جَعَلْنَا فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِهِمْ وَجَعَلْنَا

زمین میں ہمنے (بھاری بھاری) پہاڑ قائم کر دیے کہ کہیں انکو لیکے جھک نہ جائے اور اس میں انکے

فِيهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ○ وَجَعَلْنَا

لیے چوڑے راستے بنا دیے کہ وہ راہ پالیں اور آسمان کو

السَّمَآءَ سَقْفًا مَحْفُوظًا وَهُمْ عَنْ اٰيٰتِهَا مُعْرِضُونَ ○

ہمنے ایک محفوظ چھت قرار دیدیا اور وہ ہیں کہ اسکی نشانیوں سے روگرداں ہوتے ہیں

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ

اور وہ وہی تو ہے جسنے رات کو اور دن کو اور سورج کو اور چاند کو پیدا کردیا کہ وہ سب

فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ○ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ

آسمان میں تیر رہے ہیں اور دوام تو ہمنے تم سے پہلے کسی آدمی کے لیے مقرر ہی نہیں کیا

أَفَإِنْ مِتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُونَ ○ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ

کیا تم مرجاؤگے تو یہ ہمیشہ رہینگے؟ ہر نفس موت کا چکھنے والا ہے

وَنَبْلُوكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ○

اور ہم آزمائش کے طور پر بدی اور نیکی سے تمہارا امتحان لینگے اور ہماری ہی طرف تمہاری بازگشت ہوگی

وَإِذَا رَاٰكَ الَّذِينَ كَفَرُوٓا إِنْ يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا

اور جسوقت وہ لوگ جو کافر ہوگئے ہیں کہیں دیکھتے ہیں تو تمہاری ہنسی ہی اڑاتے ہیں (اور یہ کہتے ہیں)

أَهٰذَا الَّذِي يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

کیا وہ شخص یہی ہے جو تمہارے معبودوں کا (بدی کے ساتھ) ذکر کرتا ہے حالانکہ وہ خود ذکر خدا کے

هُمْ كٰفِرُوْنَ ○ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ سَاُورِيْكُمْ

منکر ہیں — انسان (گویا) پیدا جلدی سے کیا گیا ہے — عنقریب میں تمکو اپنی نشانیاں

اٰيٰتِيْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ○ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ

دکھلاؤنگا پس تم مجھ سے جلدی کی خواہش نہ کرو اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتلاؤ کہ یہ

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

وعدہ آئیگا کب؟ کاش یہ لوگ جو کافر ہوگئے ہیں اُس وقت کو جان لیتے

حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ

جبکہ یہ لوگ آتش جہنم کو نہ اپنے منہ کی طرف سے روک سکینگے اور نہ اپنی پیٹھ کی طرف سے اور نہ

ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً

انکی (کسی قسم کی) مدد کی جائیگی (تو کبھی جلدی نہ کرتے) لیکن قیامت تو انکو یکایک آلیگی

فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ○

پھر وہ انکو مبہوت کردیگی پس نہ یہ اُسکو ہٹا سکینگے اور نہ انکو مہلت دیجائیگی

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ

اور یقیناً تم سے پہلے رسولوں کی (بھی) ہنسی اُڑائی گئی ہے پھر جو اُنسے تمسخر کیا کرتے

سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ قُلْ مَنْ

توجس عذاب کی بابت وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُنکو آلیا — تم یہ کہدو کہ

ع ٣

يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ

رات میں اور دن میں (عذاب) خدا سے تم کو بچا کون لیگا؟ مگر وہ تو

هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ○ اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ

اپنے پروردگار کے ذکر ہی سے روگرداں ہونیوالے ہیں آیا اُنکے کوئی ایسے خدا ہیں جو

تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ

ہمارے عذاب سے اُنکو بچالیں؟ وہ اپنی ذات کی مدد تو کرہی نہیں سکتے

جب تک کہ اُنکا وقت نہ آجائے جلدی کرنے سے احتراز کرو۔ اور جب اُنکا کرنا ممکن ہو اُس وقت سستی سے بچو۔ ۱۲ ف ؛

وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ۝ بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ

اور نہ ہماری طرف سے انکا ساتھ دیا جاتا ہے بلکہ ہمنے انکو اور انکے باپ داداؤں کو فائدہ پہنچایا

حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۗ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِى الْاَرْضَ

یہانتک کہ (خوشحالی میں) انکی عمریں گذر گئیں کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو برابر اسکے اطراف

نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۗ اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَآ

سے کم کرتے چلے آتے ہیں کیا اب بھی وہی غالب ہیں؟ تم یہ کہدو کہ سوا اسکے

اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْىِ ۖ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا

نہیں کہ میں وحی کے مطابق تمکو ڈراتا ہوں اور بہروں کو جس وقت ڈرایا جائے تو وہ کسی کی

يُنْذَرُوْنَ ۝ وَلَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ

سنتے ہی نہیں اور اگر تمہارے پروردگار کا عذاب ذرا سا بھی انکو چھو گیا تو ضرور یہ

رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝ وَنَضَعُ

کہنے لگینگے کہ ہائے خرابی ہماری ہم ہی تو نافرمان تھے اور ہم قیامت کے

الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ

دن انصاف کی میزانیں قائم کرینگے پس کسی نفس پر ذرا سا بھی ظلم نہ کیا جائیگا

شَيْئًا ۗ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا

اور اگر رائی کے دانہ کے برابر بھی (کوئی عمل) ہوگا تو ہم اُسے لا حاضر کرینگے

بِهَا ۗ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى

اور حساب لینے کو ہم ہی کافی ہیں اور یقیناً ہمنے موسٰے و ہارون کو

وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ وَضِيَآءً وَّذِكْرًا ۱

(حق و باطل کی) جانچ اور اُن پرہیزگاروں کے لیے روشنی اور نصیحت عنایت

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ

کی تھی جو بے دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں

۱ روشنی جس سے جہالت اور حیرت کی تاریکیوں سے نکل آئیں۔ اور ذکر سے مراد ہے وہ نصیحت جس سے پرہیزگار لوگ نصیحت حاصل کر سکتے ہیں ۱۲

وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ○ وَهٰذَا ذِكْرٌ

اور قیامت کے آنے سے خائف ہیں ۔ اور یہ برکت والی نصیحت ہے

مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ○ وَلَقَدْ

جسکو ہمنے نازل کیا ہے ۔ کیا تم اسی کے منکر ہو؟ ۔ اور ہمنے

ع ۴ ربع

اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ○

ابراہیم کو پہلے ہی سے سمجھ عنایت کی تھی اور ہم اُن (کی قابلیت) سے واقف تھے

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ

(اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ اُنہوں نے اپنے چچا سے اور اپنی قوم سے یہ کہا تھا کہ یہ مورتیں کیا ہیں

اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ○ قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا

جنکی تم تعظیم کرتے ہو؟ ۔ اُنہوں نے کہا تھا کہ ہمنے اپنے باپ دادا کو انکی پرستش

عٰبِدِيْنَ ○ قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ

کرتے پایا ۔ فرمایا تم اور تمہارے باپ دادا یقیناً کھُلی گمراہی

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ

میں تھے ۔ اُنہوں نے کہا کہ آپ کوئی حق بات لائے ہیں یا یونہی دل لگی

اللّٰعِبِيْنَ ○ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کرنیوالے ہیں؟ ۔ فرمایا ہاں تمہارا پروردگار وہی آسمانوں کا اور زمین کا پروردگار ہے

الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ

جسنے اُنکو پیدا کیا ہے ۔ اور میں (بھی) اس بات پر گواہی دینے والوں میں سے

الشّٰهِدِيْنَ ○ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ

ہوں ۔ اور خدا کی قسم جب تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے تو میں تمہارے

ربع

بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ○ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا

اِن بتوں کے ساتھ (کوئی نہ کوئی) چال ضرور چلونگا ۔ چنانچہ اُنکے بڑے کو چھوڑ کر اور سب ہی کا

المنزل ۴

إِلَّا كَبِيرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ إِلَيْهِ يَرْجِعُونَ ۝ قَالُوا

چکنا چور کر دیا تاکہ وہ اِسکی طرف لوٹ کر آئیں (تو اُسے سلامت پائیں. جب لوٹے تو) بولے

مَنْ فَعَلَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا إِنَّهُ لَمِنَ الظَّالِمِينَ ۝ قَالُوا

ہمارے معبودوں کی جسنے یہ گت بنائی ہے وہ بیشک بڑا ہی ظالم ہے بعض نے کہا

سَمِعْنَا فَتًى يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ ۝ قَالُوا

کہ ہمنے تو ایک نوجوان کو جو ابراہیمؑ کے نام سے مشہور ہے انکا ذکر برائی کے ساتھ کرتے ہوئے سنا تھا وہ بولے

فَأْتُوا بِهِ عَلَىٰ أَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُونَ ۝

ایسا ہی ہے تو اُسے آدمیوں کے روبرو لاؤ کہ وہ گواہی دیں (جب حاضر کیے گئے

قَالُوا أَأَنتَ فَعَلْتَ هَٰذَا بِآلِهَتِنَا يَا إِبْرَاهِيمُ ۝ قَالَ

تو لوگ) بولے اے ابراہیمؑ کیا تونے ہی ہمارے معبودوں کی یہ گت بنائی ہے ؟ فرمایا

بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَٰذَا فَاسْأَلُوهُمْ إِن كَانُوا يَنطِقُونَ ۝

جو اُن میں سب سے بڑا ہے (معلوم ہوتا ہے کہ) اُسنے ایسا کیا ہی بس اگر یہ بولتے ہوں تو انہی سے پوچھ لو

فَرَجَعُوا إِلَىٰ أَنفُسِهِمْ فَقَالُوا إِنَّكُمْ أَنتُمُ الظَّالِمُونَ ۝

اُسوقت وہ اپنے اپنے دل میں سوچے اور (بجائے خود) قائل ہوئے کہ ظالم تو تم خود ہی ہو

ثُمَّ نُكِسُوا عَلَىٰ رُءُوسِهِمْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَٰؤُلَاءِ

پھر اپنے گریبانوں میں مُنہ ڈالے ہوئے بولے یہ تو تم یقیناً جانتے ہو کہ یہ

يَنطِقُونَ ۝ قَالَ أَفَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا

بولتے نہیں فرمایا کیا تم خدا کو چھوڑ کر ایسوں کو پوجتے ہو جو نہ تمکو کوئی نفع

لَا يَنفَعُكُمْ شَيْئًا وَلَا يَضُرُّكُمْ ۝ أُفٍّ لَّكُمْ وَ

پہنچائیں اور نہ تمکو نقصان پہنچائیں تم پر بھی تف ہے اور

لِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝

اُنپر بھی جنکی تم خدا کے سوا پرستش کرتے ہو کیا تم اتنی بھی سمجھ نہیں رکھتے۔

قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانْصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ ○

(اب توکفار بگڑ کر) کہنے لگے کہ اگر تم سے ہو سکتا ہے تو اسکو جلادو اور اپنے دیوتاؤں کی مدد کرو

قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ ○ وَ

ہمنے کہا کہ اے آگ تو ابراہیم پر ٹھنڈی ہو جا مگر سلامتی کے ساتھ اور

أَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ ○ وَنَجَّيْنَاهُ

اُنہوں نے ابراہیم سے چال چلی مگر ہمنے اُنہی کو سب سے زیادہ نقصان اُٹھانیوالا کردیا اور ہمنے ابراہیم کو

وَلُوطًا إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا لِلْعَالَمِينَ ○ وَ

اور لوط کو نجات دیکر ایک ایسی زمین پر پہنچادیا جس میں ہمنے تمام عالموں کے لیے برکت دی تھی اور

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ نَافِلَةً ۚ وَكُلًّا جَعَلْنَا

ہمنے اُسے (بیٹا) اسحٰق اور پوتا یعقوب عنایت کیے اور اُن میں سے ہمنے ہر ایک

صَالِحِينَ ○ وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا

کو نیک بنایا اور اُنکو ہمنے ایسا امام بنایا جو ہمارے حکم کے بموجب ہدایت کرتے تھے

وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَإِقَامَ الصَّلَاةِ

اور اُنکی طرف ہمنے نیکیاں کرنیکی اور نماز پڑھنے کی اور زکوٰۃ دینے کی

وَإِيتَاءَ الزَّكَاةِ ۖ وَكَانُوا لَنَا عَابِدِينَ ○ وَلُوطًا

وحی فرمائی اور وہ سب کے سب ہماری بندگی کرنیوالے تھے اور لوط کو ہمنے

آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْقَرْيَةِ

فیصلہ کی قوت اور علم عنایت کیا اور اُنکو اُس بستی سے نجات دی

الَّتِي كَانَتْ تَعْمَلُ الْخَبَائِثَ ۗ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمَ

جو بدکاریاں کیا کرتی تھی بیشک وہ بدکار (اور) نافرمان

سَوْءٍ فَاسِقِينَ ○ وَأَدْخَلْنَاهُ فِي رَحْمَتِنَا ۖ

لوگ تھے اور ہمنے لوط کو اپنی رحمت میں داخل کرلیا

ع ٥ ٢٥ ٥

إِنَّهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ وَنُوْحًا إِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ

بیشک وہ نیک لوگوں میں سے تھے اور نوحؑ جس وقت اُنہوں نے ہمکو پہلے ہی پکارا تھا

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ○

ہمنے اُنکی دعا قبول کرلی تھی اور اُنکو اور اُنکے کُنبہ کو سخت مصیبت سے نجات دی تھی

وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ

اور اُن لوگوں کے مقابلہ میں جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ہمنے اُنکو مدد دی تھی بیشک وہ

كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ وَدَاوٗدَ

لوگ بدکار تھے پھر ہمنے اُن سب کو ڈبو بھی دیا تھا اور داؤدؑ

وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ

و سلیمانؑ جبکہ اُس کھیتی کے بارے میں فیصلہ کر رہے تھے جس میں رات کے وقت

غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ○

ایک گروہ کی بکریاں چر گئی تھیں اور ہم اُنکے فیصلہ کے دیکھنے والے تھے

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا

بس ہمنے سلیمانؑ کو وہ فیصلہ سمجھا دیا تھا اور (یوں) فیصلہ کی قوت اور علم تو ہمنے ہر ایک کو دیا تھا

وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا

اور پہاڑوں کو ہمنے داؤدؑ کے تابع کر دیا تھا کہ اُنکے ساتھ ساتھ تسبیح (صدا) کیا کرتے تھے اور اسی طرح پرندوں کو

فٰعِلِيْنَ ○ وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ

اور ان باتوں کی کرنیوالے ہم ہی تو تھے۔ و ہمنے داؤدؑ کو زرہ بنانی سکھائی تھی کہ تمکو

لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ○

لڑائی میں محفوظ رکھے آیا تم اب (بھی) شکر گزار ہو

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ

اور سلیمانؑ کا ہمنے سخت ہوا کو تابع کر دیا تھا کہ وہ اُنکو اُنکے حکم سے

ساٹھ ہزار درہم کو بیچ لیں اور ہمیشہ کے لیے بیت المال سے مستغنی ہو گئے ۱۲

بِأَمْرِهٖ إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا ۚ وَكُنَّا بِكُلِّ

بموجب اُس سرزمین میں لیجایا کرتی تھی جسمیں ہمنے برکت دی تھی اور ہم ہر ہر چیز کے

شَيْءٍ عَالِمِينَ ۝ وَمِنَ الشَّيَاطِينِ مَنْ يَغُوصُونَ

جاننے والے ہیں اور شیاطین میں سے (اُنکے تابع وہ کر دیے گئے) جو سمندر میں

لَهٗ وَيَعْمَلُونَ عَمَلًا دُونَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ

اُنکی خاطر غوطے لگاتے تھے اور اسکے علاوہ بہت سے کام انجام دیا کرتے تھے اور ہم اُن سب کے

حَافِظِينَ ۝ وَأَيُّوبَ إِذْ نَادٰى رَبَّهٗ أَنِّي مَسَّنِيَ

نگہبان تھے اور ایوبؑ جسوقت اُنھوں نے اپنے پروردگار کو آواز دی کہ مجھے بیماری نے بہت ستایا

الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ

ہے حالانکہ تو سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے توہمنے اُنکی دعا قبول کرلی اور جو

فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَآتَيْنَاهُ أَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ

تکلیف اُنکو تھی وہ دفع کردی اور اپنی طرف سے رحمت کے

مَعَهُمْ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى

طور پر اور اس غرض سے کہ عبادت کرنیوالوں کے لیے ایک یادگار رہے اُنکے اہل و عیال (جو مرچکے

لِلْعَابِدِينَ ۝ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِدْرِيسَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ

تھے) پھر عطا کیے اور اُتنے ہی اور دیے اور اسمٰعیلؑ اور ادریسؑ اور ذو الکفلؑ ان میں سے

كُلٌّ مِنَ الصَّابِرِينَ ۝ وَأَدْخَلْنَاهُمْ فِي رَحْمَتِنَا ۖ

ہر ایک صبر کرنیوالا تھا اور ان سب کو ہمنے اپنی رحمت میں داخل کرلیا تھا

إِنَّهُمْ مِنَ الصَّالِحِينَ ۝ وَذَا النُّونِ إِذْ ذَهَبَ

کہ وہ یقیناً نیکوں میں سے تھے اور ذو النون (یونسؑ) جبکہ وہ خفا ہو کر چلے گئے

مُغَاضِبًا فَظَنَّ أَنْ لَنْ نَقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى

تھے اور اُنکو یقین تھا کہ ہم اُنپر (رزق کی) تنگی نہ کرینگے پس وہ اندھیریوں میں

فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ

(جا کر) پکارا کہ سوائے تیرے کوئی معبود نہیں ہے

اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ

میں تو اندھیرے میں آپھنسا پس ہم نے انکی دعا قبول کر لی اور

نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ○

انکو اس مصیبت سے نجات دیدی اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیدیا کرتے ہیں

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا

اور زکریا نے جس وقت اپنے پروردگار کو پکارا کہ اے میرے پروردگار مجھے تنہا نہ چھوڑ یو حالانکہ تو ہی تو

وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ○ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ؗ وَوَهَبْنَا

سب سے بہتر وارث ہے پس ہم نے انکی دعا قبول کر لی اور انکو یحییٰ (سا بیٹا)

لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

عطا کیا اور انکی خاطر سے انکی زوجہ میں (جننے کی) صلاحیت پیدا کر دی بیشک وہ سب لوگ سب)

يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّ

نیک کاموں میں جلدی کیا کرتے تھے اور امید و بیم کے ساتھ ہم سے دعا مانگا کرتے تھے

رَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ○ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ

اور ہمارے آگے عاجزی کرنیوالے تھے اور وہ عورت (مریم) جنہوں نے اپنی شرمگاہ کی

فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ

حفاظت کی تھی جو ہم نے اُس میں اپنی (پیدا کی ہوئی) روح پھونک دی تھی اور ہم نے اُسکو اور اسکے بیٹے کو

اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً

تمام عالموں کے لئے ایک معجزہ بنا دیا تھا بیشک یہ تمہارا گروہ ایک ہی گروہ ہے

وَّاحِدَةً ؗ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ○

اور میں تمہارا پروردگار ہوں پس میری ہی عبادت کیا کرو

ع ١٨/٦

وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ۝

اور لوگوں نے اپنے دین کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا (آخر) وہ سب ہمارے پاس آنیوالے ہیں

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

پس جو شخص مومن ہونیکی حالت میں نیکیاں کریگا اُسکی کوشش کی ناقدری نہ

فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ۝ وَحَرٰمٌ

کی جائیگی جس حال میں کہ ہم اُسکو لکھتے جاتے ہیں اور جس بستی کو ہم

عَلٰي قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ حَتّٰٓي

ہلاک کر چکے اُسکے لیے ممانعت ہے کہ وہ رجعت کے زمانہ میں واپس نہ آئینگے یہانتک کہ

اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ

جب یاجوج اور ماجوج کھولے جائینگے اور وہ ہر بلندی پر سے پھیلتے

حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ۝ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا

چلے آئینگے اور سچا وعدہ قریب آپہنچیگا تو یکایک اُن لوگوں کی

هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ يٰوَيْلَنَا

جو کافر ہوگئے تھے آنکھیں کھلی کی کھلی رہجائینگی (اور وہ یہ کہینگے) ہائے خرابی ہماری

قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ ھٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝

ہم تو اس سے غفلت ہی میں رہے بلکہ ہم نافرمان تھے

اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ۭ

(کہا جائیگا کہ) یقیناً تم (بھی) اور جنکی تم خدا کے سوا عبادت کرتے تھے وہ (بھی) جہنم کا ایندھن ہو

اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ۝ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَاۗءِ اٰلِهَةً

تم اسی میں اُترنیوالے ہو اگر یہ خدا ہوتے تو یہ جہنم میں نہ اُترتے

مَّا وَرَدُوْهَا ۭ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

حالانکہ ان میں سے ہر ایک ہمیشہ اسی میں رہنے والا ہے

لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَّهُمْ فِيهَا لَا يَسْمَعُونَ ○ إِنَّ

اُنکی چیخ پکار اُسی میں ہوگی اور وہ اُس میں اور کچھ نہ سُن سکینگے بالتحقیق

الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا

وہ لوگ جنکے حق میں ہماری طرف سے نیکی پہلے ہی سے ہو چکی ہے وہ اُس سے

مُبْعَدُونَ ○ لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا وَهُمْ

دور رہینگے وہ اُسکے جلنے کی آواز نہ سُنینگے اور جن جن

فِي مَا اشْتَهَتْ أَنفُسُهُمْ خَالِدُونَ ○ لَا يَحْزُنُهُمُ

چیزوں کو اُنکا جی چاہیگا ہردم اُنہی کا لطف اُٹھاتے رہینگے (وہ قیامت کا) بڑا بھاری خوف

الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ هَٰذَا يَوْمُكُمُ

اُنکو رنج نہ دیگا اور فرشتے اُنکو لینے آئینگے (اور یہ کہینگے) یہ دن ہے جس کا تم سے

الَّذِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ○ يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ

وعدہ کیا گیا تھا وہ بھی ہے جس دن آسمان کو ہم اس طرح لپیٹ لینگے

كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ

جس طرح خطوں کا طومار لپیٹا جاتا ہے جیسے ہمنے اول اسکو پیدا کیا تھا اُسی طرح اُسکو دُہرا دینگے

وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ ○ وَلَقَدْ كَتَبْنَا

(یہ کرنا) ہمارے ذمہ ہے اور ہم ہی ضرور اُسکے کرنیوالے ہیں اور بیشک زبور میں ہمنے بعد نصیحت کے

فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا

لکھدیا تھا کہ (آخر میں) میرے نیک بندے زمین کے

عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ ○ إِنَّ فِي هَٰذَا لَبَلَاغًا

وارث ہوجائینگے بیشک خداپرست لوگوں کے لیے اِسی میں

لِّقَوْمٍ عَابِدِينَ ○ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً

کافی نصیحت موجود ہے اور (اے رسول) ہمنے تمکو تمام عالموں کے لیے رحمت ہی کرکے



اور آفتاب کے مغرب سے طلوع کرنے سے کچھ پہلے آئیگا

لِلْعٰلَمِيْنَ ○ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ

بھیجا ہے — تم کہدو کہ سوائے اسکے نہیں ہے کہ مجھے وحی کی گئی ہے کہ تمہارا معبود

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○ فَاِنْ

معبود یکتا ہے — تو آیا تم اب بھی مانو گے؟ — پھر اگر وہ

تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ وَاِنْ اَدْرِيْٓ

روگرداں ہوں تو تم یہ کہدو کہ میں نے تو برابر اطلاع دی ہے — اور میں یہ نہیں جانتا کہ جس چیز

اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ○ اِنَّهٗ يَعْلَمُ

کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا بعید — بیشک وہ بلند آواز کی

الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ○

بات کو (بھی) جانتا ہے — اور جو کچھ تم چھپاتے ہو (اسکو بھی) جانتا ہے

وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ

اور میں یہ نہیں جانتا کہ شاید یہ (تاخیر) تمہارے لیے آزمائش ہو اور چند روز کا

اِلٰى حِيْنٍ ○ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَرَبُّنَا

نفع پہنچانا — (رسول نے) عرض کی اے میرے پروردگار تو حق کیساتھ فیصلہ کردے اور ہمارا پروردگار

الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ○

ہی وہ رحمٰن ہے جس سے اُن تمام باتوں پر جو تم بیان کرتے ہو مدد طلب کی جاتی ہے

سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً

آیاتہا ۷۸ — رکوعاتہا ۱۰ — کلماتہا ۱۲۸۳ — حروفہا ۵۴۳۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن ورحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ

اے آدمیو! تم اپنے پروردگار سے ڈرو — بیشک قیامت کا زلزلہ

السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ○ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ

بہت بڑی چیز ہے جس دن تم اُس (قیامت) کو دیکھو گے

كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ

ہر دودھ پلانیوالی اُس سے غافل ہو جائیگی جسے دودھ پلایا کرتی تھی اور ہر حمل والی اپنا حمل

حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ

گرا دیگی اور تم لوگوں کو نشہ کی سی حالت میں دیکھو گے حالانکہ وہ متوالے

بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيدٌ ○ وَمِنَ

نہونگے بلکہ خدا کا عذاب ہی سخت ہوگا اور آدمیوں میں سے

النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ

کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو بغیر علم کے خدا کے بارے میں جھگڑتا ہے اور ہر سرکش شیطان

كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيدٍ ○ كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَنْ تَوَلَّاهُ

کی پیروی کرتا ہے اُس (شیطان) کے لیے یہ طے کر دیا گیا ہے کہ جو بھی اُس سے

فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَيَهْدِيهِ إِلٰى عَذَابِ السَّعِيرِ ○

تولا رکھیگا وہ اُسکو ضرور بہکائیگا اور اُسکو دہکتی ہوئی آگ کے عذاب تک پہنچائیگا

يٰأَيُّهَا النَّاسُ إِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ

اے آدمیو! اگر تم مبعوث ہونیکی طرف سے شک میں ہو تو (اسی سے سمجھ لو کہ ابتداءً) ہمنے تمکو

فَإِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ

مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر

مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ

بستہ بوند سے پھر گوشت کے لوتھڑے سے (جو یا تو) کامل الخلقت (ہو گیا) یا ناقص

مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ

(گر گیا) تاکہ تمہارے لیے واضح کر دیں اور ہم جسکو چاہیں رحم میں ایک مدت معینہ

مَا نَشَاءُ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا

تک کے لیے ٹھہرائیں پھر تمکو بچہ بناکر نکالیں

ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُتَوَفَّىٰ وَ

پھر تم اپنی پوری قوت کو پہنچو اور تم میں سے کوئی تو (جوان ہی) مرجائے اور

مِنْكُمْ مَّنْ يُرَدُّ إِلَىٰ أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ

کوئی تم میں سے بوڑھا پھونس ہوجائے کہ جاننے کے بعد پھر

مِنْ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا ۚ وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً

انجان بنجائے اور زمین کو تم خشک اور مردہ دیکھتے ہو

فَإِذَا أَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَ

پھر جسوقت ہم اُسپر پانی اُتارتے ہیں تو وہ ہری بھری ہوجاتی ہے اور

أَنْبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ

طرح بطرح کے لہلہاتی ہوئی نباتات کے جوڑے پیدا کردیتی ہے اس ذکر سے غرض یہ ہے کہ اللہ

هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّهُ يُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَأَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

وہی توبرحق ہے اور وہی مُردہ کو زندہ کردیتا ہے اور وہی ہر چیز پر پوری پوری قدرت

قَدِيرٌ ۝ وَأَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَ

رکھنے والا ہے اور قیامت آنیوالی ہے جس میں کسی قسم کا شک نہیں اور

أَنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُورِ ۝ وَمِنَ النَّاسِ

اللہ اُن سب کو جو قبروں میں ہیں اُٹھا کھڑا کریگا اور آدمیوں میں سے کوئی کوئی

مَنْ يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ

ایسا بھی ہے جو اللہ کے بارے میں جھگڑتا ہے حالانکہ نہ اُسکو علم ہے اور نہ ہدایت پہنچی ہے اور نہ کوئی کتاب

مُّنِيرٍ ۝ ثَانِيَ عِطْفِهِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ

روشنی پہنچانیوالی ہو (وہ) نرا متکبر ہے جسکی غرض یہ ہے کہ (لوگوں کو) راہ خدا سے بھکائے



لَهٗ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ وَّنُذِیْقُهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَذَابَ

اُسکے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم جلنے کے عذاب کا اُسے مزہ

الْحَرِیْقِ ○ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ یَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَیْسَ

چکھائینگے (اور یہ کہینگے کہ) یہ اُسی عمل کا بدلہ ہے جو تیرے ہاتھوں نے پہلے کیا اور اللہ اپنے بندوں کے

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ○ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰی

حق میں ظالم نہیں ہے اور آدمیوں میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو دین کے کنارے پر ہو کر

حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَیْرُ اِطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ

اللہ کی عبادت کرتا ہے پھر اگر اُسکو خیر و خوبی پہنچ گئی تب تو اُس سے مطمئن ہو جاتا ہے اور اگر اُس پر کوئی

اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ اِنْقَلَبَ عَلٰی وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْیَا

مصیبت آپڑی تو مُنہ پھیر کے پلٹ جاتا ہے ایسا شخص دنیا اور آخرت دونو

وَالْاٰخِرَةَ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ○ یَدْعُوْا

کی طرف سے ٹوٹے میں ہے (اور) یہی صریح نقصان ہے وہ اللہ کو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَضُرُّهٗ وَمَا لَا یَنْفَعُهٗ ۚ ذٰلِكَ

چھوڑ کر اُس چیز کو پکارتا ہے جو نہ اُسے ضرر پہنچائے ورنہ اُسے نفع پہنچائے یہی تو

هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِیْدُ ○ یَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ

بڑی گمراہی ہے (بلکہ) وہ تو اُسکو پکارتا ہے جسکا ضرر نفع کی نسبت

مِنْ نَّفْعِهٖ ۚ لَبِئْسَ الْمَوْلٰی وَلَبِئْسَ الْعَشِیْرُ ○

زیادہ یقینی ہے وہ بہت ہی بُرا مددگار اور بہت ہی بُرا رفیق ہے

اِنَّ اللّٰهَ یُدْخِلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

بیشک اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ

ایسی جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں جاری ہیں بیشک اللہ جو چاہتا ہے

ع ۸

مَا يُرِيدُ ○ مَنْ كَانَ يَظُنُّ أَنْ لَنْ يَنْصُرَهُ اللَّهُ فِي

کرتاہے — جس شخص کو یہ گمان ہو گیا ہو کہ اللہ اُسکی دنیا اور آخرت میں ہرگز

الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ

مدد نہ کریگا — پس اُسکو چاہیے کہ آسمان کی طرف ایک رسی تانے

ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُ مَا يَغِيظُ ○

پھر اُسے گلے میں ڈالکر لٹک جائے پھر دیکھے کہ آیا اُسکی یہ تدبیر غصہ دلانیوالی چیز کو رفع کرتی ہے یا نہیں

وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَأَنَّ اللَّهَ يَهْدِي

اور اسی طرح ہمنے اس قرآن کو کھلی آیتیں کرکے اُتارا ہے اور اللہ جسکی چاہتا ہے راہبری

مَنْ يُرِيدُ ○ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا

فرماتا ہے — بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہوگئے

وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَىٰ وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا

اور ستارہ پرست اور نصاریٰ اور آتش پرست اور جن لوگوں نے شرک کیا

إِنَّ اللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ

قیامت کے دن خدا تعالےٰ اِن سب کے مابین فیصلہ فرمائیگا — یقیناً اللہ ہر چیز کا

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ○ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَنْ

دیکھنے والا ہے — کیا تمنے اس میں غور نہیں کیا کہ جو آسمانوں میں ہیں اور

فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند

وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ وَكَثِيرٌ

اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت سے آدمی اللہ ہی

مِنَ النَّاسِ ۖ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۗ وَمَنْ

کو سجدہ کرتے ہیں اور بہت سے عذاب کے مستحق ہو گئے ہیں اور جسکی

يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا

خدا اہانت کرے اُسکو عزت دینے والا کوئی نہیں ہوسکتا بیشک اللہ جو چاہتا ہے

يَشَاۗءُ ۝ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ۡ

کرتا ہے یہ دونو (آپس میں) دشمن ہیں جو اپنے پروردگار کے بارے میں جھگڑتے رہے

فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ يُصَبُّ

پس جو کافر ہوگئے اُنکے لیے آگ کے کپڑے قطع کردیے گئے (اور) اُنکے

مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۝ يُصْهَرُ بِهٖ مَا

سروں پر گرم پانی انڈیلا جائیگا جسکے ذریعے سے جو کچھ اُنکے

فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۝ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ

پیٹ میں ہوگا وہ اور اُنکی کھالیں گھلادی جائینگی اور اُنکے لیے لوہے کے ہتوڑے

حَدِيْدٍ ۝ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ

ہیں جسوقت تکلیف کے سبب وہ یہ ارادہ کرینگے کہ اُس میں سے نکلیں

غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۤ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

اُسی میں لوٹا دیے جائینگے اور (اُنسے یہ کہا جائیگا کہ) جلنے کے عذاب کا مزا چکھو

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

بالتحقیق اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے ایسی

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا

جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن بہشتوں میں اُنکو

مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۭ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا

سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائینگے اور (وہاں) پوشاک اُنکی

حَرِيْرٌ ۝ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ښ وَ

ریشمی ہوگی وجہ یہ ہے کہ اُنہوں نے پاکیزہ کلمہ کی ہدایت پائی تھی اور

هُدُوا إِلَى صِرَاطِ الْحَمِيدِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا

(نیز) اسے حمید کے راستے کی ہدایت پائی تھی) بیشک جو کافر ہوگئے

وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي

اور لوگوں کو راہ خدا سے اور مسجد الحرام سے روکتے ہیں جس میں

جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ

ہمنے سب آدمیوں کا حق برابر رکھا ہے وہاں کا رہنے والا ہو تو اور باہر سے آنیوالا ہو تو

وَمَنْ يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ

اور جو اُس میں ناحق کجی کا خواستگار ہوگا اُسکو ہم دردناک عذاب کا مزہ چکھائینگے

أَلِيمٍ ۝ وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ أَنْ ع ٣ / ١٠

اور (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ ہمنے ابراہیمؑ کو بیت اللہ کے پاس اس غرض سے جگہ دی کہ

لَا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْقَائِمِينَ

میرا کسی چیز کو شریک نہ کرو اور میرے مکان کو طواف کرنیوالوں کیلیے اور قیام کرنیوالوں کیلیے اور رکوع سجود

وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ ۝ وَأَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ

کرنیوالوں کیلیے پاک وصاف رکھو اور لوگوں کو حج کے لیے اعلان دو کہ وہ تمہارے

يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِنْ

پاس پیدل آئیں اور تمام دور کے راستوں سے (ڈبلے) دبلے اونٹوں پر

كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ۝ لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا

سوار ہوکر چلے آئیں تاکہ وہ اپنے دینی اور دنیوی نفعے (بھی) دیکھیں اور معلومہ دنوں

اسْمَ اللَّهِ فِي أَيَّامٍ مَعْلُومَاتٍ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُمْ

میں جو چوپائے خدا نے اُنکو عطا کیے ہیں خدا کا نام لیکر اُنکی

مِنْ بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۖ فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا

قربانی (بھی) کریں پس اُن میں سے خود (بھی) کھاؤ اور مصیبت زدہ

...دیکھ کر بجا لائیں۔ اور جو کچھ حضرت کو کرتے دیکھیں وہی بجا لائیں۔ (اس کے متعلق بعد حدیثیں اور حج کے احکام ضمیمہ میں ملاحظہ کیجیے ۱۲

الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ○ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا

محتاجوں کو (بھی) کھلاؤ پھر چاہیے کہ اپنی کثافتیں دور کریں اور اپنی نذریں

نُذُوْرَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ○ ذٰلِكَ ق

پوری کریں اور اِس آزاد خانہ (خدا) کا طواف کریں یہ تو ہو چکا

وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ط

اور جو شخص احکام خدا کی عظمت کریگا تو وہ اُسکے لیے اُسکے رب کے نزدیک بہت ہی اچھا ہے

وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ

اور تمہارے لیے چوپائے حلال کیے گئے ہیں سوائے اُنکے جنکا ذکر تمکو سُنایا جائیگا

فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ

پس اب تم بتوں کی گندگی سے بچو اور تمام لہو ولعب کی باتوں سے

الزُّوْرِ ○ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ط وَمَنْ يُّشْرِكْ

اجتناب کرو خالص دل سے خدا کے ہو جاؤ اُسکے ساتھ شرک کرنیوالے نہ رہو اور جو شخص کسی کو اللہ کا

بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ

شریک کرتا ہے تو وہ ایسا ہے جیسے کوئی آسمان سے گر پڑا پھر اُسکو پرندے اُچک لے گئے یا

تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ○ ذٰلِكَ ق وَمَنْ

ہوا نے اُسے اُڑا کر کسی دور کی جگہ پھینکدیا یہ تو ہوا اور جو شخص

يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ○

خدا کی نشانیوں کی عظمت کریگا پس یہ امر دلوں کی پرہیزگاری میں شامل ہے

لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى

تمہارے لیے ایک وقت مقررہ تک قربانی کے جانوروں میں منافع ہیں پھر اسی آزاد گھر کے پاس

الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ○ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا

اُنکے حلال ہونیکا محل ہے اور ہر امت کے لیے ہمنے ایک عبادت کی جگہ

لِيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ

قرار دیدی ہے کہ جو چوپائے ہمنے انکو رزق کے طور پر دیے ہیں انکو

الْأَنْعَامِ ۗ فَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوا ۗ وَبَشِّرِ

اللہ کا نام لیکر ذبح کیا کریں پس تمہارا معبود یکتا ہے پس تم اُسی کے تابع ہو جاؤ اور اُن

الْمُخْبِتِينَ ۝ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ

تضرع وزاری کرنیوالوں کو خوشخبری سنادو جنکے سامنے جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُنکے دل سہم جاتے ہیں

وَالصَّابِرِينَ عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلَاةِ وَ

اور جو مصیبت اُن پر پڑتی ہے اُسپر صبر کرنیوالے ہیں اور نماز کے ادا کرنیوالے ہیں اور جو کچھ

مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۝ وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا

ہمنے اُنکو دیا ہے اُسکا ایک حصہ (راہ خدا میں) خرچ کرتے ہیں اور موٹے تازے اونٹ اُنکو بھی ہمنے تمہارے

لَكُم مِّن شَعَائِرِ اللَّهِ لَكُمْ فِيهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا

لیے خدا کی نشانیوں میں سے قرار دیا ہے اُن میں تمہارے لیے (دینی اور دنیوی) نفعے ہیں پس انکو

اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ ۖ فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا

نحر کرتے وقت خدا کا نام لیا کرو پھر جب وہ اپنے پہلوؤں کے بل گر پڑیں

فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذَٰلِكَ

تو تم خود (بھی) اُن میں سے کھایا کرو اور قناعت کرنیوالے مسکینوں اور بھیری کرنیوالے فقیروں کو بھی کھلایا کرو اسطرح

سَخَّرْنَاهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ لَن يَنَالَ اللَّهَ لُحُومُهَا

ہمنے انکو تمہارا مطیع کر دیا ہے تاکہ تم شکر گزار ہو خدا کو نہ کبھی اُنکے گوشت پہنچتے

وَلَا دِمَاؤُهَا وَلَٰكِن يَنَالُهُ التَّقْوَىٰ مِنكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ

اور نہ اُنکے خون بلکہ اُسکو (تو) تمہاری پرہیزگاری پہنچیگی اسی طرح

سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ

اُسنے اُنکو تمہارا تابع کر دیا ہے تاکہ اُس ہدایت پر جو اُسنے کی ہے تم خدا کی بڑائی (بیان) کرو تم



وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ

اور (اے رسول) تم نیکی کرنیوالوں کو خوشخبری سنا دو۔ بالتحقیق اللہ اُن لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں (مشرکین کی

إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ ۝ أُذِنَ لِلَّذِينَ

تکلیف دہی کو) دفع فرماتا ہے بیشک اللہ کسی خیانت کرنیوالے ناشکرے کو دوست نہیں رکھتا اُن لوگوں کو جن سے جنگ کی جاتی ہے

يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ

اسلیے اجازت دیگئی ہے کہ اُن پر ظلم کیا گیا تھا اور بیشک اللہ اُنکو مدد دینے پر پوری پوری قدرت

لَقَدِيرٌ ۝ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ

رکھنے والا ہے جو اپنے ملک سے ناحق صرف اتنی سی بات کہنے پر نکالے گئے تھے کہ

إِلَّا أَنْ يَقُولُوا رَبُّنَا اللَّهُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ

ہمارا پروردگار اللہ ہے اور اگر خدا آدمیوں کو ایک کے ذریعہ سے دوسرے کو

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ

دفع نہ کرتا رہتا تو عبادت خانے اور گرجا اور کنیسے اور مسجدیں جن میں خدا کا

وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا ۗ وَلَيَنْصُرَنَّ اللَّهُ

نام زیادہ لیا جاتا ہے سب گرا دیے جاتے اور اللہ اُسکی مدد ضرور کریگا

مَنْ يَنْصُرُهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ ۝ الَّذِينَ

جو خود اسکی مدد کرتا ہے بیشک اللہ قوت والا (اور) زبردست ہے وہ وہ لوگ ہیں

إِنْ مَكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ

جنکو اگر ہم زمین میں تمکن دینگے تو وہ (باقاعدہ) نماز پڑھینگے اور زکوۃ دینگے

وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ

اور نیک کاموں کا حکم کرینگے اور بدی سے مانع ہونگے اور تمام کاموں کا انجام

الْأُمُورِ ۝ وَإِنْ يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

اللہ ہی کے ہاتھ ہے اور اگر یہ لوگ تمکو جھٹلاتے ہیں تو اُن سے پہلے

قَوْمُ نُوحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُودُ ۝ وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ

نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور ابراہیم کی قوم اور لوط

لُوْطٍ ۝ وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ

کی قوم اور مدین والے (اپنے اپنے نبی کو) جھٹلا چکے ہیں اور موسیٰ بھی جھٹلائے گئے تھے پھر میں نے

لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝ فَكَاَيِّنْ

کافروں کو مہلت دی پھر انکو دھر پکڑا پھر میرا عذاب کیسا تھا؟ پھر کتنی ہی

مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ

بستیاں ایسی تھیں جنکو ہم نے انکی نافرمانی کے سبب ہلاک کر دیا پس وہ اپنی اپنی چھتوں پر

عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ۝ اَفَلَمْ

گری پڑی ہیں اور کتنے ہی کنوئیں بیکار پڑے ہیں اور مضبوط مضبوط محل کیا وہ زمین

يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ

میں نہیں چلے پھرے کہ انکے ایسے دل ہو جاتے جن سے سمجھتے بوجھتے

بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ

یا انکے ایسے کان ہو جاتے جن سے سنتے اسلیے کہ آنکھیں ہی اندھی نہیں ہوا کرتیں

وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ۝ وَ

بلکہ دل جو سینوں میں ہیں وہ بھی اندھے ہو جایا کرتے ہیں اور

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ

(اے رسول) وہ عذاب کے بارے میں تم سے جلدی کہتے ہیں حالانکہ اللہ کبھی اپنے وعدے کے خلاف کریگا

وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا

اور تمہارے پروردگار کے نزدیک ایک دن تمہاری گنتی سے ہزار برس کے برابر

تَعُدُّوْنَ ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ

ہے اور کتنی ہی بستیاں ایسی ہوئیں جو نافرمان تھیں اور میں نے انکو

ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا ۚ وَإِلَيَّ الْمَصِيرُ ۝ قُلْ يَا أَيُّهَا

مہلت دی پھر اُنکو دھر پکڑا اور میری ہی طرف بازگشت ہے تم یہ کہدو کہ اے

النَّاسُ إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝ فَالَّذِينَ آمَنُوا

آدمیو! سوائے اِسکے نہیں ہے کہ میں تم سب کے لیے ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں پس جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

اور جنہوں نے نیک عمل کیے اُنکے واسطے گناہوں کی بخشش ہوگی اور عزت کی روزی

وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ

اور جو لوگ ہماری آیتوں کے بارے میں عاجز کر دینے کی نیت سے کوشش کرتے ہیں وہی جہنمی

الْجَحِيمِ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَسُولٍ وَلَا

ہیں اور ہمنے تم سے پہلے کوئی رسول اور نبی نہیں بھیجا مگر یہ کہ جس وقت

نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنَّىٰ أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ

اُس نے کوئی خواہش کی شیطان نے اُسکی خواہش میں کوئی (نہ کوئی) دخل دیا

فَيَنْسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ ۗ وَاللَّهُ

پس شیطان جو دخل دیتا ہے اللہ اُسکو مٹا دیتا ہے پھر اللہ اپنی آیتوں کو مضبوط کر دیتا ہے اور اللہ

عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ لِيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِتْنَةً لِلَّذِينَ

جاننے والا (اور) حکمت والا ہے تاکہ شیطان نے جو دخل دیا ہے اُسکو اُن لوگوں کے لیے آزمائش

فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ وَالْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ ۗ وَإِنَّ

قرار دے جنکے دلوں میں روگ ہے اور اُنکے لیے جو سنگدل ہیں اور بیشک

الظَّالِمِينَ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ۝ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ

ظالم سخت نافرمانی میں ہیں اور ایک غرض یہ بھی تھی کہ وہ لوگ

أُوتُوا الْعِلْمَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ فَيُؤْمِنُوا بِهِ

جنکو علم دیا گیا ہے وہ یہ جان لیں کہ حق تمہارے پروردگار کی طرف سے ہے پس اُسپر ایمان لے آئیں

ع ١٠ / ١٣

فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

پس اُنکے دل اُس کے لیے نرم ہوجائیں اور ضرور اللہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں صراطِ مستقیم

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

تک پہنچادینے والا ہے اور جولوگ کافر ہوچکے وہ توبرابر

فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ

اُسکی طرف سے شک میں رہینگے یہانتک کہ قیامت اُنکو یکایک آلیگی یا

يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ۝ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۭ

اُنکو بُرے دن کا عذاب اُن پر آجائیگا اختیار اُس دن خداہی کو ہوگا

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

وہی اُنکے مابین فیصلہ کریگا اب جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے

فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

وہ تونعمت والی جنتوں میں ہونگے اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا

فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ ع وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا

بس اُنہی کے لیے ذلیل کرنیوالا عذاب ہوگا اور جنہوں نے راہِ خدا میں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ

ہجرت کی پھر قتل کردیے گئے یامرگئے ضرور اللہ تعالےٰ اُنکو بہت ہی اچھا

رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

رزق عطافرمائیگا اور بیشک اللہ سب سے اچھا رزق عطاکرنیوالا ہے

لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ

ضرور اُنکو ایسے مقام میں پہنچادیگا جسکو وہ پسند کرینگے اور بیشک اللہ بڑا جاننے والا (اور)

حَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ

بردبار ہے یہ (توہوگا) اور جو اتنی تکلیف پہنچائے جتنی تکلیف خود اسکو پہنچائی گئی ہو

ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنصُرَنَّهُ اللَّهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَعَفُوٌّ

پھر بھی اُسکے برخلاف بغاوت کی جائے تو اللہ اُسکی نصرت ضرور کریگا بیشک اللہ بڑا معاف کرنیوالا (اور)

غَفُورٌ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ

بخشنے والا ہے یہ اسوجہ سے کہ اللہ رات کو دن میں داخل کر دیتا ہے اور

يُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ۝

دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے اور اللہ بڑا سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے

ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِن

نیز اسوجہ سے کہ اللہ وہی تو حق ہے اور جسکو اللہ کے سوا پکارتے ہیں

دُونِهِ هُوَ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ۝

وہ باطل ہے اور اللہ وہی عالیشان (اور) بڑائی والا ہے

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَتُصْبِحُ

کیا تُنے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ آسمان سے پانی اُتارتا ہے پھر زمین

الْأَرْضُ مُخْضَرَّةً ۗ إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ۝ لَهُ

ہری بھری ہو جاتی ہے بیشک اللہ صاحب لطف و خبر ہے جو کچھ

مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُسی کا ہے اور یقیناً اللہ بے پروا (اور)

الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي

ع ۱۵

قابل تعریف ہے کیا تُنے یہ نہیں دیکھا کہ زمین میں جو کچھ ہے اللہ نے اُسکو تمہارا

الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَيُمْسِكُ

مطیع کر دیا ہے اور کشتی سمندر میں اُسی کے حکم سے چلتی ہے اور وہ آسمان کو

السَّمَاءَ أَن تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ

اِس بات سے روکے ہوئے ہے کہ بغیر اُسکے حکم کے زمین پر گر پڑے

إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ○ وَهُوَ الَّذِي

ضرور خدا تعالیٰ لوگوں پر بڑا مہربانی کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور وہ وہی ہے جسنے

أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ إِنَّ الْإِنْسَانَ

تمکو زندہ کیا پھر وہ تمکو موت دیگا پھر وہ تمکو زندہ کریگا بیشک انسان بڑا ناشکرا

لَكَفُورٌ ○ لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ

ہے ہر امت کے لیے ہمنے ایک طریقہ (بندگی) مقرر کیا ہے جسپر وہ چلنے والے ہیں

فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ إِنَّكَ

پس چاہیے کہ وہ تم سے امر دین میں نہ جھگڑیں اور تم اپنے رب کی طرف بلاتے چلے جاؤ یقیناً

لَعَلَىٰ هُدًى مُسْتَقِيمٍ ○ وَإِنْ جَادَلُوكَ فَقُلِ اللّٰهُ

تم ہدایت مستقیم پر ہو اور اگر وہ تم سے جھگڑا ہی کریں تو کہدو کہ جو

أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ○ اللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

عمل تم کرتے ہو اللہ اُس سے خوب واقف ہے قیامت کے دن اللہ تمہارے مابین اُن معاملات میں

فِيمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ○ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ

فیصلہ فرمائیگا جن میں تم اختلاف کیا کرتے تھے کیا تم یہ نہیں جانتے کہ آسمان میں

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّ ذٰلِكَ فِي كِتَابٍ

اور زمین میں جو کچھ ہے اللہ اُسے جانتا ہے بیشک یہ سب ایک نوشتے میں ہے

إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ ○ وَيَعْبُدُونَ مِنْ

بیشک یہ اللہ پر آسان ہے اور وہ اللہ کو چھوڑ کر اُس چیز کو

دُونِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُمْ


پوجتے ہیں جسکے بارے میں خدا نے کوئی دلیل نازل نہیں کی اور جسکے بارے میں اُنکو

بِهِ عِلْمٌ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ ○ وَإِذَا تُتْلَىٰ

کوئی علم نہیں ہے اور ظالموں کا کوئی (بھی) مددگار نہوگا اور جبوقت اُنکے سامنے

منزل ٤

...نازل ہوئی ۱۲



عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ

ہماری کُھلی آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو جو لوگ کافر ہوگئے ہیں اُنکے چہروں سے تم انکار

كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ۭ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ

(کے آثار) پہچان لوگے قریب ہے کہ جو ہماری آیتیں پڑھتے ہیں

يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۭ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ

اُن پر یہ لوگ حملہ کر بیٹھیں تم کہدو کیا میں تمکو اس سے بدتر کی خبر

ذٰلِكُمْ ۭ اَلنَّارُ ۭ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ

دوں وہ دوزخ ہے جو لوگ کافر ہوگئے ہیں اللہ نے اُنسے اُسکا وعدہ کیا ہے

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ

اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے اے آدمیو! ایک مثل بیان کی گئی ہے

ع ٩ ٨ ١٢

فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ

اُسکو غور سے سُن لو یقیناً وہ جنکو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ کبھی

يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۭ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ

ایک مکھی بھی پیدا نہ کرسکینگے گو اسکے لیے سب جمع ہوجائیں اور اگر مکھی اُن سے کوئی چیز

الذُّبَابُ شَيْـــًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۭ ضَعُفَ الطَّالِبُ

چھین لیجائے تو اُس سے چھڑا نہ سکینگے پڑنیوالے اور جسکے پیچھے

وَالْمَطْلُوْبُ ۝ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

پڑتے وہ دونو بودے ہیں اُنہوں نے اللہ کو پہچانا ہی نہیں جیسا کہ اُسکے پہچاننے کا حق ہے بیشک اللہ

لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ

قوت والا اور زبردست ہے اللہ فرشتوں میں سے اور آدمیوں میں سے رسولوں کو

رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ ۢ بَصِيْرٌ ۝

چھانٹ لیتا ہے بیشک اللہ سُننے والا (اور) دیکھنے والا ہے

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ

وہ اُنکے آئندہ کا حال (بھی) جانتا ہے اور گزشتہ کا (بھی) اور اللہ ہی کی طرف

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا

کُل امور کی بازگشت ہوگی اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو تم رکوع کرو

وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ

اور سجدے کرو اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور نیکی کرو

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ

تاکہ تم فلاح پاؤ اور خدا کی راہ میں ایسا جہاد کرو جو حق جہاد کرنیکا ہے

هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى

اُسنے تمکو چُن لیا ہے اور تم پر دین کے بارے میں کوئی سختی روا نہیں

الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ

رکھی یہ تمہارے باپ ابراہیمؑ ہی کی ملت ہے (اللہ) اُسی (خدا) نے

سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ڏ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا

پہلے ہی سے تمہارا نام مسلم (مطیع و فرمانبردار) رکھا اور اس (قرآن) میں بھی (وہی نام رکھا)

لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا

تاکہ رسول تمہارے اعمال و افعال پر گواہی دیں اور تم لوگوں کے

شُهَدَاۗءَ عَلَى النَّاسِ ښ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

اعمال و افعال پر گواہی دو پس اب تم نماز پڑھو اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۭ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ

دو اور اللہ پر پورا (پورا) بھروسہ رکھو وہی تمہارا کارساز ہے

فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

پس وہ سب سے بہتر کارساز اور سب سے بہتر مددگار ہے

ع ۱۰ ۱۷



اٰیاتها ١١٨ — رکوعاتها ٦ — کلماتها ١٠٨٠ — حروفها ٤٥٣٨

الجزء الثامن عشر ١٨

سورة المؤمنون مكية وهي مائة وثمان عشرة اية

بسم الله الرحمن الرحيم ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قد افلح المؤمنون ○ الذين هم في

بیشک اُن مومنوں نے فلاح پائی جو اپنی نمازوں میں

صلاتهم خاشعون ○ والذين هم عن اللغو

خشوع کرنیوالے ہیں اور جو بیہودہ باتوں سے مُنہ پھیرنیوالے

معرضون ○ والذين هم للزكوة فاعلون ○ والذين

ہیں اور جو زکوٰۃ ادا کرنیوالے ہیں اور جو اپنی

هم لفروجهم حفظون ○ الا على ازواجهم او ما

شرمگاہوں کی حفاظت کرنیوالے ہیں سوائے اپنی ازواج کے یا اپنے ہاتھ کے مال

ملكت ايمانهم فانهم غير ملومين ○ فمن ابتغى

(لونڈیوں) کے کہ اِس صورت میں وہ قابلِ ملامت نہیں ہیں بس جو اِسکے سوا خواہش

وراء ذلك فاولئك هم العدون ○ والذين هم

کرے پس وہی تو زیادتی کرنیوالے ہیں اور وہ جو اپنی امانتوں

لامنتهم وعهدهم رعون ○ والذين هم على


کی اور عہد و پیمان کی رعایت کرنیوالے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت

صلوتهم يحافظون ○ اولئك هم الورثون ○

کرتے ہیں یہی لوگ تو وارث ہیں

الذين يرثون الفردوس هم فيها خلدون ○ ولقد

جو جنت فردوس کو میراث میں لے لینگے (اور) وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہونگے اور ضرور



خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن سُلَالَةٍ مِّن طِينٍ ۝ ثُمَّ جَعَلْنَاهُ نُطْفَةً

ہمنے انسان کو مٹی کے خلاصہ سے پیدا کیا پھر ہمنے اُسکو ایک ٹھہری ہوئی

فِي قَرَارٍ مَّكِينٍ ۝ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا

جگہ میں نطفہ قرار دیدیا پھر ہمنے اُس نطفہ کو ایک بستہ بوند بنا دیا پس ہمنے اُس بستہ بوند

الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَامًا فَكَسَوْنَا

کو ایک لوتھڑا بنا دیا پس اُس لوتھڑے کو ہمنے ہڈیاں بنا دیا پس ہمنے اُن ہڈیوں پر گوشت

الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ ۚ فَتَبَارَكَ اللَّهُ

کی پوشش پہنائی پھر اسکے بعد ہمنے اسکی ایک دوسری صورت بنادی تو کیسا برکت والا ہے

أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ۝ ثُمَّ إِنَّكُم بَعْدَ ذَٰلِكَ لَمَيِّتُونَ ۝

اللہ جو سب بنانیوالوں سے اچھا ہے پھر اسکے بعد تم سب ضرور مرنیوالے ہو

ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تُبْعَثُونَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ

پھر قیامت کے دن تم دوبارہ اُٹھائے جاؤگے اور یقیناً ہمنے تمہارے اوپر سات آسمان

سَبْعَ طَرَائِقَ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غَافِلِينَ ۝ وَأَنزَلْنَا

بنائے اور ہم مخلوق (کے پیدا کرنے) سے غافل نہیں ہیں اور ہمنے آسمان سے

مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَسْكَنَّاهُ فِي الْأَرْضِ ۖ وَإِنَّا عَلَىٰ

ایک اندازہ سے پانی اُتارا پھر اُسکو زمین میں ساکن کردیا اور یقیناً ہم اُسکو

ذَهَابٍ بِهِ لَقَادِرُونَ ۝ فَأَنشَأْنَا لَكُم بِهِ جَنَّاتٍ مِّن


دور کردینے پر قادر ہیں پھر ہمنے اُسی کے ذریعے سے تمہارے لیے کھجوروں

نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ لَّكُمْ فِيهَا فَوَاكِهُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝

اور انگوروں کے باغات پیدا کیے جنمیں تمہارے لیے بہت سے میوے ہیں اور اُنھی میں سے تم کھایا (بھی) کرتے ہو

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِن طُورِ سَيْنَاءَ تَنبُتُ بِالدُّهْنِ

اور ایک درخت جو طور سینا سے نکلتا ہے جو ایک روغن کو (بھی) ساتھ ہی لیے ہوئے اُگتا ہے



وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ۝ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ

اور کھانیوالوں کیلیے سالن (کربھی) اور یقیناً تمہارے لیے چوپایوں میں ایک نصیحت ہے

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ

کہ جو کچھ انکے پیٹ میں ہے اس میں سے ہم تمکو پلاتے (بھی) ہیں اور تمہارے لیے ان میں بہت سے فائدے ہیں

وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝

اور ان ہی میں سے تم بعض کو کھاتے بھی ہو اور ان پر اور کشتیوں پر لدے (پھندے) پھرتے ہو

ع ٢

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

اور بیشک ہمنے نوح کو انکی قوم کی طرف بھیجا تھا پھر انھوں نے یہ کہا کہ اے میری قوم تم اللہ کی عبادت کرو

مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ فَقَالَ الْمَلَؤُا

جسکے سوا تمہارا کوئی اور معبود نہیں ہے کیا تم ڈرتے نہیں؟ تو انکی قوم میں سے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُرِيْدُ

جو کافر ہو گئے تھے انکے سرداروں نے کہا کہ یہ کچھ (بھی) نہیں ہے مگر تم ہی جیسا ایک آدمی چاہتا

اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۖۚ

یہ ہے کہ تم سے افضل ہو جائے اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتے اتارتا

مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِىْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌ

ہمنے تو اپنے باپ داداؤں میں پہلے ایسی بات سنی نہیں یہ کچھ نہیں ہے مگر ایک مرد

بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِىْ بِمَا

جسکو جنون ہو گیا ہے پس تم (بھی) اسکے بارے میں کچھ انتظار کرو (نوح نے) عرض کی اے میرے پروردگار جیسا انھوں نے

كَذَّبُوْنِ ۝ فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَ

مجھکو جھٹلایا تو (بھی) میری مدد کر پس ہمنے انکی طرف وحی کی کہ تم کشتی ہمارے سامنے اور ہماری وحی کے موافق تیار کرو

وَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ

پھر جسوقت ہمارا حکم پہنچے اور تنور سے فوارہ نکلے اسوقت ہر جانور کا جوڑا اس کشتی میں

١ وعليها وعلى الفلك تحملون . یعنی خشکی اور تری میں کیونکہ اونٹ خشکی کا جہاز مشہور ہے ۱۲ ٢ فاذا جاء امرنا وفار

فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَن سَبَقَ

داخل کر دینا اور اپنے گھر والوں کو (بٹھا لینا) سوائے اسکے جسکی بابت پہلے ہی بات

عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۖ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا

طے ہو چکی ہے اور جو نافرمان ہوگئے ہیں اُنکے بارے میں مجھ سے خطاب نہ کرنا

إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ۝ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنتَ وَمَن مَّعَكَ

وہ ضرور ڈوبا دیے جائینگے پھر جسوقت تم اور جو تمہارے ساتھ ہیں کشتی میں

عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ

ہو بیٹھو تو یہ کہنا کہ سب تعریف اُسی اللہ کے لیے ہے جسنے ہمکو نافرمان لوگوں سے

الظَّالِمِينَ ۝ وَقُل رَّبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ

نجات دی اور یہ عرض کرنا کہ اے میرے پروردگار مجھے برکت کی جگہ اُتاریو اور تو ہی

خَيْرُ الْمُنزِلِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ وَإِن كُنَّا

سب سے اچھا اُتارنیوالا ہے بیشک اس میں نشانیاں ہیں اور ضرور ہم ہی آزمائش

لَمُبْتَلِينَ ۝ ثُمَّ أَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ۝

کرنیوالے ہیں پھر اُنکے بعد ہمنے اور زمانہ کے لوگ نئے سرے سے پیدا کر دیے پس

فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ

اُن میں ایک رسول اس حکم کے ساتھ بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو جسکے سوا تمہارا کوئی اور

إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ وَقَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِهِ الَّذِينَ

معبود نہیں ہے کیا تم ڈرتے نہیں؟ اور اُنکی قوم میں سے وہ سردار جو کافر ہوگئے تھے

كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِلِقَاءِ الْآخِرَةِ وَأَتْرَفْنَاهُمْ فِي الْحَيَاةِ

اور آخرت کے آنیکو جھٹلایا کرتے تھے اور ہمنے اُنکو زندگانی دنیا کی نعمتیں دے رکھی تھیں

الدُّنْيَا مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يَأْكُلُ مِمَّا

کہنے لگے کہ یہ تو تم ہی جیسا ایک آدمی ہے جو کچھ تم کھاتے ہو اُسی میں سے

ع ۲

نے انکو محفوظ رکھا ہے کہ تم پر ظلم کرسکے گو اس سے امان نہیں دی کہ تمہارا امتحان نہ لے اور آزمائش نہ کرے چنانچہ خود فرماتا ہے اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ وَّاِنْ کُنَّا لَمُبْتَلِیْنَ ۝

تَأْكُلُونَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُونَ ○ وَلَئِنْ أَطَعْتُم

یہ کھاتا ہے اور جو کچھ تم پیتے ہو اُسی میں سے یہ پیتا ہے اور اگر تم اپنے ہی جیسے آدمی

بَشَرًا مِّثْلَكُمْ إِنَّكُمْ إِذًا لَّخٰسِرُونَ ○ أَيَعِدُكُمْ أَنَّكُمْ

کی اطاعت کرنے لگوگے تو اُس صورت میں تم بھی ضرور نقصان اٹھانیوالے ہوجاؤگے کیا وہ تمہیں اس بات

إِذَا مِتُّمْ وَكُنتُمْ تُرَابًا وَعِظٰمًا أَنَّكُم مُّخْرَجُونَ ○

ڈراتا ہے کہ جب تم مرجاؤگے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجاؤگے تو تم پھر (قبروں سے) نکالے جاؤگے؟

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوعَدُونَ ○ إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا

جس بات سے تمکو ڈرایا جاتا ہے وہ بہت ہی بعید (از عقل) ہے جو کچھ بھی ہے یہی دنیا کی زندگانی

الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ○ إِنْ هُوَ إِلَّا

ہے جہاں ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہم مبعوث نہیں کیے جائینگے یہ کچھ اور نہیں ہے مگر

رَجُلٌ افْتَرَىٰ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَمَا نَحْنُ لَهُ بِمُؤْمِنِينَ ○ قَالَ

ایسا شخص جسنے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا ہے اور ہم اسپر ایمان لانیوالے نہیں ہیں۔ (اُس رسول نے عرض

رَبِّ انصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ○ قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَّيُصْبِحُنَّ

کی اے میرے پروردگار بسبب اسکے کہ انھوں نے مجھے جھٹلایا تو میری مدد کر۔ خدا نے فرمایا کہ عنقریب یہ ندامت اٹھانیوالے

نٰدِمِينَ ○ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَاءً

ہوجائینگے پھر اُنکو ایک حقیقی چیخ نے آلیا پھر ہمنے اُنکو خس و خاشاک کردیا

فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ○ ثُمَّ أَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قُرُونًا

پس نا فرمان لوگوں کے لیے دوری ہو پھر ہمنے اُنکے بعد اور زمانہ کے لوگ نئے سرے سے

ءَاخَرِينَ ○ مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ○

بنا دیے کوئی گروہ نہ اپنے مقررہ وقت سے آگے بڑھ سکتا ہے اور نہ وہ پیچھے رہ سکتے ہیں

ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا كُلَّمَا جَاءَ أُمَّةً رَّسُولُهَا

پھر ہمنے اپنے رسول لگاتار بھیجے جب کسی اُمت کا رسول اُسکے پاس آیا

كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ

انہوں نے اسی کو جھٹلایا پس ہمنے بھی ایک کو دوسرے کے قدم بقدم کر دیا اور انکو قصہ کہانی بنا دیا پس ان لوگوں کے لیے

فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ

جو ایمان نہیں لاتے ہلاکت ہو پھر ہمنے موسٰے اور انکے بھائی ہارون

هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ

کو اپنی نشانیوں کی اور کھلے غلبہ کے ساتھ فرعون اور اسکے سرداروں کی طرف بھیجا پس

مَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ۝ فَقَالُوْٓا

انہوں نے تکبر کیا اور وہ تھے ہی متکبر اور وہ کہنے لگے کہ

اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۝

کیا ہم اپنے ہی جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں حالانکہ ان دونوں کی قوم ہمارے ماتحت ہے؟

فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

پس انہوں نے انکو جھٹلایا پس ہلاک ہو گئے اور ضرور ہمنے موسٰے کو کتاب عنایت

الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ

کی تاکہ وہ لوگ ہدایت پائیں اور ہمنے مریم کے بیٹے اور اسکی ماں کو ایک

اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ۝ يٰٓاَيُّهَا

نشانی مقرر کیا اور ان دونوں کو ایک اونچے ٹیلے پر جو ٹھہرنے کی جگہ تھی اور چشمے والی تھی کے پاس جگہ دی اے پیغمبرو!

ع ۳ / ۱۸

الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّيْ بِمَا

تم پاک چیزوں میں سے کھاؤ اور نیکی کرتے رہو بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اسکا

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

پورا پورا جاننے والا میں ہوں اور تمہارا یہ گروہ حقیقۃً ایک ہی گروہ ہے اور میں تمہارا پروردگار

وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ۝ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

ہوں پس مجھ ہی سے ڈرو پھر (اُمت کے لوگوں نے) اپنے معاملہ (دین) کو آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر کے

منزل ۴

زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ○ فَذَرْهُمْ فِيْ

کر ڈالا ہر فرقے کے لوگ جو کچھ انکے پاس ہے اسی سے خوش ہو رہے ہیں پس تم ایک زمانہ تک انکو انکی

غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ○ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ

کی جہالت میں رہنے دو کیا یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم جو انکی دنیا میں مال سے اور بیٹوں

مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ○ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ

سے مدد کر رہے ہیں تو یہ ہم انکے لیے خوبیوں کی جلدی کر رہے ہیں؟ بلکہ وہ

لَّا يَشْعُرُوْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ

شعور ہی نہیں رکھتے بالتحقیق وہ لوگ جو اپنے پروردگار سے

مُّشْفِقُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ○

ڈرنیوالے ہیں اور وہ جو اپنے پروردگار کی نشانیوں پر ایمان رکھتے ہیں

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ

اور وہ لوگ جو اپنے پروردگار کا کسی کو شریک نہیں کرتے اور وہ لوگ جو دیتے ہیں جو کچھ کہ دیتے

اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ○

ہیں اور [illegible] کہ انکے دل اس سے ڈرے ہوئے ہوتے ہیں کہ ہم اپنے پروردگار کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں

اُولٰۗىِٕكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ○

وہی نیکیوں میں جلدی کیا کرتے ہیں اور وہی ان میں سب سے بڑھ جانیوالے ہیں

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ

اور ہم کسی نفس کو اسکی قوت (برداشت) سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور ہمارے پاس ایک نوشتہ ہے جو حق

بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ

بولتا ہے اور ان لوگوں پر کوئی ظلم نہ کیا جائیگا لیکن انکے دل اسکی طرف سے غفلت میں ہیں

هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ○

اور انکے اعمال بد اسکے سوا کچھ اور بھی ہیں جنکے وہ (عادی) کرنیوالے ہیں

حَتّٰى إِذَا أَخَذْنَا مُتْرَفِيهِمْ بِالْعَذَابِ إِذَا هُمْ

یہاں تک کہ جب ہم اُنکے مالداروں کو عذاب میں گرفتار کرتے ہیں تو وہ یکایک واویلا کرنے لگتے

يَجْأَرُونَ ۝ لَا تَجْأَرُوا الْيَوْمَ إِنَّكُمْ مِنَّا لَا تُنْصَرُونَ ۝

ہیں (ہماری طرف سے کہا جاتا ہے کہ) آج کے دن واویلا مت مچاؤ تمکو ہماری طرف سے کوئی مدد نہ دیجائیگی

قَدْ كَانَتْ آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ

تم پر میری آیتیں ضرور پڑھی جایا کرتی تھیں پس تم اپنے پچھلے پاؤں پلٹ جایا کرتے تھے اور تکبر کرکے اُس

تَنْكِصُونَ ۝ مُسْتَكْبِرِينَ بِهِ سَامِرًا تَهْجُرُونَ ۝

(ہمارے رسولؐ) کو مثل کہانی کہنے والے کے چھوڑ بیٹھا کرتے تھے

أَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ أَمْ جَاءَهُمْ مَا لَمْ يَأْتِ آبَاءَهُمُ

کیا اُنہوں نے کلام خدا میں غور نہیں کیا یا اُنکے پاس اب کچھ آگیا ہے جیسا اُنکے پہلے باپ داداؤں کے پاس

الْأَوَّلِينَ ۝ أَمْ لَمْ يَعْرِفُوا رَسُولَهُمْ فَهُمْ لَهُ مُنْكِرُونَ ۝

نہیں آیا تھا؟ یا اُنہوں نے اپنے رسولؐ کو نہیں پہچانا کہ وہ اُسکے منکر ہوگئے؟

أَمْ يَقُولُونَ بِهِ جِنَّةٌ ۚ بَلْ جَاءَهُمْ بِالْحَقِّ وَأَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ

یا وہ یہ کہتے ہیں کہ اُسے جنون ہے؟ بلکہ وہ تو اُنکے پاس حق لیکر آیا ہے حالانکہ حق بات سے اکثر

كَارِهُونَ ۝ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ أَهْوَاءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ

حق سے نفرت رکھتے ہیں اور اگر حق اُنکی خواہشوں کی پیروی کرنے لگے تو آسمانوں کا اور زمین کا اور

وَالْأَرْضُ وَمَنْ فِيهِنَّ ۚ بَلْ أَتَيْنَاهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ


جو کچھ اُن میں ہے سب کا ستیاناس ہی ہوجائے بلکہ ہمنے تو اُنکی نصیحت کی چیز اُنکو دی ہے پھر وہ اپنی

مُعْرِضُونَ ۝ أَمْ تَسْأَلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَهُوَ خَيْرُ

نصیحت کی چیز سے ہی روگردان ہونیوالے ہیں۔ کیا تم اُنسے کچھ مزدوری مانگتے ہو تو تمہارے پروردگار کی مزدوری سب سے اچھی ہے اور وہی سب سے

الرَّازِقِينَ ۝ وَإِنَّكَ لَتَدْعُوهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝

اچھا رزق دینے والا ہے اور تم ضرور اُنکو راہِ راست کی طرف بلاتے ہو



وَإِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ

اور ضرور وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے راہِ راست سے ہٹ جانیوالے

لَنَاكِبُونَ ۝ وَلَوْ رَحِمْنَاهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِنْ ضُرٍّ لَلَجُّوا ربع

ہیں اور اگر ہم اُن پر رحم کریں اور جو تکلیف انکو ہو اُسے رفع کر دیں تو وہ اپنی

فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝ وَلَقَدْ أَخَذْنَاهُمْ بِالْعَذَابِ

سرکشی میں اَور اَڑ جائیں اور سرگرداں ہوں اور ہم نے اُنکو عذاب میں گرفتار کیا تو اُنھوں نے

فَمَا اسْتَكَانُوا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُونَ ۝ حَتَّىٰ إِذَا فَتَحْنَا

اپنے پروردگار کے سامنے نہ اظہارِ عجز کیا اور نہ گڑگڑائے یہاں تک کہ جب ہم نے اُن پر

عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيدٍ إِذَا هُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ۝ ع ۴

سخت عذاب کا دروازہ کھولدیا تو اُس میں وہ یکایک ناامید ہوگئے

وَهُوَ الَّذِي أَنْشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۚ

اور وہ (خدا) وہی ہے جسنے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کر دیے تم کس قدر

قَلِيلًا مَا تَشْكُرُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ

کم شکر ادا کرتے ہو! اور وہ وہی ہے جسنے تمکو زمین میں پھیلا دیا اور اُسی کی حضور میں

وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ۝ وَهُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ وَلَهُ

تم جمع کیے جاؤگے اور وہ وہی ہے جو تمہیں جلاتا اور مارتا ہے اور اُسی کے سبب

اخْتِلَافُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ بَلْ قَالُوا

رات کا اور دن کا ادلنا بدلنا ہے کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ بلکہ انہوں نے تو ویسی ہی

مِثْلَ مَا قَالَ الْأَوَّلُونَ ۝ قَالُوا أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا

بات کہدی جیسی پہلے لوگ کہا کرتے تھے وہ کہنے لگے کہ کیا جب ہم مرجائینگے اور مٹی اور ہڈیاں

وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ۝ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَآبَاؤُنَا

ہوجائینگے تو کیا ہم پھر بھی اُٹھائے جائینگے؟ یہ وعدہ تو ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے

هٰذَا مِنْ قَبْلُ إِنْ هٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ۝ قُلْ

پہلے ہی سے ہوتا چلا آیا ہے یہ کچھ بھی نہیں ہے سوائے اسکے کہ پہلے لوگوں کے ڈھکوسلے ہیں تم یہ کہدو کہ

لِمَنِ الْأَرْضُ وَمَنْ فِيهَا إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ سَيَقُولُونَ

یہ زمین کسکی ہے اور جو اس زمین میں ہیں (وہ کسکے ہیں) اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ) قریب ہی کہ وہ یہ کہینگے

لِلّٰهِ قُلْ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝ قُلْ مَنْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

اللہ ہی کے ہیں تم کہدو پھر کیا تم غور نہیں کرتے؟ تم کہو کہ ساتوں آسمان اور عرش عظیم

السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۝ سَيَقُولُونَ لِلّٰهِ قُلْ

کا پروردگار کون ہے؟ قریب ہے کہ وہ یہ کہینگے اللہ ہی کے ہیں تم کہدو کہ

أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝ قُلْ مَنْ بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ

پھر کیا تم اُس سے ڈرتے نہیں؟ تم یہ کہو کہ اگر تم جانتے ہو (تو بتلاؤ کہ) وہ کون ہے جسکے ہاتھ ہر چیز کا اختیار ہے

يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ سَيَقُولُونَ

اور وہ جسکو چاہتا ہے پناہ دیتا ہے اور اُسکے برخلاف (کسی کو) پناہ نہیں دیجاتی؟ قریب ہے کہ وہ یہ کہینگے کہ اللہ

لِلّٰهِ قُلْ فَأَنّٰى تُسْحَرُونَ ۝ بَلْ أَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَإِنَّهُمْ

کے ہاتھ ہے تم کہدو کہ پھر تم کہاں جادو میں گھرے چلے جاتے ہو؟ بلکہ ہم تو اُنکے پاس حق لائے اور وہ ضرور

لَكٰذِبُونَ ۝ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَلَدٍ وَمَا كَانَ مَعَهُ

جھوٹے ہیں نہ تو اللہ نے کوئی بیٹا بنایا اور نہ اُسکے ساتھ کوئی اور خدا

مِنْ إِلٰهٍ إِذًا لَذَهَبَ كُلُّ إِلٰهٍ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ

ہے کہ اُس صورت میں ہر ہر خدا جو کچھ پیدا کرتا اُسی کو لیجاتا اور اُن میں سے ایک دوسرے

عَلٰى بَعْضٍ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُونَ ۝ عٰلِمِ الْغَيْبِ

پر غالب آجاتا (غرض) جو کچھ بھی یہ بیان کرتے ہیں اللہ اُس سے منزہ اور پاک ہے (وہ) چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے

وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ قُلْ رَبِّ إِمَّا تُرِيَنِّي

اور جن چیزوں کو یہ اُسکا شریک ٹھہراتے ہیں اُن سب سے منزہ اور برتر ہے (اے رسولؐ) تم یہ کہو کہ اے میرے پروردگار جب



مَا يُوعَدُونَ ۝ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ۝

عذاب کا اِن سے وعدہ کیا جاتا ہے اگر تو کبھی وہ مجھے بھی دکھائے تو اے میرے پروردگار تو مجھے ان نافرمان لوگوں کے پاس نہ رکھیو

وَإِنَّا عَلٰى أَنْ نُرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُونَ ۝ اِدْفَعْ

اور ہم ضرور اس بات پر قادر ہیں کہ جس کا ان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں تمہیں دکھا دیں (یعنی تمہاری موجودگی میں نازل کر دیں)

بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۚ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ ۝

(اور رسول) تم بدی کو اس طریقہ سے دفع کرو جو بہت ہی اچھی ہو جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں ہم اس سے خوب واقف ہیں

وَقُلْ رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِينِ ۝ وَ

اور تم یہ دعا کرو کہ اے میرے پروردگار میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے میرے پالنے والے

أَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَحْضُرُونِ ۝ حَتّٰى إِذَا جَاءَ

میں اس بات سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آکر بھٹکیں (کافروں کی حالت یہی رہیگی) یہاں تک کہ جب ان میں سے

أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُونِ ۝ لَعَلِّي أَعْمَلُ

کسی کو موت آئیگی تو وہ عرض کریگا کہ اے میرے پروردگار اب مجھے لوٹا دے تاکہ جو کچھ میں چھوڑ آیا ہوں اسمیں

صَالِحًا فِيمَا تَرَكْتُ ۚ كَلَّا ۚ إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا ۖ وَمِنْ

کچھ نیکی کروں (کہا جائیگا کہ) ایسا نہیں ہو سکتا یہ تو ایک بات ہے جو یہ بنا رہا ہے اور ان کے آگے

وَرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ

اس دن تک کے لیے جس دن وہ مبعوث کیے جائینگے (عالم) برزخ موجود ہے پھر جس وقت صور پھونکا جائیگا

فَلَا أَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ ۝ فَمَنْ ثَقُلَتْ

تو اس دن نہ آپس کے حسب و نسب باقی رہینگے اور نہ باہم پوچھ گچھ کرینگے بس جنکے پلے بھاری


مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَنْ خَفَّتْ

ہو گئے وہ تو فلاح پانیوالے ہوئے اور جنکے پلے ہلکے رہے پس

مَوَازِينُهُ فَأُولٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ

وہ وہی ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا (اور) ہمیشہ جہنم میں رہنے والے

بعضہم علیٰ بعض یتسآءلون (اور ایک دوسرے کے پاس اسکا حال پوچھتا آئیگا) اسلیے کہ ایک میں تو صور پھونکے جانیکے وقت کا ذکر ہے اور دوسرے میں



خٰلِدُوْنَ ۝ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا

ہوئے — آگ اُنکے چہروں کو جھلس دیگی اور وہ اُس میں بد صورت

كٰلِحُوْنَ ۝ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا

ہو جائینگے — کیا میری آیتیں تم پر نہیں پڑھی جاتی تھیں۔ پھر تم انکو جھٹلایا کرتے

تُكَذِّبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا

تھے؟ — عرض کرینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہماری کمبختی ہم پر غالب آگئی تھی اور ہم گمراہ لوگ

قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ۝ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا

ہو گئے تھے — اے ہمارے پروردگار اس میں سے ہمکو نکال لے پھر اگر ہم ایسا کریں تو ہم ضرور

ظٰلِمُوْنَ ۝ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۝ اِنَّهٗ كَانَ

ظالم ہونگے — (خدا) فرمائیگا اسی میں ذلیل پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو — بیشک میرے بندوں میں سے

فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

ایک گروہ ایسا بھی تھا جو یہ کہا کرتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے پس تو ہمارے گناہ بخش دے

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا

اور ہم پر رحم کر اور تو سب سے اچھا رحم کرنیوالا ہے — پس تم انکا مذاق بنایا کرتے تھے

حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ۝ اِنِّيْ

یہاں تک کہ انہوں نے تمکو میری یاد بھلا دی تھی اور تم انسے ٹھٹھا ہی کرتے رہتے تھے — آج جیسا کہ

جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝

انہوں نے صبر کیا تھا انکو میں نے جزا دی — کہ وہ کامیاب ہیں

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ۝ قَالُوْا لَبِثْنَا

(پھر) دریافت فرمائیگا کہ تم زمین میں کتنے برس رہے ہوگے؟ — عرض کرینگے کہ ایک دن

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ۝ قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ

یا دن کا کچھ حصہ — پس تو گننے والوں سے پوچھ لے — فرمائیگا کہ ہاں تم بہت تھوڑے ہی



إِلَّا قَلِيلًا لَّوْ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ○ أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا

رہے ہوگے کاش ہیں سمجھے ہوتے کیا تمنے یہ گمان کرلیا تھا کہ ہمنے

خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ○ فَتَعَالَى

تمکو بیفائدہ پیدا کیا - اور یہ کہ تم ہماری حضور میں پلٹ کر نہ آؤ گے بس خدا بادشاہ

اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

برحق برتر ہے سوائے اُسکے کوئی معبود نہیں وہی بڑے عرش کا مالک

الْكَرِيمِ ○ وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ

ہے اور جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکاریگا جسکے بارے میں اُسکے پاس کوئی دلیل

لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ ○

نہیں تو سوائے اسکے نہیں ہے کہ اُسکا حساب خدا کے پاس رہیگا یقیناً کافر فلاح نہ پائینگے

وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ○ ع ٦

اور تم یہ کہدو کہ اے میرے پروردگار تو بخشدے اور رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنیوالا ہے

سُورَةُ النُّورِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعٌ وَسِتُّونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سُورَةٌ أَنزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا وَأَنزَلْنَا فِيهَا آيَاتٍ

یہ ایک سورہ ہے جسکو ہمنے نازل کیا اور جسکو ہمنے فرض گردانا اور اس میں ہمنے کھلے کھلے

بَيِّنَاتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ○ الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي

احکام نازل کیے تاکہ تم یاد رکھو زنا کرنیوالی عورت اور زنا کرنیوالا مرد

فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ

اُن میں سے ہرایک کو (سَو) سَو کوڑے لگاؤ



وَلَا تَأْخُذْكُم بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ

اور اُن دونوں کے بارے میں قانون خدا کے اجرا میں تمکو رحم نہ آجائے بشرطیکہ تم اللہ پر اور

تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۖ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ

قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہو اور یہ (بھی) ضرور ہے کہ انکی سزا کے وقت مومنوں کا

مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ الزَّانِي لَا يَنكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَ

ایک گروہ موجود ہو زناکرنیوالا مرد سوائے زناکرنیوالی عورت یا مشرک عورت کے کسی سے نکاح

وَالزَّانِيَةُ لَا يَنكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذَٰلِكَ

نہ کرنے پائے اور زناکار عورت سے سوائے زناکار مرد کے یا مشرک کے اور کوئی نکاح نہ کرنے پائے اور یہ نکاح

عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا

مومنوں پر حرام کیا گیا ہے اور جو لوگ شوہر والی عورتوں پر الزام لگائیں پھر چار گواہ پیش نہ کرسکیں

بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً وَلَا

تو انکو (اسّی) اسّی کوڑے لگاؤ اور انکی

تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ

گواہی کبھی قبول نہ کرو اور وہ ضرور

الْفَاسِقُونَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن بَعْدِ ذَٰلِكَ وَ

نافرمان ہیں سوائے انکے جو اسکے بعد توبہ کرلیں اور (خرابی کی)

أَصْلَحُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ

اصلاح کرلیں تو اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور جو لوگ اپنی ازواج پر

أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُن لَّهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ

اتہام لگائیں اور سوائے انکی ذات کے اور کوئی گواہ نہو تو انکی اکیلے کی گواہی

أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ ۙ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ۝

یہ ہے کہ وہ چار مرتبہ خدا کا نام لیکر گواہی دے کہ میں سچا ہوں



وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ
اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر خدا کی

الْكَاذِبِينَ ۝ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ
لعنت ہو اور اُس عورت سے سزا کو یہ بات ٹال دیگی کہ وہ چار مرتبہ خدا کا نام لیکر

شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ ۝ وَالْخَامِسَةَ
یہ گواہی دے کہ وہ جھوٹا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے

أَنَّ غَضَبَ اللَّهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ وَلَوْلَا
کہ اگر وہ سچا ہے تو مجھ پر خدا کا غضب (نازل) ہو اور اگر تم پر

فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ
خدا کا فضل اور اُسکی رحمت نہوتی (تو فائدے کیسے تعلیم کرتا) اور بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا (دانا ہے)

حَكِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ جَاءُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِنْكُمْ
حکمت والا ہے بیشک جن لوگوں نے تہمت لگائی وہ تم ہی میں سے ایک گروہ ہے

ع ١

لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَكُمْ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ لِكُلِّ امْرِئٍ
اُسکو اپنے حق میں بُرا نہ سمجھو بلکہ وہ تمہارے لیے اچھا ہے اُن میں سے ہر شخص کے لیے

مِنْهُمْ مَا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ
جو گناہ (بھی) وہ کریگا وہی ہے اور جو اُن میں سے گناہ کا بڑا حصہ لیگا اُسی کے لیے

لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ
بڑا عذاب ہے جسوقت کہ تمنے اسکو سُنا تھا تو مومن

الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنْفُسِهِمْ خَيْرًا وَقَالُوا
مردوں اور مومن عورتوں نے نیک گمان کیوں نہ کیا اور یہ کیوں نہ کہا کہ

هَٰذَا إِفْكٌ مُبِينٌ ۝ لَوْلَا جَاءُوا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ
یہ صریح بہتان ہے وہ اس بات پر چار گواہ کیوں نہ لائے

فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ

پس جب چار گواہ نہ لائے تو وہ اللہ کے نزدیک ضرور جھوٹے

الْكٰذِبُوْنَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِي

ہیں اور اگر دنیا اور آخرت میں تم پر خدا کا فضل اور اسکی رحمت نہوتی

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ

تو جس بات کا تمنے چرچا کیا تھا اسکے سبب سے تم پر بڑا عذاب نازل

عَظِيْمٌ ۝ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ

ہوتا جبکہ تم اسکو ایک دوسرے کی زبان سے نقل کرتے تھے اور اپنے

مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ

منہ سے وہ کچھ کہتے تھے جسکا تمکو علم نہیں ہے اور اسکو خفیف سی بات سمجھتے تھے حالانکہ وہ اللہ

عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ۝ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا

کے نزدیک بڑی بات تھی اور جبوقت تمنے اسکو سنا تھا یہ کیوں نہ کہا کہ ہمیں کیا پڑی ہے

يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ

کہ ہم اسکے بارے میں کلام کریں حاشا وکلا یہ تو بہت بڑا بہتان ہے

عَظِيْمٌ ۝ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ

خدا تعالیٰ تمکو نصیحت کرتا ہے کہ اگر تم مومن ہو تو پھر ایسا کبھی

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ۖ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

نہ کرنا اور اللہ تم سے اپنے احکام کو کھولکر بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا (اور)

حَكِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي

حکمت والا ہے یقیناً وہ لوگ جو اس بات کو دوست رکھتے ہیں کہ ایمان لانیوالوں میں بیحیائی کی باتیں

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ

رائج ہوں انکے لیے دنیا میں (بھی) دردناک عذاب ہے اور آخرت میں (بھی)

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اور اللہ (اسکو) خوب جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ہو اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اسکی رحمت نہ ہوتی

وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

(تو وہ تم پر جلد عذاب نازل کرتا) اور بیشک اللہ بڑا مہربان (اور) رحم کرنیوالا ہے اے ایمان لانیوالو شیطان

لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ

کے قدم بقدم نہ چلو اور جو شخص شیطان کے قدم بقدم

الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَوْلَا

چلیگا تو وہ ضرور اسکو بےحیائی اور بدی کی باتوں کا حکم دیگا اور اگر تم پر اللہ کا

فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰي مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ

فضل اور اسکی رحمت کی نظر نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی کبھی پاک ہی

اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○

نہ ہوتا لیکن اللہ جسکو چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے اور اللہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے

وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْٓا اُولِي

اور تم میں سے مالدار اور صاحب مقدور لوگ یہ قسم نہ کھا بیٹھیں کہ وہ رشتہ داروں کو

الْقُرْبٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ڮ وَلْيَعْفُوْا

اور مساکین کو اور راہ خدا میں ہجرت کرنیوالوں کو کچھ نہ دینگے اور انکو چاہیے کہ

وَلْيَصْفَحُوْا ۭ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

معاف کر دیں اور درگزر کریں آیا تم اسکو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تعالے تمہارے گناہ بخشدے اور اللہ بڑا

رَّحِيْمٌ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ الْغٰفِلٰتِ

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ بالتحقیق جو لوگ پاکدامن بیخبر ایماندار عورتوں پر عیب لگاتے ہیں

الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ

ان پر دنیا میں بھی لعنت کی گئی ہے اور آخرت میں (بھی) اور انکے لیے بہت بڑا عذاب

عَظِيمٌ ۝ يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَ

ہے جس دن اُنکی زبانیں اور اُنکے ہاتھ اور اُنکے پاؤں اُنکی کرتوتوں کے بارے میں

أَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ

اُنکے برخلاف گواہی دینگے اُسی دن اللہ تعالے اُنکا ٹھیک ٹھیک

دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ۝

بدلہ اُنکو پورا پورا دیگا اور وہ یہ جان لینگے کہ اللہ وہی تو حق صریح ہے

الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ وَالطَّيِّبَاتُ

بُری بُری (باتیں) بُرے لوگوں کے لیے (زیبا ہیں) اور بُرے لوگ بُری باتوں (کے لیے موزوں ہیں) اور اچھی اچھی (باتیں)

لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ أُولَٰئِكَ مُبَرَّءُونَ

اچھے لوگوں کیلیے (زیبا) ہیں اور اچھے لوگ اچھی (باتوں) کے لیے (موزوں) ہیں یہ (اچھے) لوگ اُن باتوں سے بری ہیں جو (بُرے)

مِمَّا يَقُولُونَ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝ ع ٣

(لوگ) کہتے ہیں بری ہیں انکے لیے گناہوں کی بخشش بھی ہے اور آبرو کی روزی (بھی)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّىٰ

اے ایمان لانیوالو اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں جب تک کہ اجازت نہ لیلو اور

تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَىٰ أَهْلِهَا ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ

اُنکے رہنے والوں پر سلام نہ کرلو نہ جایا کرنا یہی طریقہ تمہارے لیے بہتر ہے

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا فِيهَا أَحَدًا فَلَا

تاکہ تم نصیحت پاؤ پھر اگر تم اُن میں کسی کو نہ پاؤ تو جب تک

تَدْخُلُوهَا حَتَّىٰ يُؤْذَنَ لَكُمْ وَإِنْ قِيلَ لَكُمُ ارْجِعُوا

تمکو اجازت نہو ہرگز اُن میں نہ جاؤ اور اگر تم سے کہا جائے کہ لوٹ جاؤ

فَارْجِعُوا هُوَ أَزْكَىٰ لَكُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝

تو پلٹ جاؤ یہی تمہارے لیے بہتر ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے باخبر ہے

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ مَسْكُونَةٍ

اس بارے میں تمپر کوئی الزام نہیں ہے کہ تم ایسے گھروں میں جاؤ جن میں کوئی

فِيهَا مَتَاعٌ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا

رہتا نہو اور اُن میں تمہارا کچھ فائدہ ہو اور اللہ اسکو خوب جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو

تَكْتُمُونَ ۝ قُلْ لِلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَ

کچھ تم چھپاتے ہو (اے رسول) مومنوں سے کہدو کہ وہ اپنی آنکھیں بند رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو

يَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ۚ ذَٰلِكَ أَزْكَىٰ لَهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ ۝

(غیروں کی نظر سے) بچائیں یہ اُنکے لیے بہتر ہے بیشک خدا اُن چیزوں سے واقف ہے

بِمَا يَصْنَعُونَ ۝ وَقُلْ لِلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ

جو کچھ وہ کرتے رہتے ہیں اور تم مومن عورتوں سے بھی کہدو کہ وہ اپنی آنکھوں کو بند

أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ

رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو (غیروں کی نظر سے) بچائیں اور اپنے بناؤ سنگار کو سوائے اُسکے جو

إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا ۖ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ جُيُوبِهِنَّ

خود بخود ظاہر ہو ظاہر نہ کریں اور انکو لازم ہے کہ اپنے گریبانوں پر سے اپنے دوپٹوں کے آنچل لے رہیں

وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ آبَاءِ

اور اپنا بناؤ سنگار کسی پر ظاہر نہونے دیں سوائے اپنے شوہروں کے یا اپنے باپ داداؤں کے یا اپنے

بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَانِهِنَّ

شوہروں کے باپ داداؤں کے یا اپنے بیٹوں کے یا اپنے شوہروں کے بیٹوں کے یا اپنے بھائیوں کے

أَوْ بَنِي إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي أَخَوَاتِهِنَّ أَوْ نِسَائِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ

یا اپنے بھتیجوں کے یا اپنے بھانجوں کے یا اپنی (ہم مذہب) عورتوں کے یا اپنے لونڈی

أَيْمَانُهُنَّ أَوِ التَّابِعِينَ غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ أَوِ الطِّفْلِ

غلاموں کے یا ایسے نوکر مردوں کے جنکو عورتوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے یا ایسے لڑکوں کے

الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ

جو ابھی عورتوں کے پردوں سے واقف (یعنی بالغ) نہ ہوئے ہوں اور عورتیں (چلنے میں) اپنے

بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِن زِينَتِهِنَّ ۚ وَتُوبُوا

پاؤں اس غرض سے زمین پر زور سے نہ ماریں۔ جو زینت وہ چھپائے ہوئی ہیں وہ ظاہر ہو جائے اور اے مومنو!

إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○

تم سب کے سب خدا کی حضور میں توبہ کرو تاکہ تم سب فلاح پاؤ

وَأَنكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ

اور تم میں سے جو مرد بے زوجہ ہوں اور جو عورتیں بے شوہر ہوں اُنکے اور تمہاری لونڈی غلاموں میں

إِمَائِكُمْ ۚ إِن يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۗ

نکاح کے قابل ہوں اُنکے نکاح کر دو اگر وہ محتاج ہونگے تو اللہ تعالے اپنے فضل سے اُنکو غنی کر دیگا

وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ○ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ

اور اللہ صاحب وسعت (اور) صاحب علم ہے اور جن کو تم میں سے نکاح میسر نہو اُنکو عفت برتنی

نِكَاحًا حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ ۗ وَالَّذِينَ يَبْتَغُونَ

چاہیے یہاں تک کہ اللہ تعالے اُنکو اپنے فضل سے غنی کر دے اور تمہارے لونڈی غلام جو

الْكِتَابَ مِمَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ

مکاتبت کے خواستگار ہوں تو اگر تم اُن میں نیکی کے آثار پاؤ تو اُنسے مکاتبت

فِيهِمْ خَيْرًا ۖ وَآتُوهُم مِّن مَّالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ ۚ وَلَا

کر لو اور اُنکو اُس مال میں سے جو خدا نے تمکو عطا کیا ہے کچھ دو اور

تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوا

تمہاری لونڈیاں اگر پاکدامنی کی خواستگار ہوں تو اُنکو بدکاری پر مجبور نہ کرو کہ اُس سے تم کچھ

عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَن يُكْرِههُّنَّ فَإِنَّ اللَّهَ مِن بَعْدِ

دنیا کا نفع اُٹھا لو اور جو اُنکو مجبور کریگا تو اللہ اُنکے مجبور کرنیکے بعد

إِكْرَاهِهِنَّ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَلَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ آيَاتٍ

(اُنکے بارے میں) بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور بیشک ہمنے تمہاری طرف کھلی کھلی نشانیاں اور

مُّبَيِّنَاتٍ وَمَثَلًا مِّنَ الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلِكُمْ وَ

اُن لوگوں کے جو تم سے پہلے گزر گئے ہیں قصّے اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت

مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ۝ اللَّهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ع ٨

نازل کی ہے اللہ آسمانوں کا اور زمین کا روشن کرنیوالا ہے

مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ ۖ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ ۖ

اُسکے نور کی مثال اُس روشندان کی سی ہے جسمیں ایک بڑا روشن چراغ ہو وہ چراغ ایک شیشے کی قندیل میں ہو

الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِن شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ

اور وہ قندیل ایسی ہو جیسے ایک چمکتا ہوا تارا اور زیتون کے مبارک درخت کے تیل سے

زَيْتُونَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ

روشن ہو جو نہ شرقی ہے اور نہ غربی قریب ہے کہ اُسکا تیل خود بخود روشن

وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۚ نُّورٌ عَلَىٰ نُورٍ ۗ يَهْدِي اللَّهُ لِنُورِهِ

ہوجائے گو آگ اُسکو نہ چھوئے وہ نور بالائے نور ہے اللہ جسکو چاہتا ہے اپنے نور کی

مَن يَشَاءُ ۚ وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۗ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ

راہ بتلا دیتا ہے اور اللہ آدمیوں کے لیے مثالیں بیان کرتا ہے اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا)

عَلِيمٌ ۝ فِي بُيُوتٍ أَذِنَ اللَّهُ أَن تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ

جاننے والا ہے (یہ چراغ) ایسے گھروں میں ہے جنکی نسبت خدا نے حکم دیا ہے کہ اُنکی تعظیم کیجائے اور اُسکا نام

يُسَبِّحُ لَهُ فِيهَا بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ ۝ رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ

اُن میں لیا جائے۔ اُن میں صبح و شام اُسکی پاکیزگی ایسے لوگ بیان کرتے ہیں جنکو یادِ خدا سے اور نماز پڑھنے سے

تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ

اور زکوٰۃ دینے سے نہ تو تجارت باز رکھتی ہے اور نہ کوئی خرید و فروخت

اُسنے تجارت چھوڑدی۔ حضرت نے تین مرتبہ فرمایا کہ یہ تو شیطان کا کام ہے۔ کیا اُسکو یہ خبر نہیں کہ جنابِ رسولِ خدا نے ایک بڑے قافلہ کا مال جو شام سے آیا تھا خرید لیا

يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۝

وہ اُس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس دن دل اور آنکھیں اُلٹ پلٹ ہو جائینگی

لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُم مِّن

تاکہ جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے اللہ اُس سے اچھا بدلہ اُنہیں دے اور اپنے فضل سے اُنکے لیے کچھ

فَضْلِهِ ۗ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

اور بڑھادے اور اللہ جسکو چاہتا ہے بے حساب رزق عطا فرمادیتا ہے

وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيعَةٍ يَحْسَبُهُ

اور جو لوگ کافر ہوگئے اُنکے اعمال ایسے ہیں جیسے کہ چٹیل میدان میں چمکتا ہوا ریت کہ پیاسا اُسکو

الظَّمْآنُ مَاءً حَتَّىٰ إِذَا جَاءَهُ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا وَوَجَدَ اللَّهَ

پانی خیال کرلیتا ہے یہاں تک کہ جب اُسکے پاس پہنچا تو اُسکو کوئی چیز نہیں پایا اور اللہ کو اپنے

عِندَهُ فَوَفَّاهُ حِسَابَهُ ۗ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝ أَوْ

پاس پائیگا پھر وہ اسکا پورا حساب کردیگا اور اللہ سب سے جلد حساب کرنیوالا ہے یا اُن کافروں کے

كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهِ مَوْجٌ

(اعمال) اُن اندھیروں کے مانند ہیں جو گہرے سمندر میں ہوں کہ اُسکو موج نے ڈھانپ رکھا ہو اور

مِّن فَوْقِهِ سَحَابٌ ۚ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا

اُس موج پر ایک اور موج ہو اور اُس موج پر ایک بادل ہو اسطرح اندھیریاں ایک کے اوپر ایک ہوں کہ جب کوئی

أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا ۗ وَمَن لَّمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ

اپنا ہاتھ نکالے تو اُسکو بھی نہ دیکھ سکے اور جسکے لیے خدا کوئی روشنی قرار نہ دے اُسکے لیے

نُورًا فَمَا لَهُ مِن نُّورٍ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُسَبِّحُ لَهُ مَن

کوئی روشنی ہو ہی نہیں سکتی کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں

فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالطَّيْرُ صَافَّاتٍ ۖ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ

ہیں اور پر پھیلا کر اُڑنیوالے پرندے اللہ ہی کی تسبیح کرتے رہتے ہیں ہر ایک اُن میں سے اپنی اپنی نماز

وَتَسْبِيحَهُ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ○ وَلِلَّهِ مُلْكُ

اور سبھی اپنی اپنی تسبیح کو خوب جانتا ہے اور جو کچھ یہ کرتے ہیں اللہ اس سے خوب واقف ہے اور آسمانوں کی اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ ○ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ

بادشاہت اللہ ہی کی ہے اور اللہ ہی کیطرف سبکی بازگشت ہے کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ

يُزْجِي سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهُ ثُمَّ يَجْعَلُهُ رُكَامًا فَتَرَى

اللہ بادل کو ہانک لاتا ہے پھر اُس (کے ٹکڑوں) کو آپس میں جوڑ دیتا ہے پھر اُنکو تہ بہ تہ رکھ دیتا ہے

الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ جِبَالٍ

پھر تم انکی بیچ میں سے مینہ کو نکلتے ہوئے دیکھتے ہو اور اللہ آسمان سے پہاڑ کی شکل کے بادلوں سے

فِيهَا مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَصْرِفُهُ عَنْ مَنْ

اولے برساتا ہے پھر اُن اولوں سے جسکو چاہتا ہے صدمہ پہنچاتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اُنکو ہٹا دیتا

يَشَاءُ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهِ يَذْهَبُ بِالْأَبْصَارِ ○ يُقَلِّبُ اللَّهُ

ہے قریب ہے کہ اُسکی بجلی کی چمک بصارتوں کو غارت کر دے اللہ رات کو اور

اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِأُولِي الْأَبْصَارِ ○

دن کو ادلتا بدلتا رہتا ہے بیشک اس میں بصیرت والوں کے لیے عبرت ملحوظ ہے

وَاللَّهُ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِنْ مَاءٍ فَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَى

اور اللہ نے ہر چلنے والا پانی سے پیدا کیا پس اُن میں سے بعض تو ایسے ہیں جو اپنے پیٹ کے

بَطْنِهِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَى رِجْلَيْنِ وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَى

بل چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو دو پاؤں پر چلتے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو چار پر

أَرْبَعٍ يَخْلُقُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○

چلتے ہیں اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے بیشک اللہ ہر چیز پر پوری پوری قدرت رکھنے والا ہے

لَقَدْ أَنْزَلْنَا آيَاتٍ مُبَيِّنَاتٍ وَاللَّهُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَى

یقیناً ہم نے حقیقتوں کی کھولنے والی آیتیں نازل کیں اور اللہ جسکو چاہتا ہے راہ راست تک

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالرَّسُولِ وَ

پہنچا دیتا ہے — اور وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور اُسکے رسول پر ایمان لائے اور

أَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلَّىٰ فَرِيقٌ مِّنْهُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ ۚ وَمَا أُولَٰئِكَ

اُنکے مطیع ہیں پھر اسکے بعد اُنہی میں سے ایک گروہ پھر جاتا ہے — اور وہ مومن

بِالْمُؤْمِنِينَ ۝ وَإِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ

نہیں ہیں — اور جب وہ اللہ کی اور اُسکے رسول کی طرف بُلائے جاتے ہیں کہ رسول

بَيْنَهُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُم مُّعْرِضُونَ ۝ وَإِن يَكُن لَّهُمُ

اُنکے مابین فیصلہ کرے تو یکایک اُنہی میں سے ایک گروہ روگرداں ہوجاتا ہے اور اگر اُنکا کوئی حق (حصہ)

الْحَقُّ يَأْتُوا إِلَيْهِ مُذْعِنِينَ ۝ أَفِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ

ہوتا ہے تو فرمانبرداری کرتے رسول کے پاس چلے آتے ہیں — آیا اُنکے دلوں میں کوئی روگ ہے

أَمِ ارْتَابُوا أَمْ يَخَافُونَ أَن يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُولُهُ ۚ

یا یہ شک میں پڑے ہوئے ہیں یا اس بات سے ڈرتے ہیں کہ اللہ اور اُسکا رسول اُن پر کوئی ظلم کرے

بَلْ أُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝ إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ

(یہ کچھ نہیں) بلکہ حقیقت میں یہ ہیں ہی نافرمان — مومنوں کا قول تو جس وقت (بھی) وہ

إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَن يَقُولُوا

خدا اور اُسکے رسول کی طرف اس غرض سے بُلائے جائیں کہ رسول اُنکے مابین فیصلہ کرے اسکے سوا

سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَ

اور کچھ ہوتا ہی نہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمنے سنا اور ہمنے اطاعت کی اور وہی (پوری پوری) فلاح پانیوالے ہیں اور

مَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَخْشَ اللَّهَ وَيَتَّقْهِ

جو اللہ اور اُسکے رسول کی اطاعت کریگا اور خدا سے ڈریگا اور اُس (کی مخالفت) سے بچتا رہیگا

فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ ۝ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ

پس ایسے ہی لوگ تو کامیاب ہونیوالے ہیں — اور وہ اپنے مقدور بھر اللہ کی قسمیں کھاکر

اَيۡمَانِهِمۡ لَئِنۡ اَمَرۡتَهُمۡ لَيَخۡرُجُنَّ ؕ قُلۡ لَّا تُقۡسِمُوۡا ۚ

قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر آپ ہمیں حکم دیں تو ہم ضرور نکل کھڑے ہونگے تم کہدینا کہ تم قسمیں نہ کھاؤ

طَاعَةٌ مَّعۡرُوۡفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ۝ قُلۡ

نیک اطاعت مطلوب ہے (خالی خولی قسم نہیں) بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے آگاہ ہے تم کہدینا کہ

اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ ۚ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا عَلَيۡهِ

تم اللہ کی اطاعت کرو اور اسکے رسول کی اطاعت کرو پھر اگر تم روگرداں ہوگئے تو سوا اسکے نہیں ہے کہ

مَا حُمِّلَ وَعَلَيۡكُمۡ مَّا حُمِّلۡتُمۡ ؕ وَاِنۡ تُطِيۡعُوۡهُ تَهۡتَدُوۡا ؕ

رسول کے ذمہ اسکی جوابدہی ہے جس پر وہ مامور کیا گیا ہے اور تمہارے ذمہ اسکی جوابدہی جسپر تم مامور کیے گئے ہو اور اگر تم

وَمَا عَلَى الرَّسُوۡلِ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ

اسکی اطاعت کروگے تو راہ پالوگے اور رسول کے ذمہ سوائے واضح طور پر احکام پہنچا دینے کے اور کچھ نہیں ہے ان سب کو جو تم میں سے

اٰمَنُوۡا مِنۡكُمۡ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِى

ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کیے اللہ نے یہ وعدہ کیا ہے کہ ضرور انکو اس زمین میں

الۡاَرۡضِ كَمَا اسۡتَخۡلَفَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ۖ وَلَيُمَكِّنَنَّ

جانشین بنائیگا جیسا کہ انسے پہلوں کو جانشین بنایا تھا اور ضرور انکے دین کو

لَهُمۡ دِيۡنَهُمُ الَّذِى ارۡتَضٰى لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمۡ مِّنۡۢ

جو انکے لیے پسند کرلیا ہے انکی خاطر سے پائدار کردیگا اور ضرور انکے خوف کو امن سے

بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ اَمۡنًا ؕ يَعۡبُدُوۡنَنِىۡ لَا يُشۡرِكُوۡنَ بِىۡ شَيۡـئًا ؕ

بدل دیگا اسوقت وہ میری ہی عبادت کرینگے اور کسی چیز کو میرا شریک نہ ٹھہرائینگے

وَمَنۡ كَفَرَ بَعۡدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ۝

اور جو اسکے بعد ناشکری کریگا پس نافرمان وہی ہیں

وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ

اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور رسول کی اطاعت کرو

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ○ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مُعْجِزِينَ

تاکہ تم پر رحم کیا جائے — اُن لوگوں کو جو کافر ہو گئے زمین میں خدا کا عاجز کردینے والا

فِي الْأَرْضِ ۚ وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ وَلَبِئْسَ الْمَصِيرُ ○ ع ۷/۱۴

ہرگز خیال نہ کرو اور انکا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت بری بازگشت ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِيَسْتَأْذِنْكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ

اے ایمان لانیوالو لازم ہے کہ تمہارے لونڈی غلام اور جو تم میں سے (ابھی) بلوغ کو

أَيْمَانُكُمْ وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

نہ پہنچے ہوں (وہ تمہارے پاس آنیکے لیے دن رات میں) تین دفعہ تم سے اجازت لیا کریں

مِنْ قَبْلِ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَحِينَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُمْ

(ایک تو) نماز فجر سے پہلے اور (دوسرے) جب تم دوپہر کو (قیلولہ کے لیے) اپنے کپڑے اتار دیتے ہو

مِنَ الظَّهِيرَةِ وَمِنْ بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاءِ ۚ ثَلَاثُ

اور (تیسرے) نماز عشا کے بعد یہ تینوں

عَوْرَاتٍ لَكُمْ ۚ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ

تمہارے کھلنے کے وقت ہیں ان کے بعد بلا اجازت آنے جانے میں نہ تمہارے ذمہ کوئی الزام

بَعْدَهُنَّ ۚ طَوَّافُونَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ

ہے اور نہ انکے ذمہ کہ تم ایک دوسرے کے پاس بکثرت آنے جاتے ہی رہتے ہو

كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ○

اللہ اس طرح تمہارے لیے احکام کھولکر بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے

وَإِذَا بَلَغَ الْأَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَأْذِنُوا كَمَا

اور جب تمہارے بچے بالغ ہو جائیں تو انکو لازم ہے کہ اسی طرح اجازت طلب کیا کریں جس طرح ان کے

اسْتَأْذَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ

بزرگ) ان کے پہلے سے اجازت طلب کیا کرتے تھے اس طرح اللہ اپنے احکام تمہارے لیے کھولکر بیان

منزل ۴

لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ
کرتا ہے اور اللہ صاحب علم و حکمت ہے اور بڑی بوڑھی عورتیں جنکو

الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ
نکاح کی امید باقی نہو تو اگر وہ اپنا برقع وغیرہ اتار دیا کریں تو انکے ذمہ

يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ
کچھ الزام نہیں ہے جس حال میں کہ انکو اپنے بناؤ سنگار کا اظہار منظور نہو اور اگر

يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ لَيْسَ
وہ اس سے بھی باز رہیں تو یہ انکے لیے اور بہتر ہے اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے نہ کسی

عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى
اندھے کے ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ لنگڑے کے ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ کسی بیمار کے

الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ
ذمہ کوئی الزام ہے اور نہ تمہارے اپنے ذمہ اس میں کہ تم کھانا اپنے گھروں سے کھاؤ

اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ
یا اپنے باپ داداؤں کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے

اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ
یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں

عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا
کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا جہاں کی

مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ
کنجیاں تمہارے ہاتھ ہوں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے اس میں بھی تم پر کوئی الزام نہیں ہے

اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا
کہ تم اکٹھے ہو کر کھاؤ یا الگ الگ پھر جب تم گھروں میں آؤ تو اپنی ذات پر

عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ

سلام کرو یہ اللہ کی طرف سے نفیس برکت والا تحفہ ہے

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۟

اس طرح اللہ تم سے اپنے احکام کھولکر بیان کرتا ہے کہ تم سمجھو

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا

سوائے اسکے نہیں کہ مومن وہ لوگ ہیں جو اللہ پر اور اسکے رسول پر ایمان لاتے ہیں اور

كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ

جب کسی مجمع کے موقع پر رسول کے ساتھ ہوتے ہیں تو جب تک اُن سے اجازت نہ لے لیں چلے نہیں جاتے

اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

بیشک جو لوگ تم سے اجازت طلب کرتے ہیں وہی تو اللہ پر اور اُسکے رسول پر

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ

ایمان رکھتے ہیں پھر جب وہ تم سے اپنے کسی خاص کام کے لیے اجازت چاہیں تو

لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اُن میں سے تم جسکو چاہو اجازت دیدیا کرو اور اُنکے لیے خدا سے مغفرت طلب کیا کرو بیشک اللہ بڑا

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۟ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے رسول کے پکارنیکو تم ایسا قرار نہ دو جیسا کہ تم اپنے مابین ایک دوسرے

بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ

کو پکارتے ہو اللہ اُن لوگوں کو خوب جانتا ہے جو تم میں سے چپ چاپ کھسک جاتے ہیں

فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ

پس اُن لوگوں کو جو امر رسول سے مخالفت کرتے ہیں اس بات سے ڈرتے رہنا چاہیے کہ اُنپر کوئی مصیبت

اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۟ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ

یا اُنکو دردناک عذاب پہنچے خبردار رہو آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے

وَالْاَرْضِ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ

وہ اللہ ہی کا ہے تم جس روش پر ہو اُسے وہ خوب جانتا ہے اور جسدن وہ اُسکی حضور میں لوٹائے جائینگے

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ ع ٣ ٩ ١٥

تو جو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے وہ اُنکو اُس سے آگاہ کر دیگا اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعٌ وَسَبْعُوْنَ اٰيَةً

آیاتہا ٧٧ — رکوعاتہا ٦ — کلماتہا ٩٠٦ — حروفہا ٣٩١٩

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ

صاحب برکت ہے وہ جسنے اپنے بندے پر (حق و باطل کی) جانچ نازل کی کہ وہ تمام عالموں کے

لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۝ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

لیے ڈرانیوالا ہو وہ وہی ہے جسکے لیے آسمانوں کی اور زمین کی سلطنت

وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ

(مسلم) ہے اور اُسنے کوئی بیٹا نہیں بنایا اور نہ سلطنت کے معاملہ میں کوئی اُسکا شریک ہوا اور اُسنے

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝ وَاتَّخَذُوْا مِنْ

ہر چیز کو پیدا کیا پھر اُسکا ایسا اندازہ کر دیا جیسا کہ اندازہ کرنیکا حق ہے اور اُنہوں نے اُسے چھوڑ کر

دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ

ایسے خدا بنا لیے ہیں جو ایک چیز (بھی) نہیں بناتے بلکہ خود بنائے جاتے ہیں

وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ

اور نہ وہ اپنی ذات کے لیے کسی نفع یا ضرر کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ کسی کی موت کا اختیار

مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

رکھتے ہیں اور نہ کسی کی زندگی کا اور نہ کسی کو دوبارہ اٹھانیکا اور اُن لوگوں نے جو کافر ہو گئے یہ کہدیا

لے نقدرہ تقدیرا۔ تفسیر قمی میں ہے کہ جناب امام رضا علیہ السلام نے کسی شخص سے دریافت کیا کہ تو جانتا ہے تقدیر

إِنْ هَٰذَآ إِلَّآ إِفْكٌ ٱفْتَرَىٰهُ وَأَعَانَهُۥ عَلَيْهِ قَوْمٌ

کہ یہ تو نرا جھوٹ ہے جو اس شخص نے بنا لیا ہے اور اور لوگوں نے اسکے بنانے میں اسکی

ءَاخَرُونَ ۖ فَقَدْ جَآءُو ظُلْمًا وَزُورًا ۝ وَقَالُوٓا۟

مدد کی ہے پس اُن لوگوں نے نہایت ناانصافی کی اور جھوٹ بولا جس حال میں یہ کہدیا کہ

أَسَٰطِيرُ ٱلْأَوَّلِينَ ٱكْتَتَبَهَا فَهِىَ تُمْلَىٰ عَلَيْهِ بُكْرَةً

یہ پہلوں کی کہانیاں ہیں جو اس شخص نے لکھوالی ہیں اور صبح وشام اسکو لکھوا دیجاتی

وَأَصِيلًا ۝ قُلْ أَنزَلَهُ ٱلَّذِى يَعْلَمُ ٱلسِّرَّ فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ

ہیں تم یہ کہدو کہ اسکو تو اُسنے اُتارا ہے جو آسمانوں کی اور زمین کی سب پوشیدہ

وَٱلْأَرْضِ ۚ إِنَّهُۥ كَانَ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝ وَقَالُوا۟ مَالِ هَٰذَا

چیزوں کو جانتا ہے بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے اور انھوں نے یہ کہدیا کہ اِس کو

ٱلرَّسُولِ يَأْكُلُ ٱلطَّعَامَ وَيَمْشِى فِى ٱلْأَسْوَاقِ ۙ لَوْلَآ

تو کیا ہو گیا ہے یہ تو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے اِسکے پاس

أُنزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُونَ مَعَهُۥ نَذِيرًا ۝ أَوْ يُلْقَىٰٓ

کوئی فرشتہ کیوں نہ بھیجدیا گیا کہ وہ اِسکے ساتھ ڈرانیوالا ہوتا یا اسپر خزانہ کیوں

إِلَيْهِ كَنزٌ أَوْ تَكُونُ لَهُۥ جَنَّةٌ يَأْكُلُ مِنْهَا ۚ وَقَالَ

نہ ڈالدیا گیا یا اِسکا کوئی باغ کیوں نہ ہوا کہ یہ اسمیں سے کھاتا اور نافرمان

ٱلظَّٰلِمُونَ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا مَّسْحُورًا ۝

یہ کہتے ہیں کہ تم تو ایک سحرزدہ شخص کی پیروی کررہے ہو

ٱنظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوا۟ لَكَ ٱلْأَمْثَٰلَ فَضَلُّوا۟

دیکھو تو انھوں نے تمہارے لیے کیسی کیسی مثلیں بیان کیں پس خود ہی گمراہ ہوگئے

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا ۝ تَبَارَكَ ٱلَّذِىٓ

سو (اب) راہ نہ پاسکینگے صاحب برکت ہے وہ جو

ع ۱ ۱۶

إِن شَاءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّن ذَٰلِكَ جَنَّاتٍ تَجْرِي

اگر چاہتا تو تمہارے لیے اس سے بہتر مقرر کر دیتا (یعنی ایسے) باغات جنکے نیچے ندیاں

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَيَجْعَل لَّكَ قُصُورًا ۝ بَلْ كَذَّبُوا

بہتی ہوتیں اور تمہارے لیے بہت سے محل بنا دیتا بلکہ انہوں نے تو

بِالسَّاعَةِ وَأَعْتَدْنَا لِمَن كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيرًا ۝

قیامت کو جھٹلایا حالانکہ جنہوں نے قیامت کو جھٹلایا اُنکے لیے ہمنے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کی ہے

إِذَا رَأَتْهُم مِّن مَّكَانٍ بَعِيدٍ سَمِعُوا لَهَا تَغَيُّظًا وَ

جو انکو دور سے دیکھیگی تو یہ اُسکے جوش و خروش کی آواز

زَفِيرًا ۝ وَإِذَا أُلْقُوا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِينَ

سُن لینگے اور جب اُسکے کسی کونے میں جکڑ کر ڈالدیے جائینگے تو وہاں موت ہی

دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُورًا ۝ لَّا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُورًا وَاحِدًا

موت پکارینگے (اُنسے کہا جائیگا کہ) آج ایک ہی موت کو نہ پکارو بلکہ بہت سی

وَادْعُوا ثُبُورًا كَثِيرًا ۝ قُلْ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ

موتوں کو پکارو (اے رسول) تم کہدو کہ آیا یہ بہتر ہے یا وہ ہمیشہ کی بہشت

الْخُلْدِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاءً

جسکا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے کہ وہ اُنکا بدلہ اور اُنکی بازگشت

وَمَصِيرًا ۝ لَّهُمْ فِيهَا مَا يَشَاءُونَ خَالِدِينَ كَانَ


ہوگی جو چاہیں گے وہ اُس میں ملیگا وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہونگے یہ ایک [illegible]

عَلَىٰ رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُولًا ۝ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا

جسکا ایفاء تمہارے رب کے ذمہ لازم ہے (اور) جسکا سوال کیا جائیگا اور جسدن خدا اُنکو بھی جمع کریگا اور

يَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ فَيَقُولُ أَأَنتُمْ أَضْلَلْتُمْ عِبَادِي

اُنکو بھی جنکی یہ خدا کے سوا پرستش کیا کرتے تھے پھر اُنسے فرمائیگا کہ آیا تمنے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا



هٰؤُلَاۤءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ

یا یہ خود ہی راہِ راست سے بھٹک گئے؟ تو وہ یہ کہینگے تیری ذات منزہ ہے

مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَاۤ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ

ہمیں کیا پڑی تھی کہ ہم تیرے سوا دوسرے (دوسرے) کارساز

مِنْ اَوْلِيَاۤءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَاۤءَهُمْ حَتّٰى

بناتے لیکن تو نے انکو اور انکے باپ داداؤں کو نعمتیں دی تھیں یہانتک کہ

نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ۝ فَقَدْ

یہ تیری یاد اور نصیحت کو بھول گئے تھے اور یہ لوگ ہلاک ہوجانے ہی کے قابل تھے (اسوقت ہم کہینگے)

كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ

جو کچھ تم کہتے تھے اُس میں تو (تمہارے اِن معبودوں ہی نے) تمکو جھٹلا دیا پھر نہ تم عذاب کو ہٹا سکوگے

صَرْفًا وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ

اور نہ مدد لاسکوگے اور جو تم میں سے نافرمانی کریگا

نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ۝ وَمَاۤ اَرْسَلْنَا

ہم اُسکو بڑا عذاب چکھائینگے اور ہمنے تم سے پہلے جو

قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّاۤ اِنَّهُمْ

رسول بھیجے تھے وہ کھانا (بھی)

لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِى


کھایا کرتے تھے اور بازاروں میں (بھی) چلا پھرا

الْاَسْوَاقِ ۗ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۗ

کرتے تھے اور ہمنے تم میں سے ایک کو دوسرے کے لیے آزمائش مقرر کردیا ہے

اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ۝

آیا اب بھی تم صبر کرسکوگے؟ حالانکہ تمہارا پروردگار (سب کا) نگراں ہے



الجزء التاسع عشر ١٩

وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا لَوْلَا

اور اُن لوگوں نے جو ہماری حضور میں آنیکی امید نہیں رکھتے یہ کہدیا کہ ہم پر

أُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ أَوْ نَرٰى رَبَّنَا لَقَدِ اسْتَكْبَرُوا

فرشتے کیوں نہیں نازل کیے جاتے یا ہم اپنے پروردگار کو کیوں نہیں دیکھتے یقیناً انہوں نے اپنے دلوں میں

فِيٓ أَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيرًا ۝ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ

بہت ہی تکبر کیا اور بہت ہی بڑی سرکشی کی جس دن وہ فرشتوں کو دیکھینگے اُس دن

لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِينَ وَيَقُولُونَ حِجْرًا مَّحْجُورًا ۝

قصور واروں کے لیے کوئی خوشخبری نہیں ہے اور وہ کہینگے کہ ہمارے اور انکے مابین کوئی روک ستار کردی جائے

وَقَدِمْنَآ إِلٰى مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً

اور جو عمل بھی انہوں نے کیا ہوگا ہم اسکی طرف متوجہ ہونگے پس اسکو بکھری ہوئی خاک

مَّنْثُورًا ۝ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّأَحْسَنُ

کردینگے جنت والے اُس دن اچھی سے اچھی آرامگاہ اور بہتر سے بہتر خوابگاہ

مَقِيلًا ۝ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمٰمِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ

میں ہونگے اور اُس دن آسمان ایک بدلی (کے سبب) سے پھٹ جائیگا اور فرشتے اُتارے جائینگے

تَنْزِيلًا ۝ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ وَكَانَ يَوْمًا

اُتارے جانیکا حق ہے سلطنت اُس دن خدا ہی کی ثابت ہوگی اور وہ دن کافروں پر

عَلَى الْكٰفِرِينَ عَسِيرًا ۝ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى

بہت ہی سخت ہوگا اور اُسدن ظالم (اول) اپنے دونوں ہاتھ اپنے دانتوں

يَدَيْهِ يَقُولُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلًا ۝

سے کاٹ کاٹ کھائیگا اور یہ کہیگا کہ کاش میں نے رسول کا راستہ اختیار کیا ہوتا

يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِي لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيلًا ۝ لَقَدْ أَضَلَّنِي

ہائے خرابی میری کاش میں نے فلاں (ثانی) کو یار نہ بنایا ہوتا یقیناً اسنے مجھکو ذکر (ولایت)

عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ إِذْ جَاءَنِي ۗ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنسَانِ

سے بعد اسکے کہ میرے پاس آچکا تھا بھٹکا دیا اور شیطان ہے ہی انسان کی مدد

خَذُولًا ○ وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوا هَٰذَا

چھوڑ دینے والا اور رسولؐ (اسوقت) یہ فرمائینگے کہ اے میرے پروردگار میری قوم نے اس قرآن

الْقُرْآنَ مَهْجُورًا ○ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا مِّنَ

(قرآن ناطق) کو بالکل چھوڑ دیا تھا اور اسی طرح ہمنے ہر ہر نبی کے لیے گنہگاروں میں سے ایک ایک دشمن

الْمُجْرِمِينَ ۗ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ هَادِيًا وَنَصِيرًا ○ وَقَالَ الَّذِينَ

قرار دیا تھا اور تمہارا پروردگار ہدایت ونصرت کے لیے کافی ہے اور جو لوگ کافر ہوگئے

كَفَرُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ جُمْلَةً وَاحِدَةً ۚ كَذَٰلِكَ

انہوں نے یہ کہدیا کہ اسپر سارا قرآن ایک دفعہ ہی کیوں نہ نازل کیا گیا یہ اس لیے (نہیں کیا گیا)

لِنُثَبِّتَ بِهِ فُؤَادَكَ ۖ وَرَتَّلْنَاهُ تَرْتِيلًا ○ وَلَا يَأْتُونَكَ

کہ ہم اسکے ذریعہ سے تمہارے دل کو مضبوط کرتے ہیں اور ہمنے اسکو ٹھہر ٹھہر کر پڑھایا اور یہ جو مثل بھی تمہارے

بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَاكَ بِالْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيرًا ○ الَّذِينَ

پاس لاتے ہیں ہم اسکا ٹھیک ٹھیک جواب اور بہتر سے بہتر بیان ہم پہنچا دیتے ہیں جو لوگ

يُحْشَرُونَ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ إِلَىٰ جَهَنَّمَ أُولَٰئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا

اپنے منہ کے بل جہنم میں جمع کیے جائینگے وہی تو برے سے برے مکان میں

وَأَضَلُّ سَبِيلًا ○ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَجَعَلْنَا

اور سب سے زیادہ راستے سے بھٹکے ہوئے ہونگے اور یقیناً ہمنے موسیٰ کو کتاب عنایت کی تھی اور انکے بھائی

مَعَهُ أَخَاهُ هَارُونَ وَزِيرًا ○ فَقُلْنَا اذْهَبَا إِلَى الْقَوْمِ الَّذِينَ

ہارون کو انکا وزیر مقرر کیا تھا پھر ہمنے حکم دیا کہ تم دونوں ان لوگوں کے پاس جاؤ

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَدَمَّرْنَاهُمْ تَدْمِيرًا ○ وَقَوْمَ نُوحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا

جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہے پھر ہمنے انکو ایسا ہلاک کیا جو ہلاک کرنیکا حق ہے اور نوحؑ کی قوم جسوقت انہوں نے رسولوں

الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ

جھٹلایا تو ہمنے اُنکو (طوفان سے) غرق کردیا اور لوگوں کے لیے اُنکو نشان (عبرت) قرار دیا اور ہمنے نافرمان لوگوں کے لیے

عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا

دردناک عذاب تیار کیا ہے اور عاد کو اور ثمود کو اور رَسّ والوں کو اور اُنکے بیچ بیچ بہت سے زمانے والوں کو

بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ۝ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۡ وَكُلًّا تَبَّرْنَا

ہمنے اسیطرح (عبرت) بنا دیا اور ہر ایک کے لیے ہمنے مثلیں بیان کیں اور ہر ایک کو ایسا ہلاک کر دیا جیسا کہ

تَتْبِيْرًا ۝ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ۭ

ہلاک کرنیکا حق ہے اور یقیناً وہ اُس بستی پر سے بھی گزرے ہیں جسپر بری بارش برسائی گئی تھی

اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ۝ وَاِذَا

تو کیا یہ اُسکو (بنظر عبرت) نہیں دیکھتے تھے؟ ہاں (بات یہ ہے کہ) یہ دوبارہ جی اُٹھنے کی امید ہی نہیں رکھتے اور جسوقت

رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ۭ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ

یہ تمکو دیکھتے ہیں تمہارا ٹھٹھا ہی اُڑاتے ہیں (اور کہتے ہیں کہ) کیا یہی ہیں جنکو خدا نے رسول بنا کر

رَسُوْلًا ۝ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا

بھیجا ہے؟ اِسنے تو ہمکو ہمارے خداؤں سے ہٹا ہی دیا ہوتا اگر ہم اُن (کی عبادت) پر ثابت قدم

عَلَيْهَا ۭ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ

نہ رہتے اور کچھ عرصہ بعد جسوقت یہ عذاب کو دیکھینگے تو خود سمجھ لینگے کہ راہِ راست سے بھٹکا ہوا

سَبِيْلًا ۝ اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰــهَهٗ هَوٰىهُ ۭ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ

کون تھا؟ کیا تمنے اُسے دیکھا جو اپنی خواہش کو اپنا خدا بنالے تو کیا تم اُسکے نگہبان

عَلَيْهِ وَكِيْلًا ۝ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ۭ

ہو سکتے ہو؟ یا تم یہ گمان کرتے ہو کہ ان میں سے اکثر سنتے یا سمجھتے ہیں

اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ

یہ تو چوپایوں کے مانند ہیں بلکہ اُنسے بھی (گئے گزرے اور) زیادہ گمراہ کیا تمنے اپنے پروردگار کی صنعت کو نہیں دیکھا

ع ٢

كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ

کہ اُسنے سایہ کو کسطرح پھیلا دیا ہے اور اگر وہ چاہتا تو اُسکو قائم کر دیتا پھر ہمنے سورج کو اُسپر راہبر

عَلَيْهِ دَلِيلًا ۝ ثُمَّ قَبَضْنَاهُ إِلَيْنَا قَبْضًا يَسِيرًا ۝ وَهُوَ الَّذِي

مقرر کیا ہے پھر ہمنے اُسکو اپنی طرف تھوڑا تھوڑا کھینچ لیا ہے اور وہ وہی ہے

جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا وَالنَّوْمَ سُبَاتًا وَجَعَلَ النَّهَارَ نُشُورًا ۝

جسنے تمہارے لیے رات کو پردہ مقرر کیا ہے اور نیند کو راحت اور دن کو چلنے پھرنیکا ذریعہ بنایا ہے

وَهُوَ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ وَأَنْزَلْنَا

اور وہ وہی ہے جو اپنی رحمت سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجدیتا ہے اور ہمنے آسمان

مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا ۝ لِنُحْيِيَ بِهِ بَلْدَةً مَيْتًا وَنُسْقِيَهُ

سے پاک پانی اُتارا کہ اُسکے ذریعہ سے مردہ ملک کو زندہ کردیں اور چوپائے

مِمَّا خَلَقْنَا أَنْعَامًا وَأَنَاسِيَّ كَثِيرًا ۝ وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ

جو ہمنے پیدا کیے ہیں اُنکو اور بہت سے آدمیوں کو وہی پانی پلائیں اور یقیناً ہمنے لوگوں کے درمیان

بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوا فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ۝ وَلَوْ

اسکو بار بار بیان کیا تاکہ وہ یاد رکھیں مگر بہت سے آدمیوں نے سوائے ناشکری کے ہر بات کا انکار کردیا اور اگر

شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ نَذِيرًا ۝ فَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَ

ہم چاہتے تو ہر ہر بستی میں ایک ایک ڈرانیوالا بھیجدیتے بس تم کافروں کی پیروی نہ کرو اور

جَاهِدْهُمْ بِهِ جِهَادًا كَبِيرًا ۝ وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ

قرآن مجید (کی دلیلوں) کے ذریعہ سے اُنسے خوب جہاد کرو اور وہ وہی تو ہے جسنے دو دریا ملا دیے

هَٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهَٰذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا

یہ تو میٹھا مزہ دار ہے اور یہ کھاری کڑوا اور دونوں کے درمیان ایک

بَرْزَخًا وَحِجْرًا مَحْجُورًا ۝ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا

پردہ اور ایک مقرر کی ہوئی آڑ لگا دی اور وہ وہی ہے جسنے پانی سے آدمی کو پیدا کیا

فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ۝ وَيَعْبُدُوْنَ

پھر اسکو بیٹا (بیٹی اور بہو) اور داماد بنا دیا اور تمہارا پروردگار (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ اور وہ اللہ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ؕ وَكَانَ الْكَافِرُ

کو چھوڑ کر اُنکو پوجتے ہیں جو اُنکو نہ نفع پہنچاتے ہیں اور نہ ضرر اور کافر اپنے مالک کے

عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ۝ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

برخلاف کی پشتی پر رہتا ہے اور ہمنے تمکو خوشخبری دینے والا اور ڈرانیوالا بنا کر بھیجا ہے

قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى

تم کہدو کہ میں تم سے پیغام پہنچانیکی کوئی مزدوری نہیں مانگتا سوائے اسکے کہ جو چاہے اپنے پروردگار

رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ

کا راستہ اختیار کرلے اور تم اُس زندہ پر بھروسہ رکھو جسکو موت نہ آئیگی اور اُسکی حمد کی تسبیح

بِحَمْدِهٖ ؕ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا ۝ الَّذِيْ خَلَقَ

پڑھو اور وہی اپنے بندوں کے گناہ کی خبر رکھنے کو کافی ہے جسنے آسمانوں کو اور زمین کو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

اور جو کچھ اُن دونوںکے درمیان ہے اُسے چھ دن میں پیدا کیا پھر (بعلم قدرت) عرش پر

عَلَى الْعَرْشِ ۚ اَلرَّحْمٰنُ فَسْـَٔلْ بِهٖ خَبِيْرًا ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ

محیط ہو گیا رحمٰن وہی ہے پس اُسکے بارے میں کسی باخبر سے سوال کرو۔ اور جس وقت اُنسے

اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۗ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ

کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو وہ کہتے ہیں کہ رحمٰن ہے کیا چیز؟ کیا ہم اُسکو سجدہ کریں جسکی نسبت تم ہمکو حکم دیتے ہو اور یہ

نُفُوْرًا ۝ ۩ تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا

بات اُنکی نفرت کو اور بڑھا دیتی ہے۔ بڑا برکت والا ہے وہ جسنے آسمان میں بارہ برج مقرر کیے اور اُن میں ایک چراغ اور

سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ۝ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً

ایک روشنی دینے والا چاند بنا دیا اور وہ وہی ہے جسنے رات کو اور دن کو اس شخص کے لیے جو غور کرنا

لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ○ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ

یا شکر ادا کرنا چاہے ایک دوسرے کا قائم مقام بنا دیا اور خدائے رحمٰن کے بندے وہ

الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ

ہیں جو زمین پر آہستہ آہستہ چلتے ہیں اور جب جاہل لوگ اُن سے خطاب کرتے ہیں تو

قَالُوْا سَلٰمًا ○ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ○

وہ کہتے ہیں سلامت رہو اور جو رات کو اپنے پروردگار کی حضور میں سجدہ کرتے (کرتے) اور نماز پڑھتے (پڑھتے) بسر کرتے ہیں

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ اِنَّ عَذَابَهَا

اور جو دعا کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم سے عذاب جہنم کو دور کر دے یقیناً اُس کا عذاب

كَانَ غَرَامًا ○ اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ○ وَالَّذِيْنَ

پائدار ہوگا بیشک وہ قرار و قیام کے لیے بہت ہی بری جگہ ہے اور وہ لوگ

اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ○

جو وقت کچھ خرچ کرتے ہیں تو نہ ضرورت سے زائد صرف کرتے ہیں اور نہ کمی کرتے ہیں بلکہ انکی گزران بین بین ہوتی ہے

وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ

اور وہ اللہ کے ساتھ کسی اور کو خدا نہیں بنا لیتے اور کسی نفس کو جسکا قتل خدا نے حرام کر دیا ہے

الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ

ناحق قتل نہیں کرتے اور نہ زنا کرتے ہیں اور جو ایسا فعل کریگا اُسکا

يَلْقَ اَثَامًا ○ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ

بدلہ پائیگا قیامت کے دن اُسکا عذاب دوگنا کر دیا جائیگا اور وہ ہمیشہ کے

يَخْلُدْ فِيْهِ مُهَانًا ○ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا

لیے اُس میں ذلیل ہو کر رہیگا سوائے اُسکے جو توبہ کرلے اور ایمان لے آئے اور نیک عمل

صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

بجالائے پس وہی تو ہیں جنکی بدیوں کو اللہ تعالیٰ نیکیوں سے بدل دیگا اور اللہ بڑا بخشنے والا

غَفُورًا رَّحِيمًا ○ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ

(اور) رحم کرنیوالا ہے اور جو شخص توبہ کرے اور نیک عمل بجالائے تو وہی تو اللہ کی طرف

يَتُوبُ إِلَى اللَّهِ مَتَابًا ○ وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ

یوںٹا (پورا رجوع) ہوتا ہے اور وہ (خدا کے خاص بندے) بدی کی جگہ حاضر نہیں ہوتے اور جب کبھی

وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا ○ وَالَّذِينَ إِذَا

بیہودہ چیز کے پاس سے گزرتے ہیں تو بزرگانہ انداز سے گزر جاتے ہیں اور جب وقت انکو

ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا ○

پروردگار کی آیتوں کے ذریعہ سے نصیحت کیجاتی ہے تو اُنپر بہرے اور اندھے ہوکر نہیں گرتے

وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَ

اور وہ یہ عرض کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو ہماری ازواج کی طرف سے اور ہماری اولاد کی

ذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ○

طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عنایت کر اور ہمکو پرہیزگاروں کا پیشوا بنادے

أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ

اُنہی کو اُنکے صبر کرنیکے معاوضے میں اونچا مقام دیا جائیگا اور اُس میں ہر طرف سے

فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلَامًا ○ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ حَسُنَتْ

اُنکو مبارکباد دیجائیگی اور سلام (کیا جائیگا) ہمیشہ اُسی میں رہینگے وہ کیسی اچھی

مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ○ قُلْ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّي

جائے قرار ہے اور کیسا اچھا مقام تم کہدو کہ اگر تم دعا نہ کرتے ہوتے تو میرا پروردگار

لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ ۖ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ

تمہاری کچھ پروا نہ کرتا اب یقیناً تم نے جھٹلایا ہے تو آگے چلکر یہی تکذیب

يَكُونُ لِزَامًا ○

تمہارے گلے کا ہار ہوگی



سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَتَانِ وَسَبْعٌ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

طٰسٓمّٓ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ لَعَلَّكَ

طٰسٓمّٓ یہ کھلی کتاب کی آیتیں ہیں شاید تم اس

بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنْ

بات پر اپنی جان دینے والے ہو کہ یہ مومن کیوں نہیں ہو جاتے اگر ہم

نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ

چاہیں تو آسمان سے ان پر ایسی نشانی نازل کر دیں کہ ان کی گردنیں

اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ۝ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ

اس کے آگے جھک جائیں اور ان کے پاس خدا کی طرف سے

ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ

کوئی تازہ نصیحت ایسی نہیں آتی کہ اس سے روگرداں

مُعْرِضِيْنَ ۝ فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْبٰٓؤُا ربع

نہ ہوتے ہوں انہوں نے یقیناً جھٹلایا تو عنقریب جس چیز کی وہ ہنسی اڑایا کرتے

مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى

تھے اس کی خبریں ان کے پاس آجائینگی کیا انہوں نے زمین کی طرف

الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝

(غور سے) نہ دیکھا کہ ہم نے کتنی قسم کے عمدہ عمدہ نباتات کے جوڑے اس میں پیدا کر دیے ہیں

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

بیشک اس میں نشانی موجود ہے حالانکہ ان میں سے بہت سے ایمان لانیوالے

مُؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

نہیں ہیں اور یقیناً تمہارا پروردگار تو ضرور غالب (اور) رحم کرنیوالا ہے

وَإِذْ نَادَىٰ رَبُّكَ مُوسَىٰ أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ

اور جسوقت تمہارے رب نے موسٰے کو آواز دی کہ تم نافرمان قوم یعنی قوم فرعون کے

الظَّالِمِينَ ۝ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۚ أَلَا يَتَّقُونَ ۝

پاس جاؤ کہ یہ کیوں نہیں ڈرتے؟

قَالَ رَبِّ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُكَذِّبُونِ ۝ وَيَضِيقُ

اُنہوں نے عرض کی اے میرے پروردگار میں اس سے ڈرتا ہوں کہ مجھ کو جھٹلائینگے اور میرا سینہ

صَدْرِي وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِي فَأَرْسِلْ إِلَىٰ

تنگی کرتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی پس تو ہارون کے پاس (بھی وحی)

هَارُونَ ۝ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَأَخَافُ أَنْ

بھیجدے اور میرے ذمّہ اُنکا ایک قصور بھی ہے پس میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھی

يَقْتُلُونِ ۝ قَالَ كَلَّا ۖ فَاذْهَبَا بِآيَاتِنَا ۖ إِنَّا مَعَكُمْ

قتل کر دینگے فرمایا نہیں نہیں اب تم دونو ہماری نشانیاں لیکر جاؤ ہم تمہارے ساتھ

مُسْتَمِعُونَ ۝ فَأْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُولَا إِنَّا رَسُولُ

سُننے والے موجود ہیں اب تم دونو فرعون کے پاس جاؤ اور اُس سے یہ کہو کہ ہم تمام عالموں کے

رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أَنْ أَرْسِلْ مَعَنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝

پروردگار کے رسول ہیں کہ تو ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو بھیجدے

قَالَ أَلَمْ نُرَبِّكَ فِينَا وَلِيدًا وَلَبِثْتَ فِينَا مِنْ

(فرعون نے) کہا کیا ہمنے تجھ کو اپنے گھر میں بچہ سا نہیں پالا اور تو اپنی عمر کے چند برس

عُمُرِكَ سِنِينَ ۝ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِي فَعَلْتَ

یہاں رہا سہا اور تو نے وہ حرکت کی جو کچھ بھی کی اور تو احسان فراموش

لہ الم نربک فینا ولیدا تفسیر قمی میں جناب امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ جب خدا نے حضرت موسٰے کو فرعون کے پاس بھیجا تو وہ اُسکے دروازے پر آئے اور اُسکے

وَأَنتَ مِنَ الْكَافِرِينَ ○ قَالَ فَعَلْتُهَا إِذًا وَأَنَا مِنَ الضَّالِّينَ ○

(ثابت) ہوا (موسیٰ نے) فرمایا کہ یہ فعل تو میں نے اسوقت کیا تھا جبکہ میں ستہ بھول گیا تھا

فَفَرَرْتُ مِنكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِي رَبِّي حُكْمًا

اسوقت جبکہ میں تم سے ڈرا تو میں خود ہی تم سے بھاگ گیا تھا اور اب تو میرے پروردگار نے مجھے حکمت

وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُرْسَلِينَ ○ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ أَنْ

عطا کی ہے اور مجھے رسولوں میں سے قرار دیا ہے وہ نعمت جسکا تو مجھپر احسان رکھتا ہے یہی ہے کہ تو نے

عَبَّدتَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ ○ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعَالَمِينَ

بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے فرعون نے کہا کہ تمام عالموں کا پروردگار کیا ہے ؟

قَالَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا إِن كُنتُم

(موسیٰ نے) فرمایا کہ آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے مابین ہے انکا پروردگار اگر تم لوگ یقین

مُّوقِنِينَ ○ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ أَلَا تَسْتَمِعُونَ ○ قَالَ رَبُّكُمْ

کرنیوالے ہو (فرعون نے) اپنے گرد وپیش والوں سے کہا کیا تم غور سے نہیں سنتے ؟ (موسیٰ نے) فرمایا کہ تمھارا

وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ○ قَالَ إِنَّ رَسُولَكُمُ الَّذِي

پروردگار اور تمھارے پہلے باپ اداؤں کا پروردگار۔ (فرعون نے) کہا کہ یہ تمھارا رسول جو تمھاری طرف بھیجا گیا ہے

أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ لَمَجْنُونٌ ○ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

ضرور دیوانہ ہے۔ (موسیٰ نے) فرمایا کہ مشرق و مغرب کا پروردگار اور جو کچھ ان دونو

وَمَا بَيْنَهُمَا إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ ○ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ إِلَٰهًا

کے درمیان ہے اسکا اگر تم عقل رکھتے ہو۔ (فرعون نے) کہا کہ اگر تو نے میرے سوا کسی اور کو معبود

غَيْرِي لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُونِينَ ○ قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ

بنایا تو میں ضرور تجھکو قیدیوں میں داخل کر دونگا۔ (موسیٰ نے) فرمایا کہ اگر میں تیرے پاس ایک واضح

بِشَيْءٍ مُّبِينٍ ○ قَالَ فَأْتِ بِهِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ○

چیز لایا ہوں تو بھی ؟ (فرعون نے) کہا کہ اگر تو سچا ہے تو لا دکھا۔

خطبہ جوامع التوحید میں منقول ہے کہ انبیاء علیہم السلام سے خدا کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے نہ اسکی صفات کلی بیان کیں نہ جزئی بلکہ انہوں نے اسکے افعال بیان کیے جو اسکی ظاہری نشانیوں سے اسکا پتہ بتلایا اور یہ کہ افعال ظاہر چیزیں ہیں جنکو آثار سب کو دکھائی دیتے ہیں اور صفات کا سمجھنا عقل پر موقوف ہے جو کفار و مشرکین میں بہت ہی کم ہوتی ہے۔ ۱۲

الحذر کہ کہ اب بھی تو تو خود خدا ہے جس کی پرستش کی جاتی تھی لہٰذا اب تو ایک بندے کا تابع بنایا جاتا ہے۔ ۱۲ ؎ بعزۃ فرعون انا لنحن الغلبون

فَاَلْقٰی عَصَاهُ فَاِذَا هِیَ ثُعْبَانٌ مُّبِیْنٌ ۝ وَّنَزَعَ یَدَهٗ فَاِذَا

پس موسٰے نے اپنا عصا ڈال دیا تو وہ یکایک ایک ظاہر اژدہا بن گیا۔ اور اپنا ہاتھ جو نکالا تو وہ یکایک

هِیَ بَیْضَآءُ لِلنّٰظِرِیْنَ ۝ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا

تمام دیکھنے والوں کو روشن نظر آیا۔ (فرعون نے) اپنے گرد و پیش کے درباریوں سے کہا کہ یہ بڑا ماہر

لَسٰحِرٌ عَلِیْمٌ ۝ یُّرِیْدُ اَنْ یُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ

جادوگر ہے (اور) یہ چاہتا ہے کہ اپنے جادو (کے زور) سے تمکو تمہارے ملک سے نکال دے

فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ۝ قَالُوْۤا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِی

پس تم کیا حکم (یعنی رائے) دیتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ اسکو اور اسکے بھائی کو مہلت دے اور

الْمَدَآئِنِ حٰشِرِیْنَ ۝ یَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِیْمٍ ۝ فَجُمِعَ

شہروں میں ہرکارے بھیجدے کہ وہ تیرے پاس تمام اعلیٰ درجہ کے جادوگر اکٹھے کر لائیں۔ پس ایک

السَّحَرَةُ لِمِیْقَاتِ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ وَّقِیْلَ لِلنَّاسِ هَلْ

معین دن کے مقررہ وقت پر سب جادوگر اکٹھے کر لیے گئے اور کل لوگوں سے کہدیا گیا کیا تم

اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ۝ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ

سب بھی جمع ہو جاؤ گے؟ تاکہ اگر جادوگر غالب آجائیں تو ہم انہی کی پیروی

الْغٰلِبِیْنَ ۝ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا

کریں۔ پس جب جادوگر آگئے تو انہوں نے فرعون سے کہا کہ اگر ہم غالب آگئے تو

لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِیْنَ ۝ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ

ہمکو کچھ صلہ بھی ملیگا؟ اُسنے کہا کہ ضرور اور اُس صورت میں تم مقرب

الْمُقَرَّبِیْنَ ۝ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤی اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝

بھی ہو جاؤ گے۔ موسٰے نے کہا کہ جو کچھ تمہیں ڈالنا ہو ڈالو

فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِیَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ

چنانچہ انہوں نے اپنی رسیاں اور لکڑیاں ڈالیں اور یہ کہا کہ فرعون کی عزت کی قسم ضرور ضرور

ع ۲۴ ۲

منزل ۵

؎ فَاَلْقٰی عَصَاهُ فَاِذَا هِیَ ثُعْبَانٌ مُّبِیْنٌ ۔ تفسیر قمی میں ہے کہ جناب امام جعفر صادق نے فرمایا کہ جب یہ واقعہ پیش آیا تو فرعون کے ہمنشینوں میں

إِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُونَ ○ فَأَلْقٰى مُوسٰى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ

ہم ہی غالب رہینگے ۔ پس موسیٰ نے اپنا عصا ڈالا تو دیکھتے کیا ہیں کہ جو ڈھکوسلا انہوں

مَا يَأْفِكُونَ ○ فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِينَ ○ قَالُوٓا اٰمَنَّا

نے بنایا تھا وہ سب کو ہڑپ کیے جاتا ہے پس جادوگر بے اختیار سجدہ میں گر پڑے اور کہنے لگے کہ ہم تمام

بِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ○ رَبِّ مُوسٰى وَهٰرُونَ ○ قَالَ اٰمَنْتُمْ

عالموں کے پروردگار پر یعنی موسیٰ اور ہارون کے پروردگار پر ایمان لائے (فرعون نے) کہا کیا تم

لَهُ قَبْلَ أَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ

ایمان لائے اسکے قبل اسکے کہ میں تمہیں اجازت دوں ضرور وہی تمہارا بڑا ہے جسنے تمکو جادو سکھایا ہے

فَلَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۚ لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ

تو پھر کچھ عرصہ بعد تمکو معلوم ہو جائیگا ضرور ہے کہ میں تمہارے مقابل کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ ڈالونگا

مِّنْ خِلَافٍ وَّلَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ ○ قَالُوا لَا

اور ضرور تم سب کو سولی دیدونگا انھوں نے کہا کچھ حرج

ضَيْرَ ۖ إِنَّآ إِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُونَ ○ إِنَّا نَطْمَعُ أَنْ يَّغْفِرَ لَنَا

نہیں ہم یقیناً اپنے پروردگار کی حضور میں پلٹ جائینگے ہماری خواہش یہ ہے کہ ہمارا پروردگار ہماری

رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ أَنْ كُنَّآ أَوَّلَ الْمُؤْمِنِينَ ○ وَأَوْحَيْنَآ إِلٰى

خطائیں بخشدے کہ ہم پہلے ایمان لانیوالے ہیں اور ہم نے موسیٰ کو

مُوسٰىٓ أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِيٓ إِنَّكُمْ مُّتَّبَعُونَ ○ فَأَرْسَلَ

وحی کی کہ تم راتوں رات میرے بندوں کو نکال لیجاؤ یہ ضرور ہے کہ تمہارا پیچھا کیا جائیگا پھر فرعون نے شہروں

فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِينَ ○ إِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ

میں قاصد بھیجے (اور کہلا بھیجا) کہ یہ گروہ تو چھوٹا سا

قَلِيلُونَ ○ وَإِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُونَ ○ وَإِنَّا لَجَمِيعٌ

ہے اور اسپر یہ لوگ ہمیں غصہ دلاتے ہیں اور ہم سب کے سب

حٰذِرُونَ ۝ فَأَخْرَجْنٰهُم مِّن جَنّٰتٍ وَعُيُونٍ ۝ وَكُنُوزٍ

(ان سے) ڈرتے ہیں پس ہم نے انکو باغوں سے اور چشموں سے اور خزانوں سے اور عزت

وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ۝ كَذٰلِكَ وَأَوْرَثْنٰهَا بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ۝

کے مکانوں سے نکال باہر کیا ایسا ہی ہوا کرتا ہے اور ہم نے (آخرمیں) بنی اسرائیل کو انکا وارث کردیا

فَأَتْبَعُوهُم مُّشْرِقِينَ ۝ فَلَمَّا تَرٰٓءَا الْجَمْعٰنِ قَالَ أَصْحٰبُ

پس سورج نکلتے نکلتے وہ انکے پیچھے گئے پس جب دونو گروہوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو موسیٰ کے

مُوسٰىٓ إِنَّا لَمُدْرَكُونَ ۝ قَالَ كَلَّآ إِنَّ مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ ۝

صحابی بولے کہ ہم تو پکڑے گئے (موسیٰ نے) فرمایا ہرگز نہیں بیشک میرا پروردگار میرے ساتھ ہے وہ عنقریب مجھکو رستہ بتادیگا

فَأَوْحَيْنَآ إِلٰى مُوسٰىٓ أَنِ اضْرِب بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ فَانفَلَقَ

چنانچہ ہم نے موسیٰ کو وحی کی کہ تم سمندر کو اپنے عصا سے مارو (مارا) تو وہ پھٹ گیا

فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيمِ ۝ وَأَزْلَفْنَا ثَمَّ

اور اسکا ہر ٹکڑا بڑے پہاڑ کے مانند ہوگیا اور دوسروں کو بھی ہم نے وہیں

الْآخَرِينَ ۝ وَأَنجَيْنَا مُوسٰى وَمَن مَّعَهُۥٓ أَجْمَعِينَ ۝

قریب کردیا اور ہم نے موسیٰ کو اور جو انکے ساتھ تھے ان سب کو تو نجات دیدی

ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ۝ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَءَايَةً ؕ وَمَا كَانَ

پھر ہم نے دوسروں کو ڈبو دیا یقیناً اس میں نشانی ہے حالانکہ اُمت موسیٰ کے

أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝

میں سے اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تمہارا پروردگار بڑا زبردست (اور) رحم کرنیوالا ہے

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ إِبْرٰهِيمَ ۝ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِۦ

اور تم انکو ابراہیم کا واقعہ پڑھکر سنادو جسوقت کہ انہوں نے اپنے چچا سے اور اسکی

مَا تَعْبُدُونَ ۝ قَالُوا نَعْبُدُ أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا

قوم سے کہاکہ تم کس چیز کی پرستش کرتے ہو انہوں نے کہا کہ ہم تو بتوں کی پرستش کرتے ہیں اور انہی کے مجاور

پہاڑ کے پہاڑ آگرے۔ پس فرعون نے اسوقت گھبرا کر کہا آمنت انه لا اله الا الذي آمنت به بنو اسرائيل وانا من المسلمين (ترجمہ

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ کے ترجمہ کے لیے دیکھو صفحہ ۳۲۵ سطر ۱۱) ۱۲ ش

عٰكِفِيْنَ ○ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ○ اَوْ

بنے ہوئے ہیں۔ فرمایا آیا جب تم پکارتے ہو یہ تمہاری سنتے بھی ہیں؟ یا تمکو

يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ○ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ

نفع یا نقصان پہنچاتے ہیں؟ انہوں نے کہا (یہ تو کچھ نہیں) بلکہ ہمنے اپنے باپ دادا کو ایسا ہی کرتے پایا

يَفْعَلُوْنَ ○ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ○

فرمایا تمنے خیال بھی کیا کہ تم اور تمہارے پہلے باپ دادا پوجتے کن

اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ○ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا

چیزوں کو رہے ہو؟ پس یہ میرے تو یقینی دشمن ہیں ہاں پروردگار عالم

رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ○

(حقیقی دوست ہے) جسنے مجھکو پیدا کیا بس وہی مجھے راہ بتائیگا

وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ○ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ

اور وہ وہی ہے جو مجھے کھانا کھلاتا ہے اور مجھے پانی پلاتا ہے اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہ مجھے

يَشْفِيْنِ ○ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ○ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ

شفا دیتا ہے اور وہ وہی ہے جو مجھے موت دیگا پھر مجھے زندہ کریگا اور وہی ہے جس سے میں

اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓئَتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ○ رَبِّ هَبْ لِيْ

خواہش رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن میرے گناہ بخشدے اے میرے پروردگار مجھے حکم (خلافت

حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ

حقیقی) عنایت کر اور مجھے نیک لوگوں کے ساتھ ملا دے اور میرے لیے آخر آنیوالوں میں سے ایک

صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ○ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ

سچائی کی زبان مقرر فرما اور مجھے نعمت والی جنتوں کے وارثوں میں سے

النَّعِيْمِ ○ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ○

قرار دے۔ اور میرے چچا کے گناہ بخشدے بیشک وہ گمراہوں میں سے تھا

منزل ۵

کرتا رہے جو میرے اصل دین کی تجدید کرتا رہے۔ اور تمام لوگوں کو انہی باتوں کی دعوت دیتا رہے جنکی میں دعوت دیتا رہا تو وہ محمد ﷺ

وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ ۝ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُونَ ۝

اور جسدن لوگ مبعوث کیے جائینگے مجھے رسوا نہ کرنا۔ جسدن نہ مال کسی کو نفع پہنچائیگا اور نہ بیٹے

إِلَّا مَنْ أَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ۝ وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ

سوائے اُسکے جو سالم دل سے خدا کی حضور میں آئے اور جنت پرہیزگاروں کے قریب

لِلْمُتَّقِينَ ۝ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِلْغٰوِينَ ۝ وَقِيلَ لَهُمْ

کردی جائیگی اور جہنم گمراہوں کے لیے کھولدی جائیگی اور اُنسے کہا جائیگا کہ

أَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُونَ ۝ مِنْ دُونِ اللّٰهِ هَلْ يَنْصُرُونَكُمْ

جنکی تم خدا کے سوا پرستش کیا کرتے تھے وہ اب کہاں ہیں؟ آیا وہ کچھ تمہاری مدد کرینگے

أَوْ يَنْتَصِرُونَ ۝ فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ وَالْغَاوُونَ ۝ وَ

یا انتقام لے سکینگے؟ پھر وہ (معبود بھی) اور وہ گمراہ لوگ بھی اور ابلیس کا

جُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ ۝ قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ ۝

لشکر بھی سب اوندھے منہ جہنم میں ڈالدیے جائینگے اور جہنم میں جھگڑتے ہونگے

تَاللّٰهِ إِنْ كُنَّا لَفِي ضَلٰلٍ مُّبِينٍ ۝ إِذْ نُسَوِّيكُمْ بِرَبِّ

یہ کہینگے کہ خدا کی قسم ہم صریح گمراہی میں تھے جبکہ تمکو پروردگار عالم کے برابر کیے دیتے

الْعٰلَمِينَ ۝ وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ ۝ فَمَا لَنَا مِنْ

تھے۔ اور ہمکو تو دوسرے گنہگاروں نے گمراہ کیا پس اب نہ ہمارا کوئی

شٰفِعِينَ ۝ وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ۝ فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً

سفارشی ہے اور نہ کوئی دلسوز دوست۔ پس اگر ہمکو واپس جانا ملتا تو ہم ضرور

فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَةً ۚ وَمَا

مومنوں میں سے ہو جاتے بیشک اس میں نشانی موجود ہے حالانکہ

كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ

امت ابراہیم میں سے بہت ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تمہارا پروردگار ہی تو بڑا زبردست (اور)

ع ۳

الرَّحِيمُ ۝ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ

رحم کرنیوالا ہے — نوح کی قوم نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا — جس وقت انکے ہم قوم

لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ

نوح نے کہا کہ کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تم سب کے لیے ایک امانت دار

أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ

پیغمبر ہوں پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں تم سے اِس پیغمبری کی کوئی

مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ

مزدوری نہیں مانگتا میرا اجر تو پروردگار عالم کے ذمہ رہا مگر تم اللہ سے ڈرو

وَأَطِيعُونِ ۝ قَالُوا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ ۝

اور میری اطاعت کرو۔ وہ کہنے لگے آیا ہم آپ پر ایمان لے آئیں اس حال میں کہ ادنیٰ درجے کے لوگ آپکی پیروی کر رہے ہیں

قَالَ وَمَا عِلْمِي بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ إِنْ حِسَابُهُمْ

فرمایا جو کچھ وہ کرتے رہے ہوں اسکا تو مجھے علم نہیں اگر تم شعور رکھتے ہو تو

إِلَّا عَلَىٰ رَبِّي لَوْ تَشْعُرُونَ ۝ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِينَ ۝

انکا حساب تو میرے پروردگار ہی کے ذمہ ہے اور میں تو مومنوں کو نکالنے والا ہوں نہیں

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝ قَالُوا لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ يَا نُوحُ

میں تو ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں انہوں نے کہا کہ اے نوح اگر تم باز نہ آئے تو تم

لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِينَ ۝ قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِي

ضرور سنگساروں میں سے ہو جاؤگے (نوح نے) عرض کی کہ اے میرے پروردگار میری

نصف

كَذَّبُونِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَنَجِّنِي وَمَنْ

قوم نے میری تکذیب کی پس تو میرے اور انکے درمیان فیصلہ فرما اور تو مجھکو اور جو ایمان لانیوالے

مَعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ فَأَنْجَيْنَاهُ وَمَنْ مَعَهُ فِي الْفُلْكِ

میں سے ہیں انکو نجات دے پس ہمنے نوح کو اور جو بھری ہوئی کشتی میں انکے ساتھ تھے

منزل ۵

الْمَشْحُونِ ۝ ثُمَّ أَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

انکو نجات دی پھر باقی ماندوں کو پیچھے ڈبو دیا یقیناً اس میں نشانی ہے

لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ

حالانکہ امت نوح میں سے بہت سے ایمان لانیوالے نہ تھے اور بیشک تمہارا پروردگار بڑا زبردست

الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ كَذَّبَتْ عَادٌ الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ

(اور) رحم کرنیوالا ہے (اسی طرح) قبیلۂ عاد نے بھی رسولوں کو جھٹلایا تھا جسوقت انکے بھائی ہود

لَهُمْ أَخُوهُمْ هُودٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ

نے اُنسے کہا کہ کیا تم ڈرتے نہیں؟ بیشک میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول

أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ

ہوں پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور میں اس رسالت کی تم سے کوئی مزدوری

مِنْ أَجْرٍ ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ أَتَبْنُونَ

نہیں مانگتا میرا اجر تو پروردگار عالم کے ذمے ہے۔ کیا تم ہر اونچی

بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ ۝ وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ

جگہ پر بیکار (بیکار) نشانیاں بناتے ہو؟ اور مضبوط (مضبوط) عمارتیں چنتے ہو۔

لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ۝ وَإِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ۝

گویا تم ہمیشہ یہیں رہو گے؟ اور جب تم غضب میں آتے ہو تو غضب کے ظالم بنجاتے ہو

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَاتَّقُوا الَّذِي أَمَدَّكُم

پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو اور اُس سے ڈرو جسنے تمہاری ایسی چیزوں سے مدد کی ہے

بِمَا تَعْلَمُونَ ۝ أَمَدَّكُم بِأَنْعَامٍ وَبَنِينَ ۝ وَجَنَّاتٍ

جنکو تم جانتے ہو اُس نے تمہاری چوپایوں سے اور بیٹوں سے اور باغوں سے اور چشموں

وَعُيُونٍ ۝ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۝

سے مدد کی ہے بیشک میں تمہارے لیے بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔

أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِينَ ۝ وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ

کیا تم ساری خدائی میں سے مردوں ہی کے پاس جاتے ہو؟ اور اُنکو چھوڑے دیتے ہو جو تمہاری ازواج میں

لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُونَ ۝

سے تمہارے لیے تمہارے پروردگار نے پیدا کی ہیں بلکہ تم زیادتی کرنیوالے لوگ ہو۔

قَالُوا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوطُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِينَ ۝ قَالَ

وہ بولے کہ اے لوطؑ اگر تم باز نہ رہے تو تم ضرور نکالدیے جاؤ گے لوطؑ نے کہا کہ

إِنِّي لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِينَ ۝ رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا

میں تمہارے اعمال کو سخت ناپسند کرنیوالوں میں سے ہوں اے میرے پروردگار مجھکو اور میرے گھر والوں کو جو عمل یہ کرتے ہیں

يَعْمَلُونَ ۝ فَنَجَّيْنٰهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ۝ إِلَّا عَجُوزًا

اُس (کے وبال) سے نجات دے پس ہمنے اُنکو اور اُنکے گھر والوں کو سب کو نجات دی سوائے ایک بڑھیا کے جو

فِي الْغٰبِرِينَ ۝ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِينَ ۝ وَأَمْطَرْنَا

پیچھے رہجانیوالوں میں سے تھی۔ پھر ہمنے دوسروں کو ہلاک کر دیا اور اُن پر (پتھروں کا)

عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَاءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِينَ ۝ إِنَّ فِي

مینہ برسایا پس اُن لوگوں کا جنکو (عذاب سے) ڈرایا گیا تھا یہ کیسا بُرا مینہ تھا۔ بیشک اِس میں

ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۚ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِينَ ۝ وَإِنَّ

ایک نشانی ہے حالانکہ اُمتِ لوطؑ میں سے اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے اور یقیناً تمہارا

رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ كَذَّبَ أَصْحٰبُ لْئَيْكَةِ

پروردگار ضرور زبردست (اور) رحم کرنیوالا ہے (اسی طرح) بن والوں نے بھی پیغمبروں کو

ع ٩ / ١٢ / ١٣

الْمُرْسَلِينَ ۝ إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُونَ ۝

جھٹلایا جسوقت کہ شعیبؑ نے اُنسے کہا کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے؟

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُونِ ۝ وَمَا

بیشک میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اور میں

...گرمی ظاہر ہوئی [illegible] پھر ایک بادل اٹھا [illegible] سب جمع ہو گئے پھر اسی سے ان پر آگ برسادی کہ وہ سب جل کر رہ گئے ۱۲

[illegible]

اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

تم سے اس حالت کی کوئی مزدوری نہیں مانگتا میرا اجر تو پروردگار عالم کے ذمے ہے

اَوْفُوا الْکَیْلَ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِیْنَ ۝ وَزِنُوْا

پیمانے پورے کرو اور نقصان دینے والے نہ بنو۔ اور ٹھیک ترازو

بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ ۝ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ

سے تولو۔ اور لوگوں کو انکی چیزوں میں گھاٹا

اَشْیَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ۝ وَاتَّقُوا

نہ پہنچاؤ۔ اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔ اور جس نے تمکو

الَّذِیْ خَلَقَکُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِیْنَ ۝ قَالُوْا اِنَّمَآ اَنْتَ

اور پہلی مخلوق کو پیدا کیا ہے اس سے ڈرو۔ وہ بولے کہ پس تو جادو

مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ ۝ وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ

کر دیا گیا ہے اور تم ہم ہی جیسے تو آدمی ہو اور ہم تو تم کو

نَّظُنُّکَ لَمِنَ الْکٰذِبِیْنَ ۝ فَاَسْقِطْ عَلَیْنَا کِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ

جھوٹا گمان کرتے ہیں پھر اگر تم سچے ہو تو ہم پر آسمان کا

اِنْ کُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ۝ قَالَ رَبِّیْ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

ایک ٹکڑا گرا دو۔ فرمایا جو کچھ بھی تم کرتے ہو میرا پروردگار اسے خوب واقف ہے۔

فَکَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ یَوْمِ الظُّلَّةِ اِنَّهٗ کَانَ

پس ان لوگوں نے انکی تکذیب کی پھر انکو سائبان کے دن والے عذاب نے آلیا بیشک وہ بڑے دن

عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ۝ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَةً وَمَا کَانَ

کا عذاب تھا۔ یقیناً اس میں نشانی ہے حالانکہ امت شعیب میں

اَکْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّکَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۝

اکثر ایمان لانیوالے نہ تھے۔ اور تمہارا پروردگار ضرور زبردست (اور) رحم کرنیوالا ہے۔

ع ۱۰

منزل ۵

۱؎ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ یَوْمِ الظُّلَّةِ تفسیر قمی میں ہے کہ اسکے معنی ہیں گرمی کے دن اور بادِ سموم چلنے کے دن مطلب تفسیر قمی فرماتے ہیں کہ ہمکو یہ خبر پہنچی ہے کہ ان لوگوں کو ایسے [illegible]

وَإِنَّهُ لَتَنزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ ۝

اور یقیناً یہ تمام عالموں کے پروردگار کا اتارا ہوا ہے۔ روح الامین نے لیا اسکو صاف عربی زبان میں تمہارے

عَلَىٰ قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنذِرِينَ ۝ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ

قلب پر اتارا ہے تاکہ تم ڈرانیوالوں میں سے

مُّبِينٍ ۝ وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ ۝ أَوَلَمْ يَكُن لَّهُمْ آيَةً

ہو جاؤ اور ضرور اسکا ذکر پہلی کتابوں میں موجود ہے۔ کیا یہ انکے لیے کوئی نشانی نہیں

أَن يَعْلَمَهُ عُلَمَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنَاهُ عَلَىٰ

ہوئی کہ بنی اسرائیل کے علماء اس سے واقف ہیں؟ اور اگر ہم نے اسکو کسی عجمی پر

بَعْضِ الْأَعْجَمِينَ ۝ فَقَرَأَهُ عَلَيْهِم مَّا كَانُوا بِهِ مُؤْمِنِينَ ۝

اتارا ہوتا اور وہ انکے سامنے پڑھتا تو وہ اسپر کبھی ایمان لانیوالے نہ ہوتے

كَذَٰلِكَ سَلَكْنَاهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ۝ لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ

اسی طرح ہم نے گنہگاروں کے دل میں (انکے اصرار کے سبب سے) یہ بات ڈالدی ہے کہ جب تک وہ دردناک عذاب

حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ۝ فَيَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا

کو نہ دیکھینگے ایمان نہ لائینگے اور وہ عذاب بھی انکو یکایک آئیگا اور انکو خبر تک

يَشْعُرُونَ ۝ فَيَقُولُوا هَلْ نَحْنُ مُنظَرُونَ ۝ أَفَبِعَذَابِنَا

نہ ہوگی۔ اسوقت وہ کہینگے کہ کیا ہمکو مہلت دی جاسکتی ہے؟ کیا یہ ہمارے عذاب کی

يَسْتَعْجِلُونَ ۝ أَفَرَأَيْتَ إِن مَّتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ ۝ ثُمَّ جَاءَهُم

جلدی مچا رہے ہیں؟ کیا تم نے غور کیا کہ اگر ہم انکو کچھ برسوں تک فائدہ پہنچادیں پھر ان پر وہ آپہنچے

مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ ۝ مَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا

جسکا ان سے وعدہ کیا گیا ہے (اور) جن چیزوں سے یہ نفع اٹھاتے ہیں وہ انکو کچھ

يُمَتَّعُونَ ۝ وَمَا أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنذِرُونَ ۝

فائدہ نہ دینگی۔ اور ہم نے کوئی بستی بھی ایسی برباد نہیں کی کہ جہاں آگاہ کرنیکو ڈرانیوالے نہ ہوں

ذِكْرَىٰ ۛ وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ ۝ وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ ۝

اور ہم ظالم نہیں ہیں اور اس کلام کو شیاطین لیکر نہیں اترے

وَمَا يَنبَغِي لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ ۝ إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ

اور نہ وہ اس لائق ہی تھے اور نہ وہ ایسا کر ہی سکتے تھے یقیناً وہ تو (فرشتوں کا کلام) سننے سے

لَمَعْزُولُونَ ۝ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَتَكُونَ مِنَ

بھی ہٹا دیے گئے ہیں پس اللہ کے سوا کسی اور معبود کو نہ پکارو ورنہ تم بھی اُن لوگوں میں سے ہوجاؤ گے جنکو

الْمُعَذَّبِينَ ۝ وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ۝ وَاخْفِضْ

عذاب دیا جائیگا اور اپنے بہت قریب کے کنبہ والوں کو ڈراؤ اور مومنین میں

جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ فَإِنْ عَصَوْكَ

سے جو تمہارے پیرو ہیں اُن سے بتواضع پیش آؤ پھر اگر وہ تمہاری نافرمانی

فَقُلْ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ۝ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيزِ

کریں تو کہدو کہ جو عمل تم کرتے ہو میں اُس سے بری ہوں اور اُس زبردست (اور) رحم کرنیوالے پر بھروسہ

الرَّحِيمِ ۝ الَّذِي يَرَاكَ حِينَ تَقُومُ ۝ وَتَقَلُّبَكَ فِي

رکھو جو اُس وقت بھی تمکو دیکھتا رہا ہے جب تم نبوت پر قائم ہوئے اور سجدہ کرنیوالوں کے صلب میں تمہارے منتقل

السَّاجِدِينَ ۝ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ هَلْ أُنَبِّئُكُمْ

ہونیکو (بھی دیکھتا رہا) بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے کیا میں تمکو اس بات کی خبر دوں

عَلَىٰ مَن تَنَزَّلُ الشَّيَاطِينُ ۝ تَنَزَّلُ عَلَىٰ كُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ ۝

کہ شیاطین کن (کن) پر اترتے ہیں؟ ہر جھوٹے گنہگار پر اترتے ہیں

يُلْقُونَ السَّمْعَ وَأَكْثَرُهُمْ كَاذِبُونَ ۝ وَالشُّعَرَاءُ يَتَّبِعُهُمُ

اور وہ انکی باتوں پر کان دھرتے ہیں اور اُن میں اکثر جھوٹے ہوتے ہیں اور شاعروں کی پیروی گمراہ لوگ

الْغَاوُونَ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ ۝ وَأَنَّهُمْ

کیا کرتے ہیں کیا تم نے نہیں دیکھا کہ وہ ہر میدان میں سرگردان پھرتے ہیں اور نیز یہ کہ



يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

وہ کہتے ہیں جو کرتے نہیں ہاں وہ لوگ (چھٹے) ہیں جو ایمان لائے اور انہوں نے

الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا وَّانْتَصَرُوا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا

نیک عمل کیے اور اللہ کی یاد زیادہ کی اور بعد اسکے کہ ان پر ظلم کیا گیا تھا انہوں نے بدلا لیا

وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُونَ ۝

اور عنقریب وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا ہے یہ جان لیں گے کہ کس کروٹ وہ پلٹتے ہیں

سُورَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّتِسْعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

(شروع کرتا ہوں) خدا کے نام سے رحیم (و) رحمٰن

طٰسٓ تِلْكَ آيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِينٍ ۝ هُدًى

طٰسٓ۔ یہ قرآن مجید اور کھلی کتاب کی آیتیں ہیں اُن مومنوں

وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَ

کے لیے ہدایت اور بشارت ہیں جو نماز پڑھتے ہیں اور

يُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝ إِنَّ

زکوٰۃ دیتے ہیں اور آخرت پر وہ (پورا پورا) یقین رکھتے ہیں بیشک

الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ أَعْمَالَهُمْ

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے اُنکے اعمال کو اُنکے لیے زینت دیدیا ہے پس وہ

فَهُمْ يَعْمَهُونَ ۝ أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ لَهُمْ سُوٓءُ الْعَذَابِ

(خود ہی) سرگرداں ہیں وہ وہی ہیں جنکے لیے سخت عذاب ہے

وَهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُونَ ۝ وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى

اور وہی آخرت میں سب سے زیادہ ٹوٹا اٹھانے والے ہونگے اور یقیناً تم کو یہ قرآن

الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ

صاحب حکمت (و) علم کے پاس سے سکھایا جاتا ہے (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ موسےٰ نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ

اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ۭ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ

میں نے ایک آگ دیکھی ہے میں بہت جلد اُسکے پاس سے تمہارے پاس یا تو کوئی خبر لاتا ہوں یا کوئی

قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ

دہکتا ہوا انگار لاتا ہوں تاکہ تم تاپو۔ پس جب موسےٰ اُسکے پاس پہنچے تو اُنکو آواز دیگئی کہ جو کہ

بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ

آگ میں ہے وہ اور جو اُسکے اِرد گرد ہے وہ سب برکت دیے گئے ہیں۔ اور اللہ تمام عالموں کا پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ ۝ يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ۙ

منزہ اور پاک ہے۔ اے موسےٰ میں ہی تو زبردست (اور) صاحب حکمت خدا ہوں

وَاَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَاۗنٌّ وَّلّٰى

اور اپنا عصا تو ڈالدو۔ پھر جب اُسکو اس طرح حرکت کرتے دیکھا گویا وہ ایک تیز رَو سانپ ہے تو

مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰي لَا تَخَفْ ۣ اِنِّىْ لَا يَخَافُ

منہ پھیر کر بھاگے اور پلٹ کر نہ دیکھا (ہماری طرف سے یہ آواز دیگئی کہ) اے موسےٰ ڈرو نہیں کہ رسول میرے

لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝ڰ اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْـنًۢا

پاس ڈرا نہیں کرتے۔ سوائے اُسکے جس سے کوئی زیادتی ہو جائے پھر وہ بدل کر بدی کے

بَعْدَ سُوْۗءٍ فَاِنِّىْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ

بعد نیکی کرے تو بیشک میں بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہوں اور تم اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈالدو

جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاۗءَ مِنْ غَيْرِ سُوْۗءٍ ۣ فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى

کہ وہ بے عیب سفید و نورانی ہو کر نکلیگا۔ (یہ دونو) منجملہ نو معجزوں کے ہیں جو فرعون

فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝

اور اُسکی قوم کے لیے ہیں یقیناً وہ نافرمان لوگ ہیں۔

فَلَمَّا جَاءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

پس جب اُنکے پاس ہماری کھلی نشانیاں پہنچیں تو اُنہوں نے یہ کہدیا کہ یہ تو کھلا جادو ہے

وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ۭ

اور اُنہوں نے ازروئے ظلم و تکبر اُن معجزات کا انکار کیا۔ حالانکہ اُنکے دل اُنکا یقین رکھتے تھے

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

پس غور کرو کہ فساد کرنیوالوں کا انجام کیا ہوا! اور بیشک ہمنے داوٗدؑ اور

دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا

سلیمانؑ کو علم عطا کیا اور اُن دونوں نے یہ کہا کہ سب تعریف اُس خدا ہی کیلئے ہے

عَلٰي كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ

جس نے اپنے بندوں میں سے بہت سوں پر ہمکو فضیلت دی ہے اور سلیمانؑ داوٗدؑ کے وارث

دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَ

ہوئے اور یہ کہا کہ اے لوگو! ہمکو پرندوں کی بولی تعلیم کی گئی ہے اور

اُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ۭ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ۝

ہمکو ہر چیز میں سے حصہ دیا گیا ہے یقینًا یہی تو کھلی فضیلت ہے۔

وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ

اور سلیمانؑ کے لیے اُنکے لشکر جنوں میں سے اور آدمیوں میں سے اور پرندوں میں سے اکٹھے کیے گئے وہ سب (قسم وار)

فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ حَتّٰٓي اِذَآ اَتَوْا عَلٰي وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ

پاس پاس کھڑے کیے جاتے تھے یہانتک کہ جب وہ چیونٹیوں کے میدان سے گزرے تو ایک چیونٹی نے کہا کہ

نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ

اے چیونٹیو! اپنے اپنے بلوں میں گھس جاؤ ایسا نہو کہ سلیمانؑ

سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَتَبَسَّمَ

اور اُنکا لشکر تمکو کچل ڈالے اور اُنکو خبر بھی نہو۔ پس (سلیمانؑ) اُسکی اس بات

ع ۱۶ — ۱۶

ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ

سننے کے بے مسکرائے اور عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار مجھکو اس بات کی توفیق دے کہ جو نعمتیں

نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ

تونے مجھ پر اور میرے والدین پر مبذول فرمائی ہیں انکا شکر ادا کروں اور کوئی ایسا نیک عمل بجالاؤں

صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

جسکو تو پسند فرمائے۔ اور اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں مجھے داخل کر

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَالِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ اَمْ كَانَ

اور پرندوں کی حاضری لی تو فرمایا کیا بات ہے کہ میں ہدہد کو نہیں دیکھتا؟ آیا وہ

مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ۝ لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ

غیر حاضر ہے؟ میں ضرور اسکو سخت عذاب دونگا یا اسکو

لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝ فَمَكَثَ

ذبح کرڈالونگا یا ضرور رہے کہ وہ میرے پاس کوئی کھلی دلیل لائے۔ پس کچھ زیادہ دیر

غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَجِئْتُكَ مِنْ

نہوئی تھی کہ وہ (آگیا اور) کہنے لگا کہ مجھے اس بات کی خبر لگی ہے جسکی آپکو بھی خبر نہیں اور میں ملک سبا سے

سَبَاٍ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ۝ اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَ

ایک یقینی خبر لیکر آیا ہوں میں نے ایک عورت کو پایا کہ وہ انکی بادشاہ ہے اور

اُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ ۝ وَجَدْتُّهَا

اسکو ہر چیز سے حظ وافر ملا ہے اور اسکا تخت (تو) بہت ہی بڑا ہے میں نے خود اسکو اور

وَقَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَزَيَّنَ

اسکی قوم کو یہ پایا کہ وہ خدا کو چھوڑ کر سورج کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے انکے

لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ

اعمال کو انکی نظر میں زینت دیدیا ہے اور راہ راست سے انکو روک دیا ہے پس انکو ہدایت

بچاتے ہیں۔ ۱۲ ۔ ٹھے المرأة تملکہم۔ تفسیر صافی میں ہے کہ اس عورت کا نام بلقیس بنت شراحیل بن مالک بن ریان تھا۔ ۱۲



لَا يَهْتَدُوْنَ ۝ اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ

نہیں سوجھتی کہ وہ خدا کو کیوں نہ سجدہ کریں جو آسمانوں کی اور زمین کی پوشیدہ چیزوں کو

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۝

ظاہر کرتا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اسکو جانتا ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ قَالَ سَنَنْظُرُ

اللہ کہ اسکے سوا کوئی معبود نہیں وہی بڑے عرش کا مالک ہے (سلیمان نے) فرمایا کہ ہم ابھی جانچ لیتے

اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ

ہیں کہ تو نے سچ بولا یا جھوٹوں میں سے ہے۔ میرا یہ خط لیجا اور اُسکے

هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ۝

سامنے ڈالدے پھر ذرا ہٹ کر دیکھ کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں؟ (اس حکم کی

قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ۝ اِنَّهٗ مِنْ

تعمیل ہوگئی تو ملکہ بلقیس اپنی جگہ) بولی اے بزرگان قوم! میرے پاس یہ بزرگ خط ڈالا گیا ہے یہ سلیمان کی

سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلَّا تَعْلُوْا

طرف سے ہے اور اسمیں یہ لکھا ہے کہ رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) میرے برخلاف

عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝ قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْٓ

تعلّی نہ کرو اور میرے پاس فرمانبردار ہو کر چلے آؤ (بلقیس نے) کہا اے ارکان دولت! مجھے اس معاملہ میں

اَمْرِيْ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ۝ قَالُوْا

رائے دو کیونکہ میں کوئی معاملہ طے کرنیوالی نہیں ہوں جب تک کہ تم میری حضوری میں نہ ہو انہوں نے کہا کہ

نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ

ہم بڑی قوت والے اور سخت لڑائیاں جھیلنے والے ہیں اور حکم حضور کے ہاتھ میں ہے

فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ۝ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا

اب آپ خود غور فرمائیں کہ آپ کیا حکم دیتی ہیں۔ (بلقیس نے) کہا کہ بادشاہ جب کسی بستی میں آیا کرتے ہیں تو اسے

قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً ۚ وَكَذَٰلِكَ

اُجاڑ دیا کرتے ہیں اور اُسکے عزت دار باشندوں کو ذلیل کر دیا کرتے ہیں اور (معمولاً) وہ ایسا ہی

يَفْعَلُونَ ○ وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِم بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ

کیا کرتے ہیں اور میں تو اُنکے پاس ایک تحفہ بھیجنے والی ہوں پھر دیکھتی ہوں کہ

بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ ○ فَلَمَّا جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ

قاصد کیا خبر لیکر پلٹتے ہیں پس جبوقت (ایلچی) سلیمانؑ کے پاس حاضر ہوا تو اُنہوں نے فرمایا

أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ خَيْرٌ مِّمَّا آتَاكُم بَلْ

کیا تم مال سے میری مدد کرنا چاہتے ہو پس اللہ نے جو کچھ مجھے عطا فرمایا ہے وہ اُس سے جو تمکو دیا ہے کہیں بہتر ہے تو

أَنتُم بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ ○ ارْجِعْ إِلَيْهِمْ فَلَنَأْتِيَنَّهُم

اپنے اس تحفہ سے تو تم ہی خوش رہو اپنے اہل دولت کے پاس پلٹ کر جا (اور اُنکو خبر دے کہ)

بِجُنُودٍ لَّا قِبَلَ لَهُم بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُم مِّنْهَا أَذِلَّةً وَهُمْ

ہم اُنکے پاس ایسے لشکر لیکر آتے ہیں جنکے مقابلے کی اُن میں قوت نہوگی اور ہم اُنکے ملک سے اُنکو ذلیل و خوار کرکے نکال دینگے

صَاغِرُونَ ○ قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَيُّكُمْ يَأْتِينِي

(اِسکے بعد سلیمانؑ نے) فرمایا اے ارکان دولت! تم میں سے کون ایسا ہے جو بلقیس کا تخت میرے پاس

بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَن يَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ○ قَالَ عِفْرِيتٌ

لے آئے قبل اِسکے کہ (اُسکی قوم کے لوگ) میرے پاس فرمانبردار بنکر حاضر ہوں جنّات میں سے ایک سرکش

مِّنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن تَقُومَ مِن مَّقَامِكَ

بولا کہ قبل اِسکے کہ حضور اپنے مقام سے اُٹھیں میں اُسے آپکے پاس لاسکتا ہوں

وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ ○ قَالَ الَّذِي عِندَهُ عِلْمٌ

اور مجھ میں اُسکے اُٹھانیکی قوت بھی ہے اور میں بھروسہ کے قابل بھی ہوں اور اُس شخص نے جسکے پاس علم کتاب کا ایک ادنے

مِّنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن يَرْتَدَّ إِلَيْكَ

جزو تھا یہ عرض کی کہ میں اُسے لائے دیتا ہوں قبل اِسکے کہ آپکی پلک (بھی) جھپکے

ع ۵

طَرْفُكَ ۚ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ

چنانچہ جب اُسکو اپنے پاس رکھا دیکھا تو فرمایا کہ یہ میرے پروردگار کا

فَضْلِ رَبِّيْ ۖ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۭ وَمَنْ شَكَرَ

فضل ہے تاکہ مجھے آزمائے کہ آیا میں شکر گزاری کرتا ہوں یا کفران نعمت اور جو شکر کریگا تو سوائے

فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ

اسکے نہیں ہے کہ اپنی ذات کے لیے شکر کریگا اور جو کفران نعمت کریگا تو یقیناً میرا پروردگار بے پروا (اور)

كَرِيْمٌ ۝ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ

صاحب کرم ہے۔ فرمایا بلقیس کے لیے اُسکے تخت کی ہیئت کو بدل دو کہ ہم دیکھیں کہ آیا وہ راہ پر آتی ہے یا انہی

تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ۝ فَلَمَّا جَاۗءَتْ قِيْلَ

لوگوں میں سے ہوتی ہے جو راہ پر نہیں آتے۔ پس جب وہ حاضر (دربار) ہوئی تو اس سے کہا گیا کہ

اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ۭ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ

آیا یہ تیرا ہی تخت ہے؟ کہنے لگی کہ معلوم تو ویسا ہی ہوتا ہے اور ہمکو اسکا علم پہلے ہی

مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ۝ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ

دیدیا گیا ہے اور ہم مسلمان ہو گئے ہیں۔ اور جس چیز کی وہ خدا کے سوا عبادت کیا کرتی

تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ۝

تھی اُسنے اُسے روک رکھا تھا بیشک وہ کافر قوم میں سے تھی۔

قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً

اُس سے کہا گیا کہ محل میں چلیے پس اُسنے جب اُسکو دیکھا تو اُسے (گہرا) پانی سمجھا

وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ

اور اپنی دونوں پنڈلیاں کھول دیں (تو سلیمان نے) فرمایا کہ یہ تو (شیشہ) محل ہے جسکے فرش میں بھی شیشے

قَوَارِيْرَ ڛ قَالَتْ رَبِّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ

جڑے ہوئے ہیں (بلقیس) عرض کرنے لگی کہ اے میرے پروردگار بیشک میں اپنی نفس پر ظلم کیا تھا اور اب میں سلیمان کے

مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى

کے ساتھ تمام عالموں کے پروردگار پر ایمان لاتی ہوں۔ اور بیشک ہم نے قبیلۂ ثمود کی طرف اُنکے

ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ

بھائی صالح کو اس حکم کے ساتھ بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو تو یکایک وہ دو

فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ

گروہ ہو کر لڑنے لگے۔ (صالح نے) فرمایا کہ اے میری قوم! تم نیکی سے پہلے بدی

بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

کی جلدی کیوں کرتے ہو؟ تم اللہ سے اپنے گناہوں کی بخشش کیوں نہیں مانگتے تاکہ تم پر

تُرْحَمُوْنَ ۝ قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ۭ قَالَ

رحم کیا جائے؟ اُنہوں نے کہا کہ ہم نے تمکو اور جو تمہارے ساتھ ہیں اُنکو منحوس سمجھا ہے۔ فرمایا تمہاری

طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ۝ وَكَانَ

بدفالی تو اللہ کے ہاتھ ہے بلکہ اصلیت یہ ہے کہ تم لوگوں کا امتحان لیا جارہا ہے۔ اور اُس بستی میں

فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا

نَو آدمی تھے جو اُس سرزمین میں فساد کیا کرتے تھے اور اصلاح

يُصْلِحُوْنَ ۝ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ

نہ چاہتے تھے۔ اُن سب نے باہم خدا کی قسم کھا کر کہا کہ ہم رات کے وقت صالح کو اور اُسکے گھر والوں کو

ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا

مار ڈالینگے پھر اُسکے وارثوں سے کہدینگے کہ ہم تو اُن کی ہلاکت کے وقت موجود (ہی) نہ تھے اور ہم

لَصٰدِقُوْنَ ۝ وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّهُمْ

سچے ہیں۔ اور وہ ایک چال چلے اور ہم بھی ایک چال چلے اور اُنکو

لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ

خبر (بھی) نہ ہوئی۔ پس غور کر کے دیکھو کہ اُنکی چال کا نتیجہ کیا ہوا کہ

أَنَّا دَمَّرْنَاهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِينَ ○ فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ

ہمنے اُنکو اور اُنکی قوم کو سب ہی کو ہلاک کر دیا۔ اب یہ اُنکے گھر ویران سے کہ وہ ظلم

خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوا ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ○

کیا کرتے تھے خالی پڑے ہیں بیشک جو لوگ علم رکھتے ہیں اُنکے لیے اِس میں ایک نشانی موجود ہے

وَأَنجَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ○ وَلُوطًا

اور ہمنے اُن لوگوں کو جو ایمان لائے تھے اور ڈرتے رہتے تھے نجات دی اور لوطؑ کو ہمنے

إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ ○

(بھیجا) جسوقت اُنہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم جانتے بوجھتے بیحیائی کی بات کرتے ہو

أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّن دُونِ النِّسَاءِ ۚ

تم عورتوں کو چھوڑ کر شہوت رانی کے لیے مردوں کے پاس جاتے ہو؟ بات یہ ہے

بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ ○ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ

کہ تم جاہل لوگ ہو۔ پس اُنکی قوم کا جواب اِسکے سوا کچھ نہ تھا

إِلَّا أَن قَالُوا أَخْرِجُوا آلَ لُوطٍ مِّن قَرْيَتِكُمْ ۖ إِنَّهُمْ

کہ اُنہوں نے یہ کہا کہ لوطؑ کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکالدو یہ وہ لوگ ہیں جو

أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ ○ فَأَنجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ

پاکیزہ بنتے ہیں۔ پس ہمنے لوطؑ کو اور اُنکے گھروالوں کو نجات دی سوائے اُنکی زوجہ کے

قَدَّرْنَاهَا مِنَ الْغَابِرِينَ ○ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَرًا ۖ فَسَاءَ

جسکی نسبت ہمنے اندازہ کر لیا تھا کہ وہ پیچھے رہجانیوالوں میں ہوگی۔ اور اُنکے اوپر ہمنے (پتھروں کا) مینہ برسایا پس جنکو

مَطَرُ الْمُنذَرِينَ ○ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ وَسَلَامٌ عَلَىٰ


(عذاب سے) ڈرایا گیا تھا اُنکی بارش کیسی بری (بارش) تھی تم یہ کہو کہ تمام تعریف خدا ہی کے لیے زیبا ہے اور اُسکے اُن

عِبَادِهِ الَّذِينَ اصْطَفَىٰ ۗ آللَّهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُونَ ○

بندوں پر جنکو اُسنے برگزیدہ کر لیا سلام ہے۔ آیا اللہ بہتر ہے یا جن چیزوں کو یہ شریک ٹھہراتے ہیں وہ؟

ع ٤ ١٩

لہ سَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی تفسیر قمی میں ہے کہ یہ بندے جنکو خدا تعالٰے نے برگزیدہ کیا آلِ محمدؐ ہیں علیہم السلام۔ ۱۲



أَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ لَكُمْ

آیا وہ کون ہے جسنے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور تمہارے لیے آسمان

مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَنْبَتْنَا بِهٖ حَدَائِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ مَا

سے پانی اتارا پھر ہمنے اُسکے ذریعہ سے بارونق باغات پیدا کردیے تمہاری تو

كَانَ لَكُمْ أَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَهَا ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ بَلْ هُمْ

یہ مقدرت نہ تھی کہ تم ان باغوں کے درختوں کو اُگا لو کیا خدا کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ (ہے تو نہیں)

قَوْمٌ يَّعْدِلُوْنَ ۝ أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا وَّجَعَلَ

لیکن یہ لوگ ہیں کہ حق سے منحرف ہوجاتے ہیں آیا وہ کون ہے جس نے زمین کو جائے قرار مقرر کیا ہے اور اُسکے

خِلٰلَهَا أَنْهٰرًا وَّجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ

بیچ بیچ میں دریا بہا دیے ہیں اور اُسکے لیے بڑے بھاری بھاری پہاڑ مقرر کر دیے ہیں اور دو دریاؤں کے مابین ایک

حَاجِزًا ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ أَمَّنْ

حائل کر دیا ہے آیا خدا کے ساتھ کوئی اور خدا ہے؟ (ہے تو نہیں) مگر ان میں بہت سے نہیں جانتے ۔ آیا وہ کون ہے جو

يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ

مضطر کی دعا قبول کرلیتا ہے جب بھی وہ دعا مانگے اور تکلیف کو رفع کردیتا ہے اور تم کو زمین کا حاکم

خُلَفَاءَ الْأَرْضِ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝

مقرر کرتا ہے آیا اللہ کے ساتھ کوئی اور خدا ہے؟ (اُسکی نعمتوں کو) تم کسقدر کم سوچتے ہو

أَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ


آیا وہ کون ہے جو خشکی اور تری کی اندھیریوں میں تمہاری راہبری کرتا ہے اور وہ کون ہے جو اپنی رحمت (بارش) کے

بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ءَإِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا

پہلے خوشخبری کے طور پر ہواؤں کو بھیج دیتا ہے کیا خدا کے ساتھ کوئی اور خدا ہے اللہ ان چیزوں کو جن کو یہ شریک کرتے ہیں

كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ

ہر ایک ایک وقتِ معین کے لیے چل رہا ہے۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے ہر طرح کا اختیار اُسی کا ہے

وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ

اور جن کو تم اُسکے سوا پکارتے ہو اُن کو کھجور کی گٹھلی کے پوست تک (یعنی ذرہ بھر تنکے) کا بھی

قِطْمِيْرٍ ۝ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ وَلَوْ

اختیار نہیں۔ اگر تم اُن کو پکارو گے تو وہ تمہارا پکارنا نہ سنیں گے اور اگر

سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ۗ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ

سُن لیں تو تم کو کچھ جواب نہ دیں گے۔ اور قیامت کے دن تمہارے شرک کا

بِشِرْكِكُمْ ۗ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ۝ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ

انکار کر دیں گے۔ اور خدائے خبیر کے برابر تم کو کوئی خبر نہ دیگا۔ اے آدمیو!

اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝

تم سب خدا کے محتاج ہو۔ اور اللہ وہی بے نیاز (اور) قابلِ تعریف ہے۔

تفسیر صافی میں ہے کہ یہ مومنین کی اور کفار کی دوسری مثال دی جو پہلے کی بہ نسبت زیادہ بلیغ ہے اور اسی لیے لفظ مایستوی کی تکرار کی گئی ہے۔ نیز ایک قول کے بموجب احیاء سے مراد علماء ہیں اور اموات سے مراد جہلاء ۱۲

[illegible]

إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ ۝ وَمَا

اگر وہ چاہے تو تم سب کو دور کردے اور نئی مخلوق لے آئے اور اللہ

ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ ۝ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ

کے لیے یہ کچھ دشوار نہیں ہے اور کوئی اٹھانیوالا کسی دوسرے کا بوجھ

أُخْرَىٰ ۚ وَإِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلَىٰ حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ

نہ اٹھائیگا اور اگر کوئی بھاری بوجھ والا اپنا بوجھ بٹانیکے لیے کسی دوسرے کو بلائے تو اس میں کو

مِنْهُ شَيْءٌ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۗ إِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِينَ

اس پر کچھ نہ لادا جائیگا گو وہ اسکا قریب بھی ہو۔ سوائے اسکے نہیں ہے کہ تم ان لوگوں کو ڈرا سکتے ہو

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ ۚ

جو بے دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہوں اور نماز پڑھتے ہوں

وَمَنْ تَزَكَّىٰ فَإِنَّمَا يَتَزَكَّىٰ لِنَفْسِهِ ۚ وَإِلَى اللَّهِ

اور جو شخص گناہوں سے پاک رہے وہ اپنی ہی ذات کے لیے پاک رہیگا اور بازگشت اللہ ہی کی طرف

الْمَصِيرُ ۝ وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ ۝ وَلَا

ہوگی اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہو سکتے اور نہ

الظُّلُمَاتُ وَلَا النُّورُ ۝ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ ۝ وَمَا

اندھیریاں اور نہ روشنی۔ اور نہ سایہ اور نہ دھوپ اور نہ

يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ

زندے اور نہ مردے برابر ہوتے ہیں بیشک اللہ تو


يُسْمِعُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِي

جسکو چاہے سنادے حالانکہ تم انکو جو قبروں میں ہیں کچھ نہیں

الْقُبُورِ ۝ إِنْ أَنْتَ إِلَّا نَذِيرٌ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ

سنا سکتے۔ تم تو صرف ایک ڈرانیوالے ہو۔ بیشک ہمنے تمکو برحق خوشخبری سنانیوالا

سلہ وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ تفسیر صافی میں ہے کہ اعمی سے مراد ہے کافر اور بصیر سے مراد ہے مومن ۱۲ سلہ وَلَا الظُّلُمَاتُ [illegible]



بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَّنَذِيرًا ۭ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا

اور ڈرانیوالا بنا کر بھیجا ہے۔ اور ایک گروہ بھی ایسا نہیں ہوا جس میں کوئی ڈرانیوالا

نَذِيْرٌ ۝ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

نہ آیا ہو۔ اور اگر وہ تمہاری تکذیب کریں تو یقیناً انہوں بھی تکذیب کی تھی جو اُن سے پہلے تھے

قَبْلِهِمْ ۚ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَ

(حالانکہ) اُنکے رسُول اُنکے پاس کھلی دلیلیں اور صحیفے اور روشنی پہنچانیوالی

بِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ۝ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ

کتابیں لیکر آچکے تھے۔ پھر جو کافر ہو گئے تھے اُنکو میں نے گرفتار کیا پھر میری ناخوشی

كَانَ نَكِيْرِ ۝ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً ۚ

ع ۳ ۱۲ ۵

کا انجام کیسا ہوا! کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی اُتارا

فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ۭ وَمِنَ الْجِبَالِ

پھر ہمنے اُس کے ذریعے سے طرح بطرح کے پھل پیدا کیے اور پہاڑوں میں سے کچھ تو

جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ

راستے اور طبقے سفید ہیں اور کچھ مختلف رنگ کے (یعنی کچھ بتوسط اور گہرے) سرخ اور بعضے سیاہ

سُوْدٌ ۝ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَاۗبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ

بھونرا۔ اور آدمیوں میں سے اور جانداروں میں سے اسی طرح مختلف

اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ۭ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰۗؤُا ۭ

رنگ کے ہوتے ہیں اللہ کے بندوں میں سے صرف علماء اللہ سے ڈرتے رہتے ہیں

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ

بیشک اللہ زبردست (اور) بڑا بخشنے والا ہے۔ یقیناً وہ لوگ جو کتاب خدا کی تلاوت کرتے ہیں

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا

اور انہوں نے نماز پڑھی اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا اُس میں سے ظاہر اور چھپا کر

وَّعَلَانِيَةً يَّرۡجُوۡنَ تِجَارَةً لَّنۡ تَبُوۡرَ ۙ لِيُوَفِّيَهُمۡ

ہماری راہ میں خرچ کیا وہ ایسی تجارت کی امید لگائے ہوئے ہیں جس میں کبھی گھاٹا نہوگا۔ تاکہ اللہ تعالے

اُجُوۡرَهُمۡ وَيَزِيۡدَهُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوۡرٌ

انکے اجر پورے پورے دیدے اور اپنے فضل سے کچھ اور بڑھا دے بیشک وہ بڑا بخشنے والا (اور)

شَكُوۡرٌ ۝ وَالَّذِيۡۤ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ مِنَ الۡكِتٰبِ

قدردان ہے اور (اے رسول) جو کتاب ہم نے تمہاری طرف بذریعہ وحی کے بھیجی ہے وہ

هُوَ الۡحَـقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ

برحق ہے (اور) اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرنیوالی ہے بیشک اللہ اپنے بندوں کے حال سے

لَخَبِيۡرٌۢ بَصِيۡرٌ ۝ ثُمَّ اَوۡرَثۡنَا الۡكِتٰبَ الَّذِيۡنَ اصۡطَفَيۡنَا

واقف (اور انکا) نگراں ہے۔ پھر ہم نے اپنی اس کتاب کا وارث اُن کو بنایا جنکو ہمنے اپنے بندوں میں

مِنۡ عِبَادِنَا ۚ فَمِنۡهُمۡ ظَالِمٌ لِّنَفۡسِهٖ ۚ وَمِنۡهُمۡ مُّقۡتَصِدٌ ۚ

سے منتخب کرلیا تھا پس اُن (بندوں) میں سے کچھ تو اپنے اوپر ظلم کرنیوالے ہیں اور کچھ میانہ رَو ہیں۔

وَمِنۡهُمۡ سَابِقٌۢ بِالۡخَيۡرٰتِ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

اور کچھ حکم خدا سے تمام نیکیوں میں بڑھ جانیوالے ہیں۔ یہی تو بہت بڑا

الۡفَضۡلُ الۡكَبِيۡرُ ؕ جَنّٰتُ عَدۡنٍ يَّدۡخُلُوۡنَهَا

فضل ہے۔ سب ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں داخل ہوجائینگے

يُحَلَّوۡنَ فِيۡهَا مِنۡ اَسَاوِرَ مِنۡ ذَهَبٍ وَّلُـؤۡلُـؤًا ۚ وَ

اُن میں انکو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائینگے اور

لِبَاسُهُمۡ فِيۡهَا حَرِيۡرٌ ۝ وَقَالُوا الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡۤ

اُن میں انکا لباس ریشمی ہوگا۔ اور وہ یہ کہینگے کہ خدا کا شکر ہے جس نے ہم سے

اَذۡهَبَ عَنَّا الۡحَـزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَـغَفُوۡرٌ شَكُوۡرُ ۙ

ہر قسم کا رنج وغم دور کردیا۔ بیشک ہمارا پروردگار بڑا بخشنے والا (اور) قدردان ہے

الَّذِيٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا

جس نے ہم کو اپنے فضل سے ایسے ہمیشہ رہنے کے گھر میں لا اتارا جس میں نہ ہم کو کوئی رنج

فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ۝ وَالَّذِيْنَ

پہنچیگا اور نہ اُس میں ہم کو کوئی تھکن پہنچیگی۔ اور جو لوگ

كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا

کافر ہو گئے اُنکے لیے آتش جہنم ہے نہ تو وہاں اُنکو قضا ہی آئیگی کہ وہ مرجائیں

وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ

اور نہ اُنکے عذاب جہنم ہی میں تخفیف کی جائیگی (اور) ہر ناشکرے کو ہم ایسی ہی

كُلَّ كَفُوْرٍ ۝ وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا

سزا دیتے ہیں۔ اور وہ اُس میں پڑے پڑے چلائینگے کہ اے ہمارے پروردگار ہمکو

نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۭ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ

اس میں سے نکال لے تاکہ جو عمل ہم اب تک کرتے تھے اُنکے برخلاف ہم نیک عمل کیا کریں (جواب ملیگا کہ) کیا ہمنے تمکو

مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاۗءَكُمُ النَّذِيْرُ ۭ

بہت سی عمر نہیں دی تھی کہ اُس میں جو بھی نصیحت حاصل کرنا چاہتا نصیحت حاصل کر لیتا علاوہ بریں تمہارے پاس ایک شخص

فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۝ اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ

ڈرانیوالا بھی آیا تھا (جبکہ تم نے اسکی نہیں سنی تو) اب مزہ چکھو کہ (یہاں) نافرمانوں کا کوئی مددگار نہیں ہے بیشک اللہ آسمانوں

غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

کی اور زمین کی پوشیدہ باتوں کا جاننے والا ہے یقیناً وہی دلوں کے حال سے (پورا پورا) آگاہ ہے۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰۗىِٕفَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ

وہی تو ہے جس نے تمکو زمین میں (پہلوں کا) جانشین کر دیا پھر جو شخص کافر ہوگیا اُسکے کفر کا

كُفْرُهٗ ۭ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ

وبال اُسی پر ہے اور کافروں کے لیے اُنکا کفر اُنکے پروردگار کے نزدیک ناراضی کی اور کسی چیز کو نہیں بڑھاتا

وَلَا يَزِيدُ الْكٰفِرِينَ كُفْرُهُمْ إِلَّا خَسَارًا ۝ قُلْ أَرَءَيْتُمْ

اور کافروں کے لیے اُنکا کفر سوائے نقصان کے اور کچھ زیادہ نہیں کرتا۔ تم یہ کہدو کہ کیا تم نے اپنے

شُرَكَاءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ ۚ أَرُونِي

اُن شریکوں کو دیکھا ہے جنکو تم خدا کے سوا پکارتے رہتے ہو۔ ذرا مجھے تو دکھاؤ

مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ

آیا زمین کی کوئی چیز اُنہوں نے پیدا کی ہے یا آسمانوں میں اُنکا کوئی ساجھا ہے ؟

أَمْ آتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ إِنْ يَعِدُ

یا اُنکو ہمنے کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اُسکے سبب سے کھلی دلیل پر ہیں (یہ کچھ بھی نہیں) بلکہ یہ

الظّٰلِمُونَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا إِلَّا غُرُورًا ۝ إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ

نافرمان لوگ ایک دوسرے کو محض دھوکا دہی کے وعدے کرتے ہیں۔ بیشک اللہ آسمانوں کو اور

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ

زمین کو اِس بات سے روکے ہوئے ہے کہ یہ (اپنی اپنی جگہ سے) ٹل جائیں اور اگر یہ (اپنی جگہ سے)

أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ

ٹل جاتے تو اُسکے بعد کوئی ایسا نہیں ہے جو اُنکو روک دیتا یقیناً وہ بڑا بُردبار (اور)

حَلِيمًا غَفُورًا ۝ وَأَقْسَمُوا بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ

بخشنے والا ہے۔ اور اُنہوں نے اپنی پوری قوت بھر خدا کی قسم کھا کر کہا تھا کہ اگر اُنکے

جَاءَهُمْ نَذِيرٌ لَّيَكُونُنَّ أَهْدٰى مِنْ إِحْدَى الْأُمَمِ ۚ


پاس کوئی ڈرانیوالا آئیگا تو ہم پہلی ہر اُمّت سے زیادہ راہ راست پر آجانیوالے ہوجائینگے۔

فَلَمَّا جَاءَهُمْ نَذِيرٌ مَّا زَادَهُمْ إِلَّا نُفُورًا ۝ اسْتِكْبَارًا

مگر جب اُنکے پاس ڈرانیوالا آیا تو اُنکی نفرت اور بھی زیادہ ہوئی۔ اور روئے زمین پر

فِي الْأَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ۚ وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ إِلَّا

اُنکی شیخی (اور بڑھی) اور بُری بُری چالیں حالانکہ بُری چالیں اپنے کرنیوالوں ہی پر پڑتی ہیں



بِأَهْلِهِ ۚ فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا سُنَّتَ الْأَوَّلِينَ ۚ فَلَن

تو کیا یہ اپنے پہلوں کے قاعدہ کے منتظر ہیں؟ پس تم خدا کے

تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ۖ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ

قاعدہ میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ اور نہ کبھی تم خدا کے قاعدہ کو ٹلتا ہوا

تَحْوِيلًا ○ أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ

پاؤ گے کیا وہ زمین میں نہیں چلے پھرے کہ وہ یہ دیکھتے کہ ان کے پہلوں کا

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَكَانُوا أَشَدَّ مِنْهُمْ

انجام کیسا ہوا تھا حالانکہ وہ ان سے قوت میں بہت بڑھے ہوئے

قُوَّةً ۚ وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعْجِزَهُ مِن شَيْءٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي

تھے۔ اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ آسمانوں کی اور زمین کی کوئی چیز اس کو

الْأَرْضِ ۚ إِنَّهُ كَانَ عَلِيمًا قَدِيرًا ○ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِمَا

ہرا دے بیشک وہ (ہر چیز سے پورا پورا) واقف (اور) قدرت رکھنے والا ہے۔ اور اگر اللہ آدمیوں سے ان کے عمل کے

كَسَبُوا مَا تَرَكَ عَلَىٰ ظَهْرِهَا مِن دَابَّةٍ وَلَٰكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَىٰ

پر ان کا مواخذہ کرتا تو روئے زمین پر ایک جاندار کو بھی باقی نہ رکھتا لیکن اس نے ان کو ایک مقررہ وقت

أَجَلٍ مُّسَمًّى ۖ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِعِبَادِهِ بَصِيرًا ○ ع ۸ ۱۷

تک کے لیے ڈھیل دے رکھی ہے پس جب ان کا مقررہ وقت آجائیگا (تو بس) پھر اللہ ہی اپنے بندوں کے حال کا نگراں ہوگا

منزل ۵

سورۃ یٰس مکیۃ وهی ثلث وثمانون آیۃ

ایاتها ۸۳ — رکوعاتها ۵ — کلماتها ۷۲۹ — حروفها ۳۰۹۰

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يس ○ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ ○ إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ○

یٰسٓ۔ حکمت والے قرآن کی قسم ہے یقیناً تم ان رسولوں میں سے ہو

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝

جو سراطِ مستقیم پر ہے۔ (یہ قرآن) زبردست رحم کرنیوالے کا اُتارا ہوا ہے۔

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝

تاکہ تم اُن لوگوں کو ڈراؤ جنکے بزرگ کبھی ڈرائے ہی نہیں گئے اِسی سے وہ غافل ہیں۔

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

فرمودۂ خدا اُن میں سے اکثر پر یقیناً پورا ہو گیا کہ وہ ایمان نہ لائینگے۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ

بیشک ہمنے انکی گردنوں میں طوق ڈالدیے ہیں اور وہ ٹھوڑیوں تک ہیں

فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا

اسی سے انکے سر اُٹھے کے اُٹھے رہتے ہیں۔ اور ہمنے انکے آگے سے بھی ایک دیوار بنا دی ہے

وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

اور انکے پیچھے سے بھی ایک دیوار۔ پھر (اوپر سے) ہمنے انکو ڈھانپ دیا ہے کہ وہ اب کچھ نہیں دیکھتے۔

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

اور انکے حق میں (دونوں باتیں) برابر ہیں خواہ تم انکو ڈراؤ یا نہ ڈراؤ وہ ایمان

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

نہ لائینگے ڈراؤ تم اُسکو سکتے ہو جو نصیحت پر چلے اور بے دیکھے

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝ اِنَّا

خدا سے ڈرے پس ایسے شخص کو گناہوں کی بخشش کی اور عمدہ اجر کی خوشخبری سُنا دو بیشک ہم

نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ

مُردوں کو زندہ کرینگے اور جو کچھ وہ آگے بھیجتے ہیں اور جو آثار انکے پیچھے رہ جاتے ہیں انکو سب کو ہم

اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا

لکھتے جاتے ہیں اور ہر چیز کو امام مبین میں (اپنے علم و شمار) جمع کر رکھا ہے۔ اور انکے لیے اُس بستی والوں کی مثل

ع ۱۲ ۱۸

أَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ إِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ إِذْ

بیان کرو کہ جس وقت ہمارے بھیجے ہوئے اس بستی میں آئے (اور اس وقت کو یاد کرو) جبکہ ہم نے ان کی

أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

طرف دو رسول بھیجے پھر انہوں نے دونوں کو جھٹلایا تو ہم نے تیسرے رسول سے قوت پہنچائی

فَقَالُوْٓا إِنَّآ إِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝ قَالُوْا مَآ أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ

اور ان تینوں رسولوں نے کہا کہ ہم تمہاری طرف (خدا کی) بھیجے ہوئے ہیں بستی والوں نے کہا کہ تم تو ہم ہی جیسے

مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ أَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا

آدمی ہو اور (خدائے) رحمٰن نے کوئی چیز نازل نہیں کی تم نرا جھوٹ

تَكْذِبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّآ إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ۝ وَمَا

بولتے ہو (تب) انہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ ضرور ہم تمہاری طرف بھیجے ہوئے ہیں اور

عَلَيْنَآ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ قَالُوْٓا إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ

ہم پر تو کھول کر پہنچا دینے کے اور کچھ نہیں ہے۔ بستی والوں نے کہا کہ ہم تو تمکو منحوس سمجھتے ہیں اگر تم باز

لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيْمٌ ۝

نہ آئے تو ہم ضرور تم کو سنگسار کر دینگے اور ضرور ہماری طرف سے تمکو دردناک عذاب پہنچیگا۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۚ أَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ

انہوں نے فرمایا کہ تمہاری بدشگونی تو تمہارے ہی ساتھ ہے کیا اس کو کہ تمکو سمجھایا گیا (تم بدشگونی کرتے ہو)

مُّسْرِفُوْنَ ۝ وَجَآءَ مِنْ أَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ


حقیقت یہ ہے کہ تم بڑی زیادتی کرنیوالے لوگ ہو اور اس شہر کے انتہائی حصہ سے ایک شخص دوڑتا ہوا

يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۝ لا اتَّبِعُوْا

آیا (آتے ہی) کہنے لگا کہ اے میری قوم ان رسولوں کی پیروی کرو۔ ان لوگوں کی پیروی

مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ أَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝

کرو جو تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتے اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔



وَمَا لِيَ لَا أَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيْهِ

اور مجھے ہو کیا گیا ہے کہ میں اُسکی عبادت نہ کروں جس نے مجھ کو پیدا کیا ہے حالانکہ تم سب کی بازگشت

تُرْجَعُونَ ۝ ءَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِ آلِهَةً إِن يُرِدْنِ

بھی اسی کی طرف ہوگی۔ کیا میں اُسکو چھوڑ کر ایسے خدا بنالوں کہ اگر (خدائے) رحمٰن مجھے کوئی ضرر پہنچانا

الرَّحْمَٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَلَا يُنقِذُونِ ۝

چاہے تو اُنکی سفارش میرے کچھ بھی کام نہ آئے اور نہ وہ مجھے چھڑا ہی سکیں۔

إِنِّي إِذًا لَّفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ إِنِّي آمَنتُ بِرَبِّكُمْ

میں تو اس صورت میں کھلی تباہی میں رہجاؤں گا۔ سو (صاحبو) سُن لو میں تو یقیناً تمہارے پروردگار

فَاسْمَعُونِ ۝ قِيلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۖ قَالَ يَا لَيْتَ قَوْمِي

پر ایمان لایا ہوں۔ (اُس سے) کہا جائیگا کہ تو جنت میں چلا جا وہ کہیگا کہ کاش میری قوم کے لوگ

يَعْلَمُونَ ۝ بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ

بھی یہ جان لیتے کہ مجھے میرے پروردگار نے کس وجہ سے بخشدیا اور معززین میں سے

الْمُكْرَمِينَ ۝ وَمَا أَنزَلْنَا عَلَىٰ قَوْمِهِ مِن بَعْدِهِ

قرار دیدیا۔ اور اُسکے بعد اُسکی قوم پر عذاب دینے کے لیے ہمنے آسمان سے کوئی لشکر

مِن جُندٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَمَا كُنَّا مُنزِلِينَ ۝ إِن

نہیں اُتارے اور نہ ہمیں اُتارنے کی کوئی ضرورت تھی۔ اُن (کی گرفتاری)

كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ خَامِدُونَ ۝

کے لیے ایک چیخ کافی تھی کہ یکایک وہ بجھ کر رہ گئے۔


يَا حَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَأْتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا

بندوں کے حال پر کیا افسوس ہے کوئی رسول بھی اُنکے پاس ایسا نہیں آتا جس کی

كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا

یہ ہنسی نہ اُڑاتے ہوں۔ کیا یہ اتنا نہیں سمجھتے کہ ہم نے ان سے پہلے

وقف غفران



قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝

کتنے گروہوں کو ہلاک کر دیا کہ اب وہ انکے پاس پلٹ کر نہیں آتے۔

وَإِن كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ۝ وَآيَةٌ لَّهُمُ

اور انکے بغیر چارہ ہی نہیں کہ وہ سب کے سب ہمارے سامنے حاضر کیے جائینگے۔ اور (یوں تو) مردہ زمین بھی

الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ أَحْيَيْنَاهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ

انکے لیے ایک معجزہ ہے کہ ہم اُسکو زندہ کر دیتے ہیں اور اُس ہی سے غلے پیدا کر دیتے ہیں جن میں سے یہ

يَأْكُلُونَ ۝ وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ

کھاتے ہیں۔ اور اُس میں کھجوروں کے اور انگوروں کے باغ پیدا کر دیتے ہیں

وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ۝ لِيَأْكُلُوا مِن ثَمَرِهِ وَمَا

اور اُس میں چشمے بہا دیتے ہیں تاکہ یہ اُن کے پھلوں میں سے (بھی) کھائیں اور اپنے

عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ۝ سُبْحَانَ الَّذِي خَلَقَ

ہاتھوں کی محنت سے (بھی) کیا اب بھی شکر نہ ادا کریں گے؟ منزہ ہے وہ ذات جسنے ہر چیز کے

الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ أَنفُسِهِمْ

جوڑے جوڑے پیدا کر دیے اُسکا بھی جو زمین میں سے اُگتی ہے اور (انہی) منکرین کی ذات کا بھی اور

وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَآيَةٌ لَّهُمُ اللَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ

اُن چیزوں کا (بھی) جنکو یہ نہیں جانتے۔ اور رات (بھی) انکے لیے ایک نشانی ہے جس میں سے ہم دن کو

النَّهَارَ فَإِذَا هُم مُّظْلِمُونَ ۝ وَالشَّمْسُ تَجْرِي

نکال لاتے ہیں پھر یہ یکایک اندھیرے میں رہ جاتے ہیں۔ اور سورج (بھی ایک نشانی ہے) جو اپنے ایک

لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۚ ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ ۝ وَالْقَمَرَ

مقررہ مقام کی طرف چلا جاتا ہے یہ ایک بڑے زبردست صاحب علم کا مقرر کر دینا ہے۔ اور چاند (بھی) ایک

قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ حَتَّىٰ عَادَ كَالْعُرْجُونِ الْقَدِيمِ ۝

نشانی ہے) جسکی ہمنے منزلیں مقرر کر دی ہیں یہاں تک کہ وہ پلٹ کر کھجور کی پرانی شاخ کی (سی) صورت اختیار کر لیتا ہے۔

میں چاند ہر رات کو بہنتار رہتا ہے۔ نہ کسی سے پیچھے رہ جاتا ہے اور نہ کسی سے کچھ آگے بڑھ جاتا ہے ١٢

لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ

نہ سورج ہی کی یہ مجال ہے کہ چاند کو پکڑ پائے اور نہ رات ہی کی یہ قدرت ہے کہ دن

سَابِقُ النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ

سے آگے بڑھ جائے۔ حالانکہ یہ سب کبھی (نہ کسی) آسمان میں پھرتے رہتے ہیں۔ اور ایک نشانی ان کیلئے (یہ بھی ہے)

اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝ وَخَلَقْنَا

کہ ہم نے انکے بزرگوں کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا تھا۔ اور ان کے لیے (بھی)

لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ۝ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ

ویسی ہی چیزیں پیدا کر دی ہیں جنپر یہ سوار ہوتے رہتے ہیں۔ اور اگر ہم چاہتے تو انکو ڈبو دیتے

فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا

پس انکا کوئی فریادرس نہ ہوتا اور نہ یہ چھڑائے جاتے۔ سوائے اسکے کہ ہماری رحمت ہو اور ایک

وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ

کے لیے نفع پہنچانا (منظور ہو) اور جس وقت ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اپنے گزشتہ (گناہوں) سے ڈرو

اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ وَمَا

اور آئندہ (کے عذاب) سے خوف کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے اور ان کے پاس

تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

انکے پروردگار کی نشانیوں میں سے ایک بھی ایسی نہیں آتی جس سے یہ روگردان

مُعْرِضِيْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ

نہ ہوتے ہوں۔ اور جس وقت ان سے یہ کہا جاتا ہے کہ جو رزق خدا نے تم کو دیا ہے اس میں سے کچھ (راہ خدا

قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ

میں بھی) خرچ کرو تو جو لوگ کافر ہوئے ہیں مومنوں سے یہ کہتے ہیں کیا ہم اسکو کچھ کھلائیں جسکو اگر اللہ

يَشَاۗءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ڰ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

چاہتا تو خود کھلا دیتا (اس معاملہ میں) تم صریح غلطی میں ہو۔

اس لیے کہ خدا تعالیٰ نے جو کھانا کھلاتا ہے اس کے لیے اسباب ہیں۔ منجملہ ان کے ایک سبب یہی ہے کہ امراء کو ترغیب و تحریص فرماتا ہے



وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ○ مَا

اور یہ (بھی) کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ (یعنی روز قیامت) کب تک آئیگا؟ اتنا

يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ ○

غور نہیں کرتے کہ ایک چیخ ان کو یکایک آ لیگی اور یہ لڑتے جھگڑتے ہی رہینگے۔

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ ○

پس نہ اسوقت وہ کوئی وصیت کر سکینگے اور نہ اپنے بال بچوں کے پاس پلٹ کر آ سکینگے۔

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ

اور (دوبارہ) صور پھونکا جائیگا تو یکایک وہ قبروں سے نکل کر اپنے پروردگار کی حضور میں حاضر ہونے کیلیے

يَنسِلُونَ ○ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا ۜ هَٰذَا

جلد جلد چلنے لگینگے۔ کہتے ہونگے ہائے خرابی ہماری ہمکو ہماری خوابگاہ سے اٹھا کسنے دیا؟ (جواب دیا جائیگا کہ)

مَا وَعَدَ الرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ ○ إِن كَانَتْ إِلَّا

یہی تو وہ وقت ہے جسکا اللہ (یعنی) رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں (نے بھی) سچی خبر دی تھی۔ بس ایک ہی چیخ تو

صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ○

ہوگی کہ یکایک وہ سب ہماری حضور میں حاضر کر دیے جائینگے۔

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ

پس آج کے دن نہ تو کسی نفس پر کوئی ظلم کیا جائیگا اور نہ تم کو کوئی بدلا دیا جائیگا سوائے انکے جو عمل

تَعْمَلُونَ ○ إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ

تم کیا کرتے تھے بیشک جنتی لوگ تو اس دن مزے اڑاتے

فَاكِهُونَ ○ هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِي ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ

ہونگے وہ اور انکی بیبیاں تختوں پر سایہ میں تکیہ لگائے

مُتَّكِئُونَ ○ لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُم مَّا يَدَّعُونَ ○

بیٹھے ہونگے۔ انکے لیے جنت میں ہر میوہ اور انکے لیے ہر وہ چیز جو وہ چاہینگے موجود ہوگی۔

سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ۝ وَ امۡتَازُوا الۡیَوۡمَ اَیُّهَا

بڑی رحمت کرنیوالے پروردگار کی طرف سے سلام کہلایا جائیگا۔ (اب ادھر کی سنیے) اور اے گنہگارو! آج کے دن تم

الۡمُجۡرِمُوۡنَ ۝ اَلَمۡ اَعۡهَدۡ اِلَیۡکُمۡ یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ اَنۡ لَّا

الگ ہو جاؤ۔ اے اولادِ آدم کیا میں نے تم کو یہ حکم نہیں دیدیا تھا کہ شیطان کے

تَعۡبُدُوا الشَّیۡطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَکُمۡ عَدُوٌّ مُّبِیۡنٌ ۝ وَّ اَنِ

بندے نہ بننا وہ یقیناً تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور یہ کہ میری

اعۡبُدُوۡنِیۡ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِیۡمٌ ۝ وَ لَقَدۡ اَضَلَّ

عبادت کرنا سیدھا راستہ یہی ہے۔ اور اس نے تم میں سے

مِنۡکُمۡ جِبِلًّا کَثِیۡرًا ؕ اَفَلَمۡ تَکُوۡنُوۡا تَعۡقِلُوۡنَ ۝ هٰذِهٖ

بہت سوں کو گمراہ کر دیا تو کیا تم خود کوئی سمجھ نہ رکھتے تھے اب یہ وہی جہنم

جَهَنَّمُ الَّتِیۡ کُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ ۝ اِصۡلَوۡهَا الۡیَوۡمَ بِمَا

(موجود) ہے جس سے تم کو ڈرایا جایا کرتا تھا۔ جیسا کہ تم کفر کیا کرتے تھے اس کے بدلے

کُنۡتُمۡ تَکۡفُرُوۡنَ ۝ اَلۡیَوۡمَ نَخۡتِمُ عَلٰۤی اَفۡوَاهِهِمۡ وَ تُکَلِّمُنَاۤ

آج اس میں چلے جاؤ۔ اس دن ہم انکے منہ پر تو مہر لگا دینگے اور ان کے ہاتھ ہم سے

اَیۡدِیۡهِمۡ وَ تَشۡهَدُ اَرۡجُلُهُمۡ بِمَا کَانُوۡا یَکۡسِبُوۡنَ ۝

بات کرینگے اور ان کے پاؤں جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اسکی بابت گواہی دینگے۔

وَ لَوۡ نَشَآءُ لَطَمَسۡنَا عَلٰۤی اَعۡیُنِهِمۡ فَاسۡتَبَقُوا الصِّرَاطَ

اور اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھوں کو مٹا کر دیتے پھر وہ راستے سے بھی آگے بڑھ چلا

فَاَنّٰی یُبۡصِرُوۡنَ ۝ وَ لَوۡ نَشَآءُ لَمَسَخۡنٰهُمۡ عَلٰی مَکَانَتِهِمۡ

پھر وہ کہاں سے دیکھتے؟ اور اگر ہم چاہتے تو ان کو انہیں مسخ کر دیتے

فَمَا اسۡتَطَاعُوۡا مُضِیًّا وَّ لَا یَرۡجِعُوۡنَ ۝ وَ مَنۡ

پھر نہ وہ کہیں جا سکتے اور نہ پلٹ کر آسکتے۔ اور جس کو

وقف غفران ع ۴ ۱۷ ۳

نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۖ أَفَلَا يَعْقِلُونَ ۝ وَمَا

ہم زیادہ عمر دیتے ہیں تو اُسی بناوٹ میں جھکا دیتے ہیں۔ کیا وہ اتنا بھی نہیں سمجھتے؟ اور ہم نے اُسکو

عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِي لَهُ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ

(یعنی اپنے رسول کو) شعر نہیں سکھایا اور نہ یہ اُسکے لیے زیبا ہے یہ تو صرف نصیحت

وَقُرْآنٌ مُبِينٌ ۝ لِيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَيَحِقَّ الْقَوْلُ

اور کھلا قرآن ہے تاکہ اُن لوگوں کو جو زندہ (دل) ہیں ڈرائے اور انکار کرنیوالوں پر

عَلَى الْكَافِرِينَ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِمَّا عَمِلَتْ

قول حق ثابت ہو جائے۔ کیا وہ اتنا نہیں سمجھتے کہ جو چوپائے ہم نے اپنی قدرت سے بنائے ہیں

أَيْدِينَا أَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ ۝ وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ

اُنکے نفع کے لیے پیدا کیے ہیں پس وہ (اُس وقت) اُنکے مالک بنے ہوئے ہیں۔ اور ہم ہی نے ان چوپایوں کو

فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ ۝ وَلَهُمْ فِيهَا

اُن کا مطیع کر دیا ہے کہ اِن میں سے بعض تو اُنکی سواریاں ہیں اور ان میں سے بعض کو وہ کھاتے ہیں اور

مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ۝ وَاتَّخَذُوا

اُنکے لیے ان چوپایوں میں بہت سی منفعتیں اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا وہ اُسکے شکر گزار نہونگے؟ اور اُنہوں نے خدا کو

مِنْ دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَعَلَّهُمْ يُنْصَرُونَ ۝ لَا

چھوڑ کر اور خدا بنا لیے تاکہ وہ اُنکی کچھ مدد کریں۔ وہ اِن کی

يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ

ذرا مدد نہ کر سکینگے حالانکہ اُنکے لشکر اُن کی عبادت کے لیے

مُحْضَرُونَ ۝ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّا نَعْلَمُ مَا

حاضر رہتے ہیں۔ پس (اے رسول) اُنکی باتیں تمکو رنج میں نہ ڈالیں جو کچھ یہ چھپاتے ہیں اور

يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝ أَوَلَمْ يَرَ الْإِنْسَانُ أَنَّا

جو (کچھ) یہ ظاہر کرتے ہیں ہم اُسکو خوب جانتے ہیں۔ آیا انسان اتنا نہیں سمجھتا کہ ہم نے

خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَ

اسکو نطفہ سے پیدا کیا ہے پھر یکایک وہ کھلا جھگڑالو بنگیا۔ اور

ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ

ہمارے ہی لیے اُس نے مثل بیان کی اور اپنی خلقت کو بھول گیا۔ کہنے لگا کہ ہڈیوں کو جس حال میں

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ

کہ وہ خاک ہوجاتیں گی زندہ کون کردیگا؟ تم کہدو کہ انکو وہی زندہ کردیگا جسنے انکو

اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ۝

پہلی مرتبہ پیدا کردیا تھا اور وہ ہر مخلوق کے حال سے واقف ہے۔

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا

جسنے تمہارے لیے ہرے درخت سے آگ پیدا کردی کہ اب تم

فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ

اُسی سے سلگاتے رہتے ہو آیا وہ جس نے آسمانوں

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ

کو اور زمین کو پیدا کیا ہے اِس پر قادر نہیں ہے کہ

يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ڲ بَلٰي ۤ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝

انکے ایسے اور پیدا کردے۔ ضرور (قادر ہے) اور وہ بڑا پیدا کرنیوالا (اور) جاننے والا ہے۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَـيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ


یہ فقط اُسی کی شان ہے کہ جب کسی چیز کا ارادہ کرے تو اُس سے صرف اتنا فرمائے

كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ

کہ ہو پس وہ ہو جائے۔ پس منزہ ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں

مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

ہر چیز کا اختیار ہے اور اُسی کی حضور میں تم سب کی بازگشت ہوگی۔



سورۃ والصّٰفّٰت مکیۃ وھی مائۃ واثنان وثمانون اٰیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ○ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ○

قسم ہے صف باندھ کر کھڑے ہونیوالوں کی۔ پھر قسم ہے جھڑکنے والوں کی۔

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ○ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ○

پھر ذکر کر کے تلاوت کرنیوالوں کی۔ بیشک تمہارا معبود ضرور یکتا ہے۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے مابین ہے انکا پرورش کرنیوالا

وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ○ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ

اور مشرقوں کا مالک ہے۔ یقیناً ہمنے اس دنیا کے آسمان کو

الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ○ وَحِفْظًا

ستاروں کی زینت سے مزین کیا ہے اور ہر سرکش شیطان

مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ○ لَا يَسَّمَّعُوْنَ

کے لیے ان کو نگہبان بنایا ہے۔ اب وہ ملاء اعلیٰ کی

اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ

کنسوئیاں نہیں لے سکتے اور ہر طرف سے انکو بھگا دینے کیلیے مار

جَانِبٍ ○ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ○

پڑتی ہے اور یہ ان کے لیے پائدار عذاب ہے۔

اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ

سوائے اسکے کہ کوئی اڑتی ہوئی بات لے بھاگا سو ایک ستارا ٹوٹ کر اسکا پیچھا



ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمْ

لیتا ہے۔ اب انسے پوچھو کہ ازروے پیدائش یہ خود زیادہ مضبوط ہیں یا وہ

مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن طِينٍ

جن کو ہمنے پیدا کیا ہے یقینا ہمنے انکو لسدار مٹی سے پیدا

لَّازِبٍ ۝ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُونَ ۝ وَإِذَا

کیا ہے بات یہ ہے کہ تمکو (انکے انکار سے) تعجب ہوا اور وہ (تمہارے تعجب کی) ہنسی اڑاتے ہیں

ذُكِّرُوا لَا يَذْكُرُونَ ۝ وَإِذَا رَأَوْا آيَةً

اور جب انکو نصیحت کی جاتی ہے تو وہ نصیحت نہیں مانتے۔ اور جب کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو

يَسْتَسْخِرُونَ ۝ وَقَالُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ

(اور زیادہ) ہنسی اڑاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو

مُّبِينٌ ۝ أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا

ہے۔ کیا جب ہم مرجائینگے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجائینگے تو

أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ۝ أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ ۝

کیا ہم پھر اٹھائے جائینگے؟ اور کیا ہمارے پہلے باپ دادا بھی؟

قُلْ نَعَمْ وَأَنتُمْ دَاخِرُونَ ۝ فَإِنَّمَا هِيَ

تم کہدو ہاں بلکہ تم سب ذلیل ہوکر آوگے۔ پس وہ ایک جھڑکی

زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنظُرُونَ ۝ وَ

ہی تو ہوگی کہ وہ سب یکایک (قبروں سے نکل کر) دیکھتے دیکھتے رہ جائینگے۔ اور

قَالُوا يَا وَيْلَنَا هَٰذَا يَوْمُ الدِّينِ ۝ هَٰذَا يَوْمُ

کہینگے کہ ہائے خرابی ہماری یہی تو جزا و سزا کا دن ہے۔ (جواب ملیگا کہ ہاں) یہی فیصلہ

الْفَصْلِ الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ ۝

کا دن ہے جسکو تم جھٹلایا کرتے تھے۔

احْشُرُوا الَّذِينَ ظَلَمُوا وَأَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا

اُن لوگوں کو جنہوں نے نافرمانیاں کی تھیں اور اُنکی ازواج کو اور خدا کے سوا جن کو

يَعْبُدُونَ ۝ مِن دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَىٰ صِرَاطِ

یہ پوجا کرتے تھے اُن سب کو اکٹھا کرلو پھر ان سب کو جہنم کا راستہ

الْجَحِيمِ ۝ وَقِفُوهُمْ إِنَّهُم مَّسْئُولُونَ ۝ مَا لَكُمْ لَا

ربع

بتا دو۔ اور انکو ٹھہرالو کہ ان سے سوالات کیے جائیں۔ تمہیں ہو کیا گیا ہے تم

تَنَاصَرُونَ ۝ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ ۝ وَ

ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے۔ بلکہ اُس دن تو وہ بڑے تابعدار بنے ہوئے ہونگے۔ اور

أَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ۝ قَالُوا إِنَّكُمْ كُنتُمْ

ایک دوسرے کے پاس سوال کرتے ہوئے آئینگے کہتے ہونگے کہ تم تو ہمارے پاس دائیں طرف

تَأْتُونَنَا عَنِ الْيَمِينِ ۝ قَالُوا بَل لَّمْ تَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ۝

سے (یعنی بڑی اہتمام سے) آیا کرتے تھے۔ وہ یہ کہینگے کہ تم ہی ایماندار نہ تھے۔

وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُم مِّن سُلْطَانٍ بَلْ كُنتُمْ قَوْمًا

منزل

اور ہمارا تم پر کوئی قابو تو تھا نہیں بلکہ تم خود ہی سرکش لوگ

طَاغِينَ ۝ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا إِنَّا لَذَائِقُونَ ۝

تھے پس ہم پر تو ہمارے رب کا قول پورا اترا کہ ہم ضرور (عذاب کا) مزہ چکھنے والے ہیں۔

فَأَغْوَيْنَاكُمْ إِنَّا كُنَّا غَاوِينَ ۝ فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي

سو ہمنے تم کو بھی بہکایا کہ ہم تو گمراہ تھے ہی۔ پس اُس دن وہ عذاب

الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ۝ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ۝

میں ملے جلے ہونگے۔ ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی سلوک کیا کرتے ہیں۔

إِنَّهُمْ كَانُوا إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ۝

بیشک یہ وہ لوگ ہیں کہ جب اُنسے کہا جاتا تھا کہ سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں تو یہ اکڑا ہی کرتے تھے

ٹ ہم اہلبیت کی بابت کہ ہم سے محبت رکھی یا نہیں ۱۲

ولایت جناب امیرالمومنین کی نسبت سوال کیا جائیگا۔ امالی اور العیون میں جناب رسولؐ خدا سے بھی یہی مضمون مروی ہے

وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُوا آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُونٍ ○ بَلْ

اور یہ کہا کرتے تھے کہ کیا ہم ایک دیوانے شاعر کی خاطر اپنے خداؤں کو چھوڑ دینے والے ہیں (دیوانہ کیسا!)

جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ ○ إِنَّكُمْ لَذَائِقُوا

بلکہ وہ تو حق لیکر آیا ہے اور اُسنے رسولوں کی تصدیق کی ہے۔ تم یقیناً دردناک عذاب

الْعَذَابِ الْأَلِيمِ ○ وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ○

ضرور چکھنے والے ہو۔ اور تم بدلا اُسی کا پاؤ گے جو کچھ تم عمل کیا کرتے تھے

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ○ أُولَٰئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ

ہاں خدا کے خالص بندے اس سے مستثنیٰ ہیں۔ اُن کے واسطے رزق (بھی) معین

مَّعْلُومٌ ○ فَوَاكِهُ وَهُمْ مُّكْرَمُونَ ○ فِي جَنَّاتِ

ہے (یعنی) میوے اور اُنکی عزت بھی کی جائیگی۔ وہ نعمت والی جنتوں میں

النَّعِيمِ ○ عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ ○ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَأْسٍ

تختوں پر ایک دوسرے کے مقابل بیٹھے ہونگے۔ سفید شراب کے گلاس کے دور

مِّنْ مَّعِينٍ ○ بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ ○ لَا فِيهَا غَوْلٌ

چل رہے ہونگے جس کا لطف پینے والے ہی جانینگے۔ اُس میں نہ کوئی جھگڑا ہوگا

وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ ○ وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ

اور نہ اُس سے مدہوش ہو جائینگے۔ اور اُن کے پاس نیچی نگاہ والی (اور) بڑی بڑی آنکھوں والی

عِينٌ ○ كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُونٌ ○ فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ

(حوریں) اُسی طرح ہونگی گویا (رنگ کی صفائی میں) حفاظت سے رکھے ہوئے انڈے ہیں۔ پس وہ بھی ایک دوسرے کی طرف

عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ○ قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ إِنِّي كَانَ

متوجہ ہو کر سوال کرینگے۔ اُن میں سے ایک کہنے والا یہ کہیگا کہ میرا ایک

لِي قَرِينٌ ○ يَقُولُ أَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ ○ أَئِذَا مِتْنَا

ہمنشین تھا جو یہ کہا کرتا تھا کہ کیا تو بھی تصدیق کرنیوالوں میں سے ہے؟ کیا جب ہم مرجائینگے

...ے کی بھی وہ خواہش کرینگے انعاماً اور اکراماً وہی اُنکو دی جائیگی۔ ٢ کَاَنَّهُنَّ بَیْضٌ مَّکْنُوْنٌ۔ تفسیر صافی میں ہے کہ حوریں جنت

١ اُولٰٓئِکَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ۔ کافی میں بروایت جناب امام محمد باقرؑ جناب رسول خدا سے ایک حدیث منقول ہے جس میں آنحضرت

وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ○ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ

اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائینگے تو کیا ہمکو کوئی جزا یا سزا دی جائیگی؟ (پھر) کہیگا کہ آیا تم بھی اُس سے واقف ہونا

مُّطَّلِعُوْنَ ○ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ○ قَالَ تَاللّٰهِ

چاہتے ہو؟ پس جھک کر دیکھیگا تو اُسکو جہنم کے بیچوں بیچ دیکھ لیگا (تب بیساختہ) کہیگا کہ خدا

اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ○ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ○

کی قسم تونے تو مجھے بھی مارا تھا۔ اور اگر میرے پروردگار کا احسان نہوتا تو میں بھی (اُسی طرح) تیری طرح

اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ○ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ○

کیا (میں نہ کہتا تھا کہ) ہمکو ہماری پہلی موت کے سوا مرنا ہی نہیں ہے اور نہ ہمکو (آخرت میں) عذاب ہی دیا جائیگا

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ○

یقیناً بڑی سے بڑی کامیابی یہی تو ہے۔ ایسی ہی (کامیابی) کیلیے تو چاہیے کہ کرنیوالے کچھ کریں۔

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ○ اِنَّا جَعَلْنٰهَا

آیا مہمانی کیلیے یہ بہتر ہے یا زقوم کا درخت؟ کہ ہمنے اُسکو نافرمانوں کیلیے

فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ○ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ○

عذاب مقرر کیا ہے۔ وہ ایک درخت ہے جو جہنم کی گہراں سے نکلتا ہے۔

طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ○ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ

اُسکی چوٹی ایسی ہے جیسے شیطانوں کے سر ہوں۔ پس وہ ضرور اُسی میں سے کھانیوالے

مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ○ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا

ہونگے اور (چارو ناچار) اُسی سے پیٹ بھرنیوالے۔ پھر اُنکے لیے اُسکے اوپر سے گرم پانی کی

مِّنْ حَمِيْمٍ ○ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ○ اِنَّهُمْ

ملاوٹ ہوگی۔ پھر اُن سب کی بازگشت ضرور جہنم ہی میں ہوگی۔ انہوں نے یقیناً

اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ○ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ○

اپنے باپ دادا کو بھی گمراہ پایا تھا تو اُنکے نشانِ قدم پر یہ بھی دوڑے چلے آرہے تھے

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ الْأَوَّلِينَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم

اور بیشک اِنسے قبل پہلے والے بہت سے گمراہ ہو گئے۔ حالانکہ ہم نے اُن میں ڈرانیوالے

مُّنذِرِينَ ۝ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ ۝ إِلَّا

ضرور بھیجے تھے۔ پھر غور سے دیکھو لو کہ جنکو ڈرایا گیا تھا اُنکا انجام کیسا رہا! (ہاں) اللہ کے

عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ۝ وَلَقَدْ نَادَانَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ

مخلص بندے اِس سے مستثنیٰ ہیں۔ اور یقیناً نوح نے ہمکو پکارا تھا پس ہم ہی تو سب سے

الْمُجِيبُونَ ۝ وَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ۝

اچھا جواب دینے والے ہیں۔ اور ہمنے خود اُنہیں اور اُنکے اہل کو بڑی تکلیف سے نجات دی

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِينَ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي

اور ہمنے اُنکی اولاد کو (آئندہ حق پر) باقی رہنے والا قرار دیا۔ اور ہمنے پچھلے آنیوالوں میں اُسے (یعنی اُنکی

الْآخِرِينَ ۝ سَلَامٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ ۝ إِنَّا كَذَٰلِكَ

صفت و ثنا کو یا اُنکے قصہ کو) باقی رکھا۔ نوح پر تمام عالموں میں سلام ہو۔ ہم نیکی کرنیوالوں کو

نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ۝ ثُمَّ

اسی طرح بدلا دیا کرتے ہیں۔ وہ یقیناً ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ پھر

أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ۝ وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِ لَإِبْرَاهِيمَ ۝

ہمنے اوروں کو ڈبو دیا اور یقیناً ابراہیم بھی اُنہی کے پیرؤوں میں سے تھے۔

إِذْ جَاءَ رَبَّهُ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ۝ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ

جبکہ وہ اپنے پروردگار کی حضور میں سالم نیت سے آئے۔ جبوقت کہ اُنہوں نے اپنے چچا سے اور اپنی قوم

مَاذَا تَعْبُدُونَ ۝ أَئِفْكًا آلِهَةً دُونَ اللَّهِ تُرِيدُونَ ۝

کے لوگوں سے کہا کہ تم یہ کیا پوجتے ہو؟ کیا تم اللہ کو چھوڑ کر جھوٹے خداؤں کے مرید بنتے ہو؟

فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ۝

تمام عالموں کے پروردگار کی نسبت تمہارا خیال کیا ہے؟ پھر ستاروں کی طرف ایک نظر ڈالی۔

فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ○ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ○ فَرَاغَ اِلٰى

اور یہ فرمایا کہ میں بیمار ہونیوالا ہوں۔ پس یہ لوگ تو پیٹھ پھرا کر اُنکے پاس سے (اُدھر) کو گئے اور یہ چپکے چپکے

اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ○ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ○

اُنکے خداؤں کی طرف گئے اور دریافت کیا کہ تم کچھ کھاتے کیوں نہیں؟ تمہیں ہو کیا گیا ہے تو لتے کیوں نہیں؟

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ○ فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ○

اب تو چپکے چپکے اُن پر داہنے ہاتھ کی ضرب لگانے لگے۔ اب وہ لوگ منڈلا کر اُنکی طرف آئے

قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ○ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا

فرمایا کیا تم اُن چیزوں کی پوجا کرتے ہو جنکو اپنے ہی ہاتھوں سے تراشتے ہو حالانکہ اللہ نے تمکو بھی پیدا کیا ہے اور جو بت

تَعْمَلُوْنَ ○ قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِي الْجَحِيْمِ ○

تم بناتے ہو اُنکو بھی (پھر) انہوں نے آپس میں کہا کہ تم اسکے لیے ایک عمارت بناؤ پھر اسکو سخت آگ میں ڈالدو۔

فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ○ وَقَالَ اِنِّيْ

پس اس طرح وہ ابراہیمؑ کے لیے ایک چال چلے سو ہمنے انہی کو ذلیل کر دیا۔ اور ابراہیمؑ نے کہا کہ میں

ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ○ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○

اپنے پروردگار کی طرف جانیوالا ہوں کہ وہ عنقریب میری رہبری فرمائیگا۔ اے میرے پروردگار مجھے نیک اولاد عطا فرما۔

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ○ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ

پس ہمنے اُنکو ایک بردبار فرزند کی بشارت دی پس جب وہ (فرزند) اُنکے ساتھ چلنے پھرنے کے لائق ہوا تو

اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ط


انہوں نے فرمایا کہ اے میرے پیارے بیٹے میں خواب میں دیکھتا کیا ہوں کہ میں تمکو ذبح کر رہا ہوں تو اب غور کر لو کہ تمہاری کیا رائے ہے

قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

انہوں نے عرض کی کہ باباجان آپکو جو حکم ملتا ہے بجا لائیے اگر اللہ نے چاہا تو آپ مجھ کو صبر کرنیوالوں

مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ○ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ○ وَنَادَيْنٰهُ

میں سے پائیگے۔ پس جب دونوں نے اظہارِ اطاعت کیا اور باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا دیا اور ہمنے اُنکو



أَن يَٰٓإِبْرَٰهِيمُ ۝ قَدْ صَدَّقْتَ ٱلرُّءْيَآ ۚ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِى

آواز دی کہ اے ابراہیم تم نے بیشک اپنا خواب سچا کر دیا ہم نیکی کرنیوالوں کو ایسا ہی بدلا

ٱلْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ ٱلْبَلَٰٓؤُا۟ ٱلْمُبِينُ ۝ وَفَدَيْنَٰهُ بِذِبْحٍ

دیا کرتے ہیں بیشک یہ کھلی آزمائش ضرور ہے۔ اور ہمنے اسکا فدیہ ایک بڑی قربانی

عَظِيمٍ ۝ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِى ٱلْءَاخِرِينَ ۝ سَلَٰمٌ عَلَىٰٓ إِبْرَٰهِيمَ ۝

مقرر کی ہے۔ اور اس کے ذکر ہمنے آئندہ آنیوالوں میں باقی رکھا کہ ابراہیم پر سلام ہو۔

كَذَٰلِكَ نَجْزِى ٱلْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّهُۥ مِنْ عِبَادِنَا ٱلْمُؤْمِنِينَ ۝

نیکی کرنیوالوں کو ہم اسی طرح بدلا دیا کرتے ہیں وہ یقیناً ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھے

وَبَشَّرْنَٰهُ بِإِسْحَٰقَ نَبِيًّا مِّنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ۝ وَبَٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلَىٰٓ

اور ہمنے انکو اسحٰق نبی کی خوشخبری دی جو صالحین میں سے تھے اور ہمنے ابراہیم اور اسحٰق پر برکت

إِسْحَٰقَ ۚ وَمِن ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَظَالِمٌ لِّنَفْسِهِۦ مُبِينٌ ۝

نازل کی حالانکہ ان دونو کی اولاد میں نیک بھی ہونیوالے تھے اور کھلم کھلا اپنے … ظلم کرنیوالے بھی

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ۝ وَنَجَّيْنَٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ ٱلْكَرْبِ

اور بیشک ہم نے موسیٰ اور ہارون پر احسان کیا۔ اور ہمنے اُن دونوں کو اور اُنکی قوم کو سخت

ٱلْعَظِيمِ ۝ وَنَصَرْنَٰهُمْ فَكَانُوا۟ هُمُ ٱلْغَٰلِبِينَ ۝ وَءَاتَيْنَٰهُمَا

تکلیف سے نجات دی۔ اور ہمنے اُنکی نصرت کی جس سے وہی غالب رہے۔ اور ہمنے اُن دونوں کو بیّن

ٱلْكِتَٰبَ ٱلْمُسْتَبِينَ ۝ وَهَدَيْنَٰهُمَا ٱلصِّرَٰطَ ٱلْمُسْتَقِيمَ ۝

بیان والی کتاب عطا کی۔ اور ہم ہی نے اُن دونو کو راہ راست دکھائی۔

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِى ٱلْءَاخِرِينَ ۝ سَلَٰمٌ عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ۝

اور ہم ہی نے آئندہ آنیوالوں میں انکا ذکر خیر باقی رکھا۔ موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِى ٱلْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا

بیشک ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں۔ یقیناً وہ دونو ہمارے ایماندار بندوں

الْمُؤْمِنِينَ ○ وَإِنَّ إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ○ إِذْ قَالَ

میں سے تھے۔ اور یقیناً الیاسؑ رسولوں میں سے تھے۔ جس وقت کہ انہوں نے اپنی قوم

لِقَوْمِهِ أَلَا تَتَّقُونَ ○ أَتَدْعُونَ بَعْلًا وَتَذَرُونَ

سے کہا کہ تم ڈرتے نہیں۔ تم بعل کو پکارتے ہو اور سب سے اچھے پیدا کرنیوالے اللہ کو

أَحْسَنَ الْخَالِقِينَ ○ اللَّهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ○

جو تمہارا بھی پروردگار ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا بھی چھوڑے دیتے ہو۔

فَكَذَّبُوهُ فَإِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ○ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ○

پس انہوں نے الیاسؑ کی تکذیب کی وہ سب (عذاب میں) ضرور دھر لئے جائینگے۔ اللہ کے خالص بندے اس سے مستثنیٰ ہیں

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ○ سَلَامٌ عَلَىٰ إِلْ يَاسِينَ ○ إِنَّا

اور انکا ذکر ہمنے پیچھے آنیوالوں میں باقی رکھا۔ آل یاسین پر سلام ہو۔ بالضرور ہم

كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ○ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ ○

نیکی کرنیوالوں کو ایسا ہی بدلا دیا کرتے ہیں۔ وہ بیشک ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

وَإِنَّ لُوطًا لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ○ إِذْ نَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ ○

اور یقیناً لوطؑ رسولوں میں سے تھے۔ جبکہ ہمنے انکو اور انکے تمام کنبے کو نجات دی

إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغَابِرِينَ ○ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ○ وَإِنَّكُمْ

سوائے ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہجانیوالوں میں تھی۔ پھر ہمنے اوروں کو ہلاک کردیا۔ اور تم صبح و

لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِم مُّصْبِحِينَ ○ وَبِاللَّيْلِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ○

شام آتے جاتے ضرور انکے آثار (قدیم) کے پاس سے گزرا کرتے ہو تو کیا تم کچھ سمجھتے نہیں۔

وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ○ إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ

اور یونسؑ بیشک رسولوں میں سے تھے۔ جبکہ وہ بھاگ کر ایک بھری ہوئی کشتی میں

الْمَشْحُونِ ○ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ ○ فَالْتَقَمَهُ

چلے گئے پس کشتی والوں نے قرعہ ڈالا تو یہ مغلوب رہے۔ پھر ان کو ایک مچھلی

الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ ۝ فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ ۝

نگل گئی اور یہ اپنے آپ کو ملامت کرنے لگے۔ پس اگر یہ کہیں تسبیح کرنیوالوں میں سے نہوتے تو

لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝ فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ

جس دن سب اُٹھائے جائینگے اُس دن تک مچھلی کے پیٹ ہی میں رہتے۔ پھر ہمنے اُنکو ایک خالی جگہ میں ڈالدیا

وَهُوَ سَقِيمٌ ۝ وَأَنْبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِنْ يَقْطِينٍ ۝ وَ

جس حال میں کہ وہ ناتوان تھے۔ اور اُنکے اوپر کدو کا ایک درخت اُگا دیا۔ اور

أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيدُونَ ۝ فَآمَنُوا فَمَتَّعْنَاهُمْ

اُنکو ایک لاکھ یا اس سے بھی زیادہ کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔ پس وہ لوگ ایمان لائے اور ہمنے اُنکو

إِلَىٰ حِينٍ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ أَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ

ایک (مقررہ) وقت تک نفع پہنچایا۔ اب اُنسے پوچھو کہ کیا تیرے خدا کیلیے تو بیٹیاں ہیں اور اِنکے لیے

الْبَنُونَ ۝ أَمْ خَلَقْنَا الْمَلَائِكَةَ إِنَاثًا وَهُمْ شَاهِدُونَ ۝

بیٹے؟ کیا ہم نے اِنکو دِکھا دِکھا کر فرشتوں کو عورتیں پیدا کیا ہے؟

أَلَا إِنَّهُمْ مِنْ إِفْكِهِمْ لَيَقُولُونَ ۝ وَلَدَ اللَّهُ وَإِنَّهُمْ

آگاہ رہو (یہ) یقیناً اِنکا بہتان ہے (جو) یہ کہتے ہیں کہ اللہ کے بھی اولاد ہے اور یہ یقیناً

لَكَاذِبُونَ ۝ أَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِينَ ۝ مَا لَكُمْ قف

جھوٹے ہیں۔ کیا اُسنے بیٹے چھوڑ کر بیٹیاں اختیار کریں؟ تمہیں ہو کیا گیا ہے

كَيْفَ تَحْكُمُونَ ۝ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝ أَمْ لَكُمْ سُلْطَانٌ

تم کیسے فیصلے کرتے ہو؟ کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے یا تمہارے پاس کوئی کھلی حجت

مُبِينٌ ۝ فَأْتُوا بِكِتَابِكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ وَجَعَلُوا

ہے؟ پس اگر تم سچے ہو تو اپنی کتاب پیش کرو اور اُنھوں نے خدا کے

بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ۚ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ

اور جنات کے مابین رشتہ قرار دیدیا حالانکہ جنات اِس بات کو خوب جانتے ہیں کہ یہ (مفتری نمبر)



لَمُحْضَرُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ

حاضر کیے جائینگے۔ جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں خدا تعالیٰ اُس سے منزہ ہے۔ اللہ کے مخلص بندے اس سے

الْمُخْلَصِيْنَ ۝ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ۝ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ

مستثنیٰ رہتے۔ پس تم اور جن جن کو تم پوجتے ہو وہ سب ملکر خدا کے برخلاف کسی کو بہکا نہیں سکتے

بِفٰتِنِيْنَ ۝ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ۝ وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ

نہیں ہو۔ سوائے اُسکے جو جہنم میں جانیوالا ہے۔ اور ہم میں سے ایک بھی ایسا نہیں جسکے

مَّعْلُوْمٌ ۝ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ۝ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ۝

لیے ایک معین ٹھکانا نہو اور یقیناً ہم صف باندھنے والے ہیں اور بیشک ہم تسبیح کرنیوالے ہیں۔

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ۝ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ

اور یقیناً وہ یہ کہتے تھے کہ اگر ہمارے پاس پہلوں کی کتاب ہوتی

الْاَوَّلِيْنَ ۝ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝ فَكَفَرُوْا بِهٖ

تو ہم بھی خدا کے خالص بندوں میں سے ہوتے۔ خیر اب تو انہوں نے اس کا

فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا

انکار کیا پس آگے چل کر انکو معلوم ہی ہو جائیگا۔ اور ہمارا وعدہ ہمارے مرسل بندوں سے پہلے ہی

الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ۝ وَاِنَّ جُنْدَنَا

ہو چکا تھا کہ اُن سب کو یقیناً مدد پہنچائی جائیگی۔ اور ہمارا لشکر ضرور

لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ وَّاَبْصِرْهُمْ


غالب رہیگا۔ پس تم اِن سے ایک وقت تک کیلیے روگردان ہو جاؤ اور انکی حالت دیکھتے رہو

فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ۝ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ فَاِذَا

کہ آگے چل کر یہ خود دیکھ لینگے۔ کیا یہ ہمارے عذاب کی بابت میں جلدی کرتے ہیں؟ تو جب وہ

نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ وَتَوَلَّ

اِن پر آ اتریگا تو اُن لوگوں کی جو ڈرائے جا چکے ہیں بہت ہی بُری حالت ہو جائیگی۔ اور ایک



عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ○ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ○ سُبْحٰنَ

وقت تک کہ لیے تم ان سے روگرداں ہو جاؤ اور دیکھتے رہو کہ کچھ عرصہ بعد یہ بھی دیکھ لیں گے۔ تمہارا پروردگار

رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○ وَسَلٰمٌ عَلَى

صاحب عزت و غلبہ اُن سب باتوں سے منزہ ہے جو کچھ یہ لوگ بیان کرتے ہیں۔ اور تمام رسولوں پر

الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

سلام ہو۔ اور ہر قسم کی تعریف تمام عالموں کے پروردگار خدا ہی کو سزاوار ہے

سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً

اٰیاتها ٨٨ ۔ رکوعاتها ٥ ۔ کلماتها ۔ حروفها

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمان (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ○ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ

صٓ۔ قسم ہے نصیحت والے قرآن کی (یہ تو برحق ہے) لیکن جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ

عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ○ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ

تکبر اور نافرمانی میں (اڑے ہوئے) ہیں۔ ہم اُن سے پہلے کتنے ہی زمانوں کو ہلاک کر چکے ہیں

فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ○ وَعَجِبُوْا اَنْ جَآءَهُمْ

پھر وہ چیخ چلانے مگر وہ بچاؤ کا وقت نہ تھا۔ اور انہیں تعجب یہ ہوا کہ اُن کے پاس ایک

مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ○


ڈرانیوالا انہی میں سے آیا اور کافروں نے یہ بک دیا کہ یہ جھوٹا (اور) جادوگر ہے۔

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ○

کیا اس نے سب خداؤں کو ایک ہی خدا بنا دیا بیشک یہ تو ضرور عجیب بات ہے۔

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰى اٰلِهَتِكُمْ

اور اُن کے شرفاء ایک دوسرے کے پاس (یہ کہتے) لے کہ چلو اپنے معبودوں کی پوجا پر قائم رہو



إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ يُرَادُ ○ مَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْآخِرَةِ إِنْ

بیشک یہ بات کسی غرض سے کہی جاتی ہے۔ پچھلے مذہب میں تو ہم نے یہ بات کبھی نہیں یہ تو ایک نئی

هَٰذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ ○ أَأُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْ بَيْنِنَا ۚ بَلْ هُمْ

پیدا کی ہوئی بات ہے۔ کیا ہم میں سے اسی کے اوپر نصیحت اتاری گئی اصل یہ ہے

فِي شَكٍّ مِنْ ذِكْرِي ۖ بَلْ لَمَّا يَذُوقُوا عَذَابِ ○ أَمْ عِنْدَهُمْ

کہ وہ میرے ذکر سے شک میں پڑے ہوئے ہیں بلکہ (یوں سمجھو کہ ابھی) انہوں نے عذاب ہی نہیں چکھا ہے۔ آیا تمہارے

خَزَائِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيزِ الْوَهَّابِ ○ أَمْ لَهُمْ مُلْكُ

زبردست اور بڑے عطا کرنیوالے پروردگار کی رحمت کے خزانے انکے پاس ہیں؟ یا آسمانوں کا اور زمین کا

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ فَلْيَرْتَقُوا فِي الْأَسْبَابِ ○

اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اسکا اختیار انکو حاصل ہو گیا ہے پس چاہیے کہ یہ آسمانوں کی سیڑھیاں لگا کر چڑھ جائیں

جُنْدٌ مَا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِنَ الْأَحْزَابِ ○ كَذَّبَتْ

وہ جتھوں میں سے ایک لشکر ہی تو ہیں جو عنقریب بھگا دیا جائیگا۔ ان سے پہلے نوح

قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ ○ وَثَمُودُ

کی قوم اور عاد اور میخوں والا فرعون بھی جھٹلا چکے ہیں۔ اور اسی طرح ثمود

وَقَوْمُ لُوطٍ وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ ۚ أُولَٰئِكَ الْأَحْزَابُ ○ إِنْ

اور لوط کی قوم اور بن والے وہ جتھے کے جتھے تھے۔ ان میں سے

كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ○ ع ۱۴ وَمَا يَنْظُرُ هَٰؤُلَاءِ

سب ہی نے تو رسولوں کو جھٹلایا تھا اور ہمارے عذاب کے مستحق ہو گئے تھے۔ اور یہ ایک چیخ ہی کے منتظر ہیں

إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً مَا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ○ وَقَالُوا رَبَّنَا عَجِّلْ

جس میں کچھ دیر نہ ہوگی۔ اور انہوں نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار

لَنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ○ اصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ

روز حساب سے پہلے ہمارے حصہ کا عذاب تو ہمارے لئے جلدی ہی بھیج دے۔ جو کچھ یہ کہتے ہیں اس پر صبر کرو۔

(جس سے تمام عالم کے اصولِ قوانین ماخوذ ہیں) اسکا ایک جزو حضرت داؤدؑ کا یہ قول بھی تھا کہ گواہ لانا ذمۂ مدعی اور بصورت انکار دعوی

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُدَ ذَا الْأَيْدِ إِنَّهُ أَوَّابٌ ○ إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ

اور ہمارے قوت والے بندے داؤدؑ کو یاد کرو بیشک وہ بڑے رجوع کرنے والے تھے ہم نے پہاڑوں کو مسخر کر دیا تھا کہ

مَعَهُ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ ○ وَالطَّيْرَ مَحْشُورَةً

وہ اُن کے ساتھ شام و صبح تسبیح کیا کرتے تھے۔ اور پرندے بھی جمع رہتے تھے (اور)

كُلٌّ لَهُ أَوَّابٌ ○ وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَ

یہ سب اُن کے مطیع تھے اور ہم نے اُنکی سلطنت کو مضبوط کر دیا تھا اور ہم نے اُنکو (قانون) شریعت اور

فَصْلَ الْخِطَابِ ○ وَهَلْ أَتَاكَ نَبَأُ الْخَصْمِ إِذْ تَسَوَّرُوا

فیصلہ کرنیکی قوت عطا کی تھی۔ اور آیا تمہیں جھگڑنیوالوں کی بھی خبر ملی ہے جبکہ وہ محراب پھاند کر (داؤدؑ کے

الْمِحْرَابَ ○ إِذْ دَخَلُوا عَلَىٰ دَاوُدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوا لَا

پاس) آگئے تھے اور وہ اُن سے پریشان ہوئے تھے (اور) اُنہوں نے کہا تھا کہ ڈریے

تَخَفْ خَصْمَانِ بَغَىٰ بَعْضُنَا عَلَىٰ بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ

نہیں ہم دونو مدعی و مدعا علیہ ہیں ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے پس آپ ہمارا فیصلہ ٹھیک ٹھیک کر دیجیے

وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَا إِلَىٰ سَوَاءِ الصِّرَاطِ ○ إِنَّ هَٰذَا أَخِي لَهُ

اور کسی طرح کی زیادتی نہ کیجیے اور ہمیں راہِ راست پر چلائیے (دیکھیے) یہ میرا بھائی ہے اسکے پاس

تِسْعٌ وَتِسْعُونَ نَعْجَةً وَلِيَ نَعْجَةٌ وَاحِدَةٌ فَقَالَ أَكْفِلْنِيهَا

ننانوے بھیڑیں ہیں اور میرے پاس ایک ہی بھیڑ ہے پس اسنے مجھ سے کہا کہ وہ ایک بھی میرے حوالے

وَعَزَّنِي فِي الْخِطَابِ ○ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلَىٰ

کر دے اور مجھے بات کرنے میں بھی دباتا ہے۔ (حضرت داؤدؑ نے) فرمایا کہ بیشک اسنے اپنی بھیڑوں کے ہوتے تیری بھیڑ بھی

نِعَاجِهِ ۖ وَإِنَّ كَثِيرًا مِنَ الْخُلَطَاءِ لَيَبْغِي بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ

مانگنی سے تجھ پر زیادتی کی اور یقیناً بہت سے شریک اسی طرح ایک دوسرے پر زیادتی کیا کرتے ہیں

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَقَلِيلٌ مَا هُمْ ۗ وَظَنَّ

سوائے اُنکے جو ایمان لائے ہوں اور نیکوکار ہوں اور وہ ہیں ہی تھوڑے اور (اس حد پر پہنچکر) داؤدؑ

سجدہ

لہ ذٰلک فیہ التوحید میں جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ کلام عرب میں ید سے مراد قوت و نعمت اور عطا و بخشش ہوتی ہے پھر حضرت نے یہی آیت تلاوت فرمائی

دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۝

سمجھ گئے کہ ہمنے اس فیصلہ کے ذریعے انکی آزمائش کی پس انہوں نے اپنے پروردگار سے بخشش مانگی اور رکوع میں گر پڑے

فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ۭ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝

اور خدا کی طرف رجوع کی پھر ہمنے بھی انکی یہ لغزش معاف کردی اور یقیناً ہمارے نزدیک انکا بڑا تقرب بھی تھا اور انجام

يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِي الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ

نیک بھی۔ اے داؤد ہمنے تمکو اس زمین میں خلیفہ مقرر کیا ہے پس تم لوگوں کے مابین ٹھیک ٹھیک

النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ

فیصلہ کیا کرو اور اپنی خواہش کی پیروی نہ کرو ورنہ وہ تمکو راہ خدا سے بھٹکا دیگی

اِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ

یقیناً جو لوگ راہ خدا سے بھٹک جاتے ہیں اُن کے لیے بوجہ اس کے کہ وہ روز حساب کو بھولے

بِمَا نَسُوْا يَوْمَ الْحِسَابِ ۝ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاۗءَ وَالْاَرْضَ

ہوے تھے سخت عذاب ہوگا۔ اور ہمنے آسمان کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونو کے مابین ہے

وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۭ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ

اسکو بیکار نہیں پیدا کیا۔ یہ تو اُن لوگوں کا گمان ہے جو کافر ہوگئے پس اُن لوگوں کے لیے

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ۝ اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

جو کافر ہوگئے جہنم کی ویل ہے۔ آیا ہم اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۡ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ


زمین میں فساد کرنیوالوں کے برابر سمجھینگے؟ یا پرہیزگاروں کو بدکاروں کی برابر

كَالْفُجَّارِ ۝ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَ

رکھینگے؟ یہ کتاب جسکو ہمنے تمہاری طرف نازل کیا بڑی برکت والی ہے تاکہ وہ اسکے احکام میں غور

لِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ

کریں اور عقلمند نصیحت حاصل کریں۔ اور ہمنے داؤد کو سلیمان جیسا بہترین بندہ عطا کیا بیشک وہ خدا کی



إِنَّهُ أَوَّابٌ ۝ إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ ۝

طرف بڑا رجوع کرنیوالا تھا۔ (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ شام کو قریب اُنکے سامنے خاصے کے اصیل گھوڑے پیش کیے گئے

فَقَالَ إِنِّي أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّي حَتَّىٰ تَوَارَتْ

تو کہنے لگے کہ میں نے مال کی محبت میں اپنے پروردگار کی یاد چھوڑ دی یہانتک کہ (سورج) پردے میں

بِالْحِجَابِ ۝ رُدُّوهَا عَلَيَّ ۖ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوقِ وَالْأَعْنَاقِ ۝

چھپ گیا۔ اُنہیں میرے آگے پھر لوٹا لاؤ پھر اُنہوں نے پنڈلیوں کو اور گردنوں کو چھو کر مسح کیا۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ

اور ہمنے سلیمانؑ کی آزمائش کی اور اُنکی کرسی پر ایک (بیجان) لاشہ ڈالدیا پھر اُنہوں نے

أَنَابَ ۝ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَهَبْ لِي مُلْكًا لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ

رجوع کی۔ عرض کرنے لگے کہ اے میرے پروردگار میری خطائیں بخشدے اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرما کہ میرے

مِنْ بَعْدِي ۖ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي

بعد کسی اور کو میسر نہ آئے بیشک تو بڑا عطا فرمانیوالا ہے۔ پس ہمنے ہوا کو اُنکے تابع کردیا کہ وہ اُنکے حکم سے

بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ ۝ وَالشَّيَاطِينَ كُلَّ بَنَّاءٍ وَ

جہاں وہ چاہتے اُنکو بہ نرمی و بہ آسانی پہنچادیتی تھی۔ اور شیاطین کو اُنکا ماتحت کردیا تھا وہ عمارتیں بنانیوالے تھے

غَوَّاصٍ ۝ وَآخَرِينَ مُقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ ۝ هَٰذَا

اور دریا میں غوطہ لگانیوالے تھے۔ اور کچھ اور تھے جو بیڑیوں میں جکڑے ہوئے تھے۔ یہ ہماری

عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ أَوْ أَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ وَإِنَّ لَهُ عِنْدَنَا

دین ہے اب خواہ دوسروں کو عطا کرو یا بخل کرو اسکی متعلق حساب لیا جائیگا۔ اور بیشک سلیمانؑ کو ہمارے حضور میں

لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ مَآبٍ ۝ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ

قرب بھی حاصل تھا اور نیک انجام بھی۔ اور ہمارے بندہ ایوبؑ کا ذکر کرو جسوقت اُنہوں نے اپنے خدا کو

رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ ۝ ارْكُضْ

پکارا کہ شیطان نے مجھ کو رنج بھی پہنچایا ہے اور دردناک تکلیف بھی۔ (ہمنے جواب دیا کہ) تم زمین پر لات ما

بِرِجْلِكَ ۚ هَٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ ۝ وَوَهَبْنَا لَهُ أَهْلَهُ

پاؤں مارو (فوراً چشمہ جاری ہو گیا اور ہم نے حکم دیا کہ) یہ ٹھنڈا پانی نہانے کیلئے بھی ہے اور پینے کیلئے بھی (تاکہ ظاہر و باطن صاف ہو جائے)

وَمِثْلَهُم مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ۝ وَخُذْ

اور ہم نے انکو اہل و عیال بھی دیئے اور انکے ساتھ اور بھی بڑھا دیئے یہ ہماری طرف سے ایک رحمت تھی اور سمجھداروں کیلئے نصیحت۔ اور اپنے

بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِب بِّهِ وَلَا تَحْنَثْ ۗ إِنَّا وَجَدْنَاهُ صَابِرًا ۚ

ہاتھ میں شاخوں کا ایک مٹھا لیلو اور اُسکے ذریعہ سے مارو اور اپنی قسم جھوٹی نہ کرو بیشک ہم نے اُن کو صابر پایا

نِّعْمَ الْعَبْدُ ۖ إِنَّهُ أَوَّابٌ ۝ وَاذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ

وہ کیسے اچھے بندے تھے بیشک وہ بڑے رجوع کرنیوالے تھے۔ اور ہمارے بندوں ابراہیمؑ و اسحٰقؑ و یعقوبؑ کو

وَيَعْقُوبَ أُولِي الْأَيْدِي وَالْأَبْصَارِ ۝ إِنَّا أَخْلَصْنَاهُم

یاد کرو جو بڑی قوت والے اور بڑی نظر والے تھے۔ ہم نے انکو عاقبت کی یاد

بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۝ وَإِنَّهُمْ عِندَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ

کے واسطے خالص کر لیا تھا۔ اور وہ ہمارے نزدیک چیدہ میں اور نیک بندوں

الْأَخْيَارِ ۝ وَاذْكُرْ إِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ وَكُلٌّ مِّنَ

میں سے تھے۔ اور اسمٰعیلؑ و الیسعؑ اور ذوالکفلؑ کو بھی یاد کرو اور یہ سب کے سب

الْأَخْيَارِ ۝ هَٰذَا ذِكْرٌ ۚ وَإِنَّ لِلْمُتَّقِينَ لَحُسْنَ مَآبٍ ۝

نیک تھے۔ یہ تو ایک یادداشت ہے۔ اور پرہیزگاروں کے لیے انجام ضرور نیک ہے (یعنی)

جَنَّاتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْأَبْوَابُ ۝ مُتَّكِئِينَ فِيهَا

ہمیشہ رہنے کے باغات جنکے دروازے اُن کے لیے کھلے ہوئے ہونگے۔ وہ اُن میں تکیے لگائے بیٹھے ہونگے

يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ ۝ وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ

اور طرح طرح کے میوے اور پینے کی چیزیں اُن میں طلب کرتے ہونگے۔ اور انکے پاس ہم عمر نیچی نگاہ والی

الطَّرْفِ أَتْرَابٌ ۝ هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝

(حوریں) ہونگی۔ یہی تو وہ چیزیں ہیں جنکی بابت حساب کے دن کی متعلق تمسے وعدہ کیے گئے تھے۔

إِنَّ هَٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِن نَّفَادٍ ۝ هَٰذَا ۚ وَإِنَّ لِلطَّٰغِينَ

بیشک یہ ہمارا وہ عطیہ ہے جسکا خاتمہ ہونیوالا نہیں۔ یہی تو ہے۔ اور سرکشوں کے لیے ضرور

لَشَرَّ مَـَٔابٍ ۝ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا ۖ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ هَٰذَا

انجام برا ہے (یعنی) جہنم جس میں وہ داخل ہونگے پس وہ بہت ہی برا بچھونا ہے۔ یہی تو ہے

فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ وَغَسَّاقٌ ۝ وَءَاخَرُ مِن شَكْلِهِ

پس چاہیے کہ اسکو چکھیں کیسا کھولتا پانی ہے اور کیسی پیپ ہے اور اسی شکل کے اور بہت سی گروہ

أَزْوَٰجٌ ۝ هَٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۖ لَا مَرْحَبًا بِهِمْ ۚ

ہونگے۔ یہ فوج کی فوج تمہارے ہی ساتھ گھسنے والی ہے انکو کہیں ٹھکانا نہ ملے۔

إِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ۝ قَالُوا بَلْ أَنتُمْ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ۖ أَنتُمْ

یہ بھی جہنم میں داخل ہونیوالے ہیں۔ وہ کہینگے کہ تم ہی کو کہیں ٹھکانا نہ ملے تم ہی نے تو

قَدَّمْتُمُوهُ لَنَا ۖ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝ قَالُوا رَبَّنَا مَن قَدَّمَ لَنَا

ہمارے لیے پہلے سے یہ تیار کیا ہے تو یہ کیسا برا ٹھکانا ہے۔ پھر عرض کرینگے کہ ای ہمارے پروردگار جسنے یہ رستہ ہمارے لیے

هَٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ۝ وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرَىٰ

پہلے سے تیار کیا تو اسی آگ میں اسکا عذاب دوگنا بڑھا دے۔ اور وہ کہینگے کہ کیا ہو گیا ہے کہ ہم ان لوگوں کو

رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُم مِّنَ الْأَشْرَارِ ۝ أَتَّخَذْنَٰهُمْ سِخْرِيًّا أَمْ

نہیں دیکھتے جنکو ہم بدوں میں سے شمار کیا کرتے تھے۔ آیا انکو ہم نے مسخرہ بنا لیا تھا یا

زَاغَتْ عَنْهُمُ الْأَبْصَٰرُ ۝ إِنَّ ذَٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ

نگاہیں ان سے پھر گئی ہیں۔ بیشک یہ اہل جہنم کا آپس میں لڑنا برحق

النَّارِ ۝ قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنذِرٌ ۖ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ الْوَٰحِدُ

ہے۔ تم کہدو کہ میں تو صرف ایک ڈرانیوالا ہوں اور سوائے خدائے یکتا و زبردست کے کوئی اور معبود

الْقَهَّارُ ۝ رَبُّ السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ

نہیں ہے۔ آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے مابین ہے انکا پروردگار بڑا زبردست (اور)

ع ۱۲

ایسے ہی جھگڑینگے جیسے دنیا میں کیا کرتے تھے ۱۲



ہے سارا دن عرش میں تسبیح خدا کرتے تھے۔ اور سب فرشتوں نے ہماری تسبیح سنکر تسبیح کرنا سیکھا۔ (بقیہ ضمیمہ میں ملاحظہ ہو) ١٢

الْغَفَّارُ ○ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيمٌ ○ أَنتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ ○ مَا

بڑا بخشنے والا ہے۔ تم کہدو کہ وہ ہی تو خبر بزرگ ہے جس سے تم روگرداں ہونیوالے ہو۔ مجھے

كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ○ إِن يُوحَىٰ إِلَيَّ

عالم بالا کی تو خبر تھی نہیں جبکہ وہ آپس میں جھگڑتے تھے۔ مجھے کوئی اور وحی نہیں کیجاتی

إِلَّا أَنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ○ إِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ

بجز اسکے کہ میں کھلا ڈرانیوالا ہوں۔ (اسوقت کو یاد کرو) جبکہ تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں مٹی سے

بَشَرًا مِّن طِينٍ ○ فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي فَقَعُوا

ایک آدمی بنانیوالا ہوں۔ پھر جب میں اسے بنا چکوں اور اس میں اپنی (پیدا کی ہوئی) روح پھونکدوں تو تم اسکے لیے

لَهُ سَاجِدِينَ ○ فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ ○ إِلَّا إِبْلِيسَ

سجدہ میں گر پڑنا۔ پس سب ہی فرشتوں نے تو سجدہ کیا۔ نہ کیا تو ابلیس نے

اسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ ○ قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا مَنَعَكَ أَن

اسنے بڑائی چاہی اور کافروں میں شمار کیا گیا۔ (خداتعالے نے) سوال کیا کہ اے ابلیس جسے میں نے اپنی

تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ كُنتَ مِنَ

قدرت خاص سے پیدا کیا اسے سجدہ کرنے سے تجھ کو کیا چیز مانع آئی کیا تو نے (خودی) بڑائی چاہی یا تو اعلے درجہ والوں میں

الْعَالِينَ ○ قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِي مِن نَّارٍ وَخَلَقْتَهُ مِن

سے ہو گیا؟ عرض کرنے لگا کہ میں اس سے بہتر ہوں تو نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے اور اسکو مٹی سے بنایا

طِينٍ ○ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ ○ وَإِنَّ عَلَيْكَ

ہے۔ فرمایا تو یہاں سے نکل جا کہ تو راندۂ درگاہ ہے اور تجھ پر روز جزا تک

لَعْنَتِي إِلَىٰ يَوْمِ الدِّينِ ○ قَالَ رَبِّ فَأَنظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ

کے لیے میری لعنت ہے۔ عرض کرنے لگا کہ اے میرے پروردگار تو مجھے اس دن تک کی مہلت دیدے جس دن

يُبْعَثُونَ ○ قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِينَ ○ إِلَىٰ يَوْمِ الْوَقْتِ

یہ مبعوث کیے جاینگے۔ فرمایا تجھے وقت معلوم کے دن تک کے لیے مہلت دیگئی ہے

الْمَعْلُومِ ۝ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ إِلَّا عِبَادَكَ

اُسنے عرض کی اب تیری ہی عزت کی قسم اِن میں سے تیرے خالص بندوں کو چھوڑ کر اور تو میں

مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ ۝ قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ ۝ لَأَمْلَأَنَّ

سب ہی کو بہکا دُونگا۔ فرمایا یہ ٹھیک ہے اور میں بھی ٹھیک ہی کہے دیتا ہوں میں بھی تجھ سے اور

جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ

اِن میں سے جو بھی تیرے پیرو ہو جائینگے اُن سب سے جہنم کو پاٹ ہی دونگا۔ تم یہ کہدو کہ میں تو تبلیغ رسالت

عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ

کا کوئی اجر مانگتا ہی نہیں اور نہ میں تکلف کرنیوالا آدمی ہوں۔ یہ تو تمام اہل عالم کے لیے ایک

لِلْعَالَمِينَ ۝ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَأَهُ بَعْدَ حِينٍ ۝

نصیحت ہے۔ اور اسکی واقعی خبر کچھ عرصہ کے بعد تم سب کو ضرور ہی معلوم ہو جائیگی۔

سُورَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَسَبْعُونَ آيَةً

آیاتها ۷۵ — رکوعاتها ۸

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ۝ إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ

اِس کتاب کا اُتارا زبردست حکمت والے خدا کی طرف سے ہے۔ یقیناً ہمنے یہ کتاب تمہارے پاس حق کے

الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصًا لَهُ الدِّينَ ۝ أَلَا لِلَّهِ

ساتھ اُتاری ہے پس تم اطاعت کو خالص کرکے اللہ ہی کی عبادت کرو۔ خبردار ہو کہ اطاعت

الدِّينُ الْخَالِصُ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ

خالص خدا ہی کے لیے ہے اور جن لوگوں نے اُسکے سوا اوروں کو اپنا کارساز بنا لیا ہے (وہ یہ کہتے ہیں کہ)

مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَىٰ إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ

ہم تو اُنکی پرستش صرف اس لیے کرتے ہیں کہ یہ ہمکو خدا سے نزدیک کردیں۔ ضرور خدا تعالیٰ اُن تمام باتوں کو جن میں وہ

فِي مَا هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ كَاذِبٌ

اُس میں اختلاف کیا کرتے ہیں فیصلہ فرما دیگا۔ یقیناً خدا تعالیٰ اُس شخص کی راہبری نہیں فرماتا جو جھوٹا (ہو)

كَفَّارٌ ۝ لَوْ أَرَادَ اللَّهُ أَنْ يَتَّخِذَ وَلَدًا لَاصْطَفَىٰ مِمَّا يَخْلُقُ

(اور) بڑا ناشکرا ہو۔ اگر اللہ یہ چاہتا کہ کوئی بیٹا بنائے تو جو کچھ وہ پیدا کرتا ہے اُس میں سے جسے چاہتا

مَا يَشَاءُ ۚ سُبْحَانَهُ ۖ هُوَ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ

منتخب کر لیتا اُسکی ذات ایسی باتوں سے منزہ ہے۔ وہ یکتا کو زبردست خدا ہے۔ اُسنے آسمانوں کو اور زمین کو

وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۖ يُكَوِّرُ اللَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ

ٹھیک ٹھیک پیدا کیا وہ رات کو دن پر ڈھانپ دیتا ہے اور دن کو

عَلَى اللَّيْلِ ۖ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ

رات پر اور اُسنے سورج کو اور چاند کو کام میں لگا دیا ہے ہر ایک وقت معین تک چلتا رہتا ہے

مُسَمًّى ۗ أَلَا هُوَ الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ ۝ خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ

خبردار رہو وہ سب پر غالب (اور) بڑا بخشنے والا ہے۔ اُسی نے تم کو ایک ذاتِ واحد سے پیدا کر دیا

ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَأَنْزَلَ لَكُمْ مِنَ الْأَنْعَامِ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ

پھر اُسی (کی بچی ہوئی مٹی) سے اُسکا جوڑا بنا دیا اور تمہارے واسطے چوپایوں کی آٹھ جوڑ اُتار دیے

يَخْلُقُكُمْ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ خَلْقًا مِنْ بَعْدِ خَلْقٍ فِي ظُلُمَاتٍ

وہ تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ میں تین اندھیریوں میں اس طرح پیدا کرتا ہی کہ ایک حالت کے بعد دوسری حالت (آتی)

ثَلَاثٍ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ

چلی جاتی ہے) وہی اللہ تمہارا پروردگار ہے اُسی کو ہر طرح کا اختیار ہے اُسکے سوا کوئی معبود نہیں پھر تم کدھر

تُصْرَفُونَ ۝ إِنْ تَكْفُرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۖ وَلَا يَرْضَىٰ

پھرے جاتے ہو اگر تم کفرانِ نعمت کرو تو اللہ تم سے بے پروا ہے اور وہ اپنی بندوں کے لیے

لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۖ وَإِنْ تَشْكُرُوا يَرْضَهُ لَكُمْ ۗ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ

کفرانِ نعمت کو پسند نہیں کرتا اور اگر تم شکر کرو تو وہ اُسکو تمہاری لیے پسند کریگا اور کوئی اُٹھانیوالا کسی دوسرے کا

وِّزْرَ اُخْرٰی ؕ ثُمَّ اِلٰی رَبِّکُمْ مَّرْجِعُکُمْ فَیُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ

بوجھ نہ اٹھائیگا پھر تم سب کی بازگشت تمہارے پروردگار کی طرف ہوگی پھر جو کچھ تم عمل کیا کرتے تھے اس سے

تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ وَ اِذَا مَسَّ

وہ تمکو آگاہ کردیگا۔ یقیناً وہ دلوں کے حال سے خوب واقف ہے اور انسان پر جب کوئی

الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِیْبًا اِلَیْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً

مصیبت پڑتی ہے تو وہ اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرکے دعا مانگنے لگتا ہے پھر جب وہ اسے اپنی طرف سے کوئی نعمت

مِّنْهُ نَسِیَ مَا کَانَ یَدْعُوْۤا اِلَیْهِ مِنْ قَبْلُ وَ جَعَلَ لِلّٰهِ

عطا فرما دیتا ہے تو جس بات کیلیے دعا مانگا کرتا تھا اسے بھول جاتا ہے اور خدا کے شریک بنانے لگتا ہے

اَنْدَادًا لِّیُضِلَّ عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ بِکُفْرِکَ قَلِیْلًا ۖۗ اِنَّکَ

تاکہ اور لوگوں کو راہ خدا سے بھٹکا دے۔ تم یہ کہدو کہ تو اپنے کفر سے تھوڑے دن نفع اٹھالے تو یقیناً

مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۝ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّیْلِ سَاجِدًا وَّ

جہنمیوں میں سے ہے۔ آیا وہ جو رات کی گھڑیوں میں سجدہ میں اور کھڑے کھڑے خلوص سے

قَآئِمًا یَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَ یَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ یَسْتَوِی

دعا کرنیوالا ہو اور آخرت سے ڈرتا ہو اور اپنے پروردگار کی رحمت کا امیدوار ہو (مذکورہ بالا شخص کی مانند ہوسکتا ہے؟)

الَّذِیْنَ یَعْلَمُوْنَ وَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا یَتَذَکَّرُ اُولُوا

تم یہ کہدو کہ کیا وہ جو علم رکھتے ہیں اور وہ جو علم نہیں رکھتے برابر ہو جائینگے؟ سمجھتے تو اسکو فقط عقل والے ہی

الْاَلْبَابِ ۝ قُلْ یٰعِبَادِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّکُمْ ؕ لِلَّذِیْنَ

ہیں۔ تم یہ کہدو کہ اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو تم اپنے پروردگار سے ڈرو ان لوگوں کیلیے

اَحْسَنُوْا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا حَسَنَةٌ ؕ وَ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ

جنہوں نے نیکی کی اس دنیا میں بھی خوبی ہے اور اللہ کی زمین بڑی وسیع ہے۔

اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝ قُلْ اِنِّیْۤ اُمِرْتُ

سوا اسکے نہیں کہ صبر کرنیوالوں کو انکا اجر بلاحساب پورا پورا دیا جائیگا۔ تم یہ کہدو کہ مجھے یہ حکم دیا گیا ہے

ع ۱ ۹ ۱۵

سیدھی جنت کے دروازے پر آدھمکینگی اور بدروازہ کھٹ کھٹانے لگیں گے۔ پوچھا جائیگا تم کون ہو؟ وہ کہینگے ہم اہل الصبر ہیں۔ دریافت کیا جائیگا کہ تم نے کس چیز پر صبر کیا تھا

أَنْ أَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝ وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُوْنَ أَوَّلَ

کہ میں خدا کی عبادت کروں اور اُسی کیلیے اطاعت کو خالص کرلوں۔ اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں پہلا فرمانبردار

الْمُسْلِمِيْنَ ۝ قُلْ إِنِّيْ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ

(ثابت) ہو جاؤں۔ تم یہ کہدو کہ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے دن کے عذاب کا

عَظِيْمٍ ۝ قُلِ اللّٰهَ أَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهُ دِيْنِيْ ۝ فَاعْبُدُوْا مَا

اندیشہ ہے۔ تم یہ کہدو کہ میں اللہ ہی کی عبادت کرتا ہوں اور اُسی کیلیے اپنی اطاعت خالص کئے رہتا ہوں پس تم

شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ۭ قُلْ إِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْا

اُسکے سوا جس کی چاہو عبادت کرو۔ تم یہ کہدو کہ حقیقی نقصان اُٹھانیوالے وہی ہیں جو قیامت کے

أَنْفُسَهُمْ وَأَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ أَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ

دن اپنے آپ کو اور اپنی اہل (و عیال) کو نقصان پہنچائینگے۔ خبردار رہو کھلا نقصان یہی تو

الْمُبِيْنُ ۝ لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ۭ

ہے۔ اُنکے لیے اُنکے اوپر کی طرف سے بھی آگ کی چھتیں ہونگی اور اُنکے نیچے کی طرف سے بھی چھتیں

ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ۭ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ۝ وَالَّذِيْنَ

کی تہیں (ہونگی) یہی تو (وہ عذاب) ہے جس سے خدا اپنے بندوں کو ڈراتا رہتا ہے۔ اے میرے بندو بس تم مجھ ہی سے ڈرو۔ اور جو لوگ

اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ أَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَأَنَابُوْا إِلَى اللّٰهِ لَهُمُ

طاغوت سے بچتے رہے کہ اُسکی عبادت نہ کریں اور خدا کی طرف رجوع کرتے رہے بشارت اُنہی کیلیے

الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ

ہے پس تم میرے اُن بندوں کو جو بات کو غور سے سنتے رہے اور اُن میں سے سب سے بہتر کی پیروی

أَحْسَنَهٗ ۭ أُولٰۤئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَأُولٰۤئِكَ هُمْ

کرتے رہے یہ خوشخبری سنادو کہ وہ وہی ہیں جنکو خدا تعالیٰ نے ہدایت فرمائی اور وہی

أُولُوا الْأَلْبَابِ ۝ أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ۭ أَفَأَنْتَ

عقلمند ہیں۔ کیا وہ شخص جس پر حکم عذاب ٹھیک اُتر (قابل بشارت ہو سکتا ہے) کیا تم اُسکو جو

کہ اللہ نے اپنی کتاب میں اہل عقل و فہم کو بشارت دی ہے چنانچہ فرمایا ہے فَبَشِّرْ عِبَادِ الخ اور جناب امام جعفر صادق

تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ۝ لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ

جہنم میں پہنچ چکا ہو چھڑا سکتے ہو۔ لیکن وہ لوگ جو اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے اُنکے لیے بلند مکان

مِنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَبْنِيَّةٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

ہونگے اور اُنکے اوپر اور اُونچے مکان بنے ہوئے ہونگے جنکے نیچے ندیاں بہتی ہونگی۔

وَعْدَ اللَّهِ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ

یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے

مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَلَكَهُ يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ

پانی اُتارا پھر زمین میں اُس کے چشمے بنا کر جاری کر دیا پھر اُسکے ذریعہ سے رنگ برنگ

بِهِ زَرْعًا مُخْتَلِفًا أَلْوَانُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهُ

کی کھیتی پیدا کرتا ہے پھر وہ خشک ہونے لگتی ہے پھر تم اُسکو زرد ہوا دیکھ لیتے ہو پھر وہ اُسکو کھلیان

حُطَامًا إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِأُولِي الْأَلْبَابِ ۝ أَفَمَنْ شَرَحَ

کر دیتا ہے بیشک عقلمندوں کے لیے اس میں بڑی نصیحت موجود ہے کیا وہ شخص جسکے سینے کو

اللَّهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ عَلَىٰ نُورٍ مِنْ رَبِّهِ فَوَيْلٌ

اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہے وہ اپنے پروردگار کی طرف سے نور (ہدایت) پر ہے (یا کوئی اور؟) پس افسوس

لِلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ مِنْ ذِكْرِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝

اُن لوگوں پر ہے جنکے دل یادِ خدا کرنے سے سخت ہو گئے ہیں وہی تو کھلی گمراہی میں ہیں۔

اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا مُتَشَابِهًا مَثَانِيَ

اللہ ہی تو ہے جسنے اچھی سے اچھی بات نازل فرمائی ہے (یعنی) ایک کتاب جسکی آیتیں ایک دوسری سے ملتی جلتی ہیں اور بعض

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ

مکرر آتی ہیں اُس سے جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اُنکے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں پھر اُنکے جسم اور اُنکے

جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ

دل نرم ہو جاتے ہیں (اور) خدا کی یاد کی طرف مائل ہو جاتے ہیں یہی تو خدا کی ہدایت ہے جسکو وہ چاہتا

يَهْدِي بِهِ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ○

جسکو وہ چاہتا ہے ہدایت فرما دیتا ہے اور جس سے خدا تعالیٰ توفیق ہدایت سلب کر لے تو اسکا راہبر کوئی نہیں ہوتا۔

أَفَمَنْ يَتَّقِي بِوَجْهِهِ سُوءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ وَقِيلَ

پھر آیا وہ شخص جو اپنی ذات کو قیامت کے دن بڑی سے بڑی عذاب سے بچالے (اس سے محفوظ رہنے والے کے برابر ہو سکتا ہے؟) اور ظالم

لِلظَّالِمِينَ ذُوقُوا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُونَ ○ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ

نافرمانوں سے (اس دن) یہ کہا جائیگا کہ تم جو کچھ کیا کرتے تھے اب اسکا مزا چکھو۔ جو لوگ ان سے پہلے گزر چکے ہیں انہوں نے (بھی پیغمبروں کو)

قَبْلِهِمْ فَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ○

جھٹلایا پس ان پر عذاب بھی اس طرح آیا کہ یہ کچھ نہ سمجھے۔

فَأَذَاقَهُمُ اللَّهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ

پس اللہ نے زندگانی دنیا میں تو ان کو رسوائی کا مزا چکھایا اور آخرت کا عذاب

الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ○ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي

اور بڑھا ہوا ہے کاش یہ اسے سمجھتے! اور ہم نے آدمیوں کے لیے اس قرآن میں ہر طرح

هَٰذَا الْقُرْآنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ○ قُرْآنًا

کی مثل بیان کی تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں یہ قرآن عربی زبان میں

عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِي عِوَجٍ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ○ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا

ہے ہر طرح کی کجی سے بری ہے (جسکی غرض یہ ہے) کہ وہ (خدا سے) ڈریں۔ خدا نے مثل بیان کی ہے ایک ایسے

رَجُلًا فِيهِ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُونَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِرَجُلٍ هَلْ

مرد کی جس میں کئی ایک جھگڑالو حصہ دار ہوں اور ایک ایسے مرد کی جو سالم اور خالص ایک ہی شخص کا ہو۔ آیا


يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا ۚ الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○ إِنَّكَ مَيِّتٌ

مثل میں دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ ہر قسم کی تعریف خدا ہی کے لیے (زیبا) ہے مگر ان میں سے اکثر یہی نہیں جانتے۔ تم بھی یقیناً مرنیوالے ہو

وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ ○ ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُونَ ○

اور یہ بھی ضرور مرنیوالے ہیں۔ پھر قیامت کے دن تم سب کے سب ضرور اپنے پروردگار کے پاس جھگڑتے ہوئے آؤ گے۔

ع ۳ / ۱۷



فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ

پس اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو خدا کے برخلاف جھوٹ بولے اور سچ کو جب اُسکے پاس

بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝

آئے جھٹلائے کیا کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے؟

وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ

اور وہ جو سچ کو لیکر آیا اور وہ جس نے اُسکی تصدیق کی (خدا سے) ڈرنیوالے

الْمُتَّقُوْنَ ۝ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا

وہی تو ہیں۔ اُنکے لیے اُنکے پروردگار کے پاس جو کچھ وہ چاہینگے موجود ہے نیکوکاروں کا بدلہ

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَ

یہی تو ہے۔ تاکہ جو بڑی سے بڑی بدی اُنہوں نے کی تھی اُس (کے وبال) کو خدا اُٹھالے اُن سے دور کردے اور

يَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

جو عمل (بھی) وہ کیا کرتے تھے اُسکے عوض میں کہیں زیادہ اچھا بدلہ اُن کو دے۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ

کیا اللہ اپنے بندے کے لیے کافی نہیں ہے؟ حالانکہ وہ تمہیں اُن کے ذریعے سے ڈراتے ہیں جو اُسکے سوا ہیں

وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا

اور جس سے خدا تعالیٰ توفیقِ ہدایت سلب کرلیتا ہے اُسکا کوئی راہبر نہیں ہوتا۔ اور جسے خدا ہدایت فرمادیتا ہے اُسکا کوئی

لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ۝ وَلَئِنْ

بھٹکانیوالا نہیں ہے کیا اللہ زبردست (اور) انتقام لینے والا نہیں ہے؟ اور اگر تم اُن سے یہ

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ

دریافت کروگے کہ آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کسنے کیا ہے؟ تو وہ ضرور یہ کہدینگے کہ اللہ نے۔

قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ

تم کہدو کہ بھلا دیکھو تو تمہاری سمجھ میں یہ آتا ہے کہ اگر اللہ مجھے کوئی نقصان پہنچانا چاہے تو جنکو تم اللہ کے سوا پکارا کرتے ہو

يَضُرُّهٖ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ

آیا یہ اُسکے نقصان کو رفع کر سکیں گے؟ یا وہ مجھ پر رحمت نازل کرنی چاہے تو آیا یہ اسکی

هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ

رحمت کو روک سکیں گے؟ چونکہ ایسا نہیں ہے لہٰذا تم کہدو کہ میرے لیے تو اللہ ہی کافی ہے بھروسہ کرنے والے اُسی پر

الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ

بھروسہ کیا کرتے ہیں۔ تم یہ کہدو کہ اے میری قوم تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں (اپنا) کام کر رہا

عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ

ہوں آگے چلکر تم یہ معلوم کر ہی لوگے۔ کہ وہ کون ہے جسپر ایسا عذاب آتا ہے کہ اُسکو ذلیل کردے

وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ○ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

اور اُسی پر پائدار عذاب (بھی) نازل ہوتا ہے۔ بیشک ہمنے تم پر یہ برحق کتاب لوگوں کے فائدہ کے لیے

لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا

نازل کی ہے۔ پس جو شخص ہدایت یافتہ ہوگا تو اپنی ہی ذات کو نفع کرلیگا اور جو بھٹک جائیگا تو وہ اپنی ہی ذات

يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ○ ع ۴ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى

کو ضرر پہنچانے کیلیے بھٹکیگا اور تم اِن کے نگہبان نہیں ہو۔ اللہ جانوں کو اُنکی موت

الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ

کے وقت لے لیتا ہے اور جو نہیں مرے ہیں اُن کی سونیکے وقت (لے لیتا ہے)۔

فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى

پس جن پر موت کا حکم صادر کرچکا ہے اُنکو تو روک رکھتا ہے اور دوسرے کو ایک وقت معین تک کے لیے

اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ○

بھیجدیتا ہے۔ بیشک اِس میں اُن لوگوں کے لیے جو غور و فکر کریں نشانیاں (موجود) ہیں۔

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا

آیا اُنہوں نے خدا کے سوا اور سفارشی بنا لیے ہیں؟ تم یہ کہدو کہ اگر وہ کسی چیز پر اختیار

المنزل ۶

نہیں دیا تو اُنکی باچھیں کھل جاتی ہیں۔ قولِ مترجم:۔ ہم اپنے زمانہ میں مخالفینِ آلِ محمدؐ کی یہی حالت پاتے ہیں کہ جب علیؑ

[illegible]

لَا يَمْلِكُونَ شَيْئًا وَلَا يَعْقِلُونَ ۝ قُل لِّلَّهِ الشَّفَاعَةُ

نہ رکھتے ہوں اور کوئی بات بھی نہ سمجھتے ہوں۔ تو بھی اِنہی کو سفارشی بناؤ گے؟ تم یہ کہدو کہ شفاعت تو پوری پوری اللہ ہی

جَمِيعًا ۖ لَّهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ ثُمَّ إِلَيْهِ

کے ہاتھ ہے اُسی کو آسمانوں کا اختیار حاصل ہے اور اُسی کو زمین کا پھر اُسی کی طرف تمہاری بازگشت

تُرْجَعُونَ ۝ وَإِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ

(بھی) ہوگی۔ اور جب وقت خدائے یکتا کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن لوگوں کے دل جو آخرت پر

الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ ۖ وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِن

ایمان نہیں رکھتے متنفر ہو جاتے ہیں اور جب اُنکا ذکر کیا جاتا ہے جو اُس کے ماورا

دُونِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ۝ قُلِ اللَّهُمَّ فَاطِرَ

ہیں تو وہ خوشی کے مارے پھولے نہیں سماتے۔ تم یہ کہدو کہ اے اللہ! اے آسمانوں کے

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنتَ

اور زمین کے پیدا کرنیوالے! اے چھپی اور کھلی کے جاننے والے! تو ہی اپنے بندوں

تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ وَلَوْ

کے مابین اُن تمام معاملات میں فیصلہ فرمائیگا جن جن میں وہ اختلاف کیا کرتے ہیں۔ اور اگر اُن

أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ

لوگوں کے اختیار میں جو نافرمانی کیا کرتے ہیں زمین میں جو کچھ ہے یہ سب ہو اور اتنا ہی اُسکے ساتھ اور ہو

مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِن سُوءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ

تو قیامت کے دن عذاب کی سختی کے مقابلے میں وہ اُس (سب) کو بطورِ فدیہ دیدیتے۔

وَبَدَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ

اور اللہ کی طرف سے اُنکے بارے میں وہ کچھ ظاہر ہوگا جسکا وہ گمان بھی نہ کرتے تھے۔ اور جو برے افعال وہ

سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ

کیا کرتے تھے اُنکی برائیاں اُن پر صاف کھل جائینگی اور جس (عذاب) کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے ہیں وہی

ل وَإِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَحْدَهُ الخ تفسیرِ قمی میں ہے کہ یہ آیت فلاں اور فلاں کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ کافی میں ہے کہ جنابِ

[illegible]

[illegible]

میں جناب رسالت مآبؐ سے منقول ہے کہ یہ آیت مجھے دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہے۔

يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ

انکو آ گھیریگا۔ پس جس وقت انسان پر کوئی تکلیف آپڑتی ہے تو وہ ہم سے دعا کرنے لگتا ہے پھر جب

اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ

ہم اسکو اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا کرتے ہیں تو کہدیتا ہے کہ یہ تو مجھے اپنے علم کی بدولت میسر آئی ہے۔

بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ قَدْ قَالَهَا

حقیقت میں یہ تو آزمائش ہے لیکن اُن میں سے اکثر جانتے ہی نہیں۔ اِنسے جو پہلے تھے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○

وہ بھی ایسا ہی کہا کرتے تھے پس جو کچھ انہوں نے کمایا تھا اُسنے انکو کوئی فائدہ نہ پہنچایا۔

فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۭ وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ

پھر جو (جو) افعال انہوں نے کیے تھے انکی تکلیفیں انکو پہنچیں اور ان میں سے جو نافرمان رہے عنقریب انکے

هٰٓؤُلَاۗءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا هُمْ

افعال کی برائیاں اُن کو پہنچینگی اور وہ خدا کو عاجز

بِمُعْجِزِيْنَ ○ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

نہ کر سکینگے۔ کیا وہ اتنا بھی نہیں جانتے کہ یقیناً اللہ جسکے لیے چاہتا ہے رزق کو وسیع کر دیتا ہے

يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ ع

اور (جسکے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔ بیشک اِس میں اُن لوگوں کیلئے جو ایمان لاتے ہیں نشانیاں موجود ہیں۔

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا

تم یہ کہدو کہ اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی ہی ذات پر زیادتی کی ہے (یعنی دل کھول کر گناہ کیے ہیں) تم اللہ کی رحمت

مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ

سے مایوس نہ ہونا یقیناً اللہ سب ہی گناہوں کو بخشدیگا بیشک وہ بڑا

هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ

بخشنے والا (اور) رحم کرنیوالا ہے۔ اور تم لوگ اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور قبل اِسکے کہ تم پر

جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ خدا تعالے نے یہ آیت خاصکر فاطمہ زہرا کی اولاد کے شیعوں کی شان میں نازل فرمائی ہے المواہب

مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ○ وَاتَّبِعُوْٓا

عذاب آنے اُسی کے مطیع رہو (ورنہ) پھر تمہاری کوئی مدد نہ کی جائیگی۔ اور جو کچھ تمہارے

اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ

پروردگار کی طرف سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہی اُس میں سے اچھی سے اچھی بات کی پیروی کرتے رہو

يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ○ اَنْ

قبل اِس کے کہ عذاب تمکو یکایک آلے اور تمکو خبر تک نہ ہو۔ (کہ) کوئی اُس

تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْبِ اللّٰهِ وَ

وقت کہنے لگے ہائے افسوس میں نے جنب اللہ کے بارے میں یہ کیسی کمی کی! اور میں

اِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ○ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ

ہمیشہ ہنسی کی ہنسی اڑانیوالوں میں رہا! یا یہ کہنے لگے کہ اگر اللہ مجھے ہدایت

هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ○ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ

فرماتا تو میں (بھی) ڈرنیوالوں میں سے ہوجاتا۔ یا جس وقت عذاب کو دیکھے

تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ

یہ کہے کاش میرے لیے بازگشت ہوتی تو میں بھی نیکوکاروں میں سے

الْمُحْسِنِيْنَ ○ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا

ہوجاتا (جواب ملیگا کہ ہاں) ہاں تیرے پاس میری آیتیں مرد آئی تھیں پھر تو نے اُن کو

وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ○ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

جھٹلایا تھا اور تو ہی بڑا بننا چاہا تھا اور تو انکار کرنیوالوں میں سے تھا۔ اور قیامت کے دن تم

تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ

اُن لوگوں کو جنہوں نے خدا کے برخلاف جھوٹ بولا ہوگا دیکھوگے کہ اُنکے چہرے سیاہ ہونگے

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ○ وَيُنَجِّي اللّٰهُ

کیا تکبر کرنیوالوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے؟ اور اللہ تعالٰے اُن لوگوں کو

الَّذِينَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوءُ وَلَا هُمْ

جو ڈرتے رہے بامراد بنا کر نجات دیگا نہ کوئی تکلیف انکو پہنچیگی اور نہ وہ

يَحْزَنُونَ ۝ اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

رنجیدہ رہینگے۔ خدا (ہی) ہر چیز کا پیدا کرنیوالا ہے اور وہی ہر چیز کا کارساز

وَكِيلٌ ۝ لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالَّذِينَ

ہے۔ آسمانوں کی اور زمین کی کنجیاں اُسی کے ہاتھ ہیں اور جنہوں نے

كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ قُلْ

اللہ کی نشانیوں کا انکار کردیا ٹوٹا پانیوالے تو وُہی ہیں۔ تم یہ کہدو کہ

أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَأْمُرُونِّي أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ ۝ وَلَقَدْ

اے جاہلو! کیا تم مجھے یہ حکم دیتے ہو کہ میں اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت کروں؟ حالانکہ خود

أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ

میری طرف اور جو مجھ سے پہلے تھے اُنکی طرف یہ وحی یقینی کی جاچکی ہے کہ اگر تمنے شرک کیا تو

لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝ بَلِ اللَّهَ

تمہارے عمل ضرور مٹ جائینگے اور تم ضرور نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہوجاؤ گے۔ لہذا صرف خدا

فَاعْبُدْ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِينَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ

ہی کی عبادت کیا کرو اور شکر گزاروں میں سے ہوجاؤ۔ اور اُنہوں نے عظمتِ خدا کا اندازہ ہی نہیں کیا

قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

جیسا کہ اُسکی اندازہ کرنیکا حق ہے حالانکہ قیامت کے دن ساری زمین اُسی کی ملکیت ہوگی

وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا

اور آسمان اُسکے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوئے ہونگے جن چیزوں کو یہ اُسکا شریک گردانتے ہیں اُنسے اُسکی

يُشْرِكُونَ ۝ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ

ذات منزہ و برتر ہے۔ اور (پہلی مرتبہ) صور پھونکا جائیگا تو جو آسمانوں میں ہیں وہ (بھی) (مرکر) گر پڑینگے

وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللَّهُ ۖ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَىٰ

اور جو زمین میں ہیں وہ (بھی) سوائے اُنکے جنکو اللہ چاہے پھر اُس میں دوبارہ پھونک ماری جائیگی

فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُونَ ○ وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ

تو یکایک وہ سب کھڑے ہوکر (اِدھر اُدھر) دیکھنے لگینگے ۔ اور زمین اپنے مالک کے نور سے روشن

بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتَابُ وَجِيءَ بِالنَّبِيِّينَ

ہوجائیگی اور نوشتے رکھ دیے جائینگے اور نبی اور گواہ حاضر

وَالشُّهَدَاءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا

کیے جائینگے اور اُنکے مابین ٹھیک ٹھیک فیصلہ کیا جائیگا اور اُن پر کوئی ظلم

يُظْلَمُونَ ○ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَا عَمِلَتْ وَهُوَ أَعْلَمُ

نہ کیا جائیگا ۔ اور ہر نفس کو جو کچھ وہ کرچکا ہے اُسکا پورا پورا بدلہ دیا جائیگا اسلیے کہ جو کچھ وہ

بِمَا يَفْعَلُونَ ○ وَسِيقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ

کیا کرتے ہیں وہ اُس سے خوب واقف ہے ۔ اور جو کافر ہو چکے وہ ایک غول بناکر جہنم کی طرف ہنکا دیے

ع ۷

زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ

جائینگے یہانتک کہ جب وہ اُسکے پاس پہنچینگے تو اُسکے دروازے کھولدیے جائینگے اور اُسکے نگہبان

لَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِنْكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ

اُنسے یہ کہینگے کہ کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے کچھ پیغامبر نہیں آئے تھے جو تمکو تمہارے پروردگار

آيَاتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا ۚ

کی آیتیں پڑھکر سناتے اور تمکو تمہارے اِس دن کی پیش آمد سے ڈراتے

قَالُوا بَلَىٰ وَلَٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِينَ ○

وہ کہینگے کہ ہاں آئے تو ضرور تھے لیکن (ہمنے نہ مانا اور) کافروں پر عذاب کا کلمہ پورا اُترا ۔

قِيلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۖ

کہا جائیگا کہ جہنم کے پھاٹکوں میں جا گھسو ہمیشہ اسی میں رہنا

فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ۝ وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا
سو تکبر کرنیوالوں کا ٹھکانا کیسا برا ہوگا! اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے
رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوهَا وَفُتِحَتْ
تھے اُن (کی سواریوں) کو دل کے دل جنت کی طرف (باعزاز) بھیجے جائینگے یہاں تک کہ جب وہ اسکے پاس پہنچینگے اور
أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ
اسکے دروازے کھولدیے جائینگے اور اسکے نگہبان اُنسے کہینگے سلام علیکم آپ لوگ تو طیب وطاہر ہوگئے اب ہمیشہ
فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ ۝ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي صَدَقَنَا
رہنے کیلیے اس میں (تشریف لے) چلیے اور وہ کہینگے سب تعریف اُسی خدا کی لیے زیبا ہے جسنے ہم سے اپنا وعدہ
وَعْدَهُ وَأَوْرَثَنَا الْأَرْضَ نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ
سچا کر دکھایا اور ہم کو اس زمین کا وارث کردیا کہ ہم اس جنت میں جہاں چاہیں رہیں سہیں
نَشَاءُ ۖ فَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ۝ وَتَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّينَ
تو نیک عمل کرنیوالوں کا اجر کتنا اچھا ہے! اور تم فرشتوں کو دیکھوگے کہ عرش کو
مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۖ وَقُضِيَ
گرداگرد سے گھیرے ہوئے اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح پڑھتے ہونگے اور اُنکے مابین
بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝
ٹھیک ٹھیک فیصلہ کیا جائیگا اور یہی کہا جائیگا (کہ) ہر طرح کی تعریف تمام عالموں کے پروردگار اللہ ہی کو (زیبا) ہے

ربع ۵

سُورَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسٌ وَثَمَانُونَ آيَةً

آیاتہا ۸۵ — رکوعاتہا ۹ — کلماتہا ۱۲۴۲ — حروفہا ۵۲۱۳

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حم ۝ تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ
حٰم۔ اس کتاب کا اُتارا صاحب علم (اور) زبردست خدا ہی کی طرف

الْعَلِيمِ ۙ غَافِرِ الذَّنبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ

ہے ۔ جو گناہ کا بخشنے والا ہے اور توبہ کا قبول کرنیوالا سخت عذاب دینے والا

الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝

(بھی) ہے (اور) فضل و کرم والا (بھی) اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے اسکی بازگشت اُسی کی طرف ہے۔

مَا يُجَادِلُ فِي آيَاتِ اللَّهِ إِلَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَلَا

سوائے اُن لوگوں کے جو کافر ہو گئے خدا کے احکام میں کوئی اور نہیں جھگڑتا سو تمکو اُنکا

يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

شہروں میں چلنا پھرنا دھوکے میں نہ ڈالے اِن سے پہلے نوحؑ کی قوم نے (بھی)

قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِن بَعْدِهِمْ ۖ وَهَمَّتْ

تکذیب کی تھی اور اُن کے بعد اور گروہوں نے (بھی) اور ہر ہر امت نے

كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ ۖ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ

اپنے اپنے رسول کی نسبت یہ ارادہ کیا تھا کہ اُسے گرفتار کریں اور باطل کے ذریعے سے وہ جھگڑتے تھے

لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ

کہ اُس سے حق کو زائل کر دیں تب میں نے اُنکو دھر پکڑا تو پھر میرا عذاب کیسا

عِقَابِ ۝ وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

رہا؟ اور اِسی طرح تمہارے پروردگار کا کلمہ اُن لوگوں کے برخلاف

الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ ۝ الَّذِينَ

جو کافر ہو گئے پورا اُتریگا کہ وہ جہنمی ہیں۔ جو (فرشتے)

يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ

عرش کو اُٹھائے ہوئے ہیں اور جو اُسکے گرداگرد ہیں وہ (برابر) اپنے رب کی حمد کی تسبیح پڑھتے

رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا

رہتے ہیں اور اُسی پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں اُنکے لیے مغفرت طلب کرتے رہتے ہیں

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ

(اور یہ کہتے رہتے ہیں کہ) اے ہمارے پروردگار تیری رحمت اور تیرا علم ہر چیز پر حاوی ہے پس جن لوگوں نے

تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ○

توبہ کرلی ہو اور وہ تیری راہ پر چلتے ہیں اُنکے گناہ بخشدے اور اُنکو جہنم کے عذاب سے بچالے۔

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ

(اور) اے ہمارے پروردگار اُنکو ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں جنکا تونے اُن سے وعدہ کیا ہے داخل فرما کر

صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ

اور اُنکے باپ داداؤں میں سے اور اُنکی ازواج میں سے اور اُنکی اولاد میں سے جو جو نیک ہوں اُنکو بھی۔ بالتحقیق تو بڑا

اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ

زبردست (اور) حکمت والا ہے اور اُنکو تکلیفوں سے بچالے اور جسکو تونے

تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ

اُس دن تکلیفوں سے بچالیا اُسی پر تو یقیناً رحمت فرمائی اور یہی تو بڑی

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ ع ۹ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ

کامیابی ہے۔ جو لوگ کافر ہوگئے تھے اُن سے یقیناً آواز دیکر کہدیا جائیگا کہ خدا کی

لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ

ناراضی اُس سے کہیں زیادہ ہے جتنا کہ تم اپنے آپ سے ناراض ہو کہ تمکو ایمان کی طرف

اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ○ قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا

بلایا جایا کرتا تھا (پھر بھی) تم انکار کر دیا کرتے تھے۔ وہ عرض کرینگے کہ پروردگارا تونے تو ہمکو

اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا

دو دفعہ مارا اور دو ہی مرتبہ جلایا پھر ہم نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا تو اب (بھی) اِس

فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ○ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗۤ اِذَا

عذاب سے نکلنے کی کوئی سبیل ہے؟ (جواب ملیگا کہ) بات تو یہی ہے کہ جب خدائے یکتا

دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ۭ

کو پکارا جاتا تھا تب تو تم انکار کیا کرتے تھے اور اگر اُسکے ساتھ کسی کو شریک کیا جاتا تھا تو تم

فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ○ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

ایمان لے آیا کرتے تھے سو اب تو حکومت خدائے بزرگ و برتر ہی کی ہے۔ وہ وہی تو ہے جو تمکو اپنی نشانیاں دکھلاتا ہے

وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ رِزْقًا ۭ وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا

اور آسمان سے تمہارے لیے رزق نازل کرتا ہے اور اِس سے نصیحت تو وہی حاصل کرتا ہے جو غور و

مَنْ يُّنِيْبُ ○ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ

فکر سے رجوع کرتا ہے۔ پس (اب) تم اللہ ہی کے لیے دین خالص کرکے اُسے پکارو گو کافروں

كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ○ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي

کو بُرا لگے (خدا تعالیٰ) بڑے درجوں والا (اور) عرش والا ہے اپنے بندوں میں

الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ

سے اپنے حکم سے جسکو چاہتا ہے روح (قدس) کے ذریعے سے فیض پہنچاتا ہے تاکہ وہ بندہ (لیا)

يَوْمَ التَّلَاقِ ○ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۵ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ

کے دن سے لوگوں کو ڈرائے۔ جس دن کہ وہ سب (قبروں سے) نکل آئینگے اللہ پر اُنکی کوئی بات پوشیدہ

مِنْهُمْ شَيْءٌ ۭ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۭ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ

نہ ہوگی (سوال کیا جائیگا کہ) آج سلطنت کسکی ہے؟ (جواب دیا جائیگا کہ) خدائے یکتا و زبردست

الْقَهَّارِ ○ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ۭ

کی۔ (پھر ندا دیجائیگی کہ) آج ہر نفس کو اُسکے کیے کا بدلہ ملیگا

لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○ وَ

آج (ذرا) بے انصافی نہیں ہی یقیناً اللہ بڑا جلد حساب لینے والا ہے۔ اور

اَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ

اُنکو قریب آنیوالے دن سے ڈراؤ جبکہ مارے رنج و غم کے دل حلقوم کے پاس

تفسیر حقانی میں ہی کہ یہ بھی قیامت کا ایک نام ہے۔ اور ازفة۔ ازوف سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں قرب ۱۲

لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۥ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ

(یعنی کلیجے منہ کو) آجائینگے (اور) ظالموں کا نہ کوئی سرگرم دوست

حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ۝ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ

ایسا ہوگا اور نہ سفارشی جس کی سن لی جائے۔ وہ آنکھوں کی خیانت کو بھی جانتا ہے

وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۝ وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ

اور جس بات کو سینے چھپائے ہوئے ہیں اُسکو (بھی)۔ اور اللہ تو ٹھیک ٹھیک فیصلہ فرماتا ہے اور جنکو یہ اُسکے

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

سوا پکارتے ہیں وہ کوئی بات بھی طے نہیں کر سکتے بیشک اللہ بڑا سننے والا

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

(اور) بڑا دیکھنے والا ہے۔ کیا یہ زمین میں نہیں چلے پھرے

ع ۲ / ۱۱

فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ

کہ غور کرتے کہ جو ان سے پہلے تھے اُن کا انجام

قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا

کیسا ہوا؟ وہ (تو) قوت کی حیثیت سے اور زمین میں نشان چھوڑنے کی حیثیت سے اِنسے

فِي الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ وَمَا

کہیں بڑھے ہوئے تھے پھر اللہ نے اُنکے گناہوں کی پاداش میں اُنکو دھر پکڑا اور اللہ

كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ

(کی گرفت) سے اُنکو بچانیوالا کوئی (بھی) نہ ہوا۔ یہ اِس لیے کہ اُن کے پاس اُنکے

تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ

رسول کھلی نشانیاں لیکر آیا کرتے تھے پس اُنہوں نے انکار کیا پھر خدا نے اُنسے

اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

مواخذہ کیا بیشک وہ بڑا قوت والا اور سخت عذاب دینے والا ہے۔ اور یقیناً ہمنے موسیٰ کو

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۙ اِلٰى فِرْعَوْنَ

معجزات اور کھلے غلبہ کے ساتھ فرعون و ہامان و قارون

وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۞ فَلَمَّا

کے پاس بھیجا تھا پس اُنہوں نے کہدیا کہ (یہ تو) جادوگر (اور) بڑا جھوٹا ہے۔ پس جب وہ

جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ

ہماری طرف سے حق لیکر اُن کے پاس پہنچا تو اُنہوں نے کہا کہ جو اُس پر ایمان لائے ہیں

اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ۭ وَمَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ

اُنکے بیٹوں کو قتل کردو اور اُنکی بیٹیوں کو زندہ چھوڑدو حالانکہ کافروں کی کوئی چال کچھ نہیں

اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۞ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى

ہے جو بیکار نہ گئی ہو۔ اور فرعون نے کہا مجھے چھوڑدو (تو سہی) کہ میں موسٰے کو قتل کروں

وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ

اور اسے چاہیے کہ یہ اپنے رب کو پکارے مجھے اندیشہ ہے کہ یہ کہیں تمہارے دین کو بدل دے یا

اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ۞ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ

ملک میں فساد پھیلادے اور موسٰے نے فرمایا کہ میں نے تو

عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ

ہر متکبر کے شر سے (بچنے کے لیے) جو قیامت کے دن پر ایمان نہ رکھتا ہو اپنے پروردگار کی اور تمہارے

بِيَوْمِ الْحِسَابِ ۞ وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ

پروردگار کی پناہ مانگ لی ہے۔ اور فرعون کے کنبے میں سے ایک مرد مومن نے جو اپنے ایمان کو

فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ

چھپاتا تھا یہ کہا کہ کیا تم ایک شخص کو صرف اتنی سی بات پر قتل کرنے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا

يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ

پروردگار اللہ ہے حالانکہ وہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے کھلی دلیلیں لیکر آیا ہے

ع ۳ ۷

ربع

الحاصل میں جناب رسولِ خدا سے منقول ہے کہ صدیقین تین ہیں۔ از انجملہ آنحضرت نے حزقیل مومنِ آلِ فرعون کو بھی شمار فرمایا پوری حدیث سورۂ یٰس میں بیان ہو چکی۔

وَإِنْ يَكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهُ ۖ وَإِنْ يَكُ صَادِقًا

اور اگر وہ جھوٹا ہے تو اُسکے جھوٹ کا وبال اُسی پر پڑیگا اور اگر وہ سچا ہے تو جسکا

يُصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِي يَعِدُكُمْ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي

تم سے وعدہ کرتا ہے اُسکا کچھ حصہ تو تمہیں بھی پہنچیگا بیشک اللہ اُس شخص کی جو فضول خرچ

مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ۝ يَا قَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ

اور بڑا جھوٹا ہو راہبری نہیں فرمایا کرتا۔ اے میری قوم! آج تو اس سرزمین میں تمہاری

ظَاهِرِينَ فِي الْأَرْضِ فَمَنْ يَنْصُرُنَا مِنْ بَأْسِ اللَّهِ إِنْ

اختیار ہے غالب تم ہی ہو لیکن (کل) عذاب خدا سے اگر وہ ہم پر آپڑے بچانے کیلیے

جَاءَنَا ۚ قَالَ فِرْعَوْنُ مَا أُرِيكُمْ إِلَّا مَا أَرَىٰ وَمَا

ہماری مدد کون کریگا؟ فرعون نے کہا کہ میں تمکو وہی رائے دیتا ہوں جو میں (نیک) سمجھتا ہوں اور

أَهْدِيكُمْ إِلَّا سَبِيلَ الرَّشَادِ ۝ وَقَالَ الَّذِي آمَنَ

میں سوا بھلائی کی راہ کے اور کوئی راہ تم کو نہیں بتاتا۔ اور اُس شخص نے جو ایمان لایا تھا کہا

يَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ مِثْلَ يَوْمِ الْأَحْزَابِ ۝

کہ اے میری قوم! مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں تم پر بھی اُمتوں کے سے دن نہ پڑجائیں۔ (یعنی)

مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَالَّذِينَ

قوم نوحؑ اور عاد اور ثمود اور اُن کے بعد والوں کی سی حالت

مِنْ بَعْدِهِمْ ۚ وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِلْعِبَادِ ۝ وَ

نہ گزرے حالانکہ اللہ بندوں کے حق میں ظلم نہیں چاہتا۔ اور

يَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ۝ يَوْمَ

اے میری قوم! مجھے تمہارے بارے میں قیامت کے دن کا (بھی) اندیشہ ہے جس دن تم

تُوَلُّونَ مُدْبِرِينَ مَا لَكُمْ مِنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ

رو گرداں ہو کر چلوگے (تو اُس دن) اللہ کی طرف سے تمہارا کوئی بچانیوالا نہ ہوگا اور جس سے

منزل ۶

يُضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۝ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ

خدا تعالیٰ توفیق ہدایت سلب کرلے پس اسکا راہبر کوئی ہوتا ہی نہیں۔ اور یقیناً یوسف پہلے ہی تمہارے

يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ

پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تھے پس جو کچھ وہ تمہارے پاس لیکر آئے تھے

مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ

تم اسکے بارے میں برابر شک ہی میں رہے۔ یہاں تک کہ جب انکا انتقال ہوگیا تو تم نے یہ کہدیا کہ انکے

يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ

بعد اللہ کسی رسول کو مبعوث ہی نہ کریگا اسی طرح اللہ تعالیٰ ہر شخص سے

مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ۝ ۨالَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْۤ

جو حد سے گزر جانیوالا اور شکی ہو توفیق ہدایت سلب کرلیا کرتا ہے۔ یہ ایسے ہی لوگ ہیں جو خدا تعالیٰ کی آیتوں میں

اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ

بغیر اسکے کہ کوئی دلیل آئی ہو جھگڑتے رہا کرتے ہیں۔ اللہ کے نزدیک اور جو لوگ ایمان لائے ہیں

وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

انکے نزدیک (یہ رویّہ) بہت ہی ناپسند ہے اسی طرح اللہ ہر متکبّر سرکش کے دل پر چھاپا

قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ۝ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ

لگا دیتا ہے اور فرعون نے کہا کہ اے ہامان! میرے لیے ایک

لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ۝ اَسْبَابَ

اونچا محل تو بنا تاکہ میں وسیلے بہم پہنچا لوں (اور) آسمان کے

السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ

راستے پالوں کہ مجھے موسیٰ کے خدا کی حالت معلوم ہوجائے حالانکہ میں اُسے جھوٹا

كَاذِبًا ؕ وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَ

خیال کرتا ہوں اور اسی طرح فرعون کی نظر میں اسکی بدعملی زینت پاگئی تھی اور

ل لَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ۔ تفسیر مجمع البیان میں جناب امام محمد باقرؑ سے ایک حدیث منقول ہے

صُدَّ عَنِ السَّبِيلِ ۚ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ إِلَّا فِي تَبَابٍ ۝

وہ راہ راست سے روک دیا گیا تھا اور فرعون کی جو چال تھی وہ تباہی کی تھی۔

وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ اتَّبِعُونِ أَهْدِكُمْ سَبِيلَ

اور اُس شخص نے جو ایمان لایا تھا یہ کہا کہ اے میری قوم! تم میری پیروی کرو میں تمکو نیکی کی راہ

الرَّشَادِ ۝ يَا قَوْمِ إِنَّمَا هَٰذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ

دکھلاؤنگا۔ اے میری قوم! یہ زندگانی دنیا تو (ذراسی) پونجی ہے اور آخرت

وَإِنَّ الْآخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ۝ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً

وہی تو یقیناً ہمیشہ رہنے کا گھر ہے۔ جو شخص کوئی بدی (بھی) کریگا

فَلَا يُجْزَىٰ إِلَّا مِثْلَهَا ۖ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ

تو اُس کو اُتنا ہی بدلہ دیا جائیگا اور جو شخص مرد ہو یا عورت کوئی نیک عمل اُس حال میں

أَوْ أُنْثَىٰ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُولَٰئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ

بجالائیگا کہ وہ مومن (بھی) ہو تو یہی لوگ جنت میں داخل ہونگے

يُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ وَيَا قَوْمِ مَا لِي أَدْعُوكُمْ

جس میں اُنکو بےحساب رزق دیا جائیگا۔ اور اے میری قوم! یہ بات کیا ہے کہ میں تو

إِلَى النَّجَاةِ وَتَدْعُونَنِي إِلَى النَّارِ ۝ تَدْعُونَنِي

تمہیں نجات کی طرف بُلاتا ہوں اور تم مجھے جہنم کی طرف بلاتے ہو۔ تم مجھے اِس بات کی طرف بُلاتے ہو

لِأَكْفُرَ بِاللَّهِ وَأُشْرِكَ بِهِ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ وَأَنَا

کہ میں اللہ کا منکر ہو جاؤں اور اُسکا شریک ایسی چیزوں کو قرار دوں جنکا مجھکو کچھ علم نہیں حالانکہ میں

أَدْعُوكُمْ إِلَى الْعَزِيزِ الْغَفَّارِ ۝ لَا جَرَمَ أَنَّمَا تَدْعُونَنِي

تمکو زبردست (اور) بڑی بخشنے والے کی طرف بُلاتا ہوں۔ ہاں تم مجھے جسکی طرف بُلاتے ہو اُسکو

إِلَيْهِ لَيْسَ لَهُ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْآخِرَةِ وَأَنَّ

دنیا و آخرت میں بُلانیکا کوئی حق نہیں ہے اور ہم سب کی

ع ۱۰ ۴

نصف

منزل ۶

مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝

بازگشت خدا ہی کی طرف ہوگی اور حد سے بڑھ جانیوالے یقیناً وہی تو جہنمی ہیں۔

فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ

پس جو جو کچھ میں کہتا ہوں عنقریب تم اس سب کو یاد کرو گے اور میں تو اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کیے دیتا

اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ

ہوں بیشک خدا سب بندوں کا نگران (حال) ہے۔ چنانچہ جو جو چالیں وہ چلے اللہ

سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْۗءُ

نے اُن کی خرابیوں سے اُس کو بچائے رکھا اور بڑے سے بڑے عذاب نے فرعون کی سارے کنبے کو

الْعَذَابِ ۚ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّ

آگھیرا (یعنی) آگ نے جس کے سامنے وہ صبح و شام کھڑے کیے جاتے

عَشِـيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ

ہیں اور جس دن قیامت قائم ہوگی (اُس دن یہ حکم دیا جائیگا کہ) فرعون

فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ۝ وَاِذْ يَتَحَاۗجُّوْنَ فِي النَّارِ

والوں کو سخت سے سخت عذاب میں پہنچا دو۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ وہ جہنم میں آپس میں جھگڑیں

فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰۗؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ

کرتے ہونگے پس کمزور اُن لوگوں سے جو بڑے بنگئے تھے کہتے ہونگے کہ ہم تو آپ ہی کے پیرو

تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ۝

تھے سو آپ آگ سے بچانے میں ہمارے کچھ بھی کام آسکینگے؟

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ

جو بڑے بنگئے تھے وہ کہینگے کہ ہم (تم) سب اسی میں ہیں بیشک اللہ نے بندوں کے

بَيْنَ الْعِبَادِ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ

مابین فیصلہ کر دیا۔ اور جو لوگ آگ میں ہونگے وہ جہنم کے خزانچیوں سے کہینگے کہ

ادْعُوا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ○ قَالُوٓا

تم ہی اپنے پروردگار کو پکارو کہ کسی دن تو ہمارا عذاب ہلکا کر دے۔ وہ (جواب میں) کہیں گے

اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ قَالُوْا بَلٰى ؕ

کیا تمہارے پاس تمہارے رسول کھلی دلیلیں لیکر نہیں آتے تھے؟ جواب دینگے جی (آتے تو تھے)

قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ○

(خزانچی) کہینگے کہ پس تم ہی پکارلو حالانکہ کافروں کا پکارنا کچھ نہ ہوگا مگر رائگاں۔

ع ۵/۳ ۱۰

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

بیشک ہم زندگانی دنیا میں اپنے رسولوں کی (بھی) مدد کرتے رہتے ہیں اور اُن لوگوں کی (بھی) جو ایمان لائے ہیں

وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ○ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ

اور جس دن گواہ کھڑے ہونگے اُس دن نا فرمانوں کو اُنکی معذرت کوئی نفع

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ○ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

نہ پہنچائیگی اور اُنہی کے لیے لعنت ہوگی اور اُن ہی کے لیے اُس گھر کی بُرائی۔ اور ہمنے یقیناً موسیٰ کو

مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ○

ہدایت دی اور بنی اسرائیل کو ایسی کتاب کا وارث کردیا

هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ○ فَاصْبِرْ اِنَّ

جو صاحبانِ عقل کے لیے ہدایت و نصیحت ہے۔ سو تم صبر کرو بیشک

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ

اللہ کا وعدہ برحق ہے اور اپنے گناہ کی معافی مانگ لو اور صبح و شام اپنے پروردگار

رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ

کی حمد کی تسبیح پڑھتے رہو۔ وہ لوگ جو اللہ کی آیتوں میں بغیر کسی دلیل کے

اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ اِلَّا

جو اُنکے پاس آئی ہو جھگڑتے رہتے ہیں اُن کے سینوں میں سوائے تکبر کے اور کچھ

منزل ۶

كِبْرٌ مَّا هُمْ بِبَالِغِيهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ

ہے ہی نہیں حالانکہ اپنے مطلب تک وہ کبھی پہنچنے والے نہیں تو تم اللہ کی پناہ مانگو بیشک وہ بڑا سننے والا (اور)

الْبَصِيرُ ۝ لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ

دیکھنے والا ہے۔ ضرور آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنا آدمیوں کے پیدا کرنے سے

خَلْقِ النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝

(کہیں) بڑھا ہوا ہے لیکن بہت سے آدمی (اتنا) بھی نہیں جانتے۔

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ ۙ وَالَّذِينَ آمَنُوا

اور اندھا اور بینا برابر نہیں ہوتے۔ اور جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَلَا الْمُسِيءُ ۚ قَلِيلًا مَّا

اور انہوں نے نیک عمل کیے (وہ) اور بدکار برابر نہیں ہو سکتے تم سوچتے ہی

تَتَذَكَّرُونَ ۝ إِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا

بہت کم ہو۔ قیامت ضرور آنیوالی ہے جس میں کوئی شک نہیں

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَقَالَ رَبُّكُمُ

لیکن آدمیوں میں سے بہت سے ایمان نہیں رکھتے۔ اور تمہارے پروردگار نے فرمایا

ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ

کہ تم مجھ سے دعا مانگو میں (جو تمہارے لئے نفع کی ہوگی وہ) ضرور قبول کر لیا کرونگا۔ یقیناً وہ لوگ جو میری عبادت

عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ ۝ اللَّهُ

کرنے سے اکڑتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہونگے اللہ وہی

ع ۶

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ

تو ہے جس نے رات تمہارے لیے اسی غرض سے بنائی کہ اس میں آرام لیا کرو اور دن کو دکھانیوالا (بنایا)

إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ

بیشک اللہ کل آدمیوں پر بڑا فضل کرنیوالا ہے لیکن بہت سے آدمی شکرگزار

لَا يَشْكُرُوْنَ ○ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ

نہیں ہوتے۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہر چیز کا پیدا کرنیوالا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ○ كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ

اسکے سوا کوئی معبود نہیں پس تم کدھر بہکے جاتے ہو؟ اسی طرح وہ (بھی) بہک جایا کرتے

الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ○ اَللّٰهُ الَّذِيْ

تھے جو اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے رہتے تھے۔ اللہ وہی تو ہے جسنے

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّ

زمین کو تمہارے لیے جائے قرار مقرر کیا ہے اور آسمان کو ایک عمارت (یعنی شامیانہ) اور

صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۭ

تمکو صورت عطا کی ہے سو تمہاری صورتیں کیسی اچھی بنادی ہیں اور تمکو پاکیزہ چیزیں کھانیکو دی ہیں

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ښ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ○

یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے سو اللہ تمام عالموں کا پروردگار بڑا بابرکت والا ہے۔

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

(حقیقی) زندہ وہی ہے اسکے سوا کوئی معبود نہیں سو تم دین کو اسی کے واسطے خالص کرکے اسے

الدِّيْنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ قُلْ اِنِّيْ

پکارو سب تعریف اسی اللہ کی لیے ہے جو تمام عالموں کا پروردگار ہے۔ تم یہ کہدو کہ مجھے تو

نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اس سے ممانعت کی گئی ہے کہ جنکو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو میں انکی عبادت کرنے لگوں

لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۡ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ

جبکہ میرے پروردگار کی طرف سے میرے پاس کھلی دلیلیں آچکی ہیں اور اسکا مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ میں تمام

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

عالموں کے پروردگار ہی کی اطاعت کروں۔ وہ وہی تو ہے جسنے اول تمکو مٹی سے پیدا کیا

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا

پھر نطفے سے پھر بستہ بوند سے پھر تمکو بچہ بنا کر نکالتا ہے پھر (زندہ رکھتا ہے)

ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَ

تاکہ تم اپنی پوری قوت کو پہنچو اسکے بعد تم بوڑھے ہو جاؤ اور

مِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا

تم میں سے کوئی (کوئی) پہلے ہی ختم کر دیا جاتا ہے اور (زندہ رکھنے کی غرض یہ ہے) تاکہ تم مدت

مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَ

معینہ کو پہنچ جاؤ اور تاکہ تم سمجھ بوجھ لو وہ وہی ہے جو جلاتا (بھی) ہے اور

يُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ

مارتا (بھی) ہے پھر جب کسی معاملہ کو طے فرما دیتا ہے تو اسکی نسبت اتنا ہی فرماتا ہے کہ ہو جا

فَيَكُوْنُ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ

بس وہ ہو جاتا ہے۔ کیا تمنے اُن لوگوں کی طرف نہیں دیکھا جو خدا کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں

ع ۸ ۱۲

اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ

(وہ) کدھر پھرے جاتے ہیں؟ انہوں نے کتاب کو (بھی) جھٹلایا اور جو کچھ ہمنے

اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۛ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ اِذِ

رسولوں کو دیکر بھیجا تھا اسکو (بھی) سو آگے چلکر وہ جان لینگے۔ جبکہ

مع ۱۳

الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ۝

طوق انکی گردنوں میں ہونگے اور زنجیریں کھولتے ہوئے پانی میں وہ

فِي الْحَمِيْمِ ڏ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۝ ثُمَّ قِيْلَ

گھسیٹے جائینگے پھر آگ میں جھونک دیے جائینگے۔ پھر انسے یہ کہا جائیگا

لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ

کہ اب وہ کہاں ہیں جنکو تم اللہ کے سوا شریک کیا کرتے تھے؟

قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا بَل لَّمْ نَكُن نَّدْعُوا مِن قَبْلُ

(جواب میں) کہینگے کہ وہ تو ہم سے گم ہو گئے۔ بلکہ ہم تو پہلے سے کسی چیز کو پکارا ہی نہیں کرتے

شَيْئًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ ۝ ذَٰلِكُم بِمَا

تھے اِس طرح اللہ کافروں کو نامراد کر دیگا۔ یہی ہے جسپر تم

كُنتُمْ تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ

زمین میں ناحق خوش ہوا کرتے تھے اور (یہی ہے) جس پر تم اِترایا

تَمْرَحُونَ ۝ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ

کرتے تھے۔ اب جہنّم کے دروازوں میں جا گھسو اِسی میں ہمیشہ رہنے والے

فِيهَا ۖ فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ ۝ فَاصْبِرْ إِنَّ

ہو گے پس متکبّر کرنیوالوں کا کیا بُرا ٹھکانا ہے! پس تم صبر کرو بیشک

وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ ۚ فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ

اللہ کا وعدہ برحق ہے پھر اگر ہم اُس چیز کا جس سے اُنکو ڈراتے ہیں کوئی حصّہ تمکو دکھلا دیں

أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا

یا تمہارا خاتمہ کر دیں تو ہماری ہی طرف اُن سب کی بازگشت ہوگی۔ اور بیشک تم سے پہلے ہم نے

رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَ

بہت سے رسول بھیجے تھے اُن میں سے ایسے بھی ہیں جنکا قصّہ ہمنے تمکو سُنایا ہے اور

مِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ۗ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ

اُن میں سے ایسے بھی ہیں جنکا قصّہ ہمنے تمہیں نہیں سُنایا۔ کسی رسول کا یہ کام نہ تھا کہ بغیر

أَن يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ فَإِذَا جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ

خدا کے حکم کے کوئی معجزہ دکھلا دے پس جب حکم خدا آجائیگا تو ٹھیک ٹھیک


قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُونَ ۝ ع اللَّهُ الَّذِي

فیصلہ کر دیا جائیگا اور اُس وقت باطل والے ٹوٹے میں رہینگے۔ اللہ وہی ہے

ع ۸ ۱۳

جھٹلایا یا جو تا دیل کتاب خدا تعالیٰ نے اپنے رسول کے ساتھ بھیجی ہے اُسکو جھٹلایا پس وہ مشرک بھی ہے اور کافر بھی

منزل ۶



جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝

جس نے تمہارے لیے چوپائے بنائے کہ اُن میں سے بعض پر تم سوار ہوتے ہو اور اُن میں سے بعض کو تم کھاتے ہو۔

وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ

اور تمہارے لیے اُن میں اور منافع (بھی) ہیں اور یہ غرض (بھی) ہے کہ اُن پر سوار ہو کر تم اپنے

صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝ وَ

مقصود تک جو تمہارے دلوں میں ہے پہنچ جاؤ اور اُن پر اور کشتیوں پر تم لدے لدے پھرتے ہو۔ اور

يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُنْكِرُوْنَ ۝ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا

وہ تمکو اپنی نشانیاں دکھلاتا ہے پھر تم اللہ کی نشانیوں میں سے کون سی کا انکار کرتے ہو؟ کیا وہ زمین میں نہیں

فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ

چلے پھرے کہ یہ دیکھ لیتے کہ اُن سے پہلوں کا انجام کیسا ہوا جو اُن سے تعداد

قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي

میں (بھی) زیادہ تھے اور قوت میں (بھی) اور زمین میں تام نشان

الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

کی حیثیت سے (بھی)۔ پھر جو کچھ وہ کیا کرتے تھے وہ اُن کے کچھ (بھی) کام نہ آیا۔

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرِحُوْا بِمَا

پس جس وقت اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر آئے تو جو علم اُنکے پاس

عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

پہلے سے تھا اُسی پر نازاں رہے اور (انجام کار) جس (عذاب) کا وہ ٹھٹھا اڑایا کرتے تھے

يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ

اُسی نے اُنکو آن گھیرا۔ پھر جس وقت اُنہوں نے ہمارا عذاب دیکھا تو کہنے لگے اب ہم

وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ۝ فَلَمْ يَكُ

خدائے یکتا پر ایمان لائے اور جن چیزوں کو اُسکا شریک کیا کرتے تھے اب ہم اُن سب کے منکر ہو گئے۔ مگر جب ہمارا

يَنفَعُهُمْ إِيمَانُهُمْ لَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا ۖ سُنَّتَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ
عذاب دیکھ چکینگے تو اللہ کے اُس قاعدہ کے موافق جو اُسکے بندوں میں برابر جاری

خَلَتْ فِي عِبَادِهِ ۖ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكَافِرُونَ ۝
رہا ہے اُنکا ایمان اُنکو کوئی نفع نہ پہنچائیگا اور کافر وہاں ٹوٹے ہی میں رہینگے۔

ع ۹ / ۱۶

سُورَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعٌ وَخَمْسُونَ آيَةً

آیاتہا ۵۴ — رکوعاتہا ۶ — کلماتہا ۸۰۹ — حروفہا ۳۴۰۶

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ۝ تَنزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ كِتَابٌ
حٰمٓ۔ رحمٰن و رحیم کی طرف سے اس کتاب کا اُترا ہے جسکے احکام صاف صاف

فُصِّلَتْ آيَاتُهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ بَشِيرًا
ہیں۔ اُن لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں عربی زبان کا قرآن خوشخبری سُنانیوالا اور

وَنَذِيرًا فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ۝
ڈرانیوالا ہے پس اُن میں سے بہت سوں نے روگردانی کی سو وہ نہیں سنتے۔

وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِي أَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ وَفِي
اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ ہمارے دل تو اُسکی طرف سے جسکی طرف تم بُلاتے ہو غلاف میں ہیں اور ہمارے

آذَانِنَا وَقْرٌ وَمِن بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ
کانوں میں ڈھیٹی ہے اور ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان ایک آڑ ہے پس تم (اپنے دین پر) عمل

إِنَّنَا عَامِلُونَ ۝ قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ
کیے جاؤ ہم (اپنے دین پر) عمل کرتے رہینگے تم یہ کہدو کہ میں (صورت میں) تو تم ہی جیسا آدمی ہوں (مگر فرق یہ ہے کہ) میری طرف

أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ
وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا خدا ایک خدا ہے پس تم اُسی کی طرف سیدھے ہو جاؤ

منزل ۶ — نصف القرآن

وَاسْتَغْفِرُوهُ ۗ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ ۝ الَّذِينَ لَا

اور اُسی سے مغفرت طلب کرتے رہو اور اُن مشرکوں کے واسطے ویل ہے۔ جو زکوٰۃ

يُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ۝

ادا نہیں کرتے اور وہ آخرت کے بھی (پورے پورے) منکر ہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اُن کے لیے ایسا اجر ہے جسکا کوئی

مَمْنُونٍ ۝ قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ

احسان نہ جتایا جائیگا۔ تم یہ کہدو کہ کیا تم اُسکا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن

ع ٨ ١٥

الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُونَ لَهُ أَندَادًا ۚ ذَٰلِكَ

میں پیدا کیا اور اُسکے لئے شریک قرار دیتے ہو؟ تمام عالموں کا

رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن فَوْقِهَا

پرورش کرنیوالا وہی تو ہے۔ اور اُسی نے اِس زمین میں (بڑے بڑے) بوجھل پہاڑ اوپر کی طرف سے قائم کیے

وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ

اور اُسی نے اِس (زمین) میں برکت دی اور اُسی نے اِس میں چار دن کے عرصہ میں اُنکی قوت بسر کی سامان کا اندازہ

سَوَاءً لِّلسَّائِلِينَ ۝ ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ

سے مقرر کردی جو سب مانگنے والوں کو یکساں برابر ہیں۔ پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا حالانکہ وہ اُس وقت

دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا

دھواں تھا۔ پس اُسنے آسمان وزمین کو یہ حکم دیا کہ تم بخوشی یا بہ کراہت حاضر ہو

قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِينَ ۝ فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ

دونوں نے عرض کی ہم بخوشی حاضر ہیں۔ پس اُس نے دو دن میں اُن کو سات آسمان

فِي يَوْمَيْنِ وَأَوْحَىٰ فِي كُلِّ سَمَاءٍ أَمْرَهَا ۚ وَ

بنا دیا اور ہر ہر آسمان میں بذریعہ وحی اُسکے مناسب حال حکم پہنچا دیا اور

ہوتے ہیں۔ (اس کے ثبوت کے لیے دیکھو صفحہ ۶۸۶ سطر ۱۲۶)۔

زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖ وَحِفْظًا ۚ ذٰلِكَ

سب سے نیچے والے آسمان کو چمکتے ستاروں (کے چراغوں) سے زینت دی اور (اسکی) نگہبانی (بھی کی) یہ

تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ

زبردست صاحب علم کی قرارداد ہے۔ پس اگر وہ اسپر بھی روگرداں ہوں تو تم یہ کہدو

اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّ

کہ میں تو تم کو ویسی ہی بجلی سے ڈراتا ہوں جیسی بجلی (قوم) عاد و ثمود پر

ثَمُوْدَ ۝ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

گری تھی۔ جبکہ اُنکے پاس رسول اُنکے (پیدا ہونے سے) پہلے سے (بھی) یہ حکم لیکر آئے اور

وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۚ قَالُوْا لَوْ شَآءَ

اُنکے بعد بھی کہ تم سوائے خدا کے کسی اور کی عبادت نہ کرو (اور) اُنھوں نے (جواب میں) یہ کہا کہ اگر

رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ

ہمارا پروردگار چاہتا تو فرشتے بھیجدیتا پس تمکو جو کچھ (حکم) دیکر بھیجا ہے ہم اُسکے منکر ہی

كٰفِرُوْنَ ۝ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِى الْاَرْضِ

رہینگے۔ اب رہی (قوم) عاد تو اُنہوں نے تو ناحق (ناحق) زمین میں بڑا

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ۭ اَوَلَمْ يَرَوْا

بننا چاہا اور یہ کہا کہ قوت میں ہم سے زیادہ ہے کون؟ کیا وہ اتنا (بھی) نہ سمجھے

اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۭ وَكَانُوْا

کہ وہ اللہ جس نے اُنکو پیدا کیا ہے وہ قوت میں اُن سے کہیں زیادہ ہی۔ بہرحال وہ

بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا

ہماری آیتوں کا انکار ہی کرتے رہے۔ پس ہم نے (بھی) اُن پر منحوس دنوں میں بادِ صرصر بھیجدی۔

فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِى

تاکہ ہم اُنکو زندگانی دنیا میں رسوائی کے عذاب کا مزا

فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ پر عطف ہے ۱۲ ؁ ریحًا صرصرًا تفسیر قمی میں جناب امام محمد باقر سے منقول ہے کہ صرصر

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ

چکھا دیں اور آخرت کا عذاب تو زیادہ رسوا کرنیوالا ضرور ہی ہے اور اُنکی کوئی

لَا يُنْصَرُوْنَ ○ وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا

مدد نہ کی جائیگی۔ اب رہی (قوم) ثمود سو ہمنے تو اُنکو ہدایت کی اور اُنھوں نے ہدایت

الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ

کے مقابلے میں گمراہی کو پسند کیا پس جیسی کرتوت وہ کیا کرتے تھے (ویسے ہی) اُسکے عوض میں

الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○ وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ

ذلت کے عذاب کی بجلی نے اُن کو (بھی) آلیا۔ اور جو ایمان لے آئے تھے اور ڈرتے

اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ○ وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَاۗءُ

رہتے تھے اُنکو ہمنے نجات دیدی۔ اور جس دن اللہ کے دشمن جہنم کے پاس جمع

اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ○ حَتّٰٓى اِذَا مَا

کیے جائینگے پھر وہ (جو پہلے پہنچے اوروں کے انتظار میں) روکے جائینگے یہاں تک کہ جب وہ (سب)

جَاۗءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَ

جہنم میں پہنچ جائینگے تو اُنکے کان اور اُنکی آنکھیں اور اُنکی کھالیں جو جو

جُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ وَقَالُوْا

بدعملی وہ کیا کرتے تھے اُسکی بابت اُنکے برخلاف شہادت دینگی۔ اور وہ اپنی کھالوں سے

لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ۭ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ

یہ کہینگے کہ (بھلا) تم نے ہمارے برخلاف شہادت کیوں دی؟ وہ جواب دینگی کہ ہمکو تو اُسی خدا نے گویا کردیا

الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ

جسنے ہر چیز کو گویائی دی ہے (الحاصل) اُسی نے تمکو پیدا کیا ہے اور اُسی کی حضور میں

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ

تمہاری بازگشت ہوگی۔ اور تم اِس (خوف) سے کہ تمہارے کان تمہارے برخلاف گواہی دینگے

کافی میں جناب امام جعفر صادق سے اور تفقیہ میں جناب امیر المومنین سے اِس آیت کی تفسیر میں منقول ہے کہ جلود کے معنی ستر اور اندام نہانی کے ہیں

عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ

(گناہوں کو) چھپاتے ہی نہ تھے اور نہ اِس (خوف) سے کہ تمہاری آنکھیں (گواہی دینگی) اور نہ اِس

وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ○

(خوف) سے کہ تمہاری کھالیں (گواہی دینگی) بلکہ تم نے تو یہ گمان کر لیا تھا کہ جو بداعمالیاں تم کیا کرتے تھے اُن میں سے بہت سی باتوں کو

وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ

خدا جانتا ہی نہیں۔ اور تمہاری اِسی بدگمانی نے جو تم اپنے پروردگار کی نسبت کر لی تھی تمہیں تباہ کر دیا کہ تم

فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ

(سخت) نقصان اُٹھانیوالوں میں سے ہو گئے۔ اب اگر صبر کریں تو جہنم اُن کا خاص ٹھکانا

مَثْوًى لَّهُمْ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ○

ہے اور اگر وہ توبہ چاہیں تو وہ اُن لوگوں میں سے نہیں ہیں جن کی توبہ قبول کی جائے۔

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

اور ہم نے اُنکے لیے ایسے ہمنشین مقرر کر دیے تھے کہ وہ جو کچھ اُنکے سامنے تھا اُسکو اور جو کچھ اُنکے

وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ

بعد آنیوالا تھا اُسکو اُنکے لیے زینت دیتے رہتے تھے اور تمام اُمتوں میں جو اُن سے پہلے گزریں

خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنَّهُمْ كَانُوْا

جنات کی تھیں تو اور انسان کی تھیں تو اُن پر ہمارا قول پورا اترا کہ وہ ضرور نقصان

خٰسِرِيْنَ ○ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا

اُٹھانیوالے ہوئے۔ اور جو لوگ کافر ہو گئے تھے اُنہوں نے یہ کہا کہ تم اِس قرآن ہی کو

ع ۳ / ۱۷

الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ○ فَلَنُذِيْقَنَّ

نہ سُنو اور اُس (کے پڑھے جانیکے وقت) میں خرافات بکو تاکہ تم ہی غالب رہو۔ پس ہم اُن لوگوں کو جو

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ

کافر ہو گئے ہیں ضرور سخت عذاب کا مزا چکھائینگے اور جو بد عمل وہ کیا کرتے تھے

؎ اور تفسیر صافی میں ہے کہ اِس کے مقابلے میں تم بھی کچھ خرافات بکو۔ ۱۲-

اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ

ہم اُس بد تر بدلہ اُن کو ضرور بالضرور دینگے۔ اللہ کے دشمنوں کا بدلہ یہی جہنم

النَّارُ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا

ہے اِس میں اُنکے ہمیشہ رہنے کا گھر ہے جیسا وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھے

بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا

ویساہی اُسکا بدلہ ہے۔ اور جو لوگ کافر ہو گئے وہ یہ کہینگے کہ اے ہمارے پروردگار تو

الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ

ہمیں اُن دونوں کو دکھلا دے جنہوں نے ہمکو گمراہ کیا تھا کہ ایک اُن میں سے جنوں میں سے ہے اور ایک

اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

آدمیوں میں سے تاکہ ہم اُنکو اپنے پاؤں کے نیچے کچلیں کہ وہ سب سے نیچے ہو جائیں۔ بیشک جن لوگوں نے

قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ

یہ کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر وہ (ولایت امیر المومنین پر بھی) قائم رہے اُن پر فرشتے (یہ پیغام لیکر) نازل ہوتے

الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا

کہ تم نہ آئندہ کے لیے خوف کرو اور نہ گزشتہ کے متعلق افسوس اور جس

بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ نَحْنُ

جنت کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا اُس کی بشارت لو۔ ہم

اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ

زندگانی دنیا میں (بھی) تمہارے دوست تھے اور آخرت میں (بھی) ہیں

وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا

اور جنت میں تمہارے لیے ہر وہ چیز موجود ہے جسکو تمہارا جی چاہے اور اُس میں تمہاری خاطر ہر وہ

مَا تَدَّعُوْنَ ۝ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ۝ ع ۱۸

چیز جو تم طلب کرو بڑے بخشنے والے اور رحم کرنیوالے کی طرف کی مہمانی کے طور پر مہیا ہے۔

وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ

اور اُس سے بہتر بات کسکی ہوگی جو اللہ کی طرف بُلائے اور نیک عمل

صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ وَلَا

کرے اور یہ کہے کہ یقیناً میں (خدا کی) اطاعت کرنیوالوں میں سے ہوں۔ اور نیکی

تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ

اور بدی تو برابر ہوتی نہیں تم بدی کا دفعیہ اُس چیز سے کرو جو بہت ہی

هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ

اچھی ہو تو یکایک وہ شخص جسکے اور تمہارے مابین عداوت تھی ایسا ہو جائیگا

كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ۝ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ

جیسے سرگرم دوست ہوتا ہے۔ اور اس خصلت کے قبول کرنیکی توفیق سوائے اُن لوگوں کے

صَبَرُوْا ۚ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَاِمَّا

جنھوں نے صبر کیا ہی اور کسی کو نہیں ملیگی اور اس خصلت پر عمل کرنیکی توفیق سوائے انکے جنکا حصہ بہت بڑا ہو اور کسی کو نہ ملیگی اور

يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ

اگر شیطان کی طرف سے تمہارے دل میں کوئی وسوسہ ڈالا جائے تو تم اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ

یقیناً وہ بڑا سننے والا (اور) بڑا جاننے والا ہے۔ اور رات اور دن اور سورج اور

وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ

چاند اُسی کی نشانیوں میں سے ہیں تم لوگ نہ سورج کو سجدہ کرو

وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ

اور نہ چاند کو بلکہ اُس اللہ کو سجدہ کرو جس نے اُن کو پیدا کیا ہے اگر تم اُسی کے

اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ

بندے بننا چاہتے ہو۔ پھر اگر یہ اکڑیں تو تمہارے پروردگار کے پاس تو

منزل ۶

تفسیر صافی میں جناب امام جعفر صادق سے اس آیت کی تفسیر میں منقول ہے کہ الحسنۃ سے مراد ہے تقیہ اور السیئۃ سے مراد ہے اذاعت (افشاء) سے مراد نیز حضرت نے یہ بھی فرمایا کہ اَلَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ سے بھی مراد تقیہ ہے ۱۲

مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ۔ تفسیر قمی میں ہے کہ ظاہر خطاب جناب رسول خدا سے ہے۔ اور مراد حضرت کی اُمت ہے۔ ۱۲۔ ف ز ش

عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ

وہ موجود ہیں جو رات اور دن اُسکی پاکی بیان کرتے رہتے ہیں اور وہ (ذرا بھی)

لَا يَسْئَمُوْنَ ۝ وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ

نہیں اُکتاتے۔ اور اُسکی نشانیوں میں سے یہ بات بھی ہے کہ زمین کو تم ذلیل

خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ اهْتَزَّتْ

(خشک) حالت میں دیکھتے ہو پھر جب ہم اُس پر پانی اُتارتے ہیں تو وہ لہلہاتی اور اُبھر جاتی ہے

وَرَبَتْ ۭ اِنَّ الَّذِيْٓ اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۭ اِنَّهٗ

جس نے اُسکو زندہ کر دیا وہ مُردوں کو (بھی) ضرور زندہ کرنیوالا ہے بیشک وہ ہر چیز

عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ

پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ یقیناً وہ لوگ جو ہماری آیتوں میں بیجا دخل

فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۭ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي

دیا کرتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہیں کیا وہ جو جہنم میں ڈالا جائیگا

النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

اچھا ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن و امان سے آئیگا؟

اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

تمہارا جو جی چاہے کرتے رہو (جو جو کچھ تم کر رہے ہو خدا یتعالے یقیناً اُسکا

بَصِيْرٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا

دیکھنیوالا ہے۔ بیشک وہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے قرآن مجید کا جس وقت بھی اُنکے

جَاۗءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝ لَّا يَاْتِيْهِ

پاس آیا انکار کر دیا۔ حالانکہ وہ ایسا زبردست نوشتہ ہے کہ نہ گزشتہ کے متعلق

الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ

اُسکی خبریں غلط ہیں اور نہ آئندہ کے متعلق غلط ہونگی وہ صاحب حکمت اور لائق تعریف

واجبہ سجدہ

منزل ۶

؎ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ تفسیر قمی میں جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ یہاں اَلذِّکر سے مُراد قرآن مجید ہے۔

اُسکا صاف انکار کر دینگے۔ تب وہ حضرت کے حکم سے گرفتار کیے جائینگے۔ اور اُنکی گردنیں ماردی جائینگی۔۱۲

مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ○ مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ

(خدا) کی طرف سے اُتارا ہوا ہے۔ تمہارے لیے کچھ اور نہیں کہا جاتا مگر وہی جو تم سے پہلے

لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ

رسولوں کے لیے کہا گیا ہے بیشک تمہارا پروردگار ضرور بخشنے والا (بھی) ہے

وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ ○ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا أَعْجَمِيًّا

اور دردناک عذاب دینے والا (بھی)۔ اور اگر ہم اِس قرآن کو عجمی زبان میں اُتارتے تو

لَّقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ آيَاتُهُ ۖ ءَأَعْجَمِيٌّ وَعَرَبِيٌّ ۗ قُلْ

اُس وقت لوگ یہ کہتے کہ اِسکے احکام (ہماری سمجھ کے لائق) صاف کیوں نہ کیے گئے کیا (کلام) عجمی ہوتا

هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ ۖ وَالَّذِينَ

حالانکہ مخاطب عربی ہیں۔ تم یہ کہدو وہ اُن لوگوں کیلیے تو جو ایمان لائے ہدایت و شفا ہے اور جو

لَا يُؤْمِنُونَ فِي آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ

ایمان نہیں رکھتے اُن کے کانوں میں تو ٹھیٹی ہے اور قرآن اُن کے لیے نابینائی

عَمًى ۚ أُولَٰئِكَ يُنَادَوْنَ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ ○

ہے وہ ایسے ہی رہینگے کہ (گویا) اُن کو دور سے آواز دی جارہی ہے۔

ع ۱۹ ۵

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ ۗ وَ

اور ہمنے یقیناً موسٰے کو کتاب عطا کی تھی پھر اُس میں اختلاف کیا گیا اور

لَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ

اگر تمہارے پروردگار کا کلمہ (متعلق مہلت) سابق نہو چکا ہوتا تو اُنکے مابین کبھی کا فیصلہ ہو چکتا

وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ ○ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا

اور بیشک وہ اُسکی طرف سے فرو بیچین کرنیوالی شک میں رہینگے۔ جو شخص کوئی نیکی کریگا تو اپنی ذات کی بھلائی

فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ۗ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ○

کریگا اور جو کوئی بدی کریگا تو اُسکا ضرر اُسی کو پہنچیگا اور تمہارا پروردگار بندوں کے حق میں ظالم نہیں ہے۔

بات سمجھ میں نہ آئے۔ اور جناب امیر المومنین کی قرأت تھی۔ ءَاَعجمیّ بعد ہمزۂ استفہام عین مفتوح و جزم۔ جسکا مطلب ہوا منسوب بہ ملک عجم۔۱۲

منزل ۶

اسکا مطلب یہ ہے کہ قیامت پر یقین نہ کرنیوالے کا گمان یہ ہے کہ اگر بالفرض قیامت ہوئی بھی تو بھی میرے لیے خدا کی طرف سے

إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ
قیامت (کب آئیگی ہر اس) کا علم اُسی کو ہے اور اُس کے علم بغیر نہ کوئی پھل

ثَمَرَاتٍ مِنْ أَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنْثَىٰ وَلَا تَضَعُ
اپنے غلاف سے نکلتا ہے اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ بچہ

إِلَّا بِعِلْمِهِ ۚ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ أَيْنَ شُرَكَائِي قَالُوا
جنتی ہے اور اُس دن وہ اُن (مشرکوں) کو ندا دیکر فرمائیگا کہ میرے شریک کہاں ہیں؟ وہ عرض

آذَنَّاكَ مَا مِنَّا مِنْ شَهِيدٍ ۝ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا
کرینگے کہ ہم تو تجھ کو اطلاع دے چکے کہ ہم میں سے کوئی بھی (شرک کی) گواہی دینے والا نہیں ہے۔ اور جن جن چیزوں کو وہ پہلے سے

يَدْعُونَ مِنْ قَبْلُ ۖ وَظَنُّوا مَا لَهُمْ مِنْ مَحِيصٍ ۝
پکارا کرتے تھے اب وہ سب اُن سے جاتی رہینگی اور اُن کو یقین ہو جائیگا کہ ہمارے لیے کوئی چھٹکارا نہیں۔

لَا يَسْأَمُ الْإِنْسَانُ مِنْ دُعَاءِ الْخَيْرِ وَإِنْ مَسَّهُ
انسان نیکی کی دعا (مانگنے) سے تو اُکتاتا ہی نہیں اور اگر اُس کو کوئی تکلیف

الشَّرُّ فَيَئُوسٌ قَنُوطٌ ۝ وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ رَحْمَةً
چھو جاتی ہے تو مایوس (اور) نا امید ہو جاتا ہے۔ اور اگر بعد اس کے کہ مصیبت اُس پر پڑ چکی

مِنَّا مِنْ بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ هَٰذَا لِي وَمَا
ہو ہم اُسکو اپنی رحمت کا مزا چکھا دیں تو ضرور ہی یہ کہیگا کہ اسکا تو میں مستحق ہی تھا اور میرے

أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِنْ رُجِعْتُ إِلَىٰ رَبِّي إِنَّ
خیال میں قیامت آنے ہی کی نہیں اور اگر میں اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹایا بھی گیا تو

لِي عِنْدَهُ لَلْحُسْنَىٰ ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِمَا
میرے لیے اُسکے پاس (اس سے) اچھی حالت (موجود) ہے۔ پس جو لوگ کافر ہو گئے ہیں اُنکو ہم جو کچھ وہ کیا کرتے

عَمِلُوا وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ۝
ہیں ضرور جتلا دینگے اور اُن کو سخت عذاب کا مزہ ضرور چکھائینگے۔

۱ شرکاءی تفسیر قمی میں ہے کہ ان سے مراد وہ ہیں جنکی لوگ خدا کے سوا پرستش کیا کرتے تھے ۱۲ ۲ ما منا من شہید تفسیر صافی میں ہے کہ ایک

وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ

اور جب ہم نے انسان کو نعمت عطا کی تو اُس نے (شکر سے) روگردانی کی اور (غرور سے) اپنے ہی آپ

وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُو دُعَاءٍ عَرِيضٍ ۝ قُلْ أَرَأَيْتُمْ

کی طرف مائل ہوا اور اگر اُسے کوئی مصیبت چھُو گئی تو لمبی چوڑی دعا والا بن گیا۔ تم کہدو کہ آیا تمہاری سمجھ میں

إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ثُمَّ كَفَرْتُم بِهِ مَنْ أَضَلُّ

یہ بات آتی ہے کہ اگر یہ (قرآن) خدا کی طرف سے ہے پھر تم اس کے منکر ہوئے ہو تو جو بھی بڑھی ہوئی

مِمَّنْ هُوَ فِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ۝ سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي

نافرمانی میں ہو اُس سے زیادہ گمراہ کون ہوسکتا ہے؟ ہم عنقریب اُن کو اپنی نشانیاں آفاقِ عالم

الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ

میں (بھی) دکھلائینگے اور خود اُن کی ذات میں (بھی) یہاں تک کہ اُن پر یہ بات کھُل جائیگی کہ یہ حق ہے

أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ۝

کیا تمہارا پروردگار اس بات کے لیے کافی نہیں ہے کہ وہ ہر (ہر) چیز کا نگراں ہے۔

أَلَا إِنَّهُمْ فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَاءِ رَبِّهِمْ ۗ أَلَا إِنَّهُ

خبردار رہو وہ اپنے پروردگار کی حضور میں جانیکے متعلق شک میں ہیں آگاہ رہو کہ وہ (تمہارا پروردگار)

بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطٌ ۝ ع ۱۰

ہر چیز کو (علم و قدرت سے) گھیرے ہوئے ہے۔

سُورَةُ الشُّورَىٰ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلَاثٌ وَخَمْسُونَ آيَةً

آیاتہا ۵۳ — رکوعاتہا ۵ — کلماتہا ۸۶۹

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حم ۝ عسق ۝ كَذَٰلِكَ يُوحِي إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ

حٰم۔ عسق۔ زبردست حکمت والا خدا اسی طرح تمہاری طرف وحی کرتا ہے

مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ○ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

اور اسی طرح اُن کی طرف (کیا کرتا تھا) جو تم سے پہلے تھے۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے

وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○ تَكَادُ

اور جو کچھ زمین میں ہے اُسی کا ہے اور وہی بلند مرتبہ (اور) عظمت والا ہے۔ قریب ہے کہ آسمان

السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰٓئِكَةُ یُسَبِّحُوْنَ

(عظمتِ الٰہی کے خوف سے) اوپر سے پھٹ پڑیں اور فرشتے اپنے پروردگار کی حمد کی تو

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَیَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِی الْاَرْضِ ؕ

تسبیح کرتے رہتے ہیں اور جو لوگ زمین میں ہیں اُن کے لیے استغفار کرتے رہتے ہیں

اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ○ وَالَّذِیْنَ

آگاہ رہو کہ اللہ وہی تو بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے۔ اور جن لوگوں نے

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِیَآءَ اللّٰهُ حَفِیْظٌ عَلَیْهِمْ ۖ

اُس کو چھوڑ کر اور سرپرست بنا لیے ہیں خدا تعالیٰ اُن کا نگراں ہے

وَمَآ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ ○ وَكَذٰلِكَ اَوْحَیْنَآ

اور (اے رسولؐ) تم اُن کے ذمہ دار نہیں ہو اور اسی طرح ہم نے تمہاری طرف قرآن

اِلَیْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰی وَمَنْ

عربی زبان بذریعۂ وحی بھیجا تاکہ تم خاص مکّہ اور اُس کے اِرد گرد کے رہنے والوں کو

حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ یَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ؕ

ڈراؤ اور قیامت کے دن سے ڈراؤ جس کے بارے میں کچھ شک نہیں ہے

فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّةِ وَفَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ ○ وَلَوْ شَآءَ

ایک گروہ (اُس دن) جنّت میں ہوگا اور ایک گروہ بھڑکتی ہوئی آگ میں۔ اور اگر اللہ

اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ یُّدْخِلُ مَنْ

چاہتا تو اُن سب کو ایک ہی اُمّت بنا دیتا لیکن وہ تو جس کو چاہتا ہے

يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ ۚ وَالظَّالِمُونَ مَا لَهُم مِّن وَلِيٍّ

اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے۔ اور نافرمانوں کا نہ کوئی سرپرست ہوگا اور

وَلَا نَصِيرٍ ۝ أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ ۖ فَاللَّهُ

نہ کوئی مددگار ۔ یا اُنہوں نے اُسے چھوڑ کر اور سرپرست بنا لیے ہیں حالانکہ اللہ

هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

وہی تو سرپرست ہے اور وہی مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور وہی ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے

ع ٢

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِن شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ ۚ ذَٰلِكُمُ

اور جس کسی چیز میں تم اختلاف کرو پس اُسکا فیصلہ اللہ ہی پر ہے وہی اللہ

اللَّهُ رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ۝ فَاطِرُ

میرا پروردگار ہے اُسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اُسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں آسمانوں کا اور

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ

زمین کا پیدا کرنیوالا جسنے تمہارے لیے تمہاری ہی ذات سے جوڑے

أَزْوَاجًا وَمِنَ الْأَنْعَامِ أَزْوَاجًا ۖ يَذْرَؤُكُمْ فِيهِ ۚ

بنا دیے اور چوپایوں میں سے بھی جوڑے جوڑے بنا دیے اُسی میں وہ تمکو بڑھاتا ہے۔

لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ ۖ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ۝ لَهُ

کوئی چیز اُسکے مانند نہیں ہے اور وہ بڑا سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے آسمانوں کی

مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن

اور زمین کی کنجیاں اُسی کے ہاتھ ہیں رزق کو جسکے لیے چاہتا ہے زیادہ کر دیتا

يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ۚ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ شَرَعَ لَكُم

ہے اور (جسکے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے بیشک وہ ہر چیز سے (پورا پورا) آگاہ ہے۔ تمہارے

مِّنَ الدِّينِ مَا وَصَّىٰ بِهِ نُوحًا وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ

لیے دین کی اُسنے وہی باتیں مقرر کیں جنکی بابت اُسنے نوح کو وصیت کی تھی اور (اے رسول) جسکی بابت ہمنے تمہاری طرف

وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَىٰ أَنْ أَقِيمُوا

دی کی ہو اور جسکی بابت ہمنے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسےٰ کو وصیت کی تھی کہ دین کو قائم

الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ ۚ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ

رکھو اور اُس کے بارے میں فرقے فرقے نہ بن جاؤ۔ مشرکوں پر وہ امر جسکی طرف تم اُن کو

مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ ۚ اللَّهُ يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَنْ يَشَاءُ

بلاتے ہو بہت ہی گراں گزرا اللہ اُس امر کے لیے جس کو چاہتا ہے منتخب فرما لیتا ہے

وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ يُنِيبُ ۝ وَمَا تَفَرَّقُوا إِلَّا

اور توفیق ہدایت اُسی کو عطا کرتا ہے جو اُسکی طرف رجوع کرے۔ اور بعد اسکے کہ اُنکے پاس علم

مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۚ وَلَوْلَا

آچکا تھا وہ محض آپس کے حسد کے باعث فرقہ فرقہ بنگئے اور اگر تمہارے پروردگار

كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى لَقُضِيَ

(کی طرف سے مہلت) کا حکم ایک مدت معینہ کے لیے نہ ہو چکا ہوتا تو اُنکے مابین (کبھی کا) فیصلہ

بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ أُورِثُوا الْكِتَابَ مِنْ بَعْدِهِمْ

ہو چکتا اور بیشک جن لوگوں کو اُنکے بعد کتاب کا وارث کیا گیا (وہ آجتک)

لَفِي شَكٍّ مِنْهُ مُرِيبٍ ۝ فَلِذَٰلِكَ فَادْعُ ۖ وَاسْتَقِمْ

اسکی بابت سخت شک میں ہیں جو انہیں ڈانواڈول کیے ہوئے ہے۔ پس اے رسولؐ تم اُسی کی طرف انکو بلاتے جاؤ اور

كَمَا أُمِرْتَ ۖ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ ۖ وَقُلْ آمَنْتُ

جیسا تمکو حکم دیا گیا ہے ویسے ہی قائم رہو اور اُنکی خواہشوں کی پیروی نہ کرو اور یہ کہدو کہ اللہ نے جو کتاب

بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنْ كِتَابٍ ۖ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ ۖ

نازل کی ہے میں اُس پر ایمان لایا ہوں اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ تمہارے مابین عدالت کروں

اللَّهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۖ لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ ۖ لَا حُجَّةَ

اللہ ہمارا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی ہمارے اعمال ہمارے لیے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لیے ہمارے اور تمہارے

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ۖ اللَّهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۖ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝

مابین کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ اللہ (قیامت کے دن) ہم سب کو جمع کریگا اور اُسی کی طرف (سب کی) بازگشت ہوگی۔

وَالَّذِينَ يُحَاجُّونَ فِي اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مَا اسْتُجِيبَ لَهُ

اور جو لوگ (دین) خدا کے بارے میں کٹھ حجتی کیے جاتے ہیں بعد اسکے کہ اُس کی بات (خلق میں) مان لی گئی

حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَلَهُمْ

اُن کی حجت اُنکے پروردگار کے نزدیک لغزش میں ہے اور اُن پر غضب ہوگا اور اُنکے لیے

عَذَابٌ شَدِيدٌ ۝ اللَّهُ الَّذِي أَنْزَلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ

سخت عذاب ہے۔ اللہ وہی تو ہے جس نے کتاب کو حق کے ساتھ اُتارا

وَالْمِيزَانَ ۗ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيبٌ ۝

اور میزان کو (بھی) اور تمہیں کیا خبر ہے شاید قیامت قریب ہی ہو۔

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا ۖ وَالَّذِينَ آمَنُوا

اُسکی نسبت جلدی تو وہی لوگ کرتے ہیں جو اُس پر ایمان نہیں لاتے اور جو ایمان لائے ہیں

مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا الْحَقُّ ۗ أَلَا إِنَّ

وہ تو اُس سے ڈرنے والے ہیں اور یہ جانتے ہیں کہ وہ برحق ہے آگاہ رہو کہ جو

الَّذِينَ يُمَارُونَ فِي السَّاعَةِ لَفِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ ۝ اللَّهُ

لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑتے ہیں (وہ) بیشک بڑی گمراہی میں ہیں اللہ اپنے

لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْقَوِيُّ

کل بندوں پر بہت ہی مہربان ہے جسے (جسے چاہتا ہے (جس جس طرح چاہتا ہے) رزق عطا فرماتا ہے۔ اور وہ بڑا

الْعَزِيزُ ۝ مَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِي

قوت والا (اور) زبردست ہے۔ جو آخرت کی کھیتی چاہتا ہے ہم اُس کی کھیتی کو خوب بڑھا دینگے

حَرْثِهِ ۖ وَمَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَا لَهُ

اور جو دنیا کی خرمن چاہتا ہے تو ہم اُسکو اُسی میں سے دیدینگے اور اُسکا

گے خدا تعالےٰ دنیا و آخرت دونوں کی بہبودی عطا فرمائیگا۔

فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ۝ اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا

آخرت میں کوئی حصّہ نہ ہوگا آیا اُنکے کوئی شریک ایسے ہیں جنہوں نے اُن کے لیے

لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةُ

دین کے ایسے قواعد مقرر کر دیے ہوں جنکا خدا نے حکم نہیں دیا اور اگر فیصلہ کی بات نہ ہوگئی

الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ

ہوتی تو اُنکے مابین کبھی کا جھگڑا ہو گیا ہوتا اور بیشک نا فرمانوں کے لیے دردناک عذاب ہے

اَلِيْمٌ ۝ تَرَى الظّٰلِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوْا وَهُوَ

تم نافرمانوں کو دیکھوگے کہ جو کچھ وہ کرچکے ہیں اُس سے ڈرتے ہیں حالانکہ اُسکا

وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ

وبال اُن پر پڑنیوالا ہے اور جو لوگ ایمان لا چکے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے وہ

رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ

بہشت کے چمنوں میں ہونگے اُنکے لیے (جو) جو کچھ وہ چاہینگے اُنکے پروردگار کے پاس (مہیا) ہے۔

ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ ذٰلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ

یہی تو وہ بڑا فضل ہے یہی تو وہ ہے جس کی اللہ اپنے بندوں کو جو

عِبَادَهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ

ایمان لائے اور نیک عمل بجالائے خوشخبری دیتا ہے تم یہ کہدو کہ میں تو اس

عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ؕ وَمَنْ يَّقْتَرِفْ

(تبلیغ رسالت) پر تم سے کوئی مزدوری طلب نہیں کرتا مگر اپنے قرابت داروں کی محبت اور جو اس (کے بارے) میں

حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِيْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝

کوئی نیکی بھی کریگا اُسکی خاطر سے ہم اُسکی نیکی کو بہت بڑھا دینگے بیشک اللہ بڑا بخشنے والا اور بڑا قدردان ہے۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخْتِمْ

یا وہ یہ کہتے ہیں کہ اِس نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا پس اگر اللہ چاہے تو تمہارے دلوں پر

عَلٰى قَلْبِكَ ؕ وَ يَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَ يُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ

مہر لگا دے حالانکہ اللہ باطل کو مٹاتا ہے اور اپنے کلمات کے ذریعے سے حق کو حق ثابت کرتا ہے

اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ وَ هُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ

بیشک وہ دلوں کی حالت سے (پورا پورا) آگاہ ہے۔ اور وہ وہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول

عَنْ عِبَادِهٖ وَ يَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۙ

کرتا ہے اور اُن کی بدکاریاں معاف کرتا ہے اور جو کچھ تم کیا کرتے ہو وہ جانتا ہے

وَ يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ يَزِيْدُهُمْ

اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل بجا لائے اُن کی دعا قبول فرماتا ہے اور اُن کے حق میں اپنا

مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَ الْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۝

فضل (وکرم) بڑھا دیتا ہے اور جو کافر ہیں اُن کے لیے سخت عذاب ہے۔

وَ لَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ

اور اگر اللہ اپنے بندوں کے لیے رزق بڑھا دیتا تو وہ زمین میں ضرور بغاوت کرتے

وَ لٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ

مگر وہ تو ایک اندازے سے جو کچھ چاہتا ہے اُتارتا رہتا ہے۔ بیشک وہ اپنے بندوں کے حال سے (پوری پوری) خبر رکھنے والا

بَصِيْرٌ ۝ وَ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا

(اور) اُن کی دیکھ بھال کرنیوالا ہے۔ اور وہ وہی تو ہے جو بعد اسکے کہ وہ مایوس ہو چکے ہوں بارش نازل کرتا

قَنَطُوْا وَ يَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَ هُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ وَ مِنْ

اور اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے اور وہی سرپرست (اور) سزاوار حمد ہے۔ اور اُس کی

اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ

نشانیوں میں سے آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنا بھی ہے اور جتنے چلنے پھرنے والے اُن دونوں میں اُس نے

دَآبَّةٍ ؕ وَ هُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ۝ ع ربع ٣ وَ مَآ

(پیدا کر رکھے) ہیں اور جس وقت وہ چاہے اُنکے جمع کر لینے پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ اور جو

أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُوا

مصیبت بھی تمکو پہنچتی ہے وہ تمہارے ہی ہاتھوں کی کرتوت کا نتیجہ ہے حالانکہ اللہ بہت کچھ

عَن كَثِيرٍ ۝ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ وَمَا لَكُم

معاف کرتا رہتا ہے (علاوہ) بریں تم زمین میں عاجز کرنیوالے نہیں ہو (پھر تکبر کرتے ہو) اور اللہ کے سوا نہ تمہارا

مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝ وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ

کوئی سرپرست ہے اور نہ کوئی مددگار اور اسی کی نشانیوں میں سے سمندر

فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ۝ إِن يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ

میں پہاڑ جیسے جہاز ہیں۔ اگر وہ چاہے تو ہوا کو ٹھہرا دے تو وہ جہاز بھی سمندر کی

رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ

سطح پر کھڑے (کے کھڑے) رہجائیں یقیناً اس میں ہر اس شخص کے لیے جو بڑا صابر و شکر گزار ہے نشانیاں

ربع

شَكُورٍ ۝ أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ ۝

موجود ہیں۔ یا (اگر وہ چاہے تو) ان (کی سواریوں) کو بوجہ انکے کرتوتوں کے ہلاک کر دے حالانکہ وہ بہت سی باتوں سے درگزر کرتا ہے

وَيَعْلَمَ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِنَا مَا لَهُم مِّن

اور وہ لوگ جو ہماری آیتوں میں جھگڑتے رہتے ہیں یہ خوب جانتے ہیں کہ ان کے لیے کوئی چھٹکارا

مَّحِيصٍ ۝ فَمَا أُوتِيتُم مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ

نہیں ہے۔ پس جو چیز بھی تم کو دیگئی ہے یہ تو زندگانی دنیا کا سرمایہ ہے

وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ لِلَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ

اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کہیں بہتر اور کہیں زیادہ پائدار ہے (مگر) ہے انکیلیے جو ایمان لائے ہیں اور اپنے

يَتَوَكَّلُونَ ۝ وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَ

پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اور جو کبیرہ گناہوں سے اور بےحیائی کی باتوں سے بچتے رہتے

الْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ ۝ وَالَّذِينَ

ہیں اور جب انکو غصہ آجاتا ہے تو وہ بخشدیتے ہیں اور جو اپنے

احادیث میں بکثرت ہیں۔ ۱۲

اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۖ وَأَمْرُهُمْ شُورٰى

پروردگار کا حکم مانتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں اور اُنکا معاملہ باہمی مشورہ سے (طے) ہوتا ہے

بَيْنَهُمْ ۖ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ إِذَا أَصَابَهُمُ

اور جو کچھ ہم نے اُنکو دیا ہے اُسکا ایک جزو (ہماری راہ میں) خرچ کرتے رہتے ہیں۔ اور جو ایسے ہیں کہ جب اُن سے

الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ○ وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ

بغاوت کی جاتی ہے تو وہ بدلہ لیتے ہیں۔ اور ہر بدی کا بدلہ ویسی ہی بدی ہو سکتا ہے

مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۗ إِنَّهٗ

پھر جو معاف کردے اور اصلاح کرلے تو اُسکا اجر اللہ کے ذمہ ہے بیشک وہ ظلم

لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ

کرنیوالوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور جو بعد ظلم سہنے کے بدلہ لے پس وہی تو ایسے

فَأُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ۗ إِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى

ہیں جن پر (ملامت کی) کوئی راہ نہیں۔ سوائے اسکے نہیں ہے کہ ایسی راہ تو اُنپر

الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ

(کھلی) ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں (ناحق) ناحق بغاوت کرتے

الْحَقِّ ۗ أُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ ○ وَلَمَنْ صَبَرَ وَ

ہیں وہی تو ہیں جن کے لیے دُکھ دینے والا عذاب (مہیا) ہے۔ اور البتہ جو صبر کرے اور

غَفَرَ إِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ ○ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

بخشدے تو اس میں شک نہیں کہ یہ معاملات کی پختگی میں داخل ہے۔ اور جس سے اللہ توفیق ہدایت سلب

ع ۴ ۵

فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ مِّنْ بَعْدِهٖ ۗ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا رَأَوُا

تو اُسکے بعد اُسکا کارساز کوئی نہ ہوگا اور ظالموں کو تم دیکھوگے کہ جس وقت وہ عذاب

الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ إِلٰى مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ○ وَتَرٰىهُمْ

کو دیکھینگے تو یہ کہینگے کہ آیا (دنیا کی طرف) لوٹ جانیکی (بھی) کوئی سبیل ہے؟ اور تم اُنکو دیکھوگے کہ

يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خٰشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُونَ مِنْ

وہ دوزخ کے سامنے لائے جائینگے اس حال میں کہ ذلت کے مارے جھکے ہوئے ہونگے اور (چوری چھپی

طَرْفٍ خَفِيٍّ ۗ وَقَالَ الَّذِينَ اٰمَنُوا اِنَّ الْخٰسِرِينَ

نظروں) سے دیکھتے جاتے ہونگے اور جو لوگ ایمان لے آئے ہیں وہ یہ کہتے ہونگے کہ حقیقی نقصان اٹھانیوالے

الَّذِينَ خَسِرُوا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ اَلَا

وہ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو بھی نقصان پہنچایا اور اپنے عزیزوں کو بھی) آگاہ رہو کہ

اِنَّ الظّٰلِمِينَ فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ ۝ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ

ظالم دوامی عذاب میں رہینگے۔ اور اللہ کے سوا انکے لیے کوئی ایسا

اَوْلِيَاءَ يَنْصُرُونَهُمْ مِّنْ دُونِ اللّٰهِ ۗ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

اور کارساز نہ ہونگے جو ان کی نصرت کریں اور جس سے خدا توفیق ہدایت سلب کرلے

فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيلٍ ۝ اِسْتَجِيبُوا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ

اسکے لیے کوئی (ہدایت ونجات کی) راہ نہیں۔ قبل اس کے کہ وہ دن آئے جسکا ٹلنا خدا کی طرف سے مقرر نہیں ہے

يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۗ مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ

تم اپنے پروردگار کا حکم مانو اس دن نہ تو تمہارے لیے کوئی جائے پناہ

يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيرٍ ۝ فَاِنْ اَعْرَضُوا فَمَا

ہوگی اور نہ (اس دن) تمہارا کوئی انکار چل سکیگا۔ اس پر بھی اگر وہ روگرداں ہوں تو تمہیں

اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۗ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ۗ وَ

تم کو انکا محافظ بناکر نہیں بھیجا تمہارے ذمے صرف پہنچا دینا ہے اور

اِنَّا اِذَا اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ

ہم جب انسان کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہوتا ہے اور اگر ان کو

تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ

انہی کی کرتوت کی بدولت کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو انسان (اسکے بارے میں) بڑا ہی ناشکرا

منزل ۶

لے اِذَا اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً الخ تفسیر حسانی میں ہے کہ اس آیت کے پہلے جملہ کو تو اذا سے شروع کیا ہے اور دوسرے کو ان سے

كَفُورٌ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ

ہو جاتا ہے آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کے لیے (مسلّم) ہے وہ جو کچھ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے

يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۝

جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے عنایت فرماتا ہے

اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا

یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں جوڑواں دیتا ہے اور جسکو چاہتا ہے بانجھ کر دیتا ہے

اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا

بیشک وہ صاحب علم (اور) صاحب قدرت ہے۔ اور کسی بشر کی یہ منزلت نہیں ہے کہ اللہ اس سے بات کرے سوائے اس کے کہ

اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ

وحی کے ذریعے سے ہو یا پس پردہ سے یا کسی رسول کو بھیجدے پھر جو چاہے اپنے حکم سے اسکو وحی

مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

پہنچائے بیشک وہ بلند مرتبہ (اور) حکمت والا ہے اور اسی طرح ہم نے اپنے حکم سے روح (الامین) کو

رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ

تمہاری طرف وحی کر کے بھیجا (جبکے پہلے) تم نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا چیز ہے اور نہ یہ کہ (تعلیم) ایمان کیا چیز ہے

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ

لیکن ہم نے اسکو ایک نور قرار دیا جسکے ذریعے سے ہم اپنے بندوں میں سے جسکو چاہیں ہدایت کریں

وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ صِرَاطِ اللّٰهِ

اور بیشک تم راہ راست کی طرف ہدایت کرتے ہو یعنی اس اللہ کی راہ کی طرف

الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَآ

کہ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے اسی کا ہے آگاہ رہو کہ

اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝

تمام امور کی بازگشت اللہ ہی کی طرف ہوگی

سورة الزخرف مكية وهي تسع وثمانون اٰية

بسم الله الرحمٰن الرحيم

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا

حٰم۔ قسم ہے واضح کتاب کی بیشک ہم نے اِس کو عربی قرآن مقرر

عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا

کیا تاکہ تم سمجھو۔ اور بیشک وہ ہمارے پاس اُمّ الکتاب میں ضرور عالیشان

لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ

(اور) حکمت والا ہے۔ کیا ہم نصیحت کو تم سے (بالکل) باز رکھیں (اسی وجہ سے) کہ

كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ

تم حد سے زیادہ بدکار ہو گئے ہو۔ اور ہم نے پہلوں میں کتنے ہی نبی بھیجے۔

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ فَاَهْلَكْنَآ

اور اُن کے پاس جب کوئی نبی آتا تھا تو وہ ضرور اُسکی ہنسی اُڑایا کرتے تھے۔ پھر ہم نے اُن کو جو

اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَلَئِنْ

قوت میں سب سے بڑھے ہوئے تھے ہلاک کیا اور پہلوں کی مثل جاری ہو گئی۔ اور اگر تم

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

اُن سے پوچھو گے کہ آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کس نے کیا ہے تو وہ ضرور یہ کہینگے کہ

خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ

انکو اُس زبردست (و) صاحب علم نے پیدا کیا ہے جس نے زمین کو تمہارے لیے فرش مقرر

مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝

کیا اور اُس میں تمہارے لیے راستے مقرر کر دیے تاکہ تم راہ پالو۔

وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنْشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً

اور جس نے آسمان سے ایک اندازے سے پانی اُتارا پھر ہم نے اُسکے ذریعے سے مردہ زمین کو

مَيْتًا كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ○ وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ

زندہ کر دیا اسی طرح تم بھی (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔ اور جس نے ہر قسم کے جوڑے پیدا کیے

كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ○

اور تمہارے لیے کشتیاں اور چارپائے مقرر کر دیے جن پر تم سوار ہوتے ہو

لِتَسْتَوُوا عَلَىٰ ظُهُورِهِ ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ

تاکہ تم اُن کی پیٹھوں پر درست ہو بیٹھو پھر جب تم اُن پر درست بیٹھ جاؤ تو اپنے پروردگار کی نعمت کو

عَلَيْهِ وَتَقُولُوا سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ

یاد کرو اور یہ کہو کہ منزہ ہے وہ جس نے اس کو ہمارا مطیع کر دیا حالانکہ ہم میں اِسکی (قابو میں لانے کی)

مُقْرِنِينَ ○ وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ ○ وَجَعَلُوا لَهُ

طاقت نہ تھی۔ اور بیشک ہم اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹ کر جانیوالے ہیں۔ اور اُنہوں نے اُسکے

مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا ۚ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ مُبِينٌ ○ ع ۵

بندوں میں سے بعض کو اُسی کا ایک جزو (یعنی اولاد) بنا دیا بیشک انسان کھلا ناشکرا ہے۔

أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفَاكُمْ بِالْبَنِينَ ○ وَإِذَا

کیا جو کچھ وہ پیدا کرتا ہے اُس میں سے بیٹیاں تو آپ لیں اور بیٹوں سے تم کو نوازا۔ حالانکہ جب اُن میں

بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهُ

کر کسی کو اُس (یعنی بیٹی) کی بشارت دی جاتی ہے جسکی وہ (خدائے) رحمٰن کے لیے مثل بیان کرتا تھا تو مارے

مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ ○ أَوَمَنْ يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ

غصّے کے اُسکا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے۔ کیا وہ جو زیور (و زینت) میں پرورش کیا جائے اور وہ

فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ ○ وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ الَّذِينَ هُمْ

بحث میں کچھ نہ کر سکے (خدا کے لیے ٹھہرائے ہیں) اور اُنہوں نے فرشتوں کو جو (خدائے) رحمٰن کے

عه وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ الخ تفسیر حقانی میں ہے کہ یہاں ابراہیمؑ کا ذکر اس مناسبت سے لایا گیا ہے کہ وہ غور کریں کہ انہوں نے

عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ

بندے ہیں بیٹیاں قرار دیدیا آیا وہ اُنکی پیدائش کے وقت موجود تھے ؟ عنقریب اُنکی گواہی لکھی

شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ○ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا

جائیگی اور اُن سے بازپرس کی جائیگی۔ اور اُنہوں نے یہ کہدیا کہ اگر (خدائے) رحمٰن چاہتا تو ہم اُنکی

عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۗ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ⑤

عبادت نہ کرتے اُنکو اسکا کوئی علم نہیں ہے وہ تو محض اٹکل پچو باتیں بناتے ہیں۔

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ○ بَلْ

یا ہم نے اُن کو پہلے سے کوئی کتاب دی ہے جس کو وہ مضبوط پکڑے ہوئے ہیں ؟ بلکہ

قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ

اُنہوں نے تو یہ کہا تھا کہ بہ تحقیق ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا [1] اور ہم تو اُنہی کے قدم بہ قدم

مُّهْتَدُوْنَ ○ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ

چلے جائینگے۔ اور اسی طرح ہم نے تم سے پہلے جس بستی میں کوئی ڈرانیوالا بھیجا تو اُسکے دولتمندوں

مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ

نے یہی کہا کہ ہمنے تو اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا اور ہم تو اُنہی کے

وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ ○ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى

قدم بہ قدم چلے جائینگے۔ (اُس ڈرانیوالے نے یہ) کہا کہ جس طریقے پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا تھا

مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ

اگر میں اُس سے زیادہ سیدھا طریقہ لیکر آیا ہوں (تو بھی؟) اُنہوں نے کہدیا کہ جو کچھ تمکو دیکر بھیجا گیا ہے اُسکے تو ہم

كٰفِرُوْنَ ○ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

ضرور منکر ہیں۔ پس ہمنے اُن سے بھی بدلہ لیا پھر دیکھو کہ اُن جھٹلانیوالوں کا انجام

الْمُكَذِّبِيْنَ ○ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ

کیسا ہوا۔ اور (اُس وقت کو یاد کرو) جبکہ ابراہیمؑ نے اپنے باپ (یعنی چچا) سے اور اپنی قوم سے یہ کہا کہ میں

ع ۲ ۸

[1] وَاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ تفسیر حقانی میں ہے کہ انکے پاس اور کوئی عقلی یا نقلی حجت تو تھی نہیں لہٰذا اُنہوں نے اپنے جاہل باپ دادوں کی تقلید کی حجت

بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُونَ ۝ إِلَّا الَّذِي فَطَرَنِي فَإِنَّهُ سَيَهْدِينِ ۝

چیزوں کو تم پوجتے ہو اُن سے میں بری ہوں۔ مگر اُسکو (پوجتا ہوں) جسنے مجھ کو پیدا کیا وہی عنقریب مجھے ہدایت دیگا

وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝

اور اسی (اعتقاد) کو اپنی اولاد میں انہوں نے یادگار کے طور پر چھوڑا تاکہ وہ اُسکی طرف رجوع کرتے رہیں۔

بَلْ مَتَّعْتُ هَٰؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّىٰ جَاءَهُمُ الْحَقُّ وَ

لیکن میں نے انکو اور انکے باپ دادا کو متمتع ہونے دیا یہاں تک کہ اُنکے پاس حق اور کھلا رسول

رَسُولٌ مُّبِينٌ ۝ وَلَمَّا جَاءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوا هَٰذَا سِحْرٌ وَإِنَّا

آ گیا۔ اور جب اُن کے پاس حق آگیا تو انہوں نے کہا کہ یہ تو جادو ہے اور ہم اس کے

بِهِ كَافِرُونَ ۝ وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هَٰذَا الْقُرْآنُ عَلَىٰ رَجُلٍ

یقیناً منکر ہیں۔ اور انہوں نے یہ (بھی) کہا کہ یہ قرآن ان دونوں بستیوں کے کسی بڑے آدمی پر

مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ ۝ أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۚ

کیوں نہ نازل کیا گیا؟ کیا وہ تمہارے پروردگار کی رحمت کو تقسیم کرتے ہیں

نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُم مَّعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَرَفَعْنَا

ہم نے زندگانی دنیا میں اُنکے مابین اُنکی روزی تقسیم کردی ہے اور ہم نے اُن کے

بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُم بَعْضًا سُخْرِيًّا ۗ

ایک کو دوسرے سے بدرجہا بڑھا دیا ہے تاکہ وہ ایک دوسرے کا مذاق بنایا کریں

وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ۝ وَلَوْلَا أَن يَكُونَ

اور تمہارے پروردگار کی رحمت اُن چیزوں سے جو وہ جمع کرتے ہیں کہیں بہتر ہے۔ اور اگر ایسا نہ ہوتا کہ لوگ ایک ہی جتھا

النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَن يَكْفُرُ بِالرَّحْمَٰنِ لِبُيُوتِهِمْ

ہو جاتے تو ہم اُن کے لیے جو (خدائے) رحمٰن کا انکار کرتے ہیں اُن کے گھروں کی چھتیں (بھی)

سُقُفًا مِّن فِضَّةٍ وَمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُونَ ۝ وَلِبُيُوتِهِمْ

چاندی کی بنا دیتے اور وہ زینے بھی جن پر وہ چڑھتے ہیں۔ اور اُن کے مکانوں کے دروازے

اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِــٔوْنَ ۝ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ

(بھی) اور وہ تخت (بھی) جن پر وہ تکیے لگا کر بیٹھتے ہیں اور (چاندی کے علاوہ) سونا بھی (کر دیتے) مگر یہ سب کچھ

ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ

زندگانی دنیا کی پونجی ہوتی اور تمہارے پروردگار کے نزدیک آخرت

رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

پرہیزگاروں ہی کے لیے ہے۔ اور جو شخص (خدائے) رحمٰن کی نصیحت سے آنکھیں بند کر لیگا

نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ۝ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ

ہم اُس کے لیے ایک شیطان مقرر کر دینگے پس وہی اُسکا ساتھی رہیگا۔ اور یقیناً وہی (شیاطین تو) راہ راست

عَنِ السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ حَتّٰٓى

سے روکتے رہینگے اور لوگ گمان کرتے رہینگے کہ ہم ہدایت یافتہ ہیں یہاں تک کہ

اِذَا جَاۗءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ

جب وہ ہمارے پاس آئیگا تو (وہ اُس شیطان سے) کہیگا کاش میرے اور تیرے مابین مشرق و مغرب کی دوری

فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ۝ وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ

ہوتی کیونکہ (تو) بہت ہی بُرا ساتھی ہے۔ اور جب تم ظلم کر چکے ہو تو یہ (تمہاری حسرت) تمکو آج اس بارے میں

اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۝ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ

کوئی نفع نہ پہنچائیگی کہ تم عذاب میں ایک دوسرے کے شریک رہو۔ کیا تم بہروں کو سنا دوگے ؟

اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ

یا اندھوں کی اور اُن کی جو کھلی گمراہی میں ہیں راہبری کرو گے ؟ پس اگر ہم تمکو لیجائینگے تو

بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ۝ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ

ہم اُن سے بھی ضرور ہی بدلہ لینے والے ہیں۔ یا ہم تم کو وہ دکھلا دینگے جسکا ہمنے اُن سے وعدہ کیا ہے

فَاِنَّا عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ۝ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ

کہ ہم اُن پر (پورا پورا) اختیار رکھنے والے ہیں۔ پھر جو کچھ تمہاری طرف وحی کی گئی ہے تم اُسے مضبوط

جناب رسول خدا کے پاس سب سے زیادہ قریب تھا پس آنحضرت نے لوگوں سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ میں تم سے اُس حالت میں ملاقات کروں گا کہ تم میرے بعد کافر ہو جاؤ گے اور ایک دوسرے کی گردن

إِلَيْكَ ۚ إِنَّكَ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ
پکڑے رہو بیشک تم راہِ راست پر ہو۔ اور یہ ضرور تمہارے لیے اور

لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۖ وَسَوْفَ تُسْأَلُونَ ۝ وَاسْأَلْ مَنْ
تمہاری قوم کے لیے نصیحت ہے اور آگے چل کر تم سے سوال کیا جائیگا۔ اور جو اپنے رسول ہم نے

أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رُّسُلِنَا أَجَعَلْنَا مِن دُونِ
تم سے پہلے بھیجے تھے اُن سے پوچھ لو کہ آیا ہم نے سوائے (خدائے) رحمٰن کے کچھ

الرَّحْمَٰنِ آلِهَةً يُعْبَدُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا
اور خدا مقرر کر دیے تھے جنکی پرستش کی جاتی تھی اور یقیناً ہم نے موسٰے کو فرعون اور اُس کے

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَقَالَ إِنِّي رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝
سرداروں کی طرف بھیجا تو اُنہوں نے فرمایا تھا کہ میں ضرور تمام عالموں کے پروردگار کا رسول ہوں۔

فَلَمَّا جَاءَهُم بِآيَاتِنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَضْحَكُونَ ۝ وَمَا
پس جب وہ اُنکے پاس ہماری نشانیاں لیکر پہنچے تو وہ یکایک اُن (نشانیوں) کا ٹھٹھا اُڑانے لگے۔ اور ہم اُنکو

نُرِيهِم مِّنْ آيَةٍ إِلَّا هِيَ أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا ۖ وَأَخَذْنَاهُم
کوئی نشانی ایسی نہیں دکھاتے تھے جو دوسری سے بڑھ کر نہ ہو اور ہم نے اُن کو عذاب میں

بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ وَقَالُوا يَا أَيُّهَ السَّاحِرُ ادْعُ
بھی گرفتار کیا تاکہ وہ رجوع کریں۔ اور اُنہوں نے کہا کہ اے جادوگر! تو ہماری خاطر

لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَ إِنَّنَا لَمُهْتَدُونَ ۝ فَلَمَّا
اپنے پروردگار سے اُس چیز کی دعا کر جسکا اُسنے تجھ سے عہد کیا ہے کہ ہم ضرور براہِ راست پر آنیوالے ہیں۔ پھر جب ہمنے

كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ ۝ وَنَادَىٰ
اُن سے عذاب کو دور کر دیا تو یکایک وہ اقرار سے پھر گئے۔ اور فرعون نے

فِرْعَوْنُ فِي قَوْمِهِ قَالَ يَا قَوْمِ أَلَيْسَ لِي مُلْكُ مِصْرَ
اپنی قوم میں آواز دیکر یہ کہا کہ اے میری قوم! کیا سلطنتِ مصر اور یہ ندیاں جو میرے

ع

لیہ/اس۔ یہ کہ اس کے یہاں عالم کامل کو ساحر کہا کرتے تھے۔ تفسیر قمی بھی پچھلے قول کی تائید کرتی ہے۔ ۱۲۰

وَهٰذِهِ الْاَنْهٰرُ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِيْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ اَمْ

نیچے بہتی ہیں میری نہیں ہیں؟ کیا تم دیکھتے نہیں؟ یا یہ کہ

اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ۵ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ۝

میں اِس شخص سے جو ذلیل ہے اور جو صاف بات تک نہیں کرسکتا بدرجہا بہتر (نہیں) ہوں؟

فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ

(اگر ایسا نہیں ہے تو) پھر اسکے لیے سونے کے کنگن کیوں نہ اُتارے گئے یا اسکے ساتھ فرشتے پرا

الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ۝ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهُ فَاَطَاعُوْهُ ؕ

باندھے ہوئے کیوں نہ آئے۔ پس اُس نے اپنی قوم کو احمق بنایا اور انہوں نے اُسکی اطاعت کرلی

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا

یقیناً وہ نافرمان لوگ تھے۔ پھر جس وقت انہوں نے ہم کو غصہ دلایا تو ہم نے

مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا

(بھی) اُن سے بدلہ لیا پس اُن سب کو ڈبو دیا۔ اور ہم نے اُنکو آنیوالوں کے لیے پیش رو اور

لِّلْاٰخِرِيْنَ ۝ ع وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ

ضرب المثل بنا دیا۔ اور جس وقت فرزند مریم کی مثل بیان کی گئی تو یکایک تمہاری قوم اُس پر

مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا

غل مچانے لگی۔ اور وہ کہنے لگے کہ آیا ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ؟ انہوں نے

ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ۝ اِنْ

تمہارے سامنے یہ (مثل) صرف جھگڑے کے لیے بیان کی ہے بلکہ وہ لوگ ہیں ہی جھگڑالو۔ وہ (مسیح)

هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝

نہیں ہے مگر ایک بندہ جسکو ہم نے نعمت دی تھی اور اُسکو بنی اسرائیل کے لیے نمونہ (قدرت) قرار دیا تھا

وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ۝

اور اگر ہم چاہتے تو تم ہی میں سے فرشتے بنا دیتے جو زمین میں تمہارے جانشین ہوتے۔

وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا

اور بیشک وہ قیامت کی شناخت ہے پس تم ذرا اُسکے بارے میں شک نہ کرو اور میری پیروی کیے جاؤ۔

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ○ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ

یہی راستہ سیدھا ہے۔ اور شیطان تم کو روک نہ دے یقیناً وہ تمہارا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ○ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ

کھلا دشمن ہے۔ اور جب عیسےٰ اُن کے پاس کھلی دلیلیں لیکر آگئے تو فرمایا کہ میں ضرور

جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ

تمہارے پاس حکمت (شریعت) لیکر آیا ہوں اور اس لیے کہ جن جن چیزوں میں تم اختلاف کرتے ہو اُن میں

فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ○ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ

بعض کو تمہارے لئے واضح کردوں پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ بیشک اللہ وہی تو میرا پروردگار (بھی) ہے اور

فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ○ فَاخْتَلَفَ

تمہارا پروردگار (بھی) پس تم اُسی کی عبادت کرو۔ یہی راہ سیدھی ہے۔ پس گروہ (گروہ) آپس میں

الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

مختلف ہوگئے تو جو لوگ دردناک دن کے عذاب سے سرتابی کرتے ہیں کیسے

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ○ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ

لیے افسوس ہے۔ کیا وہ اسی کے منتظر ہیں کہ قیامت اُنکو یکایک آلے اور وہ

بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ○ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ

اُس سے بےخبری رہیں۔ دوستی رکھنے والے اُس دن ایک دوسرے کے

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ○ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ

دشمن ہونگے متقی اس سے مستثنےٰ ہیں۔ (ندا آئیگی کہ) اے میرے بندو! آج نہ تم کو (آئندہ کی بابت)

ع ۱۲

الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ○ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا

کوئی خوف ہے اور نہ تم (گزشتہ کی بابت) رنجیدہ ہو گے۔ جو لوگ ہماری نشانیوں پر ایمان لائے تھے

منزل ۶

وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ

اور فرمانبردار رہے تھے۔ (اُن سے کہا جائیگا کہ) تم اور تمہاری ازواج جنت میں چلے جاؤ کہ

تُحْبَرُوْنَ ۝ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّ

تمہاری عزت کیجائے اُن کے سامنے سونے کی رکابیاں اور کوزے دَور کے طور پر

اَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ

لائے جائینگے اور اُن میں وہ چیزیں ہونگی جنکو دل چاہیں اور (جن سے) آنکھیں مزے اُٹھائیں

وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا

اور تم اُن (جنتوں) میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہوگے۔ اور یہی جنت ہے جس کے تم اپنے اعمال کے

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا

سبب وارث کیے گئے ہو۔ اس میں تمہارے لیے بہت سے میوے ہونگے جن میں سے

تَاْكُلُوْنَ ۝ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۝

تم کھاتے رہوگے۔ یقیناً گنہگار عذاب جہنم میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہینگے۔

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ

اُنکے عذاب میں کوئی تخفیف نہ کی جائیگی اور وہ اُس (جہنم) میں مایوس ہو جائینگے۔ اور ہمنے اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا

وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ

لیکن وہ (اپنے حق میں) آپ ہی ظالم ہوئے۔ اور وہ آواز دینگے کہ اے مالک کاش تیرا

عَلَيْنَا رَبُّكَ ۚ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ۝ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ


پروردگار ہمارا خاتمہ ہی کردے (مالک جواب میں) کہیگا کہ تمہیں تو یونہی رہنا ہے۔ ہم یقیناً تمہارے پاس حق

بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ۝ اَمْ اَبْرَمُوْٓا

لیکر آئے لیکن تم میں سے بہت سے حق سے نفرت کرنیوالے ہیں۔ آیا اُنھوں نے کسی بات کا

اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۝ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ

پختہ ارادہ کرلیا ہے تو ہم بھی پختہ ارادہ کرنیوالے ہیں۔ یا وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم اُنکے بھید کو اور خفیہ باتوں کو



وَنَجْوٰىهُمْ ۭ بَلٰى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ○ قُلْ اِنْ

سنتے نہیں (ہم) ضرور (سنتے ہیں) اور ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) انکے پاس لکھتے جاتے ہیں۔ تم کہدو کہ

كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ڰ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ○ سُبْحٰنَ رَبِّ

اگر (خدائے) رحمٰن کا کوئی بیٹا ہوسکتا تو سب سے پہلا عبادت کرنیوالا تو میں ہی ہوتا۔ آسمانوں کا اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○ فَذَرْهُمْ

کا پروردگار عرش کا مالک اُن باتوں سے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں (یعنی بیٹا وغیرہ ہونے سے) منزہ ہے۔ اب انکو

يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ○

چھوڑ دو کہ یہ باتیں بنایا کریں اور کھیل کود میں پڑے رہیں تاکہ اُس دن کا سامنا ہوجائے جسکا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے

وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَاۗءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ وَهُوَ

اور وہ (خدا) وہی ہے جو آسمان میں بھی معبود ہے اور زمین میں بھی معبود ہے اور وہ

الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ○ وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

حکمت والا (اور) جاننے والا ہے۔ اور وہ صاحبِ برکت ہے جس کے لیے آسمانوں کی اور زمین کی اور

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ

جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اُسکی بادشاہت ہے اور قیامت تک کا علم اُسی کے پاس ہے اور اُسی کی طرف تم سب

تُرْجَعُوْنَ ○ وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ

کی بازگشت ہوگی۔ اور جن کو یہ خدا کے سوا پکارتے ہیں وہ شفاعت کا اختیار نہ رکھینگے

الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ○ وَ

سوائے اُس کے جو حق کی گواہی دے جس حال میں وہ جانتے بھی ہوں۔ اور


لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ○

اگر تم اُن سے دریافت کرو کہ اُنکو پیدا کس نے کیا ہے تو وہ ضرور یہ کہدینگے کہ اللہ تو پھر یہ کدھر بہکے جاتے ہیں؟

وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ○ فَاصْفَحْ

اور رسول کے یارب کہنے کی قسم ہے یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہ لائینگے۔ پس تم بھی ان سے

۴ کے دن وہ سب اپنی پرستش کرنیوالوں کے لیے شفاعت کا کوئی اختیار نہ رکھینگے۔ ۱۲۔ ۵ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ۔ تفسیر صافی میں ہے کہ اسکا مطلب یہ ہے کہ تم اُن کو دعوتِ اسلام دینے سے باز آؤ اور اُن کے ایمان سے مایوس ہو جاؤ ۱۲۔



عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ۝

درگزرو اور کہدو (لو بس) سلام۔ پھر آگے چل کر تو یہ جان ہی لینگے۔

ع ۳۲ / ۱۳

ایاتہا ۵۹ — رکوعاتہا ۳ — کلماتہا ۳۴۶ — حروفہا ۱۴۹۵

سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ۝ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ

حٰمٓ۔ قسم ہے واضح کتاب کی۔ یقیناً ہمنے اسکو برکت والی رات میں اتارا ہے

اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۝ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ۝

کہ ہم ہی ڈرانیوالے ہیں۔ ہر حکمت والا کام اُسی (رات) میں مقرر کیا جاتا ہے۔

اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ۗ اِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۗ

یہ حکم ہماری طرف سے ہے ہم تمہارے رب کی طرف سے رحمت کرکے بھیجنے والے ہیں

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

بیشک وہ بڑا سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔ جو آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوکے

وَمَا بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَ

درمیان ہے انکا پروردگار ہے اگر تم یقین رکھنے والے ہو (تو سمجھ لو کہ) اُس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی جلاتا

يُمِيْتُ ۗ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ بَلْ هُمْ فِيْ

اور وہی مارتا ہے تمہارا (بھی) پروردگار اور تمہارے پہلے باپ داداوں کا (بھی) لیکن وہ تو شک میں

شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ۝ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ

پڑے کھیلتے ہیں۔ سو تم (اُس دن کا) انتظار کرو جس دن آسمان ایک ظاہر دھواں

مُّبِيْنٍ ۝ يَّغْشَى النَّاسَ ۗ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ رَبَّنَا

لائیگا جو کل آدمیوں کو ڈھانپ لیگا یہی تو دردناک عذاب ہے۔ (وہ عرض کرینگے کہ) اے ہمارے

اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ ۝ أَنَّىٰ لَهُمُ

پروردگار ہم سے (اس) عذاب کو دور کردے ہم یقیناً ایمان لانیوالے ہیں۔ اب انہیں نصیحت کہاں

الذِّكْرَىٰ وَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ ۝ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ

سے مل گئی؟ حالانکہ انکے پاس کھولکر سنانیوالا رسول آچکا ہے۔ پھر انہوں نے اس سے منہ پھیر لیا

وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَّجْنُونٌ ۝ إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا

تھا اور یہ کہدیا تھا کہ یہ تو سکھایا ہوا دیوانہ ہے۔ ہم تھوڑے عرصہ کے لیے عذاب دور کرنیوالے ہیں اور

إِنَّكُمْ عَائِدُونَ ۝ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَىٰ إِنَّا

تم پھر وہی کرنیوالے ہو جس دن ہم بڑی سے بڑی گرفت کرینگے (اسی دن تو) ہم بدلہ

مُنتَقِمُونَ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَاءَهُمْ

لینے والے ہیں۔ اور ضرور ہم نے ان سے پہلے فرعون کی قوم کی آزمائش کی تھی اور انکے پاس

رَسُولٌ كَرِيمٌ ۝ أَنْ أَدُّوا إِلَيَّ عِبَادَ اللَّهِ إِنِّي لَكُمْ

ایک عزت دار رسول (یہ حکم لیکر) آیا تھا کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کردو بیشک میں تمہارے لیے

رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ وَأَن لَّا تَعْلُوا عَلَى اللَّهِ إِنِّي آتِيكُم

ایک امانت دار رسول ہوں۔ اور یہ کہ خدا کے برخلاف تکبر نہ کرو میں تمہارے پاس نمایاں

بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ۝ وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ أَن

غلبہ کے ساتھ آیا ہوں۔ اور میں اپنے پروردگار کی اور تمہارے پروردگار کی اس بات سے پناہ مانگتا ہوں

تَرْجُمُونِ ۝ وَإِن لَّمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ ۝ فَدَعَا


کہ تم مجھے سنگسار کرسکو۔ اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے جدا ہوجاؤ۔ پھر اپنے پروردگار سے

رَبَّهُ أَنَّ هَٰؤُلَاءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ ۝ فَأَسْرِ بِعِبَادِي

دعا کی کہ یہ گنہگار لوگ ہیں۔ (حکم آیا کہ) پس تم میرے بندوں کو راتوں رات

لَيْلًا إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ ۝ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا إِنَّهُمْ

لے جاؤ تمہارا پیچھا ضرور کیا جائیگا اور دریا کو ٹھہرا ہوا چھوڑ دینا یقیناً وہ



جُندٌ مُّغْرَقُونَ ○ كَمْ تَرَكُوا مِن جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ○

لشکر کے لشکر ڈوبنے والے ہیں۔ کتنے باغات اور چشمے اور کھیتیاں اور اچھے (اچھے)

وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ○ وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَاكِهِينَ ○

مکان اور نعمتیں جن کا وہ لطف اٹھایا کرتے تھے چھوڑ گئے

كَذَٰلِكَ وَأَوْرَثْنَاهَا قَوْمًا آخَرِينَ ○ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ

ایسا ہی ہوا کرتا ہے اور ہم نے اُن چیزوں کا وارث دوسرے لوگوں کو کر دیا۔ پس نہ اُن پر آسمان

السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوا مُنظَرِينَ ○ ع وَلَقَدْ نَجَّيْنَا

رویا اور نہ زمین اور نہ اُن کو ڈھیل دی گئی۔ اور یقیناً ہم نے بنی اسرائیل

بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِينِ ○ مِن فِرْعَوْنَ

کو فرعون کے ہاتھ سے ذلت دینے والے عذاب سے نجات بخشی

إِنَّهُ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِينَ ○ وَلَقَدِ اخْتَرْنَاهُمْ عَلَىٰ

بیشک فرعون زیادتی کرنیوالوں میں سے متکبر تھا۔ اور ہم نے دیدہ و دانستہ اُنکو تمام عالموں

عِلْمٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ○ وَآتَيْنَاهُم مِّنَ الْآيَاتِ مَا فِيهِ بَلَاءٌ

سے برگزیدہ کر لیا تھا اور ہم نے اُن کو اپنی نشانیوں میں سے وہ دی تھیں جن میں کھلی

مُّبِينٌ ○ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَيَقُولُونَ ○ إِنْ هِيَ إِلَّا مَوْتَتُنَا

آزمائش تھی۔ یہ تو ضرور یہی کہتے ہیں کہ انجام کار ہماری پہلی ہی موت تو ہے

الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُنشَرِينَ ○ فَأْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ

اور پھر ہم مبعوث نہیں کیے جائیں گے۔ پس اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا

صَادِقِينَ ○ أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

کو بلا لاؤ۔ آیا یہ اچھے ہیں یا تبع کے لوگ؟ اور وہ جو ان سے پہلے تھے

أَهْلَكْنَاهُمْ إِنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ○ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ

جن کو ہم نے ہلاک کر دیا یقیناً وہ گنہگار لوگ تھے۔ اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ○ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ

جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اسے کھیل کے طور پر پیدا نہیں کیا ہم نے ان دونو کو نہیں مگر حق کے ساتھ

وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ

پیدا کیا ہے لیکن ان میں سے بہت سے (لوگ) اس بات کو نہیں جانتے۔ یقیناً حق و باطل کی جدائی کا دن

مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى

ان سب کے لیے مقررہ وقت ہے۔ جس دن کوئی یار کسی یار کے کچھ کام نہ آئیگا

شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

اور نہ انکو مدد دی جائیگی۔ وہ اس سے مستثنیٰ ہیں جن پر اللہ نے رحمت فرمائی بیشک وہ

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ○ اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ○ طَعَامُ الْاَثِيْمِ

بڑا زبردست (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ یقیناً تھوہر کا درخت گنہگاروں کی خوراک ہوگا (جو) پگھلے ہوئے

كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ○ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ○ خُذُوْهُ

تانبے کے مانند (ہے) معدوں میں ایسی کھلبلی مچادیگا جیسے گرم پانی کا اوٹنا۔ (حکم ہوگا کہ) اسکو پکڑو

فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ○ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ

پھر اسکو جہنم کے بیچوں بیچ کھینچ لاؤ پھر اسکے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا

مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ○ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ○

عذاب ڈالدو (یہ) مزہ چکھ تو تو بڑا عزت دار سردار ہے۔

اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ○ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ

جس عذاب کے بارے میں تم شک کیا کرتے تھے وہ یہی ہے۔ بلاشک پرہیزگار لوگ امن والے مقام

اَمِيْنٍ ○ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ○ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ

میں باغوں میں اور چشموں میں مہین اور موٹے ریشمی کپڑے پہنے ہوئے

وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ○ كَذٰلِكَ ۫ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ

آمنے سامنے بیٹھے ہونگے۔ ایسا ہی ہوگا۔ اور ہم انکی شادی بڑی بڑی آنکھوں والی

عِينٍ ○ يَدْعُونَ فِيهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ آمِنِينَ ○ لَا يَذُوقُونَ

خوبصورت حوروں سے کر دینگے۔ وہ اُن میں بےخوف ہر طرح کی میوؤں کا دیکھا کر طلب کرینگے۔ پہلی موت کے سوا

فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَاهُمْ عَذَابَ

اُن (جنتوں) میں وہ موت کا مزہ نہ چکھینگے اور یہ تمہارے پروردگار کی عنایت ہی جو انکو عذاب

الْجَحِيمِ ○ فَضْلًا مِّن رَّبِّكَ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

جہنم سے بچالیگا یہی تو بڑی کامیابی ہے۔

الْعَظِيمُ ○ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ○

پس ہم اور اسکے نہیں ہے کہ ہمنے اِس (قرآن) کو تمہاری زبان میں بہت ہی آسان کر دیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ ○ ع

پس تم بھی انتظار کرو کہ یہ بھی منتظر ہیں۔

ع ۱۷ / ۳ / ۱۲

سورة الجاثية مكية وهي سبع وثلثون اية

آیاتہا ۳۷ — رکوعاتہا ۴ — کلماتہا ۴۹۲ — حروفہا ۲۱۳۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حم ○ تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ○

حٰم۔ اِس کتاب کا اُتارا زبردست حکمت والے خدا کی طرف سے ہوا ہے

إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ ○

بیشک آسمانوں میں اور زمین میں ایمان لانیوالوں کے لیے بہت سی نشانیاں (موجود) ہیں۔

وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ

اور تمہاری پیدائش میں اور جتنے زمین پر چلنے والوں کو وہ پھیلا دیتا ہے اُن کی پیدائش

يُوقِنُونَ ○ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ

میں اُن لوگوں کیلئے جو یقین رکھتے ہیں نشانیاں (موجود) ہیں۔ اور رات اور دن کے آگے پیچھے آنے میں اور جو رزق اللہ نے

مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

آسمان سے اُتارا ہے کہ اُس کے ذریعے سے اُس نے زمین کو اُسکی موت کے بعد پھر زندہ کر دیا ہے

وَتَصْرِيفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ○ تِلْكَ اٰيٰتُ

اُس میں اور ہواؤں کے چلنے میں اُن لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں نشانیاں (موجود) ہیں۔ یہ اللہ کی آیتیں

اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَ

ہیں جو ہم تمکو ٹھیک ٹھیک (پڑھ پڑھ) کر سناتے ہیں پس خدا کے اور اُسکی آیتوں کے بعد یہ لوگ

اٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ○ وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ○ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ

کونسی بات پر ایمان لائینگے ہر اُس جھوٹے گنہگار پر سب سے زیادہ افسوس ہے جو خدا کی آیتیں

اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا ۚ

اپنے سامنے پڑھتے ہوئے سنتا ہے پھر از روئے تکبر (اپنے کفر پر) اُسی طرح اصرار کرتا ہے گویا اُنکو سنا ہی نہیں سو

فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا

تو اب تم بھی اُسکو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو۔ اور جب اُسکو ہماری آیتوں کا کچھ علم ہو جاتا ہے تو اُنکی ہنسی

هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ○ مِنْ وَّرَآئِهِمْ

اُڑاتا ہے ایسے ہی لوگوں کے لیے ذلت دینے والا عذاب ہے۔ اور آگے اُن کے جہنم

جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا

ہے اور اُن کے نہ تو وہ کچھ کام آئیگا جو اُنہوں نے کمایا ہوگا اور نہ وہ (کام آئینگے) جنکو اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ هٰذَا

اُنہوں نے سرپرست ٹھہرایا ہوگا اور اُنکے لیے بہت بڑا عذاب ہوگا۔ ہدایت یہی

هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ

تو ہے اور جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں کا انکار کیا ہے اُن کے لیے دردناک

مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ○ اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ

عذاب کی مار ہے۔ اللہ وہی ہے جس نے سمندر کو تمہارا مطیع کر دیا ہے کہ اس میں

ع ۱

منزل ۶

۱؎ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ تفسیر ... میں ہے کہ اس میں اللہ کا نام جو آیٰتہ سے مقدم کیا گیا ہے یہ تعظیم رو بالوں کی بنا پر ہے جیسے کہ

الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ

کشتیاں اُس کے حکم سے چلتی رہیں اور اس لیے کہ تم اُسکے فضل کے خواستگار رہو اور تاکہ تم شکر ادا

تَشْكُرُوْنَ ۝ وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا

کرتے رہو اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اُس سب کو اُسنے اپنے فضل

مِّنْهُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ قُلْ لِّلَّذِيْنَ

سے تمہارے کام میں لگا دیا ہے۔ بیشک اس میں اُن لوگوں کیلئے نشانیاں (موجود) ہیں جو غور وفکر کرتے ہیں تم اُن لوگوں

اٰمَنُوْا يَغْفِرُوْا لِلَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجْزِيَ قَوْمًۢا بِمَا

جو ایمان لائے ہیں یہ کہدو کہ وہ اُنکو جو اللہ کے دنوں کی امید نہیں رکھتے معاف کردیں کہ خدا تعالیٰ اُن لوگوں کو

كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَسَاۗءَ

جیسا (جیسا) وہ کیا کرتے تھے اُسکے بموجب خود سزا دیدیگا جو شخص کوئی نیک کام کریگا تو اپنی ذات کے نفع کیلئے اور جو بدی کریگا اسکا

فَعَلَيْهَا ۡ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ

وبال بھی اُسی کی ذمہ ہے پھر تم (سب) اپنے پروردگار کی حضور میں لوٹائے جاؤ گے۔ اور یقیناً ہمنے بنی اسرائیل کو کتاب اور قوت

الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ

فیصلہ اور نبوت عطا کی تھی اور ہمنے اُن کو اچھی اچھی چیزیں کھانیکو دی تھیں اور ہم نے اُن کو تمام

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا

عالموں پر فضیلت دی تھی۔ اور ہمنے اُن کو امر دین کی کھلی دلیلیں عطا کی تھیں پس انہوں نے باہم اختلاف نہیں

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ

کیا مگر اُنکے پاس علم پہنچ جانیکے بعد محض آپس کی سرکشی کے باعث بیشک تمہارا پروردگار قیامت کے دن اُنکے

يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ ثُمَّ

مابین اُن تمام چیزوں میں جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے فیصلہ فرمادیگا۔ پھر ہم نے

جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَ

اسی امر (دین) کی شریعت پر تم کو مقرر کیا پس تم اسی کی پیروی کرو اور اُن لوگوں کی خواہشوں کی

منزل ۶

الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا

پیروی نہ کرنا جو بے علم ہیں۔ یقیناً وہ اللہ کے ہاں تمہارے کچھ کام نہ آئینگے اور

وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ○

بیشک یہ ظالم ایک دوسرے کے یار ہیں اور اللہ پرہیزگاروں کا مددگار ہے۔

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ○

کل آدمیوں کے لیے یہ کھلی دلیلیں ہیں اور اُن لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں ہدایت و رحمت ہے۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ

آیا وہ لوگ جو بدیاں کرتے ہیں اُنہوں نے یہ گمان کر لیا ہے کہ ہم اُنکو اُن لوگوں کے مانند قرار دینگے

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ مَا

جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اُن کا جینا مرنا یکساں ہوگا جو حکم وہ لگاتے ہیں

يَحْكُمُوْنَ ○ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى

بہت ہی برا ہے۔ اور اللہ نے آسمانوں کو اور زمین کو غرض صحیح سے پیدا کیا اور اس لیے کہ ہر نفس

ع ۱۰ / ۱۸

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○ اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ

اپنے کیے کا بدلہ پائے اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے۔ آیا تونے اُس شخص کی حالت پر غور کیا

اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ وَاَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّخَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ وَقَلْبِهٖ

جس نے اپنی خواہش کو اپنا خدا بنا لیا اور اللہ نے بھی جان بوجھ کر اُس سے توفیق ہدایت سلب کرلی اور

وَجَعَلَ عَلٰى بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ۭ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ ۭ اَفَلَا

اُسکے کانوں پر اور دل پر مُہر لگادی اور اُسکی آنکھوں پر پردہ ڈالدیا پس اللہ کے بعد اُسکا راہبر کون ہوگا کیا تم

تَذَكَّرُوْنَ ○ وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا

نصیحت نہیں حاصل کرتے ○ اور اُنہوں نے یہ کہہ دیا کہ یہ ہماری زندگانی دنیا ہی تو ہے جس میں ہم مرتے جیتے ہیں

وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ

اور ہمکو زمانے کے سوا کوئی ہلاک نہیں کریگا حالانکہ اُنکو اس بارے میں کوئی علم نہیں ہے وہ محض قیاس



لَا يَظُنُّوْنَ ○ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ

(دوڑایا) کرتے ہیں۔ اور جب ہماری کھلی آیتیں اُنکے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو اُنکی حجت اسکے سوا

اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتُوْا بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ قُلِ اللّٰهُ

اور کچھ نہیں ہوتی کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو لے آؤ۔ تم یہ کہدو کہ اللہ

يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ

ہی نے تم کو حیات دی ہے پھر وہی تم کو موت دیگا پھر وہی قیامت کے دن جس میں کوئی شک نہیں ہے

فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَلِلّٰهِ مُلْكُ

تم سب کو جمع کریگا لیکن بہت سے لوگ (اتنی بات بھی) نہیں جانتے۔ اور آسمانوں کا اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ

زمین کا اختیار اللہ ہی کو ہے اور جسدن قیامت قائم ہوگی اُسی دن جھٹلانیوالے

يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ○ وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۟ كُلُّ اُمَّةٍ

نقصان اُٹھائینگے۔ اور تم ہر اُمت کو گھٹنوں کے بل گرا ہوا دیکھوگے۔ ہر گروہ اپنے

تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○

نوشتے کی طرف بلایا جائیگا (اور اُن سے یہ کہا جائیگا کہ) جو جو عمل تم کیا کرتے تھے آج تم اُسکا بدلہ پاؤگے۔

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا

یہ ہمارا نوشتہ تمہارے برخلاف ٹھیک ٹھیک گواہی دیتا ہے (جو جو عمل تم کیا کرتے تھے

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

ہم اُسکو لکھتے جاتے تھے۔ پس جو لوگ ایمان لائے ہیں اور انہوں نے نیک عمل

فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ○

کیے ہیں سو اُن کو تو اُنکا پروردگار اپنی رحمت میں داخل کریگا یہی تو وہ کھلی کامیابی ہے۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ

اب رہے وہ لوگ جو کافر ہوگئے تھے (اُن سے یہ کہا جائیگا کہ) کیا میری آیتیں تمہارے سامنے نہیں

فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ ○ وَإِذَا قِيلَ

پڑھی جایا کرتی تھیں پھر تم ان سے اکڑا کرتے تھے اور تم تھے ہی گنہگار لوگ۔ اور جب یہ کہا جاتا تھا کہ

إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُمْ مَّا

اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت کے بارے میں کوئی شک نہیں ہے تو تم یہ کہہ دیا کرتے تھے کہ ہم

نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِنْ نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ

جانتے ہی نہیں قیامت کیا چیز ہے ہم تو اسکو ایک خیال ہی خیال سمجھتے ہیں اور ہم (اس پر)

بِمُسْتَيْقِنِينَ ○ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ

یقین لانیوالے نہیں ہیں۔ اور جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اسکی بدی اب ان پر کھل گئی اور جس

بِهِمْ مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ○ وَقِيلَ الْيَوْمَ

چیز کی وہ ہنسی اڑایا کرتے تھے اسی نے انہیں آگھیرا۔ اور (ان سے) یہ کہا جائیگا کہ آج

نَنْسٰكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَأْوٰكُمُ

ہم تمکو اسی طرح بھلا دینگے (یعنی عذاب میں چھوڑ دینگے) جیسا کہ تم نے اس دن کے آنیکو بھلا دیا

النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِينَ ○ ذٰلِكُمْ بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ

تھا اور تمہارا ٹھکانا جہنم ہے اور (اب) تمہارا کوئی مددگار نہیں ہے۔ یہ اس لیے کہ تم نے اللہ کی آیتوں کو

اٰيٰتِ اللَّهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فَالْيَوْمَ

ٹھٹھا بنا لیا تھا اور زندگانی دنیا نے تم کو دھوکا دیا تھا پس اس دن نہ وہ

لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ○ فَلِلَّهِ الْحَمْدُ

اس سے باہر جانے پائینگے اور نہ ان سے (اپنے رب کے) راضی کرنیکیلیے خواہش کی جائیگی پس ہر قسم

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ○ وَلَهُ


کی تعریف آسمانوں کے پروردگار اور زمین کے پروردگار (یعنی) تمام عالموں کے پروردگار ہی کو ہے اور اسی کو زیبا ہے

الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ ع ۱۱ / ۲۰

اور آسمانوں میں اور زمین میں اسی کی بڑائی ہے اور وہ غالب (اور) حکمت والا ہے۔

منزل ۶

خدا تعالیٰ فرماتا ہے کبریا میری ردا ہے اور عظمت میری ازار ہے پس جو شخص ان دونوں صفتوں میں سے کسی میں بھی میرا مدمقابل بنیگا تو میں اسکو آتش جہنم میں جھونک دونگا



سورة الاحقاف مكية وهي خمس وثلثون اية

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

حٰمٓ ○ تَنۡزِيۡلُ الۡكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الۡعَزِيۡزِ

حٰمٓ اس کتاب کا نزول زبردست حکمت والے خدا کی طرف سے ہوا

الۡحَكِيۡمِ ○ مَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَاۤ

ہے ہمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے

اِلَّا بِالۡحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا عَمَّاۤ اُنۡذِرُوۡا

اُسکو حق ہی کے ساتھ اور ایک مقررہ وقت کے لیے پیدا کیا ہے اور جو لوگ کافر ہوگئے وہ اُن چیزوں سے جن سے ڈرایا

مُعۡرِضُوۡنَ ○ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ مَّا تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ

جاتا ہے روگرداں ہیں (اے رسولؐ) تم یہ کہدو کہ آیا تم نے غور بھی کیا کہ جن جن چیزوں کو تم خدا کے سوا پکارتے ہو

اَرُوۡنِىۡ مَاذَا خَلَقُوۡا مِنَ الۡاَرۡضِ اَمۡ لَهُمۡ شِرۡكٌ فِى

مجھے دکھاؤ کہ زمین میں سے اُنھوں نے کیا پیدا کیا ہے یا آسمانوں (کی پیدایش) میں اُنکا کوئی ساجھا ہے۔

السَّمٰوٰتِ ؕ اِيۡتُوۡنِىۡ بِكِتٰبٍ مِّنۡ قَبۡلِ هٰذَاۤ اَوۡ اَثٰرَةٍ مِّنۡ

اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو تو اس سے پہلے کی کوئی کتاب میرے پاس لے

عِلۡمٍ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ○ وَمَنۡ اَضَلُّ مِمَّنۡ يَّدۡعُوۡا

آؤ یا کسی علم کا بقیہ اور اُس سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جو خدا کو چھوڑ کر

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَنۡ لَّا يَسۡتَجِيۡبُ لَهٗۤ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ وَهُمۡ

ایسے کو پکارے جو قیامت تک اُس کا جواب ہی نہ دے اور وہ

عَنۡ دُعَآئِهِمۡ غٰفِلُوۡنَ ○ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوۡا لَهُمۡ

اُن کے پکارنے سے بے خبر بھی رہیں اور قیامت کے دن جب سب آدمی جمع کیے جائیں گے

أَعْدَاءً وَكَانُوا بِعِبَادَتِهِمْ كَافِرِينَ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا

تو وہ انکے دشمن بھی ہونگے اور اُنکی عبادت کے منکر بھی اور جب اُن کے سامنے ہماری کُھلی آیتیں

بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ هَٰذَا سِحْرٌ مُبِينٌ ۝

پڑھی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو کافر ہوگئے ہیں حق کے بارے میں جبکہ وہ اُن کے پاس آچکا ہے یہ کہتے ہیں کہ یہ تو کھلا جادو ہے

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۚ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ

کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس (رسولؐ) نے اسے خود بنا لیا ہے تم یہ کہدو کہ (بالفرض) اگر میں نے اسے اپنی طرف سے بنا لیا ہے تو تم خدا کے عذاب

اللَّهِ شَيْئًا ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ ۖ كَفَىٰ بِهِ شَهِيدًا بَيْنِي

سے مجھ کو بچانے کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے جن جن چیزوں میں تم لگے ہوئے ہو اُن سے وہ خوب واقف ہے میرے اور تمہارے درمیان گواہی دینے کو وہی کافی ہے اور وہ

وَبَيْنَكُمْ ۖ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا

سب سے زیادہ بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے تم یہ کہدو کہ میں رسولوں میں سے کوئی

مِنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا

انوکھا نہیں ہوں اور میں یہ بھی نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا اور نہ یہ کہ تمہارے ساتھ کیا (کیا جائیگا)

مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ ۝ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ

میں تو صرف اُسکی پیروی کرتا ہوں جو کچھ میری طرف وحی کی جاتی ہے اور میں تو فقط ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں تم یہ کہدو کہ آیا تم نے اس میں

كَانَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ وَكَفَرْتُمْ بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ

بھی غور کیا کہ اگر یہ (قرآن مجید) خدا کی طرف سے ہو اور تم نے اسکا انکار کیا حالانکہ بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ نے اسی طرح کی

عَلَىٰ مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

ایک کتاب پر گواہی دی ہے پس وہ تو ایمان لایا اور تم اینٹھتے ہی رہے (تو تمہارا انجام کیا ہوگا) یقیناً اللہ نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں

الظَّالِمِينَ ۝ وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا لَوْ كَانَ خَيْرًا

فرماتا اور اُن لوگوں نے جو کافر ہوگئے ہیں اُن لوگوں کے بارے میں جو ایمان لے آئے ہیں یہ کہدیا کہ اگر یہ

ع ۱

مَا سَبَقُونَا إِلَيْهِ ۚ وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ هَٰذَا إِفْكٌ

(رسولؐ جو کچھ لایا ہے وہ) اچھا ہوتا تو یہ لوگ اسکی طرف ہم سے آگے نہ بڑھتے اور اب چونکہ انہوں نے اسکے بارے میں ہدایت نہیں پائی ہے پس وہ تو



قَدِيمٌ ۝ وَمِن قَبْلِهِۦ كِتَٰبُ مُوسَىٰٓ إِمَامًا وَرَحْمَةً ۚ وَهَٰذَا كِتَٰبٌ

یہی کہینگے کہ یہ تو پرانا جھوٹ ہے اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب راہبر اور رحمت تھی اور یہ کتاب

مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنذِرَ ٱلَّذِينَ ظَلَمُوا۟ وَبُشْرَىٰ

عربی زبان میں اُسکی تصدیق کرنیوالی ہے تاکہ اُن لوگوں کو جنہوں نے نافرمانی کی ہے ڈرائے اور نیکی کرنے والوں کے

لِلْمُحْسِنِينَ ۝ إِنَّ ٱلَّذِينَ قَالُوا۟ رَبُّنَا ٱللَّهُ ثُمَّ ٱسْتَقَٰمُوا۟ فَلَا

لیے بشارت ہو بیشک جو لوگ اس بات کے قائل ہوگئے کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر اسپر قائم بھی رہے پس اُن کو نہ

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ أُو۟لَٰٓئِكَ أَصْحَٰبُ ٱلْجَنَّةِ

(آئندہ کا) خوف ہوگا اور نہ وہ (گزشتہ کا) رنج کریں گے وہی لوگ جنتی ہیں

خَٰلِدِينَ فِيهَا جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوا۟ يَعْمَلُونَ ۝ وَوَصَّيْنَا ٱلْإِنسَٰنَ

جو عمل وہ کیا کرتے تھے اُسکے بدلے میں وہ اُسمیں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہیں اور ہمنے انسان کو اوسکے

بِوَٰلِدَيْهِ إِحْسَٰنًا ۖ حَمَلَتْهُ أُمُّهُۥ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ وَ

والدین کے حق میں احسان کرنیکا حکم دیا اُسکی ماں نے تکلیف سے اُسکو حمل میں رکھا اور تکلیف ہی سے اُسکو جنا اور

حَمْلُهُۥ وَفِصَٰلُهُۥ ثَلَٰثُونَ شَهْرًا ۚ حَتَّىٰٓ إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُۥ وَبَلَغَ

اُسکے حمل کی اور اُسکے دودھ چھٹنے کی مدت تیس مہینے ہوئی یہانتک کہ جب وہ اپنی پوری قوت کو پہنچا اور چالیس

أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِىٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ ٱلَّتِىٓ

برس کا ہوگیا تو اُس نے عرض کی اے میرے پروردگار مجھے توفیق عطا فرما کہ میں تیری اُس نعمت کا شکر بجالاؤں

أَنْعَمْتَ عَلَىَّ وَعَلَىٰ وَٰلِدَىَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَٰلِحًا تَرْضَىٰهُ وَأَصْلِحْ

جو تونے مجھپر اور میرے والدین پر مبذول فرمائی ہے اور میں کوئی ایسا نیک کام کروں جسے تو پسند فرمائے اور میرے

لِى فِى ذُرِّيَّتِىٓ ۖ إِنِّى تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّى مِنَ ٱلْمُسْلِمِينَ ۝

لیے میری اولاد میں صلاح پیدا کردے بیشک میں نے تیرے حضور میں رجوع کی ہے اور یقیناً میں فرمانبرداروں میں سے ہوں

أُو۟لَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا۟ وَنَتَجَاوَزُ عَن

یہی لوگ جنتیوں میں ایسے ہیں جنکے اچھے عمل کو ہم قبول کر لینگے اور جن کی برائیوں سے ہم درگزر

کو پہنچ گیا اور جب اکتالیس برس کا ہوا تو اب قوت گھٹنی شروع ہوئی۔ اور چالیس برس والے کو تو یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ نزع کی حالت میں ہے

سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ۭ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا

فرما دینگے (یہ) سچا وعدہ ہے جو اُن سے (دُنیا میں) کیا جاتا تھا

يُوْعَدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْٓ

اور وہ شخص جس نے اپنے ماں باپ سے یہ کہا کہ مجھے تم سے نفرت ہے کیا تم دونو مجھے اس سے ڈراتے ہو

اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ

کہ میں (قبر سے) نکالا جاؤنگا حالانکہ مجھسے پہلے بہت سے زمانے (والے) گزر چکے ہیں اور وہ دونو خدا کی فریاد کر کے

اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ڰ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ښ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ

اُس سے یہ کہتے تھے کہ تیرا برا ہو ایمان لے آ بیشک اللہ کا وعدہ سچا ہے مگر وہ یہی کہتا رہا کہ یہ تو فقط

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ

پہلوں کی کہانیاں ہیں ایسے ہی لوگ ہیں جن پر قول پورا اُترا (اس اُمت میں بھی اور)

فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا

اُن گروہوں میں (بھی) جو جنوں اور آدمیوں میں سے ان سے پہلے چل بسے بیشک وہ سب ٹوٹا

خٰسِرِيْنَ ۝ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَلِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ

اُٹھانیوالے تھے اور ہر ایک کے لیے اُنکے اعمال کے مطابق درجے ہیں اور اسلیے کہ وہ اُنکے اعمال کا بدلہ پورا پورا دے

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ

اور اُنکو کوئی نقصان نہ پہنچایا جائے اور جس دن وہ لوگ جو کافر ہوگئے آتشِ جہنم کے سامنے لائے جائینگے

اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ

(تو اُنسے یہ کہا جائیگا کہ) اپنی زندگانی دُنیا کے مزے تو تم خوب لوٹ چکے اور اُسکا نفع بھی (خوب) اُٹھا چکے

فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي

پس آج کے دن بوجہ اسکے کہ تم زمین میں ناحق بڑائی جتایا کرتے تھے اور بوجہ اسکے کہ تم نافرمانی کیا کرتے تھے تمکو

الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ ۝ ع ۲ وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ

ذلت کے عذاب کی سزا دی جاتی ہے اور قوم عاد کے بھائی (ہود)

اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْ بَیْنِ

کو یاد کرو جبکہ اُنہوں نے اپنی قوم کو احقاف (کے ریتلے میدانوں) میں ڈرایا حالانکہ اُن سے پہلے اور پیچھے

یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ

اور بھی ڈرانے والے آچکے تھے (اور یہ کہا کہ) تم لوگ سوائے اللہ کے کسی اور کی عبادت نہ کرو کہ مجھے تمہارے

عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ۝ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ

بارے میں بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے اُنھوں نے یہ کہا کہ کیا تم اس لیے آئے ہو کہ ہمکو ہمارے خداؤں سے ہٹا دو

فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ۝ قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ

سو اگر تم سچے ہو تو جس چیز سے ہمکو ڈراتے ہو وہی ہم پر لے آؤ اُنھوں نے فرمایا کہ یہ علم تو

عِنْدَ اللّٰهِ ۖ٘ وَاُبَلِّغُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّیْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا

اللہ کے پاس ہے اور مجھے تو جو پیغام دیکر بھیجا گیا ہے وہی پہنچا رہا ہوں لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم ایسے لوگ ہو

تَجْهَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِیَتِهِمْ ۙ

جو جہالت کرتے ہو پس جب اُن لوگوں نے ایک بادل اپنے میدانوں کی طرف آتے دیکھا تو وہ

قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا ؕ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ ؕ

کہنے لگے کہ یہ بادل ہم پر مینہ برسائیگا (ہودؑ نے فرمایا) بلکہ یہ تو وہ ہے جس کے بارے میں تم جلدی کیا کرتے تھے

رِیْحٌ فِیْهَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝ تُدَمِّرُ كُلَّ شَیْءٍۭ بِاَمْرِ رَبِّهَا

ایک ہوا ہے جس میں دردناک عذاب ہے یہ ہر شے کو اپنے پروردگار کے حکم سے ہلاک کر دیگی

فَاَصْبَحُوْا لَا یُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِی الْقَوْمَ

پس وہ ایسے ہوگئے کہ صبح کو اُنکے مکان ہی مکان دکھائی دیتے تھے ہم گنہگار لوگوں کو اسی طرح سزا

الْمُجْرِمِیْنَ ۝ وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِیْمَآ اِنْ مَّكَّنّٰكُمْ فِیْهِ

دیا کرتے ہیں اور ہمنے اُن کو ضرور اُن مقامات میں جگہ دی تھی جن میں تم کو جگہ نہیں دی ہے

وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّاَبْصَارًا وَّاَفْـِٕدَةً ۖ٘ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ

اور ہمنے اُن کے لیے بھی کان اور آنکھیں اور دل مقرر کردیے تھے پھر جب وہ خدا کی نشانیوں کا

سَمْعُهُمْ وَلَآ أَبْصَارُهُمْ وَلَآ أَفْـِٔدَتُهُم مِّن شَيْءٍ إِذْ كَانُوا

انکار کرنے لگے تو نہ کچھ اُن کے کان ہی اُن کے کام آئے اور نہ اُنکی آنکھیں اور نہ اُنکے دل اور جس عذاب کی وہ

يَجْحَدُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِۦ يَسْتَهْزِءُونَ ۝

ہنسی اُڑایا کرتے تھے اُسی نے اُن کو آگھیرا

ع ۳

وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُم مِّنَ ٱلْقُرَىٰ وَصَرَّفْنَا ٱلْـَٔايَٰتِ

اور تمہارے اِردگرد کی بستیوں کو ہمنے ضرور ہلاک کیا اور ان آیتوں کو بار بار بیان کیا

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ ٱلَّذِينَ ٱتَّخَذُوا مِن

تاکہ وہ (نافرمانی سے) باز رہیں پھر جنکو اُنھوں نے خدا کے سوا تقرب حاصل کرنے کی غرض سے خدا

دُونِ ٱللَّهِ قُرْبَانًا ءَالِهَةًۢ بَلْ ضَلُّوا عَنْهُمْ وَذَٰلِكَ إِفْكُهُمْ

بنا لیا تھا اُنھوں نے اُنکی مدد کیوں نہ کی بلکہ وہ تو اُن سے غائب ہوگئے اور اُن کے جھوٹ کی

وَمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ وَإِذْ صَرَفْنَآ إِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ ٱلْجِنِّ

اور اُنکی افترا پردازیوں کی اصلیت یہی ہے اور اُسوقت کو یاد کرو جبکہ ہمنے جنوں کے ایک گروہ کو تمہارے پاس بھیجا

منزل ۶

يَسْتَمِعُونَ ٱلْقُرْءَانَ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوٓا أَنصِتُوا فَلَمَّا

کہ وہ قرآن مجید کو غور سے سُنیں چنانچہ جب وہ اُسے سُننے آگئے تو آپس میں کہنے لگے کہ خاموش رہو پھر جب وہ

قُضِيَ وَلَّوْا إِلَىٰ قَوْمِهِم مُّنذِرِينَ ۝ قَالُوا يَٰقَوْمَنَآ إِنَّا

ختم ہو چکا تو وہ ڈرانے کے لیے اپنی قوم میں پھر گئے (وہاں جاکر) کہنے لگے کہ اے ہماری قوم! ہم

سَمِعْنَا كِتَٰبًا أُنزِلَ مِنۢ بَعْدِ مُوسَىٰ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ


ایک ایسی کتاب سُنکر آئے ہیں جو موسیٰ کے بعد نازل کی گئی ہے اپنے سے پہلی کتاب کی تصدیق کرنے والی ہے

يَدَيْهِ يَهْدِيٓ إِلَى ٱلْحَقِّ وَإِلَىٰ طَرِيقٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ يَٰقَوْمَنَآ

اور حق کی طرف اور راہ راست کی طرف راہبری کرتی ہے اے ہماری قوم!

أَجِيبُوا دَاعِيَ ٱللَّهِ وَءَامِنُوا بِهِۦ يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ

اللہ کی طرف بلانے والے کی بات مانو اور اُسپر ایمان لے آؤ اللہ تعالےٰ تمہارے گناہ معاف کر دیگا



وَيُجِرْكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ وَمَن لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ

اور تم کو دردناک عذاب سے بچا لیگا اور جو شخص اللہ کی طرف بلانے والے کی (بات) نہ مانیگا

فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءُ

وہ زمین میں تو اُس (اللہ) کو عاجز نہ کر سکیگا اور سوائے اُس (اللہ) کے کوئی اُسکا کارساز نہ ہوگا

أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ

ایسے ہی لوگ کُھلی بدبختی میں رہینگے کیا اُنہوں نے یہ نہیں سمجھا کہ وہی اللہ جس نے آسمانوں کو

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يُحْيِيَ

اور زمین کو پیدا کیا اور اُن کے پیدا کرنے سے تھکا نہیں اس پر بھی قادر ہے کہ مُردوں کو

الْمَوْتَىٰ ۚ بَلَىٰ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ

زندہ کر دے ہاں وہ ضرور ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے اور جس دن وہ لوگ جو کافر ہوگئے جہنم کے

كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ ۖ قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا ۚ قَالَ

سامنے کیے جائینگے (تو اُنسے یہ بھی کہا جائیگا کہ) آیا یہ حق نہیں ہے؟ وہ کہینگے ہمارے پروردگار کی قسم یہ ضرور حق ہے فرمائیگا

فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ۝ فَاصْبِرْ كَمَا

کہ اب جیسا تم انکار کیا کرتے تھے اُس کے عوض اس عذاب کا مزہ چکھو پس (اے رسولؐ) تم ویسا ہی صبر کرو

صَبَرَ أُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِل لَّهُمْ ۚ

جیسا کہ رسولوں میں سے اولوالعزم رسول صبر کیا کرتے تھے اور اِن کے لیے (عذاب کی) جلدی نہ کرو

كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً

جسدن یہ اُسے دیکھینگے جسکا اِن سے وعدہ کیا جاتا ہے تو یہ ایسا سمجھینگے کہ گویا وہ اُن کے ایک گھنٹہ سے زیادہ

مِّن نَّهَارٍ ۚ بَلَاغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ ۝

دُنیا میں نہیں رہے (یہی سمجھانا کافی ہے) کیا نافرمان لوگوں کے سوا کوئی اور ہلاک ہوگا؟

ع ٤ ربع

سُورَةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَثَلَاثُونَ آيَةً



کے ہاتھوں سے جلد اُنکو کچھ عذاب پہنچائے تاکہ اُن میں سے بعض کفر سے باز آجائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا وَ صَدُّوۡا عَنۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ اَضَلَّ اَعۡمَالَہُمۡ ۝

جو لوگ کافر ہوگئے اور (اُنھوں نے لوگوں کو) راہِ خدا سے روکا خدا نے اُنھی کے اعمال باطل کردیے

وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ اٰمَنُوۡا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی

اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنھوں نے نیک عمل کیے اور جو کچھ محمدؐ (مصطفےٰ) پر نازل کیا گیا

مُحَمَّدٍ وَّ ہُوَ الۡحَقُّ مِنۡ رَّبِّہِمۡ ۙ کَفَّرَ عَنۡہُمۡ سَیِّاٰتِہِمۡ وَ

اور وہ اُن کے پروردگار کی طرف سے حق ہے اُسپر بھی ایمان لائے اُنسے اُن کی برائیاں دور فرمادیں اور

اَصۡلَحَ بَالَہُمۡ ۝ ذٰلِکَ بِاَنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوا اتَّبَعُوا الۡبَاطِلَ

اُن کی حالت درست کردی یہ اس لیے کہ جو کافر ہوگئے اُنھوں نے تو باطل کا اتباع کیا

وَ اَنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا الۡحَقَّ مِنۡ رَّبِّہِمۡ ؕ کَذٰلِکَ

اور جو ایمان لائے اُنھوں نے اُس حق کی پیروی کی جو اُن کے پروردگار کی طرف سے ہے اسی طرح

ربع

یَضۡرِبُ اللّٰہُ لِلنَّاسِ اَمۡثَالَہُمۡ ۝ فَاِذَا لَقِیۡتُمُ الَّذِیۡنَ

اللہ آدمیوں کے لیے اُن کی مثالیں بیان فرماتا ہے پس جب تم کفار سے مقابلہ کرو

کَفَرُوۡا فَضَرۡبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَثۡخَنۡتُمُوۡہُمۡ

تو گردنوں کا مارنا ہے یہانتک کہ جب تم اُن کو خوب قتل کر چکو تو کس کس کے

فَشُدُّوا الۡوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعۡدُ وَ اِمَّا فِدَآءً حَتّٰی

مشکیں باندھ لو پھر اُس کے بعد یا تو احسان کرنا ہے یا فدیہ لے لینا جب تک کہ

مع ۱۳

تَضَعَ الۡحَرۡبُ اَوۡزَارَہَا ۚ ذٰلِکَ ؕ وَ لَوۡ یَشَآءُ اللّٰہُ لَانۡتَصَرَ

لڑائی اپنے ہتھیار نہ ڈالدے ایسا ہی ہے اور اگر اللہ چاہتا تو اُن سے بدلہ

مِنۡہُمۡ وَ لٰکِنۡ لِّیَبۡلُوَا بَعۡضَکُمۡ بِبَعۡضٍ ؕ وَ الَّذِیۡنَ قُتِلُوۡا

لیتا لیکن اس لیے کہ تم میں سے ایک کو دوسرے کے ذریعہ سے آزمائے (اُسنے حکم جہاد دیا) اور جو لوگ راہ خدا میں مارے گئے



فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ ۝ سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ

وہ ہرگز اُن کے اعمال ضائع نہ کریگا عنقریب وہ اُنکو (جنت تک) پہنچا دیگا اور اُنکے

بَالَهُمْ ۝ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

حال کی اصلاح فرمائیگا اور وہ اُنکو اُس جنت میں داخل کردیگا جو اُسنے اُنکو پہچنوا دی ہے اے ایمان لانے والو!

آمَنُوا إِن تَنصُرُوا اللَّهَ يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ ۝ وَ

اگر تم اللہ کی مدد کروگے تو وہ بھی تمہاری مدد کریگا اور تمہارے قدم جما دیگا اور

الَّذِينَ كَفَرُوا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَأَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ ۝ ذَٰلِكَ

جو لوگ کافر ہوگئے ہیں پس اُنکے لیے ہلاکت ہے اور اُنکے اعمال باطل کردیگا یہ اس لیے کہ

بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ ۝ أَفَلَمْ يَسِيرُوا

اللہ نے جو کچھ اُتارا اُس سے اُنہوں نے نفرت کی پس اُسنے بھی اُنکے اعمال اکارت کردیے کیا وہ لوگ زمین میں

فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

نہیں چلے پھرے کہ یہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ اُن سے پہلے تھے اُنکا انجام کیسا ہوا

دَمَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلِلْكَافِرِينَ أَمْثَالُهَا ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ مَوْلَى

اللہ نے اُن کو ہلاک کردیا اور کافروں کے لیے بھی ویسے ہی انجام ہیں یہ اس لیے کہ اللہ اُن لوگوں کا مددگار ہے

الَّذِينَ آمَنُوا وَأَنَّ الْكَافِرِينَ لَا مَوْلَىٰ لَهُمْ ۝ إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ

جو ایمان لائے اور کافروں کا مددگار کوئی بھی نہیں یقیناً اللہ اُن لوگوں کو

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا

جو ایمان لے آئے اور اُنھوں نے نیک عمل کیے ایسی جنتوں میں داخل کریگا جن کے نیچے ندیاں بہتی

الْأَنْهَارُ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ الْأَنْعَامُ

ہیں اور جو لوگ کافر ہوگئے وہ (دُنیا میں) اس طرح نفع اُٹھا لینگے جیسے چوپائے چر چگ لیتے ہیں

وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۝ وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّن

اور (آخرت میں) آتش (دوزخ) اُنکا ٹھکانا ہوگا اور کتنی ہی بستیاں تمہاری اس بستی سے جس نے تمکو نکال باہر کیا قوت میں

قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ۝ اَفَمَنْ

بہت زیادہ تیں ہمنے اُنکو ہلاک کردیا پھر اُنکا کوئی مددگار نہ اُٹھا کیا وہ شخص

كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا

جو اپنے پروردگار کی طرف سے دلیل پر ہو اُسکے مانند ہوسکتا ہے جسکی نظر میں اُسکی بداعمالی زینت دیدی گئی ہو اور اُنہوں نے اپنی

اَهْوَآءَهُمْ ۝ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ

خواہشوں کی پیروی کی ہو؛ اُس جنت (دارالسلام) کی مثل جسکا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اُس میں کچھ ندیاں تو ایسے پانی کی

مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ

ہونگی جسکی بو (یا مزہ) بدلا ہوا نہ ہوگا اور کچھ ندیاں ایسی دودھ کی ہونگی جسکا مزہ بدلا ہوا نہ ہوگا اور کچھ ندیاں ایسی

مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ڬ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَ

شراب کی ہونگی جس سے پینے والوں کو مزہ آجائیگا اور کچھ ندیاں صاف کیے ہوئے شہد کی ہونگی اور اُن

لَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ

لوگوں کے لیے اُس (جنت) میں ہر قسم کے میوے ہونگے اور اُن کے پروردگار کی طرف سے معافی کیں اُس شخص کے مانند ہوسکتی ہے

فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَاۗءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَاۗءَهُمْ ۝ وَمِنْهُمْ

جو دوا جہنم میں رہیگا اور جنکو ایسا گرما گرم پانی پلایا جائیگا کہ اُنکی انتڑیاں کاٹ کاٹ کے ڈالیگا اور اُن میں سے کوئی کوئی

مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا

ایسا بھی ہے جو تمہاری باتیں غور سے سنتا ہے یہانتک کہ جب تمہارے پاس سے اُٹھکر چلے جاتے ہیں تو اُن لوگوں سے جنکو علم دیا گیا ہے

لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۣ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ

کہتے ہیں کہ ابھی اِس (رسول) نے کیا کہا تھا یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر

اللّٰهُ عَلٰي قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَاۗءَهُمْ ۝ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا

خدانے مُہر لگادی ہے اور وہ اپنی خواہشوں کے پیرو ہوگئے ہیں اور جولوگ ہدایت یافتہ ہوگئے

زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ۝ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

اُنکی ہدایت کو اور زیادہ کردیگا اور اُنکو پرہیزگاری کی توفیق عطا فرمائیگا پس کیا قیامت کے سوا وہ اور کسی چیز کے منتظر

السَّاعَةَ أَنْ تَأْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَاءَ أَشْرَاطُهَا ۚ فَأَنّٰى

ہیں کہ اُنہیں اچانک آلے سو اُس کی علامتیں تو آچکی ہیں پس اب جب انکی

لَهُمْ إِذَا جَاءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ۝ فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

نصیحت بھی اُن کے پاس آگئی تو یہ ہیں کس خیال میں ؟ پس یہ جھ لو کہ سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں ہے

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اور تم اپنے گناہوں کی معافی کے لیے اور مومن مرد اور مومن عورتوں کیلئے مغفرت طلب کرو اور اللہ تمہارے

مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ۝ وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ

چلنے پھرنے کو اور تمہارے ٹھکانے کو خوب جانتا ہے اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں یہ کہتے ہیں (کہ جہاد کی بابت) کوئی سورت

سُورَةٌ ۚ فَإِذَا أُنْزِلَتْ سُورَةٌ مُحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيهَا الْقِتَالُ ۙ

کیوں نہیں نازل کیگئی پھر جسوقت صاف صاف سورت اُتاری گئی اور اُس میں لڑائی کا ذکر کیا گیا تو

رَأَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ يَنْظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ

تم نے اُن لوگوں کو جن کے دلوں میں روگ ہے دیکھ لیا کہ وہ تمہاری طرف اس نظر سے دیکھتے ہیں جس طرح

الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۖ فَأَوْلٰى لَهُمْ ۝ طَاعَةٌ وَقَوْلٌ

وہ دیکھا کرتا ہے جس پر موت کی غشی طاری ہو سو انہی کے لیے خرابی ہے حکم ماننا اور اچھی بات کہنا (بہتر ہے)

مَعْرُوفٌ ۚ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ ۚ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ

پھر جب معاملہ پختہ ہو جائے پس اگر وہ اللہ سے سچے رہتے تو (انجام) اُن کے لیے

خَيْرًا لَهُمْ ۝ فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا فِي

بہتر ہوگا پھر کیا یہ قریب ہے کہ اگر تم حاکم ہو جاؤ تو تم زمین میں فساد

الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ ۝ أُولٰئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ

کرو اور قطع رحمی کرو یہی تو وہ لوگ ہیں جنپر اللہ نے لعنت

اللّٰهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمٰى أَبْصَارَهُمْ ۝ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ

کی پھر اُن کو بہرا کر دیا ہے اور اُنکی آنکھوں کو اندھا تو کیا یہ قرآن مجید میں غور



الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓی

نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر قفل پڑے ہوئے ہیں تحقیق جو لوگ بعد اس کے کہ انکے لیے ہدایت

اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَیَّنَ لَهُمُ الْهُدَی ۙ الشَّیْطٰنُ

ظاہر ہو چکی تھی اپنے پچھلے پاؤں پلٹ گئے شیطان نے اُن کو فریب دیا

سَوَّلَ لَهُمْ ؕ وَ اَمْلٰی لَهُمْ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِیْنَ كَرِهُوْا

اور اُنکو امیدیں دلائیں یہ اس لیے کہ اُنہوں نے اُن لوگوں سے جنہوں نے خدا کے

مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِیْعُكُمْ فِیْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ

نازل کیے ہوئے کو برا سمجھا تھا یہ کہا کہ ہم بعض معاملات میں تمہاری اطاعت کرینگے اور اللہ اُن کے بھیدکو

اِسْرَارَهُمْ ۝ فَكَیْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ یَضْرِبُوْنَ

خوب جانتا ہے پھر اُسوقت کیا حالت ہوگی جب کہ فرشتے اُنکا خاتمہ اس حالت میں کرینگے کہ اُن کے منہ پر

وُجُوْهَهُمْ وَ اَدْبَارَهُمْ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَاۤ اَسْخَطَ

اور اُنکی پیٹھ پر مارتے ہونگے یہ اس لیے کہ اُنہوں نے اُسکی تو پیروی کی جس نے خدا کو

اللّٰهَ وَ كَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝ اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ

ع ۵

ناراض کیا اور اُسکی خوشنودی کو برا جانا پس اُسنے بھی اُنکے اعمال کو اکارت کر دیا آیا اُن لوگوں نے جنکے دلوں میں

فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ یُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ۝ وَ لَوْ

روگ ہے یہ سمجھ لیا ہے کہ اللہ اُنکے کینوں کو ظاہر نہ کریگا اور اگر

نَشَآءُ لَاَرَیْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِیْمٰهُمْ ؕ وَ لَتَعْرِفَنَّهُمْ فِیْ لَحْنِ


ہم چاہیں تو ہم اُن لوگوں کو تمہیں دکھلا دیں پھر تم اُن لوگوں کو اُن کی علامتوں سے پہچان لو اور تم اُنکو اُنکی بات

الْقَوْلِ ؕ وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ۝ وَ لَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰی نَعْلَمَ

لہجے سے ضرور پہچان لوگے اور اللہ تمہارے اعمال کو خوب جانتا ہے اور ہم تمہاری آزمائش ضرور کرینگے یہانتک کہ ہم تم میں سے

الْمُجٰهِدِیْنَ مِنْكُمْ وَ الصّٰبِرِیْنَ ۙ وَ نَبْلُوَا اَخْبَارَكُمْ ۝

جہاد کرنیوالوں کو اور صبر کرنیوالوں کو سمجھ لیں اور تمہاری خبروں کو جانچ لیں



إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا

بیشک جو لوگ کافر ہوگئے اور اُنہوں نے (لوگوں کو) راہِ خدا سے باز رکھا اور بعد اِسکے کہ

الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَىٰ لَن يَضُرُّوا اللَّهَ

ہدایت اُن پر کھل چکی تھی اُنھوں نے رسول کی نافرمانی کی وہ اللہ کا ہرگز کچھ نہ

شَيْئًا وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا

بگاڑ سکینگے اور وہ اُنکے اعمال بہت جلد اکارت کردیگا اے ایمان والو! تم اللہ کی اطاعت کرو

اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ ۝ إِنَّ

اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے اعمال بیکار نہ کرو بیشک جو

الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ

لوگ کافر ہوگئے اور اُنہوں نے (لوگوںکو) راہِ خدا سے باز رکھا پھر کفر کی حالت میں

كُفَّارٌ فَلَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ۝ فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى

مرگئے تو خدا ہرگز اُن کے گناہ نہ بخشے گا پس سُستی نہ کرو اور صلح کی خواہش

السَّلْمِ وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَن

نہ کرو جس حال میں کہ تم غالب ہو اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز

يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ ۝ إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ

تمہارے اعمال کو معطل نہ کریگا سوائے اِسکے نہیں کہ زندگانی دُنیا تو کھیل کود ہے

وَإِن تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤْتِكُمْ أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ

اور اگر تم ایمان لے آئے اور پرہیزگار رہے تو تمہارے اجر تمکو عطا کریگا اور تمہارے کل مال

أَمْوَالَكُمْ ۝ إِن يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ

تجھے نہ مانگیگا اگر تم سے کل مال مانگے پھر تمکو تنگ کرے تو تم بخل کرنا اور وہ تمہارے

أَضْغَانَكُمْ ۝ هَا أَنتُمْ هَٰؤُلَاءِ تُدْعَوْنَ لِتُنفِقُوا فِي

کینوں کو دور کردیگا لوٹتے بھی ہو اب تم بلائے جاتے ہو کہ راہِ خدا میں کچھ خرچ



سَبِيلِ اللّٰهِ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ

کرو سو تم میں سے کوئی کوئی ایسا بھی ہے جو بخل کرتا ہے اور جو بخل کریگا پس وہ اپنی ہی ذات کے لیے بخل

عَنْ نَّفْسِهٖ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا

کریگا اور اللہ غنی ہے اور تم محتاج ہو اور اگر تم روگرداں ہو جاؤگے

يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝ ع ۸

تو وہ تمہارے بدلے اور لوگ لے آئیگا پھر وہ تمہارے مانند نہ ہونگے

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً

اٰیاتھا ۲۹ — رکوعاتھا ۴ — کلماتھا ۵۶۸ — حروفھا ۲۵۵۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۝ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا

بیشک ہمنے تمہارے لیے فتح کی ایک کھلی فتح تاکہ اللہ تعالٰے تمہاری خاطر سے تمہاری (امت کے)

تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ

اگلے گناہوں کو (بھی) بخشدے اور پچھلوں کو (بھی) اور اپنی نعمت کو تم پر پورا کرے

وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ

اور تم کو صراط مستقیم کی ہدایت فرمائے اور عزت والی نصرت کے ساتھ اللہ

نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ


تمہاری نصرت کرے وہ وہی تو ہے جس نے مومنین کے دلوں میں تسکین

قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَ

نازل فرمائی تاکہ اُن کے ایمان کے ساتھ اطمینان کو اور بڑھادے اور

لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

آسمانوں کے اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہیں اور اللہ ہی صاحب علم و



حَكِيمًا ۝ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي

حکمت ہے ۔ تاکہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایسی جنتوں میں داخل کردے

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ

جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں جن میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے ہوں اور اُنسے اُنکی بدیوں کو

سَيِّئَاتِهِمْ ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عِندَ اللَّهِ فَوْزًا عَظِيمًا ۝ وَيُعَذِّبَ

دور کردے اور یہی اللہ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے اور

الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ

منافق مردوں اور منافق عورتوں کو اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو جو

الظَّانِّينَ بِاللَّهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ ۖ وَ

اللہ کی نسبت بُرے (بُرے) گمان کیا کرتے ہیں خوب سزا دے اُن بدیوں کا پھیر اُنہی پر پڑیگا اور

غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۖ

اللہ اُن پر غضبناک ہوگا اور اُن پر لعنت کریگا اور اُنکے لیے جہنم تیار کر رکھا ہے

وَسَاءَتْ مَصِيرًا ۝ وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ

اور (وہ) بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے اور آسمانوں کے اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہیں

وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَ

اور اللہ زبردست (اور) حکمت والا ہے (اے رسولؐ) بتحقیق ہمنے تم کو گواہی دینے والا اور

مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ۝ لِّتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ

خوشخبری پہنچانیوالا اور ڈرانیوالا بنا کر بھیجا ہے تاکہ تم لوگ اللہ پر اور اُسکے رسولؐ پر ایمان لاؤ اور اللہ کو قوت پہنچاؤ

وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ۝ إِنَّ

اور اُسکی عظمت کرو اور صبح و شام اُسکی پاکی بیان کیا کرو (اے رسولؐ) حقیقت میں

الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ

جو لوگ تم سے بیعت کرتے ہیں وہ تو اللہ سے بیعت کرتے ہیں اُن کے ہاتھوں پر اللہ ہی کا ہاتھ

أَيْدِيهِمْ ۚ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَىٰ نَفْسِهِ ۖ وَمَنْ

ہوتا ہے ۔ پھر جو (عہد کو) توڑدے اُسکا ضرر اُسکی ذات پر پڑیگا اور جو اُس

أَوْفَىٰ بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ ع ۹

(عہد) کو پورا کرے جسپر اُس نے اللہ سے عہد کیا ہے تو عنقریب وہ بھی اُسکو بڑا اجر عطا کریگا

سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا

قریب ہے کہ بدوؤں میں سے جو پیچھے رہتے تھے تم سے یہ کہینگے کہ ہمارے

أَمْوَالُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم

مالوں نے اور ہمارے بال بچوں نے ہمکو کام میں لگائے رکھا آپ ہمارے لیے مغفرت (کی دعا) مانگیں یہ اپنی زبانوں سے وہ کچھ کہتے ہیں

مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۚ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ اللَّهِ

جو ان کے دلوں میں نہیں ہے تم یہ کہہ دو کہ اگر اللہ تمہارے بارے میں کوئی نقصان چاہے یا

شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۚ بَلْ

تمہارے حق میں کوئی نفع چاہے تو اُسکے مقابلہ میں کون ہے جسکا تمہاری خاطر کچھ بھی بس چل سکے بلکہ

كَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ۝ بَلْ ظَنَنتُمْ أَن

اللہ تو جو عمل تم کرتے ہو اُس سے خوب واقف ہے بات یہ ہے کہ تم نے تو یہ گمان کر لیا تھا کہ

لَّن يَنقَلِبَ الرَّسُولُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَىٰ أَهْلِيهِمْ أَبَدًا

رسول اور مومنین اپنے بال بچوں میں کبھی پلٹ کر ہی نہیں آئینگے

وَزُيِّنَ ذَٰلِكَ فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَ

اور یہی بات تمہارے دلوں میں زینت پا گئی تھی اور تم نے بُرے (بُرے) گمان کر لیے تھے اور

كُنتُمْ قَوْمًا بُورًا ۝ وَمَن لَّمْ يُؤْمِن بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ

تم ہو ہی ہلاک ہونیوالے لوگ اور جو اللہ پر اور اُسکے رسول پر ایمان نہ لائیگا تو

فَإِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَعِيرًا ۝ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ

ہم نے بھی ضرور بالضرور کافروں کے لیے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر رکھی ہے اور آسمانوں کا اور زمین کا اختیار اللہ ہی کو

غنیمتِ خیبر میں ہم بھی شریک ہو جائیں اور اس طرح خدا کے وعدے کو بدل دیں ۱۲ ۞ سَتُدْعَوْنَ اِلٰی قَوْمٍ اُولِیْ بَاْسٍ شَدِیْدٍ

[illegible]

وَالْاَرْضِ ؕ یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ

ہے — وہ جسے چاہیگا بخشدیگا — اور جسے چاہیگا عذاب دیگا — اور

كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝ سَیَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا

اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے — قریب ہے کہ پیچھے رہجانے والے جب تم مالِ غنیمت لینے کے لیے

انْطَلَقْتُمْ اِلٰی مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ یُرِیْدُوْنَ

جاؤگے یہ کہینگے کہ ہمیں بھی اجازت دو کہ ہم (بھی) تمہارے پیچھے (پیچھے) چلیں — وہ یہ چاہتے ہیں کہ

اَنْ یُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ

اللہ کے وعدے کو بدل دیں — تم یہ کہدو کہ تم ہرگز ہمارے پیچھے نہ آنے پاؤگے یہ تو اللہ تعالیٰ

مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَیَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا

پہلے ہی فرما چکا ہے پھر وہ عنقریب یہ کہینگے کہ نہیں تم ہی ہمسے حسد کرتے ہو — بات یہ ہے کہ وہ

لَا یَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِیْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ

سمجھتے ہی کم ہیں — تم ان پیچھے رہجانے والے بدّوؤں سے کہدو

سَتُدْعَوْنَ اِلٰی قَوْمٍ اُولِیْ بَاْسٍ شَدِیْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ

کہ عنقریب تم ایک بڑی سخت لڑاکا قوم کی طرف بلائے جاؤگے — (یا تو) تم ان سے لڑوگے

اَوْ یُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِیْعُوْا یُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ

یا وہ اسلام لے آئینگے — پھر اگر تم اطاعت کروگے تو اللہ تمکو بہت ہی اچھا اجر عنایت فرمائیگا

وَ اِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّیْتُمْ مِّنْ قَبْلُ یُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا

اور اگر تم اسی طرح روگرداں ہو جاؤگے جیسا کہ تم پہلے روگردانی کر چکے ہو تو تمکو دردناک عذاب سے

اَلِیْمًا ۝ لَیْسَ عَلَی الْاَعْمٰی حَرَجٌ وَّ لَا عَلَی الْاَعْرَجِ حَرَجٌ

معذب کریگا — نہ اندھے پر کوئی الزام ہے — اور نہ لنگڑے پر کوئی الزام ہے

وَّ لَا عَلَی الْمَرِیْضِ حَرَجٌ ؕ وَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ

اور نہ بیمار پر کوئی الزام ہے — اور جو اللہ کی اور اسکے رسول کی اطاعت کریگا

۞ یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ۔ تفسیر صافی میں ہے گنہگاروں کی بخشش اور رحمت تو اسکی خاص شان ہے اور عذاب دینا اسکی [illegible]

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ

اللہ اُسکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا جن کے نیچے ندیاں بہتی ہونگی اور جو روگردانی

يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ

کریگا اُسے دردناک عذاب سے معذب فرمائے گا بیشک اللہ مومنوں سے راضی

الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ

ہوگیا جبکہ وہ درخت کے نیچے تم سے بیعت کر رہے تھے اور جو کچھ اُن کے

قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا

دلوں میں ہے وہ اُس سے آگاہ ہو پھر اُس نے تسکین اُن پر نازل فرمائی اور اُنکو ایک قریب کی فتح

قَرِيْبًا ۝ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

اور بہت سی لوٹ کا موقع دیا جسے وہی لے لینگے اور اللہ

عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً

زبردست اور حکمت والا ہے اللہ نے تم سے بہت سی غنیمت کا وعدہ کیا ہے

تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ

جسے تم لیلوگے پھر اُسنے تمہاری خاطر سے جلد اِسکا موقع لادیا اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیے

وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا

اور اس لیے کہ یہ (لڑائی) مومنوں کے لیے تو ایک نشانی ہوجائے اور وہ (اللہ) تمکو صراط

مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ

مستقیم کی ہدایت کرے اور ایک اور فتح جسپر تم قابو نہ پا سکے تھے بیشک اللہ نے اُسپر احاطہ کرلیا

بِهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ۝ وَلَوْ قٰتَلَكُمُ

تھا اور اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھتا ہے اور اگر وہ لوگ جو کافر ہوگئے ہیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا

تم سے لڑ پڑتے تو ضرور (پیٹھ پھیر کر) بھاگ جاتے پھر وہ نہ کوئی یار پاتے

ع ٢

منزل ٦

۲ فتحاً قریباً تفسیر آیتی میں ہے کہ اس سے مراد ہے فتح خیبر جو حدیبیہ سے واپس آنیکے بعد میسر ہوئی ۳ ومغانم کثیرۃ یاخذونھا تفسیر ...

وَّلَا نَصِيْرًا ○ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۚ وَ

اور نہ مددگار — اللہ کے قاعدے کے موافق جو پہلے سے ہوتا چلا آیا — اور

لَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ○ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ

تم اللہ کے قاعدے میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے — اور وہ وہی ہے جسنے شہر مکہ کے بیچوں بیچ بعد

عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ اَنْ

اس کے کہ تم کو کفار پر غلبہ دیدیا تھا اُن کے ہاتھوں کو تم سے اور تمہارے

اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ○

ہاتھوں کو اُن سے روکدیا — اور جو عمل بھی تم کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے

هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

یہ وہی لوگ تو ہیں جو کافر ہوگئے — اور اُنھوں نے تم کو مسجد الحرام سے روکا

وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۭ وَلَوْلَا رِجَالٌ

اور قربانی کو اِس بات سے روکے رکھا کہ وہ اپنے حلال ہونیکی جگہ پر پہنچے — اور اگر کچھ ایسے ایمان والے

مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَاۗءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ

مرد — اور ایماندار عورتیں نہ ہوتیں جنکو تم نہ جانتے تھے (اور لڑائی میں) تم اُن کو

تَطَــُٔـوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ

کچل ڈالتے اِس طرح تمکو اُن کی طرف سے بیخبری میں نقصان پہنچ جاتا (تو وہ تمکو نہ روکتا مگر روکا اِسلیے) تاکہ اللہ

اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ

جس شخص کو چاہے اپنی رحمت میں داخل کرلے — اگر یہ (مومنین وہاں سے) ہٹ جاتے تو ہم اُن لوگوں کو جو کافر

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِـيْمًا ○ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ

ہوگئے تھے ضرور دردناک عذاب سے معذب کرتے — (اُسوقت کو یاد کرو) جبکہ کافروں نے اپنے

كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ

دلوں میں حمیت کو جگہ دی (اور وہ بھی) جاہلیت کی حمیت

فَأَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِينَتَهُ عَلٰى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَ

تو اللہ نے بھی تسکین اپنے رسول پر اور مومنین پر نازل کر دی اور

أَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا ط وَ

ان کے لیے کلمۂ تقوے لازم کر دیا اور وہ تھے بھی اس کے مستحق اور اس کے اہل اور

كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ۝ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُولَهُ

اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے بیشک اللہ نے اپنے رسول کے برحق

ع ۳ ۱۱

الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

خواب کو سچا کر دکھایا کہ اگر اللہ نے چاہا تو تم امن و امان کے ساتھ اپنے سروں کو

آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ لَا تَخَافُونَ ط

منڈاتے ہوئے اور بال کترواتے ہوئے مسجد الحرام میں جا داخل ہوگے پھر کبھی تمکو خوف پیش نہ آئیگا

فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِنْ دُونِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا ۝

پس وہ جانتا تھا جو تم نہیں جانتے بہر اس نے اس کے علاوہ ایک اور فتح قریب ہی مقرر فرما دی

هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدٰى وَدِينِ الْحَقِّ

وہ وہی تو ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا کہ اس کو تمام دینوں پر غالب

لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيدًا ۝

کر دے اور دیکھ بھال کے لیے اللہ ہی کافی ہے

مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ ط وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى

محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو بھی حقیقۃً انکے ساتھ ہیں وہ کافروں پر

الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا

بھاری ہیں اور آپس میں رحم دل تم انکو رکوع و سجود کی حالت میں دیکھوگے

يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ز سِيمَاهُمْ

کہ وہ خدا کے فضل اور اس کی خوشنودی کے خواستگار ہیں انکی علامتیں انکے چہروں پر



فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ

سجدوں کے اثر سے نمایاں ہیں یہ مثل تو اُنکی توراۃ میں بیان کیگئی ہے

وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْاَهٗ

اور انجیل میں اُنکی مثل یہ ہے کہ وہ کھیتی کے مانند ہیں کہ اُسنے اپنی کونپل نکالی

فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ

پھر اُسکو قوت پہنچائی پھر وہ موٹی ہوگئی پھر اپنے تنے پر کھڑی ہوگئی اب کھیتی کرنے والونکو

الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اچھی معلوم ہوتی ہے تاکہ اُنکے ذریعہ سے کفار کو غصہ دلائے اللہ نے اُن لوگوں سے جو اُن میں سے

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

ایمان لائے ہیں اور نیکوکار ہیں مغفرت کا اور بہت بڑے اجر کا وعدہ کرلیا ہے

سورۃ الحجرات مدنیۃ وھی ثمانی عشرۃ آیۃ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ

اے ایمان لانے والو! اللہ اور اللہ کے

وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

رسول سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ

اے ایمان لانے والو! اپنی آوازوں کو

صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ

نبی کی آواز پر بلند نہ کرو اور نہ بات کرنے میں اُن سے ایسے زور (زور) سے بولو

بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ

جیسے تم ایک دوسرے سے چیخ پکار کر باتیں کیا کرتے ہو کہ کہیں تمہارے اعمال باطل ہو جائیں اور تم کو

لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ

خبر (بھی) نہ ہو بیشک جو لوگ رسول اللہ کی خدمت میں آوازوں کو پست

رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ

رکھتے ہیں وہی تو ہیں جن کے دلوں کا اللہ نے پرہیزگاری سے امتحان

لِلتَّقْوٰى لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

لے لیا ہے ان کے لیے مغفرت اور بہت بڑا اجر ہے (اے رسولؐ) بیشک جو لوگ

يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ

تمکو تمہارے مکانات کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں سے بہت سے

لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ

بے عقل ہیں اور اگر وہ اتنی دیر صبر کرتے کہ تم خود نکلکر انکے پاس

لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

آتے تو انکے لیے بہت ہی اچھا ہوتا اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اگر تمہارے پاس کوئی گنہگار کوئی خبر لیکر آئے

فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا

تو اسکی تحقیق کرلو کہ کسی قوم کو تم بغیر جانے بوجھے کوئی صدمہ نہ پہنچاؤ کہ جس کے

عَلٰى مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ

کیے پر تمہیں خود ہی نادم ہونا پڑے اور یہ (بھی) سمجھ لو کہ اللہ کا رسول تم میں

رَسُوْلَ اللّٰهِ ۭ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ

موجود ہے اگر وہ بہت سی باتوں میں تمہارا کہنا مانے تو تم ضرور ہلاکت میں

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

پڑجاؤ گے لیکن اللہ نے اپنے فضل وکرم سے ایمان کو تمہارا محبوب بنا دیا ہے اور اُسکو تمہارے دلوں میں زینت دیدی ہے

وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ط

اور کفر و نافرمانی اور گناہ کو تمہارے لیے ناپسند قرار دیدیا ہے

اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ط

ایسے ہی لوگ ہوشیار ہیں یہ اللہ کا فضل اور اُس کی نعمت ہے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور اللہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے اور اگر مومنوں کے دو گروہ

اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا

آپس میں لڑیں تو اُنکے مابین صلح کرادو پھر اگر اُن دونوں میں سے ایک

عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ

دوسرے پر زیادتی کرے تو اُس سے جو زیادتی کرتا ہے لڑو تا آنکہ وہ اللہ کے فیصلے کی طرف رجوع کرے

فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ط

پس اگر رجوع کرے تو انصاف سے اُن دونوں کے مابین اصلاح کردو اور عدالت برتو

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ

بیشک اللہ عدالت برتنے والوں کو دوست رکھتا ہے سوائے اسکے نہیں کہ مومنین بھائی (بھائی) ہیں

فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

پس تم اپنے بھائیوں کے درمیان اصلاح کردو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر

تُرْحَمُوْنَ ۝ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ

رحم کیا جائے اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! نہ تو مرد مردوں کی ہنسی اڑائیں

قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ

کہ شاید وہ (انجام میں) اُن سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں

نِسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا

عورتوں کی (ہنسی اڑائیں) کہ شاید وہ اُن سے بہتر ہوں اور نہ تم آپس میں عیب

اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ

لگاؤ اور نہ ایک دوسرے کو بُرے ناموں سے پکارو ایمان کے بعد نافرمانی کے نام

بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

رکھنا بہت ہی بُری چیز ہے اور جو اس سے توبہ نہ کریگا پس ایسے ہی لوگ نافرمان سمجھے جائیں گے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۡ

اے ایمان لانے والو! بہت سے گمان کرنے سے پرہیز کرو

اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ

بیشک بعض گمان گناہ ہے اور حالات کی تفتیش نہ کرو اور تم میں سے ایک

بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ

دوسرے کی غیبت نہ کیا کرے کیا تم میں سے کوئی اسے پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا

اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

گوشت کھائے اسکو تو بُرا سمجھوگے اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ

تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ

بڑا توبہ قبول کرنیوالا (اور) رحم کرنیوالا ہے اے آدمیو! بیشک ہم نے تم کو

ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَاۗىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ۭ

ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمکو شاخیں اور قبیلے بنا دیا تاکہ تم ایک دوسرے کو شناخت کرلیا کرو

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ

یقیناً خدا کے نزدیک تم میں سے زیادہ معزز وہ ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے بیشک اللہ صاحب علم (اور)

خَبِيْرٌ ۝ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ۭ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا

صاحب خبر ہے بدو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے تم کہدو کہ تم ایمان نہیں لائے ہو

پھر جناب رسولِ خدا کی خدمت میں آکر کہنے لگا کہ ہم آپکے ساتھ اسلام میں اس لیے داخل نہیں ہوئے کہ ہماری عزت پر حملہ کیا جائے۔ پس جناب رسولِ خدا نے فرمایا کہ ہم کو ...

وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ

بلکہ تم یہ کہو کہ ہم اسلام لائے (یعنی ہمنے مان لیا) اور ایمان تو تمہارے دلوں میں بیٹھا ہی نہیں

وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ

اور اگر تم اللہ کی اور اُسکے رسُول کی اطاعت کرتے رہوگے تو وہ تمہارے اعمال میں سے کچھ کم نہ کریگا

شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے سوائے اس کے نہیں کہ مومن تو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَ

وہ لوگ ہیں جو اللہ پر اور اُس کے رسُول پر ایمان لائے پھر اُنہوں نے کبھی شک نہ کیا اور

جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ

راہِ خدا میں اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے جہاد کیا

اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ

ایسے ہی لوگ تو سچے ہیں تم یہ کہدو کہ آیا تم اللہ کو اپنا دین

بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

جتلاتے ہو حالانکہ اللہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اُسکو بھی جانتا ہے اور جو کچھ

الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ يَمُنُّوْنَ

زمین میں ہے اُسکو بھی اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے وہ تجھپر اسکا احسان رکھتے ہیں

عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ

کہ وہ اسلام لے آئے تم کہہ دو کہ تم اپنے اسلام کا احسان مجھپر نہ رکھو

بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ


بلکہ یہ تو اللہ کا تم پر احسان ہے کہ اُسنے تم کو ایمان کی ہدایت کردی

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ

بشرطیکہ تم سچے ہو بیشک اللہ آسمانوں کی

منزل ۷

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الخ تفسیر قمی میں ہے کہ یہ آیت جناب امیرالمؤمنینؑ کی شان میں نازل ہوئی ہے ۱۲ یَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا الخ تفسیر قمی میں ہے کہ یہ آیت بعد ...



وَالْأَرْضِ وَاللّٰهُ بَصِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ○

اور زمین کی پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے اور جو عمل بھی تم کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے۔

سورة ق مكية وهي خمس واربعون آية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيدِ ○ بَلْ عَجِبُوٓا اَنْ

ق۔ قرآن مجید کی قسم اُنہوں نے تو اسی کا تعجب کیا کہ

جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُونَ

اُنکے پاس ایک ڈرانے والا اُنہی میں سے آگیا پس کافروں نے یہ کہدیا

هٰذَا شَيْءٌ عَجِيبٌ ○ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا

کہ یہ تو عجیب بات ہے کیا جب ہم مرجائینگے اور مٹی ہو جائینگے

ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيدٌ ○ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ

(تو ہم کو ٹینگے) یہ لوٹنا ہی بعید (از عقل) ہے ہم خوب جانتے ہیں کہ زمین اُن (کے

الْاَرْضُ مِنْهُمْ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ

جسموں) میں سے کیا کیا گھٹاتی جاتی ہے اور ہمارے پاس حفاظت کرنے والی کتاب

حَفِيظٌ ○ بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ

(موجود) ہے بلکہ اُنہوں نے توحق جسوقت بھی اُن کے پاس آیا اُسکی تکذیب کی

فَهُمْ فِيٓ اَمْرٍ مَّرِيجٍ ○ اَفَلَمْ يَنْظُرُوٓا اِلَى

پس وہ دین کے امر میں پریشان ہیں کیا اُنہوں نے اپنے اوپر آسمان کی

السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا

طرف غور سے نہیں دیکھا کہ ہمنے اُسکو کیسا بنایا ہے اور اُسکو کیسا مزین کیا ہے اور اسمیں

تم کو محمد سے باتیں کر کے تعجب میں ڈالوں۔ پھر ایک ہڈی لیکر اُسکا چورا چورا کیا پھر آکر کہنے لگا کہ اسے محمد اسی کی نسبت تمہارا یہ گمان ہے کہ یہ زندہ ہو جائیگی

...سورۂ حجر کی تفسیر میں بیان ہو چکا ہے (دیکھو صفحہ ۴۲۳ نوٹ نمبر ۵ و ۱۴) ۵ قَوْمُ تُبَّعٍ۔ اس کا ذکر سورۂ دخان کی تفسیر میں بیان ہو چکا ہے (دیکھو صفحہ ۷۹۳ نوٹ نمبر ۱۲۶)

لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ○ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا

ایک بھی سوراخ نہیں ○ اور زمین کو ہم نے پھیلا دیا ہے

وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ

اور اُس میں بڑے بڑے پہاڑ ٹھہرا دیے ہیں اور ہم نے اُس میں ہر قسم کی لہلہاتی ہوئی

كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ○ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ

نباتات پیدا کر دی ہے ○ ہر رجوع کرنے والے بندے کے لیے (یہی) قدرت نمائی

عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ○ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ

اور نصیحت ہے ○ اور آسمان سے ہم نے

مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ

برکت والا پانی اُتارا پھر اُسی کے ذریعہ سے ہم نے بندوں کو روزی دینے کے لیے باغات

الْحَصِيْدِ ○ وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ

اور اناج کے کھیت ○ اور لمبے (لمبے) کھجور کے درخت جن کے گابھے تہ بہ تہ

نَّضِيْدٌ ○ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً

ہوتے ہیں پیدا کر دیے ○ اور اُسی (پانی) کے ذریعہ سے ہم نے مردہ زمین کو زندہ

مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ○ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

کر دیا (قیامت کے دن) نکلنا بھی ایسا ہی ہوگا ○ ان سے پہلے

قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ○

نوح کی اُمت اور اصحاب رس اور (قوم) ثمود ○

وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ○ وَّ

اور (قوم) عاد اور فرعون اور لوطؑ کی اُمت ○ اور

اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۭ كُلٌّ كَذَّبَ

اصحاب ایکہ (بن والے) اور قوم تبع (اپنے اپنے نبی کی) تکذیب کر چکے ہر ایک نے

منزل ۷

۱ وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا۔ مُبٰرَكًا کے معنی ہیں بہت نفع بخشنے والا۔ کافی میں جناب امام محمد باقر سے منقول ہے کہ زمین کا کوئی پانی ایسا نہیں ہے جس کے ساتھ آسمان کا پانی مخلوط نہ ہو۔

الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ ۝ أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ ۚ بَلْ

رسولوں کو جھٹلایا پھر میرا ڈراوا بھی پورا اُترا۔ کیا ہم پہلی دفعہ کے پیدا کرنے سے تھک گئے ہیں یہ اور

هُمْ فِي لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ

بات ہو کہ وہ پہلی ہی مرتبہ کی پیدائش کے بارے میں شک میں ہیں اور یقیناً ہمنے ہی انسان کو پیدا کیا ہے

ع ١ ١٥ ١٥

وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ ۖ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ

اور جو جو کچھ اُسکا نفس اُسکے دل میں وسوسہ ڈالتا ہے اُسے بھی ہم خوب جانتے ہیں اور ہم اُس کی شہ رگ گردن سے بھی

مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ ۝ إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ

زیادہ قریب ہیں جبکہ دائیں سے اور بائیں سے دو لینے والے بیٹھے (بیٹھے)

الشِّمَالِ قَعِيدٌ ۝ مَّا يَلْفِظُ مِن قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ

ہر بات کو لیتے جاتے ہیں ایک بات بھی منہ سے ایسی نہیں نکالتا کہ اُسکے لیے نگراں پاس ہی موجود

عَتِيدٌ ۝ وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۖ ذَٰلِكَ مَا كُنتَ

نہ ہو اور موت کی غفلت جو برحق ہے آ پہنچی یہی تو ہے جس سے تو

مِنْهُ تَحِيدُ ۝ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ ۚ ذَٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيدِ ۝ وَجَاءَتْ

کترا تا پھرتا تھا اور صور پھونک دیا گیا وہ ڈراوے کا دن یہی تو ہے اور ہر نفس

كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَائِقٌ وَشَهِيدٌ ۝ لَّقَدْ كُنتَ فِي غَفْلَةٍ

(اس شان سے) آئیگا کہ ایک ہانکنے والا اور ایک گواہ اُسکے ساتھ (ساتھ) ہوگا تو اس سے تو غفلت میں تھا

مِّنْ هَٰذَا فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ۝

سو اب ہمنے تیرا پردہ ہٹا دیا سو آج تیری نظر بڑی تیز ہے

وَقَالَ قَرِينُهُ هَٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ ۝ أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ

اور اُسکا ہمنشین یہ کہیگا کہ میرے پاس جو کچھ ہے یہ حاضر ہے (اور ہانکنے والے اور گواہ کو حکم ہوگا کہ) تم دونو ہر

كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيبٍ ۝ الَّذِي

منکر سرکش کو جہنم میں ڈالدو جو نیکیوں سے بڑا روکنے والا زیادتی کرنے والا شک کرنیوالا تھا (اور) جو

ع اُنحرۃ۔ اس لیے کہ اُس نے یہ لفظ کہے کہ جس نے تمہارے لیے امامت اور خمس کو قرار دیا ہے ہم اُس کے منکر ہیں -۱۲-

جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ○

خدا کے ساتھ اور خدا (بھی) ٹھہراتا تھا پس تم دونو اُسکو سخت عذاب میں ڈال دو

قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۭ بَعِيْدٍ ○

اُسکا ہمنشین عرض کریگا کہ ہمارے پروردگار میں نے تو اُسکو سرکش نہیں بنایا تھا لیکن یہ خود ہی بڑی گمراہی میں تھا

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ○

(خدا تعالیٰ) فرمائیگا کہ میرے حضور میں جھگڑا نہ کرو میں تمہاری طرف ڈراوا پہلے ہی بھیج چکا تھا

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ○ ع

ع ۲ ۱۴ ۱۶

میری حضور میں بات بدلی نہیں جا سکتی اور نہ میں بندوں کے حق میں ظلم کرنے والا ہوں

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ

جس دن ہم جہنم سے کہینگے کہ کیا تیرا پیٹ بھر گیا وہ عرض کریگا کہ کیا کچھ

مَّزِيْدٍ ○ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ○ هٰذَا

اور بھی ہے؟ اور جنت پرہیزگاروں کی خاطر بہت ہی قریب کر دی جائیگی (اور اُنسے کہا جائیگا)

مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ○ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ

یہ وہی ہے جسکا تم میں سے ہر رجوع کرنیوالے اور نگہداری کرنیوالے سے وعدہ کیا جاتا تھا جو بے دیکھے (خدائے) رحمٰن سے

بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِۨ ○ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ط

ڈرتا رہا اور رجوع کرنے والے دل کے ساتھ حاضر ہوا (ایسوں ہی سے کہا جائیگا کہ) تم سلامتی کے ساتھ اسمیں داخل ہو جاؤ

ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ○ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا

یہی تو ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے کا دن ہے اُنکے واسطے جو جو کچھ وہ چاہینگے اُسمیں موجود ہے اور ہمارے پاس

مَزِيْدٌ ○ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ

مزید برآں اور ان سے پہلے ہم کتنے ہی زمانے والے ہلاک کر چکے ہیں جو ان سے قوت میں کہیں

مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ط هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ○ اِنَّ

زیادہ تھے پھر اُنہوں نے سارے ہی مُلک چھان مارے کہ کہیں بھی بچنے کا موقع ہے بیشک

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِمَن كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ

اس میں اُس شخص کے لیے نصیحت ہے جو دل رکھتا ہو یا توجہ سے کان

شَهِيدٌ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا

لگائے اور یقیناً ہمنے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کچھ ان دونو کے درمیان ہے

فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ وَمَا مَسَّنَا مِن لُّغُوبٍ ۝ فَاصْبِرْ عَلَىٰ

اُسکو چھ دن میں پیدا کیا اور ہمکو کوئی تکان نہ ہوئی پس جو کچھ یہ کہتے ہیں

مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَ

اُسکی برداشت کرو اور سورج کے نکلنے اور ڈوبنے سے پہلے اپنے پروردگار کی حمد کی تسبیح

قَبْلَ الْغُرُوبِ ۝ وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُودِ ۝

پڑھا کرو اور رات کے بعض حصوں میں اُسکی پاکی بیان کیا کرو اور نمازوں کے بعد بھی

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِن مَّكَانٍ قَرِيبٍ ۝ يَوْمَ

اور جس دن ایک پکارنے والا قریب کے مکان سے پکاریگا تو اُسے غور سے سننا جس دن

يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ ۝ إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي

وہ سب واقعی چنگھاڑ سنینگے یہی تو نکلنے کا دن ہے بیشک ہم ہی تو زندہ کرتے ہیں

وَنُمِيتُ وَإِلَيْنَا الْمَصِيرُ ۝ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا

اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہماری ہی طرف بازگشت ہے جسدن زمین اُنکی نعشوں پر سے پھٹکر (الگ ہوجائیگی اور) وہ دوڑتے ہوئے نکل پڑینگے

ذَٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ ۝ نَّحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ وَمَا أَنتَ

یہی جمع کرلینا ہمارے لیے آسان ہے جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں ہم اُس سے خوب واقف ہیں اور تم اُنپر

عَلَيْهِم بِجَبَّارٍ ۖ فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ ۝ ع ۳/۱۶ ۱۷

حاکم جابر نہیں ہو پس جو میری دھمکی سے ڈرتا ہو اُسکو قرآن مجید سُنا سُنا کر نصیحت کرتے رہو

سُورَةُ الذَّارِيَاتِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتُّونَ آيَةً

آیاتہا ۶۰ — رکوعاتہا ۳ — کلماتہا ۳۶۰ — حروفہا ۱۵۵۹

منزل ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۙ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۙ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۙ

قسم ہے اُن ہواؤں کی جو (بکھیر کر) اُڑا دیتی ہیں پھر اُن بدلیوں کی جو (بارش کا) بوجھ اُٹھاتی ہیں پھر اُن کشتیوں کی جو آسانی سے چلنے والی ہیں

فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۙ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۙ وَّاِنَّ الدِّيْنَ

پھر اُن فرشتوں کی جو کام تقسیم کرتے ہیں بیشک جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ سچا ہے اور بدلہ ضرور ملنے والا

لَوَاقِعٌ ۙ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ

ہے اور قسم ہے راستوں والے آسمان کی کہ تم جھگڑے کی بات میں

مُّخْتَلِفٍ ۙ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ۙ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ۙ

ہو جس سے وہی گمراہ ہوجاتا ہے جو گمراہ کر دیا گیا غارت ہوں یہ اٹکل پچو باتیں بنانے والے

الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ۙ يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ۙ

جو جہالت کے بھنور میں غافل ہیں (اور) پوچھتے ہیں فیصلہ کا دن کب آئیگا؟

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ۙ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ۭ هٰذَا

(اُس دن آئیگا) جس دن اُن کو جہنم میں عذاب دیا جائیگا (اور یہ کہا جائیگا کہ) اپنے عذاب کا مزہ چکھو وہ یہی ہے

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۙ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ

جس کی تم جلدی کیا کرتے تھے بیشک پرہیزگار لوگ جنتوں اور چشموں

وَّعُيُوْنٍ ۙ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ

(کی سرزمین) میں ہونگے اُن کے پروردگار نے جو کچھ عطا کیا ہوگا اسکا لطف اُٹھانیوالے ہونگے بیشک وہ اس سے پہلے

ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ۭ كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ

نیکوکار تھے (اور) راتوں کو وہ کم سویا کرتے تھے

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۙ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ

اور صبح کو وہ مغفرت طلب کیا کرتے تھے اور اُن کے مالوں میں مانگنے والوں کا

لِلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ۝ وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ۝

اور یہ مانگنے والوں کا (بھی) حصہ ہوتا تھا اور یقین کرنے والوں کے لیے اس زمین میں بھی نشانیاں موجود ہیں

وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ وَفِي السَّمَآءِ

اور تمہاری ذات میں (بھی) تو کیا تم نہیں دیکھتے اور آسمان میں

رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ۝ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ

تمہارا رزق (بھی) موجود ہے اور جن چیزوں کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے (وہ بھی) پس آسمان کے اور زمین کے پروردگار ہی کی قسم ہے

اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝ هَلْ اَتٰىكَ

یہ ایسا ہی برحق ہے جیسے کہ تم باتیں کر رہے ہو آیا تمہارے پاس

ع ۲۳ ۱۸

حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝ اِذْ دَخَلُوْا

ابراہیم کے معزز مہمانوں کا قصہ پہنچا جس وقت کہ وہ اُن کے

عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ۝

پاس آئے تو اُنہوں نے سلام کہا (جواب میں) اُنہوں نے بھی سلام کہا (اور یہ فرمایا کہ) تم اجنبی لوگ ہو

منزل ۷

فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ۝ فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ

پھر چپکے سے اپنے گھر والوں کے پاس گئے پھر وہاں سے ایک موٹا تازہ بچھڑا (کباب کر کے) لائے پھر اسے اُن کے پاس رکھا

قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ ۝ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا

(اور) کہا کیا تم کھاتے نہیں؟ پھر اپنے دل ہی دل میں اُن سے ڈرے اُنہوں نے کہا

لَا تَخَفْ ؕ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۝ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ

آپ ڈریں نہیں اور اُنہوں نے انہیں ایک صاحب علم (لڑکے) کی خوشخبری سنائی پھر اُن کی زوجہ اس گروہ میں

صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ عَقِيْمٌ ۝ قَالُوْا

آ گئیں اور اپنا منہ پیٹ لیا اور کہا کہ بڑھیا اور بانجھ (میں کیونکر بچہ جنوں گی) اُنہوں نے کہا کہ

كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝

تمہارے پروردگار نے ایسا ہی فرمایا ہے بیشک وہ صاحب حکمت (اور) صاحب علم ہے

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ ۝

(حضرت ابراہیم نے) فرمایا کہ اے رسولو! تم کو کیا مہم درپیش ہے؟

قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمٍ مُجْرِمِينَ ۝ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ

انہوں نے عرض کی کہ ہم ایک گنہگار قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں تاکہ اُن پر مٹی کے

حِجَارَةً مِنْ طِينٍ ۝ مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِينَ ۝

پتھر برسائیں جو آپ کے پروردگار کے پاس حد سے زیادہ گزرجانیوالوں کے لیے نشان کیے ہوئے (تیار) ہیں

فَأَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيهَا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ فَمَا وَجَدْنَا

پس ان (بستیوں) میں مومنوں میں سے جو کوئی تھا اُسے ہم نے نکال دیا۔ اور ہم نے اُن میں فرماں برداروں

فِيهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝ وَتَرَكْنَا فِيهَا آيَةً

میں سے ایک گھر کے سوا اور کسی کو نہ پایا اور ہم نے اُن میں اُن لوگوں کے

لِلَّذِينَ يَخَافُونَ الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ۝ وَفِي مُوسَىٰ إِذْ

لیے جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں ایک نشانی چھوڑ دی۔ اور (اسی طرح واقعہ) موسیٰ میں (نشانی ہے)

أَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ۝ فَتَوَلَّىٰ بِرُكْنِهِ

جبکہ ہم نے اُن کو فرعون کی طرف کھلے غلبہ کے ساتھ بھیجا پس اُس نے اپنے برتے پر

وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ ۝ فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ

روگردانی کی اور کہنے لگا (کہ یہ) جادوگر ہے یا دیوانہ۔ پھر ہم نے اُس کو اور اُسکے لشکر کو دھر پکڑا اور اُن سب کو سمندر

فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيمٌ ۝ وَفِي عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيحَ

میں ڈالدیا جس حال میں کہ وہ (فرعون) اپنے آپ ہی کو بُرا کہتا تھا۔ اور (اسی طرح واقعہ) قوم عاد میں (نشانی ہے) جبکہ ہم نے اُن پر ایک

الْعَقِيمَ ۝ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ

منحوس آندھی بھیجی کہ جس چیز پر وہ پہنچتی تھی اُس کو چورا کیے بغیر نہ چھوڑتی

كَالرَّمِيمِ ۝ وَفِي ثَمُودَ إِذْ قِيلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوا حَتَّىٰ حِينٍ ۝

تھی۔ اور (واقعہ) ثمود میں (بھی نشانی ہے) جبکہ اُن سے یہ کہا گیا کہ ایک مدت (معینہ تک) نفع اُٹھالو

فَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ وَهُمْ

پھر اُنہوں نے اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی تو اُن کے دیکھتے (دیکھتے) اُن کو ایک کڑک نے

يَنظُرُونَ ۝ فَمَا اسْتَطَاعُوا مِن قِيَامٍ وَمَا كَانُوا

آلیا پھر نہ تو وہ کھڑے ہی ہو سکے اور نہ بدلا

مُنتَصِرِينَ ۝ وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن قَبْلُ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا

لے سکے اور نوح کی قوم کو اس سے پہلے ہی (ہم نشانی بنا چکے تھے) یقیناً وہ لوگ

فَاسِقِينَ ۝ وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَإِنَّا لَمُوسِعُونَ ۝

نافرمان تھے۔ اور آسمان کو ہمنے ہی اپنے دست قدرت سے بنایا ہے اور ہم ہی اُسکو وسعت دینے والے ہیں۔

ع ۲

وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ ۝ وَمِن كُلِّ شَيْءٍ

اور زمین کو ہم نے ہی بچھایا ہے پس سب سے اچھے بچھانیوالے ہم ہی ہیں۔ اور ہر چیز کو ہم ہی نے

خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ فَفِرُّوا إِلَى اللَّهِ ۖ

جوڑا جوڑا بنایا تاکہ تم یاد رکھو۔ سو تم اللہ ہی کی طرف بھاگ چلو

إِنِّي لَكُم مِّنْهُ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝ وَلَا تَجْعَلُوا مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا

میں بیشک تمہارے لیے اُسی کی طرف سے کھلا ڈرانیوالا ہوں۔ اور اللہ کے ساتھ تم اور خدا نہ بناؤ

آخَرَ ۖ إِنِّي لَكُم مِّنْهُ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝ كَذَٰلِكَ مَا أَتَى الَّذِينَ

یقیناً میں تمہارے لئے اُسی کی طرف سے کھلا ڈرانیوالا ہوں۔ اسی طرح اُن لوگوں کے پاس جو ان سے

مِن قَبْلِهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا قَالُوا سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ ۝

پہلے تھے ایک رسول بھی ایسا نہیں آیا جسکی نسبت اُنہوں نے یہ نہ کہدیا ہو کہ یہ جادوگر ہے یا مجنون ہے۔

أَتَوَاصَوْا بِهِ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ

کیا وہ اِس (قول) کی ایک دوسرے کو وصیت کرتے چلے آئے ہیں۔ بات یہ ہے کہ وہ لوگ ہیں ہی سرکش۔ اب تم اُن سے مُنہ پھیر لو

فَمَا أَنتَ بِمَلُومٍ ۝ وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَىٰ تَنفَعُ

کہ تم پر کوئی ملامت نہیں ہے۔ اور نصیحت کیے جاؤ کہ نصیحت مومنوں کو یقیناً

الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ۝

نفع دیگی۔ اور میں نے جنوں کو اور آدمیوں کو نہیں پیدا کیا مگر اس لیے کہ میری عبادت کیا کریں۔

مَا أُرِيدُ مِنْهُمْ مِنْ رِزْقٍ وَمَا أُرِيدُ أَنْ يُطْعِمُونِ ۝

میں اُن سے کوئی روزی تو نہیں چاہتا اور نہ میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کچھ کھلا دیا کریں۔

إِنَّ اللَّهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ ۝ فَإِنَّ لِلَّذِينَ

بیشک اللہ وہی تو بڑا روزی دینے والا قوت والا (اور) زبردست ہے۔ پس یقیناً اُن لوگوں کیلیے

ظَلَمُوا ذَنُوبًا مِثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ ۝

جنہوں نے نافرمانی کی یوں ویسا ہی چرسا بھرا ہوا ہے (یعنی اتنا ہی عذاب ہے جیسا کہ اُنکے (پہلے) ہم رتبہ لوگوں کیلیے چرسا بھرا تھا)

فَوَيْلٌ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ يَوْمِهِمُ الَّذِي يُوعَدُونَ ۝

عذاب کے لیے جلدی نہ کریں۔ پس اُن لوگوں کیلیے جو اُس دن کے منکر ہیں جس دن کا اُنسے وعدہ کیا جاتا ہے ویل ہے۔

ع ٣ / ١٤ / ٢

سُورَةُ الطُّورِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَأَرْبَعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

(شروع کرتا ہوں) خدا کے نام سے رحمن (و) رحیم

وَالطُّورِ ۝ وَكِتَابٍ مَسْطُورٍ ۝ فِي رَقٍّ مَنْشُورٍ ۝

قسم ہے طور کی۔ اور پھیلی ہوئی جھلی میں لکھی ہوئی کتاب کی

وَالْبَيْتِ الْمَعْمُورِ ۝ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوعِ ۝ وَالْبَحْرِ

اور بیت المعمور کی اور بلند کی ہوئی چھت کی اور بھرے ہوئے

الْمَسْجُورِ ۝ إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۝ مَا لَهُ مِنْ

سمندر کی یقیناً تمہارے پروردگار کا عذاب واقع ہونیوالا ہے جسکا کوئی دفع کرنیوالا

دَافِعٍ ۝ يَوْمَ تَمُورُ السَّمَاءُ مَوْرًا ۝ وَتَسِيرُ الْجِبَالُ

نہ ہوگا جس دن کہ آسمان بڑے زور سے چکر کھائیگا اور پہاڑ اپنی جگہ سے حرکت کرکے

کے تحت میں ہے اور عقل و حکمت کے مطابق اور جو چیزیں خدا کی کتب میں آچکی ہیں اُن کی تصدیق کرنیوالا ہے اور سزا و جزا کے لیے بندوں کے اعمال منضبط کیے جاتے ہیں۔ ۱۲۰

سَيْرًا ۝ فَوَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ۝ الَّذِينَ هُمْ فِي

ناپود ہو جائینگے تو اُس دن جھٹلانیوالوں کے لیے جو لغو باتوں میں پڑے کھیلا کرتے

خَوْضٍ يَلْعَبُونَ ۝ يَوْمَ يُدَعُّونَ إِلَىٰ نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ۝

ہیں ویل ہوگا (اور) جس دن اُن کو آتش جہنم کی طرف دھکّے دے دے کر دھکیلے جائینگے (اور یہ کہلایا جائیگا کہ)

وقف لازم

هَٰذِهِ النَّارُ الَّتِي كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ ۝ أَفَسِحْرٌ هَٰذَا أَمْ

یہ آگ وہی ہے جس کو تم جھٹلایا کرتے تھے۔ اب (بتلاؤ) آیا یہ جادو ہے یا تم کو

أَنتُمْ لَا تُبْصِرُونَ ۝ اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا أَوْ لَا تَصْبِرُوا

سوجھتی ہی نہیں؟ اب تم اس میں گھس جاؤ خواہ تم برداشت کرو یا نہ برداشت کرو

سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ ۖ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝

تمہارے لیے یکساں ہے۔ جو عمل تم کیا کرتے تھے صرف اُسی کا بدلا تم کو دیا جاتا ہے۔

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَعِيمٍ ۝ فَاكِهِينَ بِمَا آتَاهُمْ

بیشک پرہیزگار لوگ جنتوں میں اور نعمتوں میں ہونگے (جو) کچھ اُن کے پروردگار نے اُنکو دیا ہوگا اُسکی لذتیں

رَبُّهُمْ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝ كُلُوا

پاتے ہونگے۔ اُنکا پروردگار اُن کو جہنم کے عذاب سے بچا لیگا۔ (اور اُن کو یہ فرمائیگا کہ) جو عمل

منزل ٧

وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ سُرُرٍ

تم کیا کرتے تھے اُسکے عوض میں (خوب) کھاؤ پیو (تمکو ہر طرح) پچے۔ (اور) برابر بچھے ہوئے تختوں پر

مَّصْفُوفَةٍ ۖ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ عِينٍ ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا

تکیے لگائے (بیٹھے) رہو۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں سے ہم اُنکی شادیاں کر دینگے۔ اور جو لوگ ایمان لائے

وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُم بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ

اور اُن کی اولاد نے ایمان میں اُنکی پیروی کی اُن کی اولاد کو (بھی) ہم اُن کے ساتھ ملا دینگے

وَمَا أَلَتْنَاهُم مِّنْ عَمَلِهِم مِّن شَيْءٍ ۚ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا

اور اُنکے اعمال (نیک) میں سے کچھ (بھی) کم نہ کرینگے۔ ہر شخص اپنے کیے (کی جواب دہی میں)

كَسَبَ رَهِيْنٌ ○ وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ

گرفتار ہوگا۔ اور ہم اُن کو میووں سے اور گوشت سے جو (جو) کچھ وہ

مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ○ يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ

چاہیں گے مدد دیں گے۔ جنت میں وہ آپس میں ایسے پیالے کی چھین جھپٹ کریں گے جس میں

فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ○ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ

نہ کوئی لغویت ہوگی اور نہ کوئی گناہ۔ اور اُن کے وہ غلام جو چھپے ہوئے موتیوں کے مانند

لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ○ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى

ہونگے اُن کی خدمت میں چکر لگایا کریں گے۔ اور ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوکر

بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ○ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا

وہ سوالات کیا کریں گے۔ (بعض) کہیں گے کہ اس سے پہلے ہم تو اپنے بال بچوں میں تھے اور

مُشْفِقِيْنَ ○ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰنَا عَذَابَ

ڈرتے ہی رہتے تھے۔ پس اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہم کو جہنم کے عذاب سے

السَّمُوْمِ ○ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ

بچا لیا۔ ہم تو اس سے پہلے اُس سے دعائیں مانگا کرتے تھے بیشک وہ بڑا نیکی کرنیوالا

الرَّحِيْمُ ○ فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا

(اور) رحم کرنیوالا ہے۔ پس (اے رسولؐ) تم نصیحت کیے جاؤ تم اپنے پروردگار کے فضل سے نہ کاہن ہو اور نہ

مَجْنُوْنٍ ○ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ

دیوانے۔ آیا وہ یہ کہتے ہیں کہ شاعر ہے جس کے بارے میں ہم زمانہ کی گردش کا انتظار

الْمَنُوْنِ ○ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ○

کرتے ہیں۔ تم کہدو کہ تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنیوالوں میں ہوں۔

اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ○

آیا اُن کی عقلیں اُن کو ایسا ہی سکھلاتی ہیں یا وہ سرکش لوگ ہیں؟

تفسیر مظہری میں ہے کہ ان کے مکر کا وبال ان پر یہ پڑا کہ بدر کے دن وہ قتل کیے گئے:

أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ ۚ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ ۝ فَلْيَأْتُوا

یا وہ یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اسکو دل سے بنالیا ہے بات یہ ہے کہ وہ ایمان ہی نہیں رکھتے۔ پھر اگر وہ سچے ہیں تو

بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ ۝ أَمْ خُلِقُوا مِنْ

(وہ بھی) کوئی ایسی ہی بات بنا لائیں۔ آیا وہ بغیر کسی چیز کے خود پیدا

غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ ۝ أَمْ خَلَقُوا السَّمَاوَاتِ

ہوگئے ہیں یا وہ (اپنے آپ کو) پیدا کرنیوالے ہیں؟ یا انہوں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا

وَالْأَرْضَ ۚ بَل لَّا يُوقِنُونَ ۝ أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّكَ

کیا ہے؟ بلکہ یہ کچھ بھی نہیں وہ یقین ہی نہیں رکھتے۔ آیا انکے پاس تمہارے پروردگار کے خزانے ہیں

أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ ۝ أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَسْتَمِعُونَ فِيهِ ۖ

یا وہ داروغہ ہیں؟ یا اُن کے پاس کوئی سیڑھی ہے جس پر چڑھ کر وہ آسمان کی خبریں سن آتے ہیں

فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ۝ أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ

ایسا ہے تو اُن کا سننے والا بھی کوئی کھلی دلیل لے آئے۔ یا خدا کی بیٹیاں ہیں

وَلَكُمُ الْبَنُونَ ۝ أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْرًا فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ

اور تمہارے بیٹے؟ یا تم اُن سے کوئی مزدوری مانگتے ہو جس کے بوجھ سے وہ دبے جاتے

مُّثْقَلُونَ ۝ أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ ۝ أَمْ

ہیں؟ یا اُن کے پاس غیب کی خبریں ہیں جنکو وہ لکھتے جاتے ہیں؟ یا

يُرِيدُونَ كَيْدًا ۖ فَالَّذِينَ كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيدُونَ ۝ أَمْ

وہ تم سے کوئی چال چلنی چاہتے ہیں۔ پس جو لوگ کافر ہوگئے چال میں تو وہ خود ہی پھنس گئے ہیں۔ یا خدا کے

لَهُمْ إِلَٰهٌ غَيْرُ اللَّهِ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ وَإِن يَرَوْا

سوا انکا کوئی اور معبود ہے؟ جو چیزیں یہ اسکا شریک ٹھہراتے ہیں خدا تعالیٰ کی ذات اُن سب سے منزہ ہے۔ اور اگر کوئی آسمان

كِسْفًا مِّنَ السَّمَاءِ سَاقِطًا يَقُولُوا سَحَابٌ مَّرْكُومٌ ۝ فَذَرْهُمْ

کا ٹکڑا گرتا ہوا دیکھیں تو یہ کہیں کہ یہ تو جما ہوا بادل ہے۔ سو تم اُن کو رہنے دو

منزل ۷

۱۱ یہ بھی قریش کا ایک قول تھا کہ ملائکہ خدا کی بیٹیاں ہیں۔ اور اس سے اُنکی حماقت ثابت ہوتی ہے اور یہ سمجھ میں آتا ہے کہ

حَتّٰی یُلٰقُوْا یَوْمَهُمُ الَّذِیْ فِیْهِ یُصْعَقُوْنَ ۙ یَوْمَ لَا یُغْنِیْ

یہاں تک کہ وہ دن آئے سامنے آئے جس دن وہ بیہوش کر دیے جائینگے۔ جس دن اُن کی چال ذرا بھی

عَنْهُمْ كَیْدُهُمْ شَیْـًٔا وَّ لَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ؕ وَ اِنَّ لِلَّذِیْنَ

اُن کے کام نہ آئیگی اور نہ اُنکی مدد کی جائیگی۔ اور بیشک اُن لوگوں کے

ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ

واسطے جنہوں نے ظلم کیا اس کے علاوہ بھی عذاب ہے لیکن اُن میں سے اکثر جانتے ہی نہیں۔

وَ اصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْیُنِنَا وَ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

اور اپنے پروردگار کے حکم کے بارے میں صبر کرو کیونکہ تم ہماری حفاظت میں ہو اور جس وقت تم (نماز شب کیلئے) اٹھو اپنے

حِیْنَ تَقُوْمُ ۙ وَ مِنَ الَّیْلِ فَسَبِّحْهُ وَ اِدْبَارَ النُّجُوْمِ

پروردگار کی حمد کی تسبیح پڑھا کرو۔ اور رات کے کسی حصے میں بھی اور ستاروں کے ڈوبتے وقت بھی۔

ع ٢ ۲۱

سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّیَّةٌ وَّ هِیَ اِثْنَتَانِ وَ سِتُّوْنَ اٰیَةً

آیاتہا ٦٢ — رکوعاتہا ٣ — کلماتہا ٣٦٥ — حروفہا ١٤٥٠

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَ النَّجْمِ اِذَا هَوٰی ۙ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَ مَا غَوٰی

قسم ہے ستارے کی جس وقت کہ وہ اُترا تمہارا رفیق نہ بھٹک گیا ہے اور نہ بہکا ہے۔

وَ مَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی

اور وہ خواہش نفسانی سے کچھ نہیں کہتا۔ جو کچھ وہ کہتا ہے وہ نہیں ہے مگر وحی جو اسکی طرف بھیجی جاتی ہے۔

عَلَّمَهٗ شَدِیْدُ الْقُوٰی ۙ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰی ۙ وَ هُوَ

اسکو بڑی قوتوں والا اور بڑی عقل والے نے تعلیم کیا۔ پھر وہ کھڑا ہو گیا جس حال میں کہ وہ

بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰی ؕ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی ۙ فَكَانَ قَابَ

اونچے سے اونچے افق کے قریب تھا۔ پھر وہ اور قریب ہوا اور معلق ہوگیا۔ پھر وہ کمان کا فاصلہ

قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَىٰ ۝ فَأَوْحَىٰ إِلَىٰ عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ ۝ مَا

رہا یا کچھ کم۔ پھر خدا تعالیٰ نے اپنے بندے کی طرف وحی فرمائی جو کچھ بھی وحی فرمائی۔ اُس (رسول) کے

كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَىٰ ۝ أَفَتُمَارُونَهُ عَلَىٰ مَا يَرَىٰ ۝

جو کچھ بھی دیکھا (آنکھ نے) دل نے اس میں کچھ جھوٹ نہیں ملایا۔ کیا تم اس سے اس میں بحث کرتے ہو جو کچھ کہ وہ دیکھتے ہیں

وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَىٰ ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَىٰ ۝

حالانکہ اُنہوں نے اُس کو ایک مرتبہ اَور سدرۃ المنتہیٰ کے پاس یقیناً دیکھا تھا۔

عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَىٰ ۝ إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَىٰ ۝

جس کے پاس رہنے کی جگہ بہشت بھی ہے۔ جس وقت کہ سدرہ پر جو کچھ بھی چھا رہا تھا چھا رہا تھا۔

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَىٰ ۝ لَقَدْ رَأَىٰ مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ

نہ تو (رسول کی) نظر نے کجی کی اور نہ وہ اُچٹ گئی۔ بیشک اُنہوں نے اپنے پروردگار کی نشانیوں میں سے بڑی نشانیوں کو

الْكُبْرَىٰ ۝ أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزَّىٰ ۝ وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ

دیکھا۔ آیا تم نے بھی لات و عزّیٰ کو اور ایک اَور تیسری منات کو غور

الْأُخْرَىٰ ۝ أَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْأُنْثَىٰ ۝ تِلْكَ إِذًا قِسْمَةٌ

سے دیکھا؟ آیا تمہارے حصہ میں تو بیٹے آئیں اور خدا کے حصہ میں بیٹیاں؟ یہ تو بڑی بیجا تقسیم

ضِيزَىٰ ۝ إِنْ هِيَ إِلَّا أَسْمَاءٌ سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَ

ہے! یہ تو نام ہی نام ہیں جو اُن کے تم نے اور تمہارے باپ داداؤں نے رکھ لیے

آبَاؤُكُمْ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ ۚ إِنْ يَتَّبِعُونَ

ہیں خدا تعالیٰ نے تو اُنکے بارے میں کوئی سند اُتاری نہیں ہے۔ وہ تو نرے گمان کی اور اُن

إِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْأَنْفُسُ ۖ وَلَقَدْ جَاءَهُمْ مِنْ

چیزوں کی پیروی کرتے ہیں جن کو اُن کے دل چاہتے ہیں حالانکہ اُن کے پاس اُن کے پروردگار کی

رَبِّهِمُ الْهُدَىٰ ۝ أَمْ لِلْإِنْسَانِ مَا تَمَنَّىٰ ۝ فَلِلَّهِ الْآخِرَةُ

جانب سے ہدایت آچکی ہے۔ آیا انسان جو خواہش کرتا ہے وہ اُسے مل جاتی ہے؟ پس آخرت اور دنیا (دونوں)

وَالْأُولَىٰ ۝ وَكَمْ مِنْ مَلَكٍ فِي السَّمَاوَاتِ لَا تُغْنِي

کا اللہ ہی مالک ہے۔ اور آسمانوں میں بہت سے فرشتے ہیں کہ اُن کی شفاعت

شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا إِلَّا مِنْ بَعْدِ أَنْ يَأْذَنَ اللَّهُ لِمَنْ يَشَاءُ

کچھ کام نہ آئیگی مگر بعد اِس کے کہ اللہ تعالےٰ جس کے لیے چاہے اجازت دیدے اور پسند بھی

وَيَرْضَىٰ ۝ إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ لَيُسَمُّونَ

فرمالے۔ بیشک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کے نام

الْمَلَائِكَةَ تَسْمِيَةَ الْأُنْثَىٰ ۝ وَمَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ ط ربع

عورتوں کے ایسے نام رکھتے ہیں۔ اور اِس بارے میں انکو علم خاک بھی نہیں ہے۔

إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ ۖ وَإِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ

وہ نری اٹکل پر چلتے ہیں۔ حالانکہ اٹکل حق کے مقابلے میں کچھ بھی کام نہیں دے سکتی۔

شَيْئًا ۝ فَأَعْرِضْ عَنْ مَنْ تَوَلَّىٰ عَنْ ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ

پس جس نے ہماری یاد سے مُنہہ پھیر لیا ہے اور سوائے زندگانی دنیا کے اور کسی چیز کا خواستگار

إِلَّا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ۝ ذَٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِنَ الْعِلْمِ ط إِنَّ

ہی نہیں ہے پس تم بھی اُس سے مُنہہ پھیر لو۔ اِن کے علم کی انتہا اتنی ہی ہے۔ بیشک تمہارا

رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ

پروردگار اُس سے (بھی) خوب واقف ہے جو اُسکی راہ سے بھٹک گیا ہے اور اُس سے (بھی) آگاہ ہے

اهْتَدَىٰ ۝ وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ لِيَجْزِيَ ربع

جنے ہدایت پائی ہے۔ اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ اللہ ہی کا ہو تاکہ وہ اُنکو

الَّذِينَ أَسَاءُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِينَ أَحْسَنُوا

جنہوں نے بدی کی ہے اُنکی کرتوت کی سزا دے اور اُنکو جنہوں نے نیکی کی ہے نیک

بِالْحُسْنَى ۝ الَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ

جزا دے۔ جو کبیرہ گناہوں سے اور بیحیائی کی باتوں سے اجتناب کرتے رہتے ہیں

إِلَّا اللَّمَمَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ۚ هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ

گو صغیرہ سے نہ کریں۔ بیشک تمہارا پروردگار بڑا بخشنے والا ہے۔ وہ تمہارے حال سے اُسوقت بھی خوب

أَنشَأَكُم مِّنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنتُمْ أَجِنَّةٌ فِي بُطُونِ

واقف تھا جبکہ اُسنے تم کو زمین سے پیدا کیا اور اُس وقت بھی جبکہ تم (اپنی) ماؤں کے پیٹ میں

أُمَّهَاتِكُمْ ۖ فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ ۖ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَىٰ ع

جنین تھے۔ پس تم اپنے آپ کو پاکیزہ نہ ٹھہراؤ جو پرہیزگار ہے اُس سے خوب واقف ہے۔

ع ٢ ٦

أَفَرَأَيْتَ الَّذِي تَوَلَّىٰ ۝ وَأَعْطَىٰ قَلِيلًا وَأَكْدَىٰ ۝ أَعِندَهُ

آیا تم نے اُس شخص کو غور سے دیکھا جس نے (حق سے) رُوگردانی کی۔ اور تھوڑا خرچ کیا اور ہاتھ روک لیا۔ کیا علمِ غیب

عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَىٰ ۝ أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِي صُحُفِ

اُس کے پاس ہے کہ وہ (اُسے) دیکھ لیتا ہے۔ یا اُسکو اُسکی خبر نہیں دی گئی جو کچھ موسیٰ کے صحیفوں

مُوسَىٰ ۝ وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّىٰ ۝ أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ

میں ہے اور ابراہیم کے جنہوں نے (حق اطاعت) پورا (پورا) ادا کر دیا تھا (یعنی) یہ کہ کوئی بوجھ اُٹھانیوالا دوسرے کا

أُخْرَىٰ ۝ وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَىٰ ۝ وَأَنَّ

بوجھ نہ اُٹھائیگا۔ اور یہ کہ انسان کے لیے کچھ نہیں ہے سوا اُسکے جسکی اُسنے کوشش کی ہو۔ اور یہ کہ اُسکی

سَعْيَهُ سَوْفَ يُرَىٰ ۝ ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفَىٰ ۝ وَأَنَّ

کوشش آگے چل کر دیکھی جائیگی۔ پھر اُس کو اُسکا بدلا پورا پورا دیا جائیگا اور یہ کہ

إِلَىٰ رَبِّكَ الْمُنتَهَىٰ ۝ وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَىٰ ۝ وَأَنَّهُ

انتہا تمہارے پروردگار ہی کی حضور میں ہوگی۔ اور یہ کہ اُسی نے ہنسایا اور رُلایا۔ اور یہ کہ

هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا ۝ وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ

اُسی نے مارا اور جلایا۔ اور یہ کہ نطفے سے جب وہ (رحم میں) پہنچایا گیا اُسی نے

وَالْأُنثَىٰ ۝ مِن نُّطْفَةٍ إِذَا تُمْنَىٰ ۝ وَأَنَّ عَلَيْهِ

دونو قسمیں نر و مادہ پیدا کیے۔ اور یہ کہ دوبارہ پیدا کرنا

النَّشْأَةَ الْاُخْرٰی ○ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰی وَاَقْنٰی ○ وَاَنَّهٗ هُوَ

اُسی کے ذمے ہے۔ اور یہ کہ اُسی نے مالدار اور صاحب ثروت بنایا۔ اور یہ کہ وہی (ستارہ)

رَبُّ الشِّعْرٰی ○ وَاَنَّهٗ اَهْلَكَ عَادَا الْاُوْلٰی ○ وَثَمُوْدَا

شعریٰ کا مالک ہے۔ اور یہ کہ اُسی نے پہلے عاد کو ہلاک کیا اور ثمود کو اس طرح

فَمَا اَبْقٰی ○ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ

کہ کسی کو باقی نہ چھوڑا۔ اور نوح کی قوم کو (اُن سے) پہلے بھی کہ یقیناً وہ بڑے ظالم اور بڑے

وَاَطْغٰی ○ وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰی ○ فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰی ○ فَبِاَیِّ

سرکش تھے۔ اور اُلٹی ہوئی بستیوں کو اُسی نے دے پٹکا۔ پھر اُن پر گزری جو گزری۔ پس تو اپنے پروردگار

اٰلَاۗءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰی ○ هٰذَا نَذِیْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰی ○

کی کون کونسی نعمتوں میں شک کرتے ہو؟ یہ تو پہلے ڈرانیوالوں میں سے ایک ڈرانیوالا ہے۔

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ○ لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ○

آنیوالی قریب آ پہنچی۔ اللہ کے سوا اُس کا ٹالنے والا کوئی نہیں ہے۔

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ تَعْجَبُوْنَ ○ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا

کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو اور روتے

تَبْكُوْنَ ○ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ○ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ○ ع ۳

نہیں۔ اور تم کھیل کود میں لگے ہوئے ہو؟ پس خدا کے واسطے سجدہ کرو اور اُسی کی عبادت کرو

سجدہ

سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّیَّةٌ وَّهِیَ خَمْسٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰیَةً

آیاتہا ۵۵ — رکوعاتہا ۳ — کلماتہا ۳۴۰ — حروفہا ۱۴۰۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ○ وَاِنْ یَّرَوْا

قیامت قریب آ گئی اور چاند شق ہو گیا۔ اور اگر یہ لوگ کوئی معجزہ بھی

اٰیَةً یُّعْرِضُوْا وَیَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝ وَکَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا

دیکھتے تو اس سے روگردانی کرتے اور یہی کہے جاتے کہ ہمیشہ کا جادو ہے۔ اور انہوں نے جھٹلایا اور اپنی خواہشوں

اَهْوَآءَهُمْ وَکُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ

کی پیروی کی اور ہر کام انتہا کو پہنچنے والا ہے۔ اور اُن کے پاس یقیناً ایسی خبریں آچکی

الْاَنْۢبَآءِ مَا فِیْهِ مُزْدَجَرٌ ۝ حِکْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ

تھیں جن میں دھمکی (بھی تھی)۔ (اور) انتہا درجہ کی دانائی (بھی) پھر بھی دھمکیاں کچھ کام

النُّذُرُ ۝ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ یَوْمَ یَدْعُ الدَّاعِ اِلٰی شَیْءٍ نُّکُرٍ ۝

نہیں دیتیں اب تم ان سے منہ پھیر لو جس دن بلانیوالا ان کو مکروہ چیز کی طرف بلائیگا۔

وقف لازم

خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ یَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ کَاَنَّهُمْ جَرَادٌ

آنکھیں اُن کی جھکی ہوئی ہونگی قبروں سے اس طرح نکلینگے گویا وہ پھیلی ہوئی ٹڈیاں

مُّنْتَشِرٌ ۝ مُّهْطِعِیْنَ اِلَی الدَّاعِ ؕ یَقُوْلُ الْکٰفِرُوْنَ

ہیں۔ بلانیوالے کی طرف تیز تیز جاتے ہونگے (اور) کافر یہ کہتے ہونگے کہ

هٰذَا یَوْمٌ عَسِرٌ ۝ کَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَکَذَّبُوْا

یہ دن تو بڑا ہی کٹھن ہے۔ ان سے پہلے نوح کی قوم نے جھٹلایا تھا پس انہوں نے ہمارے

عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ۝ فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّیْ

بندے کی تکذیب کی تھی اور یہ کہا تھا کہ یہ تو دیوانہ اور ستایا ہوا ہے۔ پس انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ میں

مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝ فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ

مغلوب ہوگیا اب تو انتقام لے لے۔ پس ہم نے موسلادھار پانی کے ساتھ آسمان کے دروازے

مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَی الْمَآءُ عَلٰٓی

کھول دیے اور ہم نے زمین کو پھاڑ کر چشمے ہی چشمے کر دیے پس اس امر کے بموجب جو یقیناً مقرر کر دیا گیا

اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰی ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ۝

تھا (آسمان کا) پانی سے (زمین کا) پانی مل گیا اور ہم اس (نوح) کو تختوں اور کیلوں والی (یعنی کشتی) پر اٹھائے رہے۔

یو مراد ہے کشتی اور دسر سے مراد ہے کیلیں۔ اور ایک قول کے بموجب دسر ایک قسم کی گھاس تھی جس سے تختوں کو باندھ کر کشتی مضبوط کی گئی تھی۔ ۱۲

تَجْرِي بِأَعْيُنِنَا جَزَاءً لِمَنْ كَانَ كُفِرَ ۝ وَلَقَدْ

جو ہماری حفاظت میں چلتی رہی (یہ) معاوضہ اُس شخص کیلیے (تھا) جسکی قدر نہ کی گئی تھی اور یقیناً ہمنے

تَرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ۝ فَكَيْفَ كَانَ

اُسکو ایک نشانی بناکر چھوڑا پس کوئی نصیحت پکڑنیوالا ہے؟ پھر میرا عذاب اور میری

عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ

دھمکی کیسی رہی؟ اور یقیناً ہم نے نصیحت حاصل کرنیکے لیے اِس قرآن کو آسان کردیا تو آیا

مِنْ مُدَّكِرٍ ۝ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَ

کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے؟ (قوم) عاد نے (بھی) جھٹلایا تھا تو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا

نُذُرِ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا صَرْصَرًا فِي يَوْمِ

رہا؟ بیشک ہمنے اُن پر دائمی منحوس دن میں ٹھنڈا جھکڑ

نَحْسٍ مُسْتَمِرٍّ ۝ تَنْزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ

بھیجا۔ جو آدمیوں کو اس طرح گراتا تھا گویا وہ کھجور کے تنے جڑ سے اُکھڑے

مُنْقَعِرٍ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا

پڑے ہیں۔ پھر میرا عذاب اور میرا ڈراوا کیسا رہا؟ اور ہمنے نصیحت حاصل کرنیکیلیے

الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ ۝ كَذَّبَتْ ثَمُودُ

ع ۱ ۲۲ ۸

اِس قرآن کو ضرور آسان کیا ہے پس کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے؟ (قوم) ثمود نے (بھی) ڈرانیوالی نشانیوں

بِالنُّذُرِ ۝ فَقَالُوا أَبَشَرًا مِنَّا وَاحِدًا نَتَّبِعُهُ إِنَّا إِذًا

کو جھٹلایا تھا۔ سو اُنہوں نے یہ کہا تھا کہ کیا ہم اپنے ہی میں سے ایک اکیلے آدمی کی پیروی ہوجائیں کہ اس صورت

لَفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ۝ أَأُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْ بَيْنِنَا

میں ہم ضرور گمراہی میں اور بھڑکتی ہوئی آگ میں ہونگے۔ کیا ہم میں سے وحی اِسی پر آپڑی ہی نہیں وہ تو

بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ ۝ سَيَعْلَمُونَ غَدًا مَنِ

جھوٹا شیخی خورہ ہے۔ یہ تو وہ کل ہی جان لینگے کہ جھوٹا

الْكَذَّابُ الْأَشِرُ ۝ إِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ

شیخی خورہ کون ہے؟ ہم اُن کی آزمائش کے لیے ایک سانڈنی بھیجنے والے ہیں

فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ۝ وَنَبِّئْهُمْ أَنَّ الْمَاءَ قِسْمَةٌ

بس تم اُنکے نگراں رہو اور برداشت کرو۔ اور اُنکو یہ خبر دیدو کہ اُنکے (اور اُونٹنی کے) مابین پانی تقسیم ہوگیا ہے تو

بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ۝ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ

ہر ایک (فریق اپنی اپنی) باری پر حاضر ہو۔ پھر اُنہوں نے اپنے رفیق کو پکارا پھر اُسنے ہاتھ چلایا پھر اُسکی کوچیں

فَعَقَرَ ۝ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا

کاٹ دیں۔ پھر میرا عذاب اور میرا ڈراوا کیسا رہا؟ یقیناً ہم نے اُن پر ایک چیخ

عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ ۝ وَلَقَدْ

بھیجی پھر وہ روندے ہوئے خشک جمع شدہ بھوسے کے مانند ہو گئے اور ہم نے

يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ۝ كَذَّبَتْ قَوْمُ

نصیحت حاصل کرنیکے لیے اِس قرآن کو یقیناً آسان کر دیا ہے تو آیا کوئی نصیحت پکڑنیوالا ہے؟ لُوط کی قوم نے بھی

لُوطٍ بِالنُّذُرِ ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا إِلَّا آلَ

ڈرانیوالی باتوں کو جھٹلایا۔ یقیناً ہمنے اُنپر پتھراؤ بھیجا (اور) لوط کے کُنبے کو نتنے

لُوطٍ ۖ نَّجَّيْنَاهُم بِسَحَرٍ ۝ نِّعْمَةً مِّنْ عِندِنَا ۚ كَذَٰلِكَ

کیا۔ اُنکو ہمنے سحری کے وقت نجات دیدی۔ یہ ہماری طرف سے ایک احسان تھا اور جو شکر گزار ہوتا ہے

نَجْزِي مَن شَكَرَ ۝ وَلَقَدْ أَنذَرَهُم بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا

ہم اُسکو ایسا ہی عوض دیا کرتے ہیں۔ اور لوط نے ضرور اُنکو ہماری گرفت سے ڈرایا تھا پھر اُنہوں نے ڈرانے میں

بِالنُّذُرِ ۝ وَلَقَدْ رَاوَدُوهُ عَن ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا

شک کیا۔ اور اُنہوں نے ضرور اُن کے مہانوں سے ارادۂ بد کیا پھر ہمنے اُن کے دیدے

أَعْيُنَهُمْ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ۝ وَلَقَدْ صَبَّحَهُم

چٹم کر دیے (اور یہ کہدیا کہ لو) اب میرے عذاب اور میرے ڈراوے کا مزہ چکھو۔ اور ضرور صبح ہی صبح اُن کو

اونٹنی کو قتل کرنیکی جرأت کی اور قتل کر دیا۔ یا کھڑا ہو کر اُس کو قتل کر دیا۔ اور تعاطیٰ کے لفظی معنی ہیں کسی چیز کو بے تکلف لینا ۱۲

اور ایک روایت کے بموجب چھوٹی چھوٹی کنکریاں لیں اور اُنکے مُنہ پر ماریں جس سے اُنکے چہرے بگڑ گئے اور اِس شہر کے کُل رہنے والے اندھے ہوگئے

بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ۚ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ ○

ایک پائدار عذاب نے آپکڑا۔ (پھر ان سے یہ کہدیا گیا کہ لو) اب میرے عذاب اور میرے ڈراوے کا مزہ چکھو

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ ○ وَلَقَدْ

اور ہم نے نصیحت کے لیے اس قرآن کو ضرور آسان کر دیا ہے تو آیا کوئی نصیحت حاصل کرنیوالا ہے؟ اور فرعون

جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ○ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كُلِّهَا

والوں کے پاس ڈرانیوالے ضرور آئے (تو اسپر) انہوں نے ہماری کل نشانیوں کو جھٹلایا

فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُّقْتَدِرٍ ○ أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ

تو ہم نے بھی انکو ایسا ڈالا جیسا کہ زبردست صاحب اقتدار ڈالا کرتا ہے۔ (اے گروہ قریش) آیا تمہارے کفار ان

مِّنْ أُولَٰئِكُمْ أَمْ لَكُم بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ ○ أَمْ يَقُولُونَ

(مذکورہ بالا امتوں) سے بہتر ہیں یا تمہارے لیے کتابوں میں چھٹکارا آگیا ہے؟ یا یہ کہتے ہیں کہ ہم

نَحْنُ جَمِيعٌ مُّنتَصِرٌ ○ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ

بدلا لینے والے گروہ ہیں۔ عنقریب یہ گروہ ہزیمت دیا جائیگا اور یہ پیٹھ

الدُّبُرَ ○ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَىٰ

دکھائینگے۔ بات یہ ہے کہ قیامت انکے وعدے کا دن ہے اور قیامت بڑی ہی سخت اور بڑی ہی

وَأَمَرُّ ○ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ ○ يَوْمَ يُسْحَبُونَ

تلخ چیز ہے۔ بیشک گناہگار (یہاں تو) گمراہی میں ہیں اور (وہاں) بھڑکتی آگ میں (ہونگے)۔ جسدن کہ وہ آگ میں

فِي النَّارِ عَلَىٰ وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ ○ إِنَّا

اپنے چہروں کے بل گھسیٹے جائینگے (اور ان سے یہ کہا جائیگا کہ) جہنم کے چھوجانیکا مزہ چکھو بیشک ہمنے

كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ ○ وَمَا أَمْرُنَا إِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ

ہر ایک چیز کو ایک اندازے سے پیدا کیا ہے۔ اور ہمارا حکم نہیں ہے مگر جیسے ایک پلک کا

بِالْبَصَرِ ○ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ

جھپک جانا۔ اور ہم تمہارے ہمسروں کو ضرور ہلاک کر چکے ہیں پس ہے بھی کوئی نصیحت پانیوالا؟

وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ ۝ وَكُلُّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ

اور ہر کام جو انہوں نے کیا تھا نوشتوں میں (موجود) ہے اور ہر چھوٹا اور بڑا (عمل)

مُسْتَطَرٌ ۝ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَنَهَرٍ ۝ فِي

لکھا ہوا ہے بالتحقیق پرہیزگار لوگ جنتوں میں اور نہروں میں ذی اختیار

مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيكٍ مُقْتَدِرٍ ۝

بادشاہ کے پاس خوشنودی کی جگہ میں ہونگے۔

ع ٣ ١٥ ١٠

سُورَةُ الرَّحْمٰنِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَسَبْعُونَ آيَةً

آیاتها ٧٨ — رکوعاتها ٣ — کلماتها ٣٥١ — حروفها ١٦٤٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْإِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ

(خدائے) رحمٰن نے قرآن (مجید) تعلیم فرمایا۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا۔ اور اسی نے اسکو

الْبَيَانَ ۝ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝ وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ

بیان (کرنا) سکھایا۔ سورج اور چاند (مقرر) حساب پر (چلتے) ہیں۔ اور بیل اور درخت دونو

يَسْجُدَانِ ۝ وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ ۝ أَلَّا

سجدے میں ہیں۔ اور آسمان کو اسی نے بلند کیا اور میزان کو نیچے رکھا تاکہ تم

تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ ۝ وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا

میزان کے بارے میں سرکشی نہ کرو۔ اور انصاف سے وزن کو ٹھیک (ٹھیک) جانچو اور میزان کو


الْمِيزَانَ ۝ وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ ۝ فِيهَا فَاكِهَةٌ

نقصان نہ پہنچاؤ۔ اور زمین کو اسی نے لوگوں کے لیے بنایا ہے جس میں میوے (بھی) ہیں

وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ ۝ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۝

اور تھیلی دار کھجور کے درخت (بھی) اور بھوسے والا دانہ اور خوشبودار پھول ہیں۔

منزل ٧



فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ اُسی نے انسان کو ٹھیکرے جیسی کھنکھناتی مٹی سے

كَالْفَخَّارِ ۝ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۝ فَبِاَيِّ

پیدا کیا۔ اور اُسی نے جنوں کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا پھر تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ۝

اپنے پروردگار کی کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ وہ دونوں مشرقوں کا مالک ہے اور دونوں مغربوں کا مالک ہے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۝

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ اُسی نے دو دریا بہادیے وہ باہم ملتے ہیں (اور)

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

اُن دونو کے مابین ایک پردہ ہے کہ ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کرسکتا۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اُن دونو سے موتی اور مونگا برآمد ہوتا ہے۔ پس تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبٰنِ ۝ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۝

جھٹلاؤ گے؟ اور سمندر میں پہاڑوں کے مانند اونچے اونچے جہاز اُسی کے ہیں۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝ وَّ

ع ۲۵ / ۱۱

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ہر شخص جو زمین پر ہے فنا ہونیوالا ہے۔ اور

يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

تمہارے پروردگار کی ذات صاحب جلال وعظمت باقی رہیگی۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يَسْئَلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ جو (جو) آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اُسی سے مانگتے رہتے ہیں۔

نصف

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَاْنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

وہ ہر روز ایک نئی حالت میں ہے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اے دونو گروہو! ہم عنقریب تمہارے حساب کیلئے فارغ ہوجائینگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبٰنِ ۝ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ

جھٹلاؤ گے؟ اے گروہ جن وانس اگر تم سے ہوسکتا ہے کہ تم آسمانوں کے اور زمین

تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ط

کے کناروں سے نکل جاؤ تو (جاؤ) نکل جاؤ۔

لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

حالانکہ بغیر غلبہ (پائے) تم نکل نہ سکوگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۝

تم دونو پر آگ کی لپٹ اور کچھ ہوا تانبا بھیجا جائیگا پس تم دونو روک نہ سکوگے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ پھر جب آسمان پھٹیگا اور

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

جب سرخ نری کی طرح لال ہوجائیگا۔ تو تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَيِّ

پھر اُس دن نہ تو انسان سے اُسکے گناہوں کی بابت پوچھا جائیگا اور نہ جن سے۔ پھر تم دونو

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ

اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ گناہگار اپنی (اپنی) علامتوں سے پہچان لیے جائینگے

فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

پھر ایڑی چوٹی سے گرفتار کیے جائینگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبٰنِ ۝ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝

جھٹلاؤ گے؟ (کہا جائیگا کہ) وہ جہنم جسے گناہگار جھٹلایا کرتے تھے یہی ہے

وقف لازم

منزل ۷

يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

(اب) وہ اُسکے اور کھولتے پانی کے مابین پڑے پھرینگے۔ پھر تم دونوا پنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبَانِ ۝ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ

جھٹلاؤ گے؟ اور جو اپنے پروردگار کی حضور میں کھڑے ہونے سے ڈرا اُسکیلئے دو باغ ہیں۔ پھر تم دونوا پنے پروردگار

ع ٢ / ١٢

رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ ذَوَاتَا أَفْنَانٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا

کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ طرح طرح کی نعمتوں والے۔ پھر تم دونوا پنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں

تُكَذِّبَانِ ۝ فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝

جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں میں دو چشمے بہتے ہیں۔ پھر تم دونوا پنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

فِيهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝

ان دونوں میں ہر میوہ دو دو قسم کا ہوگا۔ پھر تم دونوا پنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟

مُتَّكِئِينَ عَلَىٰ فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ ۚ وَجَنَى

وہ ایسے فرشوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہونگے جن کے استر ریشمی ہونگے اور میوے ان دونو

الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ فِيهِنَّ

باغوں کے جھکے ہوئے ہونگے۔ پھر تم دونوا پنے رب کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ان جنتوں میں

قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ ۝

(غیر سے بچاکر اپنے شوہروں پر) نظر کو روکنے والی حوریں ہونگی جنہیں ان سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہوگا اور نہ کسی جن نے۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ ۝

پھر تم دونوا پنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ گویا وہ یاقوت اور مونگا ہونگی۔

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا

پھر تم دونوا پنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ کیا نیکی کا بدلا سوائے نیکی کے کچھ اور

الْإِحْسَانُ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۝ وَمِنْ دُونِهِمَا

ہوسکتا ہے؟ پھر تم دونوا پنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ اور ان دونو کے علاوہ دو باغ



جَنَّتٰنِ ۞ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۞ مُدْهَآمَّتٰنِ ۞ فَبِاَيِّ

اور ہونگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ دونو ہرے کچھ سیاہ ہونگے۔ پھر تم دونو

اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۞ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۞ فَبِاَيِّ

اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں میں دو چشمے اُبلتے ہونگے۔ پھر تم دونو

اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۞ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۞

اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں میں میوے اور کھجورے اور انار ہونگے

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۞ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ۞

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ ان جنتوں میں نیک سیرت اور خوبصورت عورتیں ہونگی۔

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۞ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ

پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ (یعنی) حوریں جو خیموں میں چھپی ہوئی

فِي الْخِيَامِ ۞ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۞ لَمْ

ہونگی۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتیں جھٹلاؤ گے؟ جن کو

يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۞ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

ان سے پہلے نہ کسی آدمی نے چھوا ہے اور نہ کسی جن نے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی

تُكَذِّبٰنِ ۞ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ

نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ اونچے سبز فرشوں پر اور خوبصورت قیمتی قالینوں پر

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۞ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۞

تکیے لگائے بیٹھے ہونگے۔ پھر تم دونو اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۞

تمہارے صاحب عزت وجلالت پروردگار کا نام بڑا بابرکت ہے۔

سُورَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتٌّ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً

آیاتہا ۹۶ — رکوعاتہا ۳ — کلماتہا ۳۸۴ — حروفہا ۱۶۶۸



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

رکوع ۷

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ○ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ○

جبکہ قیامت واقع ہو جائے جس کے واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں۔

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ○ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ○ وَّ

(وہ) پست کرنیوالی بھی ہے اور بلند کرنیوالی بھی جس وقت زمین ایسی ہلائی جائیگی جیسا کہ ہلائے جانیکا حق ہے اور پہاڑ بالکل

بُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ○ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا ○ وَّكُنْتُمْ

دیے جائینگے جیسا کہ اُکھاڑ دیے جانیکا حق ہے پھر وہ پھیلا ہوا غبار ہو جائینگے اور تم

اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ○ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

تین گروہ ہو جاؤ گے پس داہنی طرف والے کیا کہنے داہنی طرف

الْمَيْمَنَةِ ○ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ○

والوں کے۔ اور بائیں طرف والے پھوٹے نصیب بائیں طرف والوں کے۔

وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ○ فِيْ

اور آگے بڑھنے والے وہ تو آگے ہی بڑھنے والے ہیں۔ نعمت والی جنتوں میں مقرب بارگاہ تو

جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ○ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ○ وَقَلِيْلٌ مِّنَ

وہی ہیں۔ یہ پہلوں میں سے بہت سے ہیں۔ اور پچھلوں میں سے

الْاٰخِرِيْنَ ○ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ○ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا

تھوڑے سے۔ سونے کے بنے ہوئے جڑاؤ تختوں پر آمنے سامنے تکیے لگائے بیٹھے

مُتَقٰبِلِيْنَ ○ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ○

ہونگے۔ ہمیشہ رہنے والے لڑکے گلاس اور کنٹیاں اور ایسی شراب کے

بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ○ لَّا يُصَدَّعُوْنَ

جام لیے ہوئے اُن کے پاس آتے جاتے رہینگے۔ جس سے نہ اُن کو کبھی درد سر ہوگا

محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ و آلہ میں سبقت کرنیوالے۔ وہ جناب علی مرتضےٰ علیہ السلام ہیں۔ ۱۲۰ ولدان مخلدون۔ تفسیر مجمع البیان میں ہے



عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ ○ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ○ وَ

اور نہ اُنکے ہوش وحواس گم ہونگے۔ اور پھل جو وہ لائینگے جن کو یہ پسند کریں۔ اور

لَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ○ وَحُورٌ عِينٌ ○ كَأَمْثَالِ

پرندوں کا گوشت ایسا جس کو انکا جی چاہے۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں ایسی جیسے چھپے

اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ ○ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ لَا يَسْمَعُونَ

ہوئے موتی چونکہ عمل یہ کیا کرتے تھے یہ اُنکا عوض ہوگا۔ سوائے سلام اور سلام کہنے کے

فِيهَا لَغْوًا وَلَا تَأْثِيمًا ○ إِلَّا قِيلًا سَلَامًا سَلَامًا ○ وَأَصْحَابُ

وہ جنت میں نہ کوئی لغو بات سنینگے اور نہ کوئی گناہ کی بات اور داہنے

الْيَمِينِ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ ○ فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ ○ وَطَلْحٍ

ہاتھ والے کیا کہنے داہنے ہاتھ والوں کے وہ بغیر کانٹوں کی جھڑی ہوئی بیریوں میں ہونگے اور تہ بتہ

مَّنضُودٍ ○ وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ ○ وَمَاءٍ مَّسْكُوبٍ ○ وَفَاكِهَةٍ

کیلوں میں اور پھیلے ہوئے سائے میں اور بہتے ہوئے پانی میں اور بہت سے

كَثِيرَةٍ ○ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ ○ وَفُرُشٍ

میوے میں جو نہ ختم ہوگا اور نہ روکا جائیگا۔ اور اونچے اونچے فرشوں پر ہونگے (اور جو عورتیں

مَّرْفُوعَةٍ ○ إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً ○ فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا ○

بھی اُن کو ملینگی) ہمنے یقیناً اُنکو بالکل نیا پیدا کیا ہے۔ پھر ہم نے اُن کو کواریاں پیار

عُرُبًا أَتْرَابًا ○ لِّأَصْحَابِ الْيَمِينِ ○ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ ○

دلانیوالیاں اور ہمسن خاصکر داہنے ہاتھ والوں کے لیے قرار دیا ہے۔ یہ بہت سے پہلوں میں سے ہونگے

وَثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِينَ ○ وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ

اور بہت سے پچھلوں میں سے ہونگے۔ اور بائیں ہاتھ والے کیا بُری گت ہوگی بائیں ہاتھ

الشِّمَالِ ○ فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ ○ وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ ○ لَّا

والوں کی۔ آگ کی تپش میں اور کھولتے پانی میں اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں ہونگے۔ جو نہ

بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۝ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ۝

ٹھنڈا ہوگا اور نہ نفع بخش۔ بیشک وہ اِس سے پہلے بڑی آسائش میں تھے۔

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۝ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ

اور بڑے بڑے گناہوں پر اصرار کیا کرتے تھے اور یہ کہا کرتے تھے کہ

اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝

کیا جب ہم مرجائینگے اور مٹی اور ہڈیاں ہوجائینگے تو آیا ہم پھر جی اٹھائے جائینگے؟

اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝

آیا ہمارے پہلے باپ دادا اٹھائے گئے؟ تم یہ کہدو کہ پہلے اور پچھلے

لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا

ایک مقرر دن کے معین وقت پر ضرور جمع کرلیے جائینگے۔ پھر تم اے گمراہو!

الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ۙ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ۙ

اے جھٹلانیوالو! تھوہڑ کے درخت میں سے کھانیوالے اور

فَمَالِـــُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۚ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ۚ

اُسی سے پیٹ بھرنیوالے ہوگے۔ پھر اُس کے اوپر سے کھولتا پانی پینے والے

فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ۭ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝

اور پیاسے اونٹوں کی سی پیلی پینے والے ہوگے۔ جزا و سزا کے دن یہ اُن کی مہمانی ہوگی۔

نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝

ہمنے تم کو پیدا کیا ہے پھر تم کیوں نہیں تصدیق کرتے؟ آیا تم نے غور کیا کہ جو منی تم (رحم میں) پہنچاتے ہو

ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝ نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ

کیا تم اُس سے آدمی کو پیدا کردیتے ہو یا ہم پیدا کرنیوالے ہیں؟ ہم نے ہی تمہارے مابین موت کو

الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۙ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَ

مقرر کردیا ہے اور ہم اس میں عاجز نہیں ہیں کہ تمہارے بدلے میں تم جیسے اور بنادیں اور

يوم الدين۔ تفسیر صافی میں ہے کہ نُزُل کے معنی ہیں وہ سامان جو کسی آنیوالے کے لیے اُس کی عزت یا ذلت کے لیے مہیا کیا جائے۔ تفسیر قمی میں ہے کہ ...

میقات یوم معلوم۔ تفسیر صافی میں ہے کہ اِس سے مراد وہ وقت ہے جو دنیا کی انتہا مقرر کیا گیا ہے۔ اور اُس معین دن کی حد اللہ ہی کو معلوم ہے۔

نُنْشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ ○ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الْأُولَىٰ

تم کو اُس حالت میں پیدا کر دیں جسے تم نہیں جانتے۔ اور پہلی پیدائش کو تو تم یقیناً سمجھ گئے ہو

فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ○ أَفَرَأَيْتُمْ مَا تَحْرُثُونَ ○ ءَأَنْتُمْ

پھر اُسکو کیوں نہیں یاد رکھتے؟ آیا تم نے اس میں بھی غور کیا کہ جو بیج تم بوتے ہو۔ کیا تم اُس کو

تَزْرَعُونَهُ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُونَ ○ لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا

اُگاتے ہو یا ہم اُگانیوالے ہیں؟ اگر ہم چاہتے تو اُس کو چُورا چُورا کر دیتے

فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ ○ إِنَّا لَمُغْرَمُونَ ○ بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ○

پھر تم باتیں ہی بناتے رہجاتے کہ ہم پر تو ڈنڈ پڑ گیا۔ بلکہ ہم (تو) بدنصیب لوگ ہیں۔

أَفَرَأَيْتُمُ الْمَاءَ الَّذِي تَشْرَبُونَ ○ ءَأَنْتُمْ أَنْزَلْتُمُوهُ مِنَ

آیا تم نے اُس پانی کے بارے میں بھی غور کیا جسے تم پیتے ہو؟ کیا تم نے اُسکو بادلوں سے

الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُونَ ○ لَوْ نَشَاءُ جَعَلْنَاهُ أُجَاجًا فَلَوْلَا

اُتارا ہے یا ہم اُتارنیوالے ہیں؟ اگر ہم چاہتے تو اُس کو کڑوا کھاری کر دیتے پھر تم شکر

تَشْكُرُونَ ○ أَفَرَأَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ ○ ءَأَنْتُمْ أَنْشَأْتُمْ

کیوں نہیں ادا کرتے؟ آیا تم نے اُس آگ کے بارے میں بھی غور کیا جسے تم سلگاتے ہو۔ کیا اُسکے (ایندھن کے) درخت

شَجَرَتَهَا أَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُونَ ○ نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَ

کو تم نے پیدا کیا ہے یا ہم پیدا کرنیوالے ہیں؟ ہم نے اُسکو (آتش جہنم کا) یاد دلانیوالا اور جنگل کے رہنے والوں کی

مَتَاعًا لِلْمُقْوِينَ ○ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ○ فَلَا


لیے نفع کی چیز قرار دیا ہے۔ پس رسول تم اپنے عظمت والے خدا کے نام کی تسبیح پڑھو۔ پس قسم ہے

أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ ○ وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُونَ

ستاروں کے گرنے کی جگہ کی اور اگر تم سمجھو تو یہ قسم بہت ہی بڑی

عَظِيمٌ ○ إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ ○ فِي كِتَابٍ مَكْنُونٍ ○

ہے۔ بیشک نفع دینے والا قرآن (مجید) ضرور پوشیدہ نوشتہ میں ہے۔



لَا يَمَسُّهُۥٓ إِلَّا ٱلْمُطَهَّرُونَ ۝ تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ۝

جسکو سوائے اُن لوگوں کے جو پاک کردیے گئے ہیں کوئی چھوتا ہی نہیں۔ تمام عالموں کے پروردگار کی طرف سے اُتارا ہوا ہے

أَفَبِهَٰذَا ٱلْحَدِيثِ أَنتُم مُّدْهِنُونَ ۝ وَتَجْعَلُونَ

کیا تم اِسی بات کے متعلق کاہلی کرتے ہو؟ اور اپنی روزی کا شکریہ اِسی بات کو

رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُونَ ۝ فَلَوْلَآ إِذَا بَلَغَتِ ٱلْحُلْقُومَ ۝

قرار دیتے ہو کہ جھٹلایا کرو۔ پھر اُس وقت تمہارا قابو کیوں نہیں چلتا جبکہ جان حلق تک آپہنچتی ہے

وَأَنتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ ۝ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنكُمْ

اور تم اُس وقت (پڑے پڑے) دیکھا کرتے ہو۔ اور ہم اُس (موت) کی نسبت تم سے زیادہ قریب ہیں

وَلَٰكِن لَّا تُبْصِرُونَ ۝ فَلَوْلَآ إِن كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ ۝

لیکن تم کو سوجھتا ہی نہیں۔ پھر اگر تم کسی کے ماتحت نہیں ہو

تَرْجِعُونَهَآ إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ۝ فَأَمَّآ إِن كَانَ مِنَ

تو اگر تم سچے ہو تو اُس (جان) کو لوٹا کیوں نہیں لاتے؟ پس اگر وہ مقربانِ بارگاہ

ٱلْمُقَرَّبِينَ ۝ فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّتُ نَعِيمٍ ۝ وَأَمَّآ إِن

سے ہے تو (اُس کے لیے) راحت اور خوشبو ہے اور نعمت والی جنت ہے اور اگر وہ

كَانَ مِنْ أَصْحَٰبِ ٱلْيَمِينِ ۝ فَسَلَٰمٌ لَّكَ مِنْ أَصْحَٰبِ ٱلْيَمِينِ ۝

داہنی طرف والوں میں سے ہے تو داہنی طرف والوں سے تمہارے لیے سلامتی ہی سلامتی ہے۔

وَأَمَّآ إِن كَانَ مِنَ ٱلْمُكَذِّبِينَ ٱلضَّآلِّينَ ۝ فَنُزُلٌ مِّنْ

اور اگر وہ جھٹلانے والے (اور) گمراہوں میں سے ہے تو کھولتے پانی کی مہمانی

حَمِيمٍ ۝ وَتَصْلِيَةُ جَحِيمٍ ۝ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ حَقُّ

ہے اور جہنم میں جانا ہے (جو کچھ بیان کیا گیا) یہ ضرور ٹھیک یقینی خبر

ٱلْيَقِينِ ۝ فَسَبِّحْ بِٱسْمِ رَبِّكَ ٱلْعَظِيمِ ۝

ہے تو (اے رسول) تم اپنے عظمت والے پروردگار کے نام کی تسبیح پڑھو۔



سُورَةُ الْحَدِيدِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ آيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

آسمانوں میں اور زمین میں جو (مخلوق) ہے وہ خدا کی پاکی بیان کرتا ہے اور خدا غالب (اور) حکمت والا ہے۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى

آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہت اُسی کی ہے وہی جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے اور وہی ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ

(پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ وہی اوّل ہے اور وہی آخر اور وہی غالب ہے اور وہی حقیقت سے آگاہ

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ○ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اور وہی ہر چیز کا جاننے والا ہے وہ وہی ہے جس نے آسمانوں کو اور زمین کو چھ دن

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي

میں پیدا کیا پھر عرش پر (اُس کا حکم) غالب آیا۔ وہ (اُس کو بھی) خوب جانتا ہے جو کچھ

الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ

زمین میں داخل ہوتا ہے اور اُس کو بھی جو اُس سے نکلتا ہے اور اُس کو بھی جو آسمان سے اُترتا ہے اور اُس کو بھی جو کچھ

فِيْهَا ۚ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ○

آسمان میں چڑھ جاتا ہے اور جہاں کہیں تم ہوتے ہو وہ تمہارے ساتھ (ساتھ) ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس کا نگراں ہے۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ○

آسمانوں کا اور زمین کا اختیار اُسی کو ہے اور کل معاملات کی بازگشت اللہ ہی کی طرف ہے۔

يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۚ وَهُوَ

وہ رات کو دن میں داخل کر دیتا ہے اور دن کو رات میں داخل کر دیتا ہے۔ اور دلوں کے

عَلِيمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ اٰمِنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا

بہت بہتر ہے۔ اور اللہ سب رزق دینے والوں سے بہتر (رزق دینے والا) ہے۔

سورة المنفقون مدنية وهي احدى عشرة اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ م

جس وقت منافق تمہارے پاس آتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ تم ضرور اللہ کے رسول ہو

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

اور اللہ بھی یہ جانتا ہے کہ تم بیشک اُسکے رسول ہو۔ اور اللہ یہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق ضرور

لَكٰذِبُوْنَ ○ اِتَّخَذُوْا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ

جھوٹے ہیں۔ انہوں نے اپنی (جھوٹی) قسموں کو سپر بنا لیا پس لوگوں کو راہ خدا سے

سَبِيْلِ اللّٰهِ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ ذٰلِكَ

روکا۔ بیشک جو عمل یہ کرتے ہیں وہ بہت ہی برا ہے۔ یہ اس سبب

بِأَنَّهُمْ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا فَطُبِعَ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُونَ ۝

کہ وہ ایمان لائے اور پھر کافر ہوگئے اب اُنکے دلوں پر چھاپا لگا دیا گیا تو وہ کچھ بھی نہیں سمجھتے۔

وَإِذَا رَأَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ أَجْسَامُهُمْ ۖ وَإِن يَقُولُوا تَسْمَعْ

اور جب تم اُنکو دیکھو تو اُنکا ڈیل ڈول تمکو اچھا معلوم ہوگا۔ اور اگر وہ باتیں کریں تو تم اُنکی باتیں

لِقَوْلِهِمْ ۖ كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۖ يَحْسَبُونَ كُلَّ صَيْحَةٍ

سُنوگے۔ (مگر یہ علم و عقل سے ایسی خالی ہیں) گویا وہ لکڑیاں ہیں جنکو دیوار کے سہارے کھڑا کر دیا ہو۔ ہر چیخ کو یہ

عَلَيْهِمْ ۚ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۚ قَاتَلَهُمُ اللَّهُ ۖ أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ۝

سمجھتے ہیں کہ اُنہی پر پڑتی ہے۔ وہ دشمن ہیں سو اُنسے بچتے رہو۔ خدا اُنکو غارت کرے۔ کدھر بہکے جاتے ہیں؟

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُولُ اللَّهِ لَوَّوْا

جس وقت اُن سے یہ کہا جاتا ہے کہ آؤ رسولِ خدا تمہارے لیے دعائے مغفرت کریں تو وہ اپنے سروں کو

رُءُوسَهُمْ وَرَأَيْتَهُمْ يَصُدُّونَ وَهُم مُّسْتَكْبِرُونَ ۝

پھرا لیتے ہیں اور تم اُنکو دیکھوگے کہ وہ متکبرانہ انداز سے مُنہ بھی پھرا لیتے ہیں۔

سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ

اُنکے لیے برابر ہے خواہ تم اُنکے حق میں دعائے مغفرت مانگو یا اُنکے حق میں دعائے مغفرت نہ مانگو

لَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ۝

اللہ اُنکو ہرگز نہ بخشیگا۔ بیشک اللہ بدکار لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا۔

هُمُ الَّذِينَ يَقُولُونَ لَا تُنفِقُوا عَلَىٰ مَنْ عِندَ رَسُولِ اللَّهِ

یہ وہی تو ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ رسولِ خدا کے پاس جو لوگ ہیں اُنپر اپنا پیسہ خرچ نہ کرو


حَتَّىٰ يَنفَضُّوا ۗ وَلِلَّهِ خَزَائِنُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَٰكِنَّ

تاکہ وہ بھاگ جائیں۔ حالانکہ آسمانوں کے اور زمین کے خزانے اللہ ہی کے ہیں لیکن

الْمُنَافِقِينَ لَا يَفْقَهُونَ ۝ يَقُولُونَ لَئِن رَّجَعْنَا إِلَى

منافق (اتنا بھی) نہیں سمجھتے۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ پلٹ کر گئے تو

مُسْتَكْبِرُونَ ۝ اسکے بعد چونکہ خدا اپنا لائق انکو انجام کی حالت سے واقف ہو اُس کا اظہار میں فرماتا ہے سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ



المدينة ليخرجن الاعز منها الاذل ولله العزة و

جو زیادہ عزت والا ہے وہ مدینہ سے زیادہ ذلیل کو ضرور بالضرور نکال دیگا۔ حالانکہ حقیقی عزت اللہ

لرسوله وللمؤمنين ولكن المنفقين لا يعلمون ○

کی ہے اور اسکے رسول کی اور مومنین کی۔ لیکن منافق (اتنا بھی) نہیں جانتے۔

يايها الذين امنوا لا تلهكم اموالكم ولا اولادكم

اے ایمان لانیوالو! تم کو تمہارے مال خدا کی یاد سے غافل نہ کرنے پائیں اور نہ

عن ذكر الله ومن يفعل ذلك فاولئك هم الخسرون ○

تمہاری اولاد۔ اور جو ایسا کرینگے وہی تو نقصان اٹھانیوالے ہیں۔

وانفقوا من ما رزقنكم من قبل ان ياتي احدكم

اور جو کچھ ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے کچھ (ہماری راہیں) خرچ کرو قبل اسکے کہ تم میں سے کسی کو موت

الموت فيقول رب لولا اخرتني الى اجل قريب

آجائے پھر وہ یہ عرض کرے کہ اے میرے پروردگار! تو نے مجھے تھوڑی سی مہلت اور کیوں نہ دی کہ میں

فاصدق واكن من الصلحين ○ ولن يؤخر الله

تصدق کرتا اور میں نیک بندوں میں سے ہوجاتا۔ اور اللہ تعالے کسی نفس کو جبکہ اسکی

نفسا اذا جاء اجلها والله خبير بما تعملون ○

اجل آجائیگی ہرگز مہلت نہ دیگا۔ اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اس سے خبردار ہے۔

سورة التغابن مكية وهي ثمان عشرة اية

آیاتها ۱۸ — رکوعاتها ۲ — کلماتها ۲۴۷ — حروفها ۱۱۲۲

بسم الله الرحمن الرحيم ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يسبح لله ما في السموت وما في الارض له الملك وله

آسمانوں میں جو چیز ہے وہ اور زمین میں جو چیز ہے وہ اللہ کی تسبیح کرتی ہے سلطنت اسی کی ہے اور ہر طرح کی

تقدیم و تاخیر نہیں فرماتا ۱۲

الْحَمْدُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ

تعریف اُسی کو (زیبا) ہے اور وہی ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ وہ وہی ہے جس نے تمکو پیدا کیا تم میں سے کوئی تو

كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ خَلَقَ

کافر ہے اور تم میں سے کوئی مومن ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسکا دیکھنے والا ہے۔ اُس نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ

کو اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے اور تمکو صورت عطا فرمائی ہے تو تمہاری صورتیں اچھی بنا دی ہیں

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ

اور بازگشت اُسی کی حضور میں ہونیوالی ہے۔ وہ آسمانوں میں جو کچھ ہے اُسکو بھی جانتا ہے اور زمین میں جو کچھ ہے اُسکو بھی اور

مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

جو کچھ تم چھپاتے ہو اُسکو بھی جانتا ہے اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اُسکو بھی۔ اور اللہ دلوں کے حالات سے آگاہ ہے

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۡ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ

کیا تمہارے پاس اُن لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو پہلے سے کافر ہوئے تھے۔ کہ اُنھوں نے اپنے کیے کی سزا کا مزہ (یہاں

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ

بھی) چکھا اور (وہاں بھی) اُنکے لیے دردناک عذاب ہے۔ یہ اس وجہ سے کہ اُنکے رسول اُنکے پاس کھلی دلیلیں لیکر

بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى

آتے تھے تو وہ یہ کہتے تھے کیا آدمی ہم کو ہدایت کرینگے؟ پس اُنہوں نے انکار کیا اور روگرداں ہوئے اور

اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ؕ

اللہ نے بھی اُنکی پروا نہ کی۔ اور اللہ بے پروا (اور) قابل تعریف ہے۔ جو لوگ کافر ہوگئے ہیں اُنہوں نے یہ گمان کیا ہے کہ وہ

قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

ہرگز زندہ نہ کیے جائینگے۔ تم کہدو کہ میرے رب کی قسم تم ضرور زندہ کیے جاؤگے پھر جو کچھ تم کرتے ہو اُسکی بابت ضرور تمکو آگاہ کیا جائیگا اور یہ

يَسِيْرٌ ۝ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ

بات خدا کے لیے آسان ہے۔ پھر اللہ پر اور اُسکے رسول پر اور اُس نور پر جسکو ہم نے نازل کیا ہے ایمان لاؤ۔ اور اللہ

بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَٰلِكَ يَوْمُ

جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے آگاہ ہے۔ جب وہ قیامت کے دن تم کو جمع کریگا یہی تو ہار جیت کا دن

التَّغَابُنِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ

ہے اور جو اللہ پر ایمان لائیگا اور نیک عمل کریگا تو اللہ اُسکی بدیوں کو اُس سے

وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا

دور کر دیگا اور اُسکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں اُن میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہنے والے

ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ

یہی بڑی کامیابی ہے۔ اور جو لوگ کافر ہوئے اور اُنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا جہنم والے

أَصْحَابُ النَّارِ خَالِدِينَ فِيهَا وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ مَا أَصَابَ

وہی ہیں جس میں وہ ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے۔ اور وہی بہت بُری بازگشت ہے۔ بغیر حکم خدا کے

مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ

کوئی تکلیف نہیں پہنچتی۔ اور جو اللہ پر ایمان لائیگا اللہ اُسکے دل کو ہدایت کر دیگا۔

وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

اور اللہ ہر چیز کا (پورا پورا) جاننے والا ہے۔ اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو۔

فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ

پھر اگر تم روگرداں ہو جاؤگے تو ہمارے رسول پر تو صرف پیغام کا کھول کر پہنچا دینا واجب ہے۔ خدا وہی ہے جسکے سوا

إِلَّا هُوَ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

اور کوئی معبود نہیں۔ اور مومنوں کو لازم ہے کہ خدا ہی پر توکل کریں۔ اے ایمان لانیوالو!


آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ

یقیناً تمہاری بیبیوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض (بعض) ضرور تمہارے دشمن ہیں پس اُن سے بچتے رہو

وَإِن تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝

اور اگر تم معاف کر دوگے اور درگزر کروگے اور بخش دوگے تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنے والا ہے

لاطلیا تو ایسے شخص کو حکم دیا کہ اُنکے ساتھ نیکی کرے اور صلۂ رحم کو کام میں لائے۔ چنانچہ فرمایا کہ وان تعفوا وتصفحوا وتغفروا فان اللہ غفور رحیم



إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۚ وَاللَّهُ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ ۝

سوائے اسکے نہیں ہے کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد (تمہارے لیے) ایک آزمائش ہیں اور اللہ جو ہے اسکے پاس بہت بڑا اجر ہے

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنفِقُوا

پس جہاں تک تم سے بن پڑے اللہ سے ڈرو اور (اسکی نصیحت) سنو اور (اسکے احکام) مانو اور اپنی ذات کی بہتری کو

خَيْرًا لِّأَنفُسِكُمْ ۗ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ

(اسکی راہ میں) مال خرچ کرو۔ اور جو شخص اپنے نفس کی کنجوسی سے بچا لیا گیا پس وہی تو (پوری پوری) فلاح

الْمُفْلِحُونَ ۝ إِن تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَ

پانیوالے ہیں۔ اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دوگے تو وہ اسکو تمہارے لیے دو چند کر دیگا اور

يَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ ۝ عَالِمُ الْغَيْبِ

تمہارے گناہ بخشدیگا۔ اور اللہ بڑا قدردان (اور) بڑا بردبار ہے۔ کھلی اور چھپی کا

وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ ع ٢/٨ ١٢

جاننے والا زبردست (اور) صاحب حکمت ہے۔

سورة الطلاق مدنية وهي اثنتا عشرة آية

آیاتها ١٢ ۔ رکوعاتها ٢

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَ

اے نبی جب تم عورتوں کو طلاق دو تو انکے عدہ کے (یعنی حیض سے پاک ہونیکے) وقت طلاق دو

أَحْصُوا الْعِدَّةَ ۖ وَاتَّقُوا اللَّهَ رَبَّكُمْ ۖ لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِن

اور عدے کا شمار رکھو۔ اور اللہ اپنے پروردگار سے ڈرتے رہو۔ نہ تم انکو انکے گھروں سے

بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَن يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَ

نکالو اور نہ وہ خود نکلیں سوائے اسکے کہ انہوں نے کوئی کھلی بےحیائی کی ہو۔ اور یہ خدا کی

تِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ ۚ

(مقرر کردہ) حدیں ہیں۔ اور جو خدا کی (مقرر کردہ) حدوں سے تجاوز کرے تو اُسی نے تو اپنے آپ پر یقیناً ظلم کیا

لَا تَدْرِي لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْرًا ۝ فَإِذَا بَلَغْنَ

کوئی نفس نہیں جانتا کہ اِس (قضیہ) کے بعد شاید خدا کوئی بات پیدا کر دے (اور ملاپ ہو جائے) پھر جب وہ

أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ فَارِقُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَ

اپنی مدت پوری کر چکیں تو یا تم اُنہیں حسن سلوک کے ساتھ روک لو یا اُنہیں معقول طریقہ سے رخصت کر دو اور

أَشْهِدُوا ذَوَيْ عَدْلٍ مِنْكُمْ وَأَقِيمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۚ ذٰلِكُمْ

(بوقت طلاق) اپنے میں سے دو عادل گواہ کر لو اور (اے گواہو!) اللہ تم ٹھیک ٹھیک گواہی دینا ان کا ہم کو

يُوعَظُ بِهِ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ وَمَنْ

اُسکو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو۔ اور جو شخص

يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا ۝ وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا

اللہ سے ڈریگا خدا تعالیٰ اُسکے لیے بچاؤ کی راہ پیدا کر دیگا۔ اور اُس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچائیگا جہاں سے

يَحْتَسِبُ ۚ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ ۚ إِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ

اُسکو گمان بھی نہو۔ اور جو اللہ پر بھروسہ کریگا تو اللہ ہی اُس کے لیے کافی ہے۔ بیشک اللہ اپنے کام کو پورا

أَمْرِهِ ۚ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ

کرنیوالا ہے۔ یقیناً اللہ نے ہر چیز کیلئے ایک اندازہ مقرر فرما دیا ہے۔ اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس

مِنْ نِسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ وَاللَّائِي

ہو چکی ہوں اگر تم کو (اُنکے بارے میں) شک ہو تو اُنکا عدہ تین مہینے ہے اور ایسا ہی اُنکا جن کو

لَمْ يَحِضْنَ ۚ وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ

(ابتک حیض آیا ہی نہیں۔ اور حمل والیوں کا عدہ یہ ہے کہ اُن کا وضع حمل ہو جائے

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا ۝ ذٰلِكَ أَمْرُ اللّٰهِ

اور جو اللہ سے ڈریگا تو اللہ تعالے اُس کے لیے اُسکے معاملے میں آسانی پیدا کر دیگا۔ یہ اللہ کا حکم ہے

أَنزَلَهُ إِلَيْكُمْ ۚ وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُعْظِمْ

جو اُسنے تمہاری طرف اُتارا ہے۔ اور جو اللہ سے ڈریگا اللہ اُسکی بدیاں اُس پر سے دور کر دیگا اور اُسکے لیے اجر

لَهُ أَجْرًا ۝ أَسْكِنُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنتُم مِّن

کو بڑھا دیگا۔ مطلقہ عورتوں کو حتے الامکان وہیں رکھو جہاں تم رہتے ہو

وُجْدِكُمْ وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ ۚ وَإِن كُنَّ

اور تنگ کرنیکی غرض سے اُنہیں تکلیف نہ پہنچاؤ۔ اور اگر وہ

أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتَّىٰ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَإِنْ

حاملہ ہوں تو جب تک اُنکا وضع حمل نہو جائے اُنہیں خرچ دیتے رہو۔ پھر اگر

أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۖ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُم

وہ تمہارے لیے دودھ پلائیں تو اُنکی اجرت اُنکو دیتے رہو۔ اور آپس میں حسن سلوک سے

بِمَعْرُوفٍ ۖ وَإِن تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَىٰ ۝ لِيُنفِقْ

معاملہ کرو۔ اور طرفین سے تم میں کشمکش ہو تو مرد کی خاطر (بچہ کو) کوئی اور عورت دودھ پلائیگی۔ تاکہ مقدور والا تو

ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ ۖ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ

اپنی مقدور بھر خرچ کرے۔ اور جس کی روزی تنگ ہو تو اُسکو لازم ہے کہ اللہ نے جو کچھ اُسے دیا ہے

مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا مَا آتَاهَا ۚ سَيَجْعَلُ

اُسی کے مطابق خرچ کرے۔ اور اللہ کسی نفس کو تکلیف نہیں دیتا مگر اُسی قدر جتنا کہ اُسکو عطا فرمایا ہے عنقریب

اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْرًا ۝ وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ

ع ١ / ١٧


اللہ تعالیٰ تنگی کے بعد فراخی عطا فرمائیگا۔ اور کتنی ہی بستیوں نے اپنے پروردگار اور اُسکے رسولوں کے حکم

رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَابًا شَدِيدًا وَعَذَّبْنَاهَا

سے سرتابی کی پھر ہم نے بھی بڑی سختی سے اُنکا امتحان لیا اور ہمنے عذاب بھی اُنکو انوکھا

عَذَابًا نُّكْرًا ۝ فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا

عذاب دیا۔ پھر اُنہوں نے اپنے کیے کی سزا کا مزہ چکھا اور اُنکے معاملے کا انجام نقصان ہی نقصان



خُسْرًا ۝ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا ۙ فَاتَّقُوا اللَّهَ

ہوا۔ اللہ نے اُنکے لیے سخت عذاب تیار فرمایا ہے پس اے صاحبانِ عقل اجو

يَا أُولِي الْأَلْبَابِ ۚ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ قَدْ أَنزَلَ اللَّهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝

ایمان لا چکے ہو اللہ سے ڈرتے رہو۔ یقیناً اللہ نے تمہاری طرف ذکر کو رسول بناکر

رَّسُولًا يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِينَ

بھیجا ہے جو تم کو خدا کی کھلی آیتیں پڑھکر سناتا ہے تاکہ اُن لوگوں کو جو ایمان

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ وَ

لائے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں (کفر کی) تاریکیوں سے (ایمان کی) روشنی کی طرف نکال لائے۔ اور

مَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي

جو شخص اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے اللہ تعالےٰ اُسکو ایسی جنتوں میں داخل کریگا

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ

جنکے نیچے نہریں بہتی ہونگی وہ ہمیشہ ہمیشہ اُنھی میں رہنے والے ہونگے۔ یقیناً اللہ نے ایسے شخص کے لیے

لَهُ رِزْقًا ۝ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَمِنَ

اچھا رزق مہیا فرمایا ہے۔ اللہ وہی ہے جس نے سات آسمانوں کو پیدا کیا ہے اور اُنھی کے

الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ

برابر زمینوں کو۔ حکم خدا اِنھی میں سے ہوکر نازل ہوتا ہے۔

لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ

تاکہ تم یہ جان لو کہ اللہ ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے اور یہ کہ اللہ تعالےٰ نے

قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝

(اپنے) علم سے ہر چیز کا ضرور احاطہ کرلیا ہے۔

سُورَةُ التَّحْرِيمِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ اثْنَتَا عَشْرَةَ آيَةً

آیاتها ۱۲ — رکوعاتها ۲ — کلماتها ۲۵۳ — حروفها ۱۱۲۴

آسمانوں اور زمینوں میں ہوتا ہوا اُتر کر اس کے پاس پہنچتا ہے۔ (اس پوری حدیث کے لیے دیکھو صفحہ ۸۳۱ ۔ نوٹ نمبر ۲) ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَاۤ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ

اے نبیؐ! جو کچھ اللہ نے تمہارے لیے حلال قرار دیا ہے تم اُسکو کیوں حرام کرتے ہو؟ کیا تم اپنی بیبیوں کی خوشنودی

اَزْوَاجِكَ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ

چاہتے ہو؟ اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔ خدا تعالیٰ نے تمہارے لیے (کفارہ دیکر) تمہاری

تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

قسموں کا توڑ دینا مقرر فرما دیا ہے۔ اور اللہ تمہارا مالک ہے۔ اور وہ بڑا جاننے والا (اور) حکمت والا ہے۔

وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ

اور جس وقت نبیؐ نے اپنی کسی زوجہ سے ایک بات بطور راز کے کہی اور اُس نے اُس راز سے کسی اور کو آگاہ

بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ

کر دیا اور اللہ (اپنی نبیؐ پر) یہ معاملہ کھولدیا تو نبیؐ نے کچھ حصہ تو اُسکا جتلایا اور کچھ حصہ سے چشم پوشی کی۔

بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ۭ قَالَ

پھر جس وقت نبیؐ نے اُس (عورت) کو اس سے مطلع کیا تو وہ کہنے لگی کہ آپکو اس کی خبر کس نے دی؟ فرمایا

نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ

مجھکو بڑے جاننے والے (اور) بڑے خبردار نے خبر دی۔ اگر تم دونو خدا کی حضور میں توبہ کرلو (تو بہتر ہے) پس تم دونوں کے دل

قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ

حق سے ضرور منحرف ہوگئے ہیں۔ اور اگر تم دونو ہمارے رسولؐ کے برخلاف ایک دوسرے کی پشت و پناہ بنو تو

وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ

اللہ اور جبرئیل اور صالح المؤمنین اُسکے مددگار ہیں۔ اور بعد ازاں کل فرشتے اُس کی

ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝ عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ

پشتی پر ہیں۔ اگر وہ تم کو طلاق دیدے تو قریب ہے کہ اُسکا پروردگار بدلے میں اُسکو

أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ

ایسی ازواج دیدے جو تم سے بہتر ہوں فرمانبرداری کرنیوالیاں۔ ایمان والیاں۔ اطاعت کرنیوالیاں

تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا ○ يَا أَيُّهَا

توبہ کرنیوالیاں عبادت کرنیوالیاں روزہ رکھنےوالیاں شوہر دیدہ اور کنواریاں ۔ اے

الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا وَقُودُهَا

ایمان لانیوالو! اپنے آپ کو اور اپنے بال بچوں کو اُس آگ سے بچاؤ جسکا ایندھن

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَا يَعْصُونَ

آدمی ہیں اور پتھر اُس پر نہایت تند خو اور سخت مزاج فرشتے مقرر ہیں جو خدا تعالےٰ کی

اللَّهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

کسی بات میں جسکا وہ اُنکو حکم دیتا ہے نافرمانی نہیں کرتے اور جس بات کا اُنکو حکم دیا جاتا ہے وہی بجالاتے ہیں۔ اے

كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ

وہ لوگو جو کافر ہوگئے ہو آج کے دن تم کوئی عذر نہ کرو سوا اِسکے نہیں کہ جو عمل تم کیا کرتے تھے اُسی کا بدلہ

تَعْمَلُونَ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً

ع ۱۹

دیا جاتا ہے۔ اے ایمان لانیوالو! خدا کی حضور میں اثر پذیر توبہ کرو

نَصُوحًا عَسَى رَبُّكُمْ أَنْ يُكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ

قریب ہے کہ تمہارا پروردگار تم سے تمہاری بُرائیوں کو دور کردے

وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِي

اور تم کو (اُس دن) ایسی جنتوں میں داخل کرے جنکے نیچے ندیاں بہتی ہونگی (اُس دن) جس دن خدا تعالےٰ

اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ نُورُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ

نبیؐ کو اور اُن لوگوں کو جو اُنکے ساتھ ایمان لائے ہیں رسوا نہ کریگا۔ اُنکا نور اُن کے سامنے اور اُنکے

أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا

داہنی ہاتھ چلتا ہوگا اور وہ یہ کہتے ہونگے کہ اے ہمارے پروردگار! تو ہمارے نور کو ہمارے لئے پورا کردے

وَاغْفِرْ لَنَا ۚ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ

اور ہمارے گناہ بخشدے۔ بیشک تو ہر چیز پر (پوری پوری) قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبی کم

جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوَاهُمْ

کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور اُن پر سختی کرو۔ اور اُنکا ٹھکانا

جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا لِلَّذِينَ

جہنم ہے۔ اور وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جو کافر ہوگئے ہیں

كَفَرُوا امْرَأَتَ نُوحٍ وَامْرَأَتَ لُوطٍ ۖ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ

نوح کی زوجہ کی اور لوط کی زوجہ کی مثل بیان کی ہے کہ یہ دونوں ہمارے بندوں میں کے دو

مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ

نیک بندوں کی ماتحت تھیں پھر ان دونوں نے اُن دونوں کے حق میں خیانت کی پس وہ دونوں خدا کے عذاب

اللَّهِ شَيْئًا وَقِيلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدَّاخِلِينَ ۝ وَضَرَبَ

بچا نہیں اِن دونوں کو کچھ بھی کام نہ آئے اور ان دونوں سے یہ کہا جائیگا کہ تم بھی جانیوالوں کے ساتھ ساتھ جہنم میں چلی جاؤ۔ اور

اللَّهُ مَثَلًا لِلَّذِينَ آمَنُوا امْرَأَتَ فِرْعَوْنَ إِذْ قَالَتْ

نے اُن لوگوں کیلیے جو ایمان لائے ہیں فرعون کی زوجہ کی مثل بیان کی ہے کہ جس وقت اُسنے یہ عرض کی کہ

رَبِّ ابْنِ لِي عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِي مِنْ فِرْعَوْنَ

اے میرے پروردگار میرے لیے اپنے پاس جنت میں ایک مکان بنادے اور مجھ کو فرعون سے اور اُسکی بدکاری سے

وَعَمَلِهِ وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ

نجات دے اور مجھ کو ان نافرمان لوگوں کے ہاتھ سے چھٹکارا دے۔ اور عمران کی بیٹی مریم کی (مثل بیان کی ہے)

عِمْرَانَ الَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهِ مِنْ رُوحِنَا وَ

جس نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی تھی پھر ہمنے اُس میں اپنی (پیدا کی ہوئی) روح پھونکدی تھی اور وہ اپنے

صَدَّقَتْ بِكَلِمَاتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِينَ ۝

پروردگار کے کلمات کی اور اُسکی کتابوں کی تصدیق کیا کرتی تھی اور وہ اطاعت گزاروں میں سے تھی۔

سُورَۃُ المُلکِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ ثَلٰثُوْنَ اٰیَۃً

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَبٰرَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ ز وَھُوَ عَلٰی کُلِّ

برکت والا ہے وہ خدا جس کے قبضہ میں (تمام جہان کی) بادشاہت ہے اور وہ ہر چیز پر (پوری پوری)

شَیْءٍ قَدِیْرُ ○ الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوۃَ لِیَبْلُوَکُمْ

قدرت رکھنے والا ہے۔ جس نے موت کو بھی پیدا کیا اور حیات کو بھی تاکہ تم کو آزمائے کہ

اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ ○ الَّذِیْ

تم میں سے کون شخص عمل میں بہتر ہے۔ اور وہی زبردست (اور سب سے زیادہ) بخشنے والا ہے۔ جس نے

خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ

سات آسمانوں کو تو بر تو پیدا کیا۔ تم (خدائے) رحمٰن کی پیدا کی ہوئی چیز میں کوئی

مِنْ تَفٰوُتٍ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ ھَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ○ ثُمَّ

اختلاف نہ پاؤ گے۔ پھر نظر ڈال کر دیکھو آیا تم کوئی خلل دیکھتے ہو؟ پھر

ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا

بار بار نظر ڈالو وہ نظر تمہاری طرف تھک کر ذلیل ہو کر لوٹ آئیگی۔

وَّھُوَ حَسِیْرٌ ○ وَلَقَدْ زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ

اور ہم نے آسمانِ دنیا کو چراغوں سے زینت دی ہے

وَجَعَلْنٰھَا رُجُوْمًا لِّلشَّیٰطِیْنِ وَاَعْتَدْنَا لَھُمْ عَذَابَ

اور انکو شیطانوں کے لیے (پھینک کر) مارنے کا آلہ قرار دیا ہے۔ اور انکے لیے بھڑکتی ہوئی آگ کا عذاب

السَّعِیْرِ ○ وَلِلَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ عَذَابُ جَھَنَّمَ ط وَ

تیار کیا ہے۔ اور اُن لوگوں کے لیے جو اپنے پروردگار کا انکار کرتے ہیں جہنم کا عذاب ہے۔ اور

ہی جو اپنی جہالت دور کرنے کو لوگوں سے بہت سی خبریں دریافت کرے۔ یہاں بھی نام ایک ہے اور معنی مختلف۔ (اس مطلب کے لیے دیکھو صفحہ ۲۲ نوٹ نمبر ۴)

بئس المصير ○ إذا ألقوا فيها سمعوا لها شهيقا وهي

وہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔ جس وقت وہ اُس میں ڈالے جاوینگے تو اُسکی چنگھاڑ سنینگے حالانکہ وہ

تفور ○ تكاد تميز من الغيظ كلما ألقي فيها فوج

جوش مارتی ہوگی۔ قریب ہوگا کہ وہ غصّے کے مارے پھٹ پڑے۔ جب کوئی گروہ اُس میں ڈالا جائیگا تو اُنکے

سألهم خزنتها ألم يأتكم نذير ○ قالوا بلى قد جاءنا

نگہبان اُن سے پوچھینگے کہ کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانیوالا (نبی) نہیں آیا تھا؟ وہ کہینگے ہاں ڈرانیوالا (نبی) تو ہمارے

نذير فكذبنا وقلنا ما نزل الله من شيء إن أنتم إلا في

پاس ضرور آیا تھا۔ لیکن ہم نے اُسکو جھٹلا دیا تھا اور (یہ) کہدیا تھا کہ اللہ نے تو کوئی چیز بھی نہیں اُتاری۔ تم خود ہی بڑی

ضلل كبير ○ وقالوا لو كنا نسمع أو نعقل ما كنا في أصحب

گمراہی میں ہو۔ اور وہ یہ بھی کہینگے کہ اگر ہم سنتے اور سمجھ لیتے تو ہم جہنمیوں میں (داخل)

السعير ○ فاعترفوا بذنبهم فسحقا لأصحب السعير ○

نہوتے۔ پس وہ اپنے گناہوں کا اقرار کرینگے۔ بس جہنمیوں کے لیے خدا (اپنی رحمت) سے دوری کرے

إن الذين يخشون ربهم بالغيب لهم مغفرة وأجر

بیشک وہ لوگ جو بغیر دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے رہتے ہیں اُنکے لیے گناہوں کی بخشش اور بڑا

كبير ○ وأسروا قولكم أو اجهروا به إنه عليم بذات

اجر ہے۔ اور تم اپنی بات کو چھپاؤ یا اُسے ظاہر کرو یقیناً خدا تعالیٰ دلوں کے حال سے

الصدور ○ ألا يعلم من خلق وهو اللطيف الخبير ○ هو


واقف ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا جس نے پیدا کیا ہے حالانکہ وہ باریک بین اور خبردار ہے۔ وہ

الذي جعل لكم الأرض ذلولا فامشوا في مناكبها

وہی ہے جسنے زمین کو تمہارے لیے نرم کر دیا ہے پس تم اُس کے راستوں میں چلو پھرو

وكلوا من رزقه وإليه النشور ○ ءأمنتم من في

اور خدا تعالیٰ کے رزق میں سے کھاؤ (پیو) اور اُسی کی طرف تم سب کو اُٹھکر جانا ہے۔ کیا تم اِس سے بےخوف ہوگئے ہو



السَّمَاءِ أَن يَخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ ۝ أَمْ

کہ وہ (فرشتوں کا گروہ) جو آسمان میں (بستا) ہے تمکو زمین میں دھنسا دے اور وہ (زمین) یکایک جھونچال میں آ جائے۔ یا

أَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ط

تم اس سے نڈر ہو گئے ہو کہ جو آسمان میں ہے وہ تم پر پتھراؤ کی بارش بھیجدے۔

فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ ۝ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن

پھر تم جان ہی لوگے کہ میرا ڈراوا کیسا ہے؟ اور یقیناً اُن لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے

قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ۝ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ

جھٹلایا تھا پس میرا ناخوش ہونا (عذاب نازل کرنا) کیسا رہا؟ کیا انہوں نے پرندوں کی طرف نہیں دیکھا جو اُن کے

صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَٰنُ ۚ إِنَّهُ بِكُلِّ

اوپر (اڑتے ہیں) پر پھیلائے رہتے ہیں اور کبھی (انکو اڑتے میں) سمیٹ لیتے ہیں سوائے (خدائے) رحمٰن کے کوئی اور انکو روکے ہوئے نہیں

شَيْءٍ بَصِيرٌ ۝ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن

یقیناً وہی ہر چیز کا دیکھنے والا ہے۔ آیا کوئی شخص (جسکو تم معبود جانتے ہو) جو تمہارا لشکر ہو سوائے (خدائے) رحمٰن کے ایسا ہے کہ

دُونِ الرَّحْمَٰنِ ۚ إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا فِي غُرُورٍ ۝ أَمَّنْ هَٰذَا الَّذِي

تمہاری مدد کرے؟ کافر محض دھوکے میں ہیں۔ آیا اُن میں کوئی ایسا ہے جو

يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ ۚ بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ ۝ أَفَمَن

تمکو رزق دیوے اگر خدا تعالیٰ اپنا رزق روک لے؟ بات یہ ہے کہ یہ سرکشی اور نفرت میں بہت ہی بڑھ گئے ہیں۔ آیا وہ

يَمْشِي مُكِبًّا عَلَىٰ وَجْهِهِ أَهْدَىٰ أَمَّن يَمْشِي سَوِيًّا عَلَىٰ صِرَاطٍ

زیادہ ہدایت یافتہ ہے جو اپنے منہ کے بل اوندھا چل رہا ہے یا وہ جو سیدھا (کھڑا) صراطِ مستقیم پر چلا جا رہا

مُّسْتَقِيمٍ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِي أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ

ہے۔ (تم) کہدو کہ وہ وہی ہے جسنے تمکو پیدا کیا اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل

وَالْأَفْئِدَةَ ۚ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي

بنا دیے۔ (مگر) تم بہت کم شکر کرتے ہو۔ (تم) کہدو کہ وہ وہی ہے جسنے تم کو زمین میں

الارض واليه تحشرون ○ ويقولون متى هذا الوعد

پھیلا دیا ہے اور اسی کی حضور میں تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔ اور (کافر) یہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو (تو بتلاؤ) یہ وعدہ

ان كنتم صدقين ○ قل انما العلم عند الله وانما انا

وقت کب آئیگا؟ (تم) کہدو کہ اسکا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے۔ اور میں تو فقط کھلم کھلا

نذير مبين ○ فلما راوه زلفة سيئت وجوه الذين

ڈرانیوالا ہوں۔ مگر جب اسکو قریب آتا دیکھینگے تو اُن لوگوں کے منہ جو کافر ہو گئے ہیں

كفروا وقيل هذا الذي كنتم به تدعون ○ قل

بگڑ جائینگے اور اُنسے کہا جائیگا کہ یہ وہی ہے جس کی تم خواہش کیا کرتے تھے۔ (تم) کہدو کہ

ارءيتم ان اهلكني الله ومن معي او رحمنا فمن يجير

آیا تم اسے سمجھے کہ اللہ مجھے اور جو میرے ساتھ ہیں اُنکو ہلاک کردے یا ہم پر رحم فرمائے تو کافروں کو

الكفرين من عذاب اليم ○ قل هو الرحمن امنا به وعليه

دردناک عذاب سے کون بچالیگا؟ (تم) کہدو وہی (خدائے) رحمن ہے ہم اُسپر ایمان لائے ہیں اور اُسی

توكلنا فستعلمون من هو في ضلل مبين ○ قل ارءيتم

پر بھروسہ کیا ہے سو عنقریب تم بھی جان لوگے کہ کھلی گمراہی میں کون ہے؟ (تم) کہدو کہ آیا تم بھی

ان اصبح ماؤكم غورا فمن يأتيكم بماء معين ○

سمجھے کہ اگر تمہارا پانی گہرائی میں چلا جائے تو چشمہ کا پانی تمہارے لیے کون لے آئیگا؟

ع ٢

سورة القلم مكية وهي اثنتان وخمسون اية

اياتها ٥٢ — ركوعاتها ٢ — كلماتها ٣٠٦ — حروفها ١٢٩٥

بسم الله الرحمن الرحيم ○

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

ن والقلم وما يسطرون ○ ما انت بنعمة ربك

ن۔ قسم ہے قلم کی اور جو کچھ وہ لکھتے ہیں۔ تم اپنے رب کی نعمت کے سبب دیوانے

بِمَجْنُوْنٍ ۝ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۝ وَاِنَّكَ

نہیں ہو۔ اور یقیناً تمہارے لیے ایسا اجر (مہیا) ہے جو منقطع ہونیوالا نہیں ہے۔ اور بیشک تمہارا

لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ۝ بِاَيِّكُمُ

خُلق بہت بڑھا ہوا ہے۔ سو عنقریب تم بھی دیکھ لوگے اور وہ بھی دیکھ لینگے کہ تم میں سے دیوانہ

الْمَفْتُوْنُ ۝ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ

کونسا ہے؟ بالتحقیق تمہارا پروردگار اُس شخص کو بھی خوب جانتا ہے جو اُسکی راہ سے بھٹک گیا ہے

وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝ فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ وَدُّوْا لَوْ

اور اُن لوگوں کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیں۔ پس تم جھٹلانیوالوں کی بات نہ ماننا۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ اگر تم

تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ۝ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ۝ هَمَّازٍ

نرمی کرو تو وہ بھی نرم ہو جائیں۔ اور تم کسی ایسے شخص کی بات میں نہ آجانا جو بڑا قسمیں کھانیوالا ذلیل خیال عیب جو

مَّشَّآءٍۢ بِنَمِيْمٍ ۝ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝ عُتُلٍّۢ بَعْدَ ذٰلِكَ

چغل خور نیکی سے روکنے والا حد سے گزرجانیوالا گنہگار منہ پھٹ پھر حرامی بھی

زَنِيْمٍ ۝ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ۝ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا

ہو محض اس سبب سے کہ وہ مال و اولاد والا ہے جس وقت اُس کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی

قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ۝ اِنَّا

ہیں وہ کہہ دیتا ہے کہ یہ تو پہلوں کی کہانیاں ہیں۔ عنقریب ہم اُسکی ناک پر ایک نشان لگادینگے۔ بیشک ہمنے

بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا

اُنکی اُسی طرح آزمائش کی ہے جیسے کہ ہمنے ایک باغ والوں کی آزمائش کی تھی جبکہ اُنہوں نے

مُصْبِحِيْنَ ۝ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ۝ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ

قسم کھائی تھی کہ کل صبح ہم اِس باغ کے پھل ضرور توڑ لینگے اور انشاء اللہ نہ کہا تھا پس اُس باغ پر تمہارے

مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ۝ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ۝ فَتَنَادَوْا

پروردگار کی طرف سے ایک بلا پھر گئی اور وہ سوتے ہی رہے۔ پس وہ ایسا ہو گیا کہ اُس میں ایک پھل بھی باقی نہ رہا۔ اور صبح کے وقت

مُصْبِحِيْنَ ۝ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ۝

ایک دوسرے کو آواز دینے لگے کہ اگر تم کو پھل لینے ہیں تو اپنے باغ کو سویرے ہی سویرے چلو۔

فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ۝ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ

پس وہ چلے اور چپکے چپکے یہ کہتے جاتے تھے کہ آج کوئی مسکین تمہارے پاس نہ آنے

مِّسْكِيْنٌ ۝ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا

پائے۔ اور انہوں نے (اپنے باغ میں پہنچ کر) ایسی حالت میں صبح کی کہ وہ (صرف) روک تھام کی قدرت رکھتے تھے

لَضَآلُّوْنَ ۝ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝ قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ

پھر جب باغ کو (اجڑا ہوا) دیکھا تو کہنے لگے کہ ہم یقیناً راستہ بھول گئے۔ بلکہ (بات یہ ہے کہ) ہم ہیں ہی بدنصیب۔ ان میں جو سب سے اچھا

لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝

تھا اس نے کہا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم خدا کی تسبیح کیوں نہیں کرتے۔ کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار منزہ ہے بیشک

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ۝ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا

ہم ہی ظالم رہے۔ اب لگے ایک دوسرے کو ملامت کرنے اور یہ کہنے لگے ہائے خرابی ہماری ہم ضرور

كُنَّا طٰغِيْنَ ۝ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا

سرکش رہے۔ قریب ہے کہ ہمارا پروردگار اس کے بدلے میں ہم کو اس سے بہتر عطا فرمائے۔ یقیناً ہم

رٰغِبُوْنَ ۝ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ

اپنے پروردگار ہی کی طرف رغبت کرنے والے ہیں۔ عذاب یوں ہوا کرتا ہے۔ اور آخرت کا عذاب (اس سے) کہیں بڑھ کر ہے۔

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ع اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ

بشرطیکہ یہ لوگ سمجھتے ہوتے۔ بیشک پرہیزگاروں کے لیے ان کے پروردگار کے پاس نعمت والی

النَّعِيْمِ ۝ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ۝ مَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ

جنتیں ہیں۔ کیا ہم فرمانبرداروں کو گناہگاروں کی مانند کر دیں گے۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے کیسے

تَحْكُمُوْنَ ۝ اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ۝ اِنَّ لَكُمْ

فیصلے کرتے ہو؟ آیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم پڑھتے ہو۔ کہ جو کچھ تم پسند کرو گے

فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ○ اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى

وہ تمکو اُس میں ضرور ملیگا ؟ یا تمہاری قسمیں ہمارے ذمے ہیں جو قیامت تک

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ○ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ

چلی جائینگی کہ جو کچھ تم حکم کروگے وہ ضرور تم کو ملجائیگا۔ ان سے دریافت کرو کہ ان میں سے اس کا

زَعِيْمٌ ○ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ

ضامن کون ہے؟ یا اِن کے کچھ شریک ہیں۔ پھر اگر یہ سچے ہیں تو اپنے شرکاء کو

كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ○ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى

لے آئیں۔ جس دن پنڈلی کھولی جائیگی (یعنی جو سخت پریشانی اور گھبراہٹ کا دن ہوگا) اور لوگ

السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ○ خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ

سجدے کے لیے بلائے جائینگے تو (سجدہ) نہ کرسکینگے۔ اُن کی آنکھیں نیچی ہونگی اور ذلت اُن پر چھائی ہوئی

ذِلَّةٌ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ○

ہوگی۔ اور دنیا میں بھی یہ سجدے کے لیے بلاتے جاتے تھے جس حال میں کہ یہ تندرست تھے۔

فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ

اب اُسکو جو اس بات کو جھٹلاتا ہے مجھ پر چھوڑ دو (کہ میں سمجھ لونگا) ہم اُنکو رفتہ رفتہ عذاب کی اس طرح

مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَاُمْلِيْ لَهُمْ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ○

قریب کرینگے کہ اُن کو خبر بھی نہو گی۔ اور میں اُن کو ڈھیل دیتا رہونگا کہ میری تدبیر پختہ ہے۔

اَمْ تَسْئَلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ○ اَمْ عِنْدَهُمُ

آیا تم اُن سے کوئی اجر مانگتے ہو کہ وہ تاوان کے مارے دبے ہوئے ہیں ؟ یا اُن کے پاس

الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ○ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ

غیب کی خبریں ہیں جنہیں وہ لکھ لیتے ہیں سو اب تم اپنے پروردگار کے فیصلے کے انتظار میں صبر کرو اور مچھلی والے

كَصَاحِبِ الْحُوْتِ اِذْ نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ○ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ

(یعنی یونسؑ) کی مانند نہو جانا جبکہ اُنہوں نے غم و غصہ کی حالت میں پکارا تھا۔ اگر تمہارے پروردگار کی مہربانی



نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ بِالْعَرَاۗءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ۝ فَاجْتَبٰهُ

اُن کی خبر گیری نہ کرتی تو وہ بُرے حال سے چٹیل میدان میں پڑی ہوئی ہوتے - مگر اُنکو پروردگار نے

رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اُنکو برگزیدہ کرلیا اور اُنکو نیک بندوں میں سے قرار دیا - قریب ہے کہ کافر جس وقت قرآن مجید کو سنیں

لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ

تو اپنی نظروں کے ذریعے سے تمہیں پھسلا دیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ تو

اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

دیوانہ ہے - حالانکہ وہ (قرآن) تمام عالموں کے لیے نصیحت ہے -

ربع

سورة الحاقة مكية وهي اثنتان وخمسون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْحَاۗقَّةُ ۝ مَا الْحَاۗقَّةُ ۝ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحَاۗقَّةُ ۝

برحق ہونیوالی ہے - کیا چیز ہے وہ برحق ہونیوالی اور تم کیا سمجھے کہ وہ برحق ہونیوالی کیا ہے؟

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا

(قوم) ثمود و عاد نے تو اُس کھڑکھڑا دینے والی کو جھٹلا ہی دیا تھا پس ثمود تو صد درجہ کے عذاب (بڑی چیخ) سے

بِالطَّاغِيَةِ ۝ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝

ہلاک کردیئے گئے تھے - اور رہے عاد تو وہ ایک تیز و تند ٹھنڈی ہوا سے ہلاک کیے گئے - جس کو (خدا نے)

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى

لگاتار سات رات اور آٹھ دن اُن پر مسلط رکھا سو تم اُن لوگوں کو اُس میں

ربع

الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ فَهَلْ تَرٰى

اس طرح پڑا ہوا دیکھتے گویا وہ کھجوروں کے کھوکھلے تنے ہیں - پس اب بھی تم اُن کا

لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ

کچھ بقیہ دیکھتے ہو؟ اور فرعون اور جو لوگ اُس سے پہلے تھے اور اُلٹی ہوئی بستیوں والے

بِالْخَاطِئَةِ ۝ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً

گناہ کے مرتکب ہوئے۔ پس اُنہوں نے اپنے پروردگار کے رسول کی نافرمانی کی تو اُسنے بھی اُنکو بہت ہی سخت گرفت

رَّابِيَةً ۝ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝ لِنَجْعَلَهَا

کی۔ یہ ہم ہی تھے کہ جب پانی نے طغیانی کی تو ہم نے تم کو کشتی میں سوار کر دیا۔ تاکہ ہم اُسکو تمہارے

لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ

لیے ایک یادگار قرار دیں۔ اور ایک یاد رکھنے والا کان اُسکو یاد رکھے۔ پھر جبکہ صور ایکدم سے پھونکا جائیگا۔

نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً

اور زمین اور پہاڑ اُٹھا لیے جائینگے پھر یکایک چکنا چور

وَّاحِدَةً ۝ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ

کر دیے جائینگے پس اُسی دن تو قیامت واقع ہوگی۔ اور آسمان پھٹ جائیگا

فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ۚ وَيَحْمِلُ

تو وہ اُس دن بالکل کمزور ہو جائیگا۔ اور فرشتے اُس کے کناروں پر ہونگے۔ اور تمہارے

عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝ يَوْمَئِذٍ

پروردگار کے عرش کو اُس دن آٹھ اپنے اوپر لیے ہوئے ہونگے۔ اُس دن تم پیش

تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ

کر دیے جاؤ گے اور تمہارا کوئی بھید چھپا نہیں رہیگا۔ اب رہا وہ شخص جس کا نوشتہ

كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝ اِنِّيْ

اُسکے داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا وہ تو کہیگا کہ لو آؤ میرے نوشتے کو پڑھو میں تو یقین

ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝

رکھتا تھا کہ مجھے حساب دینا پڑیگا۔ اب وہ تو پسندیدہ عیش میں

فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۝ قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ ۝ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا

عالیشان باغ میں ہوگا جسکے پھل جھکے ہوئے ہونگے (اُن سے کہا جائیگا کہ) گزشتہ دنوں میں جو عمل تم

بِمَا أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝ وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ

پہلے کر چکے ہو اُسکے عوض میں اب مزے سے کھاؤ پیو۔ اور رہا وہ جسکا نوشتہ اُسکے بائیں ہاتھ میں

بِشِمَالِهِ ۵ فَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُوتَ كِتَابِيَهْ ۝ وَلَمْ أَدْرِ مَا

دیا جائیگا تو وہ کہیگا کاش میرا نوشتہ ہی مجھے نہ دیا گیا ہوتا۔ اور میں جانتا ہی نہیں کہ

حِسَابِيَهْ ۝ يَا لَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝ مَا أَغْنَىٰ عَنِّي

میرا حساب کیا ہے؟ اے کاش موت نے فیصلہ ہی کر دیا ہوتا۔ میرا مال تو میرے کچھ بھی کام

مَالِيَهْ ۝ هَلَكَ عَنِّي سُلْطَانِيَهْ ۝ خُذُوهُ فَغُلُّوهُ ۝ ثُمَّ

نہ آیا۔ میری سلطنت بھی مجھ سے جاتی رہی (حکم ہوگا کہ) اسکو پکڑو پھر اسکے گلے میں طوق ڈالو۔ پھر

الْجَحِيمَ صَلُّوهُ ۝ ثُمَّ فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعًا

اسکو جہنم میں جھونک دو۔ پھر ایک ایسی زنجیر میں جسکا طول ستر ہاتھ کا ہو اسے

فَاسْلُكُوهُ ۝ إِنَّهُ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ الْعَظِيمِ ۝ وَلَا يَحُضُّ

جکڑ دو۔ یہی ہے وہ جو خدائے بزرگ پر ایمان نہ لاتا تھا۔ اور نہ مسکین کے

عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ۝ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيمٌ ۝

کھلانے پر آمادہ کرتا تھا۔ سو آج نہ تو اسکا یہاں کوئی دلسوز دوست ہے

وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِينٍ ۝ لَا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْخَاطِئُونَ ۝

اور نہ پیپ کے سوا کوئی اور کھانا جسکو گنہگاروں کے سوا کوئی اور نہ کھائیگا

ع ٣٧ ٥

فَلَا أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ ۝ وَمَا لَا تُبْصِرُونَ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلُ

پس مجھے اُن (چیزوں) کی بھی قسم ہے جو تم دیکھتے ہو اور اُنکی بھی جو تم نہیں دیکھتے۔ یقیناً یہ عزت دار

رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۚ قَلِيلًا مَا تُؤْمِنُونَ ۝

رسول کا قول ہے۔ اور یہ کسی شاعر کی بات نہیں ہے۔ تم لوگ کسقدر کم ایمان لاتے ہو۔

وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ۝ تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ

اور نہ یہ کسی کاہن کی خیال بندی ہے کس قدر کم تم لوگ نصیحت حاصل کرتے ہو۔ یہ (قرآن) تو تمام عالموں کے پروردگار

الْعَالَمِينَ ۝ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ ۝ لَأَخَذْنَا

کی طرف سے اُتارا ہوا ہے۔ اور اگر (رسول) ہمارے برخلاف کچھ باتیں بنا لیتے تو ہم اپنی قدرت سے اُن کو

مِنْهُ بِالْيَمِينِ ۝ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ ۝ فَمَا مِنكُم

گرفتار کرتے۔ پھر ہم اُن کی شہ رگ کاٹ دیتے تو تم میں سے کوئی

مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ ۝ وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ ۝

اُنکی طرف سے دفع کرنیوالا نہ ہوتا۔ اور یہ پرہیزگاروں کے لیے ضرور نصیحت ہے

وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنكُم مُّكَذِّبِينَ ۝ وَإِنَّهُ لَحَسْرَةٌ عَلَى

اور یہ بھی ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے کچھ جھٹلانیوالے بھی ہیں۔ اور اس میں شک نہیں کہ یہ کافروں کیلیے

الْكَافِرِينَ ۝ وَإِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِينِ ۝ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ۝ ع ۲ ۱۵ ۶

حسرت ہے۔ اور یہ قطعاً سچ ہے۔ پس (اے رسول) تم اپنے عظمت والے پروردگار کے نام کی تسبیح کرتے رہو

سُورَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعٌ وَأَرْبَعُونَ آيَةً

آیاتہا ۴۴ — رکوعاتہا ۲ — کلماتہا ۲۲۰ — حروفہا ۹۶۷

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ ۝ لِّلْكَافِرِينَ لَيْسَ لَهُ

ایک سوال کرنیوالے نے بڑے درجوں والے خدا سے ایسے عذاب کا سوال کیا جو کافروں کیلیے واقع ہونیوالا ہے

دَافِعٌ ۝ مِّنَ اللَّهِ ذِي الْمَعَارِجِ ۝ تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ

اور اسکا دفع کرنیوالا کوئی نہیں ہوسکتا۔ فرشتے اور روح اُسکے حضور میں حاضر

وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ

ہو چکے ہیں ایک ایسے دن میں جس کا اندازہ پچاس ہزار برس ہوگا چڑھ جائینگے

سَنَةٍ ۚ فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا ۝ إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا ۝

اب تم نہایت خوبی کے ساتھ برداشت کرتے رہو۔ یہ لوگ تو اُس (قیامت) کو دور سمجھتے ہیں۔

وَنَرَاهُ قَرِيبًا ۝ يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ ۝ وَتَكُونُ الْجِبَالُ

اور ہم اُسکو قریب ہی دیکھتے ہیں۔ جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی مانند ہو جائیگا اور پہاڑ دھنکی ہوئی اُون کی

كَالْعِهْنِ ۝ وَلَا يَسْأَلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا ۝ يُبَصَّرُونَهُمْ ۚ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ

مانند ہو جائینگے اور اُنکو دکھاتے ہوئے کوئی دوست کسی دوست کی بات نہ پوچھیگا اور گنہگار یہ آرزو کریگا کہ وہ اُس دن کے

لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ ۝ وَصَاحِبَتِهِ وَ

عذاب سے بچنے کے لیے اگر ہو سکے تو اپنے بیٹوں کو اور اپنی بی بی کو اور اپنے بھائی کو اور اپنے کنبے کو جو

أَخِيهِ ۝ وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ ۝ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ

اُسے اپنے ساتھ رکھتا تھا اور زمین (بھر) میں جو (جو) ہیں اُن سب کو بطور فدیہ کے دیدے پھر (اُسکو)

جَمِيعًا ثُمَّ يُنْجِيهِ ۝ كَلَّا ۖ إِنَّهَا لَظَىٰ ۝ نَزَّاعَةً لِلشَّوَىٰ ۝

اُسے (اُس عذاب سے) محفوظ رکھے (تو) ہرگز ایسا نہو گا۔ وہ (جہنم کی آگ) تو بھڑکتا ہوا شعلہ ہے جو کھال کو (جھلس کر)

تَدْعُو مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّىٰ ۝ وَجَمَعَ فَأَوْعَىٰ ۝ إِنَّ الْإِنْسَانَ

اُدھیڑ دیگا۔ یہ (جہنم) اُن لوگوں کو بلاتی ہوگی جنہوں نے پیٹھ پھیری اور روگردانی کی اور مال جمع کیا پھر اُسے (بخل سے) روک رکھا۔

خُلِقَ هَلُوعًا ۝ إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعًا ۝ وَإِذَا مَسَّهُ

بیشک انسان حریص پیدا کیا گیا ہے جب اُسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو بڑا گھبرا جانیوالا ہے اور جب اُسے دولت ملجاتی ہے

الْخَيْرُ مَنُوعًا ۝ إِلَّا الْمُصَلِّينَ ۝ الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ

تو بڑا روکنے والا ہے۔ ہاں وہ نماز پڑھنے والے اس سے مستثنیٰ ہیں جو اپنی نمازوں پر قائم

دَائِمُونَ ۝ وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَعْلُومٌ ۝

رہنے والے ہیں۔ اور وہ لوگ جن کے مالوں میں مانگنے والوں اور نہ مانگنے والوں کا ایک

لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ ۝ وَالَّذِينَ يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ ۝

مقررہ حق ہے۔ اور وہ لوگ جو فیصلے کے دن کو سچا جانتے ہیں

وَالَّذِينَ هُمْ مِنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ مُشْفِقُونَ ۝ إِنَّ

اور وہ لوگ جو اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرانیوالے ہیں بیشک اُنکے پروردگار

عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَأْمُونٍ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ

کا عذاب ایسی چیز نہیں ہے کہ اُس سے بیخوف ہو جائیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کو اپنی

حَافِظُونَ ۝ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ

بیبیوں یا اپنی لونڈیوں کے سوا اوروں سے محفوظ رکھنے والے ہیں کہ اُس صورت میں

فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ۝ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ

اُن کو کوئی ملامت نہیں کیجا سکتی۔ پس جو اُس کے سوا کا خواستگار ہو تو ایسے ہی لوگ تو حد سے

هُمُ الْعَادُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ ۝

بڑھ جانیوالے ہیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں کی اور اپنے عہد کی رعایت کرنیوالے ہیں

وَالَّذِينَ هُمْ بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ

اور وہ لوگ جو اپنی گواہیوں پر قائم ہیں۔ اور وہ لوگ جو اپنی نمازوں کی

صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ۝ أُولَٰئِكَ فِي جَنَّاتٍ مُكْرَمُونَ ۝

حفاظت کرتے ہیں۔ ایسے ہی لوگ تو جنتوں میں عزت پائینگے۔

فَمَالِ الَّذِينَ كَفَرُوا قِبَلَكَ مُهْطِعِينَ ۝ عَنِ الْيَمِينِ وَ

پس اِن کافروں کو کیا ہو گیا ہے کہ ان کی ٹولیاں داہنے سے اور بائیں سے

عَنِ الشِّمَالِ عِزِينَ ۝ أَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِنْهُمْ أَنْ يُدْخَلَ

تمہاری طرف دوڑی چلی آتی ہیں۔ کیا اِن میں سے ہر شخص یہ خواہش رکھتا ہے کہ اُس نعمت والی جنت میں

جَنَّةَ نَعِيمٍ ۝ كَلَّا إِنَّا خَلَقْنَاهُمْ مِمَّا يَعْلَمُونَ ۝ فَلَا

داخل کر دیا جائے۔ ہرگز ایسا نہوگا۔ ہمنے اُنکو اُس چیز سے پیدا کیا ہے جسکو یہ جانتے ہیں پس مشرقوں

أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ إِنَّا لَقَادِرُونَ ۝ عَلَىٰ أَنْ

اور مغربوں کے پروردگار کی قسم ہم اس بات پر ضرور قادر ہیں کہ انکے بدلے میں ان سے بہتر

نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ ○ فَذَرْهُمْ

لے آئیں اور (اس بارے میں) ہم سے کوئی بازی نہیں لے جا سکتا۔ اب تم اِن کو چھوڑ دو کہ

يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّىٰ يُلٰقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ ○

یہ باتیں بناتے رہیں اور کھیلتے (کودتے) رہیں تاآنکہ اُس دن سے مڈ بھیڑ ہو جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلَىٰ نُصُبٍ

اُس دن یہ (اپنی اپنی) قبروں سے نکل کر (اس طرح) بھاگتے ہونگے گویا جھنڈوں کی طرف چلے

يُوفِضُونَ ○ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ذٰلِكَ

جا رہے ہیں۔ اِن کی آنکھیں نیچی ہونگی اور ذلت اِن پر چھائی ہوئی ہوگی۔ (اور اِن سے یہ

الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ ○

ع ٢ / ٩ / ٨

کہا جائیگا کہ) یہی وہ دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جایا کرتا تھا۔

سورة نوح مكية وهي ثمان وعشرون آية

منزل ٧

اٰياتها ٢٨ — ركوعاتها ٢ — كلماتها ٢٣١ — حروفها ٩٧٤

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○

(شروع کرتا ہوں) خدا کے نام سے (جو) رحمٰن (و) رحیم

إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ أَنْ أَنذِرْ قَوْمَكَ مِن

بالتحقیق ہم نے نوحؑ کو اُن کی قوم کی طرف (اس حکم کے ساتھ) بھیجا کہ تم اپنی قوم کو قبل اِس کے کہ

قَبْلِ أَن يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ قَالَ يٰقَوْمِ إِنِّي لَكُمْ

اُن پر دردناک عذاب آئے ڈراؤ۔ اُنہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم بیشک میں تمہارے (لئے)

نَذِيرٌ مُّبِينٌ ○ أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوهُ وَأَطِيعُونِ ○

ایک کھلا ڈرانیوالا ہوں کہ تم اللہ کی عبادت کیا کرو اور اُس سے ڈرا کرو اور میرا کہنا مانتے رہو۔

يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى إِنَّ

کہ وہ تمہارے بعض گناہ بخشدیگا اور وہ معینہ مدت تک تم کو مہلت دیگا۔ بیشک جب

شان سے پیدا کیا ہے کہ تمہارے ارادے اور خیالات اور خواہشیں مختلف ہیں اور ایک قول کے مطابق یہ مطلب ہے
[illegible]

أَجَلَ اللّٰهِ إِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ○ قَالَ

خدا کا مقرر کیا ہوا وقت آجاتا ہے تو وہ ہٹایا نہیں جاتا۔ کاش تم اسی سمجھ لیتے (پھر نوح نے) عرض کی

رَبِّ إِنِّي دَعَوْتُ قَوْمِي لَيْلًا وَنَهَارًا ○ فَلَمْ يَزِدْهُمْ

اے میرے پروردگار میں نے اپنی قوم کو رات اور دن بلایا مگر میرے بلانے نے انکو کچھ فائدہ نہ

دُعَآءِيْٓ إِلَّا فِرَارًا ○ وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ

پہنچایا سوائے اسکے کہ (مجھ سے) اور زیادہ بھاگے اور جب کبھی میں نے انکو اس غرض سے بلایا کہ تو انکے گناہ معاف کردے

جَعَلُوٓا أَصَابِعَهُمْ فِيٓ ءَاذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَ

تو انہوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیں اور اپنے کپڑے اوڑھ لیے اور اپنی بات پر

أَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ○ ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ

اڑے رہے اور حد سے بڑھ کر تکبر کیا۔ پھر میں نے انکو کھلم کھلا

جِهَارًا ○ ثُمَّ إِنِّيٓ أَعْلَنتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا ○

بلایا۔ پھر میں نے اُن کے لیے اپنی دعوت کا اعلان کیا اور خفیہ بھی انسے راز میں باتیں کیں

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ○ يُرْسِلِ

اور یہ کہا کہ تم اپنے پروردگار سے مغفرت مانگو بیشک وہ بڑا بخشنے والا ہے۔ جو آسمان سے تم پر

السَّمَآءَ عَلَيْكُم مِّدْرَارًا ○ وَيُمْدِدْكُم بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ

موسلا دھار پانی برساتا ہے۔ اور مال و اولاد سے تمہاری مدد فرماتا ہے

وَيَجْعَل لَّكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَل لَّكُمْ أَنْهَارًا ○ مَّا لَكُمْ لَا تَرْجُونَ

اور تمہارے لیے باغات پیدا کرتا ہے اور تمہارے لیے ندیاں جاری کرتا ہے تمہیں ہو کیا گیا ہے کہ تم خدا

لِلّٰهِ وَقَارًا ○ وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا ○ أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ

کی عزت نہیں کرتے۔ حالانکہ اسنے تم کو طرح طرح کا پیدا کیا ہے۔ کیا تم نے یہ نہیں دیکھا کہ خدا تعالے

خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ○ وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ

نے سات آسمانوں کو تو بر تو پیدا کیونکر کیا ہے۔ اور اُن میں چاند کو روشن کیا

۱ یرسل ... تا ... یہ ہمیں تفسیر حقانی میں ہے کہ جب انکو خدا کے دین کی طرف بہت بلایا گیا اور انکا اصرار بڑھتا گیا تو [illegible]

نُوْرًا وَّجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ

اور سورج کو ایک چراغ بنادیا۔ اور اللہ نے زمین سے تم کو پیدا اِس طرح کیا ہے جیسا کہ

نَبَاتًا ۝ ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ۝ وَاللّٰهُ جَعَلَ

پیدا کرنیکا حق ہے۔ پھر وہ اُسی میں تم کو لوٹا دیگا اور ایک دفعہ (اُسی سے) تم کو نکال لیگا۔ اور اللہ نے زمین کو

لَكُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا ۝ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝ ع

تمہارے لیے فرش بنایا ہے۔ تاکہ تم اُس کے چوڑے چوڑے رستوں میں چلو پھرو (پھر)

قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ

نوح نے عرض کی اے میرے پروردگار انہوں نے میری نافرمانی کی اور اُس شخص کی پیروی کی جسکے مال اور اولاد نے

وَوَلَدُهٗۤ اِلَّا خَسَارًا ۝ وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ۝ وَقَالُوْا

اُس کا نقصان ہی بڑھایا۔ اور یہ بڑی بڑی چالیں چلے۔ اور انہوں نے یہ کہا کہ

لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۥ وَّلَا

تم اپنے خداؤں کو نہ چھوڑنا اور تم نہ وَدّ کو چھوڑنا اور نہ سواع کو اور نہ یغوث

يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ۝ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۥ وَلَا تَزِدِ

و یعوق و نسر کو۔ اور انہوں نے بہت سوں کو گمراہ کیا۔ اور (اے پروردگار) انکی

الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ۝ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا

ہلاکت ہی زیادہ کیجیو۔ (چنانچہ) اپنے گناہوں کے سبب سے وہ ڈبو دیگئے اور جہنم میں

نَارًا ۥ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ۝ وَقَالَ نُوْحٌ


جھونک دیئے گئے۔ پھر اللہ کے سوا اُنہوں نے اپنے مددگار نہ پائے۔ اور نوح نے عرض کی

رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ۝ اِنَّكَ اِنْ

اے میرے پروردگار روئے زمین پر کافروں میں سے ایک کو بھی نہ چھوڑ بیشک اگر تو نے انکو

تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝

باقی رکھا تو یہ تیرے بندوں کو گمراہ کرینگے اور انکی اولاد سوائے گنہگار کافر کے اور کچھ نہ ہوگی۔



رَّبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَ

اے میرے پروردگار مجھ کو (بھی) بخش دے اور میرے ماں باپ کو بھی اور ہر اُس شخص کو جو حالت ایمان میں میرے

لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۖ وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ إِلَّا تَبَارًا ۝

گھر میں آئے اور تمام ایماندار مردوں اور ایماندار عورتوں کو بھی اور ظالموں کی حق میں تباہی کو اور بھی بڑھا

سورة الجن مكية وهي ثمان وعشرون آية

آیاتہا ٢٨ — رکوعاتہا ٢ — کلماتہا ٢٨٢ — حروفہا ١١٢٦

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا

تم یہ کہہ دو کہ میری طرف وحی کی گئی ہے کہ جنوں میں سے کچھ لوگوں نے کان لگا کر سنا پھر یہ کہا کہ بیشک ہم نے عجیب

سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا ۝ يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ ۖ

کتاب سُنی ہے جو نیکی کی طرف ہدایت کرتی ہے پس ہم اُس پر ایمان لے آئے۔

وَلَن نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا ۝ وَأَنَّهُ تَعَالَىٰ جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ

اور ہم اپنے پروردگار کا کسی کو ہرگز شریک نہ کرینگے۔ اور ہمارے پروردگار کی شان بہت بڑی ہے اُس نے کوئی جورو

صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا ۝ وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ

اختیار کی اور نہ کوئی بیٹا (بنایا) اور بیشک ہم میں سے احمق خدا کے برخلاف لغو بکا کرتا

شَطَطًا ۝ وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن تَقُولَ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَى

تھا اور ہم نے گمان کیا تھا کہ آدمی اور جن خدا کی برخلاف (اُسکی لئے شریک قرار دینے میں) ہرگز جھوٹ

اللَّهِ كَذِبًا ۝ وَأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْإِنسِ يَعُوذُونَ

نہ کہینگے۔ اور ضرور آدمیوں میں سے کچھ لوگ جنوں میں سے بعض لوگوں کی

بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوهُمْ رَهَقًا ۝ وَأَنَّهُمْ ظَنُّوا كَمَا

پناہ چاہتے تھے جس نے جنوں کی سرکشی بڑھا دی اور بیشک وہ بھی یہی گمان کیا کرتے تھے

ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَبْعَثَ اللَّهُ أَحَدًا ۝ وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاءَ

جیسا کہ تم گمان کرتے ہو کہ اللہ کسی کو ہرگز مبعوث نہ کریگا۔ اور ضرور ہمنے آسمانوں کو چھوا تو ہمنے

فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيدًا وَشُهُبًا ۝ وَأَنَّا كُنَّا

اُسکو بڑی قوی نگہبانوں اور شہابوں سے بھرا ہوا پایا۔ اور ہم سننے کے لیے اُسکے

نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۖ فَمَن يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَابًا

بعض مقامات میں جا بیٹھا کرتے تھے۔ مگر اب کوئی جا کر سننا چاہے تو اپنے لیے شعلے کو تیار

رَّصَدًا ۝ وَأَنَّا لَا نَدْرِي أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَن فِي الْأَرْضِ أَمْ

پائیگا۔ اور ہم یہ بھی نہیں جانتے کہ جو لوگ زمین میں ہیں اُن کی نسبت کسی بدی کا ارادہ کیا گیا ہے

أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا ۝ وَأَنَّا مِنَّا الصَّالِحُونَ وَمِنَّا

یا اُنکے پروردگار نے اُنکی بارے میں کسی نیکی کا ارادہ کیا ہے۔ اور یہ کہ ہم میں سے کچھ تو نیک ہیں اور اُن میں سے کچھ

دُونَ ذَٰلِكَ ۖ كُنَّا طَرَائِقَ قِدَدًا ۝ وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن

اُس کے علاوہ ہم میں ہی کئی طریقے کے فرقے ہیں۔ اور یہ ہم کو بھی یقین ہے کہ نہ ہم زمین میں

نُّعْجِزَ اللَّهَ فِي الْأَرْضِ وَلَن نُّعْجِزَهُ هَرَبًا ۝ وَأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا

خدا کو ہرا سکینگے اور نہ بھاگ کر اُس کو عاجز کر سکینگے۔ اور ہم نے جب بھی ہدایت سُنی ہم

الْهُدَىٰ آمَنَّا بِهِ ۖ فَمَن يُؤْمِن بِرَبِّهِ فَلَا يَخَافُ بَخْسًا وَلَا

اُسپر ایمان لے آئے۔ پھر جو اپنے پروردگار پر ایمان لایا تو نہ اُسکو کسی نقصان کا خوف ہے اور نہ عذاب

رَهَقًا ۝ وَأَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُونَ وَمِنَّا الْقَاسِطُونَ ۖ فَمَنْ

کا۔ اور ضرور ہم میں سے کچھ فرمانبردار ہیں اور ہم میں سے کچھ نافرمان۔ پس جو

أَسْلَمَ فَأُولَٰئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ۝ وَأَمَّا الْقَاسِطُونَ

فرمانبردار ہوا تو ایسے ہی لوگ تو سیدھے راستے پر چلے۔ اور رہے نافرمان تو وہی

فَكَانُوا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ۝ وَأَن لَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ

جہنم کے کندے بنے۔ اور جو یہ سیدھے راستے پر قائم رہتے

لَأَسْقَيْنَاهُم مَّاءً غَدَقًا ۝ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَمَن يُعْرِضْ عَن

تو ہم اُنکو بکثرت پانی سے سیراب کرتے ۔ تاکہ ہم اُس میں اُنکی آزمائش کریں اور جو شخص اپنے پروردگار کی

ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ۝ وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا

یاد سے روگرداں ہوگا وہ اُسکو سخت عذاب میں داخل کریگا ۔ اور ضرور سجدے کی مقامات اللہ ہی کیلیے

تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَدًا ۝ وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ

مخصوص ہیں پس تم اللہ کے ساتھ کسی اور کو نہ پکارو ۔ اور ضرور جب خدا کا بندہ اُسکی عبادت کیلیے کھڑا ہوتا تو لوگ

كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَدًا ۝ قُلْ إِنَّمَا أَدْعُو رَبِّي وَلَا

ع ۱ ۱۹ ۱۱

ہجوم کرکے اُسکو گھیر لیتے ہیں ۔ تم کہدو کہ سوائے اس کے نہیں ہے کہ میں تو اپنے پروردگار کی

أُشْرِكُ بِهِ أَحَدًا ۝ قُلْ إِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلَا

عبادت کرتا ہوں اور کسی کو اسکا شریک نہیں ٹھہراتا ۔ تم کہدو کہ میں تمہارے لیے کسی ضرر کا اختیار رکھتا ہوں اور نہ

رَشَدًا ۝ قُلْ إِنِّي لَن يُجِيرَنِي مِنَ اللَّهِ أَحَدٌ ۝ وَلَنْ

کسی نفع کا ۔ تم کہدو کہ مجھے اللہ کے مقابلے میں کوئی شخص ہرگز پناہ نہ دیگا ۔ اور میں اُسکے سوا

أَجِدَ مِن دُونِهِ مُلْتَحَدًا ۝ إِلَّا بَلَاغًا مِّنَ اللَّهِ وَرِسَالَاتِهِ ۚ وَ

پناہ کی کوئی جگہ ہرگز نہ پاؤنگا ۔ سوائے اس کے کہ میں خدا کی طرف سے پہنچادوں اور اُسکے پیغامات

مَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا

کو ادا کروں (کہ میرے ذمہ یہی ہے) اور جو اللہ کی اور اُسکے رسول کی نافرمانی کریگا تو اُسکے لیے آتش جہنم ہے جس میں وہ

أَبَدًا ۝ حَتَّىٰ إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ

ہمیشہ ہمیشہ رہینگے ۔ یہاں تک کہ جب وہ اُسی کو دیکھینگے جسکا اُن سے وعدہ کیا جاتا تھا تو وہ دیکھ لینگے کہ مددگاری کی

أَضْعَفُ نَاصِرًا وَأَقَلُّ عَدَدًا ۝ قُلْ إِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ

حیثیت سے کون زیادہ کمزور ہے اور تعداد کی حیثیت سے کون زیادہ کم ہے ۔ تم کہدو میں نہیں جانتا کہ جسکا تم سے وعدہ

مَّا تُوعَدُونَ أَمْ يَجْعَلُ لَهُ رَبِّي أَمَدًا ۝ عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا

کیا جاتا ہے وہ قریب ہے یا میرا پروردگار اُسکی مدت بڑھادیگا ۔ غیب کا جاننے والا وہی ہے پس اپنے

يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ

غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا سوا اُس شخص کے جسکو وہ رسولوں میں سے (علم غیب کیلئے) منتخب کرے کہ

يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ۝ لِّيَعْلَمَ

اُسکے آگے کی طرف سے اور پیچھے کی طرف سے نگہبان مقرر فرما دیتا ہے۔ تاکہ وہ یہ جان لے کہ انہوں نے اپنے

اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَ

پروردگار کے پیغام پہنچا دیے اور جو کچھ اُن کے پاس ہے اُس سب پر خدا تعالےٰ نے احاطہ

اَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ۝

ع ۹ ۱۲

کر رکھا ہے اور ہر چیز کو اُسنے گن لیا ہے۔

سورۃ المزمل مکیۃ وھی عشرون آیۃ

آیاتہا ۲۰ — رکوعاتہا ۲ — کلماتہا ۲۰۰ — حروفہا ۸۶۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

(شروع کرتا ہوں) خدا کے نام سے رحیم (و) رحمٰن

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ اَوِ

اے چادر لپیٹنے والے (رسول اللہ) رات کو (نماز کیلئے) اُٹھا کرو مگر کم۔ (یعنی) آدھی رات یا اُس میں

انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ

سے کچھ کم کر دو۔ یا اُس پر کچھ بڑھا لو اور قرآن مجید کو ٹھہر ٹھہر کر

تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ

پڑھا کرو۔ عنقریب ہم تم پر ایک سخت حکم نازل کرینگے۔ یقیناً رات کا اُٹھنا

نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ فِي

بڑی سخت کوفت ہے اور ذکر کا بہت ٹھیک وقت ہے۔ بیشک دن میں تمہاری

النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ

لیے بڑی فراغت ہے۔ اور تم اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کیا کرو اور سب طرف سے لوٹ کر اُسی کے

تَبۡتِيۡلًا ۝ رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذۡهُ

ہو رہو۔ وہ مشرق اور مغرب کا مالک ہے اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے پس تم

وَكِيۡلًا ۝ وَاصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَاهۡجُرۡهُمۡ هَجۡرًا

اُسی کو کارساز بنالو۔ اور لوگ جو کچھ بھی کہتے ہیں اُس پر صبر کرو اور اُنکو خوبی کے ساتھ

جَمِيۡلًا ۝ وَذَرۡنِىۡ وَالۡمُكَذِّبِيۡنَ اُولِى النَّعۡمَةِ وَمَهِّلۡهُمۡ

چھوڑ بیٹھو۔ اور مجھے اِن جھٹلانیوالے صاحبانِ نعمت سے بدلا لینے کیلئے چھوڑ دو اور انہیں تھوڑی سی

قَلِيۡلًا ۝ اِنَّ لَدَيۡنَاۤ اَنۡكَالًا وَّجَحِيۡمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ

مہلت دیدو۔ بیشک ہمارے پاس بھاری بھاری بیڑیاں بھی ہیں اور جلانیوالی آگ بھی اور گلے میں پھنسنے والا کھانا بھی

وَّعَذَابًا اَلِيۡمًا ۝ يَوۡمَ تَرۡجُفُ الۡاَرۡضُ وَالۡجِبَالُ وَكَانَتِ

اور دردناک عذاب بھی (اُس دن کیلئے) جس دن زمین اور پہاڑ لرزنے لگیں اور پہاڑ

الۡجِبَالُ كَثِيۡبًا مَّهِيۡلًا ۝ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَيۡكُمۡ رَسُوۡلًا ۙ

ریت کے ٹیلے ہوجائیں۔ یقیناً ہم نے تم لوگوں کی طرف ایک رسول تمہارے حالات

شَاهِدًا عَلَيۡكُمۡ كَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ رَسُوۡلًا ۝ فَعَصٰى

کی گواہی دینیوالا اُسی طرح بھیجا ہے جس طرح ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجا تھا۔ پس فرعون نے

فِرۡعَوۡنُ الرَّسُوۡلَ فَاَخَذۡنٰهُ اَخۡذًا وَّبِيۡلًا ۝ فَكَيۡفَ تَتَّقُوۡنَ

اُس رسول کی نافرمانی کی تھی تو ہم نے بھی اُسکو سخت وبال میں دھر پکڑا تھا۔ پھر اگر تم نے کفر کیا تو تم

اِنۡ كَفَرۡتُمۡ يَوۡمًا يَّجۡعَلُ الۡوِلۡدَانَ شِيۡبَا ۝ السَّمَآءُ مُنۡفَطِرٌۢ

اُس دن سے کیونکر بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کردیگا اور آسمان اُس میں پھٹ پڑیگا

بِهٖ ؕ كَانَ وَعۡدُهٗ مَفۡعُوۡلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذۡكِرَةٌ ۚ فَمَنۡ

اور اُسکا وعدہ پورا ہو کر رہیگا۔ یقیناً یہ ایک نصیحت ہے اب جو چاہے اپنے

شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيۡلًا ۝ اِنَّ رَبَّكَ يَعۡلَمُ اَنَّكَ

پروردگار تک پہنچنے کیلئے رستہ اختیار کرلے۔ بیشک تمہارا پروردگار جانتا ہے کہ تم اور جو تمہارے

ع ١

تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ

ساتھ ہیں اُن میں کا ایک گروہ رات کی دو تہائی کے قریب اور کبھی آدھی رات تک اور کبھی ایک

الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ

تہائی رات تک نماز پڑھتے رہتے ہو۔ اور اللہ رات اور دن کا خوب اندازہ کرتا ہے۔ وہ یہ بھی جانتا ہے کہ تم اسکا (ٹھیک)

فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ

اندازہ کبھی نہ کرسکو گے پس اُسنے (اپنی مہربانی سے) تمپر آسانی کر دی اب قرآن میں سے جتنا میسر ہو پڑھ لیا کرو وہ یہ بھی جانتا ہے

مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ

عنقریب تم میں سے بعض بیمار ہو جائینگے اور کچھ اور فضل خدا کی خواستگاری کرنیکے لیے سفر میں

فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ

ہونگے اور کچھ اور راہِ خدا میں لڑتے ہونگے پس جتنا اُس میں سے آسان ہو پڑھ لیا کرو

مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

اور (باقاعدہ) نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ کو قرض حسنہ دیتے رہو۔

حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ

اور جو نیکی بھی اپنی ذات کیلئے (خدا کی حضور میں) پیش کر دوگے اللہ کے پاس اُس سے بہتر

هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

اور اجر میں بڑھا ہوا بدلہ پاؤ گے۔ اور اللہ سے مغفرت مانگتے رہو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بڑا رحم کرنیوالا ہے۔

ع ٢ | ١٤

سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتٌّ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً

اٰياتها ٥٦ | رکوعها ٢ | کلماتها ٢٥٦ | حروفها ١١٤٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ وَثِيَابَكَ

اے کپڑا اوڑھنے والے (رسولؐ)! اٹھو اور ڈراؤ اور اپنے پروردگار کی بڑائی بیان کرو۔ اور اپنے کپڑوں کو

فَطَهِّرْ ۝ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝ وَ

پاک کر ڈالو۔ اور میل کچیل کو دھو ڈالو۔ اور نیکی اس لیے نہ کیا کرو کہ (اُس سے) زیادہ کی خواہش رکھو۔ اور

لِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝ فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ ۝ فَذَٰلِكَ يَوْمَئِذٍ

اپنے پروردگار کے لیے صبر کرو۔ جب صور پھونکا جائیگا تو وہی دن تو

يَوْمٌ عَسِيرٌ ۝ عَلَى الْكَافِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ ۝ ذَرْنِي وَمَنْ

کافروں پر سخت دن ہوگا آسان نہ ہوگا۔ مجھے اُس سے سمجھ لینے دو

خَلَقْتُ وَحِيدًا ۝ وَجَعَلْتُ لَهُ مَالًا مَّمْدُودًا ۝

جسے میں نے اکیلا پیدا کیا۔ اور اُسے بہت سا مال دیا۔

وَبَنِينَ شُهُودًا ۝ وَمَهَّدتُّ لَهُ تَمْهِيدًا ۝ ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ

اور آنکھوں کے سامنے رہنے والے بیٹے دیے۔ اور اُسکے لیے بہت کچھ سازوسامان مہیا کر دیا۔ پھر بھی وہ طمع رکھتا ہے کہ میں

أَزِيدَ ۝ كَلَّا إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيدًا ۝ سَأُرْهِقُهُ صَعُودًا ۝

اور بڑھا دوں۔ ہرگز ایسا نہ ہوگا وہ تو ہماری نشانیوں کا دشمن ہے۔ عنقریب میں اُسے بلندی پر چڑھاؤنگا۔

إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ

یقیناً اُس نے غور کیا اور اندازہ کیا۔ پس وہ غارت کیا جائے اُس نے کیسا اندازہ کیا؟ پھر وہ غارت کیا جائے اُس نے کیسا

قَدَّرَ ۝ ثُمَّ نَظَرَ ۝ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝ ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝

اندازہ کیا۔ پھر اُس نے غور کیا۔ پھر اُس نے تیوری چڑھائی اور منہ بنایا۔ پھر پیٹھ پھیری اور تکبر کیا۔

فَقَالَ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ ۝ إِنْ هَٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝

پھر یہ کہا کہ یہ کچھ بھی نہیں ہے مگر جادو جو پہلے سے چلا آیا ہے۔ یہ کچھ بھی نہیں ہے مگر کسی آدمی کا قول۔

سَأُصْلِيهِ سَقَرَ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ ۝ لَا تُبْقِي وَلَا

عنقریب میں اُسے بھڑکتی ہوئی آگ میں پہنچاؤنگا۔ اور تمکو کیا خبر ہو کہ بھڑکتی ہوئی آگ کیا ہے؟ وہ نہ کوئی چیز باقی رکھتی ہے اور

تَذَرُ ۝ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۝ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ۝ وَمَا جَعَلْنَا

نہ چھوڑتی ہے۔ آدمی کی کھال کو جھلس کر سیاہ کر دینے والی ہے۔ اُس پر انیس (فرشتے موکل) ہیں اور ہم نے جہنم کے داروغہ

أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً ۙ وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً

سوائے فرشتوں کے اور کوئی نہیں کیے ہیں۔ اور ہمنے گنتی انکی نہیں مقرر کی ہے مگر اس لیے کہ کافروں کے

لِّلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ

واسطے آزمائش ہو تاکہ وہ لوگ جنکو کتاب دی گئی ہے یقین کرلیں اور جو ایمان لے آئے ہیں

آمَنُوا إِيمَانًا ۙ وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ ۙ وَ

انکا ایمان اَور بڑھ جائے۔ اور جن کو کتاب دی گئی ہے وہ اور ایمان لانیوالے شک نہ کریں اور

لِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ

تاکہ وہ لوگ جن کے دلوں میں نفاق کی بیماری ہو اور کفار یہ کہیں کہ اللہ نے اس مثل سے کیا غرض

بِهَٰذَا مَثَلًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن

رکھی ہے؟ اللہ جس سے چاہتا ہے یونہی توفیق ہدایت سلب کرلیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت

يَشَاءُ ۚ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ۚ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَىٰ لِلْبَشَرِ ۝ ع ۱ ۱۵

فرمادیا کرتا ہے۔ اور تمہارے پروردگار کے لشکروں کو سوائے اُسکے کوئی نہیں جانتا۔ اور یہ تو آدمی کیلئے صرف ایک نصیحت ہے

كَلَّا وَالْقَمَرِ ۝ وَاللَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ ۝ وَالصُّبْحِ إِذَا أَسْفَرَ ۝ إِنَّهَا

ہرگز نہیں قسم ہے چاند کی اور رات کی جبکہ وہ پیٹھ پھیرے اور صبح کی جبکہ وہ روشن ہو جائے بیشک بڑی بڑی

لَإِحْدَى الْكُبَرِ ۝ نَذِيرًا لِّلْبَشَرِ ۝ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَتَقَدَّمَ أَوْ

نشانیوں میں سے ایک بڑی (نشانی) ہے آدمیوں کیلئے ڈرانیوالی (خصوصاً) اُس کیلئے جو تم میں سے چاہے کہ آگے بڑھ جائے یا پیچھے

يَتَأَخَّرَ ۝ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ ۝ إِلَّا أَصْحَابَ الْيَمِينِ ۝ مع ۱۶

رہجائے۔ ہر نفس جو کچھ کرچکا ہے اُسی کے بارے میں گروی ہے سوائے داہنی طرف والوں کے۔

فِي جَنَّاتٍ يَتَسَاءَلُونَ ۝ عَنِ الْمُجْرِمِينَ ۝ مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ ۝

جو جنتوں میں گنہگاروں سے یہ دریافت کرتے ہونگے کہ تم کو جہنم کی آگ میں کس چیز نے پہنچا دیا؟

قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ ۝ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ ۝ وَ

وہ کہینگے کہ ہم نہ تو نمازیوں میں سے تھے اور نہ ہم مسکین کو کھانا کھلایا کرتے تھے اور ہم

وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ۝ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ ۝

باطل میں گھس پڑنیوالوں کے ساتھ گھس پڑا کرتے تھے۔ اور ہم فیصلے کے دن کو جھٹلایا کرتے تھے۔

حَتّٰى أَتَانَا الْيَقِينُ ۝ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ ۝

یہانتک کہ ہم کو موت آگئی۔ پس شفاعت کرنیوالوں کی شفاعت اُن کے کچھ کام نہ آسکی۔

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ ۝ كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُسْتَنْفِرَةٌ ۝

اب انہیں کیا ہوگیا ہے کہ وہ نصیحت سے اسی طرح روگردانی کرنیوالے ہیں۔ گویا وہ وحشی گدھے ہیں

فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ۝ بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ مِنْهُمْ أَنْ يُؤْتٰى

جو شیر سے بھاگتے ہیں۔ بات یہ ہے کہ اُن میں سے ہر شخص چاہتا ہے کہ کھلی کھلی ہوئی

صُحُفًا مُنَشَّرَةً ۝ كَلَّا بَلْ لَا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ ۝ كَلَّا إِنَّهُ

کتابیں دیدی جائیں۔ ایسا ہرگز نہوگا۔ بلکہ وہ آخرت ہی سے نہیں ڈرتے۔ ہرگز ایسا نہوگا یہ تو

تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَاءَ ذَكَرَهُ ۝ وَمَا يَذْكُرُونَ إِلَّا أَنْ

ایک نصیحت ہے۔ اب جو چاہے اِسے یاد رکھے۔ اور اگر اللہ نہ چاہیگا تو اُن کو

يَشَاءَ اللّٰهُ هُوَ أَهْلُ التَّقْوٰى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝

یاد ہی نہ رہیگی۔ وہی اس بات کا اہل ہے کہ اُس سے ڈرا جائے اور وہی بخشنے کا اہل ہے۔

آیاتہا ۴۰ — رکوعہا ۲ — کلماتہا ۱۶۴ — حروفہا ۶۵۲

سُورَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝ وَلَا أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝

قسم کھاتا ہوں میں قیامت کے دن کی اور قسم کھاتا ہوں میں ملامت کرنیوالے نفس کی۔

أَيَحْسَبُ الْإِنْسَانُ أَلَّنْ نَجْمَعَ عِظَامَهُ ۝ بَلٰى قَادِرِينَ

کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ ہم اُسکی ہڈیاں جمع نہ کرینگے؟ ہاں (ہاں) ہم اسپر قادر ہیں کہ

کیا اللہ ان ہڈیوں کو جمع کریگا؟



عَلَىٰ أَن نُّسَوِّيَ بَنَانَهُ ۝ بَلْ يُرِيدُ الْإِنسَانُ لِيَفْجُرَ أَمَامَهُ ۝

اسکی پور پور (پھر سے) ٹھیک بنادیں۔ بات یہ ہے کہ انسان (کافر) چاہتا ہے کہ آئندہ بھی نافرمانی کرتا رہے

يَسْأَلُ أَيَّانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ ۝ فَإِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝

پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب آئیگا؟ تو جب آنکھیں چُندھیا جائینگی اور چاند گہن لگ جائیگا۔

وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝ يَقُولُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ

اور سورج اور چاند جمع کر دیے جائینگے۔ انسان اُس دن کہیگا کہ اب بھاگنے کی جگہ کہاں

الْمَفَرُّ ۝ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝ إِلَىٰ رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمُسْتَقَرُّ ۝ يُنَبَّأُ

ہے؟ ہرگز نہیں کوئی ٹھکانا نہیں ہے۔ اُس دن تو قرار گاہ تمہارے پروردگار ہی کی حضور میں ہے۔ اُس دن انسان

الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ ۝ بَلِ الْإِنسَانُ عَلَىٰ نَفْسِهِ

کو وہ سب کچھ جتلایا جائیگا جو وہ پہلے کر چکا ہے اور آگے ڈال چکا ہے۔ بلکہ انسان اپنے نفس کا بڑا دیکھنے والا

بَصِيرَةٌ ۝ وَلَوْ أَلْقَىٰ مَعَاذِيرَهُ ۝ لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ

ہے۔ گو وہ اپنے عذر پیش کیا کرے۔ تم اس کے ساتھ اپنی زبان کو اس غرض سے حرکت

لِتَعْجَلَ بِهِ ۝ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ ۝ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ

نہ دو کہ اسکو جلد اد کرلو بیشک اسکا جمع کرنا اور اسکا پڑھا دینا ہمارے ذمہ ہے۔ پھر جب ہم اسکو پڑھا دیں تو تم اُسی

قُرْآنَهُ ۝ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ ۝ كَلَّا بَلْ تُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ ۝ وَ

پڑھنے کو رہنا۔ پھر اسکا واضح کر دینا بھی ہمارے ہی ذمہ ہے۔ ہرگز نہیں (عذر بیکار ہے) بات یہ ہے کہ تم لوگ دنیا کو پسند کرتے ہو۔ اور

تَذَرُونَ الْآخِرَةَ ۝ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝

آخرت کو چھوڑے بیٹھے ہو۔ کچھ چہرے تو اُس دن چمکتے ہونگے اپنے پروردگار (کی نعمتوں) کی طرف دیکھ رہے ہونگے

وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ۝ تَظُنُّ أَن يُفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝ كَلَّا

اور کچھ چہرے اُس دن اُداس ہونگے اور یہ گمان کر رہے ہونگے کہ کمر توڑنے والی مصیبت ہم پر پڑنے کو ہے۔ یہی نہیں ہے

إِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۝ وَقِيلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ۝ وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ ۝

جبکہ سانس ہنسلی تک پہنچ جائے اور کہا جائیگا کہ کون جھاڑ پھونک کرنے والا ہے اور وہ (مرنیوالا) سمجھیگا کہ اب جدائی ہے



وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۝ إِلَىٰ رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ ۝

اور پنڈلی پر پنڈلی لپیٹی تیرے پروردگار کی حضور میں جانیکا وہی دن ہے۔

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلَّىٰ ۝ وَلَٰكِن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ۝ ثُمَّ ذَهَبَ

پس اُسنے تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی بلکہ جھٹلایا اور منہ موڑا۔ پھر وہ اپنے اہل وعیال

إِلَىٰ أَهْلِهِ يَتَمَطَّىٰ ۝ أَوْلَىٰ لَكَ فَأَوْلَىٰ ۝ ثُمَّ أَوْلَىٰ لَكَ

کی طرف اکڑتا ہوا گیا۔ افسوس ہے تیرے لیے پھر افسوس ہے پھر افسوس ہے تیرے لیے پھر

فَأَوْلَىٰ ۝ أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَن يُتْرَكَ سُدًى ۝ أَلَمْ يَكُ

افسوس ہے۔ کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ وہ یونہی چھوڑ دیا جائیگا۔ کیا وہ منی کا ایک نطفہ

نُطْفَةً مِّن مَّنِيٍّ يُمْنَىٰ ۝ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوَّىٰ ۝

نہ تھا جو (رحم میں) ڈالا جاتا ہے پھر وہ بستہ خون ہو گیا پھر (خدا نے اُس سے) صورت کو پیدا کیا پھر ٹھیک

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَىٰ ۝ أَلَيْسَ ذَٰلِكَ

ٹھاک کر دیا پھر اُسی سے جوڑی کو پیدا کیا (یعنی) نر و مادہ کر دیا۔ کیا وہ اس پر قادر

بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ ۝

نہیں ہے کہ مُردوں کو زندہ کر دے۔

سُورَةُ الدَّهْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ إِحْدَىٰ وَثَلَاثُونَ آيَةً

آیاتها ۳۱ — رکوعها ۲ — کلماتها ۲۴۴ — حروفها ۱۰۹۹

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئًا

یقیناً انسان پر ایک ایسا وقت آیا ہے کہ وہ کوئی چیز ہی نہ تھا جو ذکر

مَّذْكُورًا ۝ إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ

کیا جاتا۔ بیشک ہمنے انسان کو (زن و مرد کی) ملے ہوئے نطفے سے پیدا کیا

نَبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ۝ إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا

کہ ہم اُسے آزمائیں پھر ہم نے اُسے سننے والا اور دیکھنے والا بنا دیا۔ بالتحقیق ہمنے اُسے ٹھیک راستہ بتا دیا اب یا تو

شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا ۝ إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَا وَ

وہ شکر گزار ہوگا یا ناشکرا۔ یقیناً ہمنے منکروں کے لیے زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی ہوئی

أَغْلَالًا وَسَعِيرًا ۝ إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِن كَأْسٍ كَانَ

آگ تیار کر رکھی ہے۔ بیشک نیک لوگ اُس پیالہ (شراب) میں سے پئینگے جس میں

مِزَاجُهَا كَافُورًا ۝ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ يُفَجِّرُونَهَا

کافور ملا ہوا ہوگا۔ (وہ ایک) ایسا چشمہ (ہی) جس میں سے خدا کے (خاص بندے) پئینگے اور جہاں

تَفْجِيرًا ۝ يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ

چاہینگے اُسکو جاری کر لینگے منتوں کو وہ پورا کرتے ہیں اور اُس دن سے ڈرتے ہیں جسکی سختی ہر طرف

مُسْتَطِيرًا ۝ وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَ

پھیلی ہوگی۔ اور مسکین اور یتیم اور قیدی کو باوجود اُس (کھانے) کی خواہش کے کھانا

يَتِيمًا وَأَسِيرًا ۝ إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيدُ مِنكُمْ

کھلاتے ہیں۔ (اور یہ کہتے ہیں کہ) ہم تو تمکو محض خدا کی خوشنودی کیلئے کھانا کھلاتے ہیں نہ ہم تمسے کوئی بدلا

جَزَاءً وَلَا شُكُورًا ۝ إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوسًا

چاہتے ہیں اور نہ شکریہ ہم تو اپنے پروردگار سے اُس سخت دن کا خوف کرتے ہیں جس میں (کافروں کے)

قَمْطَرِيرًا ۝ فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً

چہرے بگڑ جائینگے (اور) سکڑ جائینگے (پس) اللہ اُنکو اُس دن کی سختی سے بچالیگا اور اُنکو (صورت میں) تروتازگی


وَسُرُورًا ۝ وَجَزَاهُم بِمَا صَبَرُوا جَنَّةً وَحَرِيرًا ۝ مُّتَّكِئِينَ

اور (دلوں میں) خوشی عطا فرمائیگا۔ اور جیسا اُنہوں نے صبر کیا ہے اُسکے عوض میں اُنکا بدلا جنت اور ریشمی لباس عطا کریگا۔

فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ ۖ لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا ۝

اُن (جنتوں) میں تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہونگے نہ اُس میں دھوپ دیکھینگے اور نہ (بہت) ٹھنڈی ہوا

اپنے ہاتھ سے عنایت فرمائیں تو اُن حضرت کی نذر کا کھانا خود اُنکی اولاد کے مردوں سے چھپانا کس درجہ بدعت اور خلاف سنت ہے ۱۲



وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ○ وَ

(جنکے گھروں پر سری ہوا؟) اذیت ہوگا اور اُن (درختوں) کے سائے اُنپر جھکے ہوئے ہونگے اور میوؤں کے گوشے اُنکے اختیار میں کردیے

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَأَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا ○

جائینگے۔ اور اُن کے سامنے چاندی کے برتنوں اور شیشوں کے پیالوں کا دور چلیگا۔

قَوَارِيرَا مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا ○ وَيُسْقَوْنَ فِيهَا

یہ شیشے بھی چاندی کے ہونگے جنکا اُنہوں نے مناسب اندازہ کرلیا ہوگا۔ اور اُس (جنت) میں وہ (بہشتی لوگ)

كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنجَبِيلًا ○ عَيْنًا فِيهَا تُسَمَّىٰ

ایسے پیالے (شراب) سے سیراب کیے جائینگے جس میں سونٹھ ملی ہوئی ہوگی۔ ایسے چشمہ کی جو اُس (بہشت) میں (موجود)

سَلْسَبِيلًا ○ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ إِذَا

ہے جسکا نام سلسبیل رکھا گیا ہے۔ اور اُنکے پاس ہمیشہ رہنے والے لڑکے چکر لگاتے رہینگے۔ جب تم اُنکو

رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنثُورًا ○ وَإِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ

دیکھو گے تو تم اُنکو بکھرے ہوئے موتی خیال کرو گے۔ اور جب تم وہاں نظر اُٹھا کر دیکھو گے

رَأَيْتَ نَعِيمًا وَمُلْكًا كَبِيرًا ○ عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُندُسٍ خُضْرٌ

تو کثیر نعمتیں اور بڑی سلطنت پاؤ گے۔ اُنکے اوپر سبز مہین اور موٹے ریشمی کپڑے

وَإِسْتَبْرَقٌ ۖ وَحُلُّوا أَسَاوِرَ مِن فِضَّةٍ وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ

ہونگے۔ اور اُن (بہشتی لوگوں) کو چاندی کے کنگن پہنائے جائینگے۔ اور اُنکا مالک اُنکو پاک شراب

شَرَابًا طَهُورًا ○ إِنَّ هَٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَاءً وَكَانَ سَعْيُكُم

پلائیگا۔ (اور یہ کہیگا کہ) یہ تو تمہارے لیے بدلہ ہے اور تمہاری سعی شکر گزاری (یا قدر) کے

مَّشْكُورًا ○ إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ تَنزِيلًا ○

قابل ہے۔ بالتحقیق ہمنے قرآن مجید کو تم پر تھوڑا تھوڑا کرکے اُتارا۔

ع ٢٢
١٩

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ آثِمًا أَوْ كَفُورًا ○

پس تم اپنے پروردگار کے حکم کا انتظار کرو اور اُن میں سے کسی گنہگار یا ناشکرے کا کہنا نہ مانو۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ

اور صبح و شام اپنے پروردگار کا نام لیتے رہو۔ اور راتوں کو اُسے سجدے کیا کرو

وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَ

اور بڑی رات تک اسکی تسبیح پڑھا کرو۔ بیشک یہ لوگ دنیا کو تو دوست رکھتے ہیں اور

يَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ۝ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ

سخت دن کو اپنے پیچھے چھوڑے دیتے ہیں۔ ہمنے اُن کو پیدا کیا ہے اور ہمنے اُنکی خلقت

اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ

کو مضبوط کر دیا ہے۔ اور جب ہم چاہیں تو انہی جیسے اور بدل دیں۔ بیشک یہ ایک

تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ وَمَا تَشَآءُوْنَ

نصیحت ہے۔ پس جو چاہے اپنے رب کی حضور میں پہنچنے کیلیے رستہ اختیار کرلے۔ مگر جب تک خدا کی مرضی

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ يُّدْخِلُ

نہ ہو گی تم ایسا چاہو گے ہی نہیں بیشک اللہ علم والا (اور) حکمت والا ہے جسکو چاہتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ ع ۲ / ۹

اپنی رحمت میں داخل کرلیتا ہے۔ اور جو نافرمان ہیں انکے لیے اُسنے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُوْنَ اٰيَةً

اٰیاتھا ۵۰ | رکوعاتھا ۲ | کلماتھا ۱۸۱ | حروفھا ۸۴۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ۝ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ۝ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ۝

قسم ہے فرشتوں کی اُن جماعتوں کی جو احکام معروف دیکر بھیجی گئیں پھر تیزی سے آگے پہنچانیوالی ہیں اور قسم ہے جو (احکام) رستے کو زمین میں

فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ۝ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝

تو پھیلانیوالی ہیں پھر حق و باطل میں (خوب) فرق کرنیوالی ہیں۔ پھر (انبیاء کے دل میں) نصیحت ڈالنیوالی ہیں حجت تمام کرنے یا ڈرانے کیلیے۔

إِنَّمَا تُوعَدُونَ لَوَاقِعٌ ۝ فَإِذَا النُّجُومُ طُمِسَتْ ۝ وَإِذَا السَّمَاءُ

جس چیز (یعنی قیامت) کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور ہونیوالی ہے۔ پس جب ستارے مٹادیے جائینگے اور جب آسمان

فُرِجَتْ ۝ وَإِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝ وَإِذَا الرُّسُلُ أُقِّتَتْ ۝

پھاڑ دیا جائیگا اور جب پہاڑ اُڑا دیے جائینگے اور جبکہ رسول ایک وقت جمع کیے جائینگے

لِأَيِّ يَوْمٍ أُجِّلَتْ ۝ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ

کس دن کیلئے ان (رسولوں) کو ڈھیل دی گئی ہے؟ فیصلے کے دن کیلیے۔ اور تم کیا سمجھے کہ فیصلے کا دن کیا ہے؟

الْفَصْلِ ۝ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ۝ أَلَمْ نُهْلِكِ الْأَوَّلِينَ ۝

اُس دن جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ کیا ہمنے پہلوں کو ہلاک نہیں کیا؟

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْآخِرِينَ ۝ كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ۝ وَيْلٌ

پھر پچھلوں کو اُنکے پیچھے بھیجتے رہتے ہیں۔ ہم گنہگاروں کیساتھ ایسا ہی (معاملہ) کیا کرتے ہیں۔ اُس دن جھٹلانیوالوں

يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ۝ أَلَمْ نَخْلُقْكُمْ مِنْ مَاءٍ مَهِينٍ ۝ فَجَعَلْنَاهُ

کی (بڑی) شامت آئیگی۔ کیا ہمنے تم کو ایک ذلیل پانی سے پیدا نہیں کیا؟ پھر ہمنے ایک معین

فِي قَرَارٍ مَكِينٍ ۝ إِلَىٰ قَدَرٍ مَعْلُومٍ ۝ فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقَادِرُونَ ۝

تک اُسکو ایک محفوظ مقام میں رکھا۔ پھر ہمنے اندازہ کیا تو ہم کیسے اچھے اندازہ کرنیوالے ہیں۔

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ۝ أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ كِفَاتًا ۝ أَحْيَاءً

اُس دن جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ کیا ہمنے زمین کو زندہ اور مردہ لوگوں کا مسکن نہیں

وَأَمْوَاتًا ۝ وَجَعَلْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ شَامِخَاتٍ وَأَسْقَيْنَاكُمْ مَاءً

قرار دیا اور ہمنے اُس میں اونچے اونچے اور بڑے بڑے پہاڑ قائم کر دیے اور ہمنے تمکو میٹھا (میٹھا) پانی

فُرَاتًا ۝ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ۝ انْطَلِقُوا إِلَىٰ مَا كُنْتُمْ

پلایا۔ اُس دن (ان نعمتوں کی) جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ (اُنسے کہا جائیگا کہ) جس (عذاب) کو تم

بِهِ تُكَذِّبُونَ ۝ انْطَلِقُوا إِلَىٰ ظِلٍّ ذِي ثَلَاثِ شُعَبٍ ۝ لَا

جھٹلایا کرتے تھے اسکی طرف چلو۔ تین شاخ والے سائے کی طرف چلو جو نہ

ظَلِيلٍ وَلَا يُغْنِي مِنَ اللَّهَبِ ○ إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ○

ٹھنڈا ہے اور نہ آگ کی لپٹ سے بچائیگا۔ وہ آگ ایسی (بڑی بڑی) چنگاریاں اڑاتی ہوگی جیسے (بڑی بڑی) محل

كَأَنَّهُ جِمَالَتٌ صُفْرٌ ○ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ○ هَٰذَا

گویا وہ زرد اونٹ ہیں۔ اُس دن اِن جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ یہی وہ دن ہے کہ

يَوْمُ لَا يَنْطِقُونَ ○ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُونَ ○ وَيْلٌ

(پریشانی کی مارے) بول نہ سکینگے اور نہ اُنکو اسکی اجازت دی جائیگی کہ وہ کچھ عذر معذرت کریں۔ اُس دن اِن

يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ○ هَٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنَاكُمْ

جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ یہی تو فیصلے کا دن ہے (آج) ہم نے تم کو اور پہلوں کو اکٹھا

وَالْأَوَّلِينَ ○ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيدُونِ ○ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ

کرلیا ہے۔ اگر تمہیں کوئی چال چلنی آتی ہے تو وہ مجھ سے چلو۔ اُس دن اِن جھٹلانیوالوں کی (بڑی)

لِلْمُكَذِّبِينَ ○ ع ۱ ۲۱ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي ظِلَالٍ وَعُيُونٍ ○ وَفَوَاكِهَ

شامت آئیگی۔ بیشک پرہیزگار لوگ سایوں میں اور چشموں میں اور ایسے میووں میں (بسر کرینگے)

مِمَّا يَشْتَهُونَ ○ كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ○

ہونگی جنکی وہ خواہش کرینگے۔ (اُنسے کہا جائیگا کہ) جو عمل نیک تم کیا کرتے تھے اُنکے عوض میں چین سے کھاؤ پیو۔

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ○ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ○

ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ اُس دن اِن جھٹلانیوالوں کی (بڑی) شامت آئیگی۔ (اے جھٹلانے والو) تم

كُلُوا وَتَمَتَّعُوا قَلِيلًا إِنَّكُمْ مُجْرِمُونَ ○ وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ

کھاجاتا ہے کہ (اس دنیا میں) کھالو اور چند روز نفع اٹھالو کہ ضرور تم گنہگار ہو۔ اُس دن اِن جھٹلانیوالوں کی (بڑی)

لِلْمُكَذِّبِينَ ○ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُونَ ○ وَيْلٌ

شامت آئیگی۔ اور جب اُنسے کہا جاتا ہے کہ رکوع کرو تو وہ رکوع نہیں کرتے۔ اُس دن اِن

يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ ○ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ ○ ع ۲ ۲۲

جھٹلانیوالوں کی بڑی شامت آئیگی۔ پس اِس (قرآن) کے بعد وہ کونسی بات پر ایمان لائینگے؟

سورة النبا مكية وهي اربعون اٰية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

عَمَّ يَتَسَاءَلُوْنَ ○ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ○

(لوگ) کس کی نسبت ایک دوسرے سے سوال کرتے ہیں؟ اُس خبر بزرگ کی نسبت

الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ○ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ○

جس کے بارے میں وہ اختلاف کرنیوالے ہیں۔ (حق یہ ہے کہ) عنقریب وہ جان لینگے

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ○ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ○

پھر (حق یہ ہے کہ) عنقریب وہ جان لینگے۔ کیا ہمنے زمین کو فرش نہیں بنایا؟

وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ○ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ○ وَّجَعَلْنَا

اور پہاڑوں کو میخیں (نہیں بنایا)؟ اور تم کو جوڑے جوڑے پیدا کیا۔ اور تمہاری نیند کو

نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ○ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ○ وَّجَعَلْنَا

تکان دور کرنیوالا مقرر کیا۔ اور ہمنے رات کو پردہ پوش بنایا۔ اور ہمنے دن کو

النَّهَارَ مَعَاشًا ○ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ○

روزی (کمانے) کا وقت مقرر کیا۔ اور ہمنے تمہارے اوپر سات مضبوط آسمان بنا دیے۔

وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ○ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ


اور ہمنے ایک روشن چراغ مقرر کیا۔ اور ہمنے بدلیوں سے موسلا دھار

مَاءً ثَجَّاجًا ○ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ○ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ○

پانی اُتارا تاکہ ہم اُس کے ذریعے سے دانہ اور گھاس۔ اور درخت بھری ہوئی باغ پیدا کریں

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ○ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ

بیشک فیصلے کا ایک معین وقت ہے۔ جس دن صور پھونکا جائیگا



فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا ۝ وَفُتِحَتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ أَبْوَابًا ۝

پھر تم گروہ گروہ ہو کر آجاؤ گے۔ اور آسمان کھولا جائیگا تو اس میں دروازے (ہی دروازے) ہو جائینگے

وَسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝ إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ

اور پہاڑ چلائے جائینگے تو وہ چمکتا ہوا ریت ہو جائینگے۔ بیشک جہنم گھات کی جگہ ہے (اور)

مِرْصَادًا ۝ لِّلطَّاغِينَ مَآبًا ۝ لَّابِثِينَ فِيهَا أَحْقَابًا ۝ لَا

سرکشوں کے رہنے کا مقام ہے۔ جس میں وہ مدتوں رہینگے۔ نہ

يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَلَا شَرَابًا ۝ إِلَّا حَمِيمًا وَغَسَّاقًا ۝

اسمیں ٹھنڈے پانی کا مزہ چکھینگے اور نہ سوائے گرم پانی اور بہتی پیپ کے کسی اور پینے کی چیز کا (انکے عقائد و

جَزَاءً وِفَاقًا ۝ إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَابًا ۝ وَ

اعمال کا) یہ پورا (پورا) بدلا ہوگا۔ بیشک وہ حساب (و کتاب) کی امید نہ رکھتے تھے۔ اور

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّابًا ۝ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَابًا ۝ فَذُوقُوا

ہماری نشانیوں کو (بہت کچھ) جھٹلایا کرتے تھے۔ اور ہم نے لکھ (لکھ) کر ہر چیز کو شمار کر لیا ہے۔ لہٰذا (ہم کہینگے کہ)

فَلَن نَّزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا ۝ إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا ۝ حَدَائِقَ

چکھو کہ ہم سوائے عذاب کے تمہارے لئے اور کچھ نہ بڑھائینگے۔ بیشک پرہیزگاروں کے لئے کامیابی ہے۔ (یعنی) باغات

وَأَعْنَابًا ۝ وَكَوَاعِبَ أَتْرَابًا ۝ وَكَأْسًا دِهَاقًا ۝ لَا

اور انگور۔ اور نوخیز ہمسن عورتیں۔ اور چھلکتا ہوا پیالہ۔ وہ اُن

يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا كِذَّابًا ۝ جَزَاءً مِّن رَّبِّكَ

(جنتوں) میں نہ کوئی بیہودہ بات سنینگے اور نہ کوئی جھوٹ۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے بدلا ہوگا

عَطَاءً حِسَابًا ۝ رَّبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

اور پورا (پورا) عطیہ۔ (یعنی) آسمانوں کے اور زمین کے اور جو کچھ اُن دونوں کے مابین ہے

الرَّحْمَٰنِ لَا يَمْلِكُونَ مِنْهُ خِطَابًا ۝ يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ

جسکے مالک (خدائے) رحمٰن کی طرف سے جس سے وہ بات نہ کر سکینگے (اُس دن) جس دن روح (جبرئیل) اور فرشتوں



وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۖ لَّا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ

(برابر کھڑے) اور فرشتے صف بصف کھڑے ہونگے۔ (مگر) بات نہ کر سکیں گے سوائے اُسکے جسے (خدائے) رحمٰن نے

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ

اجازت دی ہو اور وہ (بھی ٹھیک) ٹھیک کہیگا۔ یہ دن برحق ہے۔ اب جو چاہے

شَآءَ اتَّخَذَ إِلٰى رَبِّهِ مَآبًا ۝ إِنَّآ أَنذَرْنٰكُمْ عَذَابًا

اپنے پروردگار کے پاس ٹھکانا بنالے۔ بیشک ہمنے تم کو قریب آنیوالے عذاب سے ڈرایا۔

قَرِيبًا ۚ يَوْمَ يَنظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَيَقُولُ

(اُس دن کے عذاب سے) جس دن آدمی وہ کچھ دیکھ لیگا جو کچھ اُسکے ہاتھوں پہلے بھیج چکا ہے۔ اور کافر

الْكَافِرُ يٰلَيْتَنِي كُنتُ تُرٰبًا ۝

کہیگا کہ کاش میں (آج) مٹی ہوتا۔

سورة النّٰزعٰت مكيّة وهي ستّ واربعون اٰية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۝ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۝ وَّالسّٰبِحٰتِ

قسم ہے بہ شدت جان نکالنے والے فرشتوں کی۔ اور بہت آہستہ سے روح کھینچ لینے والوں کی۔ اور قسم ہے روحوں کی

سَبْحًا ۝ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۝ فَالْمُدَبِّرٰتِ أَمْرًا ۝

(ساتھ ساتھ) تیرتے پھرنیوالوں کی۔ پھر سبقت کرکے (جنت کی طرف) لیجانیوالوں کی پھر (امور عالم کی) تدبیر کرنیوالوں کی


يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝ قُلُوبٌ

جس دن (نفخ صور کی) ایک بڑی دہلانیوالی آواز آئیگی۔ اُسکے بعد (اُسی کی ایک) دوسری آواز آئیگی۔ دل اُس دن

يَوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝ أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝ يَقُولُونَ

سخت خوف زدہ ہونگے۔ آنکھیں اُن (دلوں) کی جھکی ہوئی ہونگی۔ (کفار) کہتے ہیں کہ

تفسیر مجمع البیان میں جناب امیر المؤمنین علیہ السلام سے بھی یہی مضمون مروی ہے۔ ۱۲



ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ۝ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا

کیا ہم (مرنے کے بعد) پہلی حالت پر لوٹا دیے جائینگے؟ کیا اُس وقت بھی کہ ہم کھوکھلی ہڈیاں ہوجائینگے

نَّخِرَةً ۝ قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۝ فَاِنَّمَا

(ہم زندہ ہوسکتے ہیں)؟ (کافروں نے) کہا کہ اُس صورت میں تو یہ لوٹنا بڑا ہی نقصان دہ ہوگا۔ پھر (نفخ صور کی)

هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ۝

آواز تو صرف ایک جھڑکی ہوگی۔ کہ یکایک وہ کھلے میدان میں ہونگے۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ

آیا تمہیں موسیٰ کا قصہ پہنچا ہے؟ جبکہ اُن کو اُنکے پروردگار نے

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ۝ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ

طُویٰ کے پاک میدان میں پکار کر کہا فرعون کے پاس جاؤ کہ وہ سرکش

طَغٰى ۝ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ۝ وَاَهْدِيَكَ

ہوگیا ہے۔ پھر اُس سے کہو کہ آیا تجھے اِس بات کی خواہش ہے کہ تو (شرک سے) پاک ہوجائے۔ اور

اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ۝ فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ۝ فَكَذَّبَ

میں تجھے تیرے پروردگار کی راہ بتلاؤں کہ تو ڈرے۔ چنانچہ اُسکو بڑی کر بڑی نشانی دکھلائی۔ مگر اُس نے جھٹلایا

وَعَصٰى ۝ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ۝ فَحَشَرَ فَنَادٰى ۝ فَقَالَ

اور نافرمانی کی۔ پھر لوٹ گیا اور (برخلاف) تدبیر کرنے لگا۔ اور لوگوں کو جمع کیا اور پکار کر کہا کہ میں

اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ۝ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ۝

تم سب کا سب سے اعلیٰ پروردگار ہوں۔ پھر خدا نے اُسکو قولِ آخر اور قولِ اوّل کے عذاب میں دھر پکڑا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا

بیشک اِس (واقعے) میں اُس شخص کے لیے عبرت ہے جو ڈرے۔ آیا خلقت میں تم زیادہ مضبوط ہو یا

اَمِ السَّمَآءُ ۚ بَنٰهَا ۝ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ۝ وَ

آسمان جس کو اُس نے بنایا؟ اُس کی بلندی کو بڑھایا پھر اُس کو درست کیا۔ اور

وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰىۙ

أَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحٰهَا ۝ وَالْأَرْضَ بَعْدَ

اسکی رات اندھیری بنی اور اسکی دھوپ نکالی اور بعد اس کے

ذٰلِكَ دَحٰهَا ۝ أَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰهَا ۝

زمین کو بچھا دیا۔ اس کا پانی اور اس کی چراگاہ اسی سے نکالی۔

وَالْجِبَالَ أَرْسٰهَا ۝ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ ۝ فَإِذَا

اور پہاڑوں کو اسی (بیچ میں) قائم کیا۔ (کہ) تمہارے لیے اور تمہارے جانوروں کیلیے نفع (ہو) پھر جب

جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ۝ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنْسَانُ

بڑی مصیبت (قیامت) آجائیگی (اس دن) جس دن انسان اپنے کیے کو

مَا سَعٰى ۝ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِمَنْ يَّرٰى ۝ فَأَمَّا مَنْ

یاد کریگا۔ اور ہر اس شخص کے لیے جو دیکھتا ہوگا جہنم نمایاں کردیجائیگی۔ پس جس نے

طَغٰى ۝ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ فَإِنَّ الْجَحِيمَ هِيَ

سرکشی کی ہوگی۔ اور زندگانی دنیا کو اختیار کیا ہوگا تو یقیناً اسکا ٹھکانا جہنم

الْمَأْوٰى ۝ وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى

ہوگا۔ اور جو اپنے پروردگار کی حضور میں کھڑے ہونے سے ڈرتا ہوگا اور نفس کو

النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوٰى ۝

خواہشوں سے روکتا رہا ہوگا یقیناً جنت اس کا ٹھکانا ہوگا۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسٰهَا ۝ فِيمَ أَنْتَ

لوگ تم سے قیامت کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہ اسکا وقت کونسا ٹھیرا ہے؟ اسکے بتلانے سے


مِنْ ذِكْرٰىهَا ۝ إِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا ۝ إِنَّمَا أَنْتَ

تم کو کیا کام ہے؟ (کہدو کہ) تمہارے پروردگار تک اسکی انتہا ہے۔ تم تو اس شخص کو ڈرانیوالے

مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰهَا ۝ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا

ہو جو قیامت سے ڈرتا ہو۔ جس دن وہ اسکو دیکھینگے یہ سمجھینگے کہ وہ (دنیا میں) نہیں

۱؎ مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى کی تفسیر میں ہے کہ ایسے بندہ کا ذکر ہے جو خدا کی نافرمانی پر قدرت رکھتا ہوا اور نافرمانی کو نافرمانی بمجھتا



إِلَّا عَشِيَّةً أَوْ ضُحٰهَا ۝

رہے ہیں مگر شام کی یا صبح کی۔

سُورَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثِنْتَانِ وَأَرْبَعُونَ آيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

عَبَسَ وَتَوَلّٰى ۝ أَنْ جَآءَهُ الْأَعْمٰى ۝ وَمَا يُدْرِيْكَ

(ایک شخص نے (احس) تیوری چڑھائی اور منہ پھیر لیا کہ نبی کے پاس ایک نابینا آگیا۔ اور تجھ کو کیا معلوم ہے

لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰى ۝ أَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ۝ أَمَّا مَنِ

شاید کہ وہ پاکیزہ ہو جائے۔ یا نصیحت حاصل کرلے تو وہ نصیحت اسکو نفع پہنچائے۔ لیکن جو

اسْتَغْنٰى ۝ فَأَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ۝ وَمَا عَلَيْكَ أَلَّا يَزَّكّٰى ۝

مالدار ہے اُسکے لیے تو تو آمادہ رہتا ہے حالانکہ تجھ کو اسکی کچھ پروا نہونی چاہیے کہ وہ پاکیزہ نہیں

وَأَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ۝ وَهُوَ يَخْشٰى ۝ فَأَنْتَ عَنْهُ

اور وہ جو تیرے پاس نیکی کی غرض کو آتا ہے اور وہ (خدا سے بھی) ڈرتا ہے تو اُس سے تو اعراض

تَلَهّٰى ۝ كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ فِيْ

کرتا ہے۔ حق یہ ہے کہ یہ قرآن (کا سورہ) تو ایک نصیحت ہے۔ پس جو چاہے اِسے یاد رکھے۔ (اصل کتاب)

صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۝ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝ بِأَيْدِيْ

معزز بلند مرتبہ اور پاک صحیفوں میں ہے جو نیکوکار و بزرگ سفیروں کے

سَفَرَةٍ ۝ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ۝ قُتِلَ الْإِنْسَانُ مَا أَكْفَرَهٗ ۝

ہاتھوں میں رہی۔ غارت ہو انسان وہ کیسا ناشکرا ہے۔

مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۝ مِنْ نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۝

اُسے (خدا نے) پیدا کس چیز سے کیا ہے؟ نطفہ ہی سے تو اُسے پیدا کیا پھر اسکے لیے تقدیر مقرر کی

ع ٢ — وقف لازم — المنزل ٧

۱ ایسے عتاب کے لائق نہیں ہو سکتے۔ الزام ہی کیوں نہ آجائے ۱۲

ثُمَّ السَّبِيلَ يَسَّرَهُ ۝ ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ ۝ ثُمَّ إِذَا

پھر راہ اُسکے لیے آسان کر دی۔ پھر اُسے موت دی پھر اُسے قبر میں پہنچا دیا۔ پھر جب چاہیگا

شَاءَ أَنشَرَهُ ۝ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ ۝ فَلْيَنظُرِ

اُسے اُٹھا لیگا۔ کبھی نہیں جو کچھ خدا نے اُسکو حکم دیا اُسے پورا نہ کیا۔ اب انسان کو چاہیے کہ

الْإِنسَانُ إِلَىٰ طَعَامِهِ ۝ أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا ۝

اپنے کھانے کی طرف غور کرے کہ ہم نے پانی زور سے برسایا۔

ثُمَّ شَقَقْنَا الْأَرْضَ شَقًّا ۝ فَأَنبَتْنَا فِيهَا حَبًّا ۝ وَ

پھر ہم نے (ہی) اچھی طرح سے زمین کو پھاڑ دیا۔ پھر ہم نے (ہی) اُس میں غلہ اور

عِنَبًا وَقَضْبًا ۝ وَزَيْتُونًا وَنَخْلًا ۝ وَحَدَائِقَ

انگور اور چارہ اور زیتون اور کھجوریں اور گھنجان باغ

غُلْبًا ۝ وَفَاكِهَةً وَأَبًّا ۝ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ ۝

اور میوے اور گھاس خود تمہارے نفع کیلئے اور تمہارے چارپایوں کے نفع کیلئے پیدا کیے

فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ ۝ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ۝

پھر جب کانوں کے پردے پھاڑ دینے والی (چیخ) آجائیگی تو اُس دن آدمی اپنے بھائی سے

وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ۝ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ ۝ لِكُلِّ امْرِئٍ

اور اپنی ماں سے اور اپنے باپ سے اور اپنی جورو سے اور اپنے بچوں سے بھاگتا پھریگا۔ اور اُس دن اُن میں سے ہر شخص

مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ۝ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ

کی ایک (خاص) حالت ہوگی جو اُسے (اوروں سے) بے پروا کر دیگی۔ بہت سے چہرے اُس دن روشن

مُّسْفِرَةٌ ۝ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝ وَوُجُوهٌ

خنداں (اور) شاداں ہونگے اور بہت سے چہرے اُس دن گرد

يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ أُولَٰئِكَ

میں اٹے ہوئے ہونگے کہ اُن پر سیاہی چھا جائیگی۔ (اور) یہی تو



هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝

کفار (اور) بدکار ہیں۔

سُورَةُ التَّكْوِيرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝ وَإِذَا النُّجُومُ انْكَدَرَتْ ۝

جبکہ سورج کی روشنی لپیٹ دیجائیگی۔ اور جبکہ تاروں کی روشنی جاتی رہیگی۔

وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝ وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝ وَ

اور جبکہ پہاڑ چلائے جائینگے۔ اور جبکہ گیابھن اونٹنیاں بیکار ہوجائینگی۔ اور

إِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ ۝ وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝

جبکہ جانور جمع کیے جائینگے۔ اور جبکہ دریاؤں میں آگ لگ جائیگی۔

وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ ۝ وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ ۝

اور جبکہ (نیک و بد) نفسوں کے جوڑے ملائے جائینگے۔ اور جبکہ زندہ دفن کی ہوئی (لڑکی) سے سوال کیا جائیگا

بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ ۝ وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝ وَإِذَا

کہ وہ کس گناہ پر ماری گئی تھی اور جبکہ نامۂ اعمال پھیلائے جائینگے۔ اور جبکہ

السَّمَاءُ كُشِطَتْ ۝ وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ ۝ وَإِذَا

آسمان (اپنے مقام سے) کھینچ لیا جائیگا۔ اور جبکہ دوزخ بھڑکائی جائیگی۔ اور جبکہ

الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ۝ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَا أَحْضَرَتْ ۝

جنت قریب کردی جائیگی۔ تو ہر نفس جان لیگا کہ وہ (کیا) کیا لیکر آیا ہے۔

فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۝ وَاللَّيْلِ

تو قسم ہے مجھ کو چھپنے اور چلنے والوں اور پھر چھپنے والوں کی اور رات کی

اس سے مراد وہ امام ہے جو ۲۶۰ھ میں چھپ جائیگا پھر اس طرح ظاہر ہوگا جیسے اندھیری رات میں شہاب۔ اور اگر تو (اُس) زمانہ کو پالیا تو تیری آنکھیں ٹھنڈی ہوجائینگی ۱۲



إِذَا عَسْعَسَ ۝ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلُ

جبکہ وہ خوب تاریک ہو جائے۔ اور صبح کی جبکہ وہ روشن ہو جائے۔ بیشک یہ (قرآن) ایک معزز قوت

رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝ ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ۝

والے رسول کی زبانی آیا ہے جو صاحب عرش کے ہاں رتبہ والا سردار

مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ۝ وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ ۝ وَ

و امین ہے۔ اور تمہارا ساتھی دیوانہ نہیں ہے۔ اور

لَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ۝ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ

یقیناً انہوں نے اس (جبرئیل) کو آسمان کے کنارے کھلا دیکھا ہے۔ اور وہ غیب کی باتوں کے بارے میں

بِضَنِينٍ ۝ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ۝ فَأَيْنَ

بخیل نہیں ہے۔ اور نہ یہ شیطان ملعون کا قول ہے۔ تم پھر کدھر

تَذْهَبُونَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۝ لِمَن

(بہکے) جاتے ہو۔ یہ اور کچھ نہیں ہے مگر تمام عالموں کے لیے نصیحت۔ (خاص کر) اس

شَاءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ ۝ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا

شخص کے واسطے جو تم میں سے سیدھی راہ چلنا چاہے۔ اور تم کچھ بھی نہ چاہو گے سوائے اسکے

أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝

کہ جو اللہ تمام عالموں کا پروردگار چاہے۔

سُورَةُ الانفطار مكية وهي تسع عشرة آية

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

إِذَا السَّمَاءُ انفَطَرَتْ ۝ وَإِذَا الْكَوَاكِبُ

جبکہ آسمان پھٹ جائیگا اور جبکہ تارے گر کر



قُلُوبِهِمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ○ كَلَّا إِنَّهُمْ عَنْ رَبِّهِمْ

کیا کرتے تھے اُس سے اُنکے دل سیاہ ہوگئے ہیں۔ اتنا ہی نہیں اُس دن وہ اپنے پروردگار کی

يَوْمَئِذٍ لَمَحْجُوبُونَ ○ ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيمِ ○ ثُمَّ

رحمت سے بھی یقیناً محروم رہینگے۔ پھر وہ جہنم میں بھی یقیناً جلینگے۔ پھر

يُقَالُ هَٰذَا الَّذِي كُنْتُمْ بِهِ تُكَذِّبُونَ ○ كَلَّا إِنَّ

اُنسے یہ کہا جائیگا کہ جسکو تم جھٹلایا کرتے تھے وہ یہی ہے۔ حق یہ ہے کہ بیشک

كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ ○ وَمَا أَدْرَاكَ مَا

نیک لوگوں کا نوشتہ علیین میں ہوگا۔ اور تم کو کیا خبر ہے کہ علیون

عِلِّيُّونَ ○ كِتَابٌ مَرْقُومٌ ○ يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ ○

کیا ہے؟ وہ لکھا ہوا نوشتہ ہے۔ جسکو مقربانِ بارگاہِ الٰہی دیکھتے رہتے ہیں۔

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ○ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنْظُرُونَ ○

بیشک نیک لوگ بہشت میں تختوں پر بیٹھے نظارے کرتے ہونگے۔

تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ○ يُسْقَوْنَ مِنْ

اُن کے چہروں سے تم ناز و نعم کی تروتازگی پہچان لوگے۔ اُن کو سربمہر خالص

رَحِيقٍ مَخْتُومٍ ○ خِتَامُهُ مِسْكٌ ۚ وَفِي ذَٰلِكَ

شراب پلائی جائیگی۔ جس کی مُہر مشک کی ہوگی۔ اور خواہش کرنیوالوں کو

فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ○ وَمِزَاجُهُ مِنْ تَسْنِيمٍ ○

اُس کی خواہش کرنی چاہیے۔ اور اُس میں آبِ تسنیم کی آمیزش ہوگی۔

عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ○ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا

یہ ایک چشمہ ہے جس میں سے مقربانِ بارگاہِ الٰہی پیئیں گے۔ بیشک جو لوگ گنہگار تھے

كَانُوا مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ ○ وَإِذَا مَرُّوا

وہ ایمان لانیوالوں سے ہنسی کیا کرتے تھے۔ اور جب اُن کے پاس سے



بهم يتغامزون ○ وإذا انقلبوا إلى أهلهم انقلبوا

گزرتے تو چشمک زنی کیا کرتے تھے۔ اور جب اپنے گھر کو لوٹتے تو (خوش)

فكهين ○ وإذا رأوهم قالوا إن هؤلاء

اترتے آتے تھے۔ اور جب اُن (مومنوں) کو دیکھتے تو کہتے تھے کہ یہ وہی لوگ ہیں جو

لضالون ○ وما أرسلوا عليهم حفظين ○

یقیناً گمراہ ہیں۔ حالانکہ وہ اُن پر نگراں بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے۔

فاليوم الذين آمنوا من الكفار يضحكون ○

تو آج کے دن وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں کافروں سے ہنسیں گے۔

على الأرائك ينظرون ○ هل ثوب الكفار

تختوں پر بیٹھے نظارے کرینگے۔ (اور کہینگے کہ) آیا کافروں کو جو کچھ وہ کیا کرتے

ما كانوا يفعلون ○

تھے اُسکا (پورا پورا) بدلا مل گیا؟

ع ٣٦ / ٨

سورة الانشقاق مكية وهي خمس وعشرون آية

آياتها ٢٥ — كلماتها ١٠٨ — حروفها ٤٣٥ — ركوعها ١

بسم الله الرحمن الرحيم ○

(شروع کرتا ہوں) خدا کے نام سے (جو) رحمٰن (و) رحیم (ہے)

إذا السماء انشقت ○ وأذنت لربها وحقت ○

جب آسمان پھٹ جائیگا اور اپنے پروردگار کا حکم سُن لیگا اور ہونا بھی یونہی چاہئے۔

وإذا الأرض مدت ○ وألقت ما فيها وتخلت ○

اور جب زمین تان دی جائیگی اور جو کچھ اُس میں ہے اُسے نکال کر ڈال دیگی اور خالی ہو جائیگی

وأذنت لربها وحقت ○ يا أيها الإنسان إنك

اور اپنے مالک کا حکم سُن لیگی اور ہونا بھی یونہی چاہیے (تب قیامت آجائیگی) اے انسان تو اپنے پروردگار کی

كَادِحًا إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ ۝ فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ

حضور میں پہنچنے کی سخت کوشش کرنیوالا ہے تو اُس سے جا ملیگا۔ پس جس شخص کو اسکا نامۂ اعمال اُسکے

كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ ۝ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا ۝

داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا تو آگے چلکر اُس سے حساب بھی آسان لیا جائیگا۔

وَيَنقَلِبُ إِلَىٰ أَهْلِهِ مَسْرُورًا ۝ وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ

اور وہ اپنے بال بچوں کی طرف خوش خوش پلٹ آئیگا۔ اور رہا وہ جسکا نامۂ اعمال اُسکے

كِتَابَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ ۝ فَسَوْفَ يَدْعُو ثُبُورًا ۝ وَ

پس پشت سے دیا جائیگا تو وہ آگے بڑھکر موت ہی موت پکاریگا اور

يَصْلَىٰ سَعِيرًا ۝ إِنَّهُ كَانَ فِي أَهْلِهِ مَسْرُورًا ۝ إِنَّهُ

جہنم واصل ہوگا۔ بیشک وہ اپنے اہل و عیال میں خوش (خوش) تھا۔ یقیناً وہ

ظَنَّ أَن لَّن يَحُورَ ۝ بَلَىٰ ۚ إِنَّ رَبَّهُ كَانَ بِهِ

یہ گمان کرتا تھا کہ پھر پلٹ کر نہ آئیگا۔ (یقیناً) ضرور ہے۔ بیشک اسکا پروردگار اُس کا

بَصِيرًا ۝ فَلَا أُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝ وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝

نگراں تھا۔ پس قسم ہے شفق کی اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ ڈھانک لیتی ہے انکی

وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ ۝ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَن طَبَقٍ ۝ فَمَا

اور چاند کی جبکہ وہ پورا ہو جائے تم ضرور منزل بمنزل (پہلوں کی راستے پر) چلوگے۔ تو انہیں کیا ہوگیا

لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ

ہے کہ وہ ایمان نہیں لاتے۔ اور جب اُنکے سامنے قرآن مجید پڑھا جاتا ہے تو

لَا يَسْجُدُونَ ۝ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا يُكَذِّبُونَ ۝ وَاللَّهُ

سجدہ نہیں کرتے۔ بات یہ ہے کہ جو لوگ کافر ہوگئے ہیں وہ جھٹلاتے ہیں۔ اور جو کچھ یہ لوگ دل میں

أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ ۝ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝

رکھتے ہیں اللہ اُس سے خوب واقف ہے۔ اب تم اُن کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو

مع عند المتاخرین ۱۲

سجدۃ مسنونۃ

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ

وہ اس سے مستثنٰے ہیں، جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے کہ ان کے لیے

غَيْرُ مَمْنُونٍ ۝

بے انتہا ثواب ہے۔

سورۃ البروج مکیۃ وہی اثنتان وعشرون آیۃ

آیاتها ۲۲ — کلماتها ۱۰۹ — حروفها ۴۷۵ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ ۝ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ ۝

قسم ہے برجوں والے آسمان کی اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے

وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ ۝ قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ ۝

اور گواہی دینے والے کی اور جس کی گواہی دیگئی اسکی۔ دہکتی ہوئی آگ کی خندقوں والے اس حال

النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ ۝ إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ ۝ وَهُمْ

میں قتل کیے گئے تھے کہ وہ ان خندقوں کے کنارے بیٹھے ایمان والوں

عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ ۝ وَمَا نَقَمُوا

کے ساتھ میں جو سلوک کر رہے تھے اسکا تماشہ دیکھ رہے تھے۔ اور انکو انکی کوئی بات بری

مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ۝ الَّذِي

نہیں لگی تھی مگر یہی کہ وہ اس زبردست لائق تعریف خدا پر ایمان لائے تھے۔ جسکے لیے

لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہت ہے۔ اور اللہ ہر چیز سے

شَهِيدٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

واقف ہے بیشک جن لوگوں نے ایمان دار مردوں اور ایمان دار عورتوں کو تکلیف دی

کے بارے میں جو کچھ لکھا گیا ہے وہ حصے میں ملاحظہ کیجیے)۔

ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ ۝
پھر توبہ نہ کی تو اُنکے لیے جہنم کا عذاب ہے اور اُنہی کے لیے جلنے کا عذاب بھی ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي
یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اُنکے لیے ایسے باغات ہیں جنکے نیچے

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ ۝ إِنَّ بَطْشَ
ندیاں بہتی ہیں۔ یہی تو بڑی کامیابی ہے۔ یقیناً تمہارے پروردگار کی

رَبِّكَ لَشَدِيدٌ ۝ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيدُ ۝ وَهُوَ
گرفت بڑی سخت ہے۔ بیشک وہی نے سرے سے پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا کریگا اور

الْغَفُورُ الْوَدُودُ ۝ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ ۝ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ ۝
وہ بڑا بخشنے والا بڑا محبت کرنیوالا بڑے عرش کا مالک (اور) جو کچھ چاہے اُس کا کرنیوالا ہے۔

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ ۝ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ ۝ بَلِ
آیا تمہارے پاس لشکروں کی خبر آئی ؟ (یعنی) فرعون و ثمود کی بات یہ ہے کہ

الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ ۝ وَاللَّهُ مِنْ وَرَائِهِمْ مُحِيطٌ ۝
جو کافر ہوگئے ہیں وہ جھٹلانے میں لگے ہوئے ہیں اور اللہ ہر طرف سے اُنکا احاطہ کیے ہوئے ہے۔

بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَجِيدٌ ۝ فِي لَوْحٍ مَحْفُوظٍ ۝ ع ٢٢
حقیقت یہ ہے کہ یہ بزرگ قرآن لوح محفوظ میں ہے۔

سُورَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعَ عَشْرَةَ آيَةً

آیاتها ١٧ — رکوعها ١ — کلماتها ٦١ — حروفها ٢٥٤

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الطَّارِقُ ۝
قسم ہے آسمان کی اور قسم ہے (کوکب سحری) رات میں آنیوالے کی۔ اللہ کیا سمجھے کہ (کوکب سحری) رات میں آنیوالا کیا ہے



النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ إِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝

وہ چمکتا ہوا تارہ ہے۔ ایک نفس بھی ایسا نہیں کہ اسکا کوئی نگہبان مقرر نہو۔

فَلْيَنظُرِ الْإِنسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِن مَّاءٍ دَافِقٍ ۝

پس انسان کو چاہیے غور کرے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔ وہ اچھلتے ہوئے پانی سے پیدا کیا گیا ہے۔

يَخْرُجُ مِن بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ ۝ إِنَّهُ عَلَىٰ رَجْعِهِ

جو پشت اور سینے کی ہڈیوں کے مابین سے نکل کر آتا ہے۔ بیشک وہ (خدا) اسکے دوبارہ

لَقَادِرٌ ۝ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ ۝ فَمَا لَهُ مِن قُوَّةٍ

لانے پر ضرور قدرت رکھتا ہے جس دن پوشیدہ باتیں جانچی جائینگی پس نہ اس دن اسکا کچھ زور ہوگا

وَلَا نَاصِرٍ ۝ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْأَرْضِ

اور نہ کوئی مددگار۔ قسم ہے گردش کرنیوالے آسمان کی اور پھٹنے والی

ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝ وَمَا هُوَ

زمین کی بیشک یہ (قرآن) ضرور طے شدہ بات ہے۔ اور یہ کوئی ہزل (قافیہ)

بِالْهَزْلِ ۝ إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ۝ وَأَكِيدُ كَيْدًا ۝

نہیں ہے۔ بیشک وہ ایک چال چلتے ہیں۔ اور میں ایک تدبیر کرتا ہوں۔

فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

سو تم کافروں کو مہلت دیدو انکو کچھ عرصہ کے لیے چھوڑ دو۔

سورۃ الاعلیٰ مکیۃ وھی تسع عشرۃ اٰیۃ

آیاتها ۱۹ — رکوعها ۱ — کلماتها ۷۲ — حروفها ۲۹۹

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى ۝ الَّذِي خَلَقَ فَسَوَّىٰ ۝

اپنے عالیشان پروردگار کے نام کی تسبیح کر۔ جسنے پیدا کیا پھر درست کیا۔

اللھم لک رکعت۔ اور سجدے میں کہے اللھم لک سجدت ۱۲

وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝ فَجَعَلَهٗ

اور جسنے اندازہ کیا پھر راہبری فرمائی۔ اور جس نے چارہ اُگایا۔ پھر اُس کو

غُثَآءً اَحْوٰى ۝ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ

خشک اور سیاہ کر دیا۔ (اے رسولؐ) عنقریب ہم تمکو پڑھائینگے پھر تم نہ بھولوگے۔ مگر جو خدا چاہے۔ بیشک وہ

يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝ فَذَكِّرْ اِنْ

ظاہر کو بھی جانتا ہے اور چھپی بات کو (بھی)۔ اور ہم تمہارے لیے ایک سہل طریقہ کو آسان کر دینگے۔ پس نصیحت کرتے رہو اگر

نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝

نصیحت فائدہ پہنچائے۔ جو (اللہ سے) ڈرتا ہے وہ عنقریب نصیحت حاصل کریگا۔ اور وہ بدبخت اُس (نصیحت) سے کنارہ کریگا

الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا

جو بڑی آگ میں جائیگا۔ پھر اُس میں نہ اُسکو موت ہی آئیگی نہ زندہ ہی

يَحْيٰى ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝

رہیگا۔ (یعنی راحت نہ ملیگی) اُسنے یقیناً فلاح پائی جو پاک رہا۔ اور اپنے پروردگار کے نام کو یاد کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّ

لیکن تم زندگانی دنیا کو مقدم رکھتے ہو حالانکہ آخرت زیادہ اچھی اور زیادہ باقی رہنے والی ہے۔ بیشک

هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝

یہی مضمون پہلی کتابوں میں بھی ہے۔ (یعنی) ابراہیم اور موسٰی کی کتابوں میں۔

سورۃ الغاشیۃ مکیۃ وھی ست وعشرون اٰیۃ

آیاتہا ٢٦ ۔ رکوعہا ١ ۔ کلماتہا ٩٢ ۔ حروفہا ٣٨٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۝ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

کیا تمہارے پاس ڈھانپنے والی (مصیبت) کا ذکر بھی پہنچا ہے؟ اُس دن کتنے ہی چہرے

الغاشیۃ کی تفسیر میں منقول ہے کہ جناب قائم آل محمدؑ انکو تلوار سے احاطہ کرلینگے۔ اور خاشعۃ کا یعنی یہ ہے کہ وہ لوگ حضرتؑ کی تلوار کو برداشت نہ کرسکیں گے۔ عاملۃ کا مطلب ہے کہ ...

[illegible]

خَاشِعَةٌ ۙ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۙ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۙ

رسوا ہونگے۔ مشقتیں جھیلنے تھکے ہوئے بھڑکتی ہوئی آگ میں چلے جائینگے

تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۗ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ

(انہیں) کھولتے ہوئے چشمے کا پانی پلایا جائیگا۔ انکا کھانا سوا ضریع (جنمی خاردار تلخ کھانا) کے اور کچھ

ضَرِيْعٍ ۙ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۗ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

نہوگا۔ جو نہ تو موٹاپا ہی کریگا اور نہ بھوک سے ہی بچائیگا۔ (اور) کچھ چہرے اُس دن خوشحال

نَّاعِمَةٌ ۙ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۙ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۙ لَّا تَسْمَعُ

اور اپنی کوشش سے نہال ہونگے۔ عالیشان باغ میں ہونگے کہ اُس میں کوئی

فِيْهَا لَاغِيَةً ۗ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۘ فِيْهَا سُرُرٌ

فضول بات نہ سنینگے۔ اُس میں بہتا ہوا چشمہ ہوگا اور اُس میں اونچے اونچے

مَّرْفُوْعَةٌ ۙ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ۙ وَّنَمَارِقُ

تخت ہونگے۔ اور چنے ہوئے آبخورے۔ اور برابر لگے ہوئے

مَصْفُوْفَةٌ ۙ وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ۗ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ

تکیے۔ اور بچھی ہوئی مسندیں۔ تو کیا وہ اونٹ کی طرف

اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ۟ وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ

نہیں دیکھتے کہ وہ کیونکر پیدا کیا گیا ہے؟ اور آسمان کی طرف (نہیں دیکھتے) کہ وہ کیونکر

رُفِعَتْ ۟ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ۟ وَاِلَى الْاَرْضِ

بلند کیا گیا ہے؟ اور پہاڑوں کی طرف (نہیں دیکھتے) کہ وہ کیونکر قائم کیے گئے ہیں؟ اور زمین کی طرف (نہیں دیکھتے)

كَيْفَ سُطِحَتْ ۟ فَذَكِّرْ ۟ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ۗ لَسْتَ

کہ وہ کیونکر بچھائی گئی ہے؟ پس نصیحت کرو۔ تم تو فقط نصیحت کرنیوالے ہو۔ تم اُن پر کوئی

عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ۙ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ۙ فَيُعَذِّبُهُ

داروغہ تو ہو نہیں؟ سوائے اُس شخص کے جو روگرداں ہوا اور کافر ہوگیا کہ اللہ اسکو بہت بڑا

اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ۝ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ۝

عذاب دیگا — یقینًا ہماری ہی طرف اُن سب کا آنا ہی۔

ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ۝

پھر ہماری ہی ذمے اُن سب کا حساب لینا ہے۔

ع ١ — ٢٦ — ١٣ — نصف

سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

رکوعہا ١ — اٰیاتہا ٣٠ — کلماتہا ١٣٧ — حروفہا ٥٨٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْفَجْرِ ۝ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۝ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۝

قسم ہی صبح کی۔ اور دس راتوں کی اور جفت کی اور طاق کی۔

وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۝ هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ۝

اور رات کی جبکہ وہ قریب ختم ہو۔ ضرور اِس میں صاحب عقل کے لیے قسم ہے۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝

کیا تمنے نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے قوم عاد کے ساتھ — جو ستونوں والے — اِرَم کے رہنے والے تھے

الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ

کہ ویسا شہر شہروں میں بنایا ہی نہیں گیا — اور ثمود کے ساتھ جنہوں نے میدان میں چٹانوں کو تراشا

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْاَوْتَادِ ۝

(اور اُنکو گھر بنایا) تھا اور فرعون کے ساتھ جو سزا کے لیے میخیں رکھنے والا تھا کیسا معاملہ کیا

الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝ فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۝

کہ اِن سب نے ملکوں میں سرکشی کی تھی۔ پھر اُن میں خرابی کو بہت بڑھادیا تھا۔

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝ اِنَّ رَبَّكَ

پس تمہارے پروردگار نے بھی اُنپر عذاب کا کوڑا لگایا۔ بیشک تمہارا پروردگار

صبر اور بیٹے پر قادر ہے۔ اور جناب امام جعفر صادق سے یہ منقول ہے کہ مرصاد صراط پر ایک پل ہے جس بندے پر کسی دوسرے بندے کا ظلم ہوگا وہ اُسکو عبور نہ کرسکیگا ۱۲

لَبِالْمِرْصَادِ ۝ فَأَمَّا الْإِنسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ

گھات میں ہے۔ اب رہا انسان جب اسکا پروردگار اسکو (اس طرح) آزماتا ہے کہ اسکی عزت کرتا ہے

فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ۝ وَأَمَّا إِذَا

اور اسکو نعمت دیتا ہے۔ تب تو وہ کہتا ہے کہ میرے پروردگار نے میری عزت کی۔ اور جب اسکو (اس طرح)

مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ ۝

آزماتا ہے کہ اسکا رزق اسکے لیے تنگ کر دیتا ہے تب وہ کہتا ہے کہ میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کر دیا۔

كَلَّا بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ۝ وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَىٰ

یہ ہرگز نہیں ہے۔ بات یہ ہے کہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے۔ اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب

طَعَامِ الْمِسْكِينِ ۝ وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ۝

نہیں دیتے۔ اور میراث کا مال (حلال و حرام) ملاکر سمیٹے چلے جاتے ہو۔

وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝ كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ

اور مال کو جمع کرنے کے بڑے حریص ہو۔ اتنا ہی نہیں ہے (بلکہ) جب زمین توڑ توڑ کر چکنا چور

دَكًّا دَكًّا ۝ وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ۝

کردی جائیگی اور تمہارا پروردگار (یعنی اسکا حکم) اور فرشتے صف بصف آموجود ہونگے

وَجِيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ

اور جہنم لا حاضر کی جائیگی اس دن انسان نصیحت حاصل کریگا مگر اس وقت اسکے لیے

وَأَنَّىٰ لَهُ الذِّكْرَىٰ ۝ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي ۝

نصیحت حاصل کرنا کہاں (مفید ہوگا) کہیگا کہ کاش میں نے اس زندگی کیلیے کچھ آگے بھیجا ہوتا۔

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ ۝ وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ

پس اس دن نہ تو کوئی خدا کا سا عذاب دیگا اور نہ اسکا سا جکڑنا جکڑ سکیگا۔

أَحَدٌ ۝ يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۝ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ

(فرمائیگا کہ) اے اطمینان والے نفس تو اپنے پروردگار کی طرف رجوع کر اس حال میں کہ تو اس سے



رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ۝ فَادْخُلِي فِي عِبٰدِي ۝ وَادْخُلِي جَنَّتِي ۝

راضی بھی ہو اور (اسکا) پسندیدہ (بھی)، پس تو میرے بندوں میں داخل ہو جا۔ اور میری جنت میں چلا آ۔

ع ۱۴

سورة البلد مكية وهي عشرون اية

ایاتها ۲۰ — رکوعها ۱ — کلماتها ۸۲ — حروفها ۳۴۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

لَآ أُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَأَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَ

مجھے اس شہر (مکہ) کی قسم درآنحالیکہ تم اسی شہر میں اُترے ہوئے ہو۔ اور باپ (آدم) کی اور

وَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي كَبَدٍ ۝ أَيَحْسَبُ

(اُنکی) اولاد کی قسم بیشک ہم نے انسان کو سختی میں پیدا کیا۔ کیا وہ یہ گمان کرتا ہے

أَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ ۝ يَقُولُ أَهْلَكْتُ مَالًا

کہ اُسکے اوپر کوئی بھی قابو نہ پائیگا؟ کہتا ہے کہ میں نے کثیر مال ضائع کیا۔

وقف لازم

لُّبَدًا ۝ أَيَحْسَبُ أَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ أَحَدٌ ۝ أَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ

کیا وہ یہ گمان کرتا ہے کہ اُسکو کسی نے دیکھا ہی نہیں؟ کیا ہم نے اُسکے لیے دو آنکھیں

عَيْنَيْنِ ۝ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ۝ وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۝

نہیں بنائیں؟ اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیے؟ اور ہم نے اُسکو دونوں راستے دکھلا دیے۔

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۝ وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ۝ فَكُّ

پھر بھی وہ (شکر کی) گھاٹی سے نہ گزرا۔ اور تم کیا سمجھے کہ (شکر کی) گھاٹی کیا ہے؟ کسی بندہ کی

رَقَبَةٍ ۝ أَوْ إِطْعٰمٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ ۝ يَّتِيمًا ذَا

گلو خلاصی کرنا۔ یا بھوک کے دن کسی رشتہ دار یتیم یا خاکسار مسکین

مَقْرَبَةٍ ۝ أَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۝ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِينَ

کو کھانا کھلا دینا۔ پھر وہ اُن لوگوں میں سے ہوتا جو

منزل ۷



آمَنُوا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ۝

ایمان لائے ہیں اور ایک دوسرے کو صبر کرنیکی تاکید کرتے رہتے ہیں اور ایک دوسرے کو رحم کرنیکی وصیت کرتے رہتے ہیں

أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ

ایسے ہی لوگ تو نیک فال و مبارک ہیں۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں کے منکر اور بدشگون و

أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ۝ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُؤْصَدَةٌ ۝

منحوس ہیں۔ چوطرفہ سے بند کی ہوئی آگ انہی پر ہوگی۔

ع ۱ ۱۵

سُورَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسَ عَشْرَةَ آيَةً

آیاتہا ۱۵ — رکوعہا ۱ — کلماتہا ۵۴ — حروفہا ۲۵۴

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا ۝ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا ۝ وَالنَّهَارِ إِذَا

قسم ہے سورج کی اور اسکی چڑھتی دھوپ کی قسم ہے چاند کی جبکہ وہ سورج کے پیچھے ظاہر ہو قسم ہے دن کی جبکہ (خدا) اس (آفتاب)

جَلَّاهَا ۝ وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا ۝ وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَاهَا ۝

کو روشن کردے اور قسم ہے رات کی جبکہ وہ اس (آفتاب) کو ڈھانپ لے قسم ہے آسمان کی اور اسکی جسنے اسے بنایا ہے۔

وَالْأَرْضِ وَمَا طَحَاهَا ۝ وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا ۝

اور قسم ہے زمین کی اور اسکی جسنے اسکو بچھایا ہے قسم ہے جان کی اور اسکی جسنے اسے ٹھیک پیدا کیا ہے۔

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا ۝ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا ۝

پھر اسکی بدکاری اور اسکی نیکی بھی اسکو سجھادی ہے۔ جس نے اسے پاک کرلیا وہ تو یقیناً کامیاب ہوا۔

وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسَّاهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا ۝

اور جسنے اسکو (خفیہ گناہوں میں) دبادیا وہ یقیناً ناکام رہا۔ (قوم) ثمود نے اپنی سرکشی کے سبب جھٹلایا۔

إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ نَاقَةَ اللَّهِ

جبکہ اسی قوم کا سب سے بڑا بدبخت اٹھ کھڑا ہوا۔ پس ان سے اللہ کے رسول نے کہا تھا کہ خدا کی اونٹنی



۱۴- پھر ارشاد فرمایا کہ آتش جہنم کی یہ حالت ہے کہ بعض بعض سے تیزی میں کم ہے اور بعض زیادہ مگر اس میدان کی آگ ناصبیوں کے لیے مخصوص ہے ۱۲

وَسُقْيٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۥ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ

پانی پینے کو نہ چھیڑنا پس انہوں نے رسول کو جھٹلایا اور اس اونٹنی کی کوچیں کاٹ ڈالیں پس آیا پروردگار ان پر ان کے

رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

گناہ کے سبب عذاب نازل کیا پھر انکا برابر کر دیا۔ اور اسے تو کسی کے بدلا لینے کا ڈر ہے ہی نہیں۔

ع ۱۵

سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً

آیاتہا ۲۱ — رکوعہا ۱ — کلماتہا ۷۱ — حروفہا ۳۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا خَلَقَ

قسم ہے رات کی جبکہ وہ چھا جائے۔ قسم ہے دن کی جبکہ وہ چمک اٹھے۔ قسم ہے اسکی جس نے

الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰٓى ۝ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى

نر و مادہ کو پیدا کیا ہے۔ بیشک تمہاری کوششیں مختلف ہیں۔ پس جس شخص نے دیا اور

وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝

پرہیزگاری برتی اور نیک باتوں کی تصدیق کی تو بہت جلد ہم اسے آسانی کی توفیق دینگے۔

وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ

اور رہا وہ جس نے کنجوسی کی اور بے پروائی برتی اور اچھی باتوں کو جھٹلایا تو بہت جلد ہم اسکو سختی میں

لِلْعُسْرٰى ۝ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۝ اِنَّ عَلَيْنَا

پھنسا دینگے۔ اور جب وہ مریگا تو اسکا مال اسکے کچھ کام نہ آئیگا۔ بیشک ہمارے ذمے ضرور

لَلْهُدٰى ۝ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا

ہدایت کر دینا ہے۔ اور بیشک ہمارے ہی لیے (ملک) آخرت اور دنیا ہے۔ سو میں نے تم کو بھڑکتی ہوئی آگ سے

تَلَظّٰى ۝ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝

ڈرایا ہے۔ کہ اس میں کوئی نہ جائیگا مگر وہی بدبخت جس نے جھٹلایا اور روگردانی کی۔



وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى ۝ الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّى ۝ وَمَا

اور عنقریب اُس سے وہ پرہیزگار بچا لیا جائیگا۔ جو اپنا مال اِس غرض سے دیتا ہے کہ پاک ہو جائے۔ اور اُس پر

لِأَحَدٍ عِنْدَهُ مِنْ نِعْمَةٍ تُجْزَى ۝ إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ

کسی کا احسان نہیں ہے کہ اُسکا بدلہ دیا جائے۔ بلکہ وہ اپنے عالیشان پروردگار کی

رَبِّهِ الْأَعْلَى ۝ وَلَسَوْفَ يَرْضَى ۝ [ع ٢١ / ١٧]

رضا چاہتا ہے۔ اور آگے چلکر وہ ضرور اُس سے راضی ہو جائیگا۔

سُورَةُ الضُّحَى مَكِّيَّةٌ وَهِيَ إِحْدَى عَشْرَةَ آيَةً

آیاتها ١١ — رکوعها ١ — كلماتها — حروفها ١٦٢

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالضُّحَى ۝ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا

قسم ہے دھوپ چڑھتے وقت کی اور قسم ہے رات کی جبکہ وہ چھا جائے۔ (اے رسول) تمہارا پروردگار تم سے دست بردار ہوا اور نہ ناخوش

قَلَى ۝ وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الْأُولَى ۝ وَلَسَوْفَ

ہوا۔ اور تمہارے واسطے آخرت دنیا سے کہیں بہتر ہے۔ اور آگے چلکر تمہارا

يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى ۝ أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَى ۝

پروردگار تمکو اس قدر عطا فرمائیگا کہ تم خوش ہو جاؤگے۔ کیا اُسنے تم کو یتیم نہیں پایا پھر جگہ دی۔

وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَى ۝ وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَى ۝

اور تم کو بھٹکا ہوا پایا اور منزل مقصود تک پہنچایا۔ اور تم کو محتاج پایا پھر مالدار کر دیا۔

فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝

پس اب یتیم پر ظلم نہ کرنا۔ اور سوال کرنیوالے کو نہ جھڑکنا۔

وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝ [ع ١١ / ١٨]

اور تمہارے پروردگار کی نعمت سو اُسکا ذکر کرتے رہنا۔



سورة الانشراح مكية وهي ثمان آيات

بسم الله الرحمن الرحيم

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ ۝

کیا ہم نے تمہاری خاطر سے تمہارا سینہ نہیں کھول دیا۔ اور تم سے وہ بوجھ جو تمہاری پیٹھ توڑے ڈالتا تھا

الَّذِي أَنقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَإِنَّ

(نہیں) اُتار دیا۔ اور تمہاری خاطر سے تمہارے ذکر کو بلند (نہیں) کیا۔ تو بیشک

مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَإِذَا فَرَغْتَ

تکلیف کے ساتھ راحت ہے (اور) یقیناً مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ پس جب تم فارغ ہوچکو تو اب

فَانصَبْ ۝ وَإِلَىٰ رَبِّكَ فَارْغَب ۝

(اپنا قائم مقام) مقرر کر دو۔ اور اپنے پروردگار کے حضور میں جانے کی خواہش کرو۔

ع ۱

سورة التين مكية وهي ثمان آيات

بسم الله الرحمن الرحيم

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ ۝ وَطُورِ سِينِينَ ۝ وَهَٰذَا الْبَلَدِ


قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی اور طور سینا کی اور اس امن والے

الْأَمِينِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ ۝ ثُمَّ

شہر کی بیشک ہم نے انسان کو بہت ہی اچھے کینڈے پر بنایا۔ پھر

رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِينَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا

ہم نے اُسے پست سے پست حالت کی طرف پھیر دیا سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیکیاں



الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا يُكَذِّبُكَ

کرتے رہے کہ اُنکے لیے بے انتہا ثواب ہے۔ تو (اے رسول) اُسکے بعد تمکو قیامت

بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝

کے بارے میں کون جھٹلائیگا؟ کیا خدا سب فیصلہ کرنیوالوں سے بڑھکر فیصلہ کرنیوالا نہیں ہے؟

سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعَ عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ

پڑھ اپنے پروردگار کے نام سے جس نے پیدا کیا۔ انسان کو بستہ بوند سے پیدا کیا۔

عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝

پڑھ اور تیرا ہی پروردگار سب سے زیادہ کریم ہے۔ جسنے قلم کے ذریعے سے تعلیم دی۔

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰى ۝

اور انسان کو وہ کچھ سکھا دیا جو کچھ وہ نہ جانتا تھا۔ دیکھو انسان جب اپنے آپ کو بے پروا پاتا ہے تو وہ ضرور

اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝ اَرَءَيْتَ

سرکش ہو جاتا ہے۔ بیشک تمہارے پروردگار ہی کی حضور میں تو پلٹ کر جانا ہے۔ آیا تمنے اسے بھی دیکھا

الَّذِيْ يَنْهٰى ۝ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ

جو ایک بندے کو جبکہ وہ نماز پڑھتا ہے روکتا ہے؟ آیا تم نے یہ بھی دیکھا کہ اگر وہ

عَلَى الْهُدٰى ۝ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ

ہدایت پر ہو یا باز رہنے کا حکم دیتا ہو (تو روکنا کیا معنی؟) آیا تم نے یہ بھی دیکھا کہ اگر اسنے جھٹلایا

وَتَوَلّٰى ۝ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۵

اور روگردانی کی (تو کیا نتیجہ پائیگا؟) کیا وہ یہ نہیں جانتا کہ اللہ ضرور دیکھتا ہے؟ ہرگز نہیں اگر وہ باز نہ آیا



لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۝ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۝ فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ ۝ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۝ كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝

تو ہم ضرور اسکو پیشانی کے بل گھسیٹیں گے۔ جھوٹے قصوروار کی پیشانی کے بل۔ اس وقت چاہیے کہ وہ اپنی جمعیت کو پکارلے ہم بھی جہنم کے فرشتوں کو بلالینگے۔ دیکھو! اسکا کہنا نہ مانو اور سجدہ کرو اور قربِ خدا حاصل کرو۔

سُورَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(شروع کرتا ہوں) خدا کے نام سے (جو) رحمن (و) رحیم

إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ أَمْرٍ ۝ سَلَامٌ هِيَ حَتَّى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

بیشک ہمنے اسکو شبِ قدر میں نازل کیا۔ اور تم کیا سمجھے کہ شبِ قدر کیا ہے؟ شبِ قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اس میں روح اور کل فرشتے اپنے پروردگار کے حکم سے ہر معاملہ لیکر اترتے ہیں۔ یہ (رات) فجر کے طلوع ہونے تک (سلامتی ہی) سلامتی ہے۔

سُورَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(شروع کرتا ہوں) خدا کے نام سے (جو) رحمن (و) رحیم

لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِينَ

جو کافر ہوئے ہیں وہ اہلِ کتاب میں سے اور مشرک علیحدہ ہونیوالے نہیں تھے

مُنفَكِّينَ حَتَّىٰ تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ○ رَسُولٌ مِّنَ اللَّهِ يَتْلُوا

جب تک کہ اُنکے پاس کوئی کھلی ہوئی دلیل نہ آجاتی۔ (یعنی) اللہ کی طرف سے رسول جو اُنکو

صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ○ فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ○ وَمَا تَفَرَّقَ

پاک صحیفے پڑھکر سُناتا ہے۔ جن میں پختہ نوشتے موجود ہیں۔ اور وہ لوگ جن کو

الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ○

کتاب دیگئی تھی متفرق نہیں ہوئے مگر بعد اس کے کہ اُن کے پاس کھلی دلیل آگئی۔

وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۵

حالانکہ اُنکو کچھ اور حکم نہیں دیا گیا مگر یہ کہ اللہ کی عبادت کریں خالص بندگی اُسی کی کریں (عقائد باطلہ سے)

حُنَفَاءَ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَذَٰلِكَ دِينُ

ایک طرف رہیں نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور (یہ سمجھ لیں کہ) ٹھیک ٹھیک

الْقَيِّمَةِ ○ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ

دین یہی ہے۔ بیشک اہل کتاب میں سے جو کافر ہو گئے وہ اور مشرک

وَالْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ أُولَٰئِكَ هُمْ

دوزخ کی آگ میں جائینگے (اور) ہمیشہ اُسی میں رہینگے۔ ساری مخلوق سے

شَرُّ الْبَرِيَّةِ ○ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

بدتر یہی لوگ ہیں۔ یقیناً جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک کام کیے

أُولَٰئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ○ جَزَاؤُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ

ساری مخلوق سے بہتر وہی لوگ ہیں۔ اُنکا بدلا اُن کے پروردگار کے پاس ہمیشہ رہنے کے باغ

عَدْنٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۖ

ہیں جن کے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہونگے۔

رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ ذَٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ ○

اللہ اُن سے راضی اور وہ اُس سے خوش ہونگے۔ یہ اُسی کیلیے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا رہا۔

ع ١/٨ ٢٣

آیاتہا ٨

کے لیے تم پیدا کیے گئے ہو اور جنت ہی میں تمہارا کل سازوسامان ہے۔ اور جنت ہی کی طرف تم چلے جا رہے ہو ۱۲



سورة الزلزال مدنية وهي ثمان آيات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ

جب زمین بڑے زور سے ہلا دی جائیگی اور زمین اپنے دفینے

أَثْقَالَهَا ۝ وَقَالَ الْإِنْسَانُ مَا لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ

نکال دے اور انسان کہنے لگے کہ اِسے ہو کیا گیا ہے؟ اُس دن (زمین) اپنی خبریں

أَخْبَارَهَا ۝ بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَىٰ لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ

بیان کردیگی۔ کیونکہ تمہارے پروردگار نے اُسکو حکم دیا ہوگا۔ اُس دن لوگ مختلف حالتوں میں

النَّاسُ أَشْتَاتًا لِيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ

نکلینگے تاکہ اُنکے اعمال اُنکو دکھائے جائیں۔ پس جس شخص نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی

ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ۝ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ۝

وہ اُسے دیکھ لیگا۔ اور جس نے ذرہ بھر بدی کی ہوگی وہ اُسے دیکھ لیگا۔

سورة العٰديٰت مكية وهي إحدى عشرة آية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝


رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُورِيَاتِ قَدْحًا ۝ فَالْمُغِيرَاتِ

قسم ہے سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں کی جو ہانپ اٹھتے ہیں پھر پتھروں پر نعل مار کر آگ نکالتے ہیں پھر صبح کے وقت چھاپا مارتے

صُبْحًا ۝ فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا ۝ فَوَسَطْنَ بِهِ جَمْعًا ۝ إِنَّ

ہیں۔ تو اس سے گرد و غبار بلند کر دیتے ہیں۔ پھر دشمنوں کے دل میں گھس جاتے ہیں۔ بیشک



الْإِنسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ ۝ وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ ۝

انسان اپنے رب کا بڑا ہی ناشکرا ہے۔ اور وہ اِس بات پر خود بھی ضرور گواہ ہے۔

وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۝ أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ ۝

اور وہ مال کی بہت محبت رکھتا ہے۔ کیا وہ نہیں جانتا کہ جب مُردے قبروں سے نکالے جائینگے

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ ۝ إِنَّ رَبَّهُم بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ ۝

اور سینوں کے بھید کھول دیے جائینگے اُس دن اُنکا پروردگار اُن سے ضرور واقف ہوگا۔

سورۃ القارعۃ مکیۃ وھی احدی عشرۃ اٰیۃ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الْقَارِعَةُ ۝ مَا الْقَارِعَةُ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝

کھڑکھڑانے والا (واقعہ)۔ کیا ہے وہ کھڑکھڑانے والا (واقعہ)؟ اور تم کیا سمجھے کہ وہ کھڑکھڑانے والا (واقعہ) ہے کیا؟

يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ ۝ وَتَكُونُ

وہ دن ہے جس دن آدمی ایسے ہو جائینگے جیسے بکھرے ہوئے پتنگے۔ اور پہاڑ ایسے

الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنفُوشِ ۝ فَأَمَّا مَن ثَقُلَتْ

ہو جائینگے جیسے دُھنکی ہوئی اُون۔ پس جس کے اعمالِ نیک کی تول

مَوَازِينُهُ ۝ فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ وَأَمَّا مَنْ

بھاری اُترے گی وہ تو خاطر خواہ عیش میں ہوگا۔ اور جس کے اعمال (نیک

خَفَّتْ مَوَازِينُهُ ۝ فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ

کی تول کم اُترے گی تو اُسکا ٹھکانا ہاویہ ہوگا۔ اور تم کیا سمجھے کہ ہاویہ

مَا هِيَهْ ۝ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝

کیا ہے؟ دہکتی ہوئی آگ ہے۔



سُورَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ○ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ○ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ○ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ○ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ○ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ○

زیادتی کی حرص نے تمکو غافل بنا رکھا یہانتک کہ تم نے قبروں کو دیکھا (یعنی تم کو موت آگئی) آگاہ ہو جاؤ کہ آگے چلکے تم جان لوگے پھر سن رکھو کہ آگے چلکے تم جان لوگے دیکھو اگر تم یقین کے طور پر جان لیتے (تو غافل نہوتے) تو تم دوزخ تو ضرور دیکھوگے۔ پھر تم اسکو یقین کی آنکھ سے دیکھوگے۔ پھر تم سے اُس دن نعمتوں کی بابت ضرور بازپرس کی جائیگی۔

سُورَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ


بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَالْعَصْرِ ○ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ○ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ○

وقت عصر کی قسم۔ انسان ضرور ٹوٹے میں ہے۔ سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کیے اور ایک دوسرے کو حق کی پیروی کی تاکید کرتے رہے اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کرتے رہے۔

انسان سے مراد جنس ہے ... وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر تفسیر صافی میں ہے کہ یہ عطف خاص عام پر واقع ہوا ہے ۱۲



سورة الهمزة مكية وهي تسع ايات

بسم الله الرحمن الرحيم ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ○ الَّذِي جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهُ ○

ہر عیب جوئی کرنیوالے طعنہ دینے والے کے حال پر افسوس ہے جو مال جمع کرتا اور اُسے گنتا رہتا ہے۔

يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ ○ كَلَّا لَيُنبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ○

گمان کرتا ہے کہ اُسکا مال اُسے ہمیشہ زندہ رکھیگا۔ ایسا نہیں ہو سکتا وہ ضرور بھسم کرنیوالی میں ڈالدیا جائیگا۔

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ ○ نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ ○ الَّتِي تَطَّلِعُ

اور تم کیا سمجھے کہ بھسم کرنیوالی کیا ہے؟ وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔ جو دلوں تک

عَلَى الْأَفْئِدَةِ ○ إِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَةٌ ○ فِي عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ○ ع ١ / ٢٩

جا جھیلیگی۔ پھر وہ بڑے (بڑے) لمبے (لمبے) شہتیروں کی صورت میں اُنکو ہر طرف سے گھیر لیگی۔

سورة الفيل مكية وهي خمس ايات

بسم الله الرحمن الرحيم ○

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ ○ أَلَمْ يَجْعَلْ

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیسا معاملہ کیا؟ کیا اُسنے اُن کی

كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ ○ وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ ○

چال کو بیکار نہ کر دیا؟ اور اُنپر جھلڑ کے جھلڑ پرندے بھیجے

تَرْمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ ○ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ ○ ع ١ / ٣٠

جو اُنکے اوپر پتھریلی مٹی کی کنکریاں پھینکتے تھے پھر اُنکو چبائے ہوئے بھوسے کی مانند کر دیا



سُورَةُ الْقُرَيْشِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ ۝ إِيلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ ۝
چونکہ قریش کو جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کر دیا تھا انکی اس مانوس کر دینے کے سبب اُن کو چاہیے

فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هَٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِي أَطْعَمَهُم مِّن جُوعٍ ۵
کہ اس گھر کے پروردگار کی عبادت کرتے رہیں۔ جسنے (انکے سفروں کو جاری رکھکر لوگوں کو انکی طرف مائل کرکے)

وَآمَنَهُم مِّنْ خَوْفٍ ۝
بھوک سے بچانے کیلیے انکو کھانا دیا۔ اور (لوٹ کھسوٹ کے) خوف سے اُن کو مطمئن کر دیا۔

آیاتها ۴ رکوعها ۱ کلماتها ۱۷

سُورَةُ الْمَاعُونِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝
رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

أَرَأَيْتَ الَّذِي يُكَذِّبُ بِالدِّينِ ۝ فَذَٰلِكَ
کیا تم نے اُس شخص کو دیکھا جو جزا و سزا کو جھٹلاتا ہے؟ وہی تو ہے

الَّذِي يَدُعُّ الْيَتِيمَ ۝ وَلَا يَحُضُّ عَلَىٰ طَعَامِ
جو یتیم کو دھکے دیتا ہے۔ اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب

الْمِسْكِينِ ۝ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّينَ ۝ الَّذِينَ
نہیں دیتا۔ پس ویل ہے اُن نماز پڑھنے والوں کے واسطے جو

هُمْ عَن صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ ۝ الَّذِينَ هُمْ
اپنی نماز سے غفلت کرتے ہیں اور جو دکھاوے کی

آیاتها ۷ رکوعها ۱ کلماتها ۲۵ حروفها ۱۱۵

اُن کا نماز پڑھنا محض ریا تھا۔ جیسا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ ۝



يُرَآءُوْنَ ۝ وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝ ع ۱ ۳۲

نماز پڑھتے ہیں۔ اور عاریت دینے کی چیزوں کو روکتے ہیں۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

آیاتہا ۳ — رکوعہا ۱ — کلماتہا ۱۰ — حروفہا ۴۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝

یقیناً (اے رسولؐ) ہمنے تمکو کوثر عطا کی ہے۔ اب تم اپنے پروردگار کے لیے نماز پڑھو اور اپنے دونوں ہاتھ

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ ع ۳ ۳۳

کانوں تک بلند کرو۔ یقیناً تمہارا دشمن جو ہے وہی بے اولاد رہیگا۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتُّ اٰيَاتٍ

آیاتہا ۶ — رکوعہا ۱ — کلماتہا ۲۶ — حروفہا ۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا

(اے رسولؐ) تم کہدو کہ اے کافرو! جن کی تم عبادت کرتے ہو میں انکی

تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝

عبادت نہ کرونگا۔ اور نہ تم اسکی عبادت کرنیوالے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔

وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ

اور نہ میں اُن کی عبادت کرنیوالا ہوں جنکی تم نے عبادت کی ہے۔ اور نہ تم اسکی عبادت کرنیوالے ہو

مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ ع ۶ ۳۴

جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ تمہارا دین تمہارے لیے ہے اور میرا دین میرے لیے ہے۔

اس سورت کے نزول کا اور اس مضمون کی تکرار کا یہ ہے کہ قریش نے جناب رسول خدا سے یہ کہا تھا کہ ایک سال تو تم ہمارے خداؤں کی پرستش کرلیا کرو اور ایک



سُورَةُ النَّصرِ مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَيْتَ النَّاسَ

جب آئی اللہ کی مدد اور فتح (ہوگیا مکہ)۔ اور دیکھا تم نے لوگوں کو

يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ

کہ خدا کے دین میں گروہ (کے گروہ) داخل ہو رہے ہیں تو اب تم اپنے رب کی حمد کی

رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

تسبیح پڑھو اور اس سے طلبِ مغفرت کرو۔ بیشک وہ بڑا توبہ قبول کرنیوالا ہے۔

سُورَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ

ٹوٹ جائیں دونوں ہاتھ ابولہب کے اور غارت ہوجائے وہ خود۔ اور اسکا مال اور جو کچھ اسنے کمایا

مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ


اس کے کچھ کام نہ آئیگا۔ عنقریب وہ بھی لپٹ والی آگ میں

لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ

چلا جائیگا۔ اور اسکی جورو بھی (جہنم کا) ایندھن اٹھائے ہوئے (چلی جائیگی) جس کے

جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

گلے میں آگ کی رسی ہوگی۔



سُوْرَةُ الاخلاص مكية وهي اربع ايات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ

تم کہو کہ وہ اللہ یکتا ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ وہ کسی کا والد ہے

وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

اور نہ وہ خود کسی سے پیدا ہوا۔ اور نہ کوئی اُس کا ہمسر ہے۔

سُوْرَةُ الفلق مدنية وهي خمس ايات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ

تم کہو کہ میں سفیدۂ صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں ہر اُس چیز کے شر سے

مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا

جس کو اُس نے پیدا کیا۔ اور اندھیری رات کے شر سے جبکہ وہ

وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝

چھا جائے۔ اور گرہوں پر پھونک مارنیوالیوں کے شر سے (جبکہ وہ پھونک ماریں)

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

اور حسد کرنیوالے کے شر سے جبکہ وہ حسد کرے۔

سُوْرَةُ الناس مدنية وهي ست ايات



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
رحمن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ
تم کہدو کہ میں آدمیوں کے پروردگار کی آدمیوں کے بادشاہ کی آدمیوں کی

النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ
معبود کی اُس شیطان کی وسوسوں کی شر سے بچنے کے لیے پناہ مانگتا ہوں جو لوگوں کے

يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝
دلوں میں وسوسے ڈالتا رہتا ہے (اُن میں سے) ایک جنوں میں سے ہو اور ایک آدمیوں میں سے ہو

اتمامہا بالخیر
١٣٣١ ھ

قطعۂ تاریخ ختم ترجمۂ قرآن مجید المشتہر بہ مقبول ترجمہ ریختۂ کلک گہر سلک عالیجناب مرزا کاظم حسین صاحب لکھنوی المتخلص بہ محشر والمخاطب بہ مداح آل محمدؐ زید توفیقاتہ

اے فاضلِ اکمل تری کوشش کے تصدق — وہ کام کیا کیجیے جسے نقش یگانہ
کس حسن سے تحریر کیے معنیٔ قرآن — اُردو کو عطا کر دیا ملبوسِ شہانہ
ہر جملہ کی تاثیر بیاں کہہ نہیں سکتا — ہر سطر کا گویا دلِ بسمل ہے نشانہ
خوبیٔ فصاحت کو مخالف بھی جو دیکھے — دل سے ہو مسلماں نہ کرے کوئی بہانہ
لازم ہے نظارے کے لیے دیدۂ باطن — قرآں کے معنی ہیں نہیں ہے یہ فسانہ
اس باغِ حقیقت میں سُنے جسکو ہو سُننا — دل کھینچتا ہے بلبلِ سدرہ کا ترانہ

محشر نے کہا جوش میں یوں مصرع تاریخ
یہ ترجمہ قرآں کا ہے مقبولِ زمانہ

سنہ ١٣٣١ ہجری

مادۂ تاریخ اختتام ترجمۂ کلام علام علوم قرآنی و کاشف رموز فرقانی عالیجناب حافظ سید عبد الجلیل صاحب رئیس مارہرہ ضلع ایٹہ